نضر الله امرأ سمع مقالتي فوعاها فأداها كما سمعها

الحديث

تذکرۃ الحفاظ

تالیف

امام ابو عبداللہ شمس الدین محمد الذہبی

اردو ترجمہ

شیخ الحدیث حافظ محمد اسحاق

تقدیم و تہذیب

منیر احمد السلفی

اسلامک پبلشنگ ہاؤس

لاہور، پاکستان

t.com

نضر الله امرأ سمع مقالتي فوعاها فأداها كما سمعها

الحديث

تذكرة الحفاظ

تالیف

امام ابو عبداللہ شمس الدین محمد الذہبی

۳ — ۴

اردو ترجمہ

شیخ الحدیث حافظ محمد اسحاق

تقدیم و تہذیب

منیر احمد السلفی

اسلامک پبلشنگ ہاؤس

لاہور، پاکستان

fat.com

DATA ENTERED

۴

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

ناشر ـــــ منیر احمد

اسلامک پبلشنگ ہاؤس ۲۔شیش محل روڈ لاہور

طابع ـــــ

تعداد ـــــ گیارہ سو

طبع اوّل ـــــ شعبان ۱۴۰۱ھ مطابق جون ۱۹۸۱ء

۲۲۲۵۵۱

قیمت : جز سوم - چہارم

[redacted] روپے

Marfa

فہرستِ اسماءِ حفاظؒ

اسماءِ حفاظ	صفحہ
گیارہواں طبقہ	
ابوعوانۃ	۵۴۵
الحسن بن صاحب بن حمید	۵۴۵
ابن حیون الاندلسی	۵۴۶
ابن المنذر النیسابوری	۵۴۶
الولید بن ابان الاصبہانی	۵۴۷
الکتانی	۵۴۸
الخلال	۵۴۸
عبداللہ بن عروہ الہروی	۵۴۹
الطوسی الخراسانی	۵۴۹
ابوبکر الرازی	۵۵۰
الارغیانی النیشاپوری	۵۵۰
محمد بن عقیل بن الازہر بن عقیل البلخی	۵۵۱
عبداللہ بن محمد بن مسلم الاسفرائینی	۵۵۲
المنکدری المدنی	۵۵۲
ابن الجارود النیشاپوری	۵۵۳
ابن جوصاء الدمشقی	۵۵۴
ابوعمرو الحیری	۵۵۶
ابن سلم الاصبہانی	۵۵۷
الذہبی البلخی	۵۵۷

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۷۹۱	السنجی المروزی	۵۵۸
۷۹۲	ابن فطیس الاندلسی	۵۵۸
۷۹۳	المصعبی المروزی	۵۵۹
۷۹۴	ابن مروان	۵۶۰
۷۹۵	الاعمشی	۵۶۰
۷۹۶	محمد بن حمدون بن خالد بن یزید	۵۶۲
۷۹۷	الامام الطحاوی الحنفی	۵۶۳
۷۹۸	ابن سریج البغدادی	۵۶۴
۷۹۹	الالبیری الاندلسی	۵۶۶
۸۰۰	ابن معدان	۵۶۶
۸۰۱	مکحول	۵۶۷
۸۰۲	ابن الحباب القرطبی	۵۶۷
۸۰۳	عبدالملک بن محمد ابونعیم الاستراباذی	۵۶۸
۸۰۴	ابوعمران موسیٰ الجوینی	۵۶۹
۸۰۵	ابن زیاد النیشاپوری	۵۶۹
۸۰۶	ابن الشرقی النیشاپوری	۵۷۱
۸۰۷	الدغولی السرخسی	۵۷۲
۸۰۸	الحاملی البغدادی	۵۷۳
۸۰۹	محمد بن نوح الجندیسابوری	۵۷۴
۸۱۰	برداغس القنسرینی	۵۷۴
۸۱۱	محمد بن مخلد بن حفص الدوری	۵۷۵

Marfat.com

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۸۱۲	ابن ابی حاتم الرازی	۵۷۵
۸۱۳	ابوطالب البغدادی	۵۷۸
۸۱۴	ابوجعفر العقیلی	۵۷۸
۸۱۵	ابوالفضل الجارودی	۵۷۹
۸۱۶	ابن عبید البغدادی	۵۸۰
۸۱۷	محمد بن عبدالملک بن أیمن بن فرج القرطبی	۵۸۰
۸۱۸	محمد بن یوسف الہروی	۵۸۱
۸۱۹	ابواسحاق سموس الہمذانی	۵۸۱
۸۲۰	ابن عقدۃ الکوفی	۵۸۱
۸۲۱	ابن الأنباری النحوی	۵۸۳
۸۲۲	محمد بن قاسم البیانی الأموی	۵۸۵
۸۲۳	ابوبکر الطحان	۵۸۵
۸۲۴	الشہرزوری	۵۸۶
۸۲۵	ابوعلی القشیری	۵۸۶
۸۲۶	ابن علک المروزی	۵۸۷
۸۲۷	الشاشی ابوسعید الہیثم	۵۸۷
۸۲۸	ابن المنادی البغدادی	۵۸۸
۸۲۹	ابوالقاسم اردبیلی	۵۸۸
۸۳۰	ابوسعید ابن الاعرابی	۵۸۹
۸۳۱	قاسم بن اصبغ القرطبی	۵۹۰
۸۳۲	علی بن حمشاد النیشاپوری	۵۹۱
۸۳۳	القطان القزوینی	۵۹۱
۸۳۴	خیثمہ بن سلیمان الطرابلسی	۵۹۲
۸۳۵	ابوالعباس الأصم النیشاپوری	۵۹۳
۸۳۶	ابن الأخرم ابوعبداللہ النیشاپوری	۵۹۶
۸۳۷	عبدالمؤمن بن خلف النسفی التمیمی	۵۹۷
۸۳۸	النجاد البغدادی الحنبلی	۵۹۸
۸۳۹	ثابت بن حزم السرقسطی	۵۹۹
۸۴۰	الحسن بن سعد بن ادریس القرطبی	۵۹۹
۸۴۱	الختلی البغدادی	۵۹۹
۸۴۲	علی بن الفضل بن طاہر بن نصر البلخی	۶۰۰
۸۴۳	محمد بن حمدویہ بن سہل المروزی	۶۰۰
۸۴۴	ابوعمر الزاہد البغدادی	۶۰۱
۸۴۵	احمد بن عبید بن اسمٰعیل البصری	۶۰۲
۸۴۶	ابن یاسین ابواسحاق الہروی	۶۰۲
۸۴۷	ابویعقوب البحری الجرجانی	۶۰۴
۸۴۸	عمر بن سہل بن اسمٰعیل الدینوری	۶۰۵

بارہواں طبقہ

۸۴۹	ابوبکر الشافعی البغدادی	۶۰۶
۸۵۰	دعلج بن احمد بن دعلج السجزی	۶۰۶
۸۵۱	عبدالباقی بن قانع البغدادی	۶۰۷
۸۵۲	ابوبکر بن ابی دارم التمیمی	۶۰۸
۸۵۳	محمد بن الحسن النیشاپوری	۶۰۸
۸۵۴	العسال ابواحمد الاصبہانی	۶۰۹
۸۵۵	ابن مظاہر الأصبہانی	۶۱۱
۸۵۶	ابوالعرب المغربی	۶۱۱
۸۵۷	وہب بن مسرۃ	۶۱۲
۸۵۸	ابوعمر القزوینی	۶۱۲
۸۵۹	ابن اخی رفیع الصائغ الکلاعی	۶۱۲
۸۶۰	البلاذری ابومحمد الطوسی	۶۱۳
۸۶۱	ابوالنضر الطوسی	۶۱۳

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۸۶۲	الازدی ابوزکریا الموصلی	۶۱۴
۸۶۳	ابوالولید القزوینی	۶۱۴
۸۶۴	ابوالحسین الرازی	۶۱۵
۸۶۵	ابوسعید بن یونس	۶۱۶
۸۶۶	ابن الحداد ابوبکر الشافعی	۶۱۷
۸۶۷	ابوعبداللہ الأسداباذی	۶۱۷
۸۶۸	محمد بن داؤد بن سلیمان النیشاپوری	۶۱۸
۸۶۹	ابوعلی الحافظ النیشاپوری	۶۱۸
۸۷۰	الرامہرمزی ابومحمد الفارسی	۶۲۰
۸۷۱	ابن سعد ابومحمد النیشاپوری	۶۲۰
۸۷۲	النقاش ابوبکر الموصلی	۶۲۱
۸۷۳	ابواسحاق بن حمزۃ الأصبہانی	۶۲۲
۸۷۴	احمد بن منصور بن عیسیٰ الطوسی	۶۲۳
۸۷۵	الطبرانی ابوالقاسم الشامی	۶۲۳
۸۷۶	الزیدی ابواحمد المروزی	۶۲۷
۸۷۷	خالد بن سعد الأندلسی	۶۲۸
۸۷۸	ابن ابی عثمان النیشاپوری	۶۲۸
۸۷۹	ابن حبان البستی	۶۲۸
۸۸۰	ابن حلان ابوالحسن الحرانی	۶۳۰
۸۸۱	ابن الجعابی ابوبکر التمیمی	۶۳۱
۸۸۲	ابن علک ابوعبدالرحمٰن المروزی	۶۳۴
۸۸۳	ابوبکر العسکوکی	۶۳۴
۸۸۴	ابن رمیح المنعمی	۶۳۴
۸۸۵	احمد بن طاہر بن النجم المیانجی	۶۳۵
۸۸۶	حمزہ بن محمد الکنانی المصری	۶۳۶
۸۸۷	ابوحفص عمر البصری	۶۳۷

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۸۸۸	ابوبکر الآجری	۶۳۸
۸۸۹	سعید بن القاسم بن العلاء البرذعی	۶۳۸
۸۹۰	ابن السکن ابوعلی البغدادی	۶۳۹
۸۹۱	القصاب ابواحمد الکرجی	۶۳۹
۸۹۲	ابن السنی ابوبکر الدینوری	۶۴۰
۸۹۳	ابن عدی ابواحمد الجرجانی	۶۴۱
۸۹۴	الآبندونی ابوالقاسم الجرجانی	۶۴۲
۸۹۵	الحاجی ابوالحسین النیشاپوری	۶۴۳
۸۹۶	ابوالشیخ عبداللہ الأنصاری	۶۴۳
۸۹۷	الاسماعیلی ابوبکر الجرجانی	۶۴۵
۸۹۸	السجزی ابومحمد الہمدانی	۶۴۷
۸۹۹	الآبری ابوالحسن السجستانی	۶۴۹
۹۰۰	الماسرجسی ابوعلی النیشاپوری	۶۴۹
۹۰۱	الزعفرانی ابوسعید	۶۵۰
۹۰۲	النقاش ابوبکر المصری	۶۵۰
۹۰۳	الحسن بن رشیق العسکری	۶۵۱
۹۰۴	غندر ابوبکر البغدادی	۶۵۲
۹۰۵	الغزال ابوعبداللہ الاصبہانی	۶۵۳
۹۰۶	ابن السقاء ابومحمد الواسطی	۶۵۴
۹۰۷	عمر بن بشران العسکری	۶۵۵
۹۰۸	الأزدی ابوالفتح الموصلی	۶۵۵
۹۰۹	حسینک ابواحمد النیشاپوری	۶۵۵
۹۱۰	ابن مہران ابومسلم البغدادی	۶۵۶
۹۱۱	ابن حرارۃ البرذعی	۶۵۷
۹۱۲	ابواحمد الغطریفی	۶۵۸
۹۱۳	ابن المقرئ ابوبکر الاصبہانی	۶۵۸

نمبر شمار	اسماء حفاظ	صفحہ
۹۱۴	ابو احمد الحاکم النیشاپوری	۶۶۰
۹۱۵	المفید ابو بکر محمد بن احمد	۶۶۲
۹۱۶	ابو الحسین محمد بن المظفر البغدادی	۶۶۳
۹۱۷	ابو حفص ابن الزیات عمر بن محمد البغدادی	۶۶۵
۹۱۸	ابن السمسار الدمشقی	۶۶۵
۹۱۹	بعلبکہ: ابو الحسین الجرجانی	۶۶۶
۹۲۰	احمد بن موسیٰ	۶۶۶
۹۲۱	صالح بن احمد التمیمی	۶۶۶
۹۲۲	محمد بن احمد ابو الحسن الکوفی	۶۶۷
۹۲۳	ابن شاہین ابو حفص البغدادی	۶۶۷
۹۲۴	احمد بن عبدان الشیرازی	۶۶۹
۹۲۵	الدارقطنی ابو الحسن البغدادی	۶۷۰
۹۲۶	ابن النحاس احمد بن محمد المصری	۶۷۳
۹۲۷	ابن زبر محمد بن عبد اللہ الربعی	۶۷۴
	تیرہواں طبقہ	
۹۲۸	ابو زرعہ محمد بن یوسف الکشی	۶۷۵
۹۲۹	ابو زرعہ محمد بن ابراہیم الیمنی	۶۷۵
۹۳۰	ابو زرعہ الرازی الصغیر	۶۷۶
۹۳۱	ابو زرعہ الرازی الأصغر	۶۷۷
۹۳۲	ابو زرعہ الدمشقی	۶۷۷
۹۳۳	ابو زرعہ الأسترابادی	۶۷۷
۹۳۴	محمد بن حارث بن اسد	۶۷۷
۹۳۵	ابن السقاء ابو علی الأسفرائینی	۶۷۸
۹۳۶	یحییٰ بن مالک ابو زکریا الأندلسی	۶۷۹
۹۳۷	ابن ینال العکبری	۶۷۹

نمبر شمار	اسماء حفاظ	صفحہ
۹۳۸	ابن الباجی الأشبیلی	۶۷۹
۹۳۹	ابن مسرور البلخی	۶۸۰
۹۴۰	ابن ابی ذہل ابو عبد اللہ الہروی	۶۸۰
۹۴۱	ابن مفرج ابو عبد اللہ القرطبی	۶۸۱
۹۴۲	احمد بن منصور ابو العباس الشیرازی	۶۸۲
۹۴۳	المعافی بن زکریا ابو الفرج النہروانی	۶۸۳
۹۴۴	الرقی ابو بکر محمد بن یوسف	۶۸۴
۹۴۵	الجوزقی ابو بکر محمد بن عبد اللہ	۶۸۵
۹۴۶	ابن الفرات البغدادی	۶۸۵
۹۴۷	احمد بن ابی اللیث المصری	۶۸۶
۹۴۸	ابو الفضل الطوسی	۶۸۶
۹۴۹	ابن بکیر ابو عبد اللہ البغدادی	۶۸۷
۹۵۰	الخطابی حمد بن محمد ابو سلیمان	۶۸۸
۹۵۱	ابن عابد ابو عمر الأندلسی	۶۸۹
۹۵۲	الزہری ابو محمد البصری	۶۸۹
۹۵۳	ابن حنزابہ ابو الفضل جعفر	۶۸۹
۹۵۴	الأصیلی ابو محمد عبد اللہ الأندلسی	۶۹۱
۹۵۵	خلف بن القاسم ابو القاسم الأندلسی	۶۹۲
۹۵۶	الکلاباذی ابو نصر احمد البخاری	۶۹۲
۹۵۷	البصیر ابو العباس احمد بن محمد الرازی	۶۹۳
۹۵۸	الحلیمی ابو عبد اللہ الحسین البخاری	۶۹۴
۹۵۹	ابن مندہ ابو عبد اللہ الأصبہانی	۶۹۵
۹۶۰	السلیمانی ابو الفضل احمد البیکندی	۶۹۸
۹۶۱	الشیرازی ابو علی الحسن الکشی	۶۹۹
۹۶۲	الحاکم ابو عبد اللہ النیشاپوری	۷۰۰
۹۶۳	ابو عبد الرحمٰن السلمی	۷۰۴

نمبر شمار	اسماء حفاظ	صفحہ
۹۶۴	عبدالغنی بن سعید ابو محمد الأزدی	۷۰۵
۹۶۵	ابن مردویہ ابو بکر احمد الأصبہانی	۷۰۷
۹۶۶	غنجار ابو عبداللہ محمد البخاری	۷۰۷
۹۶۷	ابن ابی الفوارس محمد البغدادی	۷۰۸
۹۶۸	الجارودی ابو الفضل محمد المروزی	۷۰۹
۹۶۹	تمام بن محمد ابو القاسم الرازی	۷۱۰
۹۷۰	ابن الباجی ابو عمر احمد الأشبیلی	۷۱۱
۹۷۱	النقاش ابو سعید محمد الأصبہانی	۷۱۲
۹۷۲	ابن فطیس عبدالرحمٰن القرطبی	۷۱۳
۹۷۳	الادریسی عبدالرحمٰن الأستراباذی	۷۱۴
۹۷۴	الأسفرائینی ابو بکر محمد بن احمد	۷۱۵
۹۷۵	الشیرازی ابو بکر احمد الفارسی	۷۱۵
	طبقۃ اخری صغری	
۹۷۶	خلف بن محمد الواسطی	۷۱۷
۹۷۷	ابو مسعود ابراہیم بن محمد الدمشقی	۷۱۷
۹۷۸	المالینی ابو سعد احمد بن محمد المروزی	۷۱۸
۹۷۹	العبدوی ابو حازم عمر بن احمد	۷۱۹
۹۸۰	البرقانی ابو بکر احمد الخوارزمی	۷۲۰
۹۸۱	ابن الفرضی عبداللہ بن محمد القرطبی	۷۲۲
۹۸۲	القابسی ابو الحسن علی بن محمد القزوینی	۷۲۴
۹۸۳	الولید بن بکر ابو العباس العمری	۷۲۵
۹۸۴	ابو الحسن السرخسی	۷۲۵
۹۸۵	ابو عمرو البحیری	۷۲۶
۹۸۶	اللالکائی ابو القاسم ہبۃ اللہ الطبری	۷۲۶
۹۸۷	الیزدی ابو بکر احمد بن علی الأصبہانی	۷۲۷
۹۸۸	احمد بن علی ابو بکر الرازی	۷۲۸
۹۸۹	عطیہ بن سعید ابو محمد الأندلسی	۷۲۹
۹۹۰	حمزہ بن یوسف السہمی	۷۳۰
۹۹۱	الصاحبان الحافظان ابو جعفر و ابو اسحاق	۷۳۱
۹۹۲	وصاحبہ ابو اسحاق	۷۳۱
۹۹۳	ابو نعیم الأصبہانی	۷۳۲
۹۹۴	الطلمنکی ابو عمر الأندلسی	۷۳۵
۹۹۵	القراب ابو یعقوب اسحاق السرخسی	۷۳۷
۹۹۶	المستغفری ابو العباس جعفر بن محمد	۷۳۷
۹۹۷	ابو ذر عبد بن احمد الہروی	۷۳۸
۹۹۸	الربعی ابو الحسن الدمشقی	۷۴۰
۹۹۹	الخلال ابو محمد الحسن البغدادی	۷۴۲
۱۰۰۰	ابن حمدان ابو طاہر محمد الخراسانی	۷۴۳
۱۰۰۱	النعیمی ابو الحسن علی البصری	۷۴۳
	چودھواں طبقہ	
۱۰۰۲	العسوفی ابو عبداللہ محمد السائلی	۷۴۵
۱۰۰۳	ابن ماما ابو سعد احمد الأصبہانی	۷۴۷
۱۰۰۴	مسعود بن علی بن معاذ	۷۴۷
۱۰۰۵	ابو نصر السنجزی	۷۴۸
۱۰۰۶	الدانی ابو عمرو القرطبی	۷۴۸
۱۰۰۷	السمان ابو سعد اسماعیل الرازی	۷۴۹
۱۰۰۸	الخلیلی ابو یعلی القزوینی	۷۵۰
۱۰۰۹	الفلکی ابو الفضل الحذانی	۷۵۱
۱۰۱۰	ابو مسعود احمد البجلی	۷۵۲
۱۰۱۱	ہبۃ اللہ محمد بن علی شیرازی	۷۵۲

Marfat.com

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۱۰۱۲	الزہراوی ابوحفص عمر	۷۵۳
۱۰۱۳	ابن عبدالبر ابوعمر یوسف النمری	۷۵۳
۱۰۱۴	البیہقی ابوبکر احمد بن الحسین	۷۵۵
۱۰۱۵	الخطیب ابوبکر احمد البغدادی	۷۵۸
۱۰۱۶	ابن حزم ابومحمد الفارسی	۷۶۵
۱۰۱۷	الدربندی ابوالولید الحسن البلخی	۷۷۲
۱۰۱۸	النخشبی عبدالعزیز بن محمد	۷۷۳
۱۰۱۹	عبدالرحیم بن احمد التمیمی	۷۷۳
۱۰۲۰	العطار ابوبکر محمد الاصبہانی	۷۷۵
۱۰۲۱	السکری ابوسعد علی النیشاپوری	۷۷۶
۱۰۲۲	المؤذن ابوصالح احمد النیشاپوری	۷۷۶
۱۰۲۳	عبدالرحمٰن بن مندہ الاصبہانی	۷۷۸
۱۰۲۴	الکتانی ابومحمد عبدالعزیز	۷۸۱
۱۰۲۵	الوحشی ابوعلی الحسن	۷۸۲
۱۰۲۶	الزنجانی ابوالقاسم سعد	۷۸۴
۱۰۲۷	الباجی ابوالولید سلیمان بن خلف	۷۸۸
۱۰۲۸	شیخ الاسلام ابواسمٰعیل عبداللہ	۷۹۲
۱۰۲۹	الحبال ابواسحاق ابراہیم المصری	۷۹۹
۱۰۳۰	ابن شعبہ ابوالقاسم عبدالملک الانصاری	۸۰۲
۱۰۳۱	سلیمان بن ابراہیم ابومسعود الاصبہانی	۸۰۳
۱۰۳۲	الحسکانی ابوالقاسم عبیداللہ النیشاپوری	۸۰۴

پندرہواں طبقہ

۱۰۳۳	ابن ماکولا	۸۰۶
۱۰۳۴	ابن خیرون	۸۰۹
۱۰۳۵	الحسینی	۸۱۱

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۱۰۳۶	ابن مردویہ الصغیر	۸۱۲
۱۰۳۷	ابن سمکویہ	۸۱۳
۱۰۳۸	الحکاک	۸۱۴
۱۰۳۹	ہبۃ اللہ بن عبدالوارث	۸۱۵
۱۰۴۰	مسعود بن ناصر	۸۱۶
۱۰۴۱	الحمیدی	۸۱۷
۱۰۴۲	ابن مفوز	۸۲۰
۱۰۴۳	طاہر	۸۲۰
۱۰۴۴	ابن الخاضبہ	۸۲۱
۱۰۴۵	الحرمی	۸۲۴
۱۰۴۶	مکی بن عبدالسلام	۸۲۴
۱۰۴۷	السمرقندی	۸۲۵
۱۰۴۸	البرذانی ابوعلی احمد بن محمد البغدادی	۸۲۶
۱۰۴۹	الغسانی	۸۲۷
۱۰۵۰	عمر بن علی بن احمد بن اللیث	۸۲۹
۱۰۵۱	ابوالفتیان	۸۳۰
۱۰۵۲	شجاع بن فارس	۸۳۲
۱۰۵۳	محمد بن طاہر	۸۳۳
۱۰۵۴	ابن مرزوق	۸۳۶
۱۰۵۵	المؤتمن بن احمد، ابونصر الساجی	۸۳۶
۱۰۵۶	الاعمش	۸۳۸
۱۰۵۷	ابن مندہ	۸۳۹
۱۰۵۸	محمود بن الفضل	۸۴۰
۱۰۵۹	ابن سکرۃ	۸۴۰
۱۰۶۰	ابن مفوز	۸۴۲
۱۰۶۱	الدقاق	۸۴۲

Marfat

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۱۰۶۲	البغوی	۸۴۳
۱۰۶۳	شیرویہ بن شہردار	۸۴۴
۱۰۶۴	النرسی	۸۴۵
۱۰۶۵	الجوزی	۸۴۷
۱۰۶۶	ابن السمرقندی	۸۴۷
۱۰۶۷	ابن الحداد	۸۴۸
۱۰۶۸	السمعانی	۸۵۰
۱۰۶۹	ابن عطیہ	۸۵۱
۱۰۷۰	الأسحاقی	۸۵۲
۱۰۷۱	الشنتریتی	۸۵۳
۱۰۷۲	العبدری	۸۵۴
۱۰۷۳	عبدالغافر بن اسماعیل	۸۵۶
۱۰۷۴	الغازی	۸۵۶
۱۰۷۵	التیمی	۸۵۷
۱۰۷۶	الأنماطی	۸۶۱
۱۰۷۷	ابوسعد ابن البغدادی	۸۶۲
۱۰۷۸	الیونارتی	۸۶۴
	سولھواں طبقہ	
۱۰۷۹	محمد بن ناصر	۸۶۶
۱۰۸۰	البطروجی	۸۶۹
۱۰۸۱	ابن العربی	۸۷۰
۱۰۸۲	السلفی	۸۷۳
۱۰۸۳	عیاض بن موسیٰ	۸۷۸
۱۰۸۴	الرشاطی	۸۸۰
۱۰۸۵	الجوزقانی	۸۸۰
۱۰۸۶	القامی	۸۸۱
۱۰۸۷	ابن الدباغ	۸۸۲
۱۰۸۸	السبیحی	۸۸۳
۱۰۸۹	کوتاہ	۸۸۴
۱۰۹۰	السمعانی	۸۸۶
۱۰۹۱	معمر بن عبدالواحد	۸۸۸
۱۰۹۲	ابوالخیر	۸۸۹
۱۰۹۳	ابوالعلاء	۸۹۱
۱۰۹۴	ابن عساکر	۸۹۴
۱۰۹۵	ابوموسیٰ المدینی	۸۹۵
۱۰۹۶	الزاغولی	۹۰۱
	سترھواں طبقہ	
۱۰۹۷	ابن بشکوال	۹۰۲
۱۰۹۸	ابن الجوزی	۹۰۵
۱۰۹۹	السہیلی	
۱۱۰۰	عبدالحق بن عبدالرحمٰن	۹۱۰
۱۱۰۱	ابن خمیس	۹۱۳
۱۱۰۲	ابن الفخار	۹۱۵
۱۱۰۳	الشیرازی	۹۱۶
۱۱۰۴	ابوالمواہب	۹۱۷
۱۱۰۵	الزبیدی	۹۱۸
۱۱۰۶	الحازمی	۹۲۰
۱۱۰۷	ابوالمحاسن	۹۲۱
۱۱۰۹	ابن خیر	۹۲۲
۱۱۰۹	ابوعمر بن عیاذ	۹۲۳

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۱۱۱۰	القاسم	۹۲۴
۱۱۱۱	ابن عبید اللہ	۹۲۵
۱۱۱۲	عبد الغنی	۹۲۷
۱۱۱۳	الباقداری	۹۳۶
۱۱۱۴	ابن الحصری	۹۳۷
۱۱۱۵	ابن الأخضر	۹۳۸
۱۱۱۶	عبد الرزاق بن عبد القادر الجیلی	۹۳۹
۱۱۱۷	عبد القادر بن عبد اللہ	۹۴۰
۱۱۱۸	ابن عات	۹۴۲
۱۱۱۹	علی بن المفضل	۹۴۳
۱۱۲۰	ربیعہ بن الحسن	۹۴۴
۱۱۲۱	التجیبی	۹۴۵
	اٹھارہواں طبقہ	
۱۱۲۲	ابن القرطبی	۹۴۷
۱۱۲۳	ابن حوط اللہ	۹۴۸
۱۱۲۴	ابن الأثیر	۹۵۰
۱۱۲۵	ابن خلفون	۹۵۰
۱۱۲۶	العز ابن الحافظ	۹۵۱
۱۱۲۷	الملاحی	۹۵۲
۱۱۲۸	ابن الأماطی	۹۵۳
۱۱۲۹	الضیاء	۹۵۴
۱۱۳۰	ابن القطان	۹۵۵
۱۱۳۱	ابو موسیٰ	۹۵۶
۱۱۳۲	ابن خلیل	۹۵۸
۱۱۳۳	ابن نقطہ	۹۵۹

نمبر شمار	اسماءِ حفاظ	صفحہ
۱۱۳۴	الدبیثی	۹۶۱
۱۱۳۵	الکلاعی	۹۶۲
۱۱۳۶	ابن دحیۃ الکلبی	۹۶۴
۱۱۳۷	البرزالی	۹۶۷
۱۱۳۸	ابن الرومیۃ	۹۶۸
۱۱۳۹	ابن الطیلسان	۹۶۹
۱۱۴۰	ابن النجار	۹۷۰
۱۱۴۱	ابن الصلاح	۹۷۲
۱۱۴۲	الصریفینی	۹۷۴
۱۱۴۳	اللاردی	۹۷۵
۱۱۴۴	المنذری	۹۷۶
۱۱۴۵	الیونینی	۹۷۷
۱۱۴۶	الرشید	۹۷۹
۱۱۴۷	البکری	۹۸۰
	انیسواں طبقہ	
۱۱۴۸	السیف	۹۸۲
۱۱۴۹	خالد بن یوسف	۹۸۳
۱۱۵۰	ابن مسدی	۹۸۴
۱۱۵۱	ابن سید الناس	۹۸۵
۱۱۵۲	الرسعنی	۹۸۶
۱۱۵۳	ابن الحاجب	۹۸۷
۱۱۵۴	الرعلینی	۹۸۹
۱۱۵۵	ابن الجوہری	۹۹۰
۱۱۵۶	ابن الکماد	۹۹۱
۱۱۵۷	ابو شامہ	۹۹۲

t.com

نمبر شمار	اسماء حفاظ	صفحہ
۱۱۵۸	النابلسی	۹۹۳
۱۱۵۹	ابن الصابونی	۹۹۴

بیسواں طبقہ

۱۱۶۰	ابن العمادیہ	۹۹۶
۱۱۶۱	ابن الساعی	۹۹۷
۱۱۶۲	النواوی	۹۹۸
۱۱۶۳	المحب	۱۰۰۲
۱۱۶۴	الأبیوردی	۱۰۰۳
۱۱۶۵	الأسعردی	۱۰۰۳
۱۱۶۶	الدمیاطی	۱۰۰۴
۱۱۶۷	ابن الظاہری	۱۰۰۶
۱۱۶۸	ابن دقیق العید	۱۰۰۷
۱۱۶۹	ابن الزبیر	۱۰۰۹

اکیسواں طبقہ

النواوی محی الدین (راجع رقم ۱۱۶۲)

۱۱۷۰	ابن فرح ابو العباس	۱۰۱۱
۱۱۷۱	علی بن عبد الکافی	۱۰۱۳
۱۱۷۲	ابن جعوان	۱۰۱۴
۱۱۷۳	ابن الفوطی	۱۰۱۵
۱۱۷۴	الحارثی	۱۰۱۷
۱۱۷۵	ابن تیمیہ	۱۰۱۸
۱۱۷۶	المزی	۱۰۲۰

(شیوخ صاحب التذکرہ)

خاتمۃ النسخۃ المکیۃ

گیارھواں طبقہ

اس میں ۷۲ حفاظِ حدیث کا ذکر ہے

۷۷۲ ۱/۱۱ امام ابو عوانہ اسفرائینی نیشاپوری

آپ کا اسم گرامی یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ہے۔ اسفرائن کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث ہیں سب محدثین کے نزدیک قابلِ اعتماد ہیں۔ آپ کے آباء و اجداد نیسابور کے رہنے والے تھے آپ ایک "المسند الصحیح" کے مصنف ہیں جو دراصل صحیح مسلم پر استخراج ہے (یعنی صحیح مسلم کی احادیث اپنی سند سے ذکر کی ہیں) اور اس پر کچھ مفید اضافے کیے ہیں آپ نے طلب علم کے لیے دنیا کا کونہ کونہ چھان مارا اور اس فن کو کمال توجہ کے ساتھ حاصل کیا۔ یونس بن عبدالاعلیٰ، احمد بن ازہر زعفرانی، علی بن حرب، عمر بن شبہ، محمد بن یحییٰ ذہلی، علی بن اشکاب اور ان کے طبقہ اور بعد کے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا اور ان سے حافظ احمد بن علی رازی، حافظ ابو علی نیسابوری، قاضی یحییٰ بن منصور، بن عدی، طبرانی، اسماعیلی، حسینک حافظ اور دوسرے لوگ فیض یاب ہوئے۔ ان کے علاوہ ان کے لڑکے ابو مصعب محمد اور ان کے آخری شاگردان کے بھانجے کے بیٹے ابو نعیم عبدالملک بن حسن اسفرائینی نے بھی ان سے استفادہ کیا۔

امام حاکم فرماتے ہیں ابو عوانہ فن حدیث کے عالم اور پختہ کار ہیں میں نے ان کے صاحبزادے محمد سے سنا ہے کہ ۳۱۶ھ میں انتقال ہوا ہے۔ دوسروں نے کہا ہے کہ آپ کی قبر اسفرائن شہر کے اندر ہے اس پر گنبد بنا ہے اور زیارت کا عوام ہے آپ پہلے شخص ہیں جس نے امام شافعی کا مذہب اسفرائن میں رائج کیا اور ان کتابوں کی نشر و اشاعت کی آپ نے یہ مذہب امام موصوف کے شاگردان رشید امام ربیع اور امام مزنی سے حاصل کیا۔ آپ جلیل القدر اور ثقہ اعتماد محدث ہیں۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو سودا کرنے والے جب تک ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں آپس میں ہونے والا سودا فسخ کر سکتے ہیں۔"

امام نسائی نے یہ حدیث ابن ازہر کے واسطہ سے اپنی سنن میں ذکر کی ہے ہم نے علو کے ساتھ ان کی موافقت کی ہے۔

۷۷۳ ۲/۱۱ امام حسن بن صاحب بن احمید الشاشی

آپ کی کنیت ابو علی ہے شاش کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں الارشاد کے مصنف لکھتے ہیں آپ

بہت بڑے شہرت یافتہ حافظِ حدیث ہیں۔ خراسان کے شیوخ سے حدیث لکھنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے عراق شام اور مصر کا سفر کیا اور علی بن خشرم، محمد بن عوف طائی، ابوزرعہ رازی، اسحاق دبری اور ان کے طبقہ کے محدثین سے کسب کمال کیا ان سے حافظ ابوعلی نیسابوری، محمد بن علی بن اسماعیل شاشی، ابوبکر جعابی اور ابن المظفر جیسے ائمہ حدیث مستفید ہوئے۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے شعر سیکھو کیونکہ اس میں حکمت کی باتیں اور مفید مثالیں ملتی ہیں"

مگر یہ حدیث منکر اور غریب ہے خطیب نے شاشی مذکور کی توثیق کی ہے اور لکھا ہے کہ یہ ۳۱۴ھ میں فوت ہوئے اور ان کی عالی احادیث غیلانیات میں مذکور ہیں۔

۷۷۴ ۳/۱۱ امام ابن حیون اندلسی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام محمد بن ابراہیم بن حیون ہے اندلس کے ایک شہر وادی حجارہ کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے حجاری اندلسی کہلاتے ہیں۔ بلند پایہ حافظِ حدیث اور اندلس کے نامور محدث ہیں، محمد بن وضاح، محمد بن عبدالسلام خشنی، اسحاق بن ابراہیم دبری، علی بن عبدالعزیز بغوی، عبداللہ بن احمد بن حنبل اور ان کے طبقہ کے محدثین سے حدیث کا سماع کیا اور طلبِ علم کے لیے اندلس، عراق، حجاز اور یمن جیسے دور دراز ممالک کے سفر کیے۔ اپنے زمانہ کے کبار حفاظ میں شمار ہوتے ہیں لیکن تشیع کی طرف مائل تھے۔ ان سے قاسم بن اصبغ اندلسی، وہب بن مرہ اندلسی، احمد بن سعید بن حزم اندلسی اور خالد بن سعد اندلسی حدیث بیان کرتے ہیں۔

خالد بن سعد کہتے ہیں اگر صداقت انسان ہوتی تو ابن حیون کی صورت میں ہوتی۔ ابوالولید بن الفرضی کہتے ہیں اندلس میں ان سے پہلے ان سے زیادہ حدیث جاننے والا کوئی نہیں تھا۔ کہتے ہیں ۳۰۵ھ میں فوت ہوئے۔

حافظ ابوالولید بن دباغ نے اپنی کتاب طبقات الحفاظ میں ان کا ذکر چھٹے طبقہ میں کیا ہے۔

۷۷۵ ۴/۱۱ علامہ امام ابن المنذر نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن ابراہیم بن منذر اور لقب شیخ الحرم ہے بلند پایہ حافظِ حدیث، بہت بڑے عالم اور یکتائے زمانہ فقیہ ہیں ایسی عمدہ کتابیں تصنیف کیں کہ ان کی نظیر نہیں ملتی مثلاً کتاب المبسوط فی الفقہ، کتاب الاشراف فی اختلاف العلماء، کتاب الاجماع وغیرہ نیز علماء کے باہمی اختلافات اور ان کے دلائل کی معرفت میں اپنی نظیر آپ تھے، رتبۂ اجتہاد پر فائز تھے اور کسی کی تقلید نہیں کرتے تھے۔ محمد بن میمون، محمد بن اسماعیل صائغ، محمد بن عبداللہ بن عبدالحکم، ربیع بن سلیمان اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ابوبکر ابن المقری، محمد بن یحییٰ بن عمار دمیاطی، حسن بن علی بن شعبان ان کے بھائی حسین بن علی اور دوسرے لوگ آپ سے حدیث بیان کرتے ہیں۔ شیخ ابواسحاق شیرازی نے ان کو "طبقات فقہا شافعیہ" میں ذکر کیا ہے۔

لکھتے ہیں فقہائے شافعیہ میں ایک محمد بن ابراہیم بن منذر ہیں یہ ۳۰۹ھ یا ۳۱۰ھ میں مکہ معظمہ میں فوت ہوئے آپ نے اختلاف علماء میں ایک ایسی اعلیٰ کتاب تصنیف کی ہے کہ آج تک کسی نے ایسی کتاب نہیں لکھی آپ کی کتابوں کے مؤلف اور موافق سب ہی محتاج تھے معلوم نہیں ہو سکا کہ انہوں نے فن فقہ کس سے سیکھا؟

ابو اسحاق نے ان کا جو سالِ وفات ذکر کیا ہے وہ صحیح نہیں کیونکہ ابن عمار نے ۳۱۶ھ میں ان سے ملاقات کی ہے اور ان سے حدیث کا سماع کیا ہے نیز ابن قطان فاسی نے ان کا سالِ وفات ۳۱۸ھ بتایا ہے لہٰذا چند قول ملاحظہ ہے مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جس آلہ سے خودکشی کرے گا اس کے لیے وہی آلہ جہنم میں مہیا کیا جائے گا جس نے پیٹ میں چھرا گھونپا وہ جہنم میں اپنے پیٹ میں چھرا گھونپے گا اور جس نے آگ میں کود کر خودکشی کی وہ اسی طرح آگ میں کود کر مرتا رہے گا"

نیز مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوایوب انصاری کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی آدمی پاخانے یا پیشاب کے لیے جائے تو قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرے اصحاب صحاح ستہ نے یہ حدیث اپنی کتابوں میں ذکر کی ہے اور اس میں مذکور راوی رافع سے امام نسائی نے ایک حدیث اپنی کتاب میں درج کی ہے۔

۷۷۶ ۵/۱۱ امام ولید بن ابان بن توبہ اصبہانی

آپ کی کنیت ابوالعباس ہے اصفہان کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں تفسیر اور دوسری کتابوں کے مصنف ہیں، احمد بن عبدالجبار عطاردی، عباس بن محمد دوری، احمد بن فرات، حسین بن حافظ قزوینی اور ان کے طبقہ کے محدثین سے حدیث کا سماع کیا ان سے ابوالشیخ [illegible] احمد بن [illegible] عبدالرحمان بن مخلد، اور اہل اصفہان حدیث بیان کرتے ہیں۔

۳۱۰ھ میں وفات پائی ان کے واسطہ سے میری حدیثیں ابوالشیخ کی کتابوں میں موجود ہیں۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت ابومحذورہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حکم دیا کہ وہ اہل مکہ کے لیے اذان دیا کرے اور صبح کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم کا اضافہ کیا کرے"

نیز مجھے ان کے واسطہ سے مجاہد کا یہ قول ملا ہے کہ زمین و آسمان کو عرش کے ساتھ وہی نسبت ہے جو انگوٹھی کے ایک حلقہ کو بیکستان کے ساتھ ہے۔

****

Marfat.com

۷۷۷ ۶/۱۱ الحافظ الامام الکنّانی الاِصبہانی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور نام محمد بن ابراہیم بن محمد ہے۔ اصفہان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں سمرقند میں سکونت پذیر رہتے۔ حافظ یحییٰ بن مندہ نے تاریخ اصفہان میں ان کا مختصر تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ آئمہ حدیث میں شمار ہوتے ہیں اور معرفت صحابہ اور معرفتِ علل میں ان کا قول قابلِ اعتماد ہے۔ ان کو امام ابو حاتم رازی، امام ابوزرعہ، امام مسلم بن حجاج اور امام صالح بن محمد جزرہ کے ساتھ ہمنشینی کا شرف حاصل ہے اور ان سے استفادہ بھی کیا ہے مدت مدید اور عرصہ بعید تک سمرقند میں رہے ہیں۔ ان کی تاریخ وفات کا پتہ نہیں چل سکا۔

۷۷۸ ۷/۱۱ امام خلّال بغدادی حنبلی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام احمد بن محمد بن ہارون اور لقب خلال ہے بغداد کے رہنے والے بہت بڑے عالم، نامور فقیہ اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ امام احمد بن حنبل کے علم کے جامع اور مرتب ہیں تین جلدوں میں کتاب السنۃ اور متعدد جلدوں میں کتاب العلل تصنیف کی انہوں نے ایک ضخیم کتاب "کتاب الجامع" کے نام سے بھی لکھی ہے حسن بن عرفہ سعدان بن نصر، حرب بن اسماعیل، بالخصوص ابوبکر مروزی، محمد بن عوف حمصی، اسحاق بن سیار نصیبی اور دوسرے بہت سے لوگوں کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا مختلف خرمنہائے علم سے خوشہ چینی کرنے کے لیے ایک زمانہ وطن سے باہر رہے ان کی تصانیف ان کے وسیع علم کی شہادت دیتی ہیں یہ عالی اور نازل ہر طرح کی حدیث لکھ لیتے تھے۔

ابوبکر بن شہریار کہتے ہیں ہم سب ابوبکر خلال کے خوشہ چین ہیں ان سے پہلے امام احمد بن حنبل کا علم جمع کرنے کے لیے کسی نے قابل ذکر محنت سے کام نہیں لیا۔

میں کہتا ہوں ان سے ان کے تلمیذ خاص ابوبکر عبدالعزیز بن جعفر فقیہ جو غلام خلال کے لقب سے مشہور ہیں، محمد بن مظفر حافظ، اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

خطیب کہتے ہیں انہوں نے امام احمد کا علم جمع کرنے کے لیے سفر کی صعوبتیں برداشت کیں قریہ قریہ اور شہر شہر سے علم حاصل کیا پھر مختلف کتابوں میں مدوّن کر کے ہمیشہ کے لیے محفوظ کر دیا اس مذہب کے ماننے والوں میں دوسرا کوئی نہیں جس کی خدمات اس سلسلہ میں ان سے زیادہ ہوں مجھے ابویعلیٰ بن الفرار نے بتایا ہے کہ خلال کو ان کے شیخ ابوبکر مروزی کے پہلو میں دفن کیا گیا تھا۔

میں کہتا ہوں آپ ۷۷ سال کی عمر پاکر ربیع الاول ۳۱۱ھ میں فوت ہوئے ایک قول کے مطابق ان کی عمر اس سے چند سال زیادہ تھی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے امام سفیان بن عیینہ کا یہ قول پہنچا ہے کہ:

"رزقِ فردا کے لیے فکر کرنا ایک گناہ ہے جو تمہارے ذمہ لکھا جاتا ہے۔"

t.com

۷۷۹ ۸/۱۱ الامام المجوّد عبداللہ بن عُرْوہ ہَرَوِی

آپ کی کنیت ابو محمد ہے ہرات کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث اور "کتاب الاقضیہ" کے مصنف ہیں ابو سعید اشج، حسن بن عرفہ، محمد بن ولید بسری اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے حدیث کا سماع کیا اور اس مقصد کے لیے بغداد، کوفہ اور بصرہ مختلف شہروں کے سفر کیے۔ ان سے محمد بن احمد بن ازہر ابو منصور لغوی، محمد بن عبداللہ سیاری، ابو منصور محمد بن عبداللہ ہروی بزاز اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے ۳۱۱ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے مروان بن حکم کی یہ حدیث ملی ہے کہتے ہیں:

"میں مکہ اور مدینہ میں حضرت عثمان اور حضرت علی کے پاس حاضر تھا۔ حضرت عثمان حج تمتع اور حج قران سے منع کرتے تھے حضرت علی نے یہ دیکھا تو حج قران کا احرام باندھا اور "لبیک بحجۃ وعمرۃ" پکارنے لگے حضرت عثمان نے فرمایا یہ عجیب بات ہے میں اس سے منع کرتا ہوں اور آپ اس پر عمل کرتے ہیں حضرت علی بولے میں کسی کے کہنے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ترک نہیں کر سکتا۔"

۷۸۰ ۹/۱۱ امام طُوسی خُراسانی

آپ کی کنیت ابو علی اور نام حسن بن علی بن نصر ہے خراسان کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں محمد بن رافع، محمد بن بشار، اسحاق کوسج، زبیر بن بکار، محمد بن مثنیٰ زمن اور ان کے طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث سماع کیا۔ ان سے محمد بن جعفر بستی، احمد بن محمد بن عبدوس، ابو عمل معلولی اور ابو احمد حاکم روایت کرتے ہیں۔

حاکم کہتے ہیں ان کا زبیر بن بکار کی کتاب الانساب روایت کرنا یقینی نہیں۔ علماء نے اس میں کلام کیا ہے۔

میں کہتا ہوں یہ کردوٹل کے لقب سے مشہور تھے اور قزوین میں حدیث کا درس دیا کرتے تھے خلیلی لکھتے ہیں میں نے ان کے دس تلامذہ سے حدیث کا سماع کیا ہے ان کی تصنیف کردہ کتابیں ان کے علم و فضل پر شاہد ہیں ان کے شیخ ابو حاتم نے ان سے متعدد حکایات روایت کی ہیں۔

میں کہتا ہوں آپ ۳۱۲ھ میں فوت ہوئے اور اسی سال درج ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا۔

محدث مصر ابو القاسم علی بن حسن بن سلیمان بن قدید، ابو احمد محمد بن سلیمان بن فارس دلال نیسابوری، ابو بکر محمد بن بابون بن حمید بن مجدر، ان کا بغداد میں انتقال ہوا اور شیخ الصوفیہ ابو محمد حریری بغدادی۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے نحو کے مشہور امام خلیل بن احمد کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:

"آدمی چار طرح کے ہوتے ہیں ایک وہ جو جانتا ہے اور یہ نہیں جانتا کہ وہ جانتا ہے یہ غافل ہے اسے تنبیہ کی ضرورت ہے۔ دوسرا وہ جو نہیں جانتا اور جانتا ہے کہ وہ نہیں جانتا یہ جاہل ہے اور اسے تعلیم کی حاجت ہے۔ تیسرا وہ جو جانتا ہے اور جانتا ہے کہ وہ جانتا ہے یہ عالم ہے اس کی اتباع کرنی چاہیئے چوتھا یہ

جو نہیں جانتا اور نہیں جانتا کہ وہ نہیں جانتا ہے یہ جھوٹا ہے اس سے ہوشیار رہنا چاہیئے۔"

۷۸۱ ÷ ۱۰/۱۱ امام ابوبکر رازی

آپ کا اسم گرامی احمد بن علی بن حسین بن شہریار ہے۔ بلند پایہ حافظ حدیث اور نیسابور کے محدث ہیں متعدد کتابوں کے مصنف ہیں ان کے والد رے سے آکر نیسابور میں آباد ہو گئے تھے اور یہیں ان کے ہاں ابوبکر پیدا ہوئے۔ یسری بن خزیمہ ابوحاتم رازی، عثمان بن سعید داری، ابوقلابہ عبدالملک بن محمد رقاشی، عبداللہ بن احمد بن ابی سرہ، حسن بن سلام اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا، ان کے سب سے بڑے شیخ امام وکیع کے تلمیذ خاص ابراہیم بن عبداللہ قصار عبسی ہیں ان سے ان کے رفیق ابو عبداللہ بن اخرم، حافظ ابو علی نیسابوری، ابو عمرو بن حمدان، ابو احمد حاکم اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

ابن عقدہ کہتے ہیں آپ حفاظ حدیث میں شمار ہوتے ہیں اور میں نے ان سے حدیث کا سماع کیا ہے۔
میں کہتا ہوں انہوں نے ۸۵ سال عمر پاکر ۳۱۵ھ میں ضلع طوس کے قصبہ طابران میں انتقال فرمایا رحمہ اللہ تعالیٰ
مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:
"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس میں امانتداری نہیں ہے اس میں ایمان نہیں ہے جس کا وضو نہیں اس کی نماز نہیں اور جو نماز کا پابند نہیں وہ دیندار نہیں ہے نماز کو دین سے وہی نسبت ہے جو سر کو جسم سے ہے اس حدیث کے بیان کرنے میں حسن بن حسین انصاری عرف عرنی متفرد ہیں اور یہ کوئی عمدہ راوی نہیں ہیں۔"

۷۸۲ ÷ ۱۱/۱۱ الامام القدوۃ الازعیانی نیسابوری اسفنجی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور نام محمد بن اسحاق بن عبداللہ ہے نیسابور کے رہنے والے باکمال حافظ حدیث اور مشہور عابد زاہد ہیں طلب علم کے لیے مختلف ممالک میں گئے اور اسحاق بن منصور، محمد بن رافع، عبدالجبار بن علاء، ابو سعید اشج، محمد بن بشار، اسحاق بن شاہین، محمد بن ہاشم بعلبکی، سعید بن رحمت مصیصی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور حران میں ابراہیم بن سعد کے شاگرد حسین بن یسار سے حدیث پڑھی، ان سے بڑی اور تقدم کے باوجود امام الائمہ امام ابن خزیمہ، ابو عبداللہ بن اخرم، حافظ ابو علی نیسابوری اسحاق مزکی، حسین بن علی حیسنک، زاہر بن احمد سرخسی، ابو عمرو بن حمدان، ابو احمد حاکم اور متعدد دوسرے لوگوں نے حدیث روایت کی ہے۔

ابو عبداللہ حاکم کہتے ہیں آپ عبادت میں بڑے سرگرم تھے میں نے اپنے بہت سے شائخ سے سنا ہے ان کے متعلق بیان کرتے تھے کہ یہ فرمایا کرتے تھے میں نے کوئی ایسا شہر نہیں چھوڑا جس میں منبر اسلام نصب ہوا اور میں نے وہاں جاکر حدیث کا سماع نہ کیا ہو۔ ابو اسحاق مزکی کہتے تھے میں نے محمد بن مسیب سے سنا ہے فرماتے تھے جب

t.com

میں مصر گیا تو میرے بستہ میں سو جزء تھے اور ہر جزء میں ایک ہزار حدیث لکھی تھی اور حافظ ابو علی فرماتے تھے محمد بن مسیب مصر گئے تو ان کے بستہ میں ایک لاکھ تحریر شدہ حدیث موجود تھی۔ آپ بہت باریک لکھنے کے عادی تھے اور ان کے متعلق یہ چیز زبان زد عوام تھی۔

ابو الحسین حجاجی کہتے ہیں محمد بن مسیب حدیث پڑھتے جب قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر پہنچتے تو اس قدر روتے کہ ہمیں ان پر رحم آتا تھا حاکم کہتے ہیں میں نے محمد بن علی کلابی سے سنا ہے فرماتے تھے محمد بن مسیب خوف خدا سے روتے روتے نابینا ہو گئے تھے فرماتے تھے میں نے حسن بن عرفہ سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے واسط میں امام یزید بن ہارون کو دیکھا تھا ان کی آنکھیں سب لوگوں سے زیادہ حسین تھیں کچھ عرصہ کے بعد میں نے دیکھا تو ان کی ایک آنکھ باقی تھی پھر دیکھا تو نابینا ہو چکے تھے میں نے پوچھا اے ابو خالد! وہ خوبصورت آنکھیں کیا ہوئیں انہوں نے فرمایا گریہ کری نے ضائع کر دیں، ابو اسحاق مزکی کہتے ہیں محمد بن مسیب کا بھی یہی حال تھا وہ بھی روتے روتے نابینا ہو گئے تھے۔ میں کہتا ہوں ۹۲ سال عمر پا کر جمادی الاول ۳۱۵ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے اور اسی سال مندرجہ ذیل علماء کا انتقال ہوا۔

ابو الحسن محمد بن فیض بن محمد غسانی دمشقی ان کی عمر ۹۶ سال تھی، قاضی ابو جعفر محمد بن حسن بن نفیس کوفی، شنانی ابو الفتح عبداللہ بن محمد بن جعفر قزوینی شافعی مصنف اور امام نحو اخفش صغیر ابو الحسن علی بن سلیمان بغدادی رحمہم اللہ تعالیٰ۔

مجھے ان کے ذریعے اپنی سند سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے کسی قوم پر رحم کرنا چاہتا ہے تو اس کے نبی کو اس سے پہلے قبض کرتا ہے اور اس کو امت کے لیے میر سامان و پیش رو بنا دیتا ہے اور اگر کسی قوم کو ہلاک کرنا چاہتا ہے تو نبی کی زندگی میں اس پر عذاب نازل کرتا ہے اور اس طرح اس کو [illegible] تکذیب کی سزا دے کر نبی کی آنکھیں ٹھنڈی کرتا ہے۔"

اسی سند کے ساتھ احمد بن محمد بن احمد بالوی کہتے ہیں [illegible] سے سنا ہے فرماتے تھے یہ حدیث مجھ سے امام ابن خزیمہ نے لکھی ہے کہتے ہیں اس کے بیان کرنے میں [illegible] منفرد ہیں۔

۷۸۳ ۱۲/۱۱ امام محمد بن عقیل بن ازہر بن عقیل بلخی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ ہے بلخ کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث، وہاں کے بلند پایہ محدث اور نامور عالم ہیں، مسند، تاریخ اور رسائل کے مصنف ہیں۔ مختلف ملکوں کے سفر کیے اور علی بن خشرم، نعیم بن حماد، عباد بن ولید غبری، علی بن اشکاب اور ان کے طبقہ کے محدثین سے حدیث کا سماع کیا ان سے محمد بن عبداللہ حضرمی اور عبدالرحمان بن ابی شریح روایت کرتے ہیں جس طرح ہم چاہتے تھے ان کے حالات نہیں ملے آپ شوال ۳۱۶ھ میں فوت ہوئے۔

fat.com

مجھے اپنی سند سے بوساطت ان کے حضرت حذیفہ رضؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک قوم کے کوڑے کے ڈھیر پر آئے اور وہاں کھڑے ہو کر پیشاب کیا پھر وضو کرتے وقت موزوں پر مسح کیا۔"

یہ حدیث غریب ہے۔

۷۸۴ ۱۳/۱۱ الحافظ المجوّد عبداللہ بن محمد بن مسلم اسفرائینی

آپ کی کنیت ابوبکر ہے، اسفرائن کے رہنے والے جیّد حافظِ حدیث اور حجت ہیں محمد بن یحییٰ ذہلی، حسن بن محمد زعفرانی، یونس بن عبدالاعلیٰ، حاجب بن سلیمان منبجی، عباس بن ولید عذری، ابوزرعہ، ابن وارہ اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا ان سے ابوعبداللہ بن اخرم، حافظ ابوعلی نیسابوری، ابواحمد حاکم، محمد بن فضل بن خزیمہ، ابواحمد بن عدی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر روز اللہ تعالیٰ اپنے کچھ بندے آگ سے آزاد کرتا ہے مگر جمعہ کے دن وہ ہر گھڑی اپنے بندوں کو آگ سے آزاد کرتا ہے۔"

اس کے بیان کرنے میں ابورجا منفرد ہیں اور یہ عمدہ راوی نہیں ہے۔

آپ ۳۳۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۴۱۸ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا حاکم کہتے ہیں یہ بدیل اسفرائینی کے داماد ہیں زمین کے اطراف واکناف میں رہنے والے جیّد اور پختہ کار اہلِ علم میں شمار ہوتے ہیں۔

مجھے ان کے واسطہ سے نعیم بن حماد کی یہ حدیث ملی ہے کہتے ہیں:

"میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے فرماتے تھے جو بندہ سرکشی اختیار کرے، حدِ اعتدال سے بڑھے اور جبارِ اعلیٰ کو بھول جائے وہ بہت بُرا بندہ ہے جو بندہ سرکشی اختیار کرے، اکڑ اکڑ کر چلے اور سب سے بڑے اور بلند خدا کو بھول جائے وہ بہت بُرا بندہ ہے نیز جو بندہ ظلم کرے، بغاوت پر اتر آئے اور اپنی ابتدا اور انتہا کو بھول جائے تو وہ بہت برا بندہ ہے۔"

یہ حدیث بہت غریب ہے اس کا راوی طلحہ ضعیف ہے اور یزید نے نعیم سے ملاقات نہیں کی ہے۔

۷۸۵ ۱۴/۱۱ الحافظ البارع المُنکدری التیمی المدنی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام احمد بن محمد بن عمر بن عبدالرحمان ہے مشہور محدث محمد بن منکدر کی اولاد سے ہیں مدینہ طیبہ کے رہنے والے باکمال حافظِ حدیث ہیں مختلف ممالک میں گھومے پھرے اور ہر خرمنِ علم سے خوشہ چینی کی پہلے بصرہ پھر اصفہان اور اس کے بعد رے اور نیسابور میں سکونت اختیار کی معتضم باللہ کی خلافت میں پیدا ہوئے تھے۔

t.com

مکہ معظمہ میں عبدالجبار بن علاء، عراق میں زیاد بن یحییٰ حسانی، مصر میں یونس بن عبدالاعلیٰ، جزیرہ میں علی بن حرب، رے میں ابوزرعہ، فارس میں اسحاق بن ابراہیم شاذان، کوفہ میں ہارون بن اسحاق ہمدانی اور شام میں عبدالحمید بن بکار، بیروت میں عباس بن ولید عذری اور ان کے ہمعصر علماء سے حدیث کا سماع کیا دنیا کے کونہ کونہ سے علم جمع کیا اسے یاد رکھا اور کتابیں لکھ کر خلق خدا کو فائدہ پہنچایا۔ ان میں اگرچہ کچھ ضعف پایا جاتا ہے۔ ان سے ان کے لڑکے شیخ عبدالواحد، محمد بن علی بن شاہ، محمد بن احمد حنفی، محمد بن مامون الحافظ، محمد بن خالد مطوعی، نجاری اور محمد بن عبدالفتاح بن ہانی روایت کرتے ہیں۔

حاکم کہتے ہیں آپ مدینہ میں پیدا ہوئے، حرمین میں پرورش پائی اور عبدالجبار بن علاء سے حدیث کا سماع کیا عجیب وغریب احادیث بیان کرتے ہیں۔ ادریسی کہتے ہیں ان کی احادیث میں مناکیر موجود ہیں مگر ان شاء اللہ ان جیسا آدمی قصداً جھوٹ نہیں بولتا۔ میں نے حافظ محمد بن ابی سعید سمرقندی سے ان کے متعلق سوال کیا تو میں نے ان کو ان کے بارہ میں اچھی رائے کا اظہار کرتے ہوئے دیکھا کہتے تھے میں نے منکدری سے سنا ہے فرماتے تھے میں تین لاکھ حدیث میں مناظرہ کر سکتا ہوں جب میں نے ان سے پوچھا کیا آپ نے ابوالعباس ابن عقدہ کے بعد منکدری سے کوئی بڑا حافظ حدیث دیکھا ہے؟ تو بولے نہیں! حاکم کہتے ہیں آپ ۳۱۴ھ میں مرو میں فوت ہوئے رحمہ اللہ تعالیٰ۔

۷۸۶ ۱۵/۱۱ کتاب المنتقی فی الاحکام کے مصنف امام ابن جارود نیسابوری

آپ کی کنیت ابومحمد اور اسم گرامی عبداللہ بن علی بن جارود ہے نیسابور کے رہنے والے بلند پایہ حافظ اور نامور ناقد حدیث ہیں مکہ معظمہ میں مقیم تھے۔ ابوسعید اشج، محمد بن آدم، علی بن خشرم، یعقوب بن ابراہیم دورقی، عبداللہ بن ہاشم طوسی، حسن بن محمد زعفرانی، احمد بن ازہر، محمد بن ابی عبدالرحمان مقری، احمد بن یوسف سلمی، محمد بن یحییٰ [illegible] ایوب، ابن عبدالحکم، بحر بن نصر، محمد بن عثمان بن کرامہ، عبدالرحمن بن بشر اور جماعت سے دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور اس طبقہ سے نیچے اتر کر ابن خزیمہ سے بھی مستفید ہوئے ہیں۔ امام حاکم نے جو یہ کہا ہے کہ انہوں نے اسحاق بن راہویہ، علی بن حجر اور احمد بن منیع سے سماع کیا ہے مجھے اس کی کوئی دلیل نہیں ملی اور میرا خیال ہے کہ ان کی ان سے ملاقات ثابت نہیں ان سے ابوحامد ابن الشرقی، محمد بن نافع کی، یحییٰ بن منصور، طلیح سجزی، ابوالقاسم طبرانی، محمد بن جبریل عبسی اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں آپ کا شمار حدیث کو خوب ضبط کرنے والے جید علماء میں ہوتا ہے ۳۰۷ھ میں فوت ہوئے۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت عباس کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر بادل آیا تو آپ نے صحابہ سے پوچھا جانتے ہو یہ کیا ہے؟ ہم نے کہا بادل ہے آپ نے فرمایا اسے مزن بھی کہتے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا اسے مزن بھی کہتے ہیں، آپ نے فرمایا یہ عنان ہے؟ ہم نے کہا جی ہاں! یا یہ عنان ہے پھر آپ نے پوچھا جانتے

fat.com

ہو زمین اور آسمان کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ ہم نے کہا جی نہیں! فرمایا ان کے درمیان ۷۱، ۷۲ یا ۷۳ سال کا فاصلہ ہے اور اتنا ہی دوسرے آسمان کا فاصلہ ہے حتیٰ کہ آپ نے اسی طرح سات آسمانوں کا فاصلہ بتایا پھر فرمایا ساتویں آسمان کے اوپر ایک سمندر ہے جس کے نیچے اور اوپر کے حصہ کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے آسمان کے درمیان ہے اس کے اوپر آٹھ (بکرا نما) فرشتے ہیں جن کے پاؤں اور گھٹنوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک ہے ان کے اوپر عرش ہے اس کے نیچے اور اوپر کے حصہ کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے آسمان تک ہے پھر اس کے اوپر اللہ تعالیٰ کی ذات مستوی ہے۔"

نیز ان کے واسطہ سے مجھے حضرت عبداللہ ابن عمر کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہری آدمی دیہاتی کی کوئی چیز فروخت نہ کرے۔"

۷۸۷ ۱۶/۱۱ امام ابنِ جوصاءِ دمشقی

آپ کی کنیت ابوالحسن، نام احمد بن عمیر بن یوسف بن جوصاء اور لقب محدثِ شام ہے۔ بنو ہاشم اور ایک قول کے مطابق محمد بن صالح بن بہیس کلابی کے مولیٰ ہیں۔ دمشق کے رہنے والے نہایت زیرک حافظِ حدیث ہیں، موسیٰ بن عامر مزنی محمد بن ہاشم بعلی، کثیر بن عبید، عمر بن عثمان، ابوالقاسم ہشام بن عبدالملک، یونس بن عبدالاعلیٰ اور ان کے طبقہ سے سماع کیا مصر اور شام گئے۔ علم حاصل کیا، کتابیں لکھیں اور علل اور رجال پر گفتگو کی۔

ان کے پاس بہت عالی وہ حدیث ہے جو ابن عدی نے اپنی کامل میں اس سند سے بیان کی ہے:

"حدثنا ابن جوصاء نا معاویۃ بن عبدالرحمان الرجبی سمعت حریز بن عثمان یقول سألت عبداللہ بن بسر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال کان فی عنفقتہ شعرات بیض۔"

حریز کہتے ہیں میں نے عبداللہ بن بسر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق پوچھا تو فرمایا آپ کی زیرلب داڑھی میں چند بال سفید تھے۔

ان سے طبرانی، حمزہ کنانی، ابوعلی نیساپوری، زبیر اسد آبادی، ابوبکر ابن السنی، ابواحمد حاکم، عبدالوہاب کلابی اور ان کے سوا دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔

امام طبرانی نے ان کی توثیق کی ہے حافظ ابوعلی نیساپوری فرماتے ہیں ہمیں ابنِ جوصاء نے حدیث بیان کی اور وہ فن حدیث کے ستونوں میں سے ایک ستون ہیں فرماتے ہیں استاذ کی وفات کے پچاس سال بعد حدیث بیان کرنا سند عالی ہے۔

ابوذر ہروی کہتے ہیں میں نے ابوسعود دمشقی سے سنا ہے فرماتے تھے ایک دفعہ بغداد سے ایک حافظِ حدیث ابنِ جوصاء کے پاس آئے ابن جوصاء نے ان سے کہا آپ اہلِ شام کی جتنی غریب حدیثیں مجھے بیان کریں گے میں آپ کو

ہر حدیث پر ایک درہم انعام دوں گا چنانچہ انہوں نے جتنی اللہ تعالیٰ نے چاہا احادیث بیان کیں گران کے نزدیک ان میں سے کوئی بھی غریب حدیث نہیں تھی یہ دیکھ کر انہیں غم ہوا مگر ابن جوصا جواہر کی طرح تھے فرمانے لگے تکرمت کریں پھر میں قدر احادیث بیان کی تھیں ان کو اتنے درہم دے دیئے۔ محمد بن ابراہیم کرخی فرماتے ہیں شام میں ابن جوصا کی وہی قدر و منزلت ہے جو اہل کوفہ کے ہاں ابن عقدہ کی ہے امام دارقطنی فرماتے ہیں اس پر اہل کوفہ کا اتفاق ہے کہ عبداللہ بن مسعود کے زمانہ سے لے کر ابن عقدہ کے زمانہ تک کوفہ میں ان سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں ہوا۔

ابو عمرو صفیر نیسابوری کا بیان ہے ایک دفعہ ہم عسقلان میں تھے وہاں ہمارا ارادہ ہوا کہ علی الصبح ابن جوصا کی خدمت میں حاضر ہونے کا تقاضا کریں گے ہم نے کہا ابو علی کہاں ہیں ہم نے کہا یہاں موجود ہیں بولا شیخ ابن جوصا خود تشریف لے آئے ہیں اتنے میں شیخ چھت پر سے اترے اور نیچے سے اتر کر سیدھے ہمارے بالاخانہ میں داخل ہوئے ابو علی حافظ نے السلام علیکم کہا ان کا خیر مقدم کیا اور بشاشت کے ساتھ ان کے ساتھ مذاکرہ علمیہ میں مصروف رہے پھر فرمایا ابو علی اپنے پاس سے احادیث لکھ کر لائے ہیں یا ہمارے پاس موجود ہیں انہوں نے اثبات میں جواب دیا اور کتاب ہاتھ میں لے کر ان کے ساتھ [illegible] اور واپس چلے گئے صبح کے وقت تشریف لائے اور ہمیں اپنے ہمراہ لے گئے وہاں ان کے ساتھ مذاکرہ میں مصروف رہے اور شام تک ان کے سامنے احادیث کا انتخاب پیش کرتے رہے پھر جب ہم وہاں سے اپنے مکان پر پہنچے تو وہاں علماء کی ایک جماعت پہلے ہی ابو علی کے انتظار میں موجود تھی انہوں نے ان کو السلام علیکم کہا پھر ابن جوصا کے خلاف شکایات کرنے لگے اور ان کی وہ احادیث فوراً پیش کر دیں جو ان کے پاس لکھی ہوئی تھیں اور ان کی وجہ سے وہ ان سے ناراض تھے ابو علی ان کے شبہات دور کرتے تھے اور فرماتے تھے ان کے [illegible] وہ مسلمانوں کے اماموں میں سے ایک ہیں اور ہر قسم کے امتحان کے پل سے گذر چکے ہیں۔

حمزہ کنانی کہتے ہیں میرے پاس ابن جوصا کی احادیث [illegible] روایت کرنا بالکل ترک کر دیا تھا

میں کہتا ہوں یہ حمزہ کی بے باکی ہے معلوم ہوتا ہے [illegible] پاس سند عالی کی بجائے سند سافل سے مروی تھے کیونکہ ابن جوصا ان سے [illegible] ابو علی حاتم سلمی کہتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے ابن جوصا کے متعلق پوچھا تو فرمایا یہ ثقہ ہیں احادیث میں متقن ہیں اور قوی نہیں ہیں۔

میں کہتا ہوں آپ ثقہ اور تمام حفاظ حدیث [illegible] احادیث ہیں [illegible] جو ان کی ان کتب روایات میں مستور ہیں ان میں سے ایک حدیث ابو [illegible] حدیث ہے جو وہ ابو [illegible] کے واسطہ سے بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اقامت ہو جائے تو فرض نماز کے بغیر کوئی نماز نہیں ہوتی۔

Marfat.com

مجھے بھی یہ حدیث اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے ملی ہے یہ حدیث محفوظ ہے محدثین نے ان کی اس حدیث کا اس لیے انکار کیا ہے کہ انہوں نے اس کی سند میں ایک راوی ابنِ ثوبان زیادہ کر دیا ہے امام طبرانی فرماتے ہیں یہ اس حدیث کے اس طرح بیان کرنے میں متفرد ہیں اور ان کا شمار قابلِ اعتماد محدثین میں ہوتا ہے۔

میں کہتا ہوں اس حدیث کو اس طرح بیان کرنے میں دوسرے محدثین نے ان کی متابعت کی ہے اور میں نے اپنی کتاب تاریخ الاسلام میں اس کی وضاحت کر دی ہے حافظ حمزہ بن محمد کہتے ہیں میں نے ابن جوصار سے سنا ہے فرماتے تھے ہم ایک دفعہ بغداد میں ایوب کی حدیث کے متعلق مذاکرہ کر رہے تھے میں نے اثنائے مذاکرہ میں سوال کیا جنادہ نے عبادہ سے کتنی احادیث باسند بیان کی ہیں؟ مگر کسی نے جواب نہیں دیا میں نے پھر پوچھا عمر بن عمرو احمدسی نے کون سی سند حدیث بیان کی ہے؟ اس پر سب خاموش رہے۔

آپ تقریباً ۹۰ سال عمر پاکر جمادی الاول ۳۲۰ھ میں فوت ہوئے اس سال درج ذیل علمائے کرام نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔ شیخ الصوفیہ ابو علی حسین بن صالح بن خیران، مسند دمشق ابو العباس عبداللہ بن عتاب بن احمد زفتی ان کی عمر ۹۶ سال تھی۔ ابو القاسم عبداللہ بن محمد ابن اخی ابی زرعۃ الرازی۔ امام ابو عبداللہ محمد بن یوسف مطر فربری آپ ۸۹ سال عمر پاکر ماہ شوال میں فوت ہوئے اور قاضی القضاۃ ابو عمر محمد بن یوسف بن یعقوب ازدی یہ ۷۷ سال عمر پاکر بغداد میں فوت ہوئے۔

۷۸۸ ۱۷/۱۱ امام ابو عمرو حیری

آپ کا اسم گرامی احمد بن محمد بن احمد بن حفص ہے نیسابور کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں جاہ و حشم، دولت و ثروت اور تزکیۂ ظاہر و باطن کے لحاظ سے نیساپور میں امتیازی حیثیت کے مالک تھے محمد بن رافع، ذہلی، عبدالرحمان بن بشر، عبداللہ بن ہاشم، ابوزرعہ، رمادی، محمد بن سعید عطار اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ طلبِ علم کے لیے عراق، حجاز، جبال اور خراسان جیسے دور دراز ممالک کا سفر کیا۔ عہدِ کہولت میں دوسرے طلبہ کے ساتھ امام عثمان دارمی کی طرف رختِ سفر باندھا اور ان سے ان کی مسند پڑھی ان سے تقدم اور برتری کے باوجود حافظ احمد بن عبدوس، قاضی یحییٰ بن منصور اور دوسرے بہت سے لوگوں نے علمِ حدیث اخذ کیا۔

محمد بن عبدالسلام کہتے ہیں ایک دفعہ امام محمد بن یحییٰ ذہلی اور ان کے لڑکے حیکان کے درمیان کسی بات پر جھگڑا ہو گیا والد نے بیٹے سے کہا ہمارے باہمی جھگڑے کا فیصلہ کرنے کے لیے کس کو منصف مانتے ہو؟ بیٹے نے کہا ابو عمرو حیری کو امام محمد نے فرمایا ٹھیک ہے ابو عمرو حجت ہیں چنانچہ وہ ان کے منصف بنے اور حیکان کے حق میں فیصلہ دیا جسے امام محمد بن یحییٰ نے قبول کر لیا۔

امام حاکم کہتے ہیں ابو عمرو نے ذی قعدہ ۳۱۷ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے مکہ معظمہ سے قتل کو بند رکھا یعنی مکہ معظمہ میں قتل و خونریزی کو ممنوع قرار دیئے رکھا"

امام ذہبی فرماتے ہیں اس حدیث میں ابونعیم سے تصحیف ہوئی ہے اصل لفظ فیل ہے۔

۷۸۹ ۱۸/۱۱ امام ابن سلم اصفہانی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام علی بن حسن بن سلم ہے۔ اصفہان کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور پختہ کار عالم ہیں۔ احمد بن فرات، محمد بن یحییٰ ذہلی، اسماعیل بن یزید قطان، محمد بن ولید بسری، احمد بن ازہر، یحییٰ بن حکیم مقوم اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا اور بہت سی کتابیں تصنیف کیں۔ ان سے حافظ ابو علی، ابو احمد حسال، ابوالشیخ ابن المقرئ اور ایک دوسری جماعت روایت کرتی ہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں آپ ۳۰۹ھ میں رے میں فوت ہوئے۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نماز فرض ہوتے ہی اذان اتری پھر آیت پڑھی یا ایہا الذین امنوا اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ"

اس حدیث کی سند کمزور ہے اور اس کا متن منکر ہے۔

نیز ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دفنوں میں شک رہنے والی ایڑھیوں کو آگ کا عذاب دیا جائے گا"

۷۹۰ ۱۹/۱۱ الحافظ الذہبی البلخی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام احمد بن محمد بن حسن بن ابی حمزہ ہے بلخ کے رہنے والے نامور حافظ حدیث ہیں آپ نیساپور جا بسے تھے۔ علی بن علی خلاس، عجاج بن شاعر، محمد بن بشار، مسلم بن ابراہیم فراہیدی، محمد بن یحییٰ ذہلی اور ان کے طبقہ سے روایت کرتے ہیں ان کے متعلق بڑی اچھی رائے رکھنے کے باوجود حافظ ابو علی ان سے روایت لیتے ہیں ان کے علاوہ محمد بن جعفر بستی، ابواحمد غطریفی، ابوبکر اسماعیلی، محمد بن عبداللہ قومانی، ابو محمد مخلدی اور دوسرے لوگوں نے ان سے استفادہ کیا ہے انہوں نے بڑی طویل عمر پائی ہے اسماعیلی کہتے ہیں شراب نوشی کی وجہ سے بدنام تھے۔ حاکم کہتے ہیں مجھے ان کے ہاتھ کی لکھی ہوئی بعض کتابیں ملی ہیں جن میں عجیب و غریب حکایتیں مذکور ہیں انہوں نے ۳۱۰ھ میں انتقال فرمایا۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انصار کے کسی بچہ کے جنازے میں شریک ہوئے حضرت عائشہ نے

کہا کہ یہ بچہ بڑا خوش نصیب ہے یہ جنت کی چڑیوں میں ایک چڑیا ہے۔ آپ نے فرمایا عائشہ تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا اور اس میں رہنے والوں کا اس وقت فیصلہ کر دیا جب وہ اپنے باپوں کی پشتوں میں تھے۔ اسی طرح دوزخ کو پیدا کیا اور اس میں رہنے والوں کا اس وقت فیصلہ کر دیا جب وہ اپنے باپوں کی پشتوں میں تھے۔

۷۹۱ — ۲۰/۱۱ — الامام السنجی المروزی

آپ کی کنیت ابو علی اور نام حسین بن محمد بن مصعب ہے مرو کے رہنے والے باکمال حافظِ حدیث ہیں۔ ابن ماکولا کہتے ہیں یہ مشہور ہے کہ خراسان میں ان سے زیادہ حدیث جاننے والا کوئی نہیں تھا۔ آخر میں نابینا ہو گئے تھے۔ یہی ابن ماکولا کہتے ہیں کہ یہ اہل الرائے کو بڑی مشکل سے حدیث پڑھاتے تھے۔ علی بن خشرم، علی بن عبداللہ بن قہزاد یحییٰ بن حکیم مقوم اور ان کے طبقہ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے زاہر سرخسی، ابو حامد نعیمی اور ایک جماعت نے علم حدیث حاصل کیا ہے۔ ۲۱۵ھ میں فوت ہوئے۔

مجھے اپنی سند سے جو ان کے واسطہ سے ہے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی عمل کرتے تو اس کو جاری رکھتے تھے۔ جب آپ نیند یا بیماری کی وجہ سے رات کو نماز نہ پڑھ سکتے تھے تو دن کو ۱۲ رکعت پڑھتے تھے۔ میں نے آپ کو ساری رات صبح تک قیام کرتے اور رمضان کے سوا پورا مہینہ روزہ رکھتے کبھی نہیں دیکھا۔"

۷۹۲ — ۲۱/۱۱ — محدثِ اندلس امام ابن فطیس البیری

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور نام محمد بن فطیس بن واصل ہے۔ اندلس کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ ۲۲۱ھ میں پیدا ہوئے اور ابان بن عیسیٰ، محمد بن احمد عتبی فقیہ اور ابن مزین سے سماع کیا۔ ابن الفرضی وغیرہ کے قول کے مطابق ۲۴۵ھ میں تحصیل علم کے لیے اپنے وطن سے نکلے اور یونس بن عبدالاعلیٰ، ابن وہب کے بھتیجے احمد اور محمد بن عبداللہ بن عبدالحکم جیسے مشاہیر سے اکتسابِ فیض کیا۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ میں اپنے اس سفر میں ۲۰۰ شیوخ کی خدمت میں حاضر ہوا مگر میں نے ان میں ابن الحکم جیسا کوئی باکمال انسان نہیں دیکھا۔ انہوں نے افریقہ میں احمد بن عبداللہ بن صالح عجلی، شجرہ بن علیٰ اور یحییٰ بن عون سے استفادہ کیا اور حرم اور مصر اور قیروان کے اہلِ فن سے علمِ کثیر حاصل کیا۔ مزنی سے فقہ میں کمال پیدا کیا اس طرح علم کے وسیع ذخائر لے کر اندلس واپس آئے۔ یہ فقہ مالک کے بہت ماہر تھے۔ دوسرے ملکوں سے سفر کر کے طلبہ ان کی خدمت میں پہنچتے اور اپنی اپنی استعداد کے مطابق ان سے فیض حاصل کرتے تھے انہوں نے طویل عمر پائی اور "کتاب الردع والاہوال" اور "کتاب الدعا" جیسی اہم کتابیں تصنیف کیں۔

ابن الفرضی کہتے ہیں آپ عقلمند، راست گو اور حدیث کو خوب ضبط کرنے والے تھے۔ ہمیں بہت سے لوگوں

نے بتایا ہے کہ ان کی ذات مرجع خلائق تھی رشوال ۳۱۹ھ میں فوت ہوئے۔

میں کہتا ہوں اس رسالہ بہت سے جلد اللہ تعالیٰ نے کو یاد سے ہوئے ان میں چند قابل ذکر یہ ہیں۔

۱۔ مسند شام اور وہاں کے خطیب ابوالجہم احمد بن حسین بن طلاب تنوخی۔

۲۔ محدث دمشق ابواسحاق ابراہیم بن عبدالرحمان بن عبدالملک بن مروان القرشی الحافظ۔

۳۔ اندلس کے قاضی اور وہاں کے نامور عالم ابوالحجاج اسلم بن عبدالعزیز بن ہاشم اموی مالکی ان کی ۹۰ سال سے زیادہ عمر تھی۔

۴۔ محدث ابوسعید حسن بن علی بن زکریا عدوی بصری یہ بغداد میں فوت ہوئے اور کذاب تھے۔

۵۔ شیخ المعتزلہ ابوالقاسم عبداللہ بن احمد کعبی بلخی۔

۶۔ قاضی مصر ابوعبید علی بن حسین بن حربویہ بغدادی یہ صاحب الوجہ فی المذہب اور بے نظیر عالم تھے۔

سمرقند کے عالم اور واعظ ابوعبداللہ محمد بن فضل بن عباس بلخی کہتے ہیں ایک ہی دن ان کی مجلس وعظ میں چار آدمی مر گئے تھے اور یہ قتیبہ سے حدیث لینے والے آخری شخص ہیں اور نیساپور کے امیر کبیر و نامور محدث ابوالعوفی رمؤمل بن حسن بن عیسیٰ ماسرجسی انہوں نے مشہور محدث کوسج سے حدیث کا سماع کیا تھا رحلت زعفرانی میں ہے کہتے ہیں ایک دفعہ امیر خراسان نے ان سے دس لاکھ درہم قرض لیے تھے اور حافظ ابوعلی نیساپوری نے منتقب احادیث کے کئی جزء ان کی خدمت میں پیش کیے تو انہوں نے ان کی طرف پوشاک کے علاوہ ایک سو دینار ارسال کیے۔

۷۹۲ ۲۲/۱۱ الامام المصیصی المزوزی

آپ کی کنیت ابوالبشر اور نام احمد بن محمد بن عمرو بن مصعب ہے مرو کے رہنے والے یکتائے زمانہ حافظ محدث اور نامور فقیہ ہیں مگر جھوٹ بولنے کے عادی تھے۔ محمود بن آدم، سعید بن مسعود اور ان کے طبقہ سے تھے۔ حجاج علی بن خشرم سے سماع کا دعویٰ کرنے لگے لیکن محققین نے ان کا یہ دعویٰ تسلیم نہیں کیا ہے ان سے ابوالفتح بن بریدہ، ابن المظفر اور ایک دوسری جماعت نے روایت کی ہے

امام دارقطنی فرماتے ہیں حدیث کے حافظ تین ہیں زہان اور سنت کی روایت اور بدعتیوں کے دین کی تباہی تھے لیکن حدیث وضع کیا کرتے تھے۔ ابن حبان کہتے ہیں حدیث وضع کرنے کے علاوہ سند میں بھی الٹ پھیر کرتے تھے۔ غالباً انہوں نے دس ہزار سے زیادہ احادیث میں تحریف راویوں کو ثقہ راویوں سے بدلا ہے میں نے ان میں سے تین ہزار سے زائد حدیثیں لکھی تھیں آخر میں انہوں نے ایسے شیوخ سے سماع کا دعویٰ کیا جن سے ان کی ملاقات غایت نہیں میں نے ان سے پوچھا آپ نے ان سے کب ملاقات کی ہے اور کہاں سنا ہے تو انہوں نے ان کے نام بتا دیے جن سے انہوں نے علی بن خشرم سے حدیث بیان کرنا شروع کر دی تو میں نے اس کا انکار کرتے ہوئے ان کو ایک مکتوب لکھا جس کے جواب میں انہوں نے معذرت کی اس قسم کی بے اعتدالیوں کے باوجود ان میں یہ خوبی تھی کہ اپنے زمانہ میں سنت پر عمل کرنے اس کی نشر و اشاعت کی حیثیت مستحکم رکھنے اور مخالفین کا قلع قمع کرنے میں بڑے متشدد تھے اور ان کے معاصرین سے

بصیرت بھی زیادہ رکھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی خطاؤں سے درگذر فرمائے۔
ذیقعد ۳۲۳ھ میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔
مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے آپ فرماتی ہیں۔
"فاطمہ بنت ابی حبیش آئی اور کہنے لگی یارسول اللہ! میں استحاضہ میں مبتلا ہوں اس سے کبھی پاک نہیں ہوتی کیا میں نماز چھوڑ سکتی ہوں؟ الحدیث
۳۲۳ھ میں حسب ذیل حضرات نے بھی وفات پائی۔
۱۔ ابواسحاق ابراہیم بن حماد بن اسحاق ازدی یہ بڑے عبادت گذار اور فن حدیث میں حجت تھے اور امام دارقطنی کے استا اور قاضی اسماعیل کے بھتیجے ہیں۔
۲۔ بغداد کے امام نحو ابوعبداللہ ابراہیم بن محمد بن عرفہ واسطی المعروف بہ نفطویہ۔
۳۔ محدث ابوعلی اسماعیل بن عباس وراق بغدادی۔
۴۔ عبیداللہ بن عبدالرحمان سکری بغدادی۔
۵۔ عبید اللہ بن عبدالصمد بن مہتدی باللہ۔
۶۔ ابوکریب کے تلمیذ خاص علی بن محمد بن ہارون حمیری۔
۷۔ ابوعبید قاسم بن اسماعیل محاملی۔
۸۔ ابوالکریم محمد بن حسین سعدی حمصی ثم طرابلسی۔
۹۔ اور ابوعمران موسیٰ بن عباس جوینی۔

۷۹۴ ۲۳/۱۱ امام ابن مروان قرشی دمشقی

آپ کی کنیت ابواسحاق اور نام ابراہیم بن عبدالرحمان بن عبدالمالک بن مروان ہے۔ دمشق کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور طلب علم کے لیے دُور دراز ممالک کے سفر کرنے والے اعلیٰ درجہ کے محدث ہیں۔ آپ نے موسیٰ بن عامر مزنی، شعیب بن شعیب بن اسحاق، یونس بن عبدالاعلیٰ، احمد بن ابراہیم بن ملاس اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ان سے ان کے بیٹے محمد بن ابراہیم، ابوسلیمان بن زبیر، ابن المقری، عبدالوہاب کلابی، حمید وراق اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔
رجب ۳۱۶ھ میں انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۷۹۵ ۲۴/۱۱ امام اعمشی نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوحامد اور نام احمد بن حمدون بن احمد بن عمارۃ بن رستم ہے۔ نیشاپور کے رہنے والے لائق اعتماد

حافظِ حدیث ہیں۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ حضرت ابو مسعود کی یہ حدیث ملی ہے کہ

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص نیکی کی طرف راہنمائی کرے اس کو نیکی کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔"

یہ حدیث امام مسلم نے اعمش کے واسطہ سے اپنی صحیح میں ذکر کی ہے۔ ہمیں ابو حامد کی حدیث اس سے اعلیٰ سند کے ساتھ ملی ہے جو ابو یعلیٰ صابونی کی کتاب فوائد میں ابو محمد مخلدی عن ابی حامد کے واسطہ سے مذکور ہے۔ اعمشی کا لقب ابو تراب ہے ان کو کوفہ کے مشہور محدث امام اعمش کی احادیث جمع کرنے کی وجہ سے اعمشی کہا جاتا ہے۔ انہیں حدیث خوب یاد تھی ان کے والد حمدون قصار چوٹی کے عابد اور زاہد تھے۔

انہوں نے محمد بن رافع، علی بن خشرم، اسحاق کوسج، عمار بن رجاء جرجانی، ابو سعید اشج، یحییٰ بن مقوم اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ ان سے ابو الولید فقیہ، حافظ ابو علی، ابو اسحاق مزکی، ابو سہل صعلوکی اور ابو احمد حاکم روایت کرتے ہیں۔

امام حاکم بن بیع فرماتے ہیں میں نے حافظ ابو علی سے سنا ہے فرماتے تھے۔ ہم سے احمد بن حمدون نے حدیث بیان کی ہے اگر ان سے روایت کرنا حلال ہو تو خوب ہے۔ میں نے عرض کیا ابو تراب کے متعلق آپ کی یہ جرح اس رندانہ اور غیر مناسب رویہ کی وجہ سے ہے جو انہوں نے حدیث پڑھاتے وقت اختیار کیا ہے؟ بولے نہیں میری ان میں جرح حدیث کی وجہ سے ہے۔ مجھے ان کی اس حدیث پر اعتراض ہے جو وہ عبید اللہ بن عمر عن عبد بن الفضل سے روایت کرتے ہیں۔ میں نے کہا یہ حدیث تو دوسرے محدثین بھی بیان کرتے ہیں۔ اس پر انہوں نے وہ احادیث بیان کرنا شروع کیں جو دوسرے محدثین نے بیان کی ہیں۔ میں نے کہا آپ کی اس جرح میں ابو تراب مظلوم ہیں؟ بعد میں میں نے ان کا تذکرہ ابو الحسین حجاجی سے کیا تو وہ میری بات سن کر بہت خوش ہوئے اور کہنے لگے آپ نے ٹھیک کہا ہے۔ میں نے ابو تراب کے اپنے ہاتھ سے لکھے ہوئے متعدد اجزاء کا بنظر غائر مطالعہ کیا تو مجھے انہیں کوئی ایسی حدیث نہیں ملی جس کی وجہ سے ان پر اعتراض ہو سکے۔ ان کی تمام احادیث درست اور صحیح تھیں۔

میں نے حافظ ابو احمد سے سنا ہے فرماتے تھے میں ایک دفعہ امام ابن خزیمہ کی خدمت میں حاضر تھا۔ انہوں نے ابو حامد اعمشی سے پوچھا کہ اعمش نے ابو صالح عن ابی سعید کے طریق سے کتنی احادیث روایت کی ہیں؟ یہ سن کر انہوں نے اس سند سے آنے والی احادیث روانی کے ساتھ پڑھنا شروع کیں اور برابر پڑھتے رہے حتیٰ کہ سب ختم کر ڈالیں۔ ان کی یہ قوی یادداشت دیکھ کر امام ابن خزیمہ متعجب رہ گئے۔ اور میں نے محمد بن حامد بزاز سے سنا ہے فرماتے تھے ایک دفعہ اعمشی بیمار تھے ہم ان کی عیادت کے لیے گئے اور پوچھا فرمائیے! مزاج کیسے ہیں؟ بولے اچھا ہوں بشرطیکہ میرا یہ ہمسایہ (ان کا اشارہ ابو حامد جلودی کی طرف تھا) محدث اور عالم ہونے کا دعویٰ چھوڑ دے۔ اس بے چارے کو کتاب عمی القلوب، کتاب النسیان اور کتاب الجہل کے سوا کچھ یاد نہیں۔ وہ کل میرے پاس آیا اور کہنے لگا

اے ابو حامد! آپ کو معلوم ہے زنجویہ کا انتقال ہو گیا ہے؟ میں نے کہا اللہ تعالیٰ انہیں غریق رحمت کرے پھر کہنے لگا آج میں مؤمل بن حسن کے گھر گیا تو وہ بیان کنی کی حالت میں مبتلا تھے۔ پھر بولا اے حامد! آپ کی کتنی عمر ہے؟ میں نے کہا اس وقت میری عمر ۸۶ سال ہے۔ کہنے لگا پھر تو آپ نے اپنے والد سے بھی بڑی عمر پائی۔ میں نے کہا۔ الحمد للہ میں بھی صحت مند ہوں۔ رات میں نے دو دفعہ جماع کیا ہے۔ اور آج یہ یہ کام کیا ہے۔ میں یہ سنتے ہی شرمسار ہو کر اٹھ گیا۔

ربیع الاول ۱۲۱ھ میں اعشی کا انتقال ہوا رحمہ اللہ تعالیٰ

۷۹۶ ۲۵/۱۱ امام محمد بن حمدون بن خالد بن یزید نیسابوری

آپ کی کنیت ابو بکر ہے نیسابور کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور پختہ کار عالم ہیں محمد بن یحییٰ، عیسیٰ بن احمد نحوی، ابو زرعہ، ربیع مرادی، ابن وارہ اور ان کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور ان سے محمد بن صالح بن ہانی، حافظ ابو علی، ابو محمد مخلدی، ابو بکر بن مہران، محمد بن فضل بن خزیمہ اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ حاکم کہتے ہیں آپ قابل اعتماد، پختہ کار اور تحصیل علم کے لیے مختلف ممالک میں گھومنے والے تھے۔ عمر کی ۸۷ بہاریں دیکھیں اور ربیع الآخر ۳۲۰ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

خلیلی کہتے ہیں آپ بہت بڑے حافظ حدیث ہیں، آپ نے قطن بن عبد اللہ، احمد بن حفص بن عبد اللہ اور متعدد دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابو موسیٰ اشعری کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں کہ

"ایک دفعہ حسن بن علی بیمار تھے میں ان کی عیادت کے لیے گیا ان کے والد علی بھی وہاں موجود تھے مجھے دیکھ کر کہنے لگے آپ یہاں کیوں آئے ہیں؟ آپ کو ہمارے ہاں آنے کی کس نے اجازت دی ہے؟ میں نے کہا میں آپ کے پاس نہیں آیا میں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے لخت جگر کی عیادت کے لیے آیا ہوں۔ فرمانے لگے گو میں آپ پر ناراض ہوں مگر میں آپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سناتا ہوں آپ نے فرمایا جب کوئی مسلمان اپنے بھائی کی عیادت کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت میں چلتا ہے۔ اور جب اس کے پاس بیٹھتا ہے تو رحمت میں ڈوب جاتا ہے۔"

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم تین ہیں آیت محکمہ، سنت قائمہ اور جو معلوم نہیں اس کے متعلق کہنا میں نہیں جانتا۔"

اس حدیث کا مسند بیان کرنا صحیح نہیں اور نہ یہ ابو حذیفہ کی منکر روایتوں میں شمار ہوتی ہے معلوم نہیں ایسا کیوں ہے؟ لہٰذا یہ موقوف ہے۔

☆☆☆☆☆

t.com

۷۹۷ ۲۶/۱۱ امام طحاوی حنفی مصری

آپ کی کنیت ابو جعفر اور اسم گرامی احمد بن محمد بن سلامہ ہے۔ مصر کی ایک بستی طحا کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے طحاوی کہلاتے ہیں۔ بہت بڑے عالم، بلند پایہ حافظ حدیث اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ نے ہارون بن سعید ایلی، عبدالغنی بن رفاعہ، یونس بن عبدالاعلیٰ، عیسیٰ بن مشرود، محمد بن عبداللہ بن عبدالحکم، بکر بن نصر اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ان سے احمد بن قاسم خشاب، ابوالحسن محمد بن احمد اخمیمی، یوسف میانجی، ابوبکر بن المقری، طبرانی، احمد بن عبدالوارث زجاج، عبدالعزیز بن محمد جوہری، قاضی [illegible] محمد بن بکر بن مطروح اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

۱۶۸ھ میں شام گئے اور قاضی ابو خازم اور دوسرے فقہاء سے علم فقہ حاصل کیا۔

ابن یونس کہتے ہیں کہ ۲۳۷ھ میں پیدا ہوئے ثقہ، ثبت، فقیہ اور عقلمند تھے۔ انہوں نے اپنے پیچھے اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں چھوڑا۔ ابو اسحاق شیرازی طبقات میں لکھتے ہیں مصر میں امام ابو حنیفہ کے پیروؤں کی سرداری ابو جعفر پر ختم تھی۔ انہوں نے ابو جعفر بن ابی عمران اور قاضی ابو خازم وغیرہ سے علم حاصل کیا۔ یہ پہلے شافعی تھے اور امام مزنی سے پڑھا کرتے تھے۔ انہوں نے ایک دن ان سے کہہ دیا بخدا! تم سے کچھ بھی نہیں بن پڑے گا۔ [illegible] گئے اور ابن ابی عمران کے حلقہ درس میں داخلہ لے لیا۔ جب انہوں نے اپنی مختصر لکھی تو کہنے لگے اللہ تعالیٰ ابو ابراہیم پر رحم فرمائے اگر وہ زندہ ہوتے تو انہیں اپنی قسم کا کفارہ ادا کرنا پڑتا۔

میں کہتا ہوں آپ ۲۷۰ھ کے بعد قاضی مصر ابو عبداللہ محمد بن عبدہ کے نائب مقرر ہوئے اور ان کی حالت میں ترقی ہونے لگی۔ خود بیان کرتے ہیں ایک دفعہ ایک معتبر آدمی قاضی محمد بن عبدہ کے پاس آیا اور کہنے لگا ابو عبیدہ بن عبداللہ نے اپنی والدہ سے کون سی حدیث بیان کی ہے جو وہ ان کے والد سے روایت کرتی ہیں۔ قاضی [illegible] رہے۔ میں نے اپنی سند سے اس طرح بیان کی۔

حدثنا بکار بن قتیبۃ نا ابو احمد نا سفیان عن عبد الاعلیٰ الثعلبی عن ابی عبیدہ عن امہ عن ابیہ ان رسول اللہ قال ان اللہ لیغار للمؤمن فلیغر

ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ مؤمن کے لیے غیرت کرتا ہے اسے بھی غیرت مند ہونا چاہیے۔

اور مجھے یہ حدیث اس سند سے ملی ہے۔

حدثنا ابراھیم بن ابی داؤد نا سفیان بن وکیع عن ابیہ عن سفیان موقوفا

وہ آدمی مجھے کہنے لگا آپ جانتے ہیں آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ معلوم ہے آپ کس فن میں بات کر رہے ہیں؟ میں نے کہا کیوں کیا بات ہے؟ بولا میں نے آپ کو کل شام کے وقت فقہاء کے میدان میں دیکھا تھا اور اب آپ اہل حدیث کے میدان میں نظر آ رہے ہیں اور یہ دونوں فن کسی میں کم ہی جمع ہوتے ہیں۔ میں نے کہا یہ اللہ تعالیٰ کا

فضل اور اس کا انعام ہے۔ میں کہتا ہوں ابو جعفر نے اختلافِ علماء، شروط اور احکام القرآن میں کتابیں لکھی ہیں اور معانی الآثار بھی ان کی تصنیف ہے۔ آپ امام مزنی کے بھانجے ہیں اور ان کے استاذ ابن ابی عمران حنفی قاضی بکار کے بعد دیارِ مصر کے قاضی تھے۔

ابن یونس کہتے ہیں ابو جعفر نے شروع ذیقعد ۳۲۱ھ میں انتقال فرمایا اور ۸۰ سال سے زیادہ سال عمر پائی اسی سال مندرجہ ذیل علماء کرام نے بھی وفات پائی۔

۱۔ مصر میں شیخ مصر ابو بکر احمد بن عبدالوارث بن جریر اسوانی عسال۔
۲۔ ہرات میں ابو علی احمد بن محمد بن علی بن زرین باسانی۔
۳۔ اصفہان میں ابو علی حسن بن محمد بن نضر بن ابی ہریرہ۔
۴۔ اور بغداد میں ابو عثمان سعید بن محمد حافظ زبیر کے بھائی۔
۵۔ شیخ المعتزلہ ابو ہاشم بن الشیخ ابی علی جبائی۔
۶۔ شیخ العربیۃ ابو بکر محمد بن حسن بن درید ازدی ان کی عمر ۹۸ سال تھی۔
۷۔ پختہ کار عالم ابو الحسن محمد بن نوح جندیسابوری۔
۸۔ اور حافظ مکحول بیروتی نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ بیروتی کا ذکر آگے آرہا ہے۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نوجوان بزرگی کی وجہ سے کسی بوڑھے کی عزت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بڑھاپے میں اس کی عزت کرنے والا کوئی شخص مقرر کر دیتا ہے"

نیز حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتی ہیں:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم روزے شروع کرتے تو برابر کئی کئی دن روزے رکھتے حتیٰ کہ ہم کہتے اب آپ روزے نہیں چھوڑیں گے۔ اور اگر افطار کرتے تو مسلسل افطار کرتے حتیٰ کہ ہم کہتے اب آپ روزہ نہیں رکھیں گے میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ آپ نے رمضان کے سوا کسی مہینہ کے پورے روزے رکھے ہوں، اور نہ میں نے آپ کو شعبان کے سوا کسی دوسرے مہینہ میں اس سے زیادہ روزے رکھتے دیکھا ہے"

۷۹۸ ۲۷/۱۱ قُدوۃ الشافعیہ امام ابن سُرَیج بغدادی

آپ کی کنیت ابو العباس، اسم گرامی احمد بن عمر بن سریج اور لقب شیخ الاسلام ہے بغداد کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور شوافع کے پیشوا ہیں۔ آپ نے حسن بن محمد زعفرانی، علی بن اشکاب، عباس بن محمد دوری، رمادی، ابو داؤد سجستانی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ میں نے اس فن میں ان کی ایک تصنیف دیکھی ہے اور جیسا کہ اس علم کو جاننے اور سمجھنے والوں کا شیوہ ہے۔ آپ اس کے ہر مسئلہ میں احادیث سے حجت پکڑتے ہیں۔ رہا علم فقہ تو اس کے

تو آپ علم بردار ہیں اور اس کے اسرار و رموز کے حل کرنے میں اقران و اماثل کے رہنما ہیں۔ آپ نے ذوق و شوق سے اس کی تعلیم دی۔ اور چوٹی کے علماء اور نامور ائمہ دین نے آپ سے یہ فن حاصل کیا۔ ابوالقاسم طبرانی، ابواحمد غطریفی، ابوالولید حسان بن محمد اور دوسرے لوگ آپ سے روایت بیان کرتے ہیں۔

آپ کی عالی احادیث غطریفی کی کتاب میں مذکور ہیں۔ چنانچہ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابی بن کعب کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انزال ہونے پر غسل واجب ہوتا ہے"

یہ سند صحیح ہے لیکن اب یہ حکم منسوخ ہے۔

امام ابواسحاق طبقات میں لکھتے ہیں علماء ابن سریج کو "باز اشہب" کے لقب سے یاد کرتے تھے۔ شیراز میں عہدۂ قضا پر فائز تھے۔ تمام اصحاب شافعی حتیٰ کہ مزنی پر بھی فضیلت رکھتے تھے۔ ان کی تصنیفات کی فہرست چار سو کتابوں پر مشتمل تھی شیخ ابوحامد اسفرائینی فرمایا کرتے تھے ہم ظواہر فقہ میں ابوالعباس کے ساتھ چل سکتے ہیں۔ دقائق میں ان کا ساتھ دینا ہمارے بس کی بات نہیں انہوں نے یہ فن ابوالقاسم انماطی سے سیکھا اور آگے ان سے بہت سے لوگوں نے حاصل کیا۔ ان کی کوششوں سے ہی شافعی مسلک کو عروج اور ترقی حاصل ہوئی ابوعلی بن خیران کہتے ہیں میں نے ابوالعباس بن سریج سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے خواب میں دیکھا کہ ہم پر کبریت احمر (ایک قیمتی دھات) کی بارش ہو رہی ہے اور میں نے اپنا دامن اور اپنی آستین اس سے بھر لی ہیں میں نے اس کی تعبیر پوچھی تو معبرین نے بتایا آپ کو کبریت احمر جیسا نادر اور قیمتی علم نصیب ہوگا۔

ابوالولید فقیہ کہتے ہیں میں نے ابن سریج سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے فقہاء میں کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جس نے علم کلام میں دخل دیا اور وہ اس میں کامیاب رہا ہو بلکہ اس کے برعکس نتیجہ یہ نکلا کہ وہ فقہ سے بھی ہاتھ [illegible] کلام بھی حاصل نہ ہوا۔ ابوالولید نے یہ بھی کہا ۳۰۳ھ کی بات ہے کہ ہم قاضی ابن سریج کے حلقۂ درس میں شریک ہوا کرتے تھے۔ ایک دن ایک بزرگ عالم ان کے پاس آئے اور فرمانے لگے قاضی صاحب! آپ کو خوش ہونا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ہر سو سال کے بعد دین کی تجدید کے لیے اس امت میں مجدد بھیجتا ہے پہلی صدی کے مجدد عمر بن عبدالعزیز اور دوسری صدی کے مجدد امام شافعی تھے اور تیسری صدی کے مجدد آپ ہیں۔ پھر انہوں نے یہ شعر پڑھے:

اثنان قد مضیا وبورک فیہما — عمر الخلیفۃ ثم خلف السودد

دو بابرکت مجدد گذر چکے ہیں ایک خلیفہ عمر اور ان کے بعد دوسرے باعظمت

الشافعی الالمعی محمد — ارث النبوۃ وابن عم محمد

اور ذہین و فطین امام محمد شافعی جو آنحضرت کے عم زاد اور آپ کے علم کے وارث ہیں:

ابشر ابا العباس انک ثالث — من بعدھم سقیا لنوبۃ احمد

ابوالعباس! مبارک ہو ان کے بعد تیسرے آپ ہیں احمد کی خوش بختی کے کیا کہنے

ابوالعباس یہ سُن کر چلائے رو پڑے اور کہنے لگے یہ تو میری موت کا پیغام ہے۔ چنانچہ حسّان کہتے ہیں کہ ابوالعباس کا اسی سال انتقال ہو گیا۔ کتاب میں اسی طرح ۳۰۲ھ ہے مگر یہ تصحیف معلوم ہوتی ہے صحیح ۳۰۶ھ ہے۔ چوتھی صدی کے مجدد بغداد میں امام ابوحامد اسفرائینی اور پانچویں صدی کے مجدد امام غزالی اور کچھ دوسرے لوگ ہیں۔

ابوالعباس ابن سریج حدیث کے عالم اور اس کی اتباع کرنے والے تھے۔ ان سے اللہ تعالیٰ کی صفات کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا:

"بجز اس صفت کے جو خود اس نے اپنی کتاب میں یا اللہ کے رسول نے حدیث میں فرمائی ہے عقلی طور پر اس کے لیے کوئی نعت، کوئی مثال یا کوئی حد و رسم بیان کرنا حرام ہے۔"

اور اسی طرح دوسرے عقائد کتاب و سنت کے مطابق ذکر کیے۔

۵۷ سال چھ ماہ عمر پا کر جمادی الاول ۳۰۶ھ میں انتقال فرمایا۔ اللّٰھم ارحمہ

۷۹۹ ۱۸/۱۱ محدثِ اندلس امام البیرقی

آپ کی کنیت ابوجعفر اور نام احمد بن محمد بن منصور ہے۔ اندلس کے شہر البیرہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ یونس بن عبداللہ علی، ربیع بن سلیمان، محمد بن سنجر، علی بن عبدالعزیز اور ان کے سوا دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ہمیں اطلاع ملی ہے کہ آپ علل حدیث کے ماہر اور اس فن کے امام تھے۔ دور دراز ممالک سے سفر کر کے طلبہ الگتا بِ فیض کے لیے ان کے پاس اندلس آیا کرتے تھے۔ شہر البیرہ کی خطابت آپ کے سپرد تھی۔ آپ ابن عمیل کے نام سے بھی متعارف تھے۔

۳۱۲ھ میں وفات پائی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

۸۰۰ ۲۹/۱۱ امام ابنِ معدان اصبہانی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن احمد بن راشد بن معدان ہے۔ ثقیف کی طرف نسبتِ ولاء کی وجہ سے ثقفی کہلاتے ہیں۔ اصفہان کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے طلبِ حدیث میں بہت سفر کیے اور متعدد کتابیں تصنیف کیں، احمد بن فرات، سلم بن جنادہ، موسیٰ بن عامر دمشقی، ابراہیم بن سعید جوہری، ربیع مرادی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ بغداد میں مسند ابوداؤد کا درس دیا کرتے تھے۔ ان سے ابوالشیخ، طبرانی، ابن المنذری اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

کرمان میں ۳۰۱ھ میں فوت ہوئے۔ ابوالشیخ کہتے ہیں۔ آپ محدث ابنِ محدث ہیں اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابنِ عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس چیز میں شک ہو اس کو چھوڑ دو۔ اور وہ کام کرو جس میں کسی قسم کا شک نہیں ہے۔ جو چیز تم اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لیے چھوڑ دو گے اس کے نہ ہونے سے تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔"

یہ حدیث بے حد منکر ہے۔ اس کے ایک راوی ابن ابی رومان محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں۔

۸۰۱ ۳۰/۱۱ امام مکحول بیروتی

آپ کی کنیت ابو عبدالرحمان اور نام محمد بن عبداللہ بن عبدالسلام ہے۔ بیروت کے رہنے والے بلند پایہ حافظ اور اعلیٰ درجہ کے محدث ہیں۔ ابو عمیر عیسیٰ بن نحاس، محمد بن ہاشم بعلبکی، محمد بن اسماعیل بن عیلہ، احمد بن عمر موصلی، محمد بن عبداللہ بن عبدالحکم، احمد بن سلیمان رہاوی، سلیمان بن سیف حرانی اور ان جیسے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابو سلیمان بن زبیر، ابو محمد بن ذکوان بعلبکی، قاضی اذنہ علی بن حسین، ابو احمد حاکم، ابوبکر بن المقری، عبدالوہاب بن حسن کلابی اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ آپ ثقہ اور حدیث کو خوب جاننے والے تھے۔

جمادی الاخریٰ کے شروع میں ۲۱۱ھ میں دار بقا کی طرف سدھارے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمی کسی گاؤں میں یا کسی شہر میں ہوں اور نماز باجماعت نہ پڑھیں تو سمجھو کہ شیطان نے ان پر غلبہ پا لیا ہے۔"

اس کی سند میں ایک راوی کا نام میسرہ کی بجائے میسرہ صحیح ہے۔ امام ابوداؤد نے ان سے حجت کرائی ہے۔

۸۰۲ ۲۱/۱۱ شیخ الاندلس امام ابن الجباب قرطبی

آپ کی کنیت ابو عمر، اسم گرامی احمد بن خالد بن یزید اور لقب ابن الجباب ہے۔ قرطبہ کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ بہت فروخت کرنے کی وجہ سے ابن الجباب کے لقب سے مشہور ہیں۔ یمن میں بقی بن مخلد، محمد بن وضاح، قاسم بن محمد اور اسحاق دبری سے اور بلاد معظمہ میں علی بن عبدالعزیز اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ان کے اپنے صاحبزادے محمد، محمد بن احمد بن ابی دلیم، عبداللہ بن محمد بن علی باجی اور دیگر اہل قرطبہ حدیث بیان کرتے ہیں۔

۲۴۶ھ میں پیدا ہوئے اپنے زمانہ میں دریکدانہ تھے۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں فقہ مالک کے امام تھے۔ حدیث میں ان کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ بہت سے لوگوں نے ان سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے مسند امام مالک، کتاب الصلوٰۃ، کتاب الایمان اور کتاب قصص الانبیاء جیسی اہم کتابیں تصنیف کیں۔

جمادی الاخریٰ ۳۲۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

Marfat.c

اس سال تقریباً مسند ابو العباس احمد بن ابی محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ دینوری نے اپنے والد کی ساری تصانیف، حفظ تھیں، شیخ الصوفیہ، خیر النساج، ابو جعفر محمد بن ابراہیم دینوری کی اور شیخ الصوفیہ ابو علی رودباری نے بھی جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے اسود کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ایک دفعہ میں عرفات کے میدان میں حضرت عمر کے ساتھ کھڑا تھا۔ قریب سے ایک آدمی گذرا جس کے بالوں سے خوشبو مہک رہی تھی۔ اس سے حضرت عمر نے پوچھا تم نے حج کا احرام باندھا ہے؟ بولا جی ہاں! حضرت عمر نے فرمایا تمہاری حالت محرم کی حالت نہیں ہے۔ محرم تو پراگندہ بال، غبار آلود اور میلا کچیلا ہوتا ہے۔ اس نے کہا میں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا اور میرے ساتھ میری بیوی ہے میں نے حج کا آج ہی احرام باندھا ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا ان دنوں میں تمتع نہ کیا کرو (پہلے عمرہ کر کے حلال ہو جانے اور مکہ سے احرام باندھ کر حج کرنے کو تمتع کہتے ہیں) اگر لوگوں کو تمتع کی اجازت دے دی جائے تو وہ عورتوں کے ساتھ شب باشی کے بعد حج کرنے کے لیے آیا کریں گے۔"

۸۰۳ ۲۲/۱۱ امام عبدالملک بن محمد بن عدی جرجانی استرآبادی

آپ کی کنیت ابو نعیم ہے۔ استرآباد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث، نامور فقیہ اور حجت ہیں۔ علی بن حرب، عمران شیبۃ، ربیع بن سلیمان مرادی، احمد بن منصور رمادی، یزید بن عبدالصمد، سلیمان بن بیلف حرانی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے بہت علم جمع کیا اور حرمین، مصر، شام، عراق، جزیرہ اور خراسان کے آئمہ سے حدیث لکھی، امام ابوزرعہ اور امام ابوحاتم سے سندِ قراءت حاصل کی۔ ان سے برتری اور تقدم کے باوجود ابن عساکر، حافظ ابو علی نیسابوری، ابو محمد مخلدی، ابو اسحاق مزکی، ابو بکر جوزقی اور ان کے سوا دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

امام حاکم فرماتے ہیں آپ مسلمانوں کے امام تھے۔ بخارا کو جاتے ہوئے نیسابور آئے تو مقامی حفاظِ حدیث نے ان سے حدیث کا درس لیا۔ میں نے استاذ ابو ولید حسان بن محمد سے سنا ہے فرماتے تھے ہمارے زمانہ میں کوئی فقیہ خراسان میں ابو نعیم جرجانی اور عراق میں ابو بکر بن زیاد نیسابوری سے زیادہ فقہی مسائل اور اقوالِ صحابہ جاننے والا نہیں تھا۔ اور میں نے ابو علی حافظ سے سنا ہے ابو نعیم ائمہ حدیث میں سے ایک امام ہیں میں نے خراسان میں امام ابن خزیمہ کے بعد ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا ان کو موقوف اور مرسل روایات اس طرح یاد تھیں جیسے ہمیں مسند احادیث یاد ہیں۔

اور یہی کہتے ہیں میرے علم میں استرآباد میں ان جیسا حافظے اور علم والا کوئی آدمی پیدا نہیں ہوا۔ خطیب فرماتے ہیں کہ شرائع دین کی حفاظت کرنے والے ایک امام تھے، صداقت، بیدار مغزی اور پرہیزگاری کے اوصاف سے متصف تھے۔ حمزہ سہمی کہتے ہیں آپ کو فقہ اور فنِ حدیث میں تقدم حاصل تھا۔ دور دراز سے سفر کر کے طلبہ ان سے سیرابی حاصل کرتے تھے۔ آپ کی پیدائش ۳۴۱ھ میں ہوئی تھی۔ خلیلی کہتے ہیں فنِ حدیث کے امام اور کئی کتابوں کے مصنف تھے جرجان میں اسحاق بن ابراہیم طلقی، عمار بن رجاء اور محمد بن یحییٰ دامغانی سے حدیث کا سماع کیا۔ ہمیں ایک جماعت نے ان

سے حدیث بیان کی ہے۔ آپ نے فقہ میں متعدد کتابیں لکھیں اور کتاب الضعفاء دو جلدوں میں تصنیف کی۔ آپ نامور محدث عبداللہ بن عدی جرجانی کے استاذ ہیں۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حدیث انس مرفوعاً حدیث علی ہے فرماتے ہیں:

"دجال نو حکم ہوگا کہ اذان دوسری اور اقامت اکہری کہے"

ابو نعیم کا انتقال ۴۳۰ھ کے آخر میں ہوا۔

۸۰۴ ۳۳/۱۱ امام جوینی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام عبداللہ بن یوسف بن عباس ہے جوین کے رہنے والے فقیہ شافعی محدث ہیں۔ صحیح مسلم کی طرز پر ایک کتاب "المسند الصحیح" کے مصنف ہیں۔ عبداللہ بن ہاشم، احمد بن ازہر، محمد بن یحییٰ، احمد بن یوسف سلمی، یونس بن عبدالاعلیٰ، احمد بن منصور رمادی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا ان سے ثقہ اور بزرگی کے باوجود سفیان بن سفیان، حافظ ابو علی، ابو سہل صعلوکی، ابو احمد حاکم، ابو نصر خلدی اور ان کے علاوہ لوگوں نے روایت کی ہے۔ محدثین میں شمار ہوتا ہے۔ ابو عبداللہ حاکم کہتے ہیں وہ بہت اچھی حدیث بیان کرتے تھے آپ نے صحیح علم کی طرز پر ایک کتاب تصنیف کی۔ اور مسند امام شافعی کے مذہب امام ابو زکریا اعرج کی روایت کی ہے۔ حسن بن محمد سے سنا ہے فرماتے تھے امام ابو محمد جوینی ہمارے مکہ میں رہتے تھے رات کو قیام کرتے تو دیر تک نماز پڑھتے اور روتے میں مصروف رہتے تھے۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے [illegible] عائشہ کی یہ حدیث ہے فرماتی ہیں:

"جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مرض الموت میں بیمار ہوئے تو فرمایا ابوبکر کو [illegible]"

ابو محمد ان نے جوین میں ۴۳۸ھ میں انتقال فرمایا

اسی سال ابو بکر بیہقی کے تلمیذ خاص فقیہ علی بن محمد بن ہارون مزنی نوقانی، علی کے بیٹے ابو بکر احمد بن علی بن خلف حافظ اعتماد محدث اسماعیل بن عباس وراق بغدادی، علامہ ابراہیم بن محمد بن حاتم حنفی فقیہ ثقہ اور محدث ابو بکر احمد بن محمد بن عمرو بن حفص بن مہدی مصقلی مروزی نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ [illegible] حدیث میں ابن منجم ہیں۔

۸۰۵ ۳۴/۱۱ امام ابن زیاد نیشاپوری

آپ کی کنیت ابو بکر اور نام عبداللہ بن زیاد بن واصل ہے نیساپور کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور جید حافظ حدیث ہیں۔ شافعی مذہب کے نامور فقیہ اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ عبداللہ بن ہاشم طوسی، محمد بن یحییٰ، احمد بن یوسف سلمی، یونس بن عبدالاعلیٰ، ربیع بن سلیمان، ابو ابراہیم مزنی، ربیع جیزی، ابو زرعہ، علی بن حرب، ابو زرعہ اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا ان سے ابن مندہ، ابو علی نیساپوری، حمزہ سہمی، ابو اسحاق بن حمزہ، دارقطنی، ابن حافظ، ابو نعیم بن حبیب، ابو حفص کتانی،

مخلص، ابراہیم بن عبداللہ بن خرشید اور دوسرے بہت سے لوگوں سے روایت کرتے ہیں۔

امام حاکم فرماتے ہیں آپ اپنے زمانہ میں عراقی شافعیوں کے امام تھے۔ فقہی مسائل اور اختلافِ صحابہ رضہ کے بہت بڑے حافظ تھے۔

امام دارقطنی فرماتے ہیں میں نے ابن زیاد سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا۔ متونِ احادیث میں واقع ہونے والی زیادات کو خوب جانتے تھے۔ جب حدیث پڑھانے کے لیے مسند پر بیٹھے تو لوگوں نے کہا حدیث بیان کیجئے بولے میرے بیان کرنے کی بجائے جو تم پوچھنا چاہتے ہو پوچھو۔ چنانچہ حاضرین نے متعدد احادیث کے متعلق سوالات کیے جن کے آپ نے تسلی بخش جواب دیئے اور ان کو ملا کر ادیا۔ ایک دفعہ ہمیں اپنی سند سے عن ابی الزبیر عن جابر کے واسطہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث بیان کی کہ:

"آپ نے فرمایا کسی عورت سے اس کی پھوپھی یا خالہ پر نکاح نہ کیا جائے۔"

پھر فرمایا یہ صحیح ہے کہ یہ حدیث عن الزبیر عن طاؤس کے واسطہ سے مرسل ہے۔ یوسف قواس کہتے ہیں میں نے ابوزکریا[1] نیسابوری سے سنا۔ فرماتے تھے کسی ایسے شخص کو جانتے ہو جو ۴۰ سال سے رات کو نہیں سویا اور نماز میں مصروف رہتا ہے۔ روزانہ پانچ نمازوں پر گذارہ کرتا اور عشاء کے وضو سے صبح کی نماز پڑھتا ہے؟ پھر فرمایا میں ہی ایسا کرتا ہوں اور میرا یہ معمول ابوعبدالرحمان کے ساتھ شادی کرنے سے پہلے سے ہے جس نے مجھے رشتہ دے دیا میں اسے کیا کہوں؟ پھر فرمایا اس کی نیت تو نیک ہی تھی۔

امام دارقطنی فرماتے ہیں ہم ایک مجلس میں حاضر تھے جس میں حافظ ابوطالب اور جعابی وغیرہ محدثین بھی موجود تھے ایک فقیہ نے آکر سوال کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث "وجعل تربتہا طھورا" کس نے روایت کی ہے؟ سب خاموش رہے اور کسی نے جواب نہ دیا۔ پھر انہیں کچھ یاد آیا اور اٹھ کر ابوبکر بن زیاد سے پوچھا تو انہوں نے حدثنا فلاں کہہ کر ساری سند اور پورا متن سنایا۔ یہ حدیث صحیح مسلم میں موجود ہے۔

ابن زیاد ۲۲۸ھ میں پیدا ہوئے اور ابن قانع کے قول کے مطابق ۱۰ ربیع الآخر ۳۲۴ھ کو انتقال فرمایا۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ روایت ملی ہے کہ:

"حضرت عمر رضہ نے فرمایا ہم سب سے اچھا فیصلہ کرنے والے علیؓ اور سب سے اچھا قرآن پڑھنے والے ابی بن کعب رضہ ہیں۔"

میں کہتا ہوں اس سال ان کے ساتھ مندرجہ ذیل اکابرین نے بھی دارِ بقا کی طرف کوچ کیا۔

۱۔ مقرئ عراق ابوبکر احمد بن موسیٰ بن عباس بن مجاہد عطشی۔

۲۔ داؤدی فقہاء کے امام اور بہت سی کتابوں کے مصنف ابوالحسن عبداللہ بن احمد بن محمد بن مغلس بغدادی ظاہری۔

۳۔ محدثِ حمص اور وہاں کے قاضی ابوالقاسم عبدالصمد بن سعید کندی۔

۴۔ علامہ اصولی کتب کثیرہ کے مصنف ابوالحسن علی بن اسماعیل بن ابی بشر اشعری بصری

---

[1] کتاب میں اسی طرح ابوزکریا ہے۔ مگر سیاق و سباق سے معلوم ہوتا ہے کہ صحیح ابوبکر ہے جواب اللہ اعلم مترجم۔

Marfat

۵۔ شیخ الحنفیہ قاضی دمشق ابوالقاسم علی بن محمد بن کامل شافعی رونی

۶۔ محدث واسط ابوالحسن علی بن عبداللہ بن مبشر

۷۔ قاضی اندلس علامہ ابوعمر احمد بن بقی بن مخلد

۸۔ اور واعظ شہر ابوالقاسم عبدالرحمان بن محمد بن یحییٰ نیشاپوری۔

انہوں نے امام ابن خزیمہ کو امامت میں پیچھے چھوڑ دیا تھا اور انہوں نے ان کے متعلق ابوالقاسم نے اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا

۸۰۶ امام ابن الشرقی نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوحامد اور اسم گرامی احمد بن محمد بن حسن ہے نیشاپور کے رہنے والے تھے۔ بلند پایہ حافظ حدیث اور محدث تھے۔ امام ابن خزیمہ کے شاگرد تھے۔ ان کے علاوہ اپنے شہر کے محمد بن یحییٰ، احمد بن ازہر، احمد بن حفص بن عبداللہ نمیری، عبدالرحمان بن بشر بن حکم اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر مزید علمی تعلیم حاصل کرنے کے لیے بغداد اور بصرہ گئے۔ بصرہ میں عبداللہ بن ابی مسرہ، بغداد میں ابوجعفر بن دامغانی اور عبدالملک بن محمد بن عدی اور کوفہ میں ابوسائب محمد بن ابی عزرہ وغیرہ ان کے طبقہ سے اکتساب فیض کیا۔ آپ نے بھی فن حدیث میں ایک مختصر تصنیف کی ہے حفظ و اتقان اور معرفت میں اپنے زمانہ کے ممتاز تھے۔ آپ نے متعدد حج کیے ہیں۔ وفات امام الائمہ ابن خزیمہ نے ان کو دیکھا تو فرمایا تھا کہ ابوحامد کی زبان اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کذب و بیانی کے درمیان حائل ہے تعلیمی کہتے ہیں میں نے اپنے والد مسلم فریابی سے سنا ہے کہتے تھے میں نے ابن عدی سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے ابوحامد سے بڑا حافظ حدیث نہیں دیکھا اور ان سے بڑھ کر روانی کے ساتھ حدیث پڑھنے والا کسی کو نہیں پایا ہے میں نے ان کی تالیف میں ایوب سختیانی کی حدیث کی بیس لکھی پھر میں ان کو دکھانے کے لیے لے گیا۔ پڑھتے گئے علمی کہتے ہیں میں نے ابوحامد ابن الشرقی کے متعلق امام دارقطنی سے پوچھا تو فرمایا ثقہ اور امانت دار تھے میں نے کہا پھر ابن عقدہ نے ان پر جرح کیوں کی ہے فرمایا ان کا بیان ہے کہ ابوحامد کہتے تھے کہ ان کی جرح ان کی شان کے لائق نہیں ہے اگرچہ ابن عقدہ کی بہ نسبت جرح کرنے والے امام یحییٰ بن معین ہی کیوں نہ ہوں میں نے اور بھی کئی کی جرح کو فرمایا ابوعلی کون ہیں کہ ان کے بارہ میں ان کی جرح کی جائے۔ ابوعلی کہتے ہیں میں نے ابوبکر بن عبدان سے پوچھا کہ ابن عقدہ ان کے بارہ میں جرح اور تعدیل کریں تو ان کی بات مانی جائے یا نہ مانی جائے فرمایا نہ مانی جائے

ان سے ابوالعباس بن نجدہ، ابوالحسن عتیقی، ابوالحسن عدنی، حافظ ابوعلی نیشاپوری، ابوعلی حسین بن ابوبکر محمد بن عبداللہ جوزقی اور دوسرے لوگوں نے حدیث بیان کی ہے ان کے آخری شاگرد ابوالحسن علوی ہیں

۲۹۲ھ میں پیدا ہوئے اور ۳۷۱ھ میں انتقال فرمایا ان کی نماز جنازہ ان کے بھائی ابوعلی عبداللہ بن شرقی نے پڑھائی

Marfat.com

اس سال ابو صخرہ کے ذیل مسند ابوبکر احمد بن عبداللہ نحاس بغدادی، ابو مصعب سے مؤطا کے راوی مسند بغداد ابو اسحاق ابراہیم بن عبدالصمد ہاشمی، محدث نیسابور ابو حاتم مکی بن عبدان تمیمی اور بغداد میں مقری ابو مزاحم موسیٰ بن عبیداللہ خاقانی نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ایوب انصاری کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

کسی آدمی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یارسول اللہ! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے جو مجھے جنت میں داخل کر دے لوگ کہنے لگے اس کو کیا ہے؟ اس کو کیا ہے؟ آپ نے فرمایا اپنی ضرورت کی چیز پوچھ رہا ہے۔ اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ، نماز قائم کرو، زکوٰۃ دو اور صلہ رحمی کو اپنا معمول بناؤ پھر فرمایا اب اسے چھوڑ دو معلوم ہوتا ہے آپ اونٹنی پر سوار تھے اور اس نے اسے پکڑ رکھا تھا۔

ابن الشرقی کے یہ الفاظ شیخین نے عبدالرحمان سے صحیحین میں ذکر کیے ہیں۔

۸۰۷ ۳۶/۱۱ امام دغولی سرخسی

آپ کی کنیت ابوالعباس اور نام محمد بن عبدالرحمان بن محمد ہے سرخس کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور نامور فقیہ ہیں۔ عبدالرحمان بن بشر بن حکم، محمد بن یحییٰ ذہلی، محمد بن اسماعیل بن سمرہ احمسی اور اس طبقہ کے بہت سے دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ نیز بعد کے لوگوں سے استفادہ کرنے کے لیے عراق اور خراسان کا سفر کیا۔ ان سے حافظ ابو علی نیسابوری، ابوبکر جوزقی اور دوسرے لوگ فیض یاب ہوئے۔ آپ فن حدیث کے امام ہیں۔ آپ سے ابوالولید حسین بن محمد نے پوچھا آپ صبح کی نماز میں قنوت کیوں نہیں کرتے؟ بولے جسم کو راحت پہنچانے، اہل وعیال کی خاطر مدارات کرنے اور اہل شہر کے طریقہ پر عمل کرنے کے لیے میں کہتا ہوں یہ فقیرانہ جواب ہے انہیں ایک محدث کی حیثیت سے جواب دینا چاہیئے تھا۔

ابو احمد بن عدی کہتے ہیں میں نے ابوالعباس دغولی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ حافظ ابوبکر احمد بن علی بن حسین کہتے ہیں ہم امام ابن خزیمہ کے ساتھ امیر شہید کو بدیہ تبریک پیش کرنے اور ان کے پیش رو امیر ابی ابراہیم کی تعزیت کے لیے سمرقند گئے۔ جب واپس آئے تو میں نے امام صاحب موصوف سے کہا ہم نے اپنے اس سفر میں ابوالعباس دغولی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ فرمایا واقعی میں نے بھی ابوالعباس جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ محمد بن عباس کہتے ہیں امام دغولی فرمایا کرتے تھے چار کتابیں سفر و حضر میں مجھ سے جدا نہیں ہوئیں۔ کتاب المزنی، کتاب العین، تاریخ امام بخاری اور کلیلہ ودمنہ۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس مسلمان کے تین بچے فوت ہو جائیں وہ آگ میں صرف اتنی دیر رہے گا جتنی دیر میں اللہ تعالیٰ کی قسم پوری ہو جائے (متفق علیہ)

☆☆☆☆☆

Marfat

۸۰۸ ۲۷/۱۱ امام قاضی محاملی ضبّی بغدادی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور اسم گرامی حسین بن اسماعیل بن محمد ہے۔ بغداد کے رہنے والے بہت بڑے علم جلیل القدر حافظِ حدیث، شیخ بغداد اور وہاں کے محدث ہیں۔ ۲۳۵ھ کے شروع میں پیدا ہوئے اور ۲۴۴ھ میں حدیث کا سماع کرنے لگے۔ امام مالک کے تلمیذ ابو حذافہ احمد بن اسماعیل سہمی، عمرو بن علی فلاس، زیاد بن ایوب، احمد بن منتدام عجلی، یعقوب بن ابراہیم دورقی، محمد بن مثنیٰ عنزی، ابو ہشام رفاعی، عبدالرحمان بن یونس سراج، زبیر بن بکار اور اس طبقہ کے اور بعد کے لوگوں سے بہت سماع کیا۔ علم کو قلب و دماغ میں جگہ دی اور کتابیں تصنیف کر کے ہمیشہ کے لیے محفوظ کر دیا۔ ان سے دعلج دار قطنی، ابن جمیع، ابراہیم خرشید قولہ[1] تاجر، ابن الصلت اہوازی، ابو عمر بن مہدی، ابو محمد بن جمیع اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

خطیب کہتے ہیں آپ صاحب فضیلت، دیانتدار اور راست گو تھے۔ بیس سال کی عمر میں قاضیوں کی عدالتوں میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ پھر خود ۶۰ سال تک کوفہ کے قاضی رہے۔ ابن جمیع غسانی کہتے ہیں محاملی امام ابن عیینہ کے ۷۰ تلامذہ سے روایت کرتے ہیں ابو بکر داؤدی کہتے ہیں محاملی کی مجلس میں دس ہزار انسان شریک ہوتے تھے۔ ۳۲۰ھ سے پہلے عہدہ قضاء سے مستعفی ہو گئے تھے۔ ان کی ولایت میں سب لوگ ان سے خوش تھے۔ انہوں نے ۳۲۰ھ میں کوفہ میں اپنے مکان پر فقہ حدیث کی نشر و اشاعت کے لیے ایک مجلس منعقد کی تھی۔ اس کے بعد اہل علم و اہل نظر ہمیشہ استفادہ کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔

محمد بن حسین کہتے ہیں میں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی آدمی کہہ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ محاملی کی وجہ سے اہل بغداد کی مصیبتیں دور کرتا ہے۔ ابو حفص بن شاہین کہتے ہیں ایک دفعہ ہمارے ساتھ ابن المنقط محاملی کی مجلس میں شریک ہوئے پھر مجھ سے کہنے لگے اے ابو حفص! یہاں صرف ابو محمد بن صاعد کی نیت حاضری ہی محسوس ہوتی ہے [illegible] اور علوم تبہ میں محاملی ابن صاعد کے صحیح جانشین ہیں۔ محاملی نے معمول کے مطابق [illegible] آخری دفعہ حدیث املا کرائی پھر بیمار ہو گئے اور ۱۱ دن کے بعد جان شیریں جان آفریں کے سپرد کی۔ ان کی عالی حدیث روایت کرنے والے آخری شخص ابو القاسم سبط سلفی ہیں۔

مجھے اپنی سند میں ان کے واسطہ سے حنظلہ بن قبیصہ زرقی کی یہ حدیث ملی ہے کہتے ہیں:

"میں نے حضرت رافع بن خدیج سے ٹھیکہ پر زمین لینے کا مسئلہ پوچھا تو فرمانے لگے سونے اور چاندی کے عوض زمین ٹھیکہ پر لینے میں کوئی حرج نہیں"

۳۲۰ھ میں جن علماء نے سفرِ آخرت اختیار کیا ان میں قابل ذکر حسب ذیل ہیں۔

---

[1] قولہ خرشید کا لقب ہے ۱۲

۱۔ مسندِ خراسان ابو حامد احمد بن محمد بن یحییٰ بن بلال نیسابوری۔
۲۔ صوفیہ کے امام عارف باللہ ابو یعقوب اسحاق بن محمد نہرجوری۔
۳۔ امام شافعیہ ابوبکر محمد بن عبداللہ صیرفی بغدادی۔
۴۔ قاضی دمشق ابو یحییٰ زکریا بن احمد بن محمد شیخ یحییٰ بن موسیٰ خشنامی بلخی۔
۵۔ محدث ابو ہاشم عبدالغافر بن سلامہ حمصی آپ کی عمر تقریباً اسو سال تھی۔
۶۔ بقی بن مخلد کے تلمیذ خاص محدث عبداللہ بن یونس قیری قرطبی۔
۷۔ مسندِ اصفہان ابو جعفر محمد بن عمر بن حفص جوربیری۔
۸۔ اور قدوۃ العابدین ابو صالح جن کے نام سے شہر دمشق کی مشرقی جانب ایک مسجد مشہور ہے۔

۸۰۶ ۲۸/۱۱ امام محمد بن نوح جُنْدِیسابوری

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے جندیسابور کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ ہارون بن اسحاق، حسن بن عرفہ علی بن حرب، شعیب بن یعقوبی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے محمد بن سلیمان ربعی، ابوبکر بن شاذان، دار قطنی، عیسیٰ بن وزیر، ابو حفص بن شاہین اور متعدد دوسرے محدثین روایت کرتے ہیں۔

ابن یونس کہتے ہیں قابلِ اعتماد حافظ حدیث ہیں ۳۰۴ھ میں مصر آئے تھے اور ہم نے ان سے حدیث لکھی تھی امام دار قطنی فرماتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں میں نے ان کی کتابوں سے زیادہ صحیح کتابیں کہیں نہیں دیکھیں ضعیف تو نہیں تھے مگر بدخلق تھے۔

ابن قانع کہتے ہیں ذی قعدہ ۳۲۱ھ میں فوت ہوئے۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ایک دن حضرت علیؓ آئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ سید المسلمین ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ! آپ سید المسلمین نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا میں تو خاتم النبیین اور رسول رب العالمین ہوں"

یہ حدیث منکر ہے اور غالباً یہ مصیبت عوسجی کی طرف سے ہے۔

۸۱۰ ۲۹/۱۱ امام بَرْدَاعَسْ قِنَّسْرِیْنِی ثُمَّ اَحْلَبِی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن برکت بن حکم اور لقب بردأعس ہے قِنَّسْرِین کے رہنے والے بلند مرتبہ حافظِ حدیث ہیں۔ پھر حلب میں منتقل رہائش اختیار کر لی تھی۔ احمد بن شیبان رملی، محمد بن عوف طائی، یوسف بن مسلم، ھلال بن علا اور ان کے طبقہ سے حدیث بیان کرتے ہیں۔ ان سے ان کے شیخ حافظ عثمان بن خرزاذ، ابوبکر ربعی، ابوسلیمان بن زبر، ابن عدی، زیاد بن ابوبکر ابن المقرئ، علی بن محمد بن اسحاق عبسی، ابوبکر بن ابی الحدید اور دوسرے بہت سے لوگوں نے استفادہ کیا۔ فن حدیث کو خوب جاننے والے تھے۔

Marfat

ابنِ ماکولا کہتے ہیں حافظِ حدیث تھے۔ حافظ ابو احمد کہتے ہیں میں نے ان کو دیکھا ہے ان کا حافظہ بہت اچھا تھا۔ سہمی امام دارقطنی سے روایت کرتے ہیں کہ یہ ضعیف ہیں۔

۳۲۷ھ میں فوت ہوئے۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابو موسیٰ اشعری کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔"

۸۱۱ ۴۰/۱۱ امام محمد بن مُخَلَّد بن حَفْص دُوْری

آپ کی کنیت ابو عبداللہ ہے۔ آپ قابلِ اعتماد حافظِ حدیث ہیں۔ خضیب آپ کا لقب ہے۔ ابو حذیفہ سہمی، حسن بن عرفہ، یعقوب دورقی، مسلم بن حجاج، محمد بن عثمان بن کرامہ، احمد بن عثمان اودی، سلم بن جنادۃ، حسین بن ابی ربیع، عبدوس بن بشر، محمد بن اشکاب، احمد بن محمد بن یحییٰ بن قطان، محمد بن ولید بسری، زعفرانی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے ان گنت احادیث لکھیں اس فن میں کمال حاصل کیا۔ کتابیں تصنیف کیں اور احادیث کی تخریج کی۔ ان سے جعابی، دارقطنی، ابنِ جندی، ابنِ صلت، اہوازی، ابو عمر بن مہدی اور دوسرے لوگ فیض یاب ہوئے۔

آپ ثقہ تھے نیکوکاری اور طلبِ علم میں انتہائی محنت و کاوش کے ساتھ مشہور تھے۔ ۹۸ سال عمر پائی امام دارقطنی سے ان کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا ثقہ اور مامون ہیں۔

میں کہتا ہوں جمادی الاخریٰ ۳۳۱ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

۱۔ اس سال کوفہ میں ہناد بن سری صغیر جو ابو سعید اشج وغیرہ سے روایت کرتے تھے۔

۲۔ بغداد میں المسند الواعظ یعقوب بن عبدالرحمان جصاص روایت میں شہرت یافتہ دو کتابوں کے مصنف۔

۳۔ مسندِ کبیر کے راوی ابو بکر بن احمد بن یعقوب بن شیبہ سدوسی بغدادی یہ اپنے دادا سے روایت کرنے میں متفرد ہیں۔

۴۔ مسندِ بصرہ ابو روق احمد بن محمد بن بکر مزنی۔

۵۔ اور ابن مخلد کی عالی حدیث روایت کرنے والے آخری شخص ابو العباس الحجار نے انتقال فرمایا۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ذر رضی کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے داغِ مفارقت دیا، آسمانی فضاؤں میں اڑنے والا کوئی ایسا پرندہ نہ تھا جس کے متعلق آپ نے ہمیں علم کی کوئی نہ کوئی بات نہ بتائی ہو۔"

۸۱۲ ۴۱/۱۱ شیخ الاسلام امام ابنِ ابی حاتم رازی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبدالرحمان اور لقب ابن ابی حاتم ہے۔ آپ حافظ کبیر ابو حاتم محمد بن ادریس تمیمی حنظلی کے صاحبزادے ہیں۔ اور جلیل القدر حافظ حدیث ہیں۔ نقدِ حدیث میں بڑے ماہر تھے۔ کہتے ہیں رے شہر کی ایک گلی درب

حنظلی کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے حنظلی کہلاتے ہیں ۲۴۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ان کو سفر میں ساتھ لے جاتے تھے اس لیے انہیں اسانید عالیہ حاصل کرنے کا موقع ملا۔ ابوسعید اشج، علی بن منذر طریقی، حسن بن عرفہ، احمد بن سنان قطان، یونس بن عبدالاعلیٰ، محمد بن اسماعیل احمسی، حجاج بن شاعر، محمد بن حسان ازرق، محمد بن عبدالملک بن زنجویہ، ابن دارہ، ابوزرعہ اور ان کے علاوہ مختلف ممالک میں بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے طلب علم کے لیے خراسان کی طرف سفر نہیں کیا۔ ان سے حسینک تمیمی، یوسف یانجی، ابوالشیخ بن حیان، علی بن مندک، ابواحمد حاکم، احمد بن محمد بصیر، عبداللہ بن محمد بن اسد، احمد بن عبداللہ، احمد و ابراہیم پسران محمد بن یزداذ، ابراہیم بن محمد نصرآبادی، علی بن محمد قصار اور دوسرے لوگوں نے اکتساب فیض کیا۔

ابویعلی خلیلی کہتے ہیں آپ نے اپنے والد اور ابوزرعہ کا علم اپنے سینہ میں جمع کر لیا۔ آپ معرفۃ الرجال اور دیگر علوم میں بحر زخار تھے، فقہ اور اختلاف الصحابہ والتابعین میں کتابیں لکھیں اور زہد و عبادت کی وجہ سے ابدال میں شمار ہوتے تھے۔

میں کہتا ہوں آپ کی تصنیف کردہ کتاب الجرح والتعدیل حفظ و اتقان میں آپ کے بلند مقام کی شاہد ہے۔ تفسیر قرآن حکیم میں آپ کی کتاب کئی جلدوں میں پوری ہوئی ہے۔ آپ نے جہمیہ کے رد میں بھی ایک ضخیم کتاب لکھی ہے جس سے آپ کی امامت کا پتہ چلتا ہے۔ علی بن احمد فرضی کہتے ہیں میں نے امام ابن ابی حاتم کو جاننے والے ائمہ سے کسی کو نہیں دیکھا جس نے ان میں کبھی جہالت کا ذکر کیا ہو۔ ان کے والد ان کی کثرت عبادت سے تعجب کیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے عبدالرحمان جیسی عبادت کون کر سکتا ہے۔ مجھے ان کے کسی گناہ پر اطلاع نہیں ہے۔ ابن ابی حاتم فرماتے ہیں جب تک میں نے فضل بن شاذان سے قرآن حکیم نہیں پڑھا میرے والد نے مجھے حدیث پڑھنے کی اجازت نہیں دی۔ ابوالحسن علی بن ابراہیم رازی خطیب نے امام ابن ابی حاتم کے حالات میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو نور و محبت کا حلہ پہنایا تھا ہر شخص انہیں دیکھ کر خوش ہوتا تھا۔ خود فرماتے تھے میرے والد ۲۵۵ھ میں مجھے ساتھ لے کر سفر میں نکلے اس وقت میں ابھی بلوغت کو نہیں پہنچا تھا۔ جب ہم ذوالحلیفہ میں پہنچے تو مجھے احتلام ہو گیا یہ سن کر میرے والد بہت خوش ہوئے کیونکہ مجھے حج اسلام ادا کرنے کا موقع مل گیا تھا اور اسی سال میں نے محمد بن ابی عبدالرحمان مقری سے حدیث کا سماع کیا۔ میں نے علی بن احمد خوارزمی سے سنا ہے ابن ابی حاتم کا واقعہ بیان کرتے تھے کہ انہوں نے کہا ایک دفعہ ہم نے طلب حدیث کے لیے مصر میں سات ماہ قیام کیا۔ اس عرصہ میں ہمیں شوربا کھانے کا موقع نہیں ملا تھا۔ دن بھر ہم مختلف شیوخ سے حدیث کا سماع کرتے تھے اور رات اس کے لکھنے اور ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنے میں گذر جاتی تھی۔ ایک دن میں اور میرا رفیق دونوں ایک شیخ کے حلقۂ درس میں حاضر ہوئے تو پتہ چلا شیخ آج بیمار ہیں درس نہیں دیں گے۔ راستہ میں ہمیں ایک مچھلی پسند آئی جو ہم نے خرید لی لیکن جب وہ اپنے مکان پر پہنچے تو ایک دوسرے شیخ کے درس دینے کا وقت ہو گیا ہم مچھلی کو وہیں چھوڑ کر ادھر چلے گئے اور تین دن تک ہمیں مچھلی پکانے کا وقت نہ ملا جب خراب ہونے لگی تو ہم نے اسی طرح کچی ہی کھالی آپ فرماتے تھے آرام طلبی اور تن آسانی سے علم حاصل نہیں ہوتا۔

ابوالحسن اس کے بعد لکھتے ہیں آپ نے اپنے والد کے ساتھ سفر کیا اور ۲۶۰ھ میں محمد بن حماد طہرانی کے

t.com

ساتھ دوبارہ حج کیا پھر ۲۶۲ھ میں اکیلے شام اور مصر کا سفر پر روانہ ہوئے پھر ۲۶۵ھ میں عثمان کا انتقال کیا مجھے ابو بکر قزوینی نے کہا جب تم امام ابن ابی حاتم کے ساتھ نماز پڑھنے لگو تو پہلا آپ ان کے ساتھ ہو لینا پھر جو پاؤ کرو۔ ابو الولید باجی کہتے ہیں امام ابن ابی حاتم ثقہ اور حافظ حدیث تھے۔

حسین بن احمد صفار کہتے ہیں میں نے ابن ابی حاتم سے سنا جب مغرات تھے [illegible] سخت قرضہ پڑا میرے ایک دوست نے اصفہان سے غلہ بھیجا جو میں نے بیس ہزار روپے میں فروخت کر دیا اس نے لکھا کہ اس کے بدلے میرے لیے ایک مکان خرید دو چنانچہ میں نے وہ سارا روپیہ مکینوں اور فقیروں میں تقسیم کر دیا اور اس کو لکھ بھیجا کہ میں نے تمہارے لیے جنت میں ایک محل خرید لیا ہے اس نے جواباً لکھا مجھے منظور ہے بشرطیکہ آپ اس کی ضمانت دیں چنانچہ میں نے اپنی طرف سے اس کو ضمانت کی اپنا چٹ لکھ بھیجی۔ پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ مجھ سے تمہاری ضمانت قبول کر لی ہے مگر آئندہ ایسا نہ کرنا۔

میں کہتا ہوں اس کے ایک راوی حسین ضعیف ہیں۔

ابن جنید کہتے ہیں میں نے امام یحیی بن معین سے سنا وہ فرماتے تھے [illegible] رجال پر تبصرہ کرتے ہیں حالانکہ میں ہے کہ وہ دو سو سال سے جنت میں فروکش ہو چکے ہیں۔ ابن جنید کے شاگرد محمد بن [illegible] کہتے ہیں میں [illegible] کی مجلس میں حاضر ہوا تو وہ اس وقت کتاب الجرح والتعدیل کا درس دے رہے تھے میں نے ان سے [illegible] قول بیان کیا تو رو پڑے۔ ان کے ہاتھ کانپنے لگے اور کتاب گر پڑی روتے جاتے تھے اور مجھے یہ حکایت [illegible] سنانے کو کہتے تھے۔

میں کہتا ہوں آپ نے محرم ۳۲۷ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

۱۔ [illegible] شیخ القراء ابو بکر احمد بن خمارویہ

۲۔ ابو الدنیا عثمان بن خطاب الشیخ [illegible] کذاب ہے جس کا دعویٰ تھا کہ اس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے [illegible]

۳۔ قاضی القضاۃ محدث ابو بکر محمد بن جعفر سامری قراطیسی احکام وغیرہ کے مصنف۔

۴۔ ابو علی حسین بن قاسم کوکبی۔

۵۔ ابو قاسم حافظ ابو عبد اللہ حسین بن قاسم بغدادی ابوزرعہ محمد بن عثمان دمشقی نے [illegible] اختیار کیا۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطے سے [illegible] ابن ماجہ کی یہ حدیث ملی ہے۔

۱۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم یقوم الناس لرب العالمین کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا لوگ اس دن نصف کانوں تک پسینہ میں ڈوبے ہوئے خدا کے سامنے کھڑے ہوں گے

نیز ان کے واسطہ سے حضرت عبد اللہ بن عمرو کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو سایہ اپنے گھر یا زمین کے قریب ہونے کی وجہ سے [illegible] نظر آئے [illegible]

fat.com

امام نسائی نے یہ حدیث عن خیاط السنۃ عن ہارون کی سند سے اپنی سنن میں ذکر کی ہے اس سے یہ بدل عالی وا ہوئی ہے۔

۸۱۳ ۴۲/۱۱ امام ابوطالب بغدادی

آپ کی کنیت ابو طالب اور اسم گرامی احمد بن نصر بن طالب ہے بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور پختہ عالم ہیں۔ عباس بن دوری، یحیٰی بن عثمان بن صالح مصری، اسحاق بن ابراہیم دبری اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا عالی اور سالم اسانید کے ساتھ حدیث لکھی۔ ان سے ابو عمر ابن حیویہ، ابن المظفر، دار قطنی اور دوسرے لوگ مستفید ہوئے۔

امام دار قطنی فرماتے ہیں حافظ ابو طالب میرے استاذ ہیں۔ خطیب کہتے ہیں ثقہ اور ثبت ہیں بڑے ہونے کے باوجود عبداللہ بن زیدان بجلی نے ان سے حدیث بیان کی ہے۔

میں کہتا ہوں ان سے سب سے آخر میں ابو طاہر مخلص نے حدیث لی ہے آپ کی وفات رمضان المبارک ۳۲۳ھ میں ہوئی رحمہ اللہ تعالےٰ۔

مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سب بیویوں سے ایک رات میں شب باشی کر لیتے تھے اور آخر میں ایک غسل فرما لیتے تھے۔"

۸۱۴ ۴۳/۱۱ امام عُقَیلی

آپ کی کنیت ابو جعفر اور نام محمد بن عمرو بن موسیٰ ہے۔ بنو عقیل کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے عقیلی کہلاتے ہیں۔ نامور حافظِ حدیث اور "کتاب الضعفاء الکبیر" کے مصنف ہیں۔ اپنے نانا یزید بن محمد بن اسماعیل صائغ، ابو یحیٰی بن ابی مسرہ، محمد بن احمد بن ولید بن بردانطاکی، یحیٰی بن ایوب علاف، محمد بن اسماعیل ترمذی، اسحاق بن ابراہیم دبری، علی بن عبدالعزیز بغوی، محمد بن خزیمہ، محمد بن موسیٰ بلخی عبیداللہ بن موسیٰ کے شاگرد اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ حرمین میں مقیم تھے۔ ان سے محمد بن نافع خزاعی، یوسف بن دخیل مصری، ابوبکر بن مقری اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا۔

مسلمہ بن قاسم کہتے ہیں عقیلی جلیل القدر اور عظیم الشان شخصیت کے مالک تھے میں نے ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں جو شخص ان کے پاس پڑھنے کے لیے آتا اس سے کہتے اپنی کتاب سے پڑھو، اور خود اپنی کتاب لے کر نہیں بیٹھتے تھے۔ ہم اس پر بہت متعجب ہوئے اور ہم نے آپس میں کہا یا تو یہ سب لوگوں سے بڑے حافظ ہیں یا سب لوگوں سے بڑے جھوٹے ہیں۔ ہم نے ان کے امتحان کا منصوبہ بنایا چنانچہ میں نے پڑھتے وقت

قصداً کمی بیشی کر دی جس کو انہوں نے بھانپ لیا اور میرے ہاتھ سے [illegible] پکڑ کر زبانی [illegible] ہم سبق سے فارغ ہو کر خوشی خوشی واپس آئے اور ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ سب لوگوں سے بڑے حافظ حدیث ہیں۔ حافظ ابو الحسن بن سہل قطان کہتے ہیں ابو جعفر ثقہ، جلیل القدر، حدیث کے علم اور حفظ و اتقان میں سب سے آگے ہیں۔

۱۱۱ھ میں جان شیریں جان آفریں کے سپرد کی رحمہ اللہ تعالیٰ

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب نماز کی اقامت کہی جائے تو پھر فرض نماز کے علاوہ کوئی نماز نہیں ہوتی۔"

۸۱۵ ۴۲/۱۱ امام ابو الفضل جارودی ہروی شہید

آپ کی کنیت ابو الفضل اور نام محمد بن ابو الحسین احمد بن محمد ہے۔ ہرات کے [illegible] والے بلند پایہ حافظ حدیث اور اس فن کے نامور عالم ہیں۔ میں نے ان کی ایک مختصر کتاب دیکھی ہے جس میں انہوں نے صحیح [illegible] کی تیس [illegible] حدیثیں لکھی ہیں اور ان کے علل بیان کیے ہیں۔ آپ نے احمد بن سجدہ، حسین بن ادریس، معاذ بن مثنیٰ، احمد بن ابراہیم بن ملحان اور ابو العباس سراج سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے حافظ ابو علی نیسابوری، ابو الحسین حجاجی نیسابوری، عبد اللہ بن [illegible] محمد بن احمد بن حماد کوفی، محمد بن مظفر بغدادی اور دوسرے لوگ فیض یاب ہوئے۔ چونکہ ان کا نوجوانی میں انتقال ہو گیا تھا اس لیے بہت کم لوگوں نے ان سے علم حاصل کیا۔

امام حاکم کہتے ہیں میں نے مکہ مکرمہ میں بکیر بن احمد حداد سے سنا فرماتے تھے اب بھی یہ نقشہ میری آنکھوں کے سامنے ہے۔ حافظ ابو الفضل محمد بن ابی الحسین [illegible] دروازے کے دونوں حلقوں [illegible] ہوا تھا اور ان پر تلواروں کے وار چل رہے تھے حتیٰ کہ ان کا سر خانہ کعبہ کی دہلیز پر آ گرا۔

انہوں نے یہ تاریخ بتائی ہے مگر مورخین کی ایک [illegible] کے مطابق یہ واقعہ [illegible] ان کو اور ان کے بھائی احمد کو قرامطہ (لعنۃ اللہ علیہم) نے قتل کیا تھا۔ اور انہوں نے ان کے علاوہ حرم پاک میں ہزاروں حاجیوں کو بھی قتل کر دیا تھا اور خانہ کعبہ سے حجر اسود کو اکھاڑ کر اپنے ساتھ لے گئے تھے۔

۱۔ اس سال یعنی ۲۱۷ھ میں نیسابور میں ابو عمرو احمد بن محمد بن احمد بن حفص بن [illegible] میری معدل

۲۔ بغداد میں [illegible] بن ابی العلاء مکی اور قاضی ابو القاسم بدر بن ہیثم لخمی (ان کی عمر ۱۱۶ سال تھی)۔

۳۔ اصفہان میں ابو علی حسن بن محمد دارکی اور مصر کے دو محدثوں علی بن احمد بن [illegible] جو علان کے لقب سے مشہور تھے

۴۔ اور محمد بن زبان بن حبیب حضرمی نے داعی اجل کو لبیک کہا

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں کہ:

"میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے جب تک میں تمہیں چھوڑ [illegible]

fat.com

رکھوں (یعنی کوئی مسئلہ نہ بتاؤں) تم بھی مجھے چھوڑ دو الحدیث ۔

۸۱۶ ۴۵/۱۱ امام ابن عُبَید بزّاز بغدادی

آپ کی کنیت ابوالحسین اور نام علی بن محمد بن عبید ہے۔ بغداد کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں، عباس دوری محمد بن حسین حنینی، احمد بن ابی غرزہ غفاری، یحییٰ بن ابی طالب اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے دار قطنی، ابن جمیع غسانی، ابوالحسین بن متیم اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

خطیب کہتے ہیں ثقہ، حافظ اور فنِ حدیث کو جاننے والے تھے ۸۰ سال عمر پاکر شوال ۳۳۰ھ میں وفات پائی۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الٰہی ہمارے شام میں برکت دے اور ہمارے یمن میں برکت دے لوگوں نے عرض کی اور ہمارے نجد میں بھی تو آپ نے فرمایا وہاں زلزلے آئیں گے اور فتنے برپا ہوں گے، اور وہاں سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا"

یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

۸۱۷ ۴۶/۱۱ مُسندالاندلس امام محمد بن عبدالملک بن ایمن قُرطبی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے قرطبہ کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں ۲۵۲ھ میں پیدا ہوئے، ۲۷۴ھ میں قاسم بن اصبغ کے ہمراہ طلبِ علم کے لیے سفر کیا اور محمد بن وضاح، احمد بن ابی خیثمہ، اسماعیل قاضی، محمد بن جہم سمری، محمد بن اسماعیل صائغ، جعفر بن محمد شاکر، علی بن عبدالعزیز بغوی، یحییٰ بن ہلال اور دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے عباس بن اصبغ حجاری، ان کے اپنے لڑکے احمد بن محمد بن عبدالملک اور اہلِ اندلس روایت کرتے ہیں۔ ملک میں ان کی بہت شہرت تھی۔ قرطبہ کی جامع مسجد میں نماز پڑھانے کے لیے مقرر تھے۔ فقہ کے ماہر، بہت بڑے عالم، مفتی حدیث جاننے والے اور اس کے حافظ تھے۔ علمِ حدیث میں ایک کتاب سننِ ابی داؤد پر تخریج کرتے ہوئے تصنیف کی۔

نصف شوال ۳۳۰ھ میں فوت ہوئے رحمہ اللہ تعالیٰ۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حج تمتع کیا ہے عروہ بولے ابوبکر اور عمر نے حج تمتع سے منع کیا ہے، ابن عباس نے کہا پیارے عروہ! کیا کہتے ہو؟ بولے ابوبکر اور عمر نے حج تمتع سے منع کیا ہے۔ ابن عباس نے فرمایا لوگوں کی ہلاکت کے دن قریب آ گئے ہیں۔ میں کہتا ہوں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اور وہ اس کے جواب میں کہتے ہیں ابوبکر اور عمر نے یہ کہا ہے۔ ابن حزم فرماتے ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت بڑا جرم ہے اور ابوبکر اور عمر نے کبھی [illegible] کو پسند نہ کیا۔

۸۱۸ ۴۷/۱۱ امام محمد بن یوسف بن بشر ہروی شافعی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ ہے ہرات کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث اور نامور فقیہ ہیں۔ آپ نے مصر، شام اور عراق وغیرہ دور دراز ممالک کے سفر کیے اور ربیع بن سلیمان مرادی، عباس بن ولید بیروتی، محمد بن حماد طہرانی، حسن بن مکرم، محمد بن عوف حمصی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے طبرانی، زبیر بن عبدالواحد اسد آبادی، قاضی ابوبکر ابہری، عبدالواحد محمد بن ابی ہاشم مقری اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ان کے آخری شاگرد ابوبکر محمد بن احمد عثمان بن ابی الحدید ہیں۔

خطیب اور دوسرے محدثین نے ان کی توثیق کی ہے سن نبوت میں داخل ہونے کے بعد انہوں نے یہ علم سیکھا۔ رمضان ۲۲۰ھ میں فوت ہوئے۔ ان کی عمر سو سال سے کچھ مہینے زیادہ تھی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابو سعید خدری کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس امت کو ایک خطرناک مصیبت پہنچے گی کہ کسی کو اس سے بچنے کے لیے پناہ نہیں ملے گی پھر اللہ تعالیٰ میری اولاد سے ایک آدمی بھیجے گا جو زمین کو عدل و انصاف سے اس طرح بھر دے گا جس طرح وہ پہلے ظلم و ستم سے بھری ہوئی ہوگی۔ اس سے آسمان میں رہنے والے بھی خوش ہوں گے اور زمین میں رہنے والے بھی آسمان اپنی ساری بارش موسلا دھار برسا دے گا اور زمین اپنی ساری نباتات اگا دے گی۔ اتنی خوشحالی ہوگی کہ زندہ تمنا کریں گے کہ کاش ان کے مرے ہوئے خویش و اقارب آج زندہ ہوتے وہ اس فارغ البالی میں سات یا نو سال زندہ رہے گا۔

۸۱۹ ۴۸/۱۱ امام ممّوس بزّاز ہمدانی

آپ کی کنیت ابو اسحاق، نام ابراہیم بن محمد بن یعقوب اور لقب ممّوس ہے۔ ہمدان کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ طلب علم کے لئے سفر کیا۔ نامی گرامی علماء سے ملاقات کی اور یحییٰ بن ابی طالب، ابو قلابہ، یحییٰ بن عبدک، ابن دیزیل، ابن ابی الدنیا، بلال بن علاء، ابو زرعہ نسری، اسحاق دبری، ابن زنباع مصری اور دوسرے بہت سے لوگوں سے فیضیاب ہوئے۔ ان سے صالح بن احمد، محمد بن علی کرنبی قصاب اور کچھ دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ صالح اور دوسرے محدثین نے ان کی توثیق کی ہے۔ ابن حبان کہتے ہیں ان کے پاس تقریباً دو سو ایسی احادیث ہیں جن کا استفادہ ان سے ہی کیا جا سکتا ہے۔ آپ ۳۲۵ھ میں فوت ہوئے۔

۸۲۰ ۴۹/۱۱ امام ابن عقدہ کوفی

آپ کی کنیت ابو العباس اور نام احمد بن محمد بن سعید ہے۔ بنو ہاشم کے موالی ہیں۔ ان کے والد بہت اچھے نحوی تھے اور "عقدہ" کے لقب سے مشہور تھے۔ یہ اپنے زمانہ کے حافظ حدیث اور سمندر جیسا وسیع علم رکھنے والے محدث ہیں۔ ابو جعفر بن عبیداللہ بن منادی، حسن بن علی بن عفان، یحییٰ بن ابی طالب، عبداللہ بن ابی مسرہ مکی، احمد بن عبدالحمید حارثی، حسن بن مکرم، عبداللہ

fat.com

لوگ ان سے ناخوش تھے۔

ان سے جعابی، طبرانی، ابنِ عدی، دارقطنی، ابو حفص کتانی، ابنِ جمیع غسانی، ابراہیم بن خرشید قولہ، ابو عمر بن مہدی فارسی، ابوالحسن بن صلت، ابوالحسین بن مقیم اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے سفیان ثوری کا یہ قول پہنچا ہے فرماتے ہیں:

"عثمان اور علی کی محبت صرف عقلمند اور شریف انسانوں کے دل میں جمع ہوتی ہے۔"

میں کہتا ہوں ابنِ عقدہ کا اس قسم کے اقوال املا کرانا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ غالی شیعہ نہیں تھے۔ لیکن اس زمانہ میں کوفہ میں تشیع کا زور تھا اور سنی دب کر رہتے تھے۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں اہل کوفہ کا اس پر اتفاق ہے کہ عبداللہ بن مسعود کے زمانہ سے ابن عقدہ کے زمانہ تک کوفہ میں ان سے بڑا علم رکھنے والا کوئی نہیں پیدا ہوا۔ ابو احمد حاکم کہتے ہیں ابنِ عقدہ نے مجھے بتایا ایک دفعہ بردیجی کوفہ میں آئے اور دعویٰ کیا کہ ان کا حافظہ مجھ سے زیادہ ہے۔ میں نے ان سے کہا زیادہ باتیں بنانے کی کیا ضرورت ہے آیئے کتابوں کی دکان پر چلتے ہیں اور جتنی کتابیں آپ چاہیں ترازو میں تول لیتے ہیں۔ پھر وہ ایک دوسرے کو پڑھ کر سنائیں گے اور دیکھیں گے کہ کون ان کو دوبارہ زبانی دھرا سکتا ہے یہ سن کر وہ خاموش رہے اور مقابلہ کے لیے تیار نہ ہوئے۔

حافظ ابو علی نیسابوری فرماتے ہیں میں نے اہل کوفہ کی حدیث، ابوالعباس بن عقدہ سے زیادہ یاد رکھنے والا کوئی نہیں دیکھا امام دارقطنی کا بیان ہے کہ ابنِ عقدہ کہتے تھے میں صرف اہل بیت اور بنو ہاشم کی تین لاکھ احادیث پڑھ کر سنا سکتا ہوں، اور وہ یہ بھی کہتے ہیں مجھے اسناد سمیت ایک لاکھ احادیث زبانی یاد ہیں۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں جو علم لوگوں کے پاس ہے ابنِ عقدہ اسے جانتے ہیں اور جو علم ان کے پاس ہے لوگ اسے نہیں جانتے۔ ابو سعد مالینی کہتے ہیں ایک دفعہ ابن عقدہ نے مکان تبدیل کیا تو ان کی کتابیں چھ سو گٹھڑیوں میں باندھ کر لائی گئیں۔ ابنِ عدی کہتے ہیں ابن عقدہ صاحبِ معرفت اور صاحبِ حفظ و اتقان تھے اور اس فن میں سب سے آگے تھے مگر میں نے بغداد کے مشائخ کو دیکھا ہے وہ ان کی بدگوئی کرتے تھے اور میں نے ابنِ عقدہ کو اٹکل پچو باتوں سے کام لیتے ہوئے بھی دیکھا ہے مثلاً کہتے تھے مجھے فلاں عورت نے بیان کیا ہے کہ یہ فلاں شخص کی کتاب ہے۔ میں نے اس میں پڑھا ہے وہ کہتے ہیں مجھے فلاں آدمی نے خبر دی ہے اور شیعہ میں یہ سب سے مقدم تھے اگر میں نے یہ شرط نہ کی ہوتی کہ ہر اس شخص کا تذکرہ کروں گا جس میں کسی نے جرح کی ہے تو میں ان کے علم و فضل کے پیش نظر ان کا تذکرہ نہ کرتا۔

برقانی کہتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے پوچھا آپ کے نزدیک ابنِ عقدہ کا سب سے بڑا قصور کیا ہے؟ فرمایا ان کا سب سے بڑا قصور یہ ہے کہ وہ منکر روایات بکثرت بیان کرتے ہیں۔ سلمی نے ان کے متعلق ابوالحسن سے پوچھا تو بولے حافظ اور محدث ہیں لیکن دین میں قوی نہیں ہیں۔ میں ان کے متعلق اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ حمزہ بن محمد بن طاہر کہتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے سنا ہے فرماتے تھے یہ بڑے آدمی ہیں۔ عبدان اہوازی کہتے ہیں ابنِ عقدہ اصحاب الحدیث کے اوصاف سے خارج ہیں اور انہیں ان کے ساتھ ذکر نہیں کیا جاتا اور اس کی وجہ ان کا بکثرت رطب و یابس

23451

بن اسلم کلبی اور دوسرے ان گنت لوگوں سے علم حدیث حاصل کیا۔ عالی اور نازل، حق اور باطل ہر طرح کی حدیث لکھ لیتے تھے۔ حتیٰ کہ اپنے تلامذہ سے بھی لکھ لیتے تھے۔ حافظہ کی قوت اور حدیث کی کثرت ان پر ختم تھی۔ احادیث، جمع کیں مسائل اور احادیث بیان کرتا ہے ابن عدی کہتے ہیں میں نے ابوبکر بن غالب سے سنا ہے فرماتے تھے۔ ابن عقدہ حدیث کے بارہ میں دیانتدار نہیں ہے۔ یہ کوفہ میں کئی شیوخ کو جھوٹ بولنے پر آمادہ کرتے تھے خود ان کے پاس کتابیں مہیا کرتے اور انہیں ان کو پڑھانے کا حکم دیتے اور خود ہی ان کو ان سے روایت کرتے۔

میں کہتا ہوں جہاں تک میں جانتا ہوں کسی نے ابن عقدہ پر حدیث کا متن وضع کرنے کی تہمت نہیں لگائی ہے اس کے متعلق میں کچھ نہیں کہہ سکتا میں نے ان کے حالات میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے اور مجھے ان کی عالی حدیث حاصل ہوئی ہے

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ایک بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے اور فرمایا مجھے مومن پر تعجب آتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے متعلق جو فیصلہ کرتا ہے اس میں اس کا بھلا ہی ہوتا ہے"

یہ حدیث بہت غریب ہے۔

ابن عقدہ ۲۰۱ھ میں پیدا ہوئے اور ذی قعدہ ۳۳۲ھ میں وفات پائی

۱۔ اس سال اصفہان میں ابن ابی الدنیا کی تصانیف کے راوی ابو الحسن احمد بن محمد بن عمر البغدادی۔

۲۔ مسند مصر ابوبکر محمد بن بشر زنبری مکری۔

۳۔ اور مسند نیشاپور ابوبکر محمد بن حسین بن حسن قطان نیساپوری نے داعی اجل کو لبیک کہا۔

۸۲۱ — شیخ الادب امام ابن الانباری نحوی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن قاسم بن انبار ہے بہت بڑے عالم اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں [illegible] قاضی احمد بن بشیر بزاز، ثعلب اور ان کے طبقہ سے حدیث حاصل کی۔ آپ کتب کثیرہ کے مصنف ہیں۔ اپنی سند سے کیساتھ زبانی حدیث املا کرایا کرتے تھے دین اسلام کے حافظ، معرفت اور امانت میں یکتائے روزگار تھے۔ [illegible] میں مستقل کتابیں تصنیف کی ہیں [illegible] محمد بن نصر خزاعی، عبید اللہ بن ابی ہاشم، ابو العباس ثعلب، محمد بن یزید مبرد اور دوسرے لوگوں سے روایت کرتے ہیں۔

ابو علی قالی کہتے ہیں ایک قول کے مطابق جمادی الآخرہ ۳۲۸ھ میں ان کے شہر میں ان کا انتقال ہوا۔ ابو علی قالی کہتے ہیں امام ابن الانباری زبانی املا کرایا کرتے تھے۔ انہوں نے کبھی کتاب سے دیکھ کر حدیث نہیں لکھائی حمزہ بن محمد بن طاہر کہتے ہیں ابن الانباری زاہد اور متواضع تھے۔

امام دارقطنی فرماتے ہیں ایک دفعہ میں ابن الانباری کے حلقہ درس میں حاضر ہوا۔ درس دیتے ہوئے ان سے [illegible] میں تصحیف ہو گئی میں نے ان کے مقام رفیع کے پیش نظر مجلس میں اس پر تنبیہ کرنا مناسب نہ سمجھا تاکہ حاضرین لوگ آپ کے

Marfat.com

تراجم میں کتابیں لکھیں چونکہ طلب علم کے لیے انہوں نے سفر بہت کیا اس لیے جو لوگ استفادہ کے لیے ان کے پاس آتے ان سے جن پر خود بھی استفادہ کرتے اگر یہ احتیاط سے کام لیتے اور اساتذہ فن سے کسب کمال کرتے تو لوگ دور دراز دہم پر اطلاع نہ ہو، میں نے بعد میں آپ کے شاگرد کو اس پر متنبہ کر دیا جب آئندہ جمعہ درس دینے بیٹھے تو فرمانے لگے ہم سے گذشتہ سبق میں فلاں نام میں تصحیف ہو گئی تھی اور اس جوان نے ہمیں صحیح نام پر متنبہ کیا ہے۔ محمد بن جعفر تمیمی کہتے ہیں میں نے امام ابن الانباری سے زیادہ قوی الحافظہ کوئی انسان نہیں دیکھا اور نہ ان سے بڑھ کر کسی کو وسیع العلم پایا ہے ان کے متعلق علماء نے مجھے بتایا ہے خود فرمایا کرتے تھے مجھے کتابوں کے ۳۰ صندوق زبانی حفظ ہیں۔ کہتے ہیں اکثر اونٹ کا بھنا ہوا گوشت کھایا کرتے اور اس پر شوربا پیا کرتے تھے اور فرماتے تھے اس سے میرے حافظہ میں قوت پیدا ہوتی ہے۔ کہتے ہیں آپ کو بااسناد ۱۲۰ تفسیریں یاد تھیں۔

ایک قول کے مطابق آپ خلیفہ راضی اللہ کے بچوں کے اتالیق تھے ان کو پڑھانے کے لیے روزان کے گھر جایا کرتے تھے۔ ایک دن کسی لونڈی نے ان سے خواب کی تعبیر پوچھی تو بولے اس وقت تو مجھے پیشاب کی جلدی ہے، کل بتاؤں گا۔ رات کرمانی کی کتاب (تعبیر رؤیا) کا مطالعہ کیا اور دوسرے دن آکر خواب کی تعبیر بتائی اور آئندہ کے لیے خوابوں کے معبر بن گئے۔ کہتے ہیں آپ نے اپنی کتاب غریب الحدیث ۴۵ ہزار اوراق میں لکھائی تھی۔ انہوں میں ان کی ایک بہت بڑی کتاب تھی اور ان کی کتاب شرح الکافی ایک ہزار اوراق میں لکھی ہوئی تھی۔ اور ایک دوسری تصنیف کتاب الجالیات ۱۴ سو صفحات پر مشتمل تھی کوفہ کے نحویوں کے پیشوا اور امام تھے۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت علی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ ابوبکر پر رحم فرمائے اس نے اپنی بیٹی میرے نکاح میں دے دی، مجھے دار الہجرت کی طرف منتقل کیا اور بلال کو حلقہ غلامی سے نجات دی، اللہ تعالیٰ عمر پر رحم فرمائے وہ حق بات کہہ دیتے ہیں خواہ اس کو تلخ ہی معلوم ہو اسی حق گوئی کی وجہ سے لوگ ان سے دور رہتے ہیں، اور ان کا کوئی دوست نہیں ہے اللہ تعالیٰ عثمان پر رحم فرمائے ان سے فرشتے حیا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ علی پر رحم فرمائے الٰہی! یہ جدھر جا ئیں حق کو ان کے ساتھ پھیر دیجیو۔"

انہوں نے ۷۰ سال عمر پاکر عید الاضحیٰ کی رات ۳۲۸ھ میں بغداد میں انتقال فرمایا۔

اس سال مندرجہ ذیل علماء کرام نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔

۱۔ محدث ابو عبداللہ احمد بن علی بن ملاعب جوزجانی ۷۲ سال عمر پاکر بغداد میں فوت ہوئے۔

۲۔ محدث رشیق ابو الصلاح احمد بن محمد بن اسماعیل تمیمی۔

۳۔ مصنف "العقد" ابو عمر احمد بن عبد ربہ قرطبی اخباری ان کی عمر ۸۲ سال تھی۔

۴۔ شیخ الشافعیہ ابو سعید حسن بن احمد بن یزید اصطخری تقریباً ۱۰۰ سال عمر پاکر بغداد میں فوت ہوئے۔

۵۔ محدث ابو عبداللہ حسین بن محمد بن سعید بن مطیقی بغدادی آپ ابن جمیع کے شیوخ میں سے ہیں۔

۶۔ ابو محمد عبداللہ بن محمد حسن بن الشرقی ۷۲ سال عمر پاکر نیشاپور میں وفات پا گئے۔

۷۔ شیخ القراء ابو الحسن محمد بن احمد بن ایوب بن شنبوذ۔

ممالک سے سفر کر کے ان کی خدمت میں پہنچتے اور امامت حدیث میں انہیں ایک بے مثال درجہ حاصل ہوتا مگر انہوں نے رطب و یابس جمع کیا اور قیمتی ہیروں کے ساتھ خزف ریزوں کے ڈھیر لگا دیئے۔ اس وجہ سے اور کچھ ان کی تشیع پسندی سے

۸۔ شیخ نیشاپور اور وہاں کے عالم اور پیشوا ابو علی محمد بن عبدالوہاب ثقفی ۸۰ سال سے زیادہ عمر پائی

۹۔ وزیر ابو علی ابن مقلہ

۱۰۔ شیخ الصوفیہ ابو محمد مرتعش بغداد میں فوت ہوئے۔ رحمہ اللہ علیہم

۸۲۲ ۵۱/۱۱ امام محمد بن قاسم بن محمد بن قاسم اُمَوی قُرطُبی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ ہے۔ بنو امیہ کے مولیٰ ہونے کی وجہ سے اموی کہلاتے ہیں۔ قرطبہ کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ اپنے شہر میں اپنے والد، بقی بن مخلد اور محمد بن وضاح سے اور ممالک غیر میں مطین، محمد بن عثمان، قاضی یوسف بن یعقوب، ابو عبدالرحمان نسائی، ابو خلیفہ اور دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ قرطبہ میں فن حدیث کے امام تھے۔ ابو محمد باجی کہتے ہیں میں نے قرطبہ کے شیوخ میں ایسا کوئی آدمی نہیں دیکھا جس کے پاس ان سے زیادہ احادیث ہوں۔ آپ ثقہ عالم اور دستاویز لکھنے میں ماہر تھے۔ ان سے ان کے لڑکے احمد بن محمد، خالد بن سعید، سلیمان بن ایوب اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

۳۲۸ھ یا ۳۲۷ھ کے آخر میں آپ نے وفات پائی

۸۲۳ ۵۲/۱۱ الحافظ المُفید الامام الطحّان

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام احمد بن عمرو بن جابر ہے۔ شہر رملہ کے نامور محدث ہیں۔ عباس بن ولید بیروتی، ابراہیم بن عبداللہ قصار، بکار بن قتیبہ، محمد بن عوف طائی، سلیمان بن سیف حرانی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابو سلیمان بن زہر، محمد بن مظفر، ابوبکر بن مقری، ابوالحسین بن جمیع، عمر بن علی انطاکی، ابوبکر بن ابی الحدید اور ان کے سوا دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

۳۳۳ھ میں انتقال فرمایا۔

۱۔ اسی سال محدث اصفہان ابو عمرو احمد بن محمد بن ابراہیم بن حکیم مدینی۔

۲۔ محدث مصر ابوبکر احمد بن مسعود بن عمرو زہری

۳۔ اور امام ابو داؤد کے شاگرد ابو علی محمد بن احمد بن عمرو لؤلؤی نے بھی اہل وطن کو داغ مفارقت دیا۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن بیت اللہ کا طواف افاضہ کیا اور ظہر کی نماز منیٰ میں پڑھی"

fat.com

۸۲۴ ۵۲/۱۱ امام شہرزوری

آپ کی کنیت ابو اسحاق اور نام ابراہیم بن محمد بن عبید بن جہینہ ہے۔ طلب علم کے لیے مختلف ممالک میں گھومنے والے نامور حافظ حدیث ہیں۔ ابوزرعہ رازی، حسن بن محمد زعفرانی، عمرو بن عبداللہ اودی، محمد بن ابی عبدالرحمان مقری، محمد بن عوف طائی، عباس بیروتی، ربیع مرادی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ حدیث کے ائمہ میں سے ایک امام ہیں۔ آپ سے اہل رے، اہل قزوین، احمد بن علی بن حسین رازی، ابوبکر بن یحییٰ فقیہ، علی بن احمد قزوینی، احمد بن حسن قزوینی، عمر بن احمد بن شجاع اور دوسرے متعدد لوگ مستفید ہوئے۔

میرے خیال میں ۱۲۰ھ کے بعد چند سال زندہ رہے۔ میں ان کا سال وفات معین طور پر معلوم نہیں کر سکا۔

۸۲۵ ۵۳/۱۱ امام ابو علی قشیری حرانی

آپ کا اسم گرامی محمد بن سعید بن عبدالرحمان ہے حران کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ رقہ شہر میں آ بسے تھے۔ آپ نے اس شہر کی تاریخ بھی لکھی تھی۔ علی بن عثمان نفیلی، سلیمان بن سیف، ابوالحسن میمونی، عبدالحمید بن مستام، ہلال بن علاء اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا، ان سے ابواحمد محمد بن عبداللہ بن جامع دہان، محمد بن جعفر غندر بغدادی، ابوالحسین بن بیع، ابومسلم کاتب اور دوسرے لوگوں نے اکتساب فیض کیا ہے۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا تھا"

جہاں تک میرا خیال ہے آپ ۲۲۴ھ میں فوت ہوئے۔ اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر کا بھی انتقال ہوا۔

۱۔ مسند دمشق ابوالفضل احمد بن عبداللہ بن نصر بن ہلال سلمی۔
۲۔ مسند بغداد ابوعبداللہ حسین بن یحییٰ بن عیاش متوثی قطان۔
۳۔ محدث اور مسند بصرہ ابوالحسن علی بن اسحاق مادرائی۔
۴۔ وزیر محدث ابوالحسن علی بن عیسیٰ بن جراح۔
۵۔ مسند نیسابور ابوعثمان عمرو بن عبداللہ بن درہم مطوعی۔
۶۔ شیخ الحنابلہ ابوالقاسم عمر بن حسین خرقی بغدادی مصنف المختصر۔
۷۔ مصر کے بادشاہ ابوبکر محمد بن طغج فرغانی اخشید۔
۸۔ مغرب کے بادشاہ القائم بامر اللہ ابوالقاسم بن مہدی عبیدی۔
۹۔ اور شیخ الصوفیہ ابوبکر شبلی آپ کا انتقال بغداد میں ہوا۔

☆☆☆☆☆

Marfa

۸۲۶ ۵۵/۱۱ امام ابن ملک جوہری مروزی

آپ کی کنیت ابو حفص، نام عمر بن احمد بن علی اور لقب ابن ملک ہے مرو کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث، نامور فقیہ اور اس شہر کے کبار علماء سے تعلق رکھتے ہیں۔ سعید بن مسعود، احمد بن سنان، عباس دوری، ابو قلابہ رقاشی، محمد بن لیث اور ان کے طبقہ سے اکتساب فیض کیا۔ ان سے ابن المظفر، دارقطنی، ابن شاہین، علی بن عمر رازی فقیہ، محمد بن اسحاق السانی اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ آپ مشہور حافظ حدیث عبداللہ بن عمر کے والد ہیں۔

۲۲۵ھ میں انتقال فرمایا۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے والد سے حضرت عبداللہ بن مسعود کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ایک دفعہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں گئے راستہ میں ہمیں پیاس اور وضو کرنے کے لیے پانی نہ ملا اتفاقاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ڈولچی میں تھوڑا سا پانی تھا۔ آپ نے اس کو ایک برتن میں ڈالا اور اس میں اپنا ہاتھ رکھ دیا۔ پھر صحابہ کو آواز دی کہ آؤ وضو کے پانی اور اللہ تعالیٰ کی برکت سے فائدہ اٹھاؤ اس وقت میں نے دیکھا کہ آپ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کے چشمے ابل رہے ہیں۔" الحدیث

اس کے بیان کرنے میں اس کے راوی عبدالکبیر متفرد ہیں اور ہم نہیں جانتے کہ ان سے ان کے شاگرد یحییٰ کے سوا کسی اور نے یہ حدیث بیان کی ہے۔

خلیلی کہتے ہیں ابو حفص قابل اعتماد امام ہیں ان کی جلالت پر سب کا اتفاق ہے۔ ان سے بڑے بڑے محدثین روایت کرتے ہیں۔ حافظ حدیث اور متدین ہیں ہمیں ان سے میرے دادا اور محمد بن اسحاق السانی نے حدیث بیان کی ہے۔ صاحبزادے عبداللہ بھی ممتاز حافظ حدیث ہیں ان کی ثقاہت پر سب کا اتفاق ہے۔ خلیل کا قول ہے [illegible] ۲۳۶ھ میں واقع ہوئی۔

۸۲۷ ۵۶/۱۱ محدث ماوراء النہر امام شاشی معقلی

آپ کی کنیت ابو سعید اور نام ہیثم بن کلیب بن شریح ہے۔ آپ ثبت، امام، حافظ حدیث، ماوراء النہر کے نامور محدث اور المسند الکبیر کے مصنف ہیں۔ عیسیٰ بن احمد مستقلانی بلخی، ابو عیسیٰ ترمذی، زکریا بن یحییٰ بن اسد مروزی، محمد بن بشار بندار، یحییٰ بن جعفر بن زبرقان، عباس دوری اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابو عبداللہ بن مندہ روایت کرتے ہیں اور یہ ان سے پڑھنے کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ نیز ان سے علی بن احمد خزاعی، منصور بن نصر کاغذی اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا ہے۔

ان کا ۳۲۵ھ میں انتقال ہوا۔

۱۔ اس سال شوافع کے بڑے عالم ابو العباس بن قاص۔

(۲) بغداد میں حمزہ بن قاسم ہاشمی (۳) علی بن محمد بن مہرویہ قزوینی (۴) اور کتب کثیرہ کے مصنف علامہ ابوبکر محمد بن یحییٰ صولی نے دارِ فنا سے دارِ بقا کی طرف کوچ کیا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفر میں پوری نماز پڑھنے والا حضر میں روزہ افطار کرنے والے کی طرح ہے۔"

۸۲۸ ۶۷/۱۱ مُفیدُ العِراق امام ابن المُنادِی بغدادی

آپ کی کنیت ابوالحسین اور نام احمد بن جعفر بن محمد ہے۔ بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث، نامور قاری اور بہت ساری کتابوں کے مصنف ہیں۔ اپنے دادا، محمد بن عبدالملک دقیقی، ابوبکر محمد بن اسحاق صغانی، ابوداؤد سجستانی اور دوسرے بہت سے اساتذہ سے (جن کی فہرست بہت طویل ہے) حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابوعمر بن حیویہ، احمد بن نصر شذائی، احمد بن عبدالرحمان، محمد بن فارس غوری اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ خطیب کہتے ہیں دین کے سخت پابند اور تند خُو تھے۔ انہوں نے بہت کم احادیث روایت کی ہیں ہاں علم جمع کیا اور کتابیں لکھی تھیں۔ میں کہتا ہوں ثقہ ہیں اور ان کا شمار بڑے بڑے قاریوں میں ہوتا ہے ۷۹ سال عمر پاکر محرم ۳۳۶ھ میں وفات پائی۔ اس سال مسند نیسابور ابو محمد حاجب بن احمد بن ابراہیم طوسی، مسند بصرہ ابوالعباس محمد بن احمد بن احمد بن حماد اثرم بغدادی، امام ذہلی کے تلمیذِ خاص ابوعلی محمد بن احمد بن محمد بن معقل میدانی نیسابوری اور محدث نیسابور ابوطاہر محمد بن حسن بن محمد محمد آبادی کا بھی انتقال ہوا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ام سلمہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ ملک یوم الدین بغیر الف کے پڑھتے تھے وفات تک آپ کا اسی پر عمل رہا۔"

یہ حدیث غریب اور منکر ہے اس حدیث کے راوی یحییٰ کے متعلق جہاں تک میں جانتا ہوں کسی نے ان کو ضعیف نہیں کہا اور یہ فنِ قرأت میں حجت ہیں واللہ اعلم۔

۸۲۹ ۵۸/۱۱ الحافظ المُفیدُ الاَردَبیلی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام حفص بن عمر ہے اور دبیل کے رہنے والے مشہور حافظِ حدیث ہیں انہوں نے دور دراز ممالک کے سفر کئے اور ابوحاتم رازی، یحییٰ بن ابی طالب، عبدالملک بن محمد رقاشی اور ابراہیم بن دیزیل سے حدیث کا سماع کیا۔ قابلِ اعتماد اور سمجھدار تھے بڑی محنت سے علم جمع کیا اور کتابیں تصنیف کیں۔ ان سے احمد بن طاہر میانجی، احمد بن علی بن لال، اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ۳۳۹ھ میں فوت ہوئے اس سال قاضی اور مسند اسکندریہ ابوالحسن علی بن عبداللہ بن ابی مطر معافری سو سال کی عمر پاکر، قاضی ابوالحسن عمر بن حسن بن علی اشنانی بغدادی، محدث نیسابور ابوعبداللہ صفار،

مسند بغداد ابو جعفر محمد بن عمرو بن بختری رزاز۔ محدث قزوین ابوداؤد سلیمان بن یزید فامی اور مشہور فلسفی منطقی ابو نصر محمد بن محمد بن طرخان فارابی ترکی نے انتقال فرمایا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت انس بن مالک کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اللھم احینی مسکینا وامتنی مسکینا واحشرنی فی زمرۃ المساکین الٰہی! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھیو اور قیامت کے دن مسکینوں کی جماعت میں اٹھائیو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یہ کیوں یا رسول اللہ؟ فرمایا یہ لوگ اغنیاء سے چالیس سال پہلے جنت میں چلے جائیں گے الحدیث"

امام ترمذی اور ابن ماجہ نے اس حدیث کے راوی حارث سے حدیثیں ذکر کی ہیں اور امام بخاری نے اس کو منکر الحدیث کہا ہے۔

۸۳۰ ۵۹/۱۱ شیخ الحرم امام ابن الاعرابی بصری

آپ کی کنیت ابوسعید، نام احمد بن محمد بن زیاد اور لقب ابن الاعرابی ہے۔ بصرہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ تصوف اور زہد آپ پر غالب تھا۔ متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ حسن بن محمد زعفرانی، محمد بن عبد الملک دقیقی، عبداللہ بن ایوب مخرمی، سعدان بن نصر، محمد بن عبیداللہ بن المنادی، امام ابوداؤد سجستانی اور بہت سے دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ انہوں نے ایک معجم میں اپنے اساتذہ اور شیوخ کا تذکرہ لکھا ہے۔ ان سے ابن المقری، ابن مندہ، احمد بن محمد بن مفرج قرطبی، عبداللہ بن یوسف اصفہانی، عبداللہ بن محمد بن قطان دمشقی، ابوالحسین بن جمیع، ابوالفتح محمد بن ابراہیم ہوی، ابوالوہاب بن منیر مصری، عبدالرحمان بن نجاس، صدقہ بن دلم دمشقی اور دوسرے بے شمار لوگ مستفید ہوئے۔ آپ ثقہ ثبت عابد اور ربانی تھے بڑے گرانی قدر تھے اور آپ کی شہرت چار دانگ عالم میں پھیلی ہوئی تھی۔

محمد بن حسن حشابہ نے کہا کہ میں نے ابن الاعرابی کو فرماتے ہوئے سنا: معرفت ساری کی ساری پانچ بہادت سے مؤلف کا نام ہے۔ اور تصوف سارے کا سارا افعالوں پر کو چھوڑ دینے سے عبارت ہے اور زہد کا مطلب ہے کہ آدمی صرف ناگزیر چیزوں کو لے وہ چیزیں جن کے بغیر گذارہ نہ ہو سکتا ہو ان کو چھوڑ دے۔ اور معاملہ سارے کا سارا قوم فالانہ کے متعلق کو کہتے ہیں۔ اور رضا نام ہے ترک اعتراض کا اور عافیت تکلف کو ساقط کر دینے میں ہے۔ ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن میں سے لفظات الملک مشہور کتاب ہے آپ کو جنید بغدادی اور ابوعمرو قلانسی کی صحبت بھی میسر رہی ہے۔ آپ نے بصرہ کی ایک بڑی تاریخ بھی قلمبند کی۔ امام ثوری کے ترجمہ میں لکھتے ہیں: جب انہوں نے وفات پائی تو لوگ ان کے پاس ایسی باتیں کرنے لگے کہ جن کے بارے میں خاموشی بہتر تھی وہ کچھ کیفیت سے کام لے رہے تھے اور اپنے ظنون و افکار کی محبت میں مبتلا تھے تو جب ان لوگوں کا یہ حال ہے ان کے بعد آنے والوں کا کیا حال ہوگا۔ ابن الاعرابی نے یہ بھی فرمایا کہ لوگ جمع (یعنی اتحاد خالق و مخلوق) کے بھی قائل ہیں حالانکہ اس اتحاد کی صورت ہر ایک کے نزدیک مختلف ہے۔ اس طرح فنا (یعنی ذات الٰہی میں فنا) کا معاملہ ہے لوگ وہی کے اسماء ہیں تو متفق ہیں مگر ان کے معنی میں اختلاف کرتے ہیں اس لیے کہ اسم

سے مراد غیر محدود حقائق و معارف ہو سکتے ہیں یہی حال علم معرفت الٰہی کا بھی ہے اس کی بھی کوئی انتہا نہیں اور نہ اس کے وجود اور اس کی لذت سے ہی کما حقہ آدمی باخبر ہو سکتا ہے۔ یہاں تک کہ انہوں نے کہا: جب تو سنے کہ کوئی آدمی حقیقت جمع و فنا کے بارے سوال کر رہا ہے یا ان کا جواب دے رہا ہے تو سمجھ لے کہ اسے ان کی کوئی واقفیت نہیں کیونکہ ان کے حقیقت شناس لوگ ان کے بارے میں سوال نہیں کرتے وہ جانتے ہیں کہ یہ حقائق حدودِ نطق و بیان سے باہر ہیں۔ امام ابن الاعرابی ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ذی قعدہ ۳۴۰ھ میں وفات پائی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے حوالہ سے حضرت سہل بن سعد کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"انہوں نے بیان کیا ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ میں ایک سوراخ میں سے ایک شخص جھانکنے لگا۔ رسول پاک کے ہاتھ میں اس وقت ایک کنگھا تھا جس سے آپ سر مبارک کو کھجلا رہے تھے۔ آپ نے فرمایا اگر مجھے معلوم ہو جاتا کہ تم اندر دیکھ رہے ہو میں یہ کنگھی تمہاری آنکھ میں دے مارتا۔ اجازت طلب کرنے کا حکم اسی لیے تو دیا گیا ہے کہ اجنبی آدمی کی نگاہ اندرونِ خانہ نہ پڑے۔"

اور یہی حدیث ایک دوسری سند کے ساتھ جو حضرت سفیان سے مروی ہے اس میں لَوْ اَعْلَمُ اَنَّ کی جگہ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّکَ کے الفاظ آئے ہیں۔ اور شیخین نے اس حدیث کی روایت پر اتفاق کیا ہے۔

۸۳۱ ۶۰/۱۱ امام قاسم بن اصبغ بن محمد بن یوسف قرطبی

آپ کی کنیت ابو محمد ہے بنو امیہ کی طرف نسبت کی وجہ سے اموی کہلاتے ہیں۔ اعلیٰ پایہ کے حافظِ حدیث اور اندلس کے محدث ہیں، اپنے ملک میں بقی بن مخلد، محمد بن وضاح، اصبغ بن خلیل اور محمد بن عبد السلام سے، مکہ میں محمد بن اسماعیل صائغ، بغداد میں محمد بن جہم سمری، جعفر بن محمد بن شاکر، ابو محمد بن قتیبہ، حارث بن اسامہ، ابن ابی الدنیا، ابو اسماعیل سلمی، اسماعیل قاضی (ان سے بہت زیادہ استفادہ کیا) اور ابن ابی خیثمہ سے (ان سے تاریخ لکھی) اور کوفہ میں وکیع کے شاگرد ابراہیم بن عبد اللہ عبسی سے حدیث کا سماع کیا۔ امام ابو داؤد سے استفادہ نہیں کر سکے مگر ان کی سنن کی طرز پر ایک کتاب السنن لکھی ہے۔ مسند امام مالک، کتاب بر الوالدین، صحیح مسلم کے طریقہ پر ایک صحیح، کتاب المنتقی فی الآثار اور ان کے علاوہ بھی متعدد کتابیں تصنیف کی ہیں۔ انساب کے بیان میں بھی ان کی ایک بہت عمدہ تصنیف ہے۔ علماء بیان کرتے ہیں کہ آپ فنِ حدیث اور علم الرجال کے بڑے ماہر تھے، نامور ادیب اور اعلیٰ درجہ کے فقیہ تھے۔ فقہاء ان سے فقہی مسائل حل کرنے میں مشورہ لیتے تھے آخر میں عمر رسیدہ ہونے کی وجہ سے اکثر بھول جاتے تھے۔ ابھی اختلاط تک نوبت نہیں پہنچی تھی کہ آپ نے اپنے علم کی حفاظت کے پیشِ نظر آئندہ پڑھانا بند کر دیا۔

ان سے ان کے پوتے قاسم بن محمد، حافظ عبد اللہ بن محمد باجی، عبد الوارث بن سفیان، عبد اللہ بن نصر، محمد بن احمد بن مفرج، ابو عثمان سعید بن نصر، احمد بن قاسم تاہرتی، قاسم بن محمد بن عسلون، ابو عمر احمد بن حسور اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ اس ملک میں علوِ اسناد، حفظ و اتقان اور جلالت و امامت ان پر ختم تھی۔ اکثر علماء ان کی مدح و ثناء میں رطب اللسان تھے۔ جمادی اولیٰ ۳۴۰ھ میں قرطبہ میں انتقال فرمایا۔ اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی وفات پائی۔ ماوراء النہر کے عالم اور محدث

امام علامہ ابو محمد عبداللہ بن محمد بن یعقوب بن حارث حارثی بخاری "استاذ" کے لقب سے ملقب تھے۔ مسند امام ابو حنیفہ کے مؤلف ہیں ۸۲ سال عمر پائی۔ شیخ العربیہ ابو القاسم عبدالرحمان بن اسحاق نہاوندی زجاجی کتاب "الجمل" کے مصنف ہیں بغداد میں فوت ہوئے۔ بغداد میں شافعیہ کے امام ابن سریج کے تلمیذ ابو اسحاق ابراہیم بن احمد مروزی۔ ابن ابی الدنیا کی تصانیف کے راوی ابو علی حسین بن صفوان برذعی۔ المسند ابو جعفر محمد بن یحیی بن عمر بن علی بن حرب طائی موصلی اور عراق کے شیخ الحنفیہ ابو الحسن کرخی ان کا نام عبیداللہ بن حسن بن دلال ہے ۸۰ سال عمر پا کر وفات پائی۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت عبدالرحمان بن معاذ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں خطبہ دیا اس میں مہاجرین کو مسجد کے سامنے اور انصار کو مسجد کے پیچھے اترنے کا حکم دیا اور دوسرے لوگوں نے ان کے پیچھے ڈیرا ڈالا۔"

۸۳۲ ۶۱/۱۱ امام علی بن حمشاد نیشابوری

آپ کی کنیت ابو الحسن ہے نیشابور کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث، اور مختلف کتابوں کے مصنف ہیں۔ حسین بن فضیل، فضل شعرانی، عباس بن ابی اسامہ، ابراہیم بن دیزیل، اسماعیل قاضی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا ان سے امام حاکم نے روایت کی ہے ان کی بڑی تعریف کی ہے اور ان کی تعظیم و تکریم میں بہت مبالغہ کیا ہے آپ نے ایک مسند ۴۰ اجزاء، احکام ۲۶۰ اجزاء اور تفسیر ۱۰ جلدوں میں تصنیف کی ہے آپ سے ابو احمد حاکم نے بھی روایت کی ہے اور لکھا ہے میں نے اپنے مشائخ میں دیانت اور تصنیف کے لحاظ سے کسی کو ان سے زیادہ پختہ کار اور قابل اعتماد نہیں دیکھا۔ ابن مندہ اور ابو علی بن شاذان کو بھی آپ سے شرف تلمذ حاصل ہے آپ کے صاحبزادہ کا بیان ہے کہ میرے والد سے کبھی تہجد کی نماز چھوٹی نہ تھی۔ شوال ۳۸۰ھ میں فوت ہوئے رحمہ اللہ تعالیٰ

۸۳۳ ۶۲/۱۱ امام قطان قزوینی

آپ کی کنیت ابو الحسن اور نام گرامی علی بن ابراہیم بن سلمہ ہے قزوین کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور گرامی قدر مذہبی پیشوا ہیں۔ قزوین کے مشہور محدث اور نامور عالم ہیں ۲۵۴ھ میں پیدا ہوئے طلب علم کے لیے سفر کیا اور مختلف شیوخ سے حدیث کا بہت ذخیرہ جمع کیا امام ابو حاتم رازی، ابراہیم بن دیزیل سفینہ، محمد بن خریج ازرق، قاسم بن محمد دلال، عباس بن ابی اسامہ، ابو عبداللہ ابن ماجہ صاحب سنن، اسحاق بن ابراہیم دبری، حسن بن عبدالاعلی بوسی، یحیی بن ابک قزوینی اور ان کے سوا بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا ان سے حافظ زاہر بن طاہر ابو احمد، ابو الحسن نحوی، احمد بن علی بن ماس، قاسم بن ابی المنذر خطیب، ابو سعید عبدالرحمان بن حمد قزوینی، ابو الحسین احمد بن فارس لغوی اور دوسرے لوگ مستفید ہوئے۔ احمد بن نصر شذانی نے ان سے نسائی کی قرأت سنی جو انہوں نے حسن بن علی ازرق سے حاصل کی تھی۔ خلیلی کہتے ہیں ابو الحسن وہ شیخ ہیں جو سب علوم تفسیر، فقہ، نحو، اور لغت وغیرہ جانتے تھے ان کے تین بیٹے محمد، حسن، اور حسین جوانی میں ہی فوت ہو گئے تھے

میں نے قزوین کے شیوخ کی ایک جماعت سے سُنا ہے فرماتے تھے ابوالحسن نے علم وفضل اور زہد و عبادت میں اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ انہوں نے ۳۰ سال مسلسل روزے رکھے، روٹی اور نمک سے روزہ افطار کرتے تھے۔ ان کی خوبیاں اور فضائل ومناقب ان گنت ہیں رحمہ اللہ تعالیٰ۔

ابن فارسی نے اپنی کسی تحریر میں کہا ہے میں نے ابوالحسن قطان سے عمر رسیدہ ہونے کے بعد سُنا فرماتے تھے جب میں نے طلبِ علم کے لیے سفر کیا اس وقت مجھے ایک لاکھ حدیث حفظ تھی لیکن آج مجھے ایک سو حدیث بھی ٹھیک طرح یاد نہیں ہے میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے بھی سُنا ہے میری نظر جاتی رہی ہے اور میں سمجھتا ہوں یہ مجھے سفر کے دوران زیادہ باتیں کرنے کی سزا ملی ہے۔ میں کہتا ہوں ۳۴۵ھ میں فوت ہوئے۔ اس سال مندرجہ ذیل علماء کرام نے بھی دارِ بقا کی طرف کوچ فرمایا۔ مسند ابوبکر احمد بن سلیمان بن ایوب عباد انی، ابوالقاسم اسماعیل بن یعقوب بن ابراہیم بن جراب بغدادی ان کی عمر ۸۳ سال تھی، محدثِ مرو ابو احمد بکر بن محمد بن حمدان صیرفی، شیخ الشافعیہ، ابوعلی حسن بن حسین بن ابی ہریرۃ بغدادی۔ محدث ابوعمرو عثمان بن محمد بن احمد سمرقندی مصر میں فوت ہوئے، ثعلب کے غلام ابوعمر محمد بن عبدالواحد زاہد، ابوبکر محمد بن عباس بن نجیح، ابوبکر محمد بن علی بن احمد رستم بادرانی ۸۸ سال کی عمر میں مصر میں فوت ہوئے، ابوبکر کرم بن احمد بن مکرم قاضی بغداد میں وفات پائی اور مروج الذہب کے مصنف علامہ ابوالحسن علی بن حسین مسعودی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ہمارے لیے مونچھیں کترانے، زیرِ ناف بال مونڈنے، بغلوں کے بال اکھاڑنے اور ناخن تراشنے میں وقت مقرر کر دیا گیا کہ ہم ان میں چالیس دن سے زیادہ تاخیر نہ کریں۔"

۸۳۴ ۶۳/۱۱ امام خیثمہ بن سلیمان بن حیدرہ قرشی طرابلسی

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے طرابلس کے رہنے والے قابلِ اعتماد حافظِ حدیث اور ملک شام کے نامور محدث ہیں ابو عتبہ احمد بن فرج حمصی، حافظ محمد بن عوف، ابراہیم بن عبداللہ قصار، حسین بن محمد بن ابی معشر، امام سفیان بن عیینہ کے تلمیذ خاص محمد بن عیسیٰ بن حیان مدائنی، عبداللہ بن ابی مرہ مکی، اسحاق دبری، عباس بن ولید بیروتی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ تحصیلِ علم کے لیے عراق، حجاز اور یمن کا سفر کیا، علم کا ذخیرہ جمع کیا اور کتابیں تصنیف کیں ان سے ابوالحسن صیدلانی، تمام رازی، ابوعبداللہ بن مندہ، ابونصر بن ہارون، ابوعبداللہ بن ابی کامل طرابلسی، عبدالرحمان بن ابی نصر تمیمی اور دوسرے بہت سے لوگوں نے اکتسابِ فیض کیا۔ ابن ابی کامل کہتے ہیں آپ ۲۵۰ھ میں پیدا ہوئے لیکن عبید بن احمد بن فطیس نے کہا ہے میں نے ان سے پوچھا تو فرمایا میری پیدائش ۲۲۷ھ میں واقع ہوئی تھی میں کہتا ہوں پہلا قول صحیح ہے۔ خطیب کہتے ہیں خیثمہ ثقہ ہیں ان میں صحابہ کرام کی خوبیاں جمع تھیں۔ ابن ابی کامل کہتے ہیں میں نے خیثمہ سے سُنا ہے فرماتے تھے میں ایک دفعہ سمندر میں سوار ہوا۔ میرا ارادہ تھا کہ جبلہ پہنچ کر یوسف بن بحر سے حدیث کا سماع کروں۔ پھر میں انطاکیہ جانے کے لیے جہاز پر سوار ہوا تو راستہ میں بحری قزاقوں نے ہمیں گھیر لیا ہم نے ان سے لڑائی کی مگر کامیابی نہ ہوئی انہوں نے ہمارے جہاز پر قبضہ

کر لیا اور مجھے پکڑ کر پیٹنے لگے پھر قیدیوں کے نام لکھنے شروع کیے تو مجھ سے پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ میں نے کہا میرا نام خیثمہ ہے ان کا آفیسر بولا لکھو حمار بن حمار (خر پسر خر) ان کی مار پیٹ سے میں بیہوش ہو گیا مجھے نیند آئی تو میں نے خواب میں دیکھا کہ جنت میرے سامنے ہے اور اس کے دروازے پر حور عین کی ایک جماعت کھڑی ہے ان میں سے ایک حور نے کہا اے بدنصیب تم کس سعادت سے محروم ہو گئے؟ دوسری نے پوچھا کس سعادت سے محروم ہو گیا ہے؟ بولی اگر قتل ہو جاتا تو اب جنت میں حوروں کے ساتھ ہوتا دوسری نے اس کو جواب دیا اسے اللہ تعالیٰ اسلام کی عزت اور شرک کی رسوائی کی صورت میں شہادت سے سرفراز کرے تو یہ اس کے حق میں بہتر ہے اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ کہتے ہیں میں نے خواب میں یہ بھی دیکھا کسی نے مجھ سے کہا سورۃ براءۃ پڑھو چنانچہ میں نے سورۃ براءۃ فسیحوا فی الارض اربعۃ اشہر تک پڑھی اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ جب خواب دیکھنے کے بعد چار مہینے پورے ہوئے تو مجھے سے نجات مل گئی۔ ابن ابی کامل کہتے ہیں ایک دفعہ میں نے دمشق میں امام ثوری کی اس سند کے ساتھ یہ حدیث بیان کی:

"عن طلحۃ بن عمرو عن عطاء عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اطلبوا الخیر عن احسان الوجوہ (یعنی خوبصورت چہروں والوں کے پاس بھلائی طلب کرو)"

قاضی زکریا بلخی نے اس کے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور مزید اطمینان کے لیے کوفہ میں ایک قاصد بھیجا وہ اس کے متعلق ابن عقدہ سے پوچھ کر آئے۔ ابن عقدہ نے ان کی طرف لکھ بھیجا کہ یہ حدیث سری بن یحییٰ نے فلاں تاریخ کو بیان کی تھی۔ قاضی بلخ نے میری کتاب لے کر تاریخ کا مقابلہ کیا تو اس کو درست پایا پھر مجھ سے معافی مانگنے لگے لیکن میں نے انہیں معاف نہیں کیا۔ میں کہتا ہوں یہ حدیث سری نے عن قبیصہ عن سفیان کی سند سے روایت کی ہے۔ عبید بن قطیس کہتے ہیں امام خیثمہ کا ذی قعدہ ۳۴۳ھ میں انتقال ہوا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت حسن بصری کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:

"صحابہ کرام اس بات کو مستحب سمجھتے تھے کہ باوضو ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں"

۳۴۳ھ میں حسن بن عرفہ کے آخری شاگرد ابوالحسن علی بن فضل ستوری سامری نے انتقال فرمایا یہ عمر رسیدہ و ریاست کو بزرگ تھے نیز اسی سال محدث کوفہ ابوالحسن علی بن محمد بن عقبہ شیبانی نے داعی اجل کو لبیک کہا۔

۸۳۵ ۶۴/۱۱ الامام المفید الاصم النیسابوری

آپ کی کنیت ابوالعباس اور نام محمد بن یعقوب بن یوسف ہے بنو امیہ کی طرف نسبت ولاء کی وجہ سے اموی کہلاتے ہیں نیسابور کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث اور مشرق کے نامور محدث ہیں کانوں سے بہرے تھے لیکن یہ پسند نہیں کرتے تھے کہ انہیں کوئی بہرہ کہے۔ امام حاکم کہتے ہیں انہیں بہرہ پن کی شکایت سفر سے واپس آنے کے بعد پیدا ہوئی پھر اس میں اتنی شدت ہوئی کہ کدھے کا چلانا بھی نہیں سن سکتے تھے۔ بلا نزاع اپنے زمانہ کے ممتاز محدث تھے میں نے ان سے سنا ہے فرماتے تھے میری پیدائش ۲۴۷ھ میں ہوئی تھی۔ انہوں نے احمد بن یوسف اور احمد بن ازہر

سے سماع کیا ہے لیکن ان سے ان کے سماع کی کتاب گم ہوگئی تھی اس لیے ان دونوں سے کوئی حدیث بیان نہیں کرتے تھے۔ آپ کے والد جلیل القدر محدث یعقوب وراق ۲۶۵ھ میں ان کو سفر میں اپنے ساتھ لے گئے تھے چنانچہ آپ نے اصفہان میں ہارون بن ہارون بن سلیمان اور اسید بن عاصم سے، مکہ میں احمد بن شیبان رملی سے، مصر میں ابن عبدالحکم، ربیع، بحر بن نصر، ابراہیم بن منقذ اور بکار بن قتیبہ سے، عسقلان میں احمد بن فضل حمائغ سے، بیروت میں عباس بن ولید سے، دمشق میں ابن ملاس اور یزید بن عبدالصمد سے، حمص میں ابو مثلبہ حجازی اور محمد بن عوف طائی سے، طرسوس میں حافظ ابو امیہ سے، رقہ میں محمد بن علی بن میمون سے، کوفہ میں حسن بن علی بن عفان، ابن عیینہ کے شاگرد سعید بن محمد جوانی اور احمد بن عبدالجبار عطاردی سے، اور بغداد میں زکریا بن یحیٰی مروزی، ابو جعفر بن منادی، دوری، صاغانی اور متعدد دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ہمیں ابوالولید حسان بن محمد، ابو عبداللہ بن اخرم، ابوبکر نقیبی، یحیٰی عنبری، اور حافظ ابو علی نیشاپوری نے حدیث بیان کی ہے۔ ان سے ایک اور جماعت نے بھی حدیث بیان کی ہے جن میں سے قابل ذکر یہ ابو عمرو حیری، مؤمل بن حسن اور ابو علی ثقفی لیکن میری ان سے ملاقات نہیں ہوسکی۔

میں کہتا ہوں ابن مندہ نے ان سے بہت زیادہ علم حدیث حاصل کیا ہے ان کے علاوہ حاکم، ابو عبدالرحمان سلمی، یحیٰی بن ابراہیم مزکی، ابوبکر حیری، ابو سعید عیرفی، محمد بن ابراہیم جرجانی، ابو صادق محمد بن احمد بن ابی الفوارس، ابوبکر محمد بن محمد بن رجاء، عبدالرحمان بن محمد بن بالویہ، ابن مخمش زیادی، ابو زید عبدالرحمان بن محمد قاضی، محمد بن محمد بالویہ، ابو سعید مسعود بن محمد جرجانی، حسین بن عبدان تاجر، احمد بن محمد نوقانی، اسحاق بن محمد سوسی، علی بن محمد بن محمد طرازی، ابوبکر محمد بن علی بن رشید، احمد بن محمد بن حسین بیلقانی، حسین بن احمد معاذی اور منصور بن حسین نے ان سے اکتساب فیض کیا۔ ان کے تلامذہ میں سے مؤخر الذکر منصور بن حسین نے طرازی کے ساتھ ۴۲۲ھ میں وفات پائی۔ یہ دونوں آپ کے تلامذہ میں سے آپ کے آخری شاگرد ہیں۔ حافظ ابو نعیم ان سے بھی متاخر ہیں لیکن انہوں نے ان سے پڑھا نہیں بلکہ اجازۃً ان سے شرف تلمذ حاصل کیا ہے اور یہ دنیا میں واحد شخص ہیں جس نے ان سے اس طرح کسب فیض کیا۔

حاکم فرماتے ہیں انہوں نے ۷۰ سال حدیث کا درس دیا۔ ان کی راست گوئی اور صحت سماع میں کوئی اختلاف نہیں اور حفظ و اتقان میں اپنے والد کے ہم رتبہ ہیں۔ انہوں نے اپنی مسجد میں ۷۰ سال اذان کہی ہے۔ آپ بڑے خلیق، ملنسار اور دل کے غنی تھے۔ بعض اوقات تنگدستی اور محتاجی کا شکار ہوجاتے تو کتابیں لکھ کر اس کی اجرت پر گذر بسر کرتے تھے۔ حدیث پڑھانے پر معاوضہ لینا مکروہ سمجھتے تھے۔ آپ کے وراق اور آپ کے صاحبزادے ابو سعید کبھی لوگوں سے اجرت طلب کر لیتے تھے جسے آپ مکروہ سمجھتے تھے لیکن ان کی مخالفت بھی نہیں کر سکتے تھے۔ ان سے حسن بن حسین بن منصور نے کتاب الرسالہ کا سماع کیا ہے پھر ان کے پوتے عمرو نے بھی ان سے اس کا سماع کیا ہے۔ جتنے لوگ اکتساب فیض کے لیے ان کے پاس آتے تھے میں نے کسی شہر میں اتنے لوگ کسی دوسرے عالم کے پاس جاتے نہیں دیکھے۔ میں نے ان سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے ۲۷۰ھ سے کچھ سال بعد فراء کی "کتاب معانی القرآن" کا درس دینا شروع کر دیا تھا۔ میں نے محمد بن حامد سے سنا ہے کہتے تھے میں نے ابو حامد اعشی سے سنا ہے فرماتے تھے ہم نے ۲۷۵ھ میں ابو العباس بن یعقوب وراق سے

محمد بن عبدالوہاب۔ افراد کی مجلس میں علم کثیر لکھا ہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں میں نے محمد بن فضل بن خزیمہ سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے اپنے دادا امام ائمہ ابن خزیمہ سے سنا ہے ان سے کسی نے امام شافعی کی کتاب المبسوط کے متعلق کچھ پوچھا تو فرمانے لگے اس کا ابوالعباس ثقہ سے سماع کرو وہ ثقہ ہیں اور میں نے ان کو مصر میں اس کا سماع کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ امام عبدالرحمان بن ابی حاتم کہتے ہیں ابوالعباس وراق کے بغیر کتاب المبسوط کا کوئی راوی باقی نہیں رہا اور ہمیں اطلاع ملی ہے کہ وہ ثقہ اور صدوق ہیں۔ امام حاکم کہتے ہیں میں نے حافظ ابوعلی نیساپوری کا وہ خط پڑھا ہے جس میں وہ اصم کو ان احادیث سے رجوع کرنے کی ترغیب دیتے ہیں جو لوگوں نے جعل سازی سے ان کی احادیث میں داخل کر دی ہیں۔ اس کے جواب میں اصم نے لکھا جو شخص میری طرف سے یہ احادیث بیان کرے وہ کذاب ہے یہ میری کتاب میں نہیں ہیں اور میں نے ابوعمرو احمد بن مبارک مستملی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی یہ تحریر پڑھی ہے: حدثنی محمد بن یعقوب بن یوسف الوراق انا بشر بن بکر آگے اس سند سے دو حدیثیں ذکر کی ہیں۔ میں کہتا ہوں یہ مستملی بڑی لمبی عمر کے ہیں قتیبہ اور ان کے طبقہ کے دوسرے لوگوں سے روایت کرتے ہیں ۳۸۴ھ میں فوت ہوئے۔

امام حاکم فرماتے ہیں میں ایک دن امام اصم کی خدمت میں حاضر تھا عصر کی اذان کہنے کے لیے نکلے (فارغ ہو کر اذان کی بجائے) اونچی آواز سے کہنے لگے انا الربیع بن سلیمان انا الشافعی پھر ہنس پڑے اور لوگ بھی یہ سن کر ہنسنے لگے پھر اذان کہی ۳۰۰ھ کا واقعہ ہے۔ ایک دن وہ ہمیں پڑھانے کے لیے گھر سے باہر نکلے جب شہر کے لوگوں اور اجنبیوں کو اس کثرت سے دیکھا کہ گلی بھر گئی ہے اور وہ ان سے پڑھنے کے لیے ان کا دروازہ کھٹکھٹا رہے ہیں تو مسجد کی دیوار پر بیٹھ گئے اور رونے لگے جب طبیعت کچھ ہلکی ہوئی تو مستملی سے کہا لکھو: نا الصاغانی سمعت ابا یعلی الشیخ یقول سمعت ابن ادریس یقول اتیت باب الاعمش بعد موتہ فدققت بابہ فاجابتنی امراۃ ہای باکی تبکی وقالت یا ابا عبداللہ ما فعل جمابیر العرب التی کانت تاتی بذا الباب: یعنی امام ابن ادریس کہتے ہیں میں ایک دن کوفہ کے نامی گرامی محدث امام اعمش کی وفات کے بعد آیا اور ان کے دروازے پر دستک دی ایک عورت باہر نکلی جو مجھے دیکھتے ہی ہائے ہائے کرنے لگی اور کہنے لگی اے ابو عبداللہ اب کے وہ گروہ در گروہ لوگ اب کہاں گئے جو اس دروازہ پر آیا کرتے تھے؟ یہ کہہ کر وہ پھر چیخ چیخ کر رونے لگی اور کہا یوں لگتا ہے کہ تم میں سے بھی کوئی اس گلی میں نہیں آیا کرے گا میں سن نہیں سکتا نظر کمزور پڑ گئی ہے۔ کوچ کا وقت نزدیک آگیا ہے اور مدت عمر ختم ہو گئی ہے۔ چنانچہ اس واقعہ کے بعد مہینہ یا اس سے بھی کچھ عرصہ کم کر کے ان کی نظر بالکل بند ہو گئی اور مستفیدین کی آمد کا سلسلہ ہمیشہ کے لیے منقطع ہو گیا۔ اب حالت یہ ہوتی کہ ان کے ہاتھ میں قلم دیا جاتا تھا جب قلم ہاتھ میں لیتے تو سمجھ جاتے کہ مجھ سے روایت بیان کرنے کا مطالبہ ہو رہا ہے اس لیے حدثنا الربیع کہہ کر وہ چند احادیث بیان کرتے جو ان کو یاد رہ گئی تھیں اور وہ کل چودہ حدیثیں اور سات حکایتیں تھیں بعد میں ان کی حالت اور بھی قابل رحم ہو گئی اور ربیع الآخر ۳۴۶ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

اس سال مندرجہ ذیل علماء دنیا سے دامن کو چھڑا کر عالم بقا کی راہ سدھارے۔ ابن وہب کے تلامذہ کے راوی مسند مصر ابوالحسن احمد بن یحزاد سیرانی، مسند اصفہان ابوجعفر احمد بن جعفر بن حمدان سمسار، مسند نیساپور ابوالحسن احمد بن محمد

بن عبدوس عنزی طرائفی، مسندِ بلاد عجم ابو محمد عبداللہ بن جعفر بن احمد بن فارس اصفہانی، مسندِ بغداد ابوالحسین عبدالصمد بن علی طستی، امام ترمذی کے تلمیذِ خاص مسندِ مرو ابوالعباس محبوبی محمد بن احمد بن محبوب، امام ابوداؤد سجستانی کے تلمیذ مسندِ بصرہ محدث محمد بن بکر بن داستہ تمار، مسندِ بخارا محدث ابو جعفر محمد بن محمد بن عبداللہ بن حمزہ بغدادی جمال اور محمد بن وضاح کے تلمیذِ خاص مسندِ اندلس ابوالحزم وہب بن مسرہ تمیمی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ایک شخص نے پوچھا اے اللہ کے رسول! قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا تم نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے کوئی زیادہ عمل نہیں بتائے سوائے اس کے کہ اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت ہے۔ انس کہتے ہیں آپ نے فرمایا جن سے تمہیں محبت ہے تم ان کے ساتھ ہو گے۔"

۸۳۶ ۶۵/۱۱ امام ابنِ اخرم نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوعبداللہ، نام محمد بن یعقوب بن یوسف شیبانی اور لقب ابنِ اخرم ہے۔ نیسابور کے رہنے والے بہت بڑے حافظِ حدیث ہیں۔ آپ کے والد ابنِ کرمانی کے لقب سے مشہور تھے۔ ابنِ اخرم ۲۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور امام محمد بن یحییٰ ذہلی کے جنازہ میں شرکت کی، علی بن حسن ہلالی، ابراہیم بن عبداللہ سعدی، محمد بن عبدالوہاب فراء، یحییٰ بن محمد ذہلی حیکان، ہشام بن صدیق اور ان کے علاوہ بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ طلبِ علم کے لیے انہوں نے سفر نہیں کیا اور جو کچھ پڑھا نیسابور ہی میں پڑھا۔ ان سے ابوبکر بن اسحاق صبغی، حسان بن محمد فقیہ، ابوعبداللہ حاکم، یحییٰ بن ابراہیم مزکی، محمد بن اسحاق بن مندہ اور دوسرے بہت سے لوگ فیض یاب ہوئے۔

امام حاکم فرماتے ہیں یہ ابن شرقی کے بعد ہمارے شہر میں اہلِ حدیث کے صدر اور پیشوا تھے ان کو حدیث حفظ تھی اور اس کو سمجھتے بھی تھے، انہوں نے صحیح مسلم پر ایک مستخرج لکھا اور یہ کتاب انہوں نے ابوالعباس سراج کے کہنے پر لکھی تھی میں نے ابوعبداللہ سے کئی دفعہ یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ اس کتاب کے لکھنے میں میری عمر کا بہت سا حصہ صرف ہو گیا انہوں نے صحیحین سے ایک مجموعہ کا انتخاب کیا اور اس کا نام "المختصر الصحیح المتفق علیہ" رکھا میں نے بعد میں ان کو افسوس کرتے ہوئے سنا ہے فرماتے تھے ہمارے لیے اس سے بہتر یہ تھا کہ ہم مزید صحیح احادیث کی جستجو اور تلاش میں کوشش کرتے۔ ابوعبداللہ علم نحو کے بہت ماہر تھے کبھی عربی لکھنے اور بولنے میں آپ کی غلطی نہیں پکڑی گئی۔ علل حدیث اور علم الرجال میں بھی بے حد درک حاصل تھا۔ میں نے محمد بن صالح بن ہانی سے سنا ہے فرماتے تھے امام الائمہ ابن خزیمہ ان کو ان کے اکثر اقران پر ترجیح دیتے اور ان سے جو سوالات پوچھتے تھے ان میں ان کی بات پر اعتماد کرتے اور اگر انہیں کسی چیز میں شک ہوتا تو ان کی طرف رجوع کرتے تھے۔

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت عائشہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا تھا اس وقت میں نے آپ کو خوشبو لگائی تھی اور

بیت اللہ کا طوافِ زیارت کرنے سے پہلے بھی میں نے آپ کو منیٰ میں خوشبو لگائی تھی۔"

حافظ ابن اخرم جمادی اخریٰ ۳۴۴ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ اسی سال بغداد میں شیخ القراء ابوالحسین احمد بن عثمان بن ثوبان، محدثِ دمشق ابو یعقوب اسحاق بن ابراہیم بن ہاشم اذرعی زاہد، مسندِ بغداد ابوبکر عثمان بن احمد بن سماک دقاق، فقیہ مصر شیخ الشافعیہ ابوبکر محمد بن احمد ابن حداد کنانی، مسندِ حلب محدث یحییٰ بن حسن تمیمی بغدادی علاف اور مفسر محدث علامہ ابوزکریا یحییٰ بن محمد عنبری نیسابوری نے دنیائے دون کو چھوڑ کر عالم آخرت کی طرف سفر کیا۔ ہماری سند سے ان کی عالی احادیث ثقفیات وغیرہ میں موجود ہیں۔

۸۳۷ ۶۶/۱۱ امام عبدالمؤمن بن خلف بن طُفَیل نسفی تمیمی

آپ کی کنیت ابویعلیٰ ہے نسف کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں اور خاندان بنو تمیم سے تعلق رکھتے ہیں مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی کی کہ میرے بندوں میں کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ مجھ سے ساری جنت مانگیں تو میں انہیں ساری جنت دے دوں گا اور اگر وہ مجھ سے دنیا میں کوے کو میٹھ سے لٹکانے والا تسمہ مانگیں تو میں انہیں وہ نہیں دوں گا میں چاہتا ہوں کہ ان کے لیے ہر تسمہ کا نامہ آخرت میں ذخیرہ کردوں الحدیث۔"

یہ حدیث منکر ہے اور اس کی سند میں متعدد راوی مجہول ہیں۔ عبدالمؤمن ۲۵۰ھ میں پیدا ہوئے اور اپنے دادا ابوحامد رازی، ابویحییٰ بن ابی مسرہ مکی، اسحاق بن ابراہیم دبری، ابوربیع روح بن فرج قطان، علی بن عبدالعزیز بغوی وغیرہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کا تعلق علمائے ظاہریہ سے تھا تمام درسی کتابیں محمد بن داؤد ظاہری سے پڑھی تھیں اس سے انہیں والہانہ محبت تھی اور اہلِ قیاس کے حق میں نقل فرماتے تھے صالح، نیکوکار اور عابد زاہد تھے ان سے عبدالرحمٰن بن مروان میدانی، احمد بن عمار بن عصمہ نسفی، یعقوب بن اسحاق نسفی، ابوعلی منصور بن عبداللہ ہروی، ابونصر احمد بن محمد حافظ ہروی وغیرہ لوگ روایت کرتے ہیں۔

جب شیخ معتزلہ ابوالقاسم کعبی شہر نسف میں آیا تو حافظ عبدالمؤمن کے سوا سب اہل نسف نے اس کی بہت تعظیم و تکریم کی یہ اس سے ملنے کے لیے بھی نہ آئے تو کعبی کہنے لگا ہم خود ان کے پاس جائیں گے جب یہ ان کے پاس آیا تو حافظ صاحب موصوف نے نہ صرف یہ کہ اس کی تعظیم کے لیے کھڑے نہیں ہوئے بلکہ اس کی طرف مڑ کر بھی نہیں دیکھا۔ کعبی نے یہ کہہ کر اپنی شرمندگی پر پردہ ڈالا کہ شیخ محترم ہمارے لیے کھڑے ہونے کی زحمت نہ فرمائیں۔ پھر کھڑے کھڑے ان کے حق میں چند دعائیہ فقرے کہے اور واپس چلا آیا۔ ابوجعفر محمد بن علی نسفی کہتے ہیں میں شہر مرو میں شیخ ابویعلیٰ کے جنازہ میں حاضر ہوا تو ہمیں ڈھولوں اور باجوں کی اس طرح آوازیں سنائی دینے لگیں جیسے فوج کے کوچ کے وقت سنائی دیتی ہیں ہم نے سمجھا کہ فوج آرہی ہے اور ہم کہنے لگے کاش ہم ان کے آنے سے پہلے جنازہ پڑھ کر فارغ ہو جاتے

Marfat.com

جب وہ اٹھے اور نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو آوازیں بند ہو گئیں اور اس رات سناٹا چھایا جیسے شور ہوا ہی نہیں تھا۔ پھر میں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی انسان ابو یعلیٰ کی نعش کے سرہانے پر کھڑا کہہ رہا ہے جو شخص صراطِ مستقیم پر چلنے کا خواہشمند ہے وہ ابو یعلیٰ کے طریقہ کو لازم پکڑے۔ ابو یعلیٰ کا بمادی اخریٰ ۳۴۶ھ میں انتقال ہوا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

مجھے پانچ سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رات کے وقت تنزیل السجدہ، الملک اور تبارک پڑھے گا تو یہ سورتیں اس کے لیے نور یا شیطان سے بچاؤ کا ذریعہ ہوں گی اور ان کے پڑھنے سے اس کے درجے بلند ہوں گے۔"

۸۳۸ ۶۰/۱۱ شیخ العلماء امام نجاد حنبلی بغدادی

آپ کی کنیت ابو بکر، نام احمد بن سلمان بن حسن اور لقب نجاد ہے۔ بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور نامور فقیہ ہیں ۲۵۲ھ میں پیدا ہوئے۔ یحییٰ بن جعفر بن زبرقان، احمد بن ملاعب، حسن بن مکرم، امام ابو داؤد سجستانی، ابو بکر بن ابی الدنیا، احمد بن محمد برتی، اسماعیل بن اسحاق، بلال بن ملال اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ خطیب کہتے ہیں ثقہ اور عارف ہیں، انہوں نے سنن میں ایک ضخیم کتاب تصنیف کی ہے۔ ان کا جامع منصور میں ایک حلقہ جمعہ سے پہلے فتوے دینے کے لیے اور ایک حلقہ جمعہ کے بعد حدیث املا کرانے کے لیے تھا۔ ان سے ابو بکر قطیعی، دار قطنی، ابن شاہین، حاکم ابن مندہ، ابن رزقویہ، ابو الحسین بن بشران اور ان کے بھائی ابو القاسم، ابو علی بن شاذان، ابو بکر بن مردویہ اور دوسرے بہت سے لوگوں نے اکتسابِ فیض کیا ہے۔

ابو الحسن بن رزقویہ کہتے ہیں ابو بکر نجاد ہمارے ابن صاعد ہیں، ابو اسحاق طبری کہتے ہیں نجاد صائم الدہر تھے ہر رات ایک روٹی سے روزہ کھولتے اور اس سے ایک لقمہ بچا لیتے تھے جب جمعرات آتی تو اپنی روٹی صدقہ کر دیتے اور خود ہفتہ بھر کے جمع کیے ہوئے لقموں پر افطار کرتے۔ انہوں نے فقہ اور اختلاف میں ایک کتاب تصنیف کی تھی امام دار قطنی فرماتے ہیں نجاد نے کسی دوسرے کی کتاب سے وہ حدیثیں بیان کی ہیں جو ان کی اپنی کتابوں میں موجود نہیں ہیں خطیب کہتے ہیں یہ بعد میں نابینا ہو گئے تھے شاید اس وقت کسی نے یہ حدیثیں ان کو پڑھ کر سنائی ہوں گی۔ نجاد نے ذی الحجہ ۳۴۸ھ میں دنیائے دوں کو چھوڑ کر عالم بقا کی طرف رحلت فرمائی۔ اور اسی سال بغداد میں کبیر الصوفیہ محدث جعفر بن محمد بن نصیر خلدی، قاضی مصر و دمشق ابو بکر عبد اللہ بن علی بن حسن بن خطیب شافعی اور محدثِ کوفہ ابو الحسن علی بن محمد بن زبیر قرشی نے جانِ شیریں جانِ آفرین کے سپرد کی۔ مجھے [illegible] کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت سمرہ بن جندب کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کا جو نفاس کی حالت میں مر گئی تھی جنازہ پڑھا اور اس کے درمیان میں کھڑے ہوئے یہ حدیث امام بخاری نے اپنی صحیح میں، عن احمد بن ابی سریج عن شبابۃ عن شعبۃ عن حسین المعلم کی سند سے بیان کی ہے لیکن ہماری یہ سند اس سے دو درجے عالی ہے۔"

t.com

۸۳۹ ۶۸/۱۱ امام ثابت بن حزم بن عبدالرحمان بن مطرف سرقسطی

آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے سرقسطہ کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور حافظ حدیث ہیں۔ [illegible] بن عبدالسلام خشنی، مکہ مکرمہ میں محمد بن علی جوہری، مصر میں [illegible] اور [illegible] سے حدیث [illegible] حدیث، نحو، لغت، غریب اور شعر وغیرہ مختلف علوم و فنون میں ماہر اور صاحب [illegible] تھے۔ ابن الفرضی [illegible] ۲۱۳ھ میں فوت ہوئے اور ان کی عمر ۹۵ برس تھی۔ میرے پاس اسی طرح لکھا ہے شاید صحیح [illegible] برس [illegible] مفید کتابیں تصنیف کیں اور ان میں سے کتاب الدلائل بہت مشہور ہے سرقسطہ کے قاضی بھی رہے ہیں [illegible] وفات ۲۱۷ھ لکھی ہے مگر پہلی تاریخ صحیح ہے ان کے ایک صاحبزادے بہت [illegible] اور [illegible] عالم شباب میں انتقال کر گئے۔

۸۴۰ ۶۹/۱۱ امام حسن بن سعد بن ادریس قرطبی

آپ کی کنیت ابو علی ہے قرطبہ کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث ہیں [illegible] بہت زیادہ حدیث کا سماع کیا۔ پھر مکہ میں علی بن [illegible] بغوی، یمن میں اسحاق [illegible] قراطیسی سے اور بصرہ میں ابو مسلم کجی سے استفادہ کیا [illegible] تھے [illegible] اقوال کی طرف مائل تھے ابن فرضی کہتے ہیں مجلس مشاورت میں [illegible] کرتے تھے جب دیکھا کہ فتویٰ [illegible] ہے تو مجلس میں آنا بند کر دیا۔ لوگوں نے ان سے علم کا بہت سماع کیا ہے لیکن ان کا ضبط [illegible] پیدا ہوئے اور بروز جمعہ عرفہ کے دن [illegible] میں قرطبہ میں [illegible] اختیار [illegible]

۸۴۱ ۷۰/۱۱ امام ختلی بغدادی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور اسم گرامی عبدالرحمان بن [illegible] اپنے والد، اسماعیل قاضی، ابوبکر بن ابی الدنیا، ابو اسماعیل ترمذی [illegible] طبقہ سے حدیث [illegible] بن ثلاج، دارقطنی اور ایک دوسری جماعت حدیث بیان کرتی ہے [illegible] نے استفادہ کیا۔ خطیب نقل کرتے ہیں انہیں پچاس ہزار حدیث زبانی یاد تھی اور ان کا زبانی [illegible] تھے [illegible] ثقہ اور حافظ تھے۔ بصرہ میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔ دارقطنی فرماتے ہیں علمی [illegible] تصنیف [illegible] نیز حدیث کے حفظ و ضبط میں مصروف رہتے تھے [illegible] وفات کا پتہ نہیں چلا۔

ابوالقاسم تنوخی کہتے ہیں میرے والد بیان کرتے ہیں ابو عبداللہ ختلی بصرہ میں [illegible] حدیث کے ماہر [illegible] یادداشت کے مالک تھے۔ ان کے پاس کوئی کتاب نہیں تھی اس لیے کئی مہینوں تک زبانی حدیث بیان کرتے [illegible]

fat.com

میں حاضر ہوا تو فرمانے لگے اپنی کتابیں آنے سے پہلے میں پچاس ہزار احادیث زبانی املا کرا چکا تھا۔ اس کے بعد میری کتابیں آئیں۔

۸۴۲ ۷۱/۱۱ امام علی بن الفضل بن طاہر بلخی

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے بلخ کے رہنے والے قابلِ اعتماد حافظِ حدیث اور تحصیلِ علم کے لیے مختلف ممالک میں گھومنے پھرنے والے عالم ہیں۔ احمد بن سیار مروزی، ابوحاتم رازی، ابوقلابہ رقاشی، محمد بن فضل بلخی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ فراغت کے بعد خراسان اور بغداد میں حدیث پڑھانے میں مصروف ہوئے، ان سے امام دارقطنی روایت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں ثقہ اور حافظ ہیں۔ آپ سے استفادہ کرنے والوں میں ابن شاہین، یوسف قواس، عبداللہ بن عثمان صفار اور دوسرے لوگ شامل ہیں۔ خطیب نے ان کا تذکرہ کیا تو فرمایا حافظ اور ثقہ ہیں۔ حدیث کی طلب میں بہت گھومے غریب احادیث بہتہ بیان کرتے ہیں۔ ابوبکر بن شاذان بیان کرتے ہیں آپ نے ۳۲۲ھ میں بغداد میں انتقال فرمایا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت مغیرہ بن شعبہ کی یہ حدیث ملی ہے وہ منبر پر فرماتے تھے:

"میں ایک سفر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا، آپ راستہ میں قضا حاجت کے لیے چلے گئے جب واپس آئے تو میں آپ کے پاس پانی کا لوٹا لایا اس وقت آپ نے تنگ آستینوں والا جبہ پہن رکھا تھا آپ نے اپنا ہاتھ جبہ کے اندر سے نکالا، وضو کیا اور اپنے سر اور موزوں پر مسح فرمایا۔"

یہ روایت ابوالحسن کے افراد میں سے ہے۔

۸۴۳ ۷۲/۱۱ امام محمد بن حمدویہ بن سہل مروزی

آپ کی کنیت ابونصر اور لقب خازی (بالغار) ہے مرو کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں بعد میں بغداد میں آ بسے تھے۔ ابوداؤد سلیمان بن معبد سنجی، محمود بن آدم، ابوالموجہ اور ان کے طبقہ سے حدیث بیان کرتے ہیں ان سے ابن حیویہ، یوسف قواس، دارقطنی اور ابواحمد بن جامع وہان روایت کرتے ہیں۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں ہم سے محمد بن حمدویہ مروزی اور علی بن فضل بن طاہر نے حدیث بیان کی دونوں ثقہ، نبیل اور حافظِ حدیث ہیں۔ ایک قول کے مطابق ان کی وفات ۳۲۶ھ میں واقع ہوئی مگر صحیح وہ قول ہے جو حافظ غنجار نے ابوعمرو عثمان بن محمد بن حمدویہ سے نقل کیا ہے کہتے ہیں میرے باپ ۳۲۹ھ میں مرو میں فوت ہوئے تھے۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یارسول اللہ! کیا عمرہ واجب ہے اور حج کی طرح فرض ہے؟ آپ نے فرمایا نہیں مگر تمہارے لیے عمرہ کرنا بہتر ہے۔"

اس حدیث کے راوی عبیداللہ مغیرہ کے بیٹے ہیں یہ سند صالح ہے اس حدیث کو عبیداللہ سے یحییٰ کے سوا کسی نے بیان نہیں کیا اور یحییٰ غریب اور منکر روایات بیان کرتا ہے اس کے باوجود شیخین نے اس سے حجت پکڑی

ہے۔ واللہ اعلم

۸۴۴ ۷۳/۱۱ امام ابو عمر زاہد لغوی بغدادی

آپ کا اسم گرامی محمد بن عبدالواحد بن ابی ہاشم ہے بغداد کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور لغت کے بہت بڑے عالم ہیں غلام ثعلب کے لقب سے مشہور ہیں۔ موسیٰ بن وشاء، احمد بن عبیداللہ نرسی، ابراہیم بن ہیثم بلدی، احمد بن سعید جمال، کدیمی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ جہاں تک مجھے معلوم ہے یہ طلبِ علم کے لیے اپنے شہر سے باہر نہیں گئے ان سے ابن رزقویہ، حاکم، ابنِ مندہ، قاضی ابوالقاسم بن منذر، ابوالحسین بن بشران، علی بن احمد رزاز، ابو علی بن شاذان اور متعدد دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تصویر بناتا ہے اسے قیامت کے دن حکم دیا جائے گا کہ جس چیز کی تم نے تصویر بنائی ہے اسے زندہ کرو۔"

میں نے آئمہ علم کی کتابوں میں عموماً اور ابوعبید کی کتاب "غریب التصنیف" (؟) میں خصوصاً مدوّن دیکھی ہیں۔ عبدالواحد بن برہان کہتے ہیں میں نے متقدمین اور متاخرین میں سے کسی آدمی کو فنِ لغت میں ابو عمر سے خوب تر کلام کرتے نہیں دیکھا انہوں نے مسند احمد کو سامنے رکھ کر غریب الحدیث میں ایک کتاب لکھی ہے۔ یشکری نے ابو عمر کی وفات پر ان کے مرثیے میں کہا ہے:

فلو انّنی اقسمت ما کنت کاذبًا ۔۔۔ بأن لم یرَ الراؤون حبرًا یعادلہ

اگر میں قسم کھا کر کہوں کہ دیکھنے والوں نے ان کے برابر کوئی عالم نہیں دیکھا تو یہ جھوٹ نہیں ہوگا

اذا قلتُ شارفنا اواخر علمہ ۔۔۔ تفجر حتیٰ قلتُ ہذی اوائلہ

جب میں کہتا ہم ان کے علم کی انتہا کے قریب پہنچ گئے ہیں تو پھر ان کو علم کے دریا بہاتے دیکھ کر کہتا ہوں یہ تو ان کے علم کی ابتدا ہے۔

ابو عمر ۲۶۱ھ میں پیدا ہوئے اور ذی قعدہ ۳۴۵ھ میں وفات پائی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ علی بن حمشاذ[1] نیسابوری عادل اور متفق ہیں انہوں نے طلبِ حدیث کے لیے دُور دُور تک سفر کیا۔ ہم نے "طبقات الشیوخ" میں ان کا تذکرہ لکھا ہے اگر ان کا ذکر یہاں بھی کر دیا جائے تو مناسب ہے ان کی تصنیف کردہ مسند تین سو یا اس سے بھی زیادہ اجزاء پر مشتمل ہے۔ ۳۲۸ھ میں فوت ہوئے۔ امام حاکم نے ان سے بہت استفادہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

---

[1] معلوم ہوتا ہے پہلے مصنف نے ان کا یہاں بالاختصار ذکر کرنا کافی سمجھا پھر دوسری جگہ بھی قدرے تفصیل کے ساتھ ان کا ترجمہ لکھ دیا جیسا کہ نمبر ۱۱/۶۱ میں گذر چکا ہے اور یہاں ان کا ذکر جوں کا توں باقی رہ گیا ۱۲ محشی

fat.com

۸۱۵ ۹۴/۱۱ امام احمد بن عُبید بن اسماعیل صفّار بصری

آپ کی کنیت ابو الحسن ہے بصرہ کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے ایک کتاب السنن تصنیف کی ہے جس سے امام بیہقی نے بہت استفادہ کیا ہے اور اس سے بکثرت احادیث نقل کی ہیں۔ بغداد اور اہواز میں کدیمی، محمد بن فرج ازرق، محمد بن غالب تمتام، ابو اسماعیل ترمذی اور ان کے طبقہ سے علم حدیث حاصل کیا۔ اور ان سے دار قطنی، قاضی ابو عمر ہاشمی، علی بن قاسم بغدادی، ابو حسین بن جمیع، علی بن احمد بن عبدان شیرازی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ثقہ ہیں یہ کدیمی کے سوتیلے بیٹے ہیں، دار قطنی کہتے ہیں ثقہ اور ثبت ہیں اور انہوں نے ایک بہت عمدہ مسند تصنیف کی ہے۔ میں کہتا ہوں ان سے ابن عبدان نے ۳۵۱ھ میں سماع کیا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابی بن کعب کی یہ حدیث ملی ہے:

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ جعل مطعم ابن آدم مثلا للدنیا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے مطعم بن آدم کو دنیا والوں کے لیے مثال بنایا۔

ان کے طبقہ سے تعلق رکھنے والے ان کے ہمنام احمد بن عبید صفار یعنی ایک دوسرے شخص ہیں ان کی کنیت ابو بکر ہے دینور کے رہنے والے ہیں یہ احمد بن علی، محمد بن عبید اللہ کلاعی، حسن بن سفیان اور ایک دوسرے جماعت سے روایت کرتے ہیں ۳۵۱ھ میں فوت ہوئے۔ ان سے ابن مندہ، حافظ عبد الغنی ازدی، ابو العباس بن حجاج اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا دونوں کے درمیان امتیاز کرنے کے لیے میں نے ان کو ذکر کیا ہے۔

۸۱۶ ۹۵/۱۱ امام ابن یاسین حَدّاد ھروی

آپ کی کنیت ابو اسحاق اور اکثر گرامی احمد بن محمد بن یاسین ہے۔ ہرات کے رہنے والے عالم اور حافظ حدیث ہیں، ہرات کے مؤرخ بھی ہیں، عثمان بن سعید دارمی، موسیٰ بن احمد فریابی، معاذ بن مثنی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابن ابی ذر، منصور خالدی، قاضی اسمٰعیل بن احمد اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ محدثین نے ان میں جرح کی ہے۔ خلیلی کہتے ہیں قوی نہیں ہیں کئی نسخے روایت کرتے ہیں جن پر ان کی کوئی متابعت نہیں ہے۔ دار قطنی نے ترک کر دیا ہے۔ ان کو فضل بن عباس رقاشی سکری سے تلمذ حاصل ہے، سلمی دار قطنی سے روایت کرتے ہیں کہ یہ ابو بشر مروزی سے بدتر ہیں اور دار قطنی نے دونوں کو کذاب کہا ہے۔ ابو الحسن بن مرزبان کہتے ہیں ابن یاسی جو کعب کے خاندان سے ہے ثعلب کے غلام ابو عمر کے پاس وقتاً فوقتاً اتنا مال بھیجتا تھا جو اُن کی ضرورت کے لیے کافی ہو جاتا تھا۔ ایک دفعہ کسی وجہ سے اس نے کچھ عرصہ کے لیے مال بھیجنا بند کر دیا۔ اس نے سارا بقایا بھیج دیا اور ایک معذرت نامہ بھی لکھا لیکن ابو عمر نے یہ مال واپس کر دیا اور اس کے رقعہ کی پشت پر لکھ بھیجا پہلے آپ میری عزت افزائی کرتے تھے تو میرے محسن اور آقا بن گئے پھر اعراض کیا تو مجھے نیاز مندی سے نجات مل گئی

میں کہتا ہوں اگرچہ یہ بات کسی حد تک درست ہے مگر اس کا اس طرح جواب دینا صحیح نہیں جب وہ پیشہ انسان سے ان کے آقا اور ولی نعمت بن گئے تو اب تبدیلی کی کیا وجہ ہے رہی مال بھیجنے میں تاخیر تو محسن کی طرف سے بقایا پانے کے لئے تاخیر پر معذرت نامہ بھیجنے سے اس کی تلافی ہو جاتی ہے۔ خطیب کہتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ابن ابی الدنیا کے والد ابو بکر بن ابی الدنیا ابن ایوب ہیں۔

عباس بن مکرم کہتے ہیں میں نے ابو عمر ابن زاہد سے سنا ہے فرماتے تھے بھائیوں کے حقوق کو ذکر کرنے میں ان کے اور ان کے حقوق ادا کرنے میں ان کے رتبہ کی بلندی ہے اور میں نے بہت سے لوگوں کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے کاتب حضرات ابو عمر کے پاس ثعلب کی کتابیں اور ان کے علاوہ دوسری تصنیفیں پڑھتے تھے انہوں نے ایک جزو امیر المومنین حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل میں تحریر کیا تھا جب تک چلے وہ نہ پڑھا جاتا اس کو وہ نہیں پڑھاتے تھے۔ کچھ لوگ ابو عمر کو لغت میں قابل اعتماد نہیں سمجھتے تھے۔ چنانچہ جلیدا ابن ابی الدنیا سے لوگوں میں مشہور تھا کہ اگر پرندہ بھی اڑتا تو ابو عمر اخبرنا ثعلب عن ابن الاعرابی کہہ کر خبر دیتے تھے کوئی کوئی لوگ حدیث کے متعلق میں نے اپنے تمام اساتذہ کو دیکھا ہے کہ وہ ان کی توثیق کرتے تھے۔ ابو عمر کا شمار ان خوش قسمت راویوں میں ہوتا ہے جن سے زیادہ قوی حافظہ والے نہیں دیکھے گئے نے لغت میں تیس ہزار اوراق زبانی املا کرائے۔ اسی طرح بغیر کوئی کتاب سامنے رکھے ہوئے حافظہ کی وجہ سے بعض لوگ ان پر علم لغت کا اتمام لگا دیتے تھے حالانکہ ان کی یادداشت کی وجہ سے کوئی غریب مسئلہ پوچھتا اور وہ اس کا جواب دیتے پھر سال کے بعد وہی شخص وہی جواب دیتے جو ایک سال پیشتر دے چکے تھے۔ چنانچہ یہ دفعہ کسی نے حافظہ کی وجہ سے یہ سن کر حاضرین مجلس سے ہنسنے لگے کئی مہینے کے بعد پھر پوچھے۔ اس نے پوچھا تو فرمانے لگے کیا چند مہینے میں اس کا جواب بدل گیا ہے

وسعت علم اور قوی یادداشت کی ایک اور شہادت

تھے۔ ایک دن انہوں نے ابو بکر بن دوید کو لغت کے امام ابن دوید، ابن الانباری اور ابو الہیثم بن التیانی کے پاس آتے جاتے دیکھا ہے ساتھ رکھتے ابن الانباری کہنے لگے میں تو اصل الفاظ کی تصنیف میں مشغول ہوں اس لئے میرے پاس وقت نہیں ہے۔ اسی طرح ابن التیانی نے بھی قرأت میں مشغول ہونے کا عذر کیا سب مسائل ابو بکر نے خود ساختہ ہیں۔ لغت میں ان کا کوئی ثبوت نہیں ہے ابو بکر چلا تو ان سے متعلق کے دو دیوان حاضر کرنے کے لئے کہا چنانچہ قاضی صاحب نے اپنے کتب خانہ سے وہ دیوان منگوا کر ابو بکر ان سے ایک ایک مسئلہ کے شواہد نکال کر پیش کرنے لگے حتیٰ کہ تمام کر دیئے جو شعر لکھائے ہیں وہ امام ثعلب نے قاضی صاحب کی موجودگی میں پڑھ کر سنائے تھے اور ان سے

fat.com

پشت پر تحریر بھی کر لیے تھے قاضی صاحب نے وہ کتاب نکال کر دیکھی تو واقعی وہ دونوں شعر اس کی پشت پر تحریر تھے۔ جب اس واقعہ کی ابن درید کو خبر ملی تو انہوں نے اس کے بعد تا زیست ابو عمر کے متعلق ایک حرف بھی نہیں کہا۔ پھر خطیب نے رئیس الرؤساء کا یہ قول نقل کیا ہے کہ بہت سی چیزیں جن کا ابو عمر پر انکار کیا گیا ہے اور ان کی وجہ سے انہیں جھوٹا تک کہا گیا ہے میں کہتا ہوں آپ ذی قعدہ ۳۳۴ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تین قسم کے لوگوں کے لیے میری سفارش قبول کر لی ہے ایک وہ قسم جن کے دلوں میں رائی کے دانہ کے برابر ایمان ہے دوسری وہ قسم جن کے دلوں میں جو کے دانہ کے برابر ایمان ہے تیسری وہ قسم جن کے دلوں میں رائی کے دانہ سے کم ایمان ہے۔"

نیز ان کے واسطہ سے حضرت عمر کی یہ روایت بھی ملی ہے کہ:

"ان سے ایک یہودی نے کہا اے امیر المومنین! آپ کی کتاب میں ایک آیت ہے جس کو آپ لوگ پڑھتے ہیں اگر ہم یہودیوں پر یہ آیت نازل ہوتی تو ہم اس دن کو عید بنا لیتے اور ہر سال اس کا جشن مناتے۔ آپ نے پوچھا وہ کون سی آیت ہے؟ بولا (الیوم اکملت لکم دینکم الآیۃ) حضرت عمر نے فرمایا ہمیں وہ دن اور وہ جگہ یاد ہے جس میں یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اتری۔ اس روز آپ عرفات میں کھڑے تھے اور جمعہ کا دن تھا۔"

یہ حدیث ہماری سند سے مسند عبد بن حمید میں ہے اور اس میں ہمیں امام مسلم کے ساتھ موافقت عالیہ حاصل ہوئی ہے اور اس حدیث کو امام بخاری نے حسن بن صباح سے بیان کیا ہے۔ اس سند میں ہم ایک درجہ نیچے اتر گئے ہیں۔

۸۴۷ ۷۶/۱۱ امام بحری جرجانی

آپ کی کنیت ابو یعقوب نام اسحاق بن ابراہیم بن محمد اور لقب بحری ہے۔ جرجان کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث اور وہاں کے محدث ہیں۔ محمد بن بسام، ابو قلابہ رقاشی، ہلال بن علاء، ابو یحییٰ بن ابی مسرہ، اسحاق دبری، حارث بن ابی اسامہ، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ان سے ابن عدی، اسماعیلی، ابو نصر بن اسماعیلی، نعمان بن محمد جرجانی، حسین بن جعفر اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ خلیلی کہتے ہیں حافظ، ثقہ اور مشہور ہیں۔ مجھے جرجان کے رہنے والے چار افراد نے ان سے حدیث بیان کی ہے۔ میں کہتا ہوں ابو یعقوب بحری کا ۳۳۷ھ میں انتقال ہوا۔ مجھے ان کے واسطہ سے اپنی سند کے ساتھ حضرت عائشہ کی یہ حدیث پہنچی ہے فرماتی ہیں:

"قریش اور ان کے ہمنوا کہتے تھے ہم بیت اللہ کے رہنے والے ہیں ہم منیٰ سے واپس ہوں گے اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری (ثم افیضوا من حیث افاض الناس) تم بھی اسی جگہ سے واپس آؤ جہاں سے دوسرے لوگ واپس آتے ہیں۔"

امام حاکم فرماتے ہیں انہوں نے جرجان سے مجھے اجازت لکھ بھیجی تھی جو اب تک میرے پاس موجود ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

۸۴۸ ۷۷/۱۱ امام عمر بن سہل بن اسماعیل قریشی دینوری

آپ کی کنیت ابو حفص اور ابو عمر ہے، دینور کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور باکمال قاری ہیں۔ آپ نے طلبِ علم کے لیے سفر کیے اور کتابیں لکھیں۔ ابراہیم بن ابی العنبس، حسن بن سلام سوّاق، ابو قلابہ رقاشی، بلید بن عبدالواحد، اور ان کے طبقہ سے علمِ حدیث حاصل کیا۔ ان سے حافظ ابو القاسم بن ثابت، صالح بن احمد ہمدانی، ابنِ ترکان اور اہلِ ہمدان کی ایک جماعت روایت کرتی ہے۔ ابو یعلیٰ نے "الارشاد" میں ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے قابلِ اعتماد امام اور نامور عالم ہیں۔ ان کی ثقاہت و عدالت پر سب محدثین متفق ہیں۔ انہوں نے بغداد، کوفہ، جبل اور بصرہ کے شیوخ سے سماع کیا اور ان کو فنِ حدیث میں معرفتِ تامہ حاصل ہے۔ میں کہتا ہوں ۳۳۰ھ میں فوت ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

ابو یعلیٰ کہتے ہیں آپ حدیث کے عالم، متبع سنت اور بڑے عبادت گذار تھے۔ میں نے علی بن احمد دینوری سے سنا ہے کہتے تھے حافظ عمر بن سہل نکلے ان کے ہاتھ میں مٹھی بھر بال تھے مجھ سے کہنے لگے میرا ارادہ ہے کہ توبہ کے ٹیلے پر چڑھوں اور اس کو دینور کے جہال کی طرف سے اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کروں۔ چنانچہ انہوں نے یہی کیا اور قریسین کی طرف منتقل ہو گئے اور میں نے حافظ ابو القاسم بن ثابت کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے دیانت اور امانت میں حافظ عمر بن سہل جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔

☆☆☆☆☆☆☆

fat.com

بارھواں طبقہ

اس میں ۷۹ آئمہ کا ذکر ہے!

۸۴۹ ۱/۱۲ امام ابوبکر شافعی بزّاز بغدادی

آپ کا نام محمد بن عبداللہ بن ابراہیم ہے بغداد کے رہنے والے حجت، حافظِ حدیث اور محدثِ عراق ہیں۔ ۲۶۰ھ میں جبل میں پیدا ہوئے اور ۲۷۶ھ میں پہلے پہل حدیث کا سماع شروع کیا۔ چنانچہ ابنِ علیہ کے آخری شاگرد موسیٰ بن سہل وشاء، یحییٰ قطان کے آخری شاگرد محمد بن شداد مسمعی، ابوقلابہ رقاشی، محمد بن فرج ازرق، محمد بن جہم سمری، عبداللہ بن روح مدائنی، اسماعیل قاضی ابوبکر بن ابی الدنیا اور بعد کے آئمہ سے بہت زیادہ کسبِ فیض کیا اور خرمنہائے علم سے خوشہ چینی کے لیے مصر، جزیرہ اور دیگر ممالک کے سفر کیے ان سے امام دارقطنی، عمر بن شاہین، ابوعلی بن شاذان، احمد بن عبداللہ بن محاملی، عبدالملک بن بشران، ابوطالب بن غیلان اور دوسرے بہت سے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

خطیب کہتے ہیں آپ قابلِ اعتماد اور پختہ کار تھے مسائل کے بیان اور شیوخ کے حالات میں اچھی اچھی کتابیں تصنیف کیں۔ مجھے ابنِ مخلد نے بتایا ہے کہ اس نے وہ مجلس دیکھی ہے جس میں ابنِ صاعدی زندگی میں ابوبکر شافعی حدیث املا کرایا کرتے تھے۔ حمزہ سہمی کہتے ہیں امام دارقطنی سے ابوبکر شافعی کے متعلق دریافت کیا گیا تو فرمایا ثقہ اور مامون ہیں۔ ان کے زمانہ میں ان سے زیادہ قابلِ اعتماد کوئی نہیں تھا۔ امام دارقطنی نے یہ بھی فرمایا ثقہ اور مامون ہیں ان پر قطعاً کوئی عیب نہیں لگایا گیا۔ میں کہتا ہوں ذی الحجہ ۳۵۴ھ میں وفات پائی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے عامر شعبی کا یہ قول ملا ہے کہ:

"ان سے پوچھا گیا ایک آدمی نے کعبہ کی طرف پیدل چل کر جانے کی نذر مانی ہے وہ آدھا راستہ پیدل چلا اور پھر سوار ہو گیا بولے ابنِ عباس نے فرمایا ہے آئندہ سال جتنا راستہ پیدل چلا تھا اس میں سوار ہو جائے اور جہاں سے سوار ہوا تھا وہاں سے پیدل چلے اور ایک اونٹ ذبح کرے۔"

۸۵۰ ۲/۱۲ امام دُعلج بن احمد بن دُعلج سجزی

آپ کی کنیت ابواسحاق ہے سجستان کے رہنے والے نامور فقیہ، بغداد کے اعلیٰ پایہ کے محدث اور جرح و تعدیل کے امام ہیں ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے مکہ معظمہ میں علی بن عبدالعزیز اور ایک جماعت سے، بصرہ میں ہشام بن علی سیرافی اور ان کے طبقہ سے، رے میں محمد بن ایوب بجلی سے، نیسابور میں محمد بن ابراہیم بوشنجی اور متعدد دوسرے لوگوں سے، ہرات میں عثمان بن

دارمی سے اور بغداد میں محمد بن ربیح اور تمتام سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ علم کا خزانہ اور فنِ روایت کے امام تھے۔ ان سے دارقطنی، حاکم، ابن رزقویہ، ابو اسحاق اسفرائینی، ابوالقاسم بن بشران اور بہت سے دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ حاکم کہتے ہیں دعلج نے امام ابن خزیمہ سے ان کی ساری تصنیفات پڑھیں اور ان کے مذہب پر فتوے دیا کرتے تھے۔ اہل حدیث کے امام تھے۔ اور مکہ مکرمہ، عراق اور سجستان میں اہل حدیث کے لیے صدقہ جاریہ کے طور پر وسیع جائیداد وقف کی تھی

امام دارقطنی فرماتے ہیں دعلج نے ایک مسند کبیر تصنیف کی تھی اور میں نے اپنے مشائخ میں ان سے زیادہ پختہ کار کوئی نہیں دیکھا۔ عمر بصری کہتے ہیں میں نے بغداد میں جن آئمہ سے حدیث کا انتخاب کیا ہے ان میں سے کسی کے پاس نہ تو ان سے زیادہ صحیح کتابیں تھیں اور نہ کسی کا ان سے سماع بہتر تھا۔ حاکم کہتے ہیں دعلج نے مکہ معظمہ میں ایک مکان دارالعباسیہ تیس ہزار دینار میں خریدا تھا۔ (اور غالباً اسے ہی اہل حدیث کے لیے وقف کیا تھا) خطیب کہتے ہیں مجھے باوثوق ذریعہ سے خبر ملی ہے کہ دعلج نے اپنی مسند کبیر اصلاح کے لیے ابن عقدہ کے پاس بھیجی تھی اور اس کے دو ورق کے درمیان ایک ایک دینار رکھ دیا تھا ابن تیریہ کہتے ہیں مجھے دعلج اپنے مکان پر لے گئے اور وہاں سے بھری ہوئی تھیلیاں دکھائیں جو ڈھکی ہوئی تھیں اور مجھ سے کہنے لگے ان سے جتنی چاہو اٹھالو میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا بحمد اللہ مجھے کسی چیز کی حاجت نہیں۔ کہتے ہیں معز الدولہ نے دعلج کے ترکہ سے تین لاکھ دینار لیے تھے۔ دعلج ۱۰ جمادی اخری ۳۵۱ھ میں انتقال ہوا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابولبابہ کی یہ حدیث ملی ہے۔

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سانپوں کو مارنے سے منع کر دیا جو گھروں میں پائے جاتے ہیں ہاں دو قسموں والے اور دم بریدہ سانپ کو مارنے کا حکم دیا کیونکہ یہ آنکھوں کی بینائی اور حاملہ عورتوں کے حمل ضائع کر دیتے ہیں۔ ابو منصور معمر اور دوسرے لوگ یہ حدیث حضرت ابولبابہ سے جو گھروں میں پائے جاتے ہیں مسند بیان کرتے ہیں۔

۸۵۱ ۳/۱۲ امام عبدالباقی بن قانع بن مرزوق بن واثق بغدادی

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے بنو امیہ سے نسبت ولاء رکھتے ہیں۔ بغداد کے رہنے والے تھے۔ حافظ حدیث، نامور عالم اور مشہور مصنف ہیں۔ آپ نے ایک کتاب معجم الصحابہ تصنیف کی ہے۔ عائشہ بن ابی اسامہ، ابراہیم بن ہیثم بلدی، ابراہیم حربی، اسحاق بن حسن حربی، محمد بن سلمہ، اسماعیل بن فضل بلخی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا آپ واسع الرحلہ اور کثیر الحدیث ہیں۔ ان سے دارقطنی، ابوالحسن ابن رزقویہ، ابوالحسین بن غسان، احمد بن علی بادی، ابو علی بن شاذان، ابوالقاسم بن بشران اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا۔

برقانی کہتے ہیں بغداد کے مشائخ ان کی توثیق کرتے ہیں لیکن میرے نزدیک یہ ضعیف ہیں دارقطنی کہتے ہیں ان کو حدیث حفظ ہے لیکن بعض وقت غلطی کرتے ہیں وہ اس پر اڑ جاتے ہیں۔ ابوالحسن بن فرات کہتے ہیں موت سے پہلے کے دو سال ابن قانع کے حافظہ میں کچھ بڑا واقع ہو گئی تھی اس لیے کچھ لوگوں نے ان سے اس زمانہ میں روایت لینا ترک

[illegible] خطیب کہتے ہیں [illegible] میں پیدا ہوئے اور شوال [illegible] میں وفات پائی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے [illegible] یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر امت کے لیے کوئی نہ کوئی چیز فتنہ ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔"

اس حدیث کو احمد بن عیسیٰ نے بواسطہ ابن وہب عن معاویہ بیان کیا ہے اور یہ سند صالح ہے۔ نیز ان کے واسطہ سے مجھے یہ حدیث ملی ہے حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قرآن کو خوش آوازی کے ساتھ نہ پڑھے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔"

۸۵۲ ۴/۱۲ المسند الشیعی ابوبکر بن ابی دارم کوفی

ان کا نام احمد بن محمد بن سری ہے کوفہ کے رہنے والے حافظ حدیث اور محدث کوفہ ہیں۔ شیعہ مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ ابراہیم بن عبداللہ صفار، احمد بن موسیٰ حمار کوفی، موسیٰ بن ہارون، مطین اور متعدد دوسرے حضرات سے حدیث کا سماع کیا ان سے حاکم، ابوبکر بن مردویہ، ابوالحسن بن حمامی، یحییٰ بن ابراہیم مزکی، قاضی ابوبکر حیری، اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ اس نے صحابہ کی تنقیص میں مواد جمع کیا ہے غالی رافضی ہے اور حدیث میں متہم ہے۔ محرم ۳۵۲ھ میں فوت ہوا۔ قوتِ حفظ کے ساتھ موصوف تھا۔ اس کے ناپسندیدہ حالات میزان میں مذکور ہیں۔ وہاں ہم نے اس کی کذب بیانیوں کا پردہ چاک کیا ہے۔ لا رعاہ اللہ

مجھے اس کے واسطہ سے حضرت نعمان بن بشیر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حلال ظاہر ہے اور حرام بھی ظاہر ہے ان دونوں کے درمیان مشتبہات ہیں جن کو اکثر لوگ نہیں جانتے۔ جو ان مشتبہ چیزوں کو چھوڑ دے گا وہ اپنے دین کو حرام کی آمیزش سے بچالے گا اور جو ان مشتبہ چیزوں کو استعمال میں لائے گا وہ حرام کا مرتکب ہوگا جیسے وہ چرواہا جو شاہی چراگاہ کے آس پاس اپنے جانور چراتا ہے عین ممکن ہے کہ وہ ان کو چراگاہ میں داخل کردے۔"

یہ حدیث امام بخاری نے ابونعیم سے اور امام مسلم نے ابن نمیر عن ابیہ سے اپنی اپنی صحیح میں ذکر کی ہے۔ اور یہ دونوں زکریا سے روایت کرتے ہیں۔

۸۵۳ ۵/۱۲ امام محمد بن حسن بن حسین بن منصور نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے نیسابور کے رہنے والے نامور حافظ حدیث، مشہور تاجر اور اپنے باپ اور اپنے چچا عبدوس بن حسین کی طرح فنِ حدیث کے امام ہیں۔ محمد بن ایوب بجلی، محمد بن ابراہیم بوشنجی، یوسف بن یعقوب قاضی،

Marfa

ابو عمرو قتات، محمد بن عمر، قشمرد، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے خراسان، جبال اور عراق جیسے دور دراز ممالک کا سفر کیا اور زیادہ سے زیادہ علم اپنے قلب و دماغ میں جمع کیا راست گو، صاحب اتقان اور صاحب معرفت تھے۔ طالبانِ حدیث پر مال خرچ کیا کرتے تھے۔ امام ابن خزیمہ کی طرز پر کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ حاکم کہتے ہیں میں نے ان کو کہتے ہوئے سنا ہے میرے پاس ابن ناجیہ اور قاسم مطرز سے لکھی ہوئی احادیث کے ایک ہزار بلکہ اس سے بھی زیادہ اجزاء ہیں۔ میں ۳۱۵ھ میں بخارا گیا تو ابو بخارا نے مجھ سے وہ اجزاء لکھے میرے والد اور میرے چچا نے بھی مجھ سے حدیث لی ہے۔ حافظ عبداللہ بن سعد کہتے ہیں میں نے ابوالحسن بن منصور سے ایک ہزار سے زیادہ احادیث لکھی ہیں۔ حاکم کہتے ہیں حافظ ابو علی نے جو ہم رتبہ میں ان سے بڑے ہیں ان کی احادیث سے دو سو اجزاء کا انتخاب کیا ہے میں نے اپنے اساتذہ کو دیکھا ہے وہ ابوالحسن کے عمدہ طریق پر حدیث پڑھنے سے تعجب کیا کرتے تھے۔ ان کی ۳۴۹ھ میں نظر بند ہو گئی تھی اور ۳۵۵ھ میں انتقال ہوا۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتے تھے تو ان کو اپنے منہ پر ملنے سے پہلے نیچا نہیں کرتے تھے"۔

اس حدیث کو حاکم نے مستدرک میں ذکر کیا ہے لیکن یہ صحیح نہیں کیونکہ اس کا ایک راوی حماد محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔

۸۵۴ ۶/۱۲ امام قاضی عسّال اصبہانی

آپ کی کنیت ابو احمد، نام محمد بن احمد بن ابراہیم اور لقب عسال ہے۔ نیسابور کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث بڑے عالم اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ابو مسلم کجی، محمد بن ایوب بجلی، ابو بکر بن عاصم، محمد بن اسد عدنی، ابراہیم بن زبیر علوانی، محمد بن عبداللہ حضرمی، محمد بن عثمان عجلی، ابو شعیب حرانی، بکر بن سہل دمیاطی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ انہوں نے فضل بن شاذان کے شاگرد ابن سہل کی احادیث نافع سے پڑھیں ان کے لڑکے ابو عامر عبدالوہاب روایت کرتے تھے ان سے ان کے صاحبزادے ابو عامر، ابو جعفر احمد، ابراہیم، عباس، ابو بکر عبداللہ اور ابوالحسین عامر، ابو احمد بن عدی، ابو بکر بن مقری ابن مندہ، ابن مردویہ، ابن ابی علی، محمد بن عبداللہ رباطی، احمد بن ابراہیم قصار، احمد بن محمد بن ماجہ مؤدب، ابو سعید نقاش، حافظ ابو نعیم، محمد بن علی بن مصعب تاجر اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

ابو عبداللہ بن مندہ کہتے ہیں جب قاضی طبری غیر حاضر ہوتے تو ان کی جگہ عسال فیصلہ دیا کرتے تھے۔ آپ علم حدیث کے اماموں میں سے ایک امام ہیں۔ ابن مردویہ بھی کہتے ہیں۔ ابو احمد عسال عبدالرحمان بن احمد طبری کی عدم موجودگی میں مسند قضا پر ان کے جانشین ہوتے تھے۔ فن حدیث کے سمجھنے، ضبط کرنے اور امانت میں امام تھے۔ نقاش کہتے ہیں ہمیں احمد عسال نے خبر دی اور حفظ و اتقان میں ہم نے ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا ابو بکر بن ابی علی کہتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں اور حفظ و اتقان

Marfat.com

میں بہت بڑے مرتبہ پر فائز ہیں۔ ابونعیم کہتے ہیں ابواحمد معرفت حدیث اور حفظ و اتقان میں بڑے بڑے آئمہ میں شمار ہوتے ہیں۔ انہوں نے شیوخ، تفسیر اور اکثر مسند احادیث میں کتابیں تصنیف کی ہیں ابویعلیٰ اپنی کتاب "الارشاد" میں لکھتے ہیں۔ ابو احمد حافظ، متقن اور اس فن کے عالم ہیں۔ اصفہان کی قضا پر فائز تھے۔ صحاح کی شرط پر پورا اترنے والے ہیں۔ میں نے رے میں ان کے صاحبزادے احمد سے ملاقات کی ہے۔

ابن مردویہ کہتے ہیں میں نے ابواحمد عسال سے سنا ہے فرماتے تھے مجھے قراءت سے تعلق رکھنے والی پچاس ہزار احادیث یاد ہیں۔ کہتے ہیں انہوں نے تفسیر میں ایک بہت بڑی کتاب زبانی املا کرادی تھی۔ یہ بھی مشہور ہے کہ انہوں نے اردستان میں ۴۰ ہزار احادیث زبانی املا کرائیں۔ پھر جب اپنے شہر واپس آئے اور اپنی کتابوں سے مقابلہ کیا تو ان کو اپنی اصل کتابوں کے مطابق پایا۔ خطیب لکھتے ہیں ابن مندہ کہتے ہیں میں نے ایک ہزار اساتذہ سے حدیث لکھی ہے مگر میں نے ان میں ابواحمد عسال سے زیادہ صاحب اتقان کوئی نہیں دیکھا۔ عبدالرحمان بن مندہ کہتے ہیں میں نے اپنے والد سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے ایک ہزار سات سو مشائخ سے حدیث لکھی ہے۔ لیکن میں نے ان میں عسال اور ابواسحاق بن حمزہ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ کہتے ہیں ابواحمد عسال کا معمول تھا کہ وہ بغیر وضو کتاب کو ہاتھ نہیں لگاتے تھے اور گاہے گاہے ایک رکعت میں پورا قرآن ختم کر دیتے تھے۔

ابواحمد نے مندرجہ بالا کتب حدیث کے علاوہ حسب ذیل کتابیں لکھی ہیں۔

(۱) تاریخ (۲) معجم (۳) کتاب المعرفۃ فی السنۃ یہ کتاب میں نے دیکھی ہے (۴) کتاب الرؤیۃ (۵) کتاب العظمۃ (۶) کتاب الرقاق (۷) کتاب المسند علی الابواب (۸) کتاب غریب الحدیث علی الابواب (۹) کتاب حروف القراآت (۱۰) کتاب کرامات الاولیاء (۱۱) کتاب حدیث مالک (۱۲) کتاب غسل الجمعہ اور ان کے علاوہ اور بہت سی کتابیں۔

آپ اپنے شہر کے رئیس اور صاحب ثروت امیر کبیر تھے۔ آپ کے والد بھی بہت بڑے متمول تاجر تھے۔ انہوں نے اپنی تمام جائیداد اپنی اولاد کے لیے وقف کر دی تھی۔ ان کی مسعر کے شاگرد اسماعیل بن عمرو سے ملاقات ثابت ہے۔ اور اس سے سماع کا موقع بھی ملا ہے۔ ان کا ۲۸۲ھ میں انتقال ہوا۔ ابن مردویہ کہتے ہیں ابواحمد عسال نے رمضان المبارک ۲۴۹ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔ آپ یوم الترویہ ۸ ذی الحجہ ۲۷۹ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوسعید خدری کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ایک رات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو دیکھا کہ چوہا چراغ سے بتی لے کر چھت پر چڑھ گیا ہے اور مکان کو آگ لگا دینا چاہتا ہے۔ آپ نے اس پر لعنت کی اور محرم کے لیے اس کا قتل کرنا حلال کر دیا۔"

یہ حدیث غریب اور فرد ہے۔ کہتے ہیں عسال نے اپنی معجم میں چار سو نفوس سے روایت کی ہے میں نے ان کی یہ کتاب دیکھی ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری اولاد تمہاری بہترین کمائی ہے اس لیے تم اپنی اولاد کی کمائی

t.com

سے کھا سکتے ہو۔

اس سال حسب ذیل علماء نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔

مسند مصر ابو الفوارس احمد بن محمد بن حسین بن سندی صابونی ان کی عمر ۱۰۵ سال تھی، مسند بغداد ابو الحسین احمد بن عثمان بن یحییٰ عطشی اُدمی، انہوں نے ۹۴ برس عمر پائی، مسند اصفہان ابو عبداللہ احمد بن محمد بن یحییٰ قصاریہ ۹۷ سال زندہ رہے، مسند دمشق ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن صالح بن سنان قرشی یہ خالد بن ولید کے مولیٰ تھے، مسند بغداد ابو محمد عبداللہ بن اسحاق بن ابراہیم بن عبدالعزیز بغوی خراسانی یہ ابو القاسم بغوی کے عمزاد ہیں، شیخ القراء ابو طاہر عبدالواحد بن عمر بن ابی ہاشم بغدادی اور مسند بغداد ابو عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن علم صفار۔ رحمہم اللہ اجمعین

۸۵۵ ۷/۱۲ امام ابن مظاہر اصبہانی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام عبداللہ بن مظاہر ہے اصفہان کے رہنے والے باکمال حافظ حدیث اور اپنے زمانہ کے ذہین ترین انسان ہیں۔ حفظ اور یادداشت میں ایک آیت تھے۔ ہمیں خبر ملی ہے انہوں نے تمام مسند احادیث حفظ کر لی تھیں۔ اور اس کے بعد موقوفات کو حفظ کرنا شروع کر دیا۔ قاضی یوسف، ابو خلیفہ جمحی، مطین اور ان کے طبقہ سے سماع کیا۔ طلب علم کے لیے مختلف ممالک کا سفر کیا اور اس راستہ میں مصائب کا سامنا کیا۔ ان سے ان کے رفیق سفر حافظ ابو الشیخ نے روایت کی ہے۔ یہ اپنے اساتذہ کی زندگی میں نوجوانی کے عالم ۳۰۴ھ میں انتقال کر گئے۔ اس لیے ان کے علوم سے فائدہ نہیں اٹھایا گیا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

اس سال مسند ابو اسحاق ابراہیم بن عبداللہ بن ایوب مخزومی، مسند مصر محدث اسحاق بن ابراہیم بن یونس منجنیقی بغدادی ناسخ، مسند مغرب ابو الولید طریف بن عبداللہ مولیٰ بنی ہاشم، نزیل تنیس ابو صالح قاسم بن لیث بن [illegible] اور سعدی [illegible] یوسف بن حسین رازی محدث نے بھی وفات پائی۔

۸۵۶ ۸/۱۲ امام ابو العرب مغربی افریقی

آپ کا اسم گرامی محمد بن احمد بن تمیم ہے۔ افریقہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور نامور مورخ ہیں امراء مغرب کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ سمنون کے تلامذہ سے مستفید ہوئے۔ قاضی عیاض نے ان کو فقہائے مالکیہ میں ذکر کیا ہے اور لکھا ہے یہ امام مالک کے مذہب کے حافظ اور اس کے مفتی تھے پھر ان پر علم حدیث کا رنگ چڑھ گیا اور علم الرجال سے دلچسپی پیدا ہو گئی۔ آپ نے طبقات اہل افریقیہ، کتاب فضائل سمنون، کتاب عباد افریقیہ جیسی اہم کتابیں تصنیف کی ہیں اور کتاب التاریخ ۱۱ جلدوں میں لکھی ہے آخر میں قاضی صاحب فرماتے ہیں ان کا ۲۲۲ھ میں انتقال ہوا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.c

۸۵۷ ۹/۱۲ امام وہب بن مسرّہ تمیمی اندلسی

آپ کی کنیت ابوالحزم ہے وادی حجارہ کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ مالکی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ محمد بن وضاح، عبیداللہ بن یحییٰ اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا، قاضی عیاض فرماتے ہیں فقہ کے حافظ اور اس [illegible] کے ماہر تھے۔ علمِ حدیث، علم الرجال اور علل میں بھی کافی درک رکھتے تھے۔ متورع اور فضیلت مآب تھے۔ ان کے شہر یعنی وادی حجارۃ میں فتویٰ کا دارومدار ان پر تھا۔ ان کے اخلاق و عادات لائقِ تحسین تھے۔ قرطبہ میں [illegible] تو ابن وضاح کی کتابیں جن پر انہوں نے سماع کیا تھا ان [illegible] سپرد کردی گئیں اور عظیم اکثریت نے ان سے استفادہ کیا۔ ان کے مستفیدین میں ابو محمد قلعی، محمد بن علی بن شیخ، احمد بن عمر، ابو عمر احمد بن حسور اور احمد بن قاسم ماہرتی قابلِ ذکر ہیں۔ مسندِ ابی بکر بن ابی شیبہ کا درس بھی دیا کرتے تھے۔ تقدیر کے متعلق ان سے لغزش سرزد ہوئی ہے۔ شعبان ۳۴۶ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۸۵۸ ۱۰/۱۲ امام قزوینی

آپ کی کنیت ابو عمر اور نام محمد بن علی بن احمد بن عبیداللہ ہے۔ قزوین کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں طلبِ علم کے لیے ملک ملک کی خاک چھانی اور فراغت کے بعد بیت لھیا میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ اپنے شہر میں یوسف بن یعقوب قزوینی، رے میں محمد بن ایوب اور علی بن حسین بن جنید، بغداد میں ادریس عطار اور اس کے طبقہ سے اور مصر میں امام ابو عبدالرحمان نسائی سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے تمام رازی جوان کی توثیق کرتے ہیں ابو محمد بن نحاس اور مغیر بن احمد مستفید ہوئے۔ انہوں نے ۳۴۰ھ کے بعد انتقال کیا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ ڈھال ہے"

نیز ابوہریرہ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر امت پر مشقت پڑنے کا خطرہ نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا"

۸۵۹ ۱۱/۱۲ امام ابن اخی رفیع الصائغ قرطبی اندلسی

آپ کی کنیت ابو محمد نام عبداللہ بن محمد بن حسن ہے۔ بنو کلاع کی طرف سے نسبتِ ولاء کی وجہ سے کلاعی کہلاتے ہیں۔ قرطبہ کے رہنے والے پختہ کار حافظِ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ محمد بن وضاح اور محمد بن عبدالسلام سے ملاقات کی اور ان سے اور ان کے طبقہ سے سماع کے علاوہ عبید بن یحییٰ، اعناقی اور ایک دوسری جماعت سے بھی استفادہ

Marfa

کیا۔ رجال اور علل کے ماہر تھے۔ آپ نے اندلس کے مشہور محدث بقی بن مخلد کی سند اور تفسیر کا بہت عمدہ نسخہ کیا اور خود بھی متعدد مفید کتابیں تصنیف کیں۔ ۳۱۸ھ کے آخر میں فوت ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۸۶۰ ۱۲/۱۲ امام بلاذری طوسی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام احمد بن محمد بن ابراہیم ہے۔ طوس کے رہنے والے بامال حافظ حدیث اور مشہور واعظ ہیں۔ امام حاکم فرماتے ہیں حفظ حدیث اور وعظ کہنے میں یکتائے روزگار تھے۔ ہمارے شیخ حافظ ابو علی و دوسرے اساتذہ ان کی مجلس وعظ میں شریک ہوا کرتے تھے اور یہ جیسی مجلس میں جو سانید بیان کرتے ان کو سن کر بہت لطف اندوز ہوتے تھے۔ میں نے کبھی نہیں سنا کہ انہوں نے کسی سند، کسی راوی کے نام یا کسی حدیث کی وجہ سے ان پر جرح کی ہو۔ انہوں نے خراسان اور عراق میں محمد بن یوسف بجلی، حافظ ابراہیم بن محمد، عبداللہ بن محمد بن شیرویہ اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور صحیح مسلم کی طرز پر ایک صحیح تصنیف کی۔

امام حاکم فرماتے ہیں انہوں نے ۳۲۹ھ میں طابران میں جو نیشاپور سے ایک منزل دور ایک بستی ہے جام الشہادت نوش فرمایا میں کہتا ہوں یہ بلاذری کبیر کا نام احمد بن یحیی ہے یہ مشہور تاریخ فتوح البلدان کے مصنف امام ابوداؤد سجستانی کے طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ نامور حافظ حدیث، ممتاز مؤرخ اور بہت بڑے عالم ہیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے محمد بن جریر کا یہ قول ملا ہے کہ:

"محمد بن سلیمان منصیصی کاتب لوین اس لیے پڑا کہ وہ بغداد میں گھوڑوں کا کاروبار کرتے تھے اور اکثر شب گزارتے تھے اس گھوڑے میں لوین ہے اس گھوڑے میں قدیدہ ہے۔ اس سے ان کا لقب لوین پڑ گیا"

۸۶۱ ۱۳/۱۲ شیخ الاسلام امام ابو النضر طوسی

آپ کا اسم گرامی محمد بن محمد بن یوسف ہے۔ طوس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور شیخ الاسلام تھے۔ آپ نے شیخ حافظ ابراہیم بن محمد، حسین بن محمد قبانی، محمد بن عمرو حریثی فقیہ، حافظ احمد بن سلمہ، ابو طالب علم کے نقیب تمام بن محمد رازی، فضل بن محمد بن رشید بن زاذان بلخی، راوی، حافظ ابن خزیمہ، حافظ محمد بن یوسف، علی بن عبدالعزیز بغوی، حافظ ابن ابی عاصم، حافظ ابن خزیمہ، احمد بن موسیٰ بن اسحاق کوفی، ابو احمد بن نصر مروزی سے حدیث کا سماع کیا۔ مؤخر الذکر شیخ کی نسبت فرماتے ہیں کہ ان سے بہت استفادہ کیا، علم کا خزانہ جمع کیا، کتابیں لکھیں، امام مسلم کی کتاب کے سامنے بکر ایک نسخہ تیار کیا جو کوفی کے پاس تھا۔ امام حاکم فرماتے ہیں میں نے ان کی طرف دو دفعہ قصد کیا اور چاہا کہ ان سے وسیع مسافت طے کر کے آپ کو تالیف و تصنیف کی وجہ سے کب ملتی ہے۔ فرماتے تھے میں نے رات کو اپنے اوقات میں تقسیم کر رکھا ہے ایک حصہ میں کتابیں لکھتا ہوں، دوسرے حصہ میں قرآن پڑھتا ہوں اور تیسرے حصہ میں سوتا ہوں۔ امام حاکم فرماتے ہیں آپ امام، عابد، زاہد اور ادیب تھے میں نے اپنے شیوخ میں ان سے بہتر نماز پڑھنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ دن کو [illegible] اور رات کو

fat.com

قیام کرتے تھے۔ اپنی خوراک سے زائد مال صدقہ خیرات میں دے دیتے تھے۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر کاربند تھے۔ میں نے حافظ احمد بن منصور سے سنا ہے، فرماتے تھے امام ابو النضر ۷۰ سال سے لوگوں کو فتویٰ دے رہے ہیں مگر لطف کی بات یہ ہے کہ ان کے فتاویٰ پر کبھی کسی نے تعاقب نہیں کیا۔ امام حاکم نے یہ بھی کہا میں طوس میں داخل ہوا اس وقت حافظ ابو احمد وہاں کے قاضی تھے وہ مجھ سے کہنے لگے میں نے اسلام کے شہروں میں سے کسی شہر میں ابو النضر جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ امام ابو النضر کا شعبان ۳۴۴ھ میں انتقال ہوا۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یوں دعا فرمایا کرتے تھے اللھم انی اعوذ بک من الفقر والقلۃ والذلۃ واعوذ بک من ان اظلم او اظلم" الٰہی! میں تجھ سے فقر، قلتِ مال اور ذلت و رسوائی سے پناہ مانگتا ہوں، نیز اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ میں کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے۔"

اس حدیث کی سند حسن ہے۔

۸۶۲ ۱۴/۱۲ امام ازدی موصلی

آپ کی کنیت ابو زکریا اور نام یزید بن محمد بن ایاس ہے موصل کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث اور وہاں کے قاضی ہیں۔ تاریخ موصل کے مصنف ہیں، اسحاق بن حسن حربی، محمد بن احمد بن ابی المثنیٰ موصلی، عبید بن غنام، مطین اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ابن زکرہ کے لقب سے مشہور تھے۔ ان سے مظفر بن محمد طوسی، ابو الحسین بن جمیع، نصر بن ابی نصر طوسی عطار اور دوسرے لوگ مستفید ہوئے۔ میرے خیال میں ۳۴۴ھ کے قریب قریب فوت ہوئے ہیں۔ میں نے ان کی تاریخ سے بہت فائدہ اٹھایا ہے۔ مجھے ان کی سند سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے بھائی کی غائبانہ امداد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دنیا اور آخرت میں مدد کرے گا۔"

۸۶۳ ۱۵/۱۲ امام ابو الولید قرزونی نیشاپوری

آپ کا اسم گرامی حسان بن محمد ہے خاندانِ بنو امیہ سے تعلق رکھنے کی وجہ سے اموی کہلاتے ہیں۔ نیسابور کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث، نامور شافعی فقیہ اور چوٹی کے عالم ہیں۔ حاکم کہتے ہیں یہ خراسان میں اہلِ حدیث کے امام تھے۔ جن علماء سے میں نے ملاقات کی ہے ان میں میں نے ان سے زیادہ زاہد اور ان سے زیادہ عبادت گذار کوئی نہیں دیکھا، ابو العباس بن سریج سے علمِ فقہ حاصل کیا۔ اور ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم بوشنجی، حسن بن سفیان، محمد بن نعیم، احمد بن حسن بن عبد الجبار صوفی اور ان کے طبقہ سے علمِ حدیث کا سماع کیا۔ خراسان اور عراق کے اہلِ علم سے فیض یاب ہوئے۔

میں کہتا ہوں ان سے حاکم، ابو طاہر بن محمش، قاضی ابو بکر حیری، ابو الفضل احمد بن محمد صفار سہیلی، اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ شافعی مذہب میں ان کی عجیب و غریب توجیہات میں سے ایک یہ ہے کہ جب نمازی نماز میں دو دفعہ

Marfa

سورت فاتحہ پڑھ لے تو اس کی نماز باطل ہو جاتی ہے حالانکہ امام شافعی کی تصریح اس کے خلاف ہے۔ نیز کہتے ہیں کہ سنگی لگانے سے حاجم اور محجوم دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور دعویٰ کرتے ہیں کہ امام شافعی کا یہی مذہب ہے کیونکہ یہ صحیح حدیث سے ثابت ہے۔ لیکن یہ درست نہیں کیونکہ امام شافعی اس حدیث کو ضعیف نہیں کہتے بلکہ ان کا دعویٰ یہ ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں ابوالولید نے صحیح مسلم پر ایک مستخرج لکھا اور مذہب شافعی کے مطابق احکام میں ایک کتاب تصنیف کی ہے۔ ابوسعید ادیب کہتے ہیں میں نے علامہ ثقفی سے پوچھا آپ کے بعد ہم اپنے اشکال کس سے حل کریں؟ بولے ابوالولید سے حاکم کہتے ہیں میں نے ابوالولید سے سنا فرماتے تھے ایک دفعہ میرے والد نے پوچھا کون سی کتاب لکھ رہے ہو؟ میں نے کہا امام بخاری کی کتاب پر مستخرج لکھ رہا ہوں۔ فرمانے لگے مسلم کی کتاب پر مستخرج لکھو اس میں برکت زیادہ ہے کیونکہ بخاری لفظ کی طرف منسوب ہیں۔ ابن ذہبی کہتے ہیں مسلم بھی لفظ کی طرف منسوب ہیں اس لیے اشکال بدستور باقی ہے۔ ان ابوالولید کا چوٹی کے آئمہ میں شمار ہوتا ہے۔ ان کی وفات پر ابوطاہر بن محمش زیادی نے ۶۰ اشعار پر مشتمل ایک قصیدہ میں ان کا مرثیہ لکھا تھا۔ حاکم کہتے ہیں ہمیں استاذ ابوالولید نے اپنی انگوٹھی دکھائی جس پر "اللہ ثقۃ حسان بن محمد" (حسان بن محمد کا اللہ پر اعتماد ہے) نقش تھا۔ وہ کہتے تھے ہمیں عبدالملک بن محمد بن عدی نے اپنی انگوٹھی پر "اللہ ثقۃ عبدالملک بن محمد" نقش کیا ہوا دکھایا۔ وہ کہتے تھے ہمیں ربیع نے اپنی انگوٹھی پر "اللہ ثقۃ ربیع بن سلیمان" کندہ دکھایا اور کہا امام شافعی کی انگوٹھی کا نقش "اللہ ثقۃ محمد بن ادریس" تھا۔ ابوالولید کا ۷۲ سال کی عمر میں ربیع الاول ۳۴۴ھ میں انتقال ہوا۔

اس سال احمد بن عثمان بن یحییٰ آدمی عطشی، ابوالفوارس احمد بن محمد بن حسین بن سندی صابونی، ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن صالح بن سنان مخزومی دمشقی، ابوطاہر عبدالواحد بن ابی ہاشم، ابوبکر محمد بن عبداللہ بن عمرو یہ سفار المعروف بابن علم [illegible] بن اسحاق بن نیخاب طیبی نے دنیا کو چھوڑ کر عالم بقا کی طرف کوچ کیا۔ مجھے اپنی سند کے [illegible] عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتی ہیں:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے اللھم انی اعوذ بک من عذاب القبر واعوذ بک من فتنۃ المسیح الدجال واعوذ بک من فتنۃ المحیا والممات اللھم انی اعوذ بک من المأثم والمغرم الٰہی میں تجھ سے عذاب قبر سے پناہ مانگتا ہوں، میں تجھ سے مسیح دجال کے فتنہ سے پناہ مانگتا ہوں اور میں تجھ سے زندگی اور موت کے فتنہ سے پناہ مانگتا ہوں الٰہی میں تجھ سے گناہ اور قرض سے پناہ مانگتا ہوں کسی نے پوچھا یا رسول اللہ آپ قرض سے بہت پناہ مانگتے ہیں فرمایا آدمی جب قرض میں مبتلا ہوتا ہے تو بات بات میں جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ خلافی کا مرتکب ہوتا ہے۔"

۸۶۴ ۱۶/۱۲ امام ابوالحسین رازی

آپ کا اسم گرامی محمد بن عبداللہ بن جعفر ہے آپ مشہور محدث تمام رازی کے والد ہیں رے کے رہنے والے

Marfat.c

ممتاز حافظِ حدیث اور شام کے محدث ہیں۔ محمد بن ایوب بن سُریس، محمد بن حفص مہرقانی، علی بن حسین بن جنید، عبدالوہاب بن مسلم بن وارہ، محمد بن جعفر قنات کوفی، جعفر بن محمد فریابی، حسن بن سفیان، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ دمشق میں ہشام کے تلامذہ سے ملاقات کی اس میں ہمیشہ کے لیے مقیم ہو گئے۔ بہت سا علم جمع کیا اور کتابیں لکھیں۔ ان سے ان کے صاحبزادے ابوالحسن بن جہضم، عبدالرحمان بن عمر بن نحاس، حنیفی بن عبیداللہ بن عبدان روایت کرتے ہیں۔ عبدالعزیز کتانی نے اپنی کتاب الوفیات میں ان کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے آپ ثقہ، نبیل اور مصنف تھے۔ ۳۴۷ھ میں فوت ہوئے ہیں بواسطہ سند تازہ ان کی حدیث ملی ہے:

"حضرت ابوموسیٰ اشعری فرماتے ہیں میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب یہ آیت پڑھی (فسوف یأتی اللہ بقوم یحبہم ویحبونہ) تو آپ نے فرمایا اس سے تیری قوم کے یمنی لوگ مراد ہیں۔"

۸۶۵ ۱۷/۱۲ امام ابوسعید بن یونس مصری

آپ حافظِ گرامی عبدالرحمان بن احمد ہے مشہور امام یونس بن عبدالاعلیٰ صدفی کے پوتے ہیں۔ مصر کے رہنے والے پختہ کار حافظِ حدیث ہیں۔ تاریخ مصر کے مصنف ہیں۔ ۲۸۱ھ میں پیدا ہوئے اور اپنے والد، احمد بن حماد زغبہ، علی بن سعید رازی، عبدالغنی بن یحییٰ بن بکیر، ابوعبدالرحمان نسائی، ابویعقوب منجنیقی، عبدالسلام بن سہل بغدادی، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے حصولِ تعلیم کے لیے غیر ممالک کا سفر نہیں کیا۔ اور نہ مصر کے علاوہ کسی جگہ حدیث کا سماع کیا تاہم آپ اس فن کے بیدار مغز اور تجربہ کار امام ہیں۔ ان سے ابوعبداللہ بن مندہ، ابومحمد بن نحاس، عبدالواحد بن محمد ملجی اور دوسرے لوگوں نے روایت کی ہے۔ میں نے ان کی تاریخ کا اختصار کیا ہے اور اس کی حدیثیں تعلیقاً ذکر کی ہیں۔ ۶۶ سال عمر پاکر جمادی اخریٰ ۳۴۷ھ میں وفات پائی اس سال حسبِ ذیل علماء کا بھی انتقال ہوا۔

مفتی دمشق مسند ابوالحسن احمد بن سلیمان بن ایوب بن تمام اسدی یہ مذہب اوزاعی کا درس دیا کرتے تھے، ابوعلی احمد بن فضل بن عباس بن خزیمہ بغداد میں فوت ہوئے، ابوالفضل اسماعیل بن محمد بن فضل بن محمد بن مسیب شعرانی ان کا نیسابور میں انتقال ہوا۔ ابواحمد حمزہ بن محمد بن عباس عقیقی دہقانی یہ بغداد میں فوت ہوئے، عراق کے نحوی ابومحمد عبداللہ بن جعفر بن درستویہ فارسی یہ فسوی کی کتاب مشیخہ اور تاریخ ان سے روایت کرتے ہیں، محدثِ دمشق ابوالمیمون عبدالرحمان بن عبداللہ بن راشد بجلی، اور بنو زبید کے مولیٰ مسند کوفہ ابوالحسین علی بن عبدالرحمان بن عیسیٰ بن ماتی زبیدی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمرو کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیل مجھے ہمیشہ ہمسائے کے متعلق وصیت کرتے رہے حتیٰ کہ قریب تھا کہ وہ اسے وارث بنا دیتے۔"

نیز ان کے واسطہ سے زید بن اسلم کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:

"میں نے ایک آدمی سے ملاقات کی اس کا نام سرق تھا میں نے کہا یہ کیا نام ہے؟ بولا آنحضرت

Marfat

صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا یہ نام رکھا ہے۔"

۸۶۶ ۱۸/۱۲ علامہ ابن الحداد کنانی مصری

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن احمد بن محمد بن جعفر ہے مصر کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور اپنے زمانہ کے شیخ العصر ہیں، شافعی المسلک اور صاحب فروع مشہورہ ہیں۔ ابوزنباع، ابوزید قراطیسی، محمد بن عقیل فریابی، محمد بن جعفر بن الامام اور ابوعبدالرحمان سے روایت کرتے ہیں۔ امام نسائی کی خدمت میں دیر تک رہے۔ ان سے سند فراغت حاصل کی اور ان پر زیادہ اعتماد کرتے ہیں۔ بڑے قادر الکلام، فصیح اور علم کا خزانہ تھے۔ حدیث، فقہ اور نحو کے ماہر تھے۔ بڑے عبادت گزار تھے۔ نماز بکثرت پڑھتے تھے اور دور و نزدیک شہرت یافتہ تھے۔ جب ابن زولاق نے اپنی کتاب "قضاۃ مصر" میں ان کا تذکرہ کیا تو لکھا آپ متقی اور عابد تھے بہت سے علوم و فنون میں کامل دستگاہ رکھتے تھے ان میں علم القراآت، علم الحدیث، علم الرجال، الکنیٰ، اختلاف العلماء، نحو، لغت، شعر اور ایام الناس قابل ذکر ہیں۔ ہر روز قرآن ختم کرتے تھے۔ ایک دن روزہ اور ایک دن افطار آپ کا معمول تھا مصر کے لیے باعث زینت تھے بڑے زبان آور تھے۔ اچھا لباس پہنتے اور سواری کے لیے اچھا جانور رکھتے تھے۔ ان کے قول و فعل پر کبھی کسی نے طعن نہیں کیا فرائض قضا میں ماہر تھے۔ آپ نے کتاب القضاء چالیس جزء میں اور کتاب الفرائض تقریباً ایک سو مجلدات میں تصنیف کی۔ حج سے واپسی پر ۸۰ سال عمر پاکر ۳۴۴ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

ان کے واسطہ سے ہمیں امام اسحاق بن راہویہ کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:

"کہ شافعی امام ہیں۔"

۸۶۷ ۱۹/۱۲ امام اسد آبادی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام زبیر بن عبدالواحد بن محمد بن زکریا ہے۔ اسد آباد کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور چوٹی کے امام ہیں۔ حفظ و ضبط حدیث میں ان کا مقام بہت اونچا ہے۔ محمد بن نصیر صنعانی، فضل بن عباس جمحی، حسن بن سفیان، عبداللہ بن ناجیہ، عبدان جوالیقی، ابویعلیٰ موصلی، ابوالعباس سراج، ابن قتیبہ عسقلانی، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ دارقطنی نے محمد بن مخلد عطار سے سنا ہے وہ کہتے تھے ہمیں زبیر بن عبدالواحد نے خبر دی ہے۔ حاکم کہتے ہیں آپ کا شمار نیکوکار اور قابل اعتماد حفاظ حدیث میں ہوتا ہے۔ انہوں نے احکام و مسائل اور شیوخ کے حالات میں کتابیں تصنیف کی ہیں۔

میں کہتا ہوں ان سے ابوعبداللہ حاکم، ابوبکر جوزقی، ابوعبداللہ بن منده، یحییٰ بن ابراہیم مزکی، قاضی عبدالجبار بن احمد معتزلی اور دوسرے لوگوں نے حدیث حاصل کی ہے۔ ذی الحجہ ۳۴۷ھ میں ضلع ہمدان کے قصبہ اسد آباد میں فوت ہوئے۔ آپ نے مصر اور دمشق کے شیوخ سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ خطیب کہتے ہیں حافظ متقن اور کثیر الحدیث تھے۔ ہمیں اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے امام یحییٰ بن معین کا یہ قول پہنچا ہے فرماتے ہیں:

"شافعی صدوق اور راست گو ہیں اور ان میں کوئی عیب نہیں ہے۔"

Marfat.c

۸۶۸ ۲۰/۱۲ امام محمد بن داؤد بن سلیمان نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوبکر ہے، نیسابور کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث، مشہور زاہد اور حجت ہیں، شیخ الصوفیہ کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں۔ محمد بن عمرو قشمرد، محمد بن ابراہیم بوشنجی، ابن ضریس، نسائی اور ان جیسے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا اور اس غرض کے لیے خراسان، حجاز، شام، مصر اور موصل کا سفر اختیار کیا۔ احکام و مسائل اور شیوخ کے حالات میں کتابیں تصنیف کیں اور عرصہ دراز تک حدیث املا کراتے رہے ان سے امام حاکم، ابن مندہ، ابن جمیع، ابو زکریا مزکی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ کا شمار اولیاء اللہ میں ہوتا ہے دارقطنی فرماتے ہیں ثقہ اور فاضل ہیں خود ان کا اپنا بیان ہے میں نے ایک دفعہ بصرہ میں قحط کے زمانہ میں ایک روٹی چالیس دن میں کھائی جب مجھے بھوک ستاتی تو میں پیٹ بھرنے کی نیت سے سورت یٰسین کی تلاوت کرتا خلیلی کہتے ہیں حفظ و اتقان میں مشہور ہے۔ ان کا حفظ اور علم ان فوائد سے واضح ہے جو انہوں نے وقتاً فوقتاً املا کرائے۔ میں کہتا ہوں ۳۴۲ھ میں فوت ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن مسعود کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فرائضِ دین ادا کرنے کے بعد کسبِ حلال تلاش کرنا فرض ہے"

اس کی سند میں ایک راوی عباد بہت ضعیف ہے۔

۸۶۹ ۲۱/۱۲ محدث الاسلام امام ابوعلی حافظ نیشاپوری

آپ کا اسم گرامی حسین بن علی بن یزید نیسابوری ہے۔ آپ حدیث کی چھان بین کرنے والے آئمہ میں ایک چوٹی کے امام ہیں۔ ابو عبداللہ حاکم کہتے ہیں حفظ و اتقان، ورع و اتقاء اور مذاکرہ و تصنیف میں یگانہ روزگار ہیں۔ ابراہیم بن ابی طالب علی بن حسین، عبداللہ بن شیرویہ، حافظ جعفر بن احمد، حسین بن ادریس، محمد بن عبدالرحمان سامی، حسن بن سفیان، محمد بن جعفر کوفی قتات، ابوخلیفہ جمحی، محمد بن نصیر سند اصفہان، یحییٰ بن بکیر کے تلمیذِ خاص حسن بن فرج غزی، عمران بن موسیٰ بن مجاشع، ابوعبدالرحمان نسائی، ابویعلیٰ موصلی، عبدان اہوازی، اور ان کے طبقہ کے دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ تحصیلِ علم کے لیے خراسان، حجاز، شام، عراق، مصر، جزیرہ اور جبال جیسے دور دراز ممالک کے سرچشمہ ہائے علم کھنگال ڈالے۔ ۲۷۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۹۴ھ میں پہلے پہل حدیث کا سماع شروع کیا۔ آپ بچپن میں کسی صنعت و حرفت میں مصروف تھے۔ لیکن ان کی فطانت اور ذہانت دیکھ کر بعض علماء نے علم حاصل کرنے کا مشورہ دیا۔ خود فرماتے ہیں، میں ۲۹۵ھ میں ہرات گیا اور محدث ابوخلیفہ کے حلقۂ درس میں حاضر ہوا۔ وہ اس وقت اپنے کسی کارندے سے ناراض ہو رہے تھے اور کہہ رہے تھے کمینے! پھر دوبارہ ایسا کرو گے؟ بولا جی! نہیں اللہ تعالیٰ آپ کو نیکی کی توفیق دے۔ آپ نے فرمایا تجھے اللہ تعالیٰ نیکی کی توفیق نہ دے اٹھ میری آنکھوں سے دور ہو جا امام حاکم فرماتے ہیں میں نے حافظ ابوعلی کو دیکھا ہے ابویعلیٰ موصلی اور ان کے حفظ و اتقان سے بہت خوش تھے فرمایا کرتے تھے۔ ابویعلیٰ سے ان کی کوئی شاذ و نادر

حدیث ہی مخفی رہتی ہے، اگر بشر بن ولید سے قاضی ابو یوسف کی کتابوں کے سماع میں نہ لگے رہتے تو بصرہ جاکر ابوالولید طیالسی اور سلیمان بن حرب جیسے قدماء سے اکتساب فیض کر سکتے تھے۔

امام حاکم فرماتے ہیں ابو علی حفظ و ضبط میں بے نظیر اور ذہین و فطین تھے اس سلسلہ میں کسی کو ان سے مذاکرہ کی جرأت نہیں ہوتی تھی اور ہمارے دور کے حفاظِ حدیث میں سے کوئی بھی ان سے مذاکرہ کا حق ادا نہیں کر سکتا تھا۔ ۳۰۳ھ میں دوسری مرتبہ بغداد گئے علم کا سرمایہ جمع کیا، کتابیں لکھیں اور ہمیشہ کے لیے وہاں سکونت پذیر ہو گئے اس وقت بغداد میں ان سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں تھا۔ ممکن ہے حافظ ابوبکر جعابی ان کے مقابلہ کے ہوں کیونکہ میں نے حافظ ابو علی سے سنا ہے فرماتے تھے بغداد میں ان سے بڑا حافظِ حدیث کوئی ہے میں نے حافظ ابو علی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ابو محمد ابن صاعد نے مذاکرہ میں مجھ سے کئی حدیثیں لکھی ہیں اور ابن جوصا نے تو مجھ سے احادیث کا ایک مجموعہ لکھا ہے۔

میں کہتا ہوں آپ سے ابوبکر احمد بن اسحاق صبغی اور ابوالولید فقیہ نے حدیث کا سماع کیا ہے حالانکہ یہ دونوں آپ سے بڑے تھے۔ ان کے علاوہ ابو عبداللہ بن مندہ، ابو عبداللہ حاکم، ابو طاہر بن محمش، ابو عبدالرحمان سلمی اور دوسرے بہت سے لوگوں نے بھی آپ سے اکتساب فیض کیا ہے حافظ ابوبکر بن دارم کہتے ہیں میں نے ابن عقدہ کو کسی عالم کے سامنے تنی فروتنی کرتے نہیں دیکھا جتنی کہ وہ حافظ ابو علی کے لیے ظاہر کرتے تھے۔ حاکم کہتے ہیں میں نے حافظ ابو علی سے سنا ہے فرماتے تھے ایک دفعہ بغداد میں میرا ابو احمد عسال، ابو اسحاق بن حمزہ، ابو طالب بن نصر اور حافظ ابوبکر جعابی کے ساتھ اجتماع ہوا۔ ان سب نے مجھے نیساپور کی حدیث کے متعلق ایک مجلس املا کرانے کے لیے کہا چاہے تو میں نے انکار کیا لیکن ان کے بضد ہونے اور اصرار کرنے پر میں نے ان کو تیس احادیث املا کرائیں۔ ان میں سے کسی نے بھی کسی حدیث کے متعلق کوئی بحث نہیں کی ہاں ابو اسحاق بن حمزہ نے ایک حدیث کے متعلق کچھ مزید وضاحت چاہی۔ ابو عبدالرحمان سلمی کہتے ہیں میں نے امام ابوالحسن دارقطنی سے حافظ ابو علی کے متعلق پوچھا تو فرمانے لگے یہ تو مجھے ہوتے بے عیب امام ہیں۔ ابن مندہ کہتے ہیں میں نے حافظ ابو علی سے سنا ہے وہ کہتے تھے میں نے ان سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا۔ فرماتے تھے آسمان کی پشت کے نیچے مسلم کی کتاب سے زیادہ صحیح کوئی کتاب نہیں ہے۔ عبدالرحمان بن مندہ کہتے ہیں میں نے اپنے والد کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ضبط و اتقان اور اختلاف حدیث میں حافظ ابو علی سے بڑھ کر علم رکھنے والا میں نے کوئی نہیں دیکھا۔

قاضی ابوبکر ابہری کہتے ہیں میں نے ابوبکر بن داؤد کو ابو علی نیساپوری سے سوال کرتے ہوئے سنا ہے کہ ابراہیم عن ابراہیم عن ابراہیم کون ہیں؟ فرمانے لگے ابراہیم بن عثمان عن ابراہیم بن عامر بجلی عن ابراہیم نخعی ہیں بولے شاباش! ابو علی! آپ نے خوب جواب دیا ہے حاکم کہتے ہیں ابو علی فرماتے ہیں میں نے اپنے دوستوں میں جعابی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا، ان کا قوی حافظہ دیکھ کر مجھے حیرت ہوتی ہے۔ میں نے ابوبکر جعابی کے پاس ابو علی کا یہ قول ذکر کیا تو بولے ابو علی یہ فرماتے ہیں حالانکہ دراصل وہ میرے استاذ ہیں۔ حاکم کہتے ہیں آپ نے جمادی الاولیٰ ۳۴۹ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ روایت پہنچی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گردی ہوئی چیز کی واپسی سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔"

نیز ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث بھی لی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک لوگ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی شہادت نہ دیں اور مجھ پر اور میرے لائے ہوئے دین پر ایمان نہ لائیں۔ میں ان سے لڑنے پر مامور ہوں جب وہ یہ تسلیم کرلیں گے تو اپنے خون اور مال محفوظ کرلیں گے مگر حقوق کی ادائیگی ان پر واجب رہے گی اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے۔"

۸۷۰ ۱۲/۱۲ امام قاضی رامہرمزی فارسی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام حسن بن عبدالرحمان بن خلاد ہے رامہرمز کے رہنے والے باکمال حافظِ حدیث اور علومِ حدیث میں مشہور کتاب المحدث الفاصل بین الراوی والواعی کے مصنف ہیں۔ اپنے والد، حافظ محمد بن عبداللہ حضرمی، قاضی ابوحصین وادعی، محمد بن حبان مازنی، عبید بن غنام نخعی، حسن بن مثنیٰ عنبری، محمد بن عثمان بن ابی شیبہ، قاضی یوسف بن یعقوب، موسیٰ بن ہارون، ابوسعید عبداللہ بن حسن حرانی، ابوخلیفہ جمحی، جعفر بن محمد فریابی، عبدان بن احمد اہوازی، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا، انہوں نے سماعِ حدیث کی ابتدا ۲۶۰ھ میں کی۔ ان سے ابوالحسین محمد بن احمد صیداوی اپنی کتاب معجم میں، حافظ حسن بن لیث شیرازی، ابوبکر بن احمد بن موسیٰ بن مردویہ، قاضی ابوعبداللہ احمد بن اسحاق نہاوندی اور اہل فارس کی دوسری جماعتیں روایت کرتی ہیں۔ ہمیں ان کی تصنیف الفاصل اور کتاب الامثال ملی ہے آپ فنِ حدیث کے امام تھے جو شخص علم حدیث میں ان کی تصنیف کردہ کتاب (الفاصل) غور سے پڑھے گا اس پر یہ حقیقت واضح ہو جائے گی۔

مجھے ان کی تاریخ وفات معلوم نہیں ہوسکی۔ میرا خیال ہے ۳۵۰ھ تک زندہ رہے ہیں، ابوالقاسم بن مندہ نے اپنی کتاب "الوفیات" میں ان کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ تقریباً ۳۶۰ھ تک رامہرمز میں زندہ رہے ہیں۔ مجھے ان کی عالی احادیث سے ایک حدیث ملی ہے۔ ان کے واسطہ سے مجھے حضرت ابوایوب انصاری کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا ابوایوب! تجھے ایک ایسا عمل نہ بتاؤں جو اللہ عزوجل کو پسند ہے؟ جب لوگوں میں فساد واقع ہو تو ان کے درمیان صلح کراؤ اور جب ایک دوسرے سے دشمنی کرنے لگیں تو ان کے درمیان محبت پیدا کرو۔"

اس حدیث کے راوی یحییٰ بصرہ کے رہنے والے ہیں، پھر بغداد میں آباد ہو گئے تھے، دارقطنی اور دوسرے محدثین نے ان کو ترک کردیا ہے۔ ۱۹۰ھ میں فوت ہوئے ابوداؤد نے اپنی سنن میں ان کی حدیث ذکر کی ہے۔

۸۷۱ ۲۳/۱۳ امام ابنِ سعد بزاز نیشاپوری

آپ کی کنیت ابومحمد اور نام عبداللہ بن احمد بن سعد ہے، نیسابور کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث، بہت بڑے عالم اور پختہ کار محدث ہیں۔ امام حاکم نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور ان سے حدیث بھی لی ہے کہتے ہیں وہ بہت سا علم ضبطِ

تحریر میں لائے، شیوخ کے حالات جمع کیے اور احکام و مسائل اور نوادر پر کتابیں لکھیں تحصیل علم کے لیے سفر اختیار نہیں کیا۔ محمد بن ابراہیم بوشنجی، احمد بن نصر، ابراہیم بن ابی طالب، سراج اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا، پھر ان کے بعد چار طبقات کے اہل علم سے فیض یاب ہوئے۔ میں نے ان کے متعلق عبداللہ ابن شیرویہ سے پوچھا تو فرمایا ثقہ اور مامون ہیں تقریباً ۸۰ سال عمر پاکر ۳۴۹ھ میں حرکت قلب بند ہونے سے اچانک انتقال کر گئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میرے کسی دوست سے دشمنی رکھے اس نے مجھ سے اعلان جنگ کیا" الحدیث۔ اس کے آخر میں ہے "ذکرہ مسارتہ اخرجہ البخاری"

ظاہر یہ ہے کہ اس حدیث کو خالد سے ابن کرامہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ بیہقی کہتے ہیں اس کو عبدالواحد نے بھی اپنے آقا عروہ سے عن عائشہ عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم اسی مفہوم کے ساتھ روایت کیا ہے۔ لیکن اس میں کمی بیشی ہوئی ہے۔

۸۷۲ ۲۴/۱۲ امام نقاش موصلی ثم بغدادی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن حسن بن محمد اور لقب نقاش ہے۔ موصل کے رہنے والے بہت بڑے عالم، حصول تعلیم کے لیے قریہ قریہ اور شہر شہر گھومنے پھرنے والے مقری، مفسر اور چوٹی کے دانشمند ہیں۔ پہلے میں ان کی کمزوری کی وجہ سے ان کے تذکرہ سے صرف نظر کرنا چاہتا تھا لیکن پھر میں نے ان کا ذکر کرنا اور ان کے ظاہری اور باطنی عیوب سے پردہ اٹھانا مناسب سمجھا۔ ابن فارس کے قول کے مطابق یہ ۲۶۶ھ میں پیدا ہوئے۔ میں کہتا ہوں یہ اسحاق ختلی، ابومسلم کجی، ابراہیم بن زہیر حلوانی، محمد بن علی صائغ مکی، احمد بن انس دمشقی، مطین، محمد بن عبدالرحمان سامی، حسن بن سفیان اور ان کے طبقہ سے [illegible] کرتے ہیں، اور بہت عجیب و غریب روایت کرتے ہیں اور ہارون دمشقی اخفش، ابوربیعہ، ابن حباب، حسن بن [illegible] اور متعدد دوسرے قراء سے تجوید کے ساتھ قرآن پڑھا کہتے ہیں انہوں نے مہران سے ۲۸۵ھ میں قرآن پڑھا ان سے ابن مہران کتاب الغایہ کے مصنف، دانی کے شیخ عبدالعزیز فارسی، حمامی، نہروانی، علی بن جعفر سعیدی اور ان کے آخری شاگرد ابوالقاسم زیدی حرانی نے تجوید کے ساتھ قرآن کی تعلیم حاصل کی۔ حدیث ان سے ان کے شیخ ابن مجاہد، ابن شاہین دارقطنی، ابواحمد قرطبی، ابوعلی بن شاذان اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ یہ مندرجہ ذیل کتابوں کے مصنف ہیں۔

کتاب شفاء الصدور فی التفسیر، کتاب غریب القرآن، الموضح فی معانی القرآن، المناسک، اخبار القصاص، ذم الملحد، المعجم الاکبر فی اسماء القراء، کتاب علل القراءات، کتاب السبعۃ، کتاب دلائل النبوۃ اور متعدد دوسری کتابیں۔ یہ اپنی جلالت قدر اور دانشمندی کے باوجود متروک الحدیث ہیں بایں فن تجوید اور قرأت میں ان کی حالت کچھ اچھی ہے ابوعمرو دانی کہتے ہیں۔ نقاش مقبول الشہادۃ ہیں مگر طلحہ بن محمد بن جعفر کہتے ہیں نقاش حدیث بیان کرتے ہیں کذب بیانی سے کام لیتا ہے اور اس کی حیثیت ایک قصہ گو سے زیادہ نہیں، برقانی کہتے ہیں اس کی سب حدیثیں منکر ہیں، لالکائی کہتے ہیں اس کی تفسیر دلوں کو شفاء سے محروم

کرنے والی ہے شفا دینے والی نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں یہ اس لیے کہ اس میں موضوعات کی بھرمار ہے خطیب کہتے ہیں مشہور سندوں کے ساتھ منکر حدیثیں بیان کرتا ہے۔ نقاش شوال ۳۵۱ھ میں فوت ہوا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ اس کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سجدہ کی حالت میں بندہ اپنے رب کے زیادہ نزدیک ہوتا ہے"

نیز ان کے واسطہ سے مجھے سندی کا یہ قول ملا ہے کہتے ہیں:

"میں ایک دفعہ کپڑا فروخت کرنے کے لیے کربلا گیا وہاں بنو طی کے ایک شیخ نے ہمارا کھانا پکایا ہم نے کھانا اس کے ہاں کھایا۔ باتوں باتوں میں حضرت حسین کے قتل کا تذکرہ ہونے لگا۔ میں نے کہا ان کے قتل میں جس نے حصہ لیا بالآخر وہ بدترین قسم کی موت سے ہلاک ہوا یہ سن کر وہ شیخ بولا اے اہل عراق! تم کتنا جھوٹ بولتے ہو؟ اس کے قتل میں تو میں بھی شریک تھا (میرا تو بال بیکا نہیں ہوا) ہم ابھی اس مجلس میں تھے وہ اُٹھ کر چراغ ٹھیک کرنے لگا جو وہاں جل رہا تھا انگلی سے بتی نکالنے لگا تو اس کی انگلی میں آگ لگ گئی جب پھونک ڈال کر اسے بجھانے لگا تو اس کی داڑھی نے آگ پکڑ لی اور جلنے لگا جب کوئی پیش نہ گئی تو اس نے دوڑ کر پانی میں چھلانگ لگا دی مگر بے سُود وہ دیکھتے دیکھتے کوئلہ ہو گیا"[1]

۸۷۳ ۲۵/۱۳ امام ابو اسحاق بن حمزہ اِصبہانی

آپ کا اسم گرامی ابراہیم بن محمد بن حمزہ بن عمارہ ہے، اصفہان کے رہنے والے پختہ کار، بہت بڑے حافظِ حدیث اور چوٹی کے عالم ہیں۔ ابو شعیب حرانی، محمد بن عبداللہ مطین، قاضی یوسف بن یعقوب، محمد بن عثمان عبسی، ابو خلیفہ جمحی، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابو عبداللہ بن مندہ، علی بن عبد کویہ، ابو بکر بن مردویہ، ابو بکر بن ابی علی ذکوانی، حافظ ابو نعیم اور دوسرے بہت سے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ حافظ ابو نعیم فرماتے ہیں یہ حفظ و اتقان میں یگانہ روزگار ہیں ہم نے عبداللہ بن مظاہر کے بعد حفظ و ضبط میں ان کے مقابلہ کا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ انہوں نے شیوخ کے حالات جمع کیے، اور ایک مسند تصنیف کی ہے۔ ان کے دادا عمارہ کا نام حمزہ بن یسار ہے اور سلطنتِ عباسیہ کے بانی ابو مسلم خراسانی کے بھائی حفص کی اولاد سے ہے۔ ابو عبداللہ بن مندہ کہتے ہیں میں نے ابو اسحاق بن حمزہ سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا ابو العباس ابن عقدہ کہتے ہیں میں نے قوتِ حفظ میں ابن حمزہ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ امام حاکم فرماتے ہیں ہمارے زمانہ میں آئمہ حدیث کی ایک ایسی جماعت ہے کہ ان میں سے ہر ایک کی تراجم کے لحاظ سے تصنیف کردہ مسند ایک ایک ہزار جلد پر مشتمل ہے ان میں سے ابراہیم بن حمزہ اور حسین بن محمد ماسرجسی ہیں۔ ابو نعیم کہتے ہیں ان کا سات رمضان المبارک ۳۵۳ھ میں انتقال ہوا، میں کہتا ہوں تقریباً ۸۰ برس زندہ رہے ان کے والد بھی اصفہان کے کبار مشائخ میں شمار ہوتے تھے۔ مجھے ان کے

---

[1] یہ قصہ بھی نقاش کا وضع کردہ معلوم ہوتا ہے۔ از مترجم

Marfat

واسطہ سے حضرت عمر کی یہ حدیث لی ہے کہ :

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے تعلق اور میرے نسب کے سوا قیامت کے دن ہر قسم کا تعلق اور ہر قسم کا نسب منقطع ہو جائے گا"

حاکم اپنی کتاب "معرفۃ علوم الحدیث" میں لکھتے ہیں ابن حمزہ صحابہ کی مسانید کے ایک ایک ترجمہ میں مذاکرہ کا حق ادا کر دیتے تھے۔ ابوبکر ابن جعابی، حافظ ابو علی نیسابوری اور ہمارے دوسرے مشائخ نے اعتراف کیا ہے کہ یہ مسندات کے حفظ کرنے میں متفرد ہیں۔ میں نے ابن مندہ سے ان کی وفات کا سوال کیا تو فرمایا ۳۵۹ھ میں فوت ہوئے میں کہتا ہوں پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ فقیہ ابوالقاسم دارکی کہتے ہیں ایک دفعہ صاحب ابن عباد نے اصفہان میں ہمارے شہر کے حفاظ حدیث عسال، طبرانی، ابن حمزہ وغیرہ کو جمع کیا اتفاقاً اس وقت حافظ ابن جعابی بھی آئے ہوئے تھے۔ میں بھی اس مجلس میں حاضر تھا یہ سب حضرات مختلف مسائل احکام میں مذاکرہ کرنے لگے پھر یہ موضوع چھوڑ کر تراجم شیوخ پر مذاکرہ ہونے لگا مگر میں نے دیکھا کہ ابواسحاق کے حفظ اور مذاکرہ کے مقابلہ میں سب عاجز ہیں۔

حافظ ابو علی فرماتے ہیں قاضی ابو عبید بن حربویہ مصر کے عہدہ قضا سے سبکدوش ہو کر بغداد میں آ گئے۔ پہلے وہ اشعث اور عمر بن شبۃ سے روایت کرتے تھے پھر ان سے آگے بڑھ کر بندار اور ابوموسیٰ سے روایت کرنے لگے جب بغداد آئے تو ان سے بھی قدیم اساتذہ ابوربیع زہرانی اور ابراہیم بن حجاج سامی سے حدیث بیان کرنا شروع کر دی۔ ابراہیم بن محمد بن حمزہ خصوصیت سے ان کے حلقہ درس میں شریک ہوتے تھے۔ ابراہیم نے مجھے بتایا کہ ایک دن ابو عبید نے ان سے کہا میں نے عزم کر لیا ہے کہ آئندہ ابوالولید اور موسیٰ حدیث بیان کیا کروں گا میں نے کہا قاضی صاحب! خدا سے ڈریئے ایسا کرو گے تو لوگ ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گے۔

۸۷۴ ۲۶/۱۲ امام احمد بن منصور بن عیسیٰ طوسی

آپ کی کنیت ابوالحمد ہے طوس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث، نامور فقیہ اور مشہور ادیب ہیں۔ امام حاکم نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور ان کی تعریف و توصیف میں بہت مبالغہ کیا ہے۔ کہا ہے یہ کئی مرتبہ نیسابور میں آئے ہیں۔ میں نے اپنے مشائخ میں ان سے زیادہ جامع عالم کم ہی دیکھا ہے۔ عبداللہ بن شیرویہ، ابراہیم بن اسحاق انماطی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ میں ایک دفعہ طوس میں آیا اس وقت حافظ ابوالحمد وہاں کے قاضی تھے میں نے ان سے سنا فرماتے تھے میں احمد بن منصور پر بہت خوش ہوں جب مجھے مشائخ کے متعلق کچھ پوچھنے کی ضرورت پڑتی ہے تو ان کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

حافظ ابوعبداللہ کہتے ہیں ابوالحمد کا ۳۴۵ھ میں انتقال ہوا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۸۷۵ ۲۷/۱۲ مسند الدنیا امام طبرانی شامی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام سلیمان بن احمد بن ایوب ہے۔ طبرستان شام کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث

بہت بڑے عالم اور حجت ہیں۔ حفاظِ حدیث کی آخری یادگار ہیں ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے ۲۷۳ھ میں حدیث کا س
شروع کیا اور تحصیلِ علم کے لیے شام کے شہروں، حرمین، یمن، مصر، بغداد، کوفہ، بصرہ، اصفہان اور جزیرہ وغیرہ کے سرچشمہ
ہائے علم کھنگال ڈالے اور ایک ہزار یا اس سے بھی زیادہ شیوخ سے استفادہ کیا۔

آپ نے معجم کبیر تصنیف کی اور اس میں بجز ابو ہریرہ تمام صحابہ کی مسند احادیث جمع کر دیں، حضرت ابو ہریرہ کی
میں ایک الگ مستقل کتاب لکھی ہے اسی طرح اپنے شیوخ کی ترتیب پر معجم اوسط چھ ضخیم جلدوں میں تیار کی اس میں اپنے
اساتذہ سے عجیب و غریب روایات اور معلومات جمع کی ہیں۔ یہ کتاب امام دارقطنی کی کتاب الافراد کی نظیر ہے اس میں انہ
نے اپنی فضیلت اور وسعتِ معلومات کا خوب خوب مظاہرہ کیا ہے۔ خود فرمایا کرتے تھے یہ کتاب میری جان ہے اس
آپ نے بہت محنت کی ہے۔ اور اس میں ہر قسم کی نفیس، عزیز اور منکر احادیث تحریر ہیں اس کے بعد ایک معجم صغیر بھی لکھی ہے
اس میں انہوں نے اپنے ہر استاذ سے ایک ایک حدیث ذکر کی ہے۔ ان کے علاوہ بھی بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں آپ س
اس میدان کے شاہسوار ہیں کسی جگہ صداقت و امانت کا دامن ہاتھ سے چھوٹنے نہیں پاتا۔

آپ کے اساتذہ ہاشم بن مرثد طبرانی، ابو زرعہ دمشقی، اسحاق دبری، ادریس عطار، بشر بن موسیٰ، حفص بن عمر سنجہ الف
علی بن عبدالعزیز بغوی، مقداد بن داؤد رعینی، یحییٰ بن ایوب علاف، ابو عبدالرحمان نسائی، عبداللہ بن
محمد بن سعید بن ابی مریم، اور ان جیسے دوسرے اساتذہ فن سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے بچپن میں ان کے والد کو، ان کی
اعلیٰ تعلیم دلانے کا بہت شوق تھا، وہ ان کو سفر میں اپنے ساتھ لے جاتے تھے یہی وجہ ہے کہ ان کو دحیم وغیرہ قدیم اساتذہ
سے استفادہ کا موقعہ ملا ہے۔

ولادت آپ شام کے مشہور شہر عکہ میں صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے، آپ کی والدہ ماجدہ اس شہر کی رہنے
والی تھیں۔

تصنیفات آپ کی تصانیف میں سے کچھ درج ذیل ہیں۔
کتاب الدعاء ایک ضخیم جلد، کتاب المناسک، کتاب عشرۃ النساء، کتاب السنۃ، کتاب الطوالات،
کتاب النوادر، کتاب دلائل النبوۃ، کتاب مسند شعبۃ، کتاب مسند سفیان، اسانید جماعۃ من الکبار، کتاب حدیث الشامیین
کتاب الاوائل، کتاب الری، تفسیر کبیر اور بہت سی اور کتابیں جن سے ہم واقف نہیں ہوئے۔ ان سے ان کے شیوخ میں سے
ابو خلیفہ جمحی، ابن عقدہ، احمد بن محمد صحاف تلامذہ میں سے ابو بکر بن مردویہ، فقیہ ابو عمر محمد بن حسین بسطامی، حسین بن احمد بن مرزبان
ابو بکر بن ابی علی ذکوانی، ابو الفضل محمد بن احمد جارودی، حافظ ابو نعیم، ابو الحسین بن فادشاہ، محمد بن عبیداللہ بن شہریار، عبدالرحمان بن
احمد سقار، اور ان کے آخری شاگرد ابو بکر بن ریذہ نے اکتسابِ فیض کیا۔ موخر الذکر کے بعد عبدالرحمان بن ذکوانی دو سال زندہ
رہے جو امام موصوف سے بالاجازہ روایت کرتے تھے۔

بقیہ تصانیف حافظ یحییٰ بن مندہ نے امام موصوف کی مندرجہ ذیل تصانیف کے نام گنوائے ہیں لیکن ان میں سے بیشتر انہوں
نے خود نہیں دیکھیں۔ معجم کبیر دو سو جزء، معجم اوسط تین جلد، معجم صغیر ایک جلد، مسند العشرہ ۲۰ جزء،

t.com

مسند الشامیین کئی جلدیں، النوادر ایک جلد، معرفۃ الصحابہ ایک جلد، فوائدہ ۱۰ جزء، مسند ابی ہریرہ ایک ضخیم جلد، مسند عائشہ، التفسیر کبیر، دلائل النبوۃ ایک جلد، الدعاء السنۃ ایک جلد، حوالات ایک جلد، حدیث شعبہ ایک جلد، حدیث اعمش ایک جلد، الاوزاعی ایک جلد، شیبان ایک جلد، ایوب ایک جلد، عشرۃ النساء ایک جلد، مسند ابی ذر ۲ جزء، الرؤیۃ ایک جزء، الجود ایک جزء، العلم، الالویۃ ایک جزء، فضل رمضان ایک جزء، الفرائض ایک جزء، الرد علی المعتزلۃ ایک جزء، الرد علی الجہمیۃ ایک جزء، مکارم الاخلاق الفراء ایک جزء، الصلوۃ علی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم ایک جزء، المأموم ایک جزء، الغسل ایک جزء، فضل العلم ایک جزء، ذم الرأی ایک جزء، تفسیر الحسن دو جزء، الزہری عن انس ۲ جزء، ابن المنکدر عن جابر ایک جزء، مسند ابی اسحاق سبیعی، حدیث یحیٰی بن ابی کثیر، حدیث مالک بن دینار، ماروی الحسن عن انس، حدیث ربیعۃ، حدیث حمزۃ الزیات، حدیث مسعر، حدیث ابی سعد البقال، طرق حدیث من کذب علی ایک جزء، النوح ایک جزء، مسند ابن جحادۃ، من اسمہ عباد، من اسمہ عطاء، من اسمہ شعبۃ، اخبار عمر بن عبد العزیز بن رفیع، مسند روح بن القاسم، فضل مکۃ، امہات النبی صلی اللہ علیہ وسلم، مسند حمارہ بن غزیہ، طلحہ بن مصرف وجماعۃ، مسند العبادلۃ ایک ضخیم جلد، احادیث ابی عمرو بن العلاء، غرائب مالک ایک جزء، ابان بن تغلب ایک جزء، حریث بن ابی مطر، وصیۃ ابی ہریرۃ، مسند الحارث العکلی، فضائل الاربعۃ الراشدین دو جزء، مسند ابن عجلان، کتاب الاشربۃ، کتاب الطہارۃ، کتاب الامارہ، عشرۃ النساء، مسند ابی ایوب الافریقی، مسند زیاد الجصاص، مسند زافر وغیرہ وغیرہ۔

علم کی راہ میں صعوبتیں

ذکوانی کہتے ہیں امام طبرانی سے بکثرت احادیث جمع کرنے کا سبب پوچھا گیا تو فرمایا میں نے مسلسل تیس سال چٹائی پر سو کر بسر کیے ہیں (یعنی آرام و آسائش چھوڑی) تب یہ خزانہ ہاتھ آیا۔

اصفہان میں آمد

حافظ ابو نعیم فرماتے ہیں، امام طبرانی ۲۹۰ھ میں اصفہان میں آئے وہاں کے علماء سے حدیث کا سماع کیا، اور چلے گئے پھر آئے تو اس شہر کو اپنا وطن بنا لیا اور ساٹھ سال یہاں مقیم رہے۔ ابن مردویہ کہتے ہیں طبرانی ۳۱۰ھ میں آئے یہاں کے حاکم ابن رستم نے ان کی بڑی تعظیم و تکریم کی، انہیں اپنا مصاحب بنا لیا و ہر ماہ خزانہ سے ان کا وظیفہ مقرر کر دیا جو آپ وفات تک وصول کرتے رہے۔

حضرت ابوبکر و عمر کی شان میں گستاخی سن کر وظیفہ لینا بند کر دیا

ابو عمر بن عبد الوہاب سلمی کہتے ہیں میں نے امام طبرانی سے سنا ہے فرماتے تھے جب ابن رستم فارس سے آیا تو اس نے مجھے ۱۰۰ درہم وظیفہ دینا شروع کیا، آخر جب اس نے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کی شان میں نازیبا کلمات کہنے شروع کیے تو میں نے اس کی صحبت ترک کر دی اور پھر کبھی اس کے پاس نہیں گیا۔

علم کے مقابلہ میں وزارت ہیچ ہے

ابن فارس لغوی کہتے ہیں کہ انہوں نے استاذ ابن العمید سے سنا ہے فرماتے تھے جب تک میں نے طبرانی و ابوبکر جعابی کا مذاکرہ علمیہ نہیں سنا تھا میں اپنی وزارت اور سیادت کے مقابلہ میں دنیا کی کسی چیز کو سعادت نہیں سمجھتا تھا اس مذاکرہ میں کثرت محفوظات کے لحاظ سے طبرانی کا پلڑا بھاری تھا جب کہ ذہانت اور فطانت میں جعابی غالب نظر آتے تھے۔ ہوتے ہوتے دونوں

Marfat.com

کی، آوازیں بلند ہوئیں اور جعابی نے دعویٰ کیا میرے پاس ایک ایسی حدیث ہے جو دنیا میں کسی کے پاس نہیں ہے طبرانی بولے وہ حدیث بیان کرو جعابی نے اخبرنا ابو خلیفہ انا سلیمان بن ایوب کہہ کر ایک حدیث بیان کی، طبرانی کہنے لگے یہ حدیث میں نے سلیمان بن ایوب سے سُنی ہے اور تمہارے شیخ ابو خلیفہ نے پہلے پہل مجھ سے سُنی ہے تم یہ سند عالی کے ساتھ مجھ سے لے لو، یہ سُن کر جعابی شرمندہ ہوئے اور میں نے اس وقت خواہش کی کہ کاش! میں وزیر ہونے کے بجائے طبرانی ہوتا اور اس مذاکرہ میں جو اسے خوشی ہوئی ہے وہ مجھے حاصل ہوتی۔

امام طبرانی ہمعصروں کی نظر میں

جعفر بن ابی السری کہتے ہیں میں نے ایک دفعہ ابن عقدہ سے کچھ فوت شدہ احادیث دوبارہ لکھانے کا سوال کیا اور اس پر بضد ہوا بولے تم کہاں کے رہنے والے ہو؟ میں نے کہا کہ اصفہان کا رہنے والا ہوں، کہنے لگے وہ تو سارا شہر خوارج کا مسکن ہے میں نے کہا یوں نہ کہئے وہاں فقہا اور شیعہ بھی بکثرت ہیں بولے معاویہ کے شیعہ؟ میں نے کہا نہیں بلکہ شیعان علی ہیں، وہاں کے ہر شیعہ کے نزدیک حضرت علی اس کے جان و مال اور اہل و عیال سے زیادہ عزیز ہیں، اس پر انہوں نے مجھے فوت شدہ احادیث تو لکھادیں پھر پوچھنے لگے تم نے سلیمان بن احمد لخمی سے بھی سماع کیا ہے؟ میں نے کہا میں تو اس کو جانتا ہی نہیں ہوں بولے یا للعجب! سلیمان تمہارے شہر میں رہتے ہیں ان سے سماع نہیں کرتے ہو اور مجھے آکر اس قدر تکلیف دیتے ہو، میرے علم میں وہ بے نظیر آدمی ہیں، پھر پوچھنے لگے ابراہیم بن محمد بن حمزہ کو جانتے ہو؟ میں نے کہا جی ہاں! فرمانے لگے میں نے حفظِ حدیث میں ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ ابن مندہ کہتے ہیں طبرانی حدیث کے مشاہیر حفاظ میں سے ہیں لیکن احمد بن عبدالرحیم برقی سے حدیث روایت کرتے ہیں حالانکہ ان سے ان کی ملاقات ثابت نہیں۔

میں کہتا ہوں ہاں! یہ ٹھیک ہے مگر طبرانی نے ان کا ارادہ نہیں کیا اور نہ اُن سے روایت کی ہے وہ عبدالرحیم برقی سے سیرت اور اس کے علاوہ دوسری احادیث بیان کرتے ہیں مگر ان کے نام میں غلطی کر گئے ہیں اور ان کی جگہ پر ان کے بھائی کا نام ذکر دیتے ہیں اور یہ معمولی لغزش ہے جس سے ان کے مقام و مرتبہ پر کوئی حرف نہیں آتا، حافظ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی نے اس پر تنبیہ کی ہے فرماتے ہیں میں نے امام طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں، قابلِ اعتماد حافظِ حدیث ہیں مگر ان سے ایک غلطی ہوئی ہے، انہوں نے مصر میں ایک شیخ سے حدیث لکھی ہے لیکن اس کی بجائے اس کے بھائی کا نام ذکر کیا ہے۔ باطرقانی کہتے ہیں امام طبرانی کے متعلق ابن مردویہ کی رائے اچھی نہیں تھی، حافظ ابونعیم نے ان سے پوچھا تم نے ان سے کتنی حدیثیں لکھی ہیں، انہوں نے کتابوں کی چند گٹھڑیوں کی طرف اشارہ کر کے کہا یہ سب ان سے لکھی ہیں، حافظ ابونعیم نے کہا تم نے ان جیسا کسے دیکھا ہے؟ یہ سُن کر وہ خاموش رہے اور کچھ جواب نہ دیا، حافظ ضیاء کہتے ہیں ابن مردویہ نے اپنی تاریخ میں طبرانی کا ذکر کیا ہے لیکن ان کو ضعیف نہیں کہا۔

میں کہتا ہوں اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان کو ثابت ہو گیا تھا کہ وہ راست گو ہیں، امام ابونعیم کہتے ہیں، امام طبرانی نے ۲۸ ذی قعدہ ۳۶۰ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا میں کہتا ہوں انہوں نے سو سال اور دس ماہ عمر پائی۔ ان کی حدیث سے سارے شہر بھر گئے تھے، حافظ اسماعیل بن محمد تیمی کے زمانہ میں یہ مشہور تھے اور طلبہ ان سے استفادہ کرنے کے لیے آیا کرتے تھے

t.com

پھر ابن ناصر اور ابو العلاء ہمدانی کے زمانہ میں ان کی شہرت کو چار چاند لگ گئے اور طلباء کا ان کی طرف تانتا بندھ گیا ازاں بعد ابو موسیٰ مدینی کے زمانہ میں تو ان کی سند بہت عالی سمجھی جاتی تھی۔ اور اسی زمانہ میں حافظ عبد الغنی نے معجم کبیر کا ان سے سماع کیا تھا پھر ابن خلیل، حافظ ضیاء اور دوسرے مشاہیر نے ان کی طرف رخت سفر باندھا اور ان سے سماع کرنے میں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ۶۰۶ھ میں ان کی عالی سند کے ساتھ اسعد بن سعید منفرد تھا اور ان کے اجزاء اور تخاریج سے ملک کا کونہ کونہ بھرپور تھا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت وائل بن حجر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک عورت نماز پڑھنے کے لیے نکلی کسی آدمی نے اس پر مجرمانہ حملہ کیا اور اس کی عصمت لوٹ لی، اس کے شور کرنے پر وہ بھاگ گیا جب کچھ لوگ جمع ہوئے تو اس نے کہا اس آدمی نے مجھ پر مجرمانہ حملہ کیا ہے لوگ اس کو پکڑ کر لے آئے اور پوچھا یہی ہے بولی ہاں یہی ہے لوگ اسے آنحضرتؐ کی خدمت میں لے آئے آپ نے اسے رجم کا حکم دیا تو اصل مجرم آگیا اور اقرار کر لیا کہ اصل مجرم میں ہوں آپ نے فرمایا نزدیک آجاؤ تمہیں اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیا ہے، دوسرے بے گناہ کے حق میں بھی آپ نے اچھی بات کہی۔ لوگوں نے کہا یا رسول اللہ! اس کو رجم کر دیں؟ آپ نے فرمایا اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ سارے اہل مدینہ کے لیے کافی ہے۔"

یہ حدیث سند اچھی ہونے کے باوجود انتہائی منکر ہے ترمذی نے اس کو صحیح کہا ہے اور اس کو ذہلی سے محمد بن یوسف کے واسطہ سے روایت کیا ہے۔ ہمیں یہ بدل عالی کے طور پر ملی ہے۔

۸۷۶ ۲۸/۱۲ امام زیدی مروزی

آپ کی کنیت ابو احمد، نام حامد بن احمد بن محمد اور لقب زیدی ہے انہیں زید بن انیسہ کی احادیث کے ساتھ انتہائی اہتمام کی وجہ سے زیدی کہا جاتا ہے۔ سرحد پر رباط کی غرض سے طرطوس میں مقیم ہو گئے تھے۔ انہوں نے بغداد میں محمد بن نصر بن شیبہ مروزی، ابو رجاء محمد بن حمدویہ مروزی، احمد بن سورہ مروزی، علی بن حسن بن سلم اصفہانی، اور محمد بن عباس دمشقی سے علم حدیث حاصل کیا۔ ان سے محمد بن اسماعیل وراق، دارقطنی، ابن ثلاج اور ابن الجمیع غسانی روایت کرتے ہیں۔ خیثمہ طرابلسی اور بعض دوسرے محدثین سے منتخب احادیث حاصل کی تھیں۔ ادھیڑ عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے تھے۔ خطیب کہتے ہیں فہم کے ساتھ مشہور اور حفظ کے ساتھ موصوف تھے۔ طلحہ بن محمد بن جعفر کہتے ہیں حافظ ابو احمد زیدی ۳۲۸ھ میں فوت ہوئے تھے۔ ابن ثلاج اور محمد بن فیاض نے بھی یہی تاریخ بیان کی ہے۔ ابن فیاض نے اتنا زیادہ کیا ہے کہ ان کا انتقال رمضان المبارک میں ہوا تھا۔ ابو سعید بن یونس کہتے ہیں ابو احمد مروزی زیدی کو حدیث یاد تھی اور وہ اسے سمجھتے تھے۔ رمضان المبارک ۳۲۹ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا تھا۔ خطیب کہتے ہیں پہلی تاریخ صحیح ہے۔ مجھے اطلاع ملی ہے کہ ان کی پیدائش ۲۸۲ھ میں واقع ہوئی تھی ان کے ساتھ علماء کی ایک جماعت نے دنیا سے کوچ کیا اور ان کا ابن الانباری کے ترجمہ میں ذکر ہو چکا ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

Marfat.c

مجھے میرے دوست آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزوں کی وصیت فرمائی تھی سونے سے پہلے وتر پڑھ لیا کروں ہر مہینہ میں تین روزے رکھوں اور جمعہ کے دن غسل کیا کروں "
یہ حدیث غریب ہے۔

۸۷۷ ۲۹/۱۲ امام خالد بن سعد قُرطُبی اندلسی

آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے قرطبہ کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں محمد بن فطیس، سلیمان بن قریش، سعید بن عثمان اعناقی، طاہر بن عبدالعزیز اور دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا ان کو اس طبقہ میں پہلے مر جانے کی وجہ سے شمار کیا گیا ہے۔ انہوں نے رجال اندلس پر ایک کتاب تصنیف کی ہے امام، حجت اور اپنے زمانہ میں قرطبہ کے حفاظِ حدیث پر مقدم تھے، ذہین و فطین علماء میں شمار ہوتے تھے کہتے ہیں انہوں نے ۲۰ حدیثیں پہلی دفعہ سن کر یاد کر لی تھیں۔ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ اندلس کا بادشاہ مستنصر کہا کرتا تھا اگر اہل مشرق ہم پر یحیٰی بن معین کی وجہ سے فخر کریں تو ہم ان پر خالد بن سعد کی وجہ سے فخر کریں گے کہتے ہیں یہ خالد کچھ بدزبان تھے لوگوں کی بے عزتی کر دیا کرتے تھے، اللہ تعالےٰ ان کی یہ لغزش معاف فرمائے۔ ۳۵۲ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حارث بن قیس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:
"میں جس وقت مسلمان ہوا اس وقت میرے نکاح میں آٹھ عورتیں تھیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں ان میں سے چار منتخب کر لوں "

۸۷۸ ۳۰/۱۲ امام ابن ابی عثمان حِیرِی نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوسعید اور اسم گرامی احمد بن ابی بکر ہے نیسابور کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں اور حافظ کبیر ابوعثمان سعید بن اسماعیل کے پوتے ہیں، خراسان، عراق اور جبال وغیرہ دور دراز ممالک کے سفر کرنے کے بعد ابوعمرو خفاف عبداللہ بن شیرویہ، حسن بن سفیان، ہیثم بن خلف دوری، حامد بن شعیب، قاسم بن فضل رازی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ امیر کبیر، حشم و خدم کے مالک اور ستودہ صفات تھے۔ بغداد میں بہت سے مجاہدان کے گرد جمع ہو گئے تھے ۶۵ سال عمر پا کر ۳۵۳ھ میں طرطوس میں جام شہادت نوش فرمایا۔

۸۷۹ ۳۱/۱۲ امام ابن حِبّان بُستی

آپ کی کنیت ابوحاتم اور نام محمد بن حبان ہے بست کے رہنے والے گرامی قدر حافظِ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں، بنو تمیم کی طرف نسبت کی وجہ سے تمیمی کہلاتے ہیں۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں، حسین بن ادریس ہروی، ابو خلیفہ جمحی، ابوعبدالرحمان نسائی، عمران بن موسیٰ بن مجاشع، حسن بن سفیان، ابویعلیٰ موصلی، احمد بن حسن صوفی، جعفر بن احمد دمشقی ابوبکر بن خزیمہ اور دوسرے ان گنت لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور تحصیلِ علم کے لیے مصر سے لے کر خراسان تک

تمام شہر چھان ڈالے ان سے امام حاکم، منصور بن عبداللہ خالدی، ابو معاذ عبدالرحمان بن محمد بن رزق اللہ، ابوالحسن محمد بن احمد بن ہارون زوزنی، محمد بن احمد بن منصور نوقاتی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

ابو سعد ادریسی کہتے ہیں دیر تک سمرقند کے عہدۂ قضاء پر فائز رہے ہیں، دین کے فقیہ اور احادیث نبویہ کے حافظ تھے طب، نجوم اور دیگر علوم و فنون کے جاننے والے تھے السند الصحیح، تاریخ اور کتاب الضعفاء آپ کی مشہور تصانیف ہیں، آپ سمرقند میں لوگوں کو فقہ حدیث کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ حاکم کہتے ہیں ابن حبان فقہ، لغت اور حدیث میں علم کا خزانہ تھے وعظ خوب کہتے تھے اور عقلمند انسانوں میں شمار ہوتے تھے۔ نیسابور آئے اور عبداللہ بن شیرویہ اور دیگر محدثین سے سماع کیا پھر بخارا چلے گئے اور عمر بن محمد بن بجیر سے استفادہ کیا۔ ازاں بعد ۳۲۱ھ میں دوبارہ نیسابور آئے اور نسا شہر کے قاضی بن گئے۔ پھر تین سال کے بعد ۳۲۷ھ میں نیسابور آ گئے اور یہاں ایک خانقاہ تعمیر کی اور ان سے طالبان علم نے ان کی ساری تصنیفات پڑھیں پھر ۳۴۰ھ میں اپنے وطن خراسان چلے گئے اور ان سے کتابیں پڑھنے کے لیے طلبہ کے قافلے ان کی طرف رواں دواں نظر آنے لگے۔

خطیب کہتے ہیں قابل اعتماد اور ذہین و فطین تھے۔ ابو عمرو ابن صلاح نے طبقات شافعیہ میں ان کا تذکرہ کیا ہے اور کہا ہے بعض اوقات اپنے تصرفات میں فحش غلطی کا ارتکاب کر جاتے ہیں۔ ابن حبان نے اپنی کتاب الانواع میں لکھا ہے غالباً ہم نے دو ہزار سے زیادہ شیوخ سے استفادہ کیا ہے۔ ابو اسماعیل ہروی کہتے ہیں میں نے یحییٰ بن عمار سے ان کے متعلق پوچھا تو کہنے لگے ہم نے ان کو خراسان سے نکال دیا تھا کیونکہ یہ صاحب علم تو تھے لیکن اچھے دیندار نہیں تھے ہمارے ہاں آئے تو اللہ تعالیٰ کے حد کا انکار کر دیا اس لیے ہم نے ان کو یہاں سے نکال دیا۔ ابن ذہبی کہتے ہیں دونوں خطا کار ہیں جس طرح حد کے اثبات میں کوئی نص وارد نہیں ہوئی اسی طرح اس کی نفی میں بھی کوئی نص نہیں [illegible] بننے کے لیے ضروری ہے کہ [illegible] اور بے فائدہ چیزوں سے احتراز کرے۔

عبدالصمد بن محمد بن محمد کہتے ہیں میں نے اپنے والد سے سنا ہے فرماتے تھے [illegible] عمل کا نام ہے۔ ابن حبان کے خلاف [illegible] لگایا اور خلیفہ [illegible] کے قتل کا حکم صادر کر دیا۔ میں کہتا ہوں [illegible] نبوت علم اور عمل میں منحصر ہے [illegible] ادا کیے بغیر حاجی بن سکتا ہے [illegible] عمل سے نبی بن سکتا ہے [illegible] ترین صفت کا اظہار کیا گیا ہے [illegible] سکتا ورنہ یہ بدیہی بات ہے کہ نبوت ایک [illegible] ہے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے جس عالم یا عمل [illegible] ہے مطلع فرماتا ہے انسان کے کسب و ریاضت کو اس میں قطعاً دخل نہیں ہے [illegible] پیدا ہوتا ہے۔ [illegible] امام ابن حبان [illegible]

Marfat.c

واطلاق صحیح نہیں۔ امام ابن حبان تقریباً ۸۰ سال عمر پاکر شوال ۳۵۴ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو مسعود انصاری کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پہلی نبوت سے جو چیزیں باقی رہ گئی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ جب تم شرم و حیا کو بالائے طاق رکھ دو تو پھر جو چاہو کرو۔"

نیز حضرت عبداللہ بن مسعود کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نرم خو، نرم طبیعت اور لوگوں کے قریب ہونے والے شخص پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔"

ابن حبان کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ انہوں نے منبر پر خطبہ دیا کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میری امت کا معاملہ اس وقت تک درست رہے گا جب تک وہ تقدیر کے انکار اور بچوں کے بارے میں کلام کرنے سے بچتے رہیں گے۔"

اس حدیث کی سند ٹھیک ہے مگر غریب بہت ہے صحاح ستہ میں اس کا وجود نہیں ملتا۔ مجھے ان کے واسطہ سے امام مالک کا یہ قول بھی ملا ہے فرماتے ہیں:

"جن اساتذہ سے میں نے علم حاصل کیا وہ بعد میں میرے محتاج ہوئے اور دین کے بارہ میں اپنے اشکال مجھ سے حل کراتے تھے۔"

اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔

مسند مصر ابوبکر احمد بن ابراہیم بن احمد بن عطیہ بن حداد، ان کی ۸۴ سال عمر تھی۔ مشہور شاعر ابوالطیب احمد بن حسین بن حسن جعفی کوفی متنبی، مسند نیسابور ابوالعباس محمد بن اسحاق بن ایوب صبغی انہوں نے ۱۰۴ سال عمر پائی اور مقری بغداد ابوبکر محمد بن حسن بن مقسم عطار۔ مجھے ان کے واسطہ سے امام اوزاعی کا یہ قول بھی ملا ہے فرماتے ہیں:

"جب اللہ تعالیٰ کسی قوم کے ساتھ شر کا ارادہ کرتا ہے تو ان میں جدل پیدا کر دیتا ہے اور ان سے عمل کی توفیق چھین لیتا ہے۔"

۸۸۰ ۳۴۲/۱۲ امام ابن علّان حرّانی

آپ کی کنیت ابوالحسن، نام علی بن حسن اور لقب ابن علان ہے حران کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث گرامی قدر عالم اور محدث خراسان ہیں، تاریخ الجزیرہ کے مصنف ہیں۔ ابویعلیٰ موصلی، محمد بن جریر، عبداللہ بن زیدان بجلی، محمد بن حماد طہرانی، سعید بن ہاشم طبرانی، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا، آپ وسیع الرحلت اور کثیر الطلب تھے۔ ان سے ابوعبداللہ بن مندہ تمام رازی، احمد بن محمد بن الحاج اشبیلی، ابوالقاسم عبدالرحمان بن طبیز، ابوالعباس محمد بن سمسار اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ حافظ عبدالعزیز کتانی فرماتے ہیں، ثقہ، حافظ حدیث اور ذی وجاہت تھے

بروز عید قربان ۳۵۱ھ عالم بالا کو سدھارے۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے قاسم بن نضر کی یہ حدیث
علی ہے فرماتے ہیں:

"علقمہ نے میرا ہاتھ پکڑا، اور عبداللہ بن مسعود نے علقمہ کا ہاتھ پکڑا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
عبداللہ بن مسعود کا ہاتھ پکڑا، اور التحیات للہ سے لے کر عبدہ ورسولہ تک تشہد سکھایا۔"

۸۸۱ ۲۲/۱۲ امام ابن الجہمانی تمیمی بغدادی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن عمر اور لقب ابن الجہمانی ہے بغداد کے رہنے والے ہیں۔ حافظ حدیث اور
روزگار عالم ہیں موصل میں عہدۂ قضا پر فائز رہے۔ محمد بن حسن بن سماعۃ یوسف بن عبداللہ قاضی، محمد بن یحییٰ ذہلی، محمد بن
حنائی، عبداللہ بن محمد بلخی، ابوخلیفہ جمحی، محمد بن حبان، جعفر فریابی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ابوالعباس
عقدہ سے سند فراغت حاصل کی اور احکام و مسائل، شیوخ اور تاریخ پر کتابیں تصنیف کیں۔ ان سے دارقطنی، ابن
ابن شاذویہ، محمد بن حسین بن فضل قطان، ابوعبداللہ حاکم، قاضی ابوعمر ہاشمی اور ان کے آخری شاگرد ابن فضل وغیرہ روایت کرتے
ہیں۔ ۲۸۰ھ میں پیدا ہوئے۔

حافظ ابوعلی فرماتے ہیں میں نے مشائخ میں عبدان سے اور اپنے ساتھیوں میں ابوبکر ابن الجہمانی سے بڑا حافظ حدیث
کوئی نہیں دیکھا میرا پہلے پہل ان کے متعلق خیال تھا کہ یہ بغداد کے ان محدثین میں سے ہیں جو صرف ایک شیخ کی حدیثیں
یاد ہیں ایک ہی محدث کے حالات سے باخبر اور ایک ہی مسئلہ جانتے ہیں۔ یعنی ابواسحاق بن حمزہ سے ابوموسیٰ
اس غلط فہمی میں مبتلا نہ رہتا ابن جہمانی کو بہت احادیث یاد ہیں۔ چنانچہ جب میں ابن [illegible] کے حلقہ
ہوکر سید سے ان کے پاس آتے ہیں نے ان سے ابوبکر اسفیان کی [illegible] بیان کی ہیں؟ انہوں نے فوراً ان کی ساری حدیثیں پڑھ کر سنا دیں۔ پھر میں دیر تک
احادیث کے متعلق سوالات کرتا رہا حتیٰ کہ میں خراسان کی افراد و غرائب کے متعلق بھی [illegible]
بالآخر میں نے کہا عیش نے ابوسفیان کے واسطہ سے [illegible] بیان کی ہیں؟ ان پانچوں نے پندرہ میں احادیث پڑھ کر سنا دیں۔ پھر تو [illegible]
رہ گیا۔ ابوالفضل [illegible] ابن جہمانی سے سنا ہے فرماتے ہیں [illegible]
میرا ان سے ایسا دوستانہ تھا [illegible] میرا قیام [illegible]
ہیں میں نے کہا بیٹا! تم نے ان کتابوں میں دو لاکھ احادیث تحریر کی ہیں ان میں سے [illegible]
منتخب مجھے از برہ ہو۔

ابوعلی فرماتے ہیں ہم نے ابوبکر ابن جہمانی سے [illegible] حدیثیں یاد [illegible] لوگوں کو دیکھا ہے
بعض لوگوں سے لکھتے ہوئے سنا ہے۔ انہیں دو لاکھ احادیث زبانی یاد تھیں اور انہی میں سے [illegible]

کے سوالات کا جواب دے سکتے تھے۔ یہ دوسرے حفاظ حدیث سے اس بات میں بڑھے ہوئے تھے کہ احادیث کے متون باللفظ روایت کرتے تھے۔ دوسرے محدثین اس میں مسامحت سے کام لیتے تھے۔ آپ علل حدیث ثقہ روایت اور ان کی تاریخ کی معرفت میں امام تھے۔ ان میں سے کسی پر طعن نہیں کرتے تھے اور ان کے زمانہ میں کسی کو ان پر تقدم حاصل نہیں تھا۔

ابو عمر قاسم بن جعفر ہاشمی اکثر کہا کرتے تھے میں نے ابن جعابی سے سنا ہے فرماتے تھے مجھے چار لاکھ احادیث زبانی یاد ہیں اور چھ لاکھ احادیث میں مذاکرہ کر سکتا ہوں۔ ابو القاسم تنوخی کہتے ہیں ابن جعابی موصل کے قاضی مقرر ہوئے تھے لیکن اچھے قاضی ثابت نہیں ہوئے لوگ ان سے شاکی تھے۔ خطیب نے اپنی سند سے ذکر کیا ہے کہ ابن جعابی وزیر ابن العمید کی مجلس میں شراب نوشی کیا کرتا تھا۔ سلمی کہتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے ان کے متعلق پوچھا تو فرمایا اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا۔ نیز کہا اس نے مذہب شیعہ اختیار کر لیا تھا۔ امام حاکم نے بھی امام دارقطنی سے ایسے ہی روایت کی ہے۔ حاکم کہتے ہیں مجھے ایک معتبر آدمی نے بتایا ہے کہ میں نے ابن جعابی کو خلوت میں محو خواب دیکھا تو میں نے اس کے پاؤں پر کچھ لکھ دیا پھر میں برابر تین دن تک دیکھتا رہا اس کو پانی نہیں لگا (یعنی تارک نماز تھا) ازہری کہتے ہیں مرتے وقت ابن جعابی نے اپنی تمام کتابیں جلا دینے کی وصیت کی جو اس کی وصیت کے مطابق جلا کر خاکستر کر دی گئیں۔ ان میں کچھ دوسرے لوگوں کی کتابیں بھی جل کر راکھ ہو گئیں۔ چنانچہ مجھے ابو الحسین بن بواب نے بتایا ہے میری بھی ۱۵۰ جلدیں اس کے پاس تھیں۔ وہ بھی اس کی کتابوں کے ساتھ ضائع ہو گئیں۔

امام دارقطنی فرماتے ہیں مجھے ابن جعابی کی بیماری کا پتہ چلا تو میں بیمار پرسی کے لیے آیا دیکھا تو ان کی کتابیں جل رہی تھیں جو میری موجودگی میں راکھ کا ڈھیر بن گئیں اور اسی رات کا انتقال ہو گیا، حافظ احمد بن عبدان کہتے ہیں مجھے ابن جعابی کی احادیث پر مشتمل ایک کتاب ملی میں نے اس سے پانچ حدیثیں یاد کر لیں اور ان کے متعلق ان سے کچھ سوالات پوچھے انہوں نے ان کا جواب دیا اور بولے یہ حدیثیں تم نے کہاں سے لی ہیں۔ میں نے کہا آپ کی کتاب سے یہ سن کر کہنے لگے اگر چاہو تو ان کا متن پڑھو میں ان کی اسناد پڑھتا ہوں اور اگر چاہو تو ان کی اسناد پڑھو میں تمہیں ان کا متن پڑھ کر سنا دوں گا۔

خطیب کہتے ہیں میں نے ابن رزقویہ سے سنا ہے فرماتے تھے جب ابن جعابی درس حدیث دیتے تو ان کی مجلس ہی نہیں بلکہ ارد گرد کے گلی اور بازار بھی بھر جاتے تھے ان کی مجلس میں ابن المظفر اور امام دارقطنی جیسے آئمہ فن حاضر ہوا کرتے تھے اور وہ احادیث مع الاسناد زبانی املا کرایا کرتے تھے۔ حافظ ابو علی فرماتے ہیں میں نے ابن جعابی سے کہا آپ دینور تک پہنچے ہیں آگے نیشاپور کیوں تشریف نہیں لائے؟ بولے میرا پہلے وہاں آنے کا ارادہ تھا لیکن پھر یہ سوچ کر کہ میں عجمیوں کے پاس جا رہا ہوں جو میری بات نہیں سمجھیں گے اور میں ان کی بات نہیں سمجھوں گا یہ ارادہ ترک کر دیا۔ امام حاکم فرماتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے کہا مجھے اطلاع ملی ہے کہ ابن جعابی اس مسلک سے جس پر ہم نے انہیں پایا تھا بدل گئے تھے، فرمانے لگے ہاں بالکل بدل گئے تھے میں نے کہا کیا آپ ان کو متہم سمجھتے ہیں؟

بولے ہاں واللہ! پھر ان کے متعلق چند ناشائستہ باتیں ذکر کیں میں نے پھر پوچھا کیا یہ درست ہے کہ انہوں نے [illegible]
کو خلط ملط کر دیا تھا؟ فرمایا بخدا! ہاں میں نے کہا اس سے تو اندیشہ ہے کہ اس نے مذہب چھوڑ دیا تھا، فرمانے لگے
اس نے نہ صرف نماز ترک کر دی تھی بلکہ اس دین و مذہب کو ہی خیر باد کہہ دیا تھا

محمد بن عبیداللہ مکی کہتے ہیں جب محدث ابن جعابی نے [illegible]
کی نظروں سے گر گئے بالآخر ان [illegible] اپنی تمام کتابیں جلا دیں [illegible]
اور اخشید شاہ مصر کے دربار [illegible]
انہوں نے ان کو وہاں [illegible]
اور امام دارقطنی ان کی زیارت کے [illegible]
فلاں نہیں ہو [illegible]
[illegible]

ابنِ جعابی کا رجب ۳۵۵ھ میں انتقال ہوا۔

۸۸۲ ۳۴/۱۲ حافظ ابنِ علک جوہری مَروَزی

آپ کی کنیت ابو عبدالرحمان اور اسمِ گرامی عبداللہ بن عمر بن احمد بن علک ہے مرو کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث، اور وہاں کے ناقدین ائمہ حدیث میں سے ایک نامور امام ہیں آپ کے والد ماجد بھی بلند پایہ حافظِ حدیث تھے ان کا اس کتاب میں پہلے تذکرہ ہو چکا ہے۔ اپنے والد، محمد بن ایوب بن ضریس، محمد بن ابراہیم بوشنجی، فضل بن محمد شعرانی، عبداللہ بن احمد بن حنبل، ابن ناجیہ، دغولی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے والد مختلف ممالک کے سفر میں ان کو اپنے ساتھ لے گئے تھے۔ ان سے ابوبکر احمد بن عبدالرحمان شیرازی، ابوبکر برقانی، امام حاکم اور متعدد دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ خلیلی کہتے ہیں ان کا ۳۶۰ھ میں انتقال ہوا۔ نیز کہتے ہیں آپ تمام ائمہ حدیث کے نزدیک متفق علیہ حافظِ حدیث ہیں۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ رضؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن صبح کی نماز میں الم تنزیل اور ہل اتیٰ علی الانسان پڑھا کرتے تھے"

اس حدیث کو امام مسلم نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے۔

۸۸۳ ۳۵/۱۲ الحافظ الکبیر امام صَکُوکی نَسَفی

آپ کی کنیت ابوبکر اور اسمِ گرامی محمد بن زکریا بن حسین ہے نسف کے رہنے والے بہت بڑے حافظِ حدیث ہیں، محمد بن نصر مروزی، صالح بن محمد جزرہ، محمد بن ابراہیم بوشنجی اور ان کے طبقہ سے حدیث بیان کرتے ہیں جعفر مستغفری نے ان کے حالات بیان کیے ہیں، اور کہا ہے آپ حافظِ حدیث تھے۔ فقہ کی ترتیب پر حدیث کے مصنف اور اپنے اہلِ شہر کی حدیث کے خوب ماہر تھے۔ جمادی اولیٰ ۳۴۴ھ میں فوت ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالےٰ

۸۸۴ ۳۶/۱۲ امام ابنِ رُمَیح نَخعی مَروَزی

آپ کی کنیت ابوسعید اور نام احمد بن محمد بن رمیح ہے نساء کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں آخر میں مرو میں رہائش پذیر ہو گئے تھے۔ آپ نے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور بہت سی کتابیں تصنیف کیں، ابوخلیفہ جمحی، عمر بن ابی علان، عبداللہ بن زیدان، ابوالعباس سراج، ابنِ شیرویہ، عبداللہ بن محمود مروزی، عمر بن بجیر، محمد بن فضل سمرقندی ابنِ قتیبہ عسقلانی اور ان کے طبقہ سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے بہت سفر کیے اور مدت العمر تصنیف و تالیف میں مصروف رہے۔

امام حاکم فرماتے ہیں ایک دفعہ آپ نیسابور تشریف لائے تو آپ سے استفادہ کے لیے ایک مجلس کا اہتمام کیا گیا۔ میں نے ان کو صحیح بخاری پڑھ کر سنائی تھی۔ آپ ملک یمن میں صعدہ کے مقام پر عرصہ دراز تک مقیم رہے تھے پھر واپس آئے تو لوگوں نے ان کی بہت تعظیم و تکریم کی۔ لیکن اہل بغداد نے ان پر بہت اعتراض کیے مگر ان کی مثال ایسی ہے جیسے امام یحییٰ بن معین نے فرمایا اگر بالفرض عبدالرزاق مرتد بھی ہو جائیں تو ہم ان کی حدیث ترک نہیں کریں گے۔ پھر امام حاکم کہتے ہیں میں نے ابوسعید سے نیشاپور میں قیام کی درخواست کی تو فرمانے لگے میں یہاں کس کے پاس ٹھہروں؟ بخدا اگر ہو سکتا تو میں تمہارے دروازے کو کبھی نہ چھوڑتا مگر خراسان میں تو لوگوں کی وہ کیفیت ہے جو کسی شاعر نے ان شعروں میں بیان کی ہے ؎

کفی حزنا ان المروۃ عطلت ... وان ذوی الالباب فی الناس ضیع

کتنے دکھ کی بات ہے کہ مروت اور جوانمردی جاتی رہی اور اہل ہنر لوگوں میں ضائع ہو کر رہ گئے

وان ملوکا لیس یحظی لدیہم ... من الناس الا من یغنی و یصفع

اور بادشاہوں اور نوابوں کے ہاں گانا گانے اور تالیاں بجانے والوں کے سوا کسی کی قدر و منزلت باقی نہیں رہی

ان سے امام دارقطنی، امام حاکم، ابن رزقویہ، ابوعلی بن دوما، ابوعبدالرحمان سلمی اور ابوالقاسم عبدالرحمان سراج روایت کرتے ہیں۔ آخر میں امیر صعدہ نے ان کو بغداد سے اپنے ہاں بلایا تھا مگر یہ راستہ میں ہی جحفہ کے مقام پر انتقال کر گئے۔ امام حاکم اور ابوالفتح بن ابی الفوارس نے ان کی توثیق کی ہے لیکن ابوزرعہ محمد بن یوسف کشی اور ابونعیم نے کہا ہے یہ ضعیف ہیں اس پر خطیب فرماتے ہیں ہمارے نزدیک معاملہ اس کے برعکس ہے ابن رمیح ثقہ اور پختہ کار ہیں ہمارے شیوخ میں جن سے ان کی ملاقات ہوئی ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ آپ ۳۵۷ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں ہم سے خطاب کیا اور فرمایا اللہ تعالیٰ اس آدمی کو سرسبز کرے جس نے ہم سے کوئی حدیث سنی اور آگے پوری سنائی"

۸۸۵ ۲۷/۱۲ امام احمد بن طاہر بن نجم میانجی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے۔ میانج کے رہنے والے فن حدیث کے نامور حافظ اور ضابط ہیں آپ نے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور ابومسلم کجی، عبداللہ بن احمد بن حنبل، یحییٰ بن محمد حنانی، حافظ احمد بن ہارون بردیجی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اس فن میں خصوصیت کے ساتھ سعید بن عمرو برذعی سے بصیرت حاصل کی۔ ان سے عبداللہ بن ابی زرعہ قزوینی، یعقوب بن یوسف اردبیلی، احمد بن حسن تراسی مراغی اور احمد بن فارس لغوی نے حدیث بیان کی ہے حافظ سعد بن علی کا بیان ہے ابن الفارس کہا کرتے تھے ابن نجم نے اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا اور میں نے بھی ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا ہے۔ خلیلی کہتے ہیں ۳۵۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔ مجھے اپنی سند سے ان کے ذریعے

Marfat.c

حضرت انس کی یہ حدیث علی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں دو آدمیوں نے چھینک لی آپ نے ایک کے لیے یرحمک اللہ کہا اور دوسرے کے لیے نہ کہا، ایک آدمی نے کہا یارسول اللہ! آپ نے دوسرے آدمی کو کیوں چھوڑ دیا ہے؟ آپ نے جواب دیا اس نے الحمدللہ کہا ہے اور اس نے نہیں کہا۔ اوکما قال

۸۸۶ ۳۸/۱۲ امام حمزہ بن محمد بن علی بن عباس کنانی مصری

آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے۔ مصر کے رہنے والے مشہور حافظِ حدیث، ممتاز زاہد اور بلند پایہ عالم ہیں "محدثِ مصر" کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے ابوعبدالرحمان نسائی، حسن بن احمد بن صیقل، عمران بن موسیٰ بن حمید طبیب، محمد بن سعید سراج، سعید بن عثمان حرانی، ابویعلیٰ موصلی، محمد بن داؤد بن عثمان صدفی، عبدان اہوازی، اور دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ نیز انہوں نے طلبِ علم کے لیے بہت سے ملکوں کی سیاحت کی، علم جمع کیا اور کتابیں تصنیف کیں آپ ہی نے "مجلس بطاقہ" املا کرائی تھی۔ ان سے ابنِ مندہ، عبدالغنی بن سعید ازدی، ابوالحسن دارقطنی، محمد بن عمر بن خطاب، حسین بن حسن لوزی، فقیہ ابوالحسن علی بن محمد قابسی، احمد بن محمد بن الحاج۔ ان کے آخری شاگرد علی بن حمصہ حرانی، اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

امام حاکم فرماتے ہیں حمزہ مصری معرفت حدیث میں تقدم کے ساتھ ساتھ زہد، ورع اور عبادت گذاری میں بھی مشہور تھے ان کو ابوخلیفہ، امام نسائی اور ان کے معاصرین سے شرفِ سماع حاصل تھا۔ حافظ عبدالغنی کہتے ہیں حمزہ کی زندگی کے اہم واقعات کی ابتداء پانچ سے ہوتی ہے ۲۷۵ھ میں پیدا ہوئے، ۲۹۵ھ میں پہلے پہل پڑھانا شروع کیا اور ۳۰۵ھ میں املیٰ تعلیم کے لیے آغازِ سفر کیا۔ صوری کہتے ہیں حمزہ پختہ کار اور حافظِ حدیث تھے، ابن زولاق کہتے ہیں مجھ سے حافظ حمزہ نے بیان کیا میں ۳۰۵ھ میں گھر سے نکلا اور شہر حلب میں وارد ہوا، اس وقت وہاں کے قاضی ابوعبداللہ محمد بن عبدہ تھے میں نے ان سے حدیث لکھی وہ فرماتے تھے اگر آپ کی مجھ سے مصر میں ملاقات ہوجاتی تو میں آپ کی دونوں خرجیاں سونے سے بھر دیتا۔ کہتے ہیں پھر بھی انہوں نے ان کو دو سو دینار دیئے جن سے انہوں نے اپنے سفرِ عراق میں مدد لی۔

علامہ ابن عبدالبر کہتے ہیں میں نے عبداللہ بن محمد بن اسد سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے حمزہ کنانی سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث کی دو سو سندوں سے تخریج کی جس سے مجھے بے حد خوشی حاصل ہوئی اور مجھے اس پر بہت ناز تھا، ایک دن میں نے خواب میں امام یحییٰ بن معین کو دیکھا تو میں نے ان سے کہا اے ابوزکریا! میں نے ایک حدیث کی دو سو سندوں سے تخریج کی ہے، تھوڑی دیر خاموش رہے پھر بولے مجھے اندیشہ ہے کہیں تمہاری یہ کوشش "الہاکم التکاثر" کے ضمن میں نہ آجائے، ابن مندہ کہتے ہیں میں نے حافظ حمزہ بن محمد سے سنا ہے فرماتے تھے، میں حدیث لکھتے وقت صلی اللہ علیہ کے بعد وسلم نہیں لکھا کرتا تھا ایک دفعہ میں نے آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو آپ نے فرمایا تم اپنی کتاب میں مجھ پر صلوٰۃ کو سلام کے ساتھ کیوں ختم نہیں کرتے؟

علی بن عمر حرانی کہتے ہیں ایک دن میں حمزہ بن محمد کی خدمت میں حاضر تھا۔ ایک نووارد آیا اور کہنے لگا معز کے لشکر اسکندریہ تک پہنچ گئے ہیں۔ یہ سن کر انہوں نے کہا الٰہی! مجھے زرد جھنڈے دیکھنے تک زندہ نہ رکھیو، چنانچہ ان کی یہ دعا قبول ہوئی ان کا انتقال ہو گیا اور یہ فوجیں ان کی وفات سے تین دن بعد شہر میں داخل ہوئیں۔ ابوالقاسم یحییٰ بن علی طحان کہتے ہیں میں نے ان سے حدیث کا سماع کیا ہے اور انہوں نے ذی الحجہ ۳۵۷ھ میں وفات پائی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے امام یحییٰ بن معین کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:

"جب تم کسی آدمی کو دیکھو کہ وہ گھر سے قلم دوات لیے بغیر حدیث پڑھنے کے لیے نکلا ہے تو سمجھو کہ اس کا جھوٹ بولنے کا ارادہ ہے۔"

میں کہتا ہوں حمزہ، ابواحمد بن عدی، اسماعیلی اور امام دارقطنی ابن مفضل کی کتاب کے ساتویں طبقہ کے رجال میں شمار ہوتے ہیں۔

۸۸۷ ۳۹/۱۲ الحافظ عمر بصری

آپ کی کنیت ابوحفص، ولدیت جعفر بن عبداللہ اور لقب وراق ہے۔ عراق میں کثر لوگ ان کی منتخب کردہ کتابیں لکھتے تھے اور یہ اس فن میں بڑے ماہر تھے حسن بن مثنیٰ، فضل بن حباب، عبدان اہوازی، محمد بن جریر طبری، اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث بیان کرتے ہیں۔ ان سے ابوالحسن بن رزقویہ، حاکم بن ربیع، ابوسعید نقاش، علی بن احمد رزاز اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے ذریعے حضرت براء کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو وصیت کی کہ وہ بستر پر سوتے وقت کہے اسلمت نفسی الیک ووجہت وجہی الیک۔"

یہ حدیث یہاں اسی طرح مختصر بیان ہوئی ہے۔ عمر بصری نے بالخصوص ابوبکر شافعی کی جو احادیث منتخب کی ہیں امام دارقطنی نے ان میں اس کے اغلاط کا تتبع کیا ہے اور ان کو ایک رسالہ میں جمع کیا ہے ابومحمد حسن سبیعی ان کو کذاب کہتے تھے ابن ابی الفوارس کہتے ہیں، انہوں نے بہت تھوڑی احادیث بیان کی ہیں اور ان کی کتابیں ردی اور ناقابل اعتبار تھیں۔ امام حاکم فرماتے ہیں میں نے عمر بن جعفر بصری سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ مجھے ایک رات ابن عقدہ کے ہاں رہنے کا اتفاق ہوا وہ مجھ سے مذاکرہ علمیہ کرنے لگے جس میں مجھے ان پر غلبہ کی کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی آخر میں نے ان سے پوچھا ایوب کے پاس حسن بصری کی کون سی احادیث ہیں؟ اس پر انہوں نے دو حدیثیں پڑھ کر سنا دیں، میں نے کہا آپ کو عن ایوب عن الحسن عن ابی برزہ سے یہ واقعہ یاد ہے کہ کسی آدمی نے حضرت ابوبکر سے سخت کلامی کی الحدیث اس پر وہ خاموش ہو گئے اور میں نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا کہنے لگے اس کی سند بیان کرو چنانچہ میں نے اس کی یہ سند بیان کی انا عبدان

انا محمد بن عبید بن حساب انا سفیان بن موسیٰ عن ایوب الخ

یہ ۷۰ سال عمر پاکر ۳۵۵ھ میں فوت ہوئے۔

۸۸۸ ۴۰/۱۲ امام آجُرِّی بغدادی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن حسین بن عبداللہ ہے بغداد کے رہنے والے مشہور محدث اور اہلِ علم کے پیشوا ہیں فنِ حدیث میں کتاب الشریعت، اربعین اور دوسری کتابوں کے مصنف ہیں۔ ابومسلم کجی، ابوشعیب حرانی، خلف بن عمرو عکبری احمد بن یحییٰ حلوانی، جعفر فریابی اور ان کے علاوہ ایک دوسری جماعت سے حدیث کا سماع کیا اور ان سے ابوالحسن حامد عبدالرحمان بن عمر بن نحاس، ابوالحسین بن بشران، ان کے بھائی ابوالقاسم، حافظ ابونعیم، اور ان کے علاوہ بہت حاج اور اہلِ مغرب روایت کرتے ہیں۔ آپ مکہ مکرمہ میں سکونت پذیر تھے۔ عالم باعمل، حدیث کے ماہر اور متبعِ سنت تھے خطیب فرماتے ہیں قابلِ اعتماد، متدین اور متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔ محرم ۳۶۰ھ میں مکہ معظمہ میں داعیِ اجل کو لبیک کہا رحمۃ اللہ علیہ۔ مجھے اپنی سند سے ان کے ذریعے حضرت علی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کر دیا تھا کہ کوئی آدمی عشاء کی نماز سے پہلے یا بعد اونچی آواز سے قرأت کرے"

۸۸۹ ۴۱/۱۲ امام سعید بن قاسم بن عَلاء بَرذَعی

آپ کی کنیت ابوعمرو ہے ترکستان کے شہر طراز میں فروکش ہو گئے تھے، فریضۂ حج سے سبکدوش ہو چکے تھے، بغداد میں میں محمد بن حیان بن ازہر بصری، محمد بن یحییٰ بن مندہ، عبداللہ بن حسین شاماتی، محمد بن جعفر کرابیسی، اور ان کے طبقہ سے علم حدیث حاصل کیا۔ ان سے امام دارقطنی، شیخ خطیب ابوعلی بن فضالہ رازی، احمد بن عبدالرحمان شیرازی اور ایک دوسری جماعت روایت کرتی ہے۔ حافظ ابونعیم کہتے ہیں حفاظِ حدیث میں سے ایک حافظ تھے ہمیں محمد بن اسماعیل وراق نے ان سے حدیث بیان کی ہے۔ امام حاکم فرماتے ہیں ہمیں ۳۶۲ھ میں ان کی وفات کی خبر ملی۔ مجھے اپنی سند سے ان کے ذریعے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میری امت کے لوگ اپنی پیشانی زمین پر رکھ دیتے ہیں تو ان میں ریا اور تکبر باقی نہیں رہتا اگر کوئی ریا کرے بھی تو چونکہ توحید کا مقام دل میں ہے اس لیے اس میں ریا نہیں ہو سکتا"

یہ حدیث منکر ہے اور یہ آفت اس کے ایک راوی ظفر یا اس کے استاد کی طرف سے ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

۸۹۰ ۴۲/۱۲ الحافظ الحجۃ امام ابن السکن بغدادی

آپ کی کنیت ابو علی اور نام گرامی سعید بن عثمان بن سعید سکن ہے۔ بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور حجت ہیں۔ فراغت کے بعد مصر میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی ۳۹۴ھ میں پیدا ہوئے ابوالقاسم بغوی، سعید بن عبدالعزیز حلبی، محمد بن محمد بن بدر باہلی، ابوعروبہ حرانی، محمد بن یوسف فربری، ابن جوصاء اور جیحون سے لے کر ساحل نیل تک اس طبقہ سے دوسرے اہلِ علم سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے اس فن کی تحصیل میں بڑی جانکاہی اور انتہائی کوشش سے کام لیا علم گراں مایہ کا کثیر سرمایہ جمع کیا اور اسے اپنی تصنیفات کے صفحات پر پھیلا دیا۔ اس سے آپ کی شہرت کو چار چاند لگ گئے اور دور و نزدیک آپ کے کمال کا ڈنکا بجنے لگا۔ ان سے ابوعبداللہ بن مندہ، عبدالغنی بن سعید، علی بن محمد دقاق، عبداللہ بن محمد بن اسد قرطبی، ابوعبداللہ محمد بن احمد بن یحیی بن مفرج، ابوجعفہ ابن عون اللہ اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں آپ کی کتاب "الصحیح المنتقی" اہل اندلس کے ہاتھوں میں پہنچ گئی تھی۔ محرم ۳۵۳ھ میں فوت ہوئے اپنی سند سے ان کے ذریعے حضرت ابوتمام کی یہ حدیث نقل کرتے ہیں کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمہارے پاس خطبہ کے لیے ایسا شخص آئے جس کی دینی اور اخلاقی حالت پسندیدہ ہے تو اسے نکاح دے دیا کرو۔ اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں فتنہ اور لمبا چوڑا فساد رونما ہو جائے گا۔"

سند کے ایک راوی ابوعلی کہتے ہیں یہ ابوتمام صحابی ہیں اور انہوں نے اس کے سوا کوئی دوسری روایت بیان نہیں کی۔

۸۹۱ ۴۳/۱۲ امام قصاب کرجی

آپ کی کنیت ابواحمد اور نام محمد بن علی بن محمد ہے بلند پایہ حافظ حدیث، اور جانباز مجاہد ہیں جہاد میں بکثرت کفار کا خون بہانے کی وجہ سے قصاب کے لقب سے مشہور تھے۔ ان کے والد علی بن حرب طائی، اور ان کے طبقہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے محمد بن ابراہیم بلیانی، عبدالرحمان بن محمد بن سلم رازی، محمد بن عباس اخرم، جعفہ بن احمد بن فارس، حسن بن یزید دقاق اور دوسرے بہت سے لوگوں سے کسب کمال کیا۔ انہوں نے کتاب ثواب الاعمال، کتاب عقاب الاعمال، کتاب السنۃ، کتاب تادیب الائمہ اور دوسری متعدد کتابیں تصنیف کیں۔ ان سے ان کے دونوں صاحبزادے ابوالحسن علی اور ابوالفرج عمار، ابونصور ظفر بن محمد بن حسین بروجردی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ مجھے ان کی صحیح تاریخ وفات معلوم نہیں ہو سکی تقریباً ۳۶۰ھ تک زندہ تھے واللہ اعلم

ابوالحسن کرجی ان کی مدح میں لکھتے ہیں:

fat.com

وفی الکرج الغراء اوحد عصرہ ابو احمد القصاب غیر مغالب

مبارک شہر کرج میں یکتائے زمانہ امام ابو احمد قصاب تشریف فرما ہیں جن پر دشمن کبھی غلبہ نہ پا سکا

تصانیفہ تبدی غزیر علوم فلست تری علماً غیر سارب

ان کی تصانیف ان کے وسیع اور عمیق علم کا پتہ دیتی ہیں تم ان کی کوئی علمی کتاب ایسی نہیں دیکھو گے جس کی دنیا میں مانگ نہ ہو۔

آپ اپنی مشہور تصنیف "کتاب السنہ" میں فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی یا اس کے رسول نے اس کی جو صفت بیان کی ہے وہ حقیقت پر محمول ہے اس میں کوئی مجازی معنی مراد لینا درست نہیں میں کہتا ہوں یہی مسلک صحیح ہے اگر اللہ تعالیٰ کی صفات میں مجاز کی گنجائش ہوتی تو لازمی طور پر ان کی تاویل کی جاتی اور کہا جاتا سمع و بصر کا یہ معنی ہے اور اللہ کی حیات کا یہ مطلب ہے غرض ان کی ایسی ایسی دور از کار توجیہات پیش کی جاتیں جن کے سمجھنے سے فہم سلیم قاصر رہتا۔ چونکہ سلف کا مذہب یہ ہے کہ ان پر بلا تاویل ایمان لایا جائے اس لیے پتہ چلتا ہے کہ ان میں مجازی معنی مراد لینا ہرگز صحیح نہیں اور یہی حق اور درست ہے۔

۸۹۲ ۴۴/۱۲ امام ابن السنی دینوری

آپ کی کنیت ابوبکر اور اسم گرامی احمد بن محمد بن اسحاق ہے، حضرت جعفر بن ابی طالب ہاشمی سے نسبت ولاء رکھتے ہیں دینور کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور قابل اعتماد امام ہیں اور ابن السنی کے لقب سے مشہور و معروف ہیں۔ کتاب "عمل الیوم واللیلۃ" کے مصنف اور صحاح ستہ کی مشہور کتاب "سنن نسائی" کے راوی ہیں۔ امام نسائی، ابو خلیفہ جمحی، زکریا ساجی، عمر بن ابی غیلان، باغندی، ابو یعقوب منجنیقی، جماہر بن محمد زملکانی، عبداللہ بن زیدان بجلی اور ابو عروبہ حرانی سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے دور دراز ممالک کے بکثرت سفر کیے ان سے محمد بن عبداللہ اصبہانی، محمد بن علی علوی، علی بن عمر اسد آبادی، احمد بن حسین کسار اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ابن سنی کے پوتے قاضی ابو زرعہ روح بن محمد کہتے ہیں میں نے اپنے چچا علی بن احمد سے سنا ہے میرے والد حدیث لکھ رہے تھے لکھتے لکھتے قلم دوات میں رکھی، ہاتھ اٹھا کر دعا کرنے لگے اور اسی حالت میں انتقال فرما گئے رحمۃ اللہ تعالیٰ۔ یہ حادثہ ۳۶۴ھ کے آخر میں پیش آیا۔

میں کہتا ہوں آپ متدین، پسندیدہ اطوار اور راست گفتار تھے انہوں نے سنن کو مختصر کیا اور اس کا نام "المجتبیٰ" رکھا ۸۰ سے چند سال زیادہ عمر پائی۔ ہمیں ان کے واسطہ سے ان کی مختصر کردہ سنن "المجتبیٰ" پڑھنے کا موقع ملا ہے۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ایک دیہاتی نے مدینہ میں آکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر ہجرت کی بیعت کی کچھ عرصہ بعد اسے بخار آنے لگا وہ آپ کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! مجھے بیعت سے معاف کریں اور

t.com

اور گھر جانے کی اجازت دے دیں۔ آپ نے انکار کیا تو وہ بلا اجازت ہی چلا گیا اس پر آپ نے فرمایا مدینہ آگ کی بھٹی کی طرح ہے جو خبیث چیز کو دور کر دیتی ہے اور خالص چیز کو باقی رہنے دیتی ہے۔

۸۹۳ ۴۵/۱۲ امام ابنِ عدی جرجانی

آپ کی کنیت ابو احمد، اسم گرامی عبداللہ بن عدی اور لقب ابن عدی ہے۔ ابن القطان کے لقب سے بھی مشہور ہیں جرجان کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث اور نامور امام ہیں۔ کتاب الکامل فی الجرح والتعدیل کے مصنف ہیں۔ آپ چوٹی کے آئمہ میں سے ایک امام ہیں۔ ۲۷۷ھ میں پیدا ہوئے ۲۹۰ھ میں پڑھنا شروع کیا اور طلب علم کے لیے سب سے پہلے ۲۶۷ھ میں گھر سے نکلے۔ مختلف ممالک کا سفر کیا اور بہلول بن اسحاق انباری، محمد بن عثمان بن ابی سوید، محمد بن یحییٰ مروزی، عبدالرحمان بن قاسم بن رواس دمشقی، انس بن سلم، ابو خلیفہ جمحی، حسن بن سفیان، ابو عبدالرحمان نسائی، عمران بن مجاشع، عبدان اہوازی، ابو یعلیٰ موصلی، حسن بن محمد مدنی یحییٰ بن بکیر کے تلمیذ خاص، حسن بن فرج غزی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور ان سے ان کے شیخ ابو العباس بن عقدہ، ابو سعد مالینی، حسن بن رامین، محمد بن عبداللہ بن عبدکویہ، حمزہ بن یوسف سہمی، ابو الحسین احمد بن عالی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ رجال پر لکھنے والے کامیاب مصنف اور علل حدیث کے خوب ماہر تھے۔

ابو القاسم ابن عساکر فرماتے ہیں ثقہ ہیں لیکن ان کے کلام میں لحن پایا جاتا ہے۔ حمزہ سہمی کہتے ہیں میں نے ایک دفعہ امام دارقطنی سے ضعفاء پر ایک کتاب لکھنے کی درخواست کی تو فرمانے لگے کیا تمہارے پاس ابن عدی کی کتاب نہیں ہے؟ میں نے کہا کیوں نہیں میرے پاس ابن عدی کی کتاب موجود ہے فرمانے لگے بس وہ کافی ہے اس پر کسی اضافہ کی حاجت نہیں۔ میں کہتا ہوں ابن عدی نے مختصر مزنی کی ترتیب پر ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام انہوں نے [illegible] حمزہ سہمی کہتے ہیں آپ حافظ اور متقن تھے ان کے زمانہ میں ان جیسا کوئی دوسرا آدمی نہیں تھا آپ نے اپنے دونوں صاحبزادوں عدی اور ابو زرعہ کے لیے وہب کی احادیث کو ایک کتاب میں جمع کیا جس کے آپ سے روایت کرنے میں یہ دونوں متفرد ہیں۔ خلیلی کہتے ہیں آپ حفظ اور جلالت قدر میں بے نظیر تھے ایک دفعہ میں نے حافظ عبداللہ بن محمد سے پوچھا ابن عدی اور ابن قانع میں سے حدیث کا بڑا حافظ کون ہے؟ بولے ابن عدی کی قمیص کا بٹن عبدالباقی بن قانع سے حدیث کا بڑا حافظ ہے۔ خلیلی فرماتے ہیں میں نے حافظ احمد بن ابی مسلم سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے حفظ و اتقان میں ابو احمد بن عدی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا ان سے بڑا کیسے دیکھتا حافظ احمد مذکور نے امام طبرانی اور ابو احمد حاکم سے ملاقات کی تھی انہوں نے مجھے بتایا ان کا حافظہ تکلف اور محنت کا رہین منت تھا اور ابن عدی کا حافظ طبعی تھا ان کی معجم میں ایک ہزار شیوخ سے زیادہ کا تذکرہ موجود ہے۔ مجھے اپنی سند سے احنف بن قیس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

انہوں نے حضرت عمر سے سنا اپنی صاحبزادی حضرت حفصہ سے فرما رہے تھے میں تجھے اللہ تعالیٰ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم جانتی ہو کہ بسا اوقات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دھونے کے لیے کپڑے

fat.com

اتارتے ادھر بلال رضؓ آکر نماز کے لیے بلاتا اور کوئی دوسرا کپڑا نہ ملتا تو آپ وہی بے دُھلا کپڑا دوبارہ پہن کر نماز پڑھنے کے لیے مسجد میں تشریف لے جاتے۔"

ابوالولید باجی کہتے ہیں ابن عدی حافظ حدیث ہیں اور ان میں کوئی عیب نہیں ہے حمزہ بن یوسف کہتے ہیں آپ جمادی الاخریٰ ۳۶۵ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا اور امام ابوبکر اسماعیل نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر بال کے نیچے جنابت ہے اس لیے بالوں کو خوب دھوؤ، اور چمڑے کو اچھی طرح صاف کرو۔"

۸۹۴ ۴۶/۱۲ امام آبندونی جرجانی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام عبداللہ بن ابراہیم بن یوسف ہے جرجان کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور طلبِ علم میں ابنِ عدی کے رفیقِ سفر ہیں، جرجان کی ایک بستی آبندون کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے آبندونی کہلاتے ہیں۔ آخر میں بغداد میں آبسے تھے۔ ابوالخلیفہ جمحی، حسن بن سفیان، قاسم مطرز، ابویعلیٰ موصلی، محمد بن حسن بن قتیبہ، ابوالعباس سراج، اور ان کے طبقہ سے علم حدیث حاصل کیا۔ ان سے ابوبکر برقانی، ابوالعلاء واسطی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ خطیب کہتے ہیں ثقہ اور ثبت ہیں۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں حدیث پڑھانے میں سخت مزاج تھے۔ ا حاکم فرماتے ہیں علم حدیث کے ستونوں میں سے ایک ستون ہیں۔ برقانی کہتے ہیں زاہد محدث تھے۔ تنگی ترشی میں زندگی بسر کر والے تھے۔ ایک وقت میں صرف ایک ہی شخص کو حدیث پڑھاتے تھے۔ ان سے اس کا سبب پوچھا گیا تو فرمایا طالبا حدیث لاابالی ہوتے ہیں جب جمع ہوتے ہیں تو باتیں کرتے ہیں اور میں اسے برداشت نہیں کر سکتا۔ برقانی کہتے ہیں انہو نے ایک دفعہ مجھے روٹی کا ٹکڑا دیا کہ باقلا فروش کے شوربے میں تر کر لاؤں ٹکڑا تر کرتے وقت باقلا کے دو دانے ٹکڑے سے چمٹ گئے۔ باقلا فروش نے وہ دانے اتار لیے اور کہنے لگا یہ بزرگ مجھے مہینہ بھر روٹی کا ایک ٹکڑا تر کرنے کا مع ایک دانگ (تقریباً تین پیسے) دیتے ہیں۔ ان سے ان کے رفیقِ سفر امام ابوبکر اسماعیلی، ابراہیم بن شاہ مروزی اور حافظ ابونعیم بھی روایت کرتے ہیں۔ کہتے ہیں ان کی عمر ۹۵ برس تھی۔ ۳۶۸ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے اپنی سند سے ان کے ذریعے امام انس بن سیرین کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"میں نے عبداللہ بن عمر سے سُنا ہے فرماتے تھے ابنِ عمر نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی حضرت عمر نے اس کا ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے فرمایا اسے اس سے رجوع کرنا چاہیئے۔ جب حیض سے پاک ہو تو پھر اگر چاہے تو طلاق دے۔"

اس حدیث کو امام مسلم نے شعبہ سے روایت کیا ہے اس سند کے ساتھ برقانی ان سے ابنِ عمر کی یہ حدیث بھی بیان کرتے ہیں کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تکبر کی وجہ سے اپنا کپڑا لٹکا کر چلے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر نہیں کرے گا۔"

یہ حدیث بھی امام مسلم نے روایت کی ہے اسی سند کے ساتھ برقانی کہتے ہیں میں نے عبداللہ بن یوسف جرجانی سے سنا ہے اور وہ میرے جلیل القدر استاذ ہیں امام ابوبکر اسماعیلی بھی ان سے روایت کرتے ہیں۔

۸۹۵ ۴۷/۱۲ امام حجاجی نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوالحسین اور نام محمد بن محمد بن یعقوب بن حجاج ہے نیسابور کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور مشہور مقری ہیں۔ بڑے عبادت گذار اور صالح تھے۔ بغداد میں ابن مجاہد سے فن تجوید سیکھا اور عمر بن ابی غیلان، عبداللہ بن اسحاق مدائنی، محمد بن جریر طبری، ابوالعباس سراج، ابن خزیمہ، احمد بن محمد ماسرجسی، علی بن عباس مقانعی، علان بن عقیل مصری ابوجہم مشغرانی، ابن جوصا اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ امام حاکم فرماتے ہیں آپ نے علل حدیث احکام و مسائل اور شیوخ کے حالات پر کتابیں تصنیف کی ہیں۔ ان سے حافظ ابوعلی، ابوبکر بن المقری، ابن مندہ، حاکم، ابوبکر برقانی، ابوحازم عبدوی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

ابوعلی حافظ فرماتے ہیں ہمارے مشائخ میں کوئی شخص ابوالحسین سے زیادہ سمجھدار اور زیادہ پختہ کار نہیں ہے۔ میں ان کو عفان کے لقب سے پکارتا ہوں امام حاکم فرماتے ہیں۔ میری بقا کی قسم! وہ ویسے ہی تھے جیسا ابوعلی نے ان کے متعلق فرمایا ہے ان کا فہم ان کے حفظ سے زیادہ تھا۔ عالم شباب میں حدیث بیان کرنے سے انکار کرتے تھے جب ۸۰ سال کی عمر کو پہنچے تو ہمارے اصحاب نے ان کو گھیر لیا اور رات دن مصروف رہ کر ان سے ان کی کتاب العلل جو تقریباً ۱۹۰ اجزاء پر مشتمل تھی، کتاب الشیوخ اور ان کی دوسری تصنیفات کا سماع کیا میں تقریباً ۲۵ سال ان کی خدمت میں رہا اور رات دن کبھی ان سے جدا نہیں ہوا میں نہیں جانتا کہ اتنے طویل عرصہ میں فرشتہ نے ان پر ایک لفظ بھی لکھا ہو۔ ہمیں حافظ ابوعلی نے مجلس درس میں بتایا مجھے ابوالحسین بن یعقوب نے حدیث بیان کی اور وہ آج ہمارے تمام مشائخ میں سب سے زیادہ پختہ کار ہیں پھر وہ حدیث ذکر کی۔ امام حاکم فرماتے ہیں ۵ ذی قعدہ ۳۷۸ھ میں ۸۳ سال عمر پاکر انتقال کیا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مجھے اپنی سند کے ذریعے حضرت واثلہ بن اسقع کی یہ حدیث ملی ہے:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشکوک چیز کو چھوڑ دو اور غیر مشکوک کو اختیار کرو۔"

۸۹۶ ۴۸/۱۲ مسند زمان امام ابوالشیخ انصاری اصبہانی

آپ کی کنیت ابومحمد، نام عبداللہ بن محمد ابن حیان اور لقب ابوالشیخ ہے اصفہان کے حافظ اور عالمگیر شہرت یافتہ کتابوں کے مصنف ہیں اہل العلم میں ابوالشیخ کے لقب سے مشہور ہیں ۲۷۴ھ میں پیدا ہوئے ۲۸۴ھ اور بعد کے سالوں میں حدیث کا سماع کیا۔ بڑے بڑے علماء سے ملاقات کی اور عالی اور نازل ہر طرح کی احادیث [illegible]

تحریر میں لائے۔ اپنے نانا مشہور زاہد محمود بن فرج، ابراہیم بن سعدان، رئیس اصفہان محمد بن عبداللہ بن حسین ہمدانی محمد بن اسد مدینی، احمد بن محمد بن علی خزاعی، ابوبکر بن ابی عاصم، اسحاق بن اسماعیل رملی، ابوخلیفہ جمحی، احمد بن حسن صوفی، ابویعلی موصلی اور ابوعروبہ حرانی سے حدیث کا سماع کیا وسیع العلم اور بے پناہ حافظہ کے مالک ہونے کے باوجود صالح، پسندیدہ اطوار اللہ تعالیٰ کے مطیع اور راست گفتار تھے ان سے ابوبکر احمد بن عبدالرحمان شیرازی، ابوبکر بن مردویہ، ابوسعد مالینی، ابونعیم محمد بن علی بن سحویہ مؤدب، سفیان جنکویہ، ان کے پوتے محمد بن عبدالرزاق بن ابی الشیخ، فضل بن محمد قاسانی، ابوطاہر بن عبدالرحیم کاتب اور دوسرے بہت سے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

ابن مردویہ کہتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں تفسیر اور احکام و مسائل وغیرہ فنون میں بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ابوبکر خطیب فرماتے ہیں حافظ، ثبت اور متقن ہیں۔ بعض علماء سے نقل کرتے ہیں جب میں علامہ ابی کے پاس جاتا انہیں مذاق کرتے یا ہنستے دیکھتا اور جب ہم ابوالشیخ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو انہیں نماز میں مصروف پاتے۔ ابونعیم کہتے ہیں۔ چوٹی کے عالم ہیں احکام اور تفسیر میں متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ ۶۰ سال تک لوگوں کو اپنے اساتذہ کے افادات سے نوازتے اور ان کے لیے کتابیں لکھتے رہے۔ نہایت قابل اعتماد تھے۔ میں کہتا ہوں ابوبکر ابن المقری ان سے روایت کرتے ہیں اور کہتے ہیں ہم سے عبداللہ بن محمد تفسیر نے حدیث بیان کی ہے۔

مجھے علی بن عبداللہ معدل نے بذریعہ تحریر خبر دی کہ اس نے حافظ یوسف بن خلیل سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے خواب میں دیکھا میں کوفہ کی مسجد میں داخل ہوا۔ اور ایک دراز قامت، بزرگ دیکھا میں نے ان سے زیادہ حسین بزرگ کبھی نہیں دیکھا تھا۔ کسی نے کہا یہ ابومحمد بن حیان ہیں میں ان کے پیچھے ہو لیا اور پوچھا کیا آپ ابومحمد بن حیان ہیں؟ بولے ہاں میں نے کہا کیا آپ فوت نہیں ہو چکے تھے؟ بولے کیوں نہیں فوت ہو چکا ہوں۔ میں نے کہا خدا کے لیے سچ بتایئے اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا سلوک کیا ہے؟ فرمانے لگے الحمدللہ الذی صدقنا وعدہ وشنا الارض اور پوری آیت پڑھ کر سنائی میں نے تعارف کراتے ہوئے کہا میں یوسف بن خلیل ہوں آپ سے حدیث پڑھتے اور آپ کی تصنیف کردہ کتابیں لینے آیا ہوں بولے سلمک اللہ ووفقک اللہ۔ پھر میں نے ان سے الوداعی مصافحہ کیا میں نے ان کے ہاتھ سے زیادہ نرم چیز کبھی نہیں دیکھی میں نے اسے بوسہ دیا اور اپنی آنکھوں پر رکھا۔

ابونعیم کہتے ہیں آخر محرم ۳۶۶ھ میں فوت ہوئے میں کہتا ہوں اس سال بڑے بڑے شیوخ حدیث میں سے ابومحمد بن ماسی بغدادی، مخلد بن جعفر باقرحی اور شیخ نیسابور علامہ ابوسہل محمد بن سلیمان صعلوکی نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔ ابوالشیخ کی بہت سی کتابیں ہمارے ہاتھ لگی ہیں رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت عمران بن حصین کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ایک سفر میں ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے آپ ساری رات چلتے رہے صبح صادق سے تھوڑی دیر پہلے آرام کے لیے اترے سب پر نیند غالب آئی اور سورج اونچا آنے تک سوئے رہے الحدیث"

Marfat

۸۹۷ ۴۹/۱۲ شیخ الاسلام امام اسماعیلی جُرجانی

آپ کی کنیت ابوبکر، اسم گرامی احمد بن ابراہیم بن اسماعیل اور لقب اسماعیلی ہے جرجان کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور پختہ کار عالم ہیں، اس علاقہ میں شوافع کے سب سے بڑے راہنما تھے۔ ۲۷۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۸۹ھ اور اس کے بعد ابراہیم بن زہیر حلوانی، حمزہ بن محمد کاتب، یوسف بن یعقوب قاضی، احمد بن محمد بن مسروق، محمد بن یحییٰ مروزی، حسن بن علویہ، جعفر بن محمد فریابی، محمد بن عبداللہ حضرمی، ابن ابی شیبہ، محمد بن حسن بن سماعہ، ابوخلیفہ جمحی، بہلول بن اسحاق انباری، عبدان، ابویعلیٰ، ابن خزیمہ اور دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کی معجم اہل علم میں متداول ہے۔ صحیح اور بہت سی دوسری کتابوں کے مصنف ہیں ان میں سے ایک مسند عمر ہے جو بڑی چھان بین کے بعد دو جلدوں میں مکمل کی ہے۔ مجھے اس کے مطالعہ کا اتفاق ہوا ہے اور بعض مقامات پر میں نے اس پر حواشی بھی لکھے ہیں۔ میں اس جلیل القدر امام کے حافظہ کو دیکھ کر حیران رہ گیا ہوں، اور میری پختہ رائے ہے کہ متاخرین حفظ اور معرفت میں متقدمین کی گرد راہ کو بھی نہیں پا سکتے۔ ان سے حاکم برقانی، حمزہ سہمی، ابوحازم عبدوی، حسین بن محمد باسانی، ابوالحسن محمد بن علی طبری، حافظ ابوبکر محمد بن ادریس جرجرائی، عبدالواحد بن منیر معدل، اسماعیلی کے پوتے ابوعمر، عبدالرحمان بن محمد فارسی اور دوسرے بہت سے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

حمزہ بن یوسف کہتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے کئی دفعہ امام اسماعیلی کی خدمت میں حاضر ہونے کا ارادہ کیا لیکن توفیق نہ ہوئی۔ حمزہ کہتے ہیں میں نے حافظ [illegible] سے سنا ہے فرماتے تھے وسیع علم، قوی فہم اور جلالت قدر کے پیش نظر [illegible] کا پابند ہونے کی بجائے سنن میں اپنی کوئی مستقل کتاب لکھتے [illegible] مختارات جمع کرتے وہ اپنے عظیم ذخیرۂ احادیث کی وجہ سے ایسا [illegible] بہت اونچا تھا۔ امام حاکم کہتے ہیں فریقین کے علماء اور ان کے عقلاء [illegible] امام اسماعیلی اپنے زمانہ کے دریکدانہ اور شیخ المحدثین والفقہاء تھے [illegible] بڑھے ہوئے تھے۔ حمزہ سہمی کہتے ہیں مجھ سے مصر میں وزیر ابوالفضل [illegible] سیرت اور ان کی تصانیف کے متعلق پوچھا جب میں نے تفصیل کے ساتھ [illegible] کرنے والے راوی پر جمع کردہ کتب، بالخصوص صحیح بخاری کی تخریج اور دیگر [illegible] بڑے استعجاب کا اظہار کیا آپ کو علم، قدر و منزلت اور شہرت دوام [illegible] اہل علم کی ایک جماعت سے جن میں حافظ ابن مظفر بھی شامل ہیں سنا ہے سب امام اسماعیلی کی سن قرأت [illegible] اور کہتے تھے مجالس درس میں یہی قرأت کیا کرتے تھے ان سے ہوتے ہوئے کسی کو پڑھنے کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔

میں کہتا ہوں ابوبکر نے اپنی معجم میں اپنے متعلق لکھا ہے میں نے ۲۸۳ھ میں [illegible]

کی اور اس وقت میری عمر چھ سال تھی۔ اس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ابوبکر (محدث اسماعیل) کے اندر بچپن میں ہی اس کی شد
رغبت پائی جاتی تھی۔ موصوف سے علم فقہ اُن کے بیٹے ابو سعد اور علائے جرجان نے حاصل کیا۔ ہم سے اسماعیل بن عمیرہ مقدسی نے ذکر کیا
محدث اسماعیلی نے فرمایا: جان رکھو! (اللہ تم پر رحم کرے) کہ اہل حدیث کا مذہب یہ ہے۔ اللہ پر ایمان لانا، اُس کے فرشتوں، اس کی
کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لانا اور ہر اس بات کو قبول کر لینا جو اللہ کی کتاب میں ملے یا جو صحیح طور پر رسولِ پاک سے ثابت ہو
اس سے ہٹنے کی کوئی وجہ نہیں۔ اور اہل حدیث اس بات کا بھی اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کو اُس کے اچھے ناموں سے پکارا جاتا ہے اور
وہ ذات ان تمام صفات سے متصف ہے کہ جن کے بارے میں اُس نے خود اپنے آپ کو موصوف بتایا ہے۔ اور جن کے بارے میں اس کے
نبی نے اُس کو متصف قرار دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو اپنے ہاتھ سے پیدا فرمایا اور اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں اگرچہ
ہمیں ان کی کیفیت معلوم نہیں۔ اسی طرح ذاتِ حق عرش پر مستوی ہیں اگرچہ ہمیں اُس کی کیفیت معلوم نہیں اور آگے تک انہوں نے سارے
ہی اعتقادات کا ذکر کیا۔

قاضی ابو الطیب طبری نے بیان کیا" میں نے ابوبکر اسماعیلی کے پاس جانے کا قصد کیا جس وقت وہ زندہ تھے مگر افسوس کہ میری
ملاقات سے پہلے وہ انتقال کر گئے۔ حمزہ نے بیان کیا کہ میں نے انہیں کہتے ہوئے سُنا جب محمد بن ایوب رازی کی وفات کی خبر پہنچی تو
میں رو پڑا اور چیخنے لگا۔ میں نے اپنی قمیص پھاڑ ڈالی اور سر میں مٹی ڈال لی۔ اس پر میرے گھر والے اکٹھے ہو گئے اور کہنے لگے کیا بات ہے
میں نے کہا کہ محمد بن ایوب کی وفات کی خبر آگئی اور آپ لوگوں نے مجھے ان کے پاس جانے سے روک دیا۔ پھر انہوں نے بتایا
کہ گھر والوں نے مجھے تسلی دی اور مجھے حسن بن سفیان کے پاس جانے کی اجازت دے دی۔ اس سفر میں میرے ماموں لنسا تک
میرے ساتھ گئے اُس وقت ابھی میرے ڈاڑھی نہیں آئی تھی۔

میں کہتا ہوں کہ محمد بن ایوب بن ضریس کا انتقال ۲۹۴ھ میں ہوا اور حسن بن سفیان علوِ مرتبت میں کسی طرح
بھی اس کا قائم مقام نہیں تھا۔ ہاں عراق میں اس کے ہمسروں سے ان کی ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بیان کیا کہ میں ۲۹۶ھ میں
اپنے بعض دوستوں کے ساتھ عراق گیا۔ حمزہ سہمی نے کہا کہ میں نے اسماعیلی کو بیان کرتے ہوئے سُنا کہ انہوں نے اپنے ہاتھ سے
احمد بن خالد دامغانی کے املاء کرائے ہوئے اسباق ۲۸۳ھ میں لکھے اُس وقت ان کی عمر چھ سال تھی اور ان کو اس کی شکل بھی
یاد نہیں رہی۔ میں کہتا ہوں کہ اسماعیلی نے حدیث و فقہ میں درجۂ امامت پر فائز ہونے کے ساتھ ساتھ ضبطِ اسانید میں بھی بلند مقام حاصل کیا۔
اور بلادِ عجم میں یکتا سمجھے گئے۔ حمزہ کہتے ہیں کہ موصوف نے یکم رجب ۳۷۱ھ کو چورانوے سال عمر پا کر انتقال کیا۔

میں کہتا ہوں اسی سال شیخ القراء ابو العباس حسن بن سعید مطوعی نے اصطخر میں ایک سو دو سال عمر پا کر انتقال کیا۔ مفتی قیروان ابو محمد عبد اللہ بن
اسحاق ابن تیان مالکی، علامہ ابو زید محمد بن احمد مروزی شیخ الشافعیہ، ابو عبد اللہ محمد بن حفیف صوفی شیخ بلادِ فارس نے بھی اسی سال وفات پائی۔

ہم سے اسماعیل بن عبد الرحمٰن نے عبد الرحمٰن بن ابزا کے حوالے سے روایت کیا کہ ایک آدمی حضرت عمرؓ کے پاس آیا اور کہنے لگا
کہ میں جنبی ہو گیا ہوں اور پانی نہیں مل رہا اس پر حضرت عمارؓ بن یاسر نے جناب عمرؓ کو مخاطب کر کے کہا کہ آپ کو معلوم نہیں کہ ہم ایک فوجی
دستہ میں تھے جب میں اور آپ دونوں جنبی ہو گئے۔ اس وقت آپ نے تو نماز ہی نہیں پڑھی تھی اور میں نے مٹی میں لوٹ پوٹ ہو کر (سمجھا کہ یہ
عمل غسلِ جنابت کا بدل ہو گیا ہے) اور میں نے بعد ازاں نماز پڑھ لی۔ آپ نے میرے اس عمل کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو یہ سُن کر

t.com

آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور ان میں پھونک مار کر گرد و غبار اڑا دی پھر اپنے منہ اور دونوں ہتھیلیوں پر مل لیے۔"

یہ حدیث بخاری و مسلم نے اسی طرح شعبہ سے متعدد وجوہ سے بیان کی ہے۔ یہ حدیث نضر بن شمیل نے بھی شعبہ سے حکم کے واسطہ سے روایت کی ہے اس میں حکم کہتے ہیں میں نے یہ حدیث عبدالرحمان بن ابزی کے بیٹے سے سُنی ہے، اور اس نے اس میں یہ لفظ زیادہ بیان کیے ہیں حضرت عمر نے یہ سُن کر کہا اے عمار! خدا سے ڈر، عمار بولے امیرالمومنین! اللہ تعالیٰ نے مجھ پر آپ کی اطاعت واجب کی ہے اگر آپ فرمائیں تو میں کسی سے یہ حدیث بیان نہیں کروں گا

بعض لوگ حضرت عمار کے اس بیان پر اعتراض کرتے ہیں کہ انہوں نے ایسا کیوں کہا؟ کیا ان کے لیے خاموش رہنا بہتر نہ تھا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کتمانِ علم نہیں ہے انہوں نے اسے امیرالمومنین کی مجلس میں بیان کر دیا تھا جو جماعت تک بھی پہنچ گئی ہے۔ انہوں نے امیرالمومنین سے لطیف لہجہ میں یہ اس لیے کہا کہ وہ جانتے تھے کہ آپ اس خیال سے کہ مبادا لوگ غلطی کر جائیں یا قرآن مجید چھوڑ کر ہمہ تن اس کی طرف متوجہ ہو جائیں زیادہ حدیث بیان کرنے سے منع فرماتے تھے۔

۸۹۸ ۵۰/۱۲ امام علامہ سُبیعی ہمدانی حلبی

آپ کی کنیت ابو خمارہ اور نام حسن بن احمد بن صالح ہے۔ حلب کے رہنے والے تھے۔ حافظ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ حلب کا کوچہ درب سبیعی ان کی طرف ہی منسوب ہے۔ محمد بن عبان بصری، عبداللہ بن [illegible] محمد بن عثمان بن ابی شیبہ، محمد بن عبدالرحمن بن مخلد، محمد بن جریر طبری، احمد بن بادوان بردیجی، عمر بن ایوب سقطی اور ان کے طبقہ کے [illegible] سے امام دارقطنی، ابو محمد عبدالغنی ازدی، ابوبکر برقانی، ابوطالب بن بکیر، حافظ ابونعیم [illegible] شیبی، اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ حدیث بیان کرنے میں ثقہ [illegible] تھے اور تشیع کی طرف مائل تھے ابوالفتح ابن ابی الفوارس نے ان کی توثیق کی ہے

ابن اسامہ حلبی کہتے ہیں اگر اہل حلب میں اور کوئی خوبی نہ ہوتی تو حسن ابن احمد [illegible] کے لیے کافی ہے شاہ سیف الدولہ کے ہاں ان کی بڑی قدر و منزلت تھی وہ اکثر ان کی ملاقات کے لیے [illegible] کرتے تھے کہتے ہیں انہوں نے سیف الدولہ کے لیے ایک کتاب لکھی تھی جس کا نام [illegible] تھا ان کے نام پر ایک بازار بھی تھا جہاں خرید و فروخت ہوتی تھی اور علویوں کے لیے انہوں نے [illegible] وقف کیا تھا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت جابرؓ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے باز کے شکار کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا اگر تمہارے لیے شکار کرے تو کھالو۔"

امام حاکم فرماتے ہیں میں نے سبیعی سے اسماعیل بن رجاء کی حدیث کے متعلق پوچھا تو بولے ۔ اس کا ایک عجیب قصہ ہے ہمیں ابن ناجیہ نے مسند فاطمہ بنت قیس پڑھ کر سنائی فراغت کے بعد میں باغندی کی خدمت میں حاضر ہوا تو پوچھنے لگے کہاں سے آرہے ہو؟ میں نے کہا ابن ناجیہ کے حلقۂ درس سے آرہا ہوں بولے انہوں نے آج کیا پڑھایا ہے؟ میں نے کہا امام شعبی کی احادیث کا درس دیا ہے جو وہ فاطمہ بنت قیس سے روایت کرتے ہیں کہنے لگے اسماعیل بن رجاء عن الشعبی کی احادیث کا ذکر بھی آیا ہے؟ میں نے اپنی کتاب دیکھ کر نفی میں جواب دیا تو فرمانے لگے لکھو، ابوبکر بن ابی شیبہ نے ذکر کیا ہے یہ لکھ کر میں نے پوچھا وہ کس سے روایت کرتے ہیں اور میں نے ان کو تدلیس سے منع کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا مجھ سے محمد بن عبیدۃ حافظ، محمد بن معلیٰ اثرم، ابوبکر محمد بن بشر عبدی، مالک بن مغول، اسماعیل بن رجاء، شعبی نے فاطمہ سے اس کا قصہ بیان کیا جو طلاق مطلقہ کی رہائش اور نان و نفقہ سے متعلق تھا۔ پھر میں حلب چلا گیا اور امام بغدادی سے اس کا ذکر کیا پھر وہ کوفہ چلے گئے اور ابن عقدہ سے اس کے متعلق مذاکرہ کیا، پھر اس سے بھی یہ حدیث میرے اور باغندی کے حوالے سے لکھی۔ پھر مجھے امام جعابی کے ساتھ ملنے کا اتفاق ہوا، چنانچہ میں نے ان سے بھی اس کا مذاکرہ کیا تو معلوم ہوا کہ انہیں یہ حدیث معلوم نہ تھی۔ پھر کئی سال بعد ہم دمشق میں اکٹھے ہو گئے تو انہوں نے اسی حدیث کا مجھ سے اعادہ چاہا اور بڑے متعجب ہوئے۔ پھر ہم بغداد میں اکٹھے ہو گئے اور ہم نے اسی موضوع پر بات چیت کی اور انہوں نے کہا ہم سے یہ حدیث علی بن اسماعیل صفار، ابوبکر الاثرم اور ابن ابی شیبہ نے بیان کی اور انہیں معلوم نہیں تھا کہ یہ اثرم پہلے اثرم سے مختلف ہے۔ بعد ازاں میں نے یہ قصہ امام مفید (عمر بصری) سے ذکر کیا اور کئی برس بیت گئے پھر انہوں نے یہی حدیث باغندی کے حوالے سے بیان کی۔ اس پر امام سبیعی نے کہا مذاکرہ اس راوی کے عیوب بیان کر دیتا ہے جو راست گوئی سے کام نہیں لیتا۔

خطیب کہتے ہیں ابو محمد ثقہ، حافظ اور حدیث کا بکثرت علم رکھنے والے تھے روایت کرنے میں سخت مزاج واقع ہوئے تھے آخر عمر میں حدیث پڑھانے اور اس کے املا کرانے کا ارادہ کیا، اس کی تیاری بھی کی مگر موت نے مہلت نہ دی۔ مجھے امام دار قطنی کے متعلق پتہ چلا ہے فرماتے تھے میں نے ابو محمد سبیعی کو یہ کہتے سنا ہے کہ ایک دفعہ وزیر ابن حنزابہ حلب آئے تو لوگوں نے ان کا استقبال کیا۔ ان سے اسے پتہ چلا کہ میں محدث ہوں۔ چنانچہ اس نے مجھ سے پوچھا کیا آپ کو کوئی سند یاد ہے۔ جس میں چار صحابہ ایک دوسرے سے روایت کرتے ہوں؟ اس کے جواب میں میں نے حضرت عمر کی وہ حدیث بیان کی جس میں عمالہ کا ذکر ہے۔ اس نے اسے تسلیم کیا اور اس کی وجہ سے اس کے نزدیک میری قدر و منزلت بڑھ گئی۔ میں کہتا ہوں حافظ عبدالغنی بن سعید نے یہ واقعہ امام دار قطنی سے سنا ہے ابو محمد سبیعی نے ۷ ذی الحجہ ۳۷۱ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"وہ حیض کی حالت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک دھوتی تھیں آپ معتکف ہوتے تھے اور اپنا سر حجرہ میں اس کی طرف جھکا دیتے تھے۔"

t.com

۸۹۹ ۵۱/۱۲ امام آجری سجستانی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن حسین بن ابراہیم ہے۔ سجستان کی ایک بستی آجرہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور کتاب مناقب الشافعی کے مصنف ہیں۔ طلب علم کے لیے بہت سفر کیا۔ ابوداؤد اور ابوالعباس سراج، ابوبکر بن خزیمہ، ابوموسیٰ حرانی، محمد بن یونس ہروی، مکحول بیروتی، محمد بن یزید بیروتی اور ان کے طبقہ سے حدیث سماع کی۔ ان سے علی بن بشر نیشی، یحییٰ بن عمار سجستانی اور ایک دوسری جماعت نے حدیثیں روایت کی ہیں۔ تقریباً ۸۰ سال کی عمر پاکر رجب ۳۶۰ھ میں انتقال کیا۔ مجھے اپنی سند سے ان کی حدیث سننے کا شرف حاصل ہے۔

[illegible]
کسی نے سفیان سے کہا لوگ تو بہت پہلے چلے گئے اور [illegible] پیچھے رہ گئے
ہیں، بولے اگر سیدھے راستے پر چلیں تو یہی تو بہت ہیں۔
نیزان کے واسطہ سے حضرت عمر بن [illegible] کی حدیث [illegible]
وہ معراج کی رات اللہ تعالیٰ سے [illegible] فرمایا [illegible]

۹۰۰ ۵۲/۱۲ امام ابوعمرو جیری نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوعمرو اور نام [illegible] بن محمد بن احمد ہے۔ اپنے [illegible] کی وجہ سے
کہلاتے ہیں۔ نیشاپور کے رہنے والے باکمال حافظ حدیث [illegible] علم کے لیے خراسان
مصر، شام اور عراق کا سفر کیا اور اپنے دادا احمد بن محمد، ابوبکر بن [illegible] سے
سے حدیث کا سماع کیا۔ بکثرت احادیث لکھنے کی وجہ سے [illegible]
وہاں سے فراغت [illegible] کی نیں کی یہ حدیث کے اسباب و علل پر سیر حاصل [illegible]
اس عمدگی سے تمام [illegible] جمع کیا [illegible]

علاوہ ازیں مسائل و احکام، شیوخ، مضامین اور [illegible] تخریج کی، لیکن جب ان کی [illegible] پہنچے اور ان کے دفن
کے ساتھ علم کا یہ خزانہ دفن ہو کر رہ گیا۔ میں نے ان سے سنا ہے [illegible]
ہتے ہیں میں نے امام مسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے [illegible] کی تصنیف
کی ہے۔ امام حاکم ایک اور مقام پر فرماتے ہیں ابوعمرو نے زہری کی احادیث پر [illegible]
محمد بن یحییٰ ذہلی کی کتاب پر [illegible] فرماتے ہیں اندازہ ہے [illegible]
تین ہزار [illegible] یاد ہوں گی اور یہاں تک میرے معلومات کا تعلق ہے اسلام میں [illegible]

Marfat.com

لکھی گئی، ابو محمد بن زیاد نے ان سے یہ کتاب پڑھنے کے لیے ایک مجلس کا اہتمام کیا تو صرف مسند ابو بکر صدیق ہی جو ان کے خط میں دس سے کچھ زیادہ اجزاء پر مشتمل تھی۔ دوسرے ناسخین نے ساٹھ سے زیادہ اجزاء میں لکھی اس کی ہر حدیث کے علل و شواہد پر مکمل بحث کی گئی تھی۔ آپ ۲۶۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۹ رجب ۳۶۵ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور ان کی نماز جنازہ ان کے بھتیجے فقیہ ابو الحسن ماسرجسی نے پڑھائی۔

۹۰۱ ۵۳/۱۳ امام زعفرانی اصبہانی

آپ کی کنیت ابو سعید، اسم گرامی حسین بن محمد بن علی اور لقب زعفرانی ہے اصفہان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں، ابو القاسم بغوی، ابو محمد بن صاعد، حسین بن علی بن زید اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابو بکر بن ابی علی، ابو نعیم اور ایک دوسری جماعت روایت کرتی ہے۔ ابو نعیم فرماتے ہیں کثرت اصول اور کثرت حدیث میں یہ ہمارے شہر کے بندار ہیں، معرفت اور اتقان میں حصہ وافر رکھتے، مسند، تفسیر، شیوخ اور ان کے علاوہ متعدد کتابیں تصنیف کیں۔ ۳۶۹ھ میں فوت ہوئے۔ عبد اللہ بن عمر بن عبد العزیز کرخی بھی ان سے روایت کرتے ہیں ان کی احادیث یونس ثقفی کی اربعین میں پائی جاتی ہیں۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطے سے شداد بن اوس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حسبی اللہ ونعم الوکیل کا ورد ہر خوف زدہ شخص کے لیے امن کا ضامن ہے"۔

۹۰۲ ۵۴/۱۳ الامام الجوّال النقّاش المصری

آپ کی کنیت ابو بکر، نام محمد بن علی بن حسن اور لقب نقاش ہے، مصر کے رہنے والے طلبِ علم کے لیے مختلف ممالک میں گھومنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں تنیس میں مستقل رہائش پذیر ہو گئے تھے۔ ۲۸۲ھ میں پیدا ہوئے امام محمد بن جعفر نزیل دمیاط، قاسم بن لیث رسعنی، امام ابو عبد الرحمان نسائی، ابو یعقوب منجنیقی، عمر بن ابی غیلان بغدادی ابو یعلی موصلی، عبدان اہوازی، جماہر بن محمد زلکانی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ نقاش نے ابو العلاء محمد بن احمد بن جعفر وکیعی، حسن بن فرج غزی اور عبد اللہ بن اسحاق مدائنی سے بھی استفادہ کیا ہے، امام دار قطنی اکتسابِ فیض کے لیے ان کی خدمت میں تنیس حاضر ہوئے تھے جہاں یہ عمر بھر گوشہ نشین رہے اور اسی گمنام شہر کی رہائش ہی ان کی حدیث کے عدم انتشار کا باعث ہوئی۔ امام دار قطنی کے علاوہ حسین بن جعفر کلی، یحیٰی بن علی طحان، ابراہیم بن علی غازی حسن بن عمر بن جماعہ اسکندرانی، قاضی علی بن حسین بن جابر تنیسی اور دوسرے لوگ ان سے روایت کرتے ہیں۔ آپ حدیث کے بڑے عالم تھے اور آپ ہی فلیح کے نسخہ کے راوی ہیں جس کا ہم نے امام سخاوی کے تلامذہ سے سماع کیا ہے۔ آپ نے ۱۰ شعبان ۳۶۶ھ میں انتقال فرمایا رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مجھے اپنی سند سے ان کے ذریعے سے فلیح

عن نافع کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"حضرت عبداللہ اونچی آواز سے بکثرت لبیک پکارتے تھے اور فرماتے تھے کہ بآواز بلند لبیک پکارنے سے حج کامل ہوتا ہے۔"

نیز ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب قاضی کو قیامت کے دن پیش کیا جائے گا تو اسے حساب سے پہلے ہی ایسے ہولناک حالات کا سامنا کرنا پڑے گا کہ وہ خواہش کرے گا کاش! وہ ایک کھجور کے بارہ میں بھی دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ نہ کرتا۔"

۹۰۳ ۵۵/۱۲ المعدل امام حسن بن رشیق عسکری مصری

آپ کی کنیت ابو محمد ہے۔ اپنے شہر کے مسند اور بلند پایہ محدث ہیں۔ ابو عبدالرحمن نسائی، احمد بن زنبتہ، محمد بن عثمان بن سعید سراج، محمد بن رزیق بن جامع، مفضل بن محمد جندی، ابو دجانہ احمد بن ابراہیم معافری، احمد بن محمد بن عبدالعزیز معلم، یحییٰ بن بکیر کے شاگرد ابو زقزاق، اور دوسرے بہت سے لوگوں سے علم حدیث حاصل کیا۔ ان سے امام دارقطنی، عبدالغنی بن سعید، ابو محمد بن نحاس، اسماعیل بن عمرو مقری، مورخ یحییٰ بن طحان، محمد بن مغلس داؤدی، محمد بن جعفر بن ابی الذکر، علی بن ربیعہ تمیمی، ابوالقاسم علی بن محمد فارسی، محمد بن حسین طفال، اور اہل مصر اور اہل مغرب سے دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ابوالقاسم ابن طحان اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں آپ نے اپنے اساتذہ سے علم حدیث حاصل کیا ہے کہ میں ان تمام کے بیان کرنے سے قاصر ہوں، اور میں نے ان سے زیادہ حدیث جاننے والا کوئی عالم نہیں دیکھا۔ مجھے فرماتے تھے میری پیدائش صفر ۲۸۳ھ میں ہوئی تھی اور موصوف جمادی الاولیٰ ۳۷۰ھ میں فوت ہوئے۔

میں کہتا ہوں اس سال عالم احناف ابوالحسن کرخی کے تلمیذ ابوبکر احمد بن علی رازی جو بہت سی [illegible] اور اپنی تصانیف میں اصم اور ابن قانع سے روایت کرتے ہیں۔ محدث اور مسند ابو سہل بشر بن احمد اسفرائینی تقریباً ۹۵ سال عمر پاکر، حلب کے شیخ العربیہ ابو عبداللہ حسین بن احمد بن خالویہ سے اصفہانی تری امام ابوبکر عبداللہ بن محمد بن محمد بن خورک قباب اور صاحب اللغہ تہذیب کے مصنف ابو منصور محمد بن احمد بن ازہر بن طلحہ ازہری نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دجال ایک سفید سبزی مائل گدھے پر جس کے دونوں کانوں کے درمیان ۴۰ گز کا فاصلہ ہوگا سوار ہو کر نکلے گا اور اس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے جنہوں نے سبز طیلسان پہنے ہوں گے اور کوم ابی الحمراء میں ڈیرے ڈالیں گے۔"

☆☆☆☆☆☆☆☆

Marfat.c

۹۰۴ ۵۶/۱۲ امام غُنْدَر بغدادی وَرّاق

آپ کی کنیت ابوبکر نام محمد بن جعفر اور لقب غندر ہے، بغداد کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں، حسن بن علی معمری، ابوبکر ابن باغندی، ابوعروبہ حرانی، ابوالحسن مشغرانی، ابوجعفر طحاوی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا اور اس مقصد کے لیے عراق، شام، مصر اور جزیرہ جیسے دور دراز ممالک کے سفر کئے ان سے حاکم، ابن جمیع صیداوی، ابو عبدالرحمان سلمی، عمر بن ابی سعدہ وی، ابونعیم اصفہانی اور دوسرے لوگوں نے اس فن کی تحصیل کی، امام حاکم کہتے ہیں ہمارے ہاں کئی سال تک رہے اور ہمیں ہر طرح کے علمی فوائد سے مستفید فرماتے رہے اور میرے لیے ۳۶۶ھ میں اپنے خراسانی مشائخ کے افراد کی تخریج کی، پھر بلاد ترک میں چلے گئے اور اس کثرت سے حدیث لکھی کہ اس سلسلہ میں کوئی آپ سے سبقت نہیں لے جا سکا۔ پھر آپ کو وہ سے بخارا میں حدیث دینے کی دعوت دی گئی مگر راستہ میں ریگستان میں ۳۷۰ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابن مسعود کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آنکھوں کے جاتے رہنے سے گناہ بخشے جاتے ہیں سماعت کے باطل ہونے سے گناہ معاف ہوتے ہیں، اسی طرح جسم میں جو کمی اور نقص واقع ہوا اسی کے مطابق گناہوں کی مغفرت ہوتی ہے"

یہ حدیث بہت غریب ہے۔ مختلف ذاتوں میں محدثین کی ایک جماعت پائی جاتی ہے جن کا نام محمد بن جعفر اور لقب غندر ہے، ان میں سے پہلے غندر کا تذکرہ، یحیی بن سعید قطان اور ان کے طبقہ کے محدثین میں ہو چکا ہے یہ دوسرے غندر ہیں تیسرے غندر ایک ہوئی محدث ہیں جنہوں نے دور دراز ممالک کے سفر کر کے حدیث جمع کی یہ جنید اور ان کے طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں اور بارہ خود مصر میں مقیم ہو گئے تھے ان کی کنیت ابوالطیب، نام محمد بن جعفر بن دران اور لقب غندر ہے۔ اور اصلاً بغداد کے رہنے والے ہیں ابوخلیفہ جمحی، ابراہیم بن عبداللہ مخرومی اور ابویعلی موصلی سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے امام دارقطنی، ابوحفص کتانی اور ایک دوسری جماعت مستفید ہوئی ۳۵۷ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے اپنی سند کے واسطہ سے حضرت بارکی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی مومن ابوبکر اور عمر سے بغض نہیں رکھے گا اور کوئی منافق ان سے محبت نہیں کرے گا"

یہ حدیث صحیح نہیں اس کا راوی معلی متہم یا کذاب، اور شیخین سے بغض رکھنے والا وہ بدنصیب ہے جس میں کوئی خوبی نہیں، چوتھے ابوعلی محمد بن جعفر غندر ہیں خطیب نے ان کا ذکر کیا ہے لیکن ان کی تاریخ پیدائش اور تاریخ وفات بیان نہیں کی ان سے احمد بن فرج بن حجاج اور ابن جمیع صیداوی حدیث بیان کرتے ہیں، حفظ و اتقان کے ساتھ موصوف تھے میرے خیال میں یہ حافظ ابونعیم مذکور کے استاذ ہیں۔ ان کے واسطہ سے مجھے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی

Marfat

ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کا حکم دیا ہے۔"

پانچویں ایک قدیم الوفات بزرگ ہیں جن کا سلسلۂ نسب یہ ہے ابوالحسین محمد بن جعفر بن حیان رزاز خندی۔ یہ بلخ میں آباد ہو گئے تھے۔ حافظ ابو عاصم رازی، حافظ علی بن حسین بن بنایہ اور محمد بن ایوب بجلی سے روایت کرتے ہیں۔ ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ روایت لی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حلوہ اور شہد کو پسند فرماتے تھے۔"

تقریباً تمام محدثین نے ہشام بن عروہ سے یہ حدیث بیان کی ہے مگر اس کی سند کا یہ سلسلہ صرف ثقہ ہیں ہے۔ پہلے ابوبکر محمد بن جعفر بغدادی خامی ہیں یہ چونکہ خندہ کے لقب سے مشہور ہیں خطیب نے ان کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ ابوبشر بن عبداللہ رزاز سے تجدی وہ کہتے ہیں ہمیں ابوبکر محمد بن جعفر خندہ مولی قاسم مقتدر نے حدیث بیان کی تجدی وہ کہتے ہیں ہمیں ابوشاکر مسرور بن عبداللہ نے تجدی اس سند سے چھ یا سات حدیث ذکر کی خطیب لکھتے ہیں کہ یہ حدیث میں بالکل نا کارہ ہیں۔ ساتویں ابوبکر بن محمد بن جعفر بن حباس بن نجار خندہ ہیں۔ ان کو ابن المجد ابو محمد بن حمد اور ابوبکر بن حضرمی سے سماع حاصل ہے۔ اور ان سے حسن بن محمد خلال روایت کرتے ہیں خطیب کے بیان کے مطابق ان کا لقب بھی خندہ ہے۔ قزاز ان کو ثقہ کہتے تھے آخر میں فرماتے ہیں وہ ۳۵۰ھ میں فوت ہوئے آٹھویں محمد بن آدم جو جمالی خندہ ہیں یہ ابن عدی وغیرہ سے روایت کرتے ہیں۔ نویں ابوحسین محمد بن مہلب بزاز شیرازی ہے ہوں ہیں۔ ان کا لقب بھی خندہ ہے۔ ابن عدی کہتے ہیں جھوٹ بولتے تھے انہوں نے نفیلی سے ملاقات نہیں کی ہے دسویں محمد بن یوسف ابن ابنیہ ہروی ہیں خطیب نے لکھا ہے ان کا لقب بھی خندہ تھا

۶۰۵ ۵۷/۱۲ امام مقرئ نحوی اصبہانی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ نام محمد بن عبدالرحمان بن عمل بن علی اور لقب دحیم ہے۔ ان سے حدیث اور مختلف فنون قرأت وقف ابتدا اور حدیث میں بہت سی کتابیں ہے۔ محمد بن علی بن احمد بن عبدالرحمان بن عبدالعزیز بن ابی علی ذہلی ابوبکر احمد بن محمد بن ابی عمر بن ابی شیبہ ابوالعباس بن عبدالعزیز بن احمد بن عبدالعزیز بن ابی علی ذہلی ابوبکر احمد بن محمد بن ابی شیبہ ابوبکر بن ابی داؤد ابوبکر بن ابی عاصم ابوالقاسم بغوی اور بہت سے لوگوں نے حدیث بیان کی ہے۔ حافظ ابونعیم فرماتے ہیں آپ ان علماء میں سے ایک ہیں جن سے علم دین کی دولت حاصل کی جاتی ہے۔ آپ نے بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں آخر ربیع [illegible] میں فوت ہوئے ان سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث لی ہے فرماتے ہیں:

"یہ حدیث میں باہم متذاکرہ لیلۃ رویا نہ ہوگا یہ تمام سے پہلے میں نے یہ حدیث سنی ہے۔ [illegible] میں قرآن نازل ہوا ہے [illegible] حدیث میں متذاکرہ نہیں ہے [illegible] سے پہلے [illegible]

fat.com

نکل جائے گی کوئی یہ نہ کہے میں نے کل حدیث بیان کی تھی آج بیان نہیں کروں گا اگر کل بیان کی تھی تو آج اور آئندہ کل کو بھی بیان کرو۔"

میرے خیال میں سبط کی کتاب سفینہ خمیس حرامیں غزال کی یہ حدیث مذکور ہے۔

۹۰۶ ۵۸/۱۲ محدث واسط امام ابن السقاء واسطی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام عبداللہ بن محمد بن عثمان ہے واسط کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ ابوخلیفہ جمحی، اسحاق بن خالویہ بابسیری، زکریا ساجی، ابویعلی موصلی، محمود بن محمد واسطی، حافظ احمد بن یحییٰ تستری اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے امام دارقطنی، ابوالفتح یوسف قواس، ابوالعلاء محمد بن علی قاضی، علی بن احمد رزاز، علی بن عبدالصمد بن عبیداللہ ہاشمی خطیب، قاضی ابوجعفر محمد بن اسماعیل علولا، ان کے شاگرد آخری ابونصر علی بن سعید بن علی شافعی جن کا ۴۴۵ھ میں انتقال ہوا، ابونعیم اصفہانی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ابوالعلاء کہتے ہیں میں نے ابن مظفر اور دارقطنی سے سنا ہے فرماتے تھے ہم نے ابن سقاء کے پاس کبھی کتاب نہیں دیکھی وہ ہمیں زبانی حدیث پڑھایا کرتے تھے علی بن محمد طیب جلابی اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں۔ ابن سقاء واسط کے اماموں میں سے ایک امام اور حفاظِ حدیث میں سے ایک متفق حافظ حدیث ہیں۔ جمادی آخری ۳۶۳ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت زید بن جبیر کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"میں نے حضرت عبداللہ بن عمر سے پوچھا میرے لیے کہاں سے عمرہ کا احرام باندھنا جائز ہے؟ فرمانے لگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مدینہ کے لیے ذوالحلیفہ، اہل شام کے لیے جحفہ اور اہلِ نجد کے لیے قرن المنازل احرام باندھنے کے لیے میقات مقرر کی ہے۔"

سلفی کہتے ہیں میں نے حافظ خمیسا حوزی سے ابنِ سقاء کے متعلق پوچھا تو فرمانے لگے وہ مضر کے قبیلہ مزینہ سے تعلق رکھتے (اسقاء بہشتی) نہیں تھے یہ ان کا لقب ہے اہلِ واسط کے رؤساء اور اغنیاء میں شمار ہوتے ہیں بے پناہ حافظہ کے مالک تھے ان کے والد بچپن میں ان کو ساتھ لے گئے تھے اور چوٹی کے محدثین ابوخلیفہ، ابویعلیٰ، ابنِ زیدان بجلی اور مفضل بن جندی سے حدیث کا سماع کرایا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے علم اور عمر میں بہت برکت عطا فرمائی۔ اتفاق کی بات یہ ہے کہ انہوں نے ایک موقعہ پر اہلِ واسط کو "حدیث الطیر" املاء کرائی جسے ان کی طبیعتیں برداشت نہ کر سکیں اس وہ سب ان کی مخالفت پر کمربستہ ہو گئے ان کو مجلسِ درس سے اٹھا دیا اور ان کی جگہ کو پانی سے دھویا اس سے کبیدہ خاطر ہو کر یہ اپنے گھر میں گوشہ نشین ہو گئے اور پھر کسی واسطی کو حدیث نہیں پڑھائی۔ اہلِ واسط میں ان کی حدیث کی کمی کی یہی وجہ ہے ہمارے شیخ ابوالحسن مغازلی نے بتایا ہے کہ ان کا ۳۶۱ھ میں انتقال ہوا۔

t.com

۹۰۷ ۵۹/۱۲ امام عمر بن بشران بن محمد بن بشر بن مہران سکری

آپ کی کنیت ابو حفص ہے ابو الحسین بن بشران کے دادا کے بھائی اور ممتاز حافظ حدیث ہیں احمد بن حسن صوفی عبداللہ بن زیدان بجلی، بغوی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ خطیب کہتے ہیں ہم سے برقانی نے ان سے حدیث بیان کی ہے میں نے ان سے ان کے متعلق پوچھا تو بولے ثقہ ہیں، قوی الحافظہ، کثیر الحدیث، اور اس فن کو خوب جاننے والے تھے ۳۶۰ھ تک زندہ تھے۔

۹۰۸ ۶۰/۱۲ علامہ ازدی موصلی نزیل بغداد

آپ کی کنیت ابو الفتح اور نام محمد بن حسین بن احمد بن عبداللہ بن بریدہ ہے ابو یعلی موصلی، محمد بن جریر باغندی، احمد بن حسن بن عبدالجبار صوفی، ابو عروبہ حرانی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا اور ان سے ابراہیم بن عمر برمکی، ابو نعیم حافظ احمد بن فتح بن فرغان اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ خطیب کہتے ہیں حافظ حدیث ہیں اور فنون حدیث میں مختلف کتابوں کے مصنف ہیں۔ میں نے برقانی سے ان کے متعلق پوچھا تو انہوں نے ان کو ضعیف کہا۔ نجیب عبدالغفار ارموی کہتے ہیں میں نے اہل موصل کو دیکھا ہے وہ ان کی تضعیف کرتے تھے اور انہیں کچھ بھی نہیں سمجھتے تھے۔ میں کہتا ہوں ان میں ان کی ایک ضخیم تصنیف ہے فن جرح میں قوی النفس ہیں۔ محدثین کی ایک جماعت نے کئی مستند دلیل کے بغیر انہیں ضعیف کہا ہے ۱۶۴ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ تم اس شخص کے حق میں استغفار کرو جس کی غیبت کی ہے اور یوں کہو اللھم اغفر لنا ولہ"

یہ حدیث منکر ہے اس کے راوی ابو سلیمان کا نام داؤد بن عبدالجبار ہے۔ امام یحییٰ بن معین فرماتے ہیں [illegible] ہے۔

۹۰۹ ۶۱/۱۲ امام حسینک تمیمی نیشاپوری

آپ کی کنیت ابو احمد، نام حسین بن علی بن محمد اور لقب ابن منینہ اور حسینک ہے لیکن حسینک کے لقب سے زیادہ مشہور ہیں۔ نیشاپور کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور نبیل عالم ہیں۔ خراسان کے کبار علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ جب کبھی امام ابن خزیمہ بادشاہ کی مجلس میں حاضر نہ ہو سکتے تو انہیں اپنا نمائندہ بنا کر بھیجتے تھے۔ وہ ان کی بے حد عزت کرتے تھے اور انہیں اپنی اولاد سے بھی مقدم سمجھتے تھے۔ ابن خزیمہ، عباس ثقفی، عمر بن ابی غیلان، ابو القاسم بغوی، عبداللہ بن زیدان بجلی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے حاکم، ابو بکر برقانی، ابو حفص بن مسرور، ابو سعید کنجرودی اور متعدد دوسرے لوگ روایت بیان کرتے ہیں۔

خطیب کہتے ہیں ثقہ اور حجت ہے حاکم فرماتے ہیں ان کے سماع میں راست گوئی غالب ہے ہمارے شہر شیخ العرب اور ثروت قدیمہ کے وارث ہیں۔ میں نے تقریباً تیس سال تک سفر و حضر میں ان کی رفاقت کی ہے اور اس عرصہ دراز میں انہیں نماز تہجد ترک کرتے کبھی نہیں دیکھا۔ ہر رات قرآن حکیم کی ایک منزل پڑھا کرتے تھے سراً اور علا ان کے صدقات جاری رہتے تھے۔ ایک دفعہ انہوں نے اپنی جگہ پورے ہتھیاروں سے مسلح دس غازی محاذِ جنگ پر بھیجے تھے۔ اور سرحد کی حفاظت کے لیے زندگی میں کئی مرتبہ رباط کیا تھا۔ آپ نے پہلے پہل ۳۰۵ھ میں حدیث پڑھنی شروع کی تھی۔ خطیب فرماتے ہیں ربیع الآخر ۳۷۵ھ میں انتقال فرمایا۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ثوبان کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص شام کے وقت یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ اسے راضی کرے رضیت باللہ ربا و بالاسلام دینا و بمحمد صلی اللہ علیہ وسلم رسولا"

یہ حدیث غریب ہے اس کے بیان کرنے میں عقبہ متفرد ہیں، ان کے واسطہ سے امام ترمذی نے اس کو اپنی جامع میں ذکر کیا ہے اور اس کو حسن کہا ہے۔

۹۱۰ ۶۲/۱۳ امام زاہد قدوہ شیخ الاسلام ابن مہران بغدادی

آپ کی کنیت ابو مسلم اور نام عبدالرحمان بن محمد بن عبداللہ بن مہران ہے۔ بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ ابوالقاسم بغوی، باغندی، ابوعروبہ حرانی، ابن جوصاد دمشقی، ابن صاعد، ابوحامد بن بلال اور بہت سے خراسانی اور شامی اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر بخارا اور سمرقند منتقل ہو گئے۔ تقریباً تیس سال وہاں اقامت کی اور وہاں پر ایک مسند کبیر تصنیف فرمائی۔ ان سے حاکم، ابوالعلاء واسطی، علی بن محمد حذاء، احمد بن محمد کاتب اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ابن ابی الفوارس کہتے ہیں ابو مسلم نے بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں ثقہ اور تارک الدنیا تھے میں نے ان جیسا کوئی عالم نہیں دیکھا۔ خطیب کہتے ہیں انہوں نے مشائخ کی احادیث جمع کیں اور احکام و مسائل پر کتابیں لکھیں حافظ اور متقن ہونے کے ساتھ ساتھ پرہیزگار، تارک الدنیا اور متدین تھے۔ ایک دفعہ ابوالعلاء نے ان کا تذکرہ کیا تو ان کی بہت تعریف کی اور کہا دارقطنی اور دوسرے مشائخ ان کی بہت تعظیم کیا کرتے تھے۔ امام حاکم فرماتے ہیں میں مرو اور ماوراء النہر میں گیا، ان سے ملاقات نہ ہو سکی۔ ۳۶۵ھ میں فریضہ حج ادا کرنے کے لیے آیا تو حجاج کے قافلوں میں ان کو بہت تلاش کیا مگر انہوں نے آپ کو اس طرح چھپایا کہ کامیاب نہ ہو سکا۔ ازاں بعد ۳۶۷ھ میں دوبارہ حج کے لیے آیا میرا خیال تھا کہ آپ مکہ مکرمہ میں تشریف فرما ہیں۔ میں نے ان کو پھر تلاش کیا تو پتہ چلا کہ وہ اس وقت بغداد میں ہیں میں یہ سن کر بہت پریشان ہوا۔ میں بغداد جا کر تلاش کیا مگر کامیابی نہ ہوئی۔ پھر ایک دن ابونصر ملاطی نے مجھ سے کہا یہاں بغداد میں ایک بزرگ ہیں جو ابدال میں شمار ہوتے ہیں آپ ان سے ملنا چاہتے ہیں؟ میں نے کہا کیوں نہیں ضرور ملنا چاہتا ہوں، چنانچہ وہ مجھے لے کر غلہ فروشوں کی سرائے میں آئے شیخ کے متعلق پوچھا تو پتہ چلا باہر گئے ہیں۔ ابونصر کہنے لگے اس مسجد

Marfat

میں بیٹھو ابھی آجائیں گے ہم وہاں بیٹھ گئے اور خود باہر چلے گئے۔ ابونصر نے مجھے یہ نہیں بتایا تھا کہ وہ شیخ کون ہیں [illegible] تھوڑی دیر کے بعد آئے تو ان کے ساتھ ایک پتلے دبلے چادر میں لپٹے ہوئے ایک بزرگ تھے۔ انہوں نے [illegible] مجھے خیال گذرا کہ ہو نہ ہو حافظ ابومسلم یہی ہیں۔ باتوں باتوں میں میں نے ان سے پوچھا شیخ کے یہاں کوئی [illegible] ہیں جن کے پاس ٹھہرے ہوئے ہیں۔ بولے جن سے میں ملنا چاہتا تھا وہ ختم ہو چکے ہیں۔ میں نے کہا ابراہیم اپنے پیچھے کوئی اولاد بھی چھوڑ گئے ہیں؟ میں نے ان کے بھائی ابراہیم حافظ کے متعلق پوچھا تھا حیران ہو کر بولے آپ کو میرے بھائی کا کیسے پتہ چلا؟ میں چپ رہا اور اس کے سوال کا کوئی جواب نہ دیا۔ ابونصر سے میرے متعلق پوچھنے لگے یہ بزرگ کون ہیں؟ انہوں نے کہا یہ ابو فلاں ہیں یہ سن کر وہ اٹھے اور میں بھی اٹھا اور معانقہ کیا اور مجھ سے ملنے کے اشتیاق کا ذکر کیا۔ میں نے بھی اسی طرح ان سے ملنے کا اشتیاق ظاہر کیا اس کے بعد ہم نے جی بھر کر مذاکرہ کیا اور بغداد میں ان سے کئی ملاقاتیں ہوئیں جب میں ان سے وداع ہو کر جانے لگا تو فرمایا اگلے سال حج میں ملاقات ہوگی میرا مکہ میں قیام کا ارادہ ہے چنانچہ [illegible] حج کے لیے آئے اور پھر وفات تک وہیں مقیم رہے۔ اپنے آپ کو چھپانے کی بہت کوشش کرتے [illegible] فن پڑھانے کے لیے اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتے تھے۔ [illegible] میں انتقال فرمایا۔ مجھے ان کے واسطے سے امام ابو زرعہ کا یہ قول ملا ہے کہ فرماتے ہیں:

"میں نے دو آدمیوں سے دو لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ ایک ابراہیم بن فراء ہیں اور دوسرے ابن [illegible] عبداللہ ہیں۔"

اس سال محدث شیخ ابوالحسین احمد بن محمد بن جعفر بحیری نیسابوری، بغداد میں ابوعبداللہ حسین بن محمد بن [illegible] ابوالقاسم عبدالعزیز بن جعفر خرقی بغدادی، بغداد کے شیخ الشافعیہ ابوالقاسم عبدالعزیز بن [illegible] مسند امام حفص عمر بن محمد بن علی ابن زیات بغدادی ان کی عمر ۹۰ سال تھی اور حفاظ حدیث میں شمار ہوئے [illegible] مالکیۃ العراق کے شیخ قاضی ابوبکر محمد بن عبداللہ ابہری ان کی تقریباً ۹۰ سال عمر تھی، محدث شام قاضی ابوبکر [illegible] ان کی عمر بھی ۹۰ سال کے قریب تھی اور تنبیہ الغافلین کے فقیہ ابو اللیث نصر بن محمد سمرقندی حنفی نے بھی [illegible] کہا۔

۹۱۱ ۶۳/۱۲ علامہ ابن حرارہ برذعی اسدی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام محمد بن محدث احمد بن علی بن اسد ہے، ممتاز حافظ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں [illegible] علم کے لیے دور دراز ممالک کی سیاحت کی۔ خلیلی کہتے ہیں ان کے دادا احمد کے والد حرارہ کے لقب سے [illegible] صاحب ترجمہ امام محمد نے عراق، مصر اور شام کا سفر کیا اور حامد بن شعیب بغوی، ابن جوصا، عبداللہ بن [illegible] اور ان کے طبقہ سے مستفیض ہوئے۔ نیز کہا آپ قزوین اور رے میں آئے اور تیس ہزار سے زیادہ احادیث زبانی [illegible] کرائیں حالانکہ ان کے پاس ایک ورق بھی نہیں تھا۔ ان کی املا کردہ احادیث میں غریب حدیثیں بھی [illegible]

fat.com

فوائدِ جلیلہ پر مشتمل تھا۔ ہمارے شیوخ نے ان کے واسطہ سے حدیث بیان کی ہے۔ شہر قزوین میں ۳۰۰ھ میں فوت ہوئے خلیلی نے بواسطہ حسن بن جعفر علوی ان سے روایت کیا ہے۔

۹۱۲ ۶۴/۱۲ امام غطریفی جرجانی رامی

آپ کی کنیت ابو احمد اور نام محمد بن احمد بن حسن ہے صاحب اتقان حافظ اور مسانید پر مشتمل ایک صحیح کے مصنف ہیں ابو الخلیفہ سے اس قدر استفادہ کیا کہ ان کا سارا علم اپنے سینہ میں محفوظ کر لیا۔ ان کے علاوہ حسن بن سفیان، عمران بن موسیٰ بن مباشر، ابراہیم بن یوسف ہسنجانی، احمد بن حسن بن عبدالجبار صوفی، ابن نابیہ، ابن خزیمہ، اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے رفیقِ سفر امام ابو بکر اسماعیلی نے اپنی صحیح میں انکی ایک سو سے زیادہ احادیث درج کی ہیں، اور ایک مقام پر لکھا ہے۔ حدثنا محمد بن احمد العبدی والعبقسی ومحمد بن ابی حامد۔

ابو احمد صاحب اتقان اور اہل علم محدثین میں شمار ہوتے ہیں ہر روزہ کے عادی، شب زندہ دار، صالح اور قابلِ اعتماد تھے خلیلی کہتے ہیں دہستان میں امیر النزاۃ تھے، صحیح بخاری کی طرز پر ایک صحیح کے مصنف ہیں۔ ان سے حمزہ بن یوسف سہمی، ابو نعیم اصفہانی، قاضی ابو الطیب طبری اور سری بن اسماعیل بن ابی بکر اسماعیلی حدیث بیان کرتے ہیں۔ ابو احمد نے ۳۷۸ھ میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی، رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر علم آسمان کے ستارے ثریا پر بھی ہو تو اہل فارس میں سے ایک قوم اس کو حاصل کر رہے گی"

ابو احمد کے ساتھ اس سال مصر میں امام نسائی کے آخری شاگرد ابیض بن محمد بن ابیض نہری، شیخ السریہ ابو علی حسن بن احمد بن عبدالغفار فارسی یہ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں اور ۸۹ سال عمر پائی، محدث بغداد ابو الحسن علی بن محمد بن نوح ثقفی وراق ان کی عمر ۹۵ سال تھی، اندلس کے شیخ القراء علی بن محمد بن اسماعیل انطاکی شافعی اور حافظ صالح بن محمد سے سب سے آخر میں روایت کرنے والے مسند بخارا ابو عمرو محمد بن صابر بخاری مؤذن نے دنیائے دون کو چھوڑ کر عالم بقاء کا سفر اختیار کیا۔ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

۹۱۳ ۶۵/۱۲ محدثِ اصبہان امام ابن المقری اصبہانی

آپ کی کنیت ابو بکر اور نام محمد بن ابراہیم بن علی ہے اصفہان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث اور لائقِ اعتماد عالم ہیں، تحصیلِ علم کے لیے بہت سفر کیے۔ ابن المقری کے لقب سے مشہور ہیں، معجم کبیر اور اربعین حدیثاً کے مصنف ہیں آپ نے اصفہان میں محمد بن نصیر بدینی، محمد بن علی فرقدی اور متعدد دوسرے اہلِ علم سے، بغداد میں صوفی اور عمر بن ابی غیلان سے، موصل میں ابو یعلیٰ سے، اہواز میں عبدان سے، حران میں ابو عروبہ سے، عسقلان میں محمد

Marfa

بن حسن بن قتیبہ سے، کوفہ میں عبداللہ بن زیدان سے، تستر میں حافظ احمد بن یحییٰ سے، مکہ میں اسحاق بن احمد خزاعی سے قدس میں عبداللہ بن محمد بن سلم سے، دمشق میں سعید بن عبدالعزیز سے، صیداء میں محمد بن معافی سے، بیروت میں مکحول سے مکہ میں مامون بن ہارون سے، رملہ میں محمد بن عمیر سے، اذنہ میں مضاء بن عبدالباقی سے، واسط میں جعفر بن احمد بن سنان سے، عسکر مکرم میں محمد بن علی بن روح سے، حمص میں محمد بن تمام بہرانی سے، رقہ میں حسین بن عبداللہ قطان سے، مصر میں محمد بن زبان سے، عسقلان میں محمد بن قربا سے اور ان کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کی معجم میں ان سب کا تذکرہ موجود ہے۔ آپ نے مسند ابی حنیفہ تصنیف کی ہے اور فوائد جلیلہ پر مشتمل ایک کتاب لکھی ہے ان سے ابواسحاق بن حمزہ، ابوالشیخ بن حیان، ابوبکر بن مردویہ، حمزۃ السہمی، ابونعیم، ابوطاہر بن عبدالرحمان، بحرویہ کے پوتے ابراہیم بن منصور، منصور بن حسین، احمد بن محمود ثقفی، احمد بن محمد بن نعمان صائغ اور دوسرے بہت سے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

ابن مردویہ کہتے ہیں ثقہ، مامون اور صاحب اصول ہیں۔ ابونعیم کہتے ہیں محدث کبیر، ثقہ اور مسانید کے مصنف ہیں انہوں نے اس کثرت سے احادیث کا سماع کیا ہے کہ ان کا شمار ممکن نہیں۔ ابوطاہر احمد بن محمود کہتے ہیں میں نے ابن المقری سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے مشرق اور مغرب کا چار دفعہ سفر کیا ہے ان کا بیان ہے میں نے مفضل بن فضالہ کا نسخہ حاصل کرنے کے لیے ۷۰ مرحلے سفر کیا مگر اس کی حالت یہ ہے کہ اگر میں اسے ایک روٹی کے بدلے نانبائی کو دوں تو وہ اسے لینے کے لیے تیار نہ ہو۔ ابوطاہر بن سلمہ کہتے ہیں میں نے ابن المقری سے سنا ہے فرماتے تھے، میں بیت المقدس میں دس دفعہ گیا ہوں، چار دفعہ حج کیا ہے اور ۲۵ مہینے مکہ مکرمہ میں ٹھہرا ہوں۔ ابوبکر بن ابی علی سے مروی ہے ابن المقری کہا کرتے تھے میں طبرانی اور ابوالشیخ مدینہ منورہ میں رہتے تھے جب خرچ ختم ہو گیا اور ہم تنگدستی کا شکار ہو گئے ہم نے بغیر سحری کھائے روزہ رکھا ہوا تھا عشاء کے وقت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر پر آیا اور کہا یا رسول اللہ! ہم بھوک سے نڈھال ہیں یہ دیکھ کر طبرانی کہنے لگے [illegible] رزق مل جائے گا یا موت آجائے گی چنانچہ میں اور ابوالشیخ اٹھ کر باہر آئے تو دروازے پر ایک علوی [illegible] ہم نے دروازہ کھولا تو اس کے ساتھ دو غلام دو ٹوکروں میں بہت سی چیزیں لیے کھڑے تھے بولا تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس میری شکایت کی ہے میں نے آپ کو خواب میں دیکھا ہے آپ نے مجھے تمہیں کچھ دینے کا حکم دیا ہے۔

حافظ ابوموسیٰ مدینی نے ابن المقری کے حالات میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے اس میں ابن سلامہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ کسی نے مشہور وزیر صاحب بن عباد کو کہا آپ معتزلی ہیں اور ابن المقری محدث ہیں پھر بھی ان سے محبت کرتے ہیں؟ بولے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ میرے والد کے دوست ہیں اور کہتے ہیں آباء کی محبت بیٹوں کی رشتہ داری ہے دوسری وجہ یہ ہے ایک دن میں نے خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مجھے فرما رہے ہیں تم سو رہے ہو اور میرا ایک ولی تمہارے دروازے پر کھڑا ہے میں بیدار ہو گیا اور اسی وقت دربان سے بلا کر پوچھا دروازے

پر کون ہے؟ بولے دروازہ پر ابوبکر ابن المقری ہیں۔ ابو عبداللہ بن مہدی کہتے ہیں میں نے ابن المقری سے سنا ہے فرماتے تھے اصول اعتقاد میں میں امام احمد بن حنبل اور امام ابوزرعہ رازی کے مذہب پر ہوں۔

میں کہتا ہوں ابن المقری نے تقریباً ۵۰ شہروں میں جاکر حدیث کا سماع کیا اور میں نے ان کی معجم سے ان کے شہر کی چالیس حدیثیں تلاش کی ہیں۔ آپ وزیر صاحب اسماعیل بن عباد کی کتابوں کے نگران تھے۔ ہمیں ان کی عالی احادیث سے مامون کے جزء کے سوا جس کی عالی سند کے ساتھ دنیا بھر میں ابو سعد مدینی منفرد ہیں کوئی حدیث بالاجازت حاصل نہیں ہوئی۔ ابن المقری ۹۶ سال زندہ رہے اور شوال ۳۸۱ھ میں فوت ہوئے۔ اس سال نیسابور میں "الغایہ" کے مصنف شیخ القراء ابوبکر احمد بن حسین بن مہران۔ صحیح بخاری کے راوی، مسند خراسان ابو محمد عبداللہ بن احمد بن حمویہ سرخسی، مقری مصر ابو عدی عبدالعزیز بن علی بن محمد بن فرج بن امام مصری، قاضی القضاۃ ابو محمد عبیداللہ بن احمد بن معروف بغدادی، جعفر فریابی کے شاگرد مسند عراق ابوالفضل عبیداللہ بن عبدالرحمان زہری عوفی، قزوین کے شیخ القراء اور یوسف بن عاصم رازی کے آخری شاگرد علی بن احمد بن صالح قزوینی اور قرطبہ میں مالکیہ کے عالم اور فقیہ ابوبکر محمد بن یبقی بن زرب قرطبی نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گواہ کے ہوتے ہوئے مدعی کی قسم کے ساتھ فیصلہ کیا۔"

یہ حدیث ترمذی اور ابن ماجہ نے بندار سے روایت کی ہے۔

۹۱۴ ۶۶/۱۲ محدث خراسان امام ابو احمد حاکم نیشاپوری کرابیسی

آپ کا اسم گرامی محمد بن محمد بن احمد بن اسحاق ہے۔ نیسابور کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور چوٹی کے ناقد رجال ہیں۔ آپ نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ حاکم کبیر کے لقب سے مشہور ہیں آپ کی ایک تصنیف کا نام کتاب الکنی ہے۔ احمد بن محمد ماسرجسی، محمد بن شاذل، ابن خزیمہ، باغندی، بغوی، سراج، محمد بن ابراہیم غازی، عبداللہ بن زیدان بجلی، محمد بن فیض غسانی، ابو عروبہ حرانی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے ابو عبداللہ حاکم، ابو عبدالرحمان سلمی، محمد بن احمد جارودی، ابوبکر احمد بن علی بن منجویہ، ابو حفص بن مسرور، محمد بن علی بن محمد جصاص، صاعد بن محمد قاضی، ابو سعید کنجرودی، ابو عثمان بحیری اصفہانی اور ان کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ امام حاکم فرماتے ہیں آپ اپنے زمانہ میں فن حدیث کے امام اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں شروط صحیح، اسامی اور کنی کی معرفت میں سب پر مقدم ہیں۔ بیس سال سے کچھ بڑے ہونے کے بعد طلب حدیث کی طرف متوجہ ہوئے عراق جزیرہ اور شام کے اہل علم سے اس کا سماع کیا اور مصر نہیں گئے پہلے عدالت میں تقدم حاصل کیا پھر ۳۳۳ھ میں منصب قضا پر فائز ہوئے حاکم یہ بھی کہتے ہیں شہر شاش کے بھی قاضی بنے اور وہاں چار سال کچھ ماہ اس عہدہ پر کام کرتے رہے پھر طرطوس کے قاضی بنائے گئے میں اکثر ان پر کمرہ عدالت میں داخل ہوتا تو ان کے سامنے کتابوں کا ڈھیر

دیکھتا جب فریقین کے درمیان فیصلہ کرنے سے کچھ وقت بچتا تو کتابوں کے مطالعہ میں مصروف ہو جاتے۔ پھر ۴۵ھ میں نیسابور آ گئے اور اپنی مسجد اور اپنے گھر میں گوشہ نشینی اختیار کی اور باقی ماندہ عمر عبادت الٰہی، طلبہ کو پڑھانے اور کتابیں تصنیف کرنے میں صرف کر دی۔ انہیں کئی دفعہ قضا اور تزکیہ کا عہدہ پیش کیا گیا مگر آپ نے ہمیشہ اس پیش کش کو مسترد کر دیا۔ ۷۶ھ میں نظر بند ہو گئے اور ۹۳ سال عمر پا کر میری غیر حاضری میں ربیع الاول ۳۰۸ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ رحمۃ اللہ علیہ

امام حاکم اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں ابو احمد صالح، نیکوکار اور سلف کے مسلک کی سختی کے ساتھ پابندی کرنے والے تھے اہل بیت اور دیگر صحابہ کے متعلق آپ کا عقیدہ مبنی بر انصاف تھا۔ مختلف شہروں میں عہدہ قضا پر متمکن رہے صحیحین اور جامع ترمذی پر فوائد علمیہ کا اضافہ کیا۔ مجھ سے کہنے لگے میں نے عمر بن ملک سے سنا ہے فرماتے تھے امام بخاری فوت ہوئے تو انہوں نے اپنے پیچھے خراسان میں علم، زہد اور ورع میں ابو عیسیٰ جیسا کوئی آدمی نہیں چھوڑا وہ خوف خدا سے اس قدر روئے کہ بالآخر نابینا ہو گئے۔ امام حاکم کہتے ہیں ابو احمد نے کتاب [illegible] المخرج علی کتاب المزنی، کتاب فی الشروط اور ان کے علاوہ شیوخ کے حالات اور مسائل و احکام پر متعدد کتابیں تصنیف کیں کہتے ہیں یہ اپنے زمانہ میں اس علاقہ کے نامور حافظ حدیث تھے۔ ابو عبدالرحمان سلمی کہتے ہیں میں نے حافظ ابو احمد سے سنا ہے فرماتے تھے ایک دفعہ میں بڑے بڑے شیوخ کے ساتھ امیر خراسان نوح بن نصر کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے پوچھا آپ میں سے صدقات کے متعلق حضرت ابوبکر کی حدیث کس کو یاد ہے؟ ان میں سے یہ حدیث کسی کو یاد نہ تھی اس لیے سب خاموش رہے میں پھٹے پرانے اور بوسیدہ کپڑوں میں ملبوس سب کے پیچھے بیٹھا تھا۔ میں نے اس کے وزیر کو کہا مجھے یہ حدیث ہے اس نے کہا یہاں خراسان کا ایک نوجوان بیٹھا ہے اسے یہ حدیث یاد ہے چنانچہ میں آگے آیا اور یہ حدیث بیان کی یہ سن کر امیر بہت خوش ہوا اور بولا اس قدر قابل کس مپرسی کی حالت میں نہیں رہنا چاہیے چنانچہ اس نے مجھے شاش کے منصب قضا پر متعین کیا۔

امام حاکم کہتے ہیں بوڑھے ہونے کے بعد ان کے حافظہ میں تغیر واقع ہو گیا تھا لیکن ان کی حدیث میں قطعاً اختلاط رونما نہیں ہوا۔ میں نے ان سے سنا ہے فرماتے تھے ایک دفعہ میں رے میں مقیم تھا میں نے ابن ابی حافظ سے کتاب الجرح والتعدیل پڑھتے سنا تو میں نے ابن عبدویہ وراق سے کہا یہ عجیب مضحکہ خیز بات ہے کہ تم لوگ بعینہٖ کتاب تاریخ البخاری پڑھتے ہو اور اسے ابو زرعہ اور ابو حاتم کی طرف منسوب کرتے ہو اس نے کہا اے ابو احمد! جب ابو زرعہ اور ابو حاتم کے سامنے تاریخ البخاری پیش کی گئی تو کہنے لگے یہ ایسا بیش قیمت علم ہے کہ اس کے بغیر چارہ نہیں لیکن یہ بھی درست نہیں کہ ہم اسے دوسروں کے نام سے پیش کریں چنانچہ انہوں نے عبدالرحمان کو اپنے پاس بٹھایا وہ ان سے ایک ایک راوی کے متعلق سوال کرتا تھا اور یہ اس میں کہیں کمی اور کہیں کچھ اضافہ کر دیتے تھے۔ اور میں نے ان سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے ابو الحسین غازی سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے امام بخاری سے ابو غسان کے متعلق پوچھا تو فرمایا اس کے متعلق کیا پوچھنا چاہتے

ہو میں اس کے غیبی مسلک کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں فرمانے لگے وہ اپنے شہر کے کوفی آئمہ کے مسلک پر ہیں اگر تم عبید اللہ، ابونعیم اور ہمارے باقی تمام کوفی مشائخ کو دیکھ لیتے تو ہم سے ابوغسان کے متعلق سوال نہ کرتے میں نے ان سے سنا ہے اپنی سند سے یحیٰی بن سعید کا یہ قول نقل کرتے تھے ایوب سختیانی پر تعجب ہے ثابت بنانی کو چھوڑتے ہیں اور ان سے حدیث نہیں لکھتے۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرتا ہے وہ شریف انسان نہیں ہے"

ابواحمد کہتے ہیں جہاں تک مجھے علم ہے یہ حدیث دراوردی عن عبید اللہ کے واسطہ سے اسحاق کے سوا کسی نے بیان نہیں کی۔ ۳۰۹ھ میں مندرجہ ذیل بڑے بڑے شیوخ بھی واصل باللہ ہوئے۔ قاضی ابوالقاسم بشر بن محمد بن محمد بن یاسین نیسابوری قاضی علامہ ابوسعید خلیل بن احمد سجزی واعظ حنفی یہ بزرگ سمرقند کے قاضی تھے (۸۱ سال عمر پاکر فوت ہوئے، ماوراء النہر کے شیخ الحنفیہ عبدالکریم بن محمد بن موسیٰ زاہد میثنی یہ بخارا کی ایک بستی میثن کے رہنے والے تھے، عراق کے شیخ المالکیہ ابوالقاسم عبداللہ بن حسین بن جلاب آپ زمانہ کہولت میں فوت ہوئے، مصر کے عالی سند بزرگ ابوبکر عتیق بن موسیٰ بن ہارون ازدی حاتمی ان کے پاس ابوالرزقزاق کا مؤطا تھا جو انہوں نے یحیٰی بن بکیر سے سنا تھا، بغداد کے محدث اور "الامالی" کے مصنف ابوبکر محمد بن اسماعیل بن عباس وراق، ہرات کے صدر اور وہاں کے رئیس محدث ابوعبداللہ محمد بن عباس بن ابی ذئب ضبی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

۹۱۵ ۶۷/۱۲ العالم الشہیر محدث جُرجَرایا امام المُفید

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن احمد بن محمد بن یعقوب ہے، حافظ ابونعیم نے ان کو قوت حفظ کے ساتھ موصوف کیا اور استفادہ کے لیے ان کی طرف ارتحال کیا ہے۔ خطیب کہتے ہیں مجھے محمد بن عبداللہ نے بتایا یہ کہتے تھے مشہور امام موسیٰ بن ہارون نے میرا لقب مفید رکھا تھا۔ میں کہتا ہوں یہ لفظ جو اب بطور لقب ذائع وشائع ہے پہلے پہل اس معنی میں ۳۰۰ ہجری سے قبل استعمال ہوا۔ محدثین کی اصطلاح میں حافظ کا درجہ مفید سے اونچا ہے جیسا کہ حجت کا مقام ثقہ سے اعلیٰ ہے۔ محدث محمد بن احمد رویانی کہتے ہیں میں نے مفید سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں دیکھا مالینی کہتے ہیں مفید صالح آدمی تھے میں کہتا ہوں لیکن متہم ہیں۔ احمد بن عبدالرحمان سقطی سے عن یزید بن ہارون حدیث بیان کرتے ہیں مگر پتہ نہیں چلا کہ یہ کون شخص ہے؟ کہتے تھے میں نے اس سے ۳۹۵ھ میں سماع کیا ہے مؤطا قعنبی عن الحسن بن عبیداللہ عن القعنبی کی سند سے روایت کرتے ہیں، ایک دوسرے شخص سے بھی روایت کرتے تھے مگر اس کا پتہ نہیں چلا۔

اساتذہ ان کے اساتذہ میں ابوشعیب حرانی، محمد بن یحیٰی مروزی، علی بن محمد بن عبدالملک بن ابوالشوارب، موسیٰ

بن ہارون اور دوسرے بہت سے لوگوں کے نام ملتے ہیں۔

ان کے متعلق برقانی کی رائے برقانی نے اپنی صحیح میں ان کے واسطہ سے ایک حدیث ذکر کی اور معذرت کی ہے کہ مجھے ان کے علاوہ کسی دوسرے سے یہ حدیث نہیں ملی جب ان سے ان کے متعلق پوچھا گیا تو بولے حجت نہیں ہیں انہوں نے ایک آدمی کے واسطہ سے ہمیں قعنبی کا پورا موطا پڑھایا جسے میں نے قلمبند کر لیا۔ جب میں واپس آیا تو ابوبکر بن سعد فرمانے لگے اس سلسلہ میں تم نے جو کچھ خرچ کیا ہے سب ضائع ہوا چنانچہ میں نے کسی شخص سے صاف کاپی لے کر وہ کتاب اس کے حوالے کر دی۔ ابوالولید باجی کہتے ہیں ابوبکر مفید نے بہت سی سندوں کا دعویٰ کیا ہے مگر میں نے ان کو بے بنیاد پایا ہے۔ میں کہتا ہوں ان سے سب سے آخر میں حدیث بیان کرنے والے ایک ضعیف راوی حسن بن غالب مقری ہیں۔ مفید ۹۰ سے زیادہ سال عمر پا کر ۳۷۸ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت علی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"انا الحسن بن غالب المقری انا محمد بن احمد المفید بجرجرایا املاءنا عثمان بن الخطاب سمعت علیا سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کذب علی متعمدا فلیتبوأ مقعدہ من النار" یعنی علی کہتے ہیں میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص مجھ پر قصداً جھوٹ بولے وہ اپنا ٹھکانا آگ میں بنا لے۔

مجھے اس عالی سند سے قطعاً خوشی حاصل نہیں ہوئی کیونکہ میں جانتا ہوں کہ اس کذاب نے حضرت علی تو کجا ان کے دیکھنے والے کو بھی نہیں دیکھا۔

۹۱۶ ۶۸/۱۲ امام محمد بن مظفر بن موسیٰ بن عیسیٰ بغدادی

آپ کی کنیت ابوالحسین اور لقب محدث عراق ہے۔ بغداد کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں ۲۸۶ھ میں پیدا ہوئے اور ۳۰۰ھ میں حدیث کا سماع کرنا شروع کیا۔

اساتذہ آپ نے عراق، جزیرہ، مصر اور شام وغیرہ ممالک میں جا کر درج ذیل اساتذہ فن سے اکتساب فیض کیا۔ احمد بن حسن صوفی، حامد بن شعیب، قاسم بن زکریا، عمر بن ابی غیلان، باغندی، محمد بن جریر، عبداللہ بن زیدان بجلی، ابوعروبہ حرانی، علی بن احمد علان، محمد بن خریم دمشقی، حسین بن محمد بن جمعہ اور اس طبقہ کے دوسرے ماہرین سے! انہوں نے علم کثیر حاصل کیا، کتابیں لکھیں اور اس فن کی باریکیوں سے بہرہ ور ہوئے۔

تلامذہ ان سے امام دارقطنی، ابن شاہین، ابوالفتح بن ابی الفوارس، مالینی، برقانی، ابونعیم، حسن بن محمد خلال، علی بن محسن، عبدالوہاب بن برہان، ابومحمد جوہری اور دوسرے بہت سے لوگوں نے ان سے استفادہ کیا کہتے ہیں یہ مشہور صحابی حضرت سلمہ بن اکوع رض کی اولاد سے ہیں مگر خود فرماتے تھے میں یہ یقین سے نہیں کہہ سکتا۔

مرتبہ و مقام خطیب کہتے ہیں ابن مظفر سمجھدار، حافظ حدیث اور راست گو تھے۔ برقانی کہتے ہیں امام دارقطنی نے ابن مظفر سے ہزارہا حدیثیں لکھی ہیں۔ ابن ابی الفوارس کہتے ہیں میں نے ابن مظفر سے باغندی کی ایک ایسی حدیث کے متعلق پوچھا جسے وہ ابن زید مدادی سے اور وہ عمرو بن عاصم سے روایت کرتے ہیں بولے میرے پاس ایسی کوئی حدیث نہیں میں نے کہا غور کریں شاید آپ کے پاس ہو فرمانے لگے اگر میرے پاس ہوتی تو مجھے حفظ ہوتی۔ باغندی کی ایک لاکھ احادیث میرے پاس ہیں مگر یہ ان میں نہیں ہے۔ قاضی محمد بن عمر داؤدی کہتے ہیں میں نے امام دارقطنی کو ابن مظفر کی بہت تعظیم و تکریم کرتے دیکھا ہے وہ ان کی موجودگی میں احتراماً حدیث بیان نہیں کرتے تھے۔

وسعت معلومات خطیب اپنی سند کے ساتھ بعض شیوخ سے بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ وہ قاضی ابن معروف کی مجلس میں حاضر ہوئے جس میں ابن مظفر بھی موجود تھے اتفاقاً ابوالفضل زہری بھی اس مجلس میں تشریف لے آئے یہ دیکھ کر ابن مظفر اپنی جگہ سے اٹھے اور ان کو اپنی جگہ پر بٹھایا پھر فرمانے لگے قاضی صاحب! یہ بزرگ مشہور اور جلیل القدر صحابی حضرت عبدالرحمان بن عوف کی اولاد سے ہیں خود محدث ہیں اور حضرت عبدالرحمان تک ان کے سلسلہ نسب کے سب افراد محدث ہیں، ہمیں ان کے والد نے حدیث بیان کی اور فلاں نے ہمیں ان کے دادا محمد بن عبداللہ سے اور فلاں نے ان کے جد اعلیٰ عبیداللہ بن سعد سے حدیث بیان کی، پھر ان کے سلسلہ نسب کے ہر شخص سے حدیث ذکر کی حتیٰ کہ حضرت عبدالرحمان بن عوف رضی اللہ تعالےٰ عنہ پر اس سلسلہ کو ختم کیا۔

عقیدہ سلمی کہتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے ابن المظفر کے متعلق پوچھا تو فرمایا ثقہ اور مامون ہیں میں نے کہا بعض لوگ کہتے ہیں کہ ان کا شیعہ مذہب کی طرف کچھ میلان ہے؟ فرمانے لگے ہاں! مگر اتنا کم ہے کہ ان شاء اللہ مضر نہیں ہے۔ ابوالولید باجی کہتے ہیں ابن مظفر حافظ حدیث ہیں لیکن قدرے تشیع کی طرف مائل ہیں۔ ابراہیم بن محمد عینی کہتے ہیں ابن مظفر ہمارے ہاں آئے آنکھ سے بھینگے تھے اور چہرے پر زخم کا نشان تھا مشہور محدث عبداللہ بن محمد بن جعفر قزوینی کے حلقہ درس میں حاضر ہوئے تو وہ اہل عراق کی احادیث بیان کرنے لگے ابن مظفر بولے یہ احادیث عراق میں ہمارے پاس بہت ہیں ہم تو اہل مصر کی حدیث حاصل کرنا چاہتے ہیں اب اس دن سے قزوینی نے محدث مصر عمرو بن حارث کی احادیث بیان کرنا شروع کیں اور اس میں اتنا مبالغہ کیا کہ بعض لوگ انکار کرنے لگے حتیٰ کہ امام دارقطنی فرماتے ہیں کہ قزوینی نے عمرو بن حارث کے نام پر سو سے زیادہ احادیث وضع کی ہیں۔

وفات عتیقی کہتے ہیں ابن مظفر نے جمعہ کے دن جمادی اولیٰ ۳۷۶ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا میں کہتا ہوں اسی سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی آخرت کا سفر اختیار کیا۔ اندلس میں لغت کے امام ابوبکر محمد بن حسن زبیدی نحوی، محدث دمشق، امام مفید اور وفیات کے مصنف ابوسلیمان محمد بن عبداللہ بن احمد بن زبر

ربعی، انہوں نے بغوی اور محمد بن فیض سے استفادہ کیا تھا۔ ابو یعلیٰ موصلی سے معجم کے راوی ابوالحسین محمد بن نصر موصلی ابن نحاس، اور مشہور محدث کجی کے آخری شاگرد ابوبکر ہلال بن محمد بن محمد بن ہلال رائے بصری۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اذان سن کر مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کے لیے نہ آئے اس کی نماز نہیں ہوتی۔"

میں کہتا ہوں انہوں نے الا من عذر کا لفظ نہیں کہا

۹۱۷ ۶۹/۱۲ المسند الناقد ابوحفص بن الزیات بغدادی

آپ کا نام عمر بن محمد بن علی بن یحییٰ ہے۔ بغداد کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے جعفر فریابی، ابراہیم بن شریک، ابن ناجیہ، احمد بن حسن صوفی، عمر بن ابی غیلان اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ اور بعد کے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے برقانی، ابو محمد خلال، ابوالقاسم تنوخی جوہری اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ برقانی کہتے ہیں بخدا! ثقہ، قدیم السماع اور متعدد کتابوں کے مصنف۔ ابن الفوارس کہتے ہیں ثقہ متقن اور امین تھے۔ انہوں نے احکام و مسائل اور شیوخ کے حالات میں کتابیں تصنیف کیں۔ عتیقی کہتے ہیں جمادی اولیٰ ۳۷۵ھ میں فوت ہوئے ان کی پیدائش ۲۸۶ھ میں ہوئی تھی ثقہ، حدیث کے عالم اور اس کے حافظ تھے۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص جمعہ کے دن سویرے آئے، اپنے بدن اور کپڑوں کو دھوئے، پیدل آئے سوار ہو کر نہ آئے، امام کے نزدیک بیٹھے، وعظ سنے، خاموش رہے اور شور نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے اگلے جمعہ تک اور اس سے زائد تین دن کافی ہو جاتا ہے (یعنی اس کے دس دن کے گناہ معاف کر دیتا ہے)

اس حدیث کے بیان کرنے میں ایک ضعیف راوی ابوامیہ متفرد ہے اس کا نام اسماعیل بن یعلیٰ ہے اور یہ متن ایک دوسری اچھی سند کے ساتھ بھی مروی ہے

۹۱۸ ۷۰/۱۲ امام مفید ابن السمسار دمشقی

آپ کی کنیت ابوالعباس، نام محمد بن موسیٰ بن حسین اور لقب محدث شام ہے۔ دمشق کے رہنے والے لائق اعتماد حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے محمد بن خریم، احمد بن جوصا، ابوالدحداح احمد بن محمد، عبداللہ بن محمد بن حمصی الحافظ، ابوالجہم بن طلاب، ابوعبداللہ محاملی، ابن مخلد اور اس طبقہ کے دوسرے اساتذہ سے علم حدیث حاصل کیا۔ تمام رازی مکی بن سمر، محمد بن عوف مزنی، آپ کے بھائی ابوالحسن محمد بن سمسار اور دوسرے بہت سے لوگ آپ کے تلامذہ

fat.com

میں شمار ہوتے ہیں۔ عبدالعزیز کتانی کہتے ہیں آپ ثقہ، عقلمند اور حافظِ حدیث ہیں آپ نے حدیث کے ذخیرے اور خزانے لکھے ہیں۔ میدانی کہتے ہیں رمضان المبارک ۳۶۳ھ میں فوت ہوئے۔

۹۱۹ ۷۱/۱۲ امام بصلہ جُرجانی

آپ کی کنیت ابوالحسین نام محمد بن محمد بن عبیداللہ اور لقب بصلہ ہے۔ جرجان کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے دور دراز ممالک کا سفر کیا۔ ممتاز اور نادرۂ روزگار آئمہ حدیث کے خرمنِ علم سے خوشہ چینی کی۔ آپ نے عمران بن موسیٰ بن مجاشع سختیانی، امام ابن خزیمہ، ابن جوصاء، ابوالعباس سراج اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ فن سے علم حدیث حاصل کیا اور مختلف مقامات پر حدیث کا درس دیا۔ ان کے تلامذہ میں حافظ ابونعیم اور ان جیسے دوسرے مشاہیر شامل ہیں۔ ان کی تاریخ وفات معلوم نہیں ہوئی ۳۶۰ھ کے بعد تک زندہ رہے ہیں۔

۹۲۰ ۷۲/۱۲ امام احمد بن موسیٰ بن عیسیٰ جُرجانی

آپ کی کنیت ابوالحسن ہے اور وکیل لقب ہے، جرجان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں۔ حمزہ سہمی کہتے ہیں آپ باب القضاۃ کے وکیل تھے۔ عمران بن موسیٰ سختیانی، احمد بن محمد بن عبدالکریم، احمد بن حفص سعدی، عبدالرحمان بن عبدالمؤمن اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے علم حدیث کا سماع کیا۔ انہوں نے مسانید، سنن اور فنِ تاریخ میں متعدد کتابیں لکھی ہیں، شیوخ، احکام و مسائل اور اسانید پر بھی خامہ فرسائی کی ہے۔ صاحبِ فہم اور صاحبِ درایت تھے۔ مجاہیل سے ایسی منکر روایات بیان کرتے ہیں جن پر کوئی ان کی متابعت نہیں کرتا۔ اسی وجہ سے محدثین نے ان پر انکار کیا ہے اور ان کی تکذیب کی ہے۔ ہاں سختیانی وغیرہ سے ان کی تحریر کردہ کتابیں بہترین اور لائقِ اعتماد ہیں۔ ابومحمد منیری کہتے ہیں میں نے ان کو خواب میں دیکھا تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے؟ بولے بکثرت حدیث لکھنے اور ہر بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنے کی وجہ سے معاف کر دیا ہے۔ ذی قعدۃ ۳۶۸ھ میں فوت ہوئے میں کہتا ہوں ایک نسخہ میں ۳۷۸ھ لکھا ہے واللہ اعلم۔ میں کہتا ہوں سعید قناش ان سے روایت کرتے ہیں ان کا حلفیہ بیان ہے کہ یہ حدیث وضع کیا کرتے تھے۔

۹۲۱ ۷۳/۱۲ امام صالح بن احمد ہمدانی سِمسار

آپ کی کنیت ابوالفضل ہے قبیلہ بنو تمیم کی طرف انتساب کی وجہ سے تمیمی کہلاتے ہیں، کثیر الصدق اور طویل العمر حافظ حدیث ہیں۔ اپنے والد محترم، علی بن حسن بن سعد، محمد بن بلبل، احمد بن محمد بن ادریس، محمد بن مراد بن تمویہ، قاسم بن ابی صالح، عبدالرحمان بن ابی حاتم اور متعدد دوسرے محدثین سے علم حدیث حاصل کیا۔ ان سے طاہر بن ماہلہ، حمدین عمر الزجاج، احمد بن زنجویہ عمری، طاہر بن احمد امام، احمد بن حسین بن رسل، ابوالفتح بن ابی الفوارس اور ان کے علاوہ دوسرے

Marfa

لوگوں نے اکتسابِ فیض کیا۔ شیرویہ نے ان کا اپنی تاریخ میں تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے ثقہ، حافظ، متدین اور ارکانِ حدیث میں سے ایک رکن تھے۔ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈرتے تھے بڑی مفید اور پُر مغز تصنیفات کے مصنف ہیں۔

شعبان المعظم ۳۸۴ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے ان کی قبر کے پاس دعا قبول ہوتی ہے۔ خطیب فرماتے ہیں سمجھدار، قابلِ اعتماد اور پختہ کار حافظِ حدیث تھے۔ کتاب الطبقات للہمدانیین اور کتاب سنن الحدیث کے مصنف ہیں۔ محمد بن فرج اور علی بن طلحہ مقری نے ہمیں ان سے حدیث بیان کی ہے۔ احمد بن عمر زجاج کہتے ہیں جب حافظ صالح ہمدان میں تدریسِ حدیث کے لیے بیٹھے تو اس خوشی میں اپنی ایک چکی سات سو دینار میں فروخت کر دی اور یہ ساری رقم حدیث لکھنے والے طلبہ میں بانٹ دی۔ جس سال حافظ صالح نے وفات پائی اسی سال مشہور ادیب ابو اسحاق ابراہیم بن ہلال صابی کا انتقال ہوا۔ یہ غیر مسلم تھا اور فنِ کتابت اور نظم و نثر میں ماہر اور صاحبِ تصانیف تھا۔ اس سال درج ذیل مشاہیر بھی دنیا سے رخصت ہوئے۔

مسندِ ہمدان ابو القاسم جبرئیل بن محمد بن سیدول معدل ان کو بغوی سے سماع حاصل ہے۔ ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن سعید بن محارب اصطخری ثم بغدادی۔ فقیہ علی بن عبد الملک بن دہثم نیسابور میں فوت ہوئے یہ دونوں ابو حنیفہ سے روایت کرتے ہیں اور کمزور ہیں اور امام ابن درید کے شاگرد، کتبِ کثیرہ کے مصنف ابو الحسن علی بن عیسیٰ رمانی نحوی۔

۹۲۲ ۶۴/۱۲ امام محمد بن احمد بن حماد بن سفیان کوفی

آپ کی کنیت ابو الحسن ہے آپ کوفہ کے محدث اور وہاں کے مفید[1] ہیں ممتاز حفاظِ حدیث میں [illegible] ہیں۔ آپ نے عبد اللہ بن زیدان بجلی، علی بن عباس مقانعی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے [illegible] اور طویل عمر پائی۔ ان سے قاضی ابو العلاء واسطی، ابو ذر عبد بن احمد ہروی، احمد بن محمد عتیقی [illegible] نے استفادہ کیا۔ آپ بھی اپنے پیش رو کی طرح ۳۸۴ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر مہینے صبح سویرے تین دن شہد چاٹ لیا کرے اس کو کوئی بڑی آفت نہیں پہنچے گی۔"

یہ حدیث منکر ہے اور اس کا ایک راوی زبیر بن سعید ہاشمی کمزور ہے۔

۹۲۳ ۷۵/۱۲ امام ابن شاہین بغدادی

آپ کی کنیت ابو حفص، نام عمر بن احمد بن عثمان ہے۔ ابن شاہین کے لقب سے مشہور ہیں بغداد کے رہنے

[1] یہ ایک خطاب ہے جو علماء کی طرف سے کسی عالم کو دیا جاتا تھا جیسے کسی کو حافظ کہا جاتا ہے مگر مفید کا درجہ حافظ سے کم ہے۔

والے بلند پایہ حافظِ حدیث، عراق کے محدث اور مفید ہیں۔ کثیر العلم اور شیریں بیان واعظ تھے۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔

محمد بن محمد بن باغندی، محمد بن ہارون بن مجدر، ابو نعیب، عباس بن برتی، شعیب بن محمد ذارع، ابو القاسم بغوی، ابو علی محمد بن سلیمان مالکی اور ان کے طبقہ سے علم حدیث حاصل کیا۔ دمشق کا سفر کیا اور وہاں ابو اسحاق بن ابی ثابت اور ان کے طبقہ کے علماء سے ملاقات کی اور مستفید ہوئے ۲۹۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۳۰۸ھ میں حدیث کا سماع شروع کیا۔ ان سے ابو حامد مالینی، ابو بکر برقانی، ابو القاسم تنوخی، ابو محمد خلال، ابو محمد جوہری، ابو الحسین بن مہتدی باللہ، ان کے صاحبزادے عبید اللہ بن اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ابن ماکولا کہتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں انہوں نے تحصیل علم کے لیے شام، فارس اور بصرہ کا سفر کیا، احکام و مسائل جمع کئے تراجم لکھے اور بہت سی کتابیں تصنیف کیں۔

ابو الحسین بن مہتدی باللہ کا بیان ہے کہ ہمیں ابن شاہین نے خود بتایا کہ میں نے ۳۳۰ کتابیں لکھی ہیں ان میں تفسیر کبیر ایک ہزار جزء، مسند ایک ہزار تین سو جزء، تاریخ ایک سو پچاس جزء اور زہد ایک سو جزء پر مشتمل ہے قاضی محمد بن عمر داؤدی فرماتے تھے میں نے ابن شاہین سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے حساب کیا تو معلوم ہوا کہ میں نے تصنیف کے لیے اس وقت سات سو درہم کی صرف سیاہی خریدی ہے۔ میں کہتا ہوں ہمارے شیخ عماد الدین خراسانی نے مجھے واسط میں بتایا کہ ان کی تفسیر تقریباً ۳۰ جلدیں مکمل ہوئی ہے ازہری کہتے ہیں ابن شاہین ثقہ ہیں ان کے پاس بغوی سے لکھی ہوئی احادیث کے سات سو جزء تھے ابن ابی الفوارس کہتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں۔ جتنی کتابیں انہوں نے لکھی ہیں کسی نے نہیں لکھیں۔

تنقید حمزہ سہمی کہتے ہیں میں نے امام دار قطنی سے سنا ہے فرماتے تھے۔ ابن شاہین ثقہ ہیں لیکن اپنی غلطی پر اصرار کرتے ہیں۔ خطیب کہتے ہیں میں نے محمد بن عمر داؤدی کو کہتے ہوئے سنا ہے۔ ابن شاہین ثقہ ہیں، شیوخ حدیث سے مشابہت رکھتے ہیں لیکن عربی زبان بولتے وقت غلطی کر جاتے تھے۔ فقہ بالکل نہیں جانتے تھے۔ اگر ان کے سامنے کسی کا مذہب ذکر کیا جاتا تو فرماتے میں محمدی مذہب کا پابند ہوں۔ میں نے ان کو ایک دن امام دار قطنی کے ساتھ اٹھتا دیکھا لیکن وہ ان کے سامنے غلطی کے ڈر سے ایک حرف تک نہ بولے۔ مجھ سے ایک دن امام دار قطنی نے فرمایا ابن شاہین دل کے کتنے بے بصیرت ہیں میرے پاس اپنی تفسیر نقل کی ہے اور اس کو عن ابی الجارود زیاد بن المنذر بنا دیا ہے حالانکہ زیاد منذر ابو جارود ہی کا نام ہے اور صحیح ابو الجارود زیاد بن منذر ہے۔ برقانی کہتے ہیں مجھے ابن شاہین نے بتایا کہ میں نے جتنی کتابیں تصنیف کی ہیں (اپنی ذات پر اعتماد کرنے کی وجہ سے) ان کا اصل ماخذ کے ساتھ کبھی مقابلہ نہیں کیا۔ برقانی کہتے ہیں مجھے ان کا یہ طریقہ پسند نہیں اس لیے میں ان سے زیادہ استفادہ نہیں کیا۔ ازہری کہتے ہیں ابن شاہین نے بغوی سے سات سو جزء نقل کئے اور میں نے ان سے سنا ہے کہتے تھے میں لکھ لیتا ہوں لیکن دوبارہ مقابلہ نہیں کرتا۔

t.com

عتیقی کہتے ہیں انہوں نے ذی الحجہ ۳۸۵ھ میں انتقال کیا۔ میں کہتا ہوں امام دارقطنی کے انتقال کے چند روز بعد فوت ہوئے اور اسی سال بغداد کے زاہد اور محدث ابوالفتح یوسف بن عمر بن مسرور قواس ۸۵ سال عمر پاکر، شاعر بغداد محمد بن عبداللہ بن حسن بن سکرۃ ہاشمی عباسی، مصر میں قاضی علی بن حسین بن بندار ازدی، شاہ عجم کے وزیر صاحب اسماعیل بن عباد طالقانی اور محدث مصر ابوبکر احمد بن محمد بن اسماعیل المہندس بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ رضہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے حکم ملا ہے کہ جب تک لوگ لا الہ الا اللہ نہ کہیں میں ان سے جنگ جاری رکھوں جب وہ یہ کہہ لیں گے مجھ سے اپنے خون اور مال محفوظ کرلیں گے مگر حقوق کی ادائیگی ان پر واجب رہے گی اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا۔"

نیز ان کی سند سے حضرت ابوسعید خدری کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں ایسے عمل نہ بتاؤں جن سے اللہ تعالیٰ گناہ دور کرتا اور نیکیاں بڑھاتا ہے ہم نے عرض کیا کیوں نہیں یا رسول اللہ ضرور بتائیں فرمایا مکروہ اوقات میں مکمل طور پر وضو کرنا، مسجدوں کی طرف بکثرت پیدل جانا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔"

۹۲۴ ۷۶/۲ امام احمد بن عبدان بن محمد بن فرج شیرازی

آپ کی کنیت ابوبکر ہے شیراز کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے طویل عمر پائی اور محدث اہواز کے لقب سے ملقب ہوئے آپ کو "بازاویض" بھی کہا جاتا تھا۔ آپ نے محمد بن محمد باغندی، ابوالقاسم بغوی، احمد بن محمد بن سکن بغدادی، بکر بن احمد زہری اور اس طبقہ عالیہ کے دوسرے آئمہ سے علم حدیث حاصل کیا ۲۹۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۳۰۴ھ میں حدیث کا سماع شروع کیا۔ کبار آئمہ میں شمار ہوتے تھے۔ حمزہ سہمی ان سے رجال کے متعلق سوالات پوچھا کرتے تھے۔ آپ سے حمزہ سہمی، ابوالحسن بن صخر ازدی، قاضی علی بن عبیداللہ کسائی ہمذانی نزیل مصر اور عبدالوہاب غندجانی نے اکتساب فیض کیا۔ مؤخر الذکر نے ان سے تاریخ بخاری پڑھی۔ آپ نے ۹۵ سال عمر پاکر صفر ۳۸۶ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے عبدالرحمان بن عمرو سلمی اور حجر بن حجر کی یہ حدیث ملی ہے کہتے ہیں:

"ہم عرباض بن ساریہ جن کے متعلق "ولا علی الذین اذا ما اتوک لتحملہم الآیہ" نازل ہوئی کے پاس آئے ان کو سلام کیا اور کہا ہم آپ کے پاس آپ کی زیارت کرنے کے لیے آئے ہیں نیز یہ کہ آپ کی عیادت کریں اور آپ سے علم سیکھیں۔" الحدیث

☆☆☆☆☆

۹۲۵ ۷۷/۱۲ حافظِ زمان امام دارقطنی بغدادی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور اسم گرامی علی بن عمر بن احمد بن مہدی ہے۔ بغداد کے رہنے والے مشہور حافظ حدیث اور کتاب السنن کے مصنف ہیں۔ آپ کی ولادت باسعادت ۳۰۶ھ میں ہوئی۔ آپ بغوی، ابن ابی داؤد، ابن صاعد، حضرمی، ابن درید، ابن نیروز، علی بن عبداللہ بن مبشر، محمد بن قاسم محاربی، ابوعلی محمد بن سلیمان مالکی، ابوعمر قاضی ابوجعفر احمد بن بہلول، ابن زیاد نیسابوری، بدر بن ہیثم قاضی، احمد بن قاسم فرائضی، حافظ ابوطالب، اور ان کے علاوہ بغداد، بصرہ، کوفہ اور واسط کے دوسرے بہت سے محدثین سے مستفید ہوئے۔ زمانہ کہولت میں مصر اور شام کا بھی سفر کیا اور بڑی بڑی عمدہ اور پُر مغز کتابیں تصنیف کیں۔ آپ سے اکتساب فیض کرنے والوں میں مندرجہ ذیل حضرات قابل ذکر ہیں۔

امام حاکم، ابوحامد اسفرائینی، تمام رازی، حافظ عبدالغنی ازدی، ابوبکر برقانی، ابوذر ہروی، ابونعیم اصفہانی، ابومحمد خلال، ابوالقاسم بن حسن، ابوطاہر بن عبدالرحیم، قاضی ابوالطیب طبری، ابوبکر بن بشران، القاسم حمزہ سہمی، ابومحمد جوہری، ابوالحسن بن آبنوسی، عبدالصمد بن مامون، ابوالحسین بن مہتدی باللہ اور ان کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگ۔

مرتبہ و مقام امام حاکم فرماتے ہیں امام دارقطنی حفظ، فہم اور ورع میں یکتائے روزگار تھے نیز قراءت اور نحاۃ کے امام تھے۔ میں نے ۳۶۷ھ میں بغداد میں چار مہینے قیام کیا۔ اس عرصہ میں ان سے اکثر ملنے کا اتفاق ہوا میں نے جیسے سنا تھا ان کو اس سے زیادہ پایا میں نے علل حدیث اور شیوخ کے متعلق ان سے بہت سے سوالات حل کیے ان کی متعدد مفید تصانیف ہیں جن کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں میں شہادت دیتا ہوں کہ انہوں نے اپنے پیچھے روئے زمین پر اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں چھوڑا۔ خطیب فرماتے ہیں آپ یگانۂ روزگار اور وقت کے امام تھے۔ حدیث، علل حدیث اور اسماء الرجال کا علم آپ پر ختم تھا راست گو، ثقہ اور صحیح الاعتقاد تھے۔ ہر طرح کے علوم و فنون میں بہرۂ وافر رکھتے تھے فن قراءت کے ماہر تھے اس فن میں ایک کتاب تصنیف کی، جس میں حروف کی تفصیل پیش کرنے سے پہلے مناسب تبویب کی۔ یہ کتاب اتنی مقبول ہوئی کہ بعد کے قراء اپنی اپنی تصانیف میں آپ کے نقش قدم پر چلے۔ آپ مذاہب فقہاء سے بھی خوب شناسا تھے، آپ نے فقہ کی تعلیم ابوسعید اصطخری سے حاصل کی تھی۔ آپ شعر و سخن اور علم ادب کے متعلق بھی گہری واقفیت رکھتے ہیں۔ کہتے ہیں آپ کو بہت سے شعراء کے دیوان ازبر تھے۔ مجھے حمزہ بن محمد بن طاہر نے بتایا ہے کہ آپ کو مشہور شیعہ شاعر سید حمیری کا دیوان پورے کا پورا حفظ تھا۔ اسی وجہ سے لوگ انہیں تشیع کی طرف منسوب کرتے تھے مگر یہ غلط ہے۔ ابن ذہبی کہتے ہیں آپ تشیع سے کوسوں دور تھے۔

حافظہ خطیب فرماتے ہیں ازہری نے بیان کیا ہے کہ ایک دفعہ امام دارقطنی اپنی نوعمری میں مشہور محدث اسماعیل

صفار کے حلقۂ درس میں شریک ہوئے وہ املا کرا رہے تھے اور یہ بیٹھے کوئی دوسری کتاب نقل کر رہے تھے حاضرین میں سے کسی نے کہا تمہارا سماع صحیح نہیں کیونکہ تم توجہ سے سننے کی بجائے دوسری کتاب نقل کرنے میں مصروف ہو، بولے میری سمجھ اور آپ کی سمجھ میں فرق ہے بھلا بتلائے اب تک شیخ نے کتنی حدیثیں املا کرائیں ہیں؟ بولے مجھے یاد نہیں آپ نے فرمایا اس وقت تک ۱۸ حدیثیں املا کرا چکے ہیں۔ پہلی حدیث کے راوی فلاں فلاں ہیں اور اس کا متن یوں ہے۔ دوسری حدیث کے فلاں فلاں راوی ہیں اور اس کا متن یہ ہے اس طرح ساری حدیثیں آپ نے من وعن بیان کر دیں چنانچہ لوگ آپ کا یہ حافظہ دیکھ کر دنگ رہ گئے۔

وسعت معلومات

رجاء بن محمد معدل کہتے ہیں میں نے ایک دفعہ امام دارقطنی سے پوچھا آپ نے اپنے جیسا بھی کوئی عالم دیکھا ہے بولے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں فلا تزکوا انفسکم (اپنی تعریف آپ نہ کرو) کہتے ہیں جب میں نے زیادہ اصرار کیا تو فرمایا مجھے کوئی ایسا آدمی معلوم نہیں جس نے اتنا علم جمع کیا ہو جتنا میں نے جمع کیا ہے۔ حافظ ابوذر کہتے ہیں میں نے امام حاکم سے پوچھا کیا آپ نے امام دارقطنی جیسا کوئی آدمی دیکھا ہے؟ بولے انہوں نے خود اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا میں کیسے دیکھتا؟ یہ قول خطیب نے اپنی تاریخ میں ابوالولید باجی سے ابوذر کے واسطہ سے ذکر کیا ہے۔ حافظ عبدالغنی جب امام دارقطنی کا ذکر کرتے تو "استاذی" کہہ کر ان کا ذکر کرتے تھے۔

قاضی ابوالطیب طبری فرماتے ہیں دارقطنی "امیر المومنین فی الحدیث" ہیں۔ خطیب فرماتے ہیں ابوالقاسم ازہری کا بیان ہے کہ امام دارقطنی بڑے روشن دماغ اور ذہین تھے جب کسی قسم کا علمی تذکرہ چھڑتا تو آپ اس میں کافی دسترس کا ثبوت بہم پہنچاتے چنانچہ محمد بن طلحہ نعالی نے بتایا ہے کہ انہیں ایک دفعہ امام دارقطنی کے ساتھ ایک دعوت میں شریک ہونے کا اتفاق ہوا اس میں کسی طرح پر خود لوگوں کا ذکر چل نکلا پھر کیا تھا امام صاحب موصوف نے [illegible] کے متعلق اتنے نوادرات اور اتنے لطیفے بیان کیے [illegible] سے زیادہ بیت [illegible] کہتے ہیں میں نے دیکھا ہے ایک دفعہ امام دارقطنی نے حدیث کی کسی علت یا راوی کے کسی نام کے متعلق ابن ابی الفوارس کے کسی اشکال کا جواب دیا پھر فرمایا اے ابوالفتح! مشرق و مغرب کے درمیان اس کا جواب میرے سوا کوئی نہیں جانتا۔

کتاب العلل زبانی لکھائی

خطیب امام دارقطنی کے حالات میں لکھتے ہیں میں نے برقانی سے پوچھا کیا یہ صحیح ہے کہ ابوالحسن آپ کو کتاب العلل زبانی لکھایا کرتے تھے؟ بولے ہاں کتاب العلل کا مسودہ میں نے ہی تیار کیا ہے اور لوگوں نے میرا نسخہ ہی لے کر یہ کتاب پڑھی ہے عتیقی بیان کرتے ہیں میں ایک دفعہ امام دارقطنی کی مجلس میں حاضر تھا ابوالحسن بیضاوی ایک اجنبی آدمی کو لائے اور امام صاحب سے درخواست کی کہ اس کو چند احادیث املا کرائیں۔ چنانچہ آپ نے اس نواس مجلس میں بیس سے زیادہ حدیثیں زبانی لکھائیں ان سب کا متن یہ تھا نعم الشیء الہدیۃ امام الحاجۃ یعنی کسی کو ضرورت کے وقت ہدیہ دینا بہت اچھی چیز ہے وہ آدمی چلا گیا

کچھ مدت کے بعد پھر آیا اور امام صاحب کی خدمت میں کچھ ہدیہ بھی پیش کیا۔ اس وقت آپ نے اس کو زبانی سترہ حدیثیں لکھائیں ان سب کا متن یہ تھا "اذا جاءکم کریم قوم فاکرموہ" جب تمہارے پاس کسی قبیلہ کا کوئی معزز آدمی آئے تو اس کی تعظیم کیا کرو۔

میں کہتا ہوں ایسے ہی معجزانہ کارنامے دیکھ کر امام صاحب کی فوقیت اور برتری کا اعتراف کرنا اور آپ کی قوت یادداشت اور مضبوط فہم و فراست کا لوہا ماننا پڑتا ہے۔ اس یگانۂ روزگار امام کا کمال مشاہدہ کرنا منظور ہو تو ان کی کتاب العلل کا مطالعہ کریں۔ آپ دنگ رہ جائیں گے اور دیر تک سر دھنتے رہیں گے۔

بحث و جدل سے گریز

سلمی کہتے ہیں امام دارقطنی فرمایا کرتے تھے ہیں۔ بحث و جدل اور کلام و مناظرہ کو سخت ناپسند کرتا ہوں۔ چنانچہ ابن طاہر کہتے ہیں ایک دفعہ بغداد میں حضرت عثمان رضہ اور حضرت علی رضہ کی افضلیت میں اختلاف پڑ گیا۔ ایک فریق حضرت عثمان رضہ اور دوسرا فریق حضرت علی رضہ کو افضل ماننے پر مصر تھا۔ آخر کار دونوں فریق امام دارقطنی کے فیصلہ پر راضی ہو گئے اور اپنا معاملہ ان کے سامنے پیش کیا۔ امام صاحب فرماتے ہیں پہلے تو میں خاموش رہا اور میں نے کہا اس معاملہ میں خاموش رہنا ہی بہتر ہے۔ پھر میں نے اسے دیانتداری کے خلاف سمجھا اور حضرت عثمان رضہ کے افضل ہونے کا فیصلہ دے دیا۔ کیونکہ صحابہ کرام نے اسی پر اتفاق کیا تھا اور اہل السنۃ کا بھی یہی مذہب ہے اور اسی سے عقیدہ رفض کی پہلی گرہ کھل جاتی ہے۔

ابن طاہر کہتے ہیں امام دارقطنی تدلیس کرتے وقت ایک مخفی طریقہ اختیار کرتے تھے جو حدیث اپنے شیخ بغوی سے نہیں سنی ہوتی تھی اسے یوں بیان کرتے "قرئ علی ابی القاسم البغوی حدثکم فلان یعنی امام بغوی کے سامنے پڑھی گئی اور ان سے پوچھا گیا کیا آپ کو فلاں شخص نے یہ حدیث بیان کی ہے۔ یوسف قواس کہتے ہیں ہم امام بغوی کے حلقہ درس میں شرکت کے لیے جاتے تو دارقطنی بھی جو اس وقت کم سن بچے تھے ہمارے پیچھے ہو لیتے ہاتھ میں روٹی ہوتی جس پر چٹنی رکھی ہوتی تھی۔

فصاحت و بلاغت

ابوذر حافظ کہتے ہیں میں نے سنا ہے امام دارقطنی مسلم علوی سے کتاب النسب پڑھا کرتے تھے۔ ایک دن مشہور ادیب معیطی ان سے کہنے لگے ابوالحسن! آپ تو شیر سے بھی زیادہ جری ہیں۔ آپ اس قسم کی کتاب جو شعر و ادب سے بھری ہوئی ہے پڑھتے ہیں اور اس میں کوئی اعرابی یا لفظی غلطی نہیں کرتے۔ خطیب نے ازہری سے یہ واقعہ بیان کرنے کے بعد کہا ہے مسلم علوی یہ کتاب خضر بن داؤد کے واسطہ سے زبیر سے روایت کیا کرتے تھے۔

حافظ عبدالغنی کہتے ہیں اپنے زمانہ میں حدیث کے موضوع پر سب سے بہتر بحث کرنے والے علی بن مدینی تھے ان کے بعد موسیٰ بن ہارون اور امام دارقطنی اپنے اپنے وقت میں اس موضوع کا خوب حق ادا کرتے تھے۔ رجاء بن محمد کہتے ہیں ہم امام دارقطنی کی موجودگی میں حدیث پڑھ رہے تھے۔ آپ اس وقت نماز میں مصروف تھے۔ قاری نے سند پڑھتے وقت نسیر بن ذعلوق کی بجائے بشیر بن ذعلوق کہا امام صاحب نے سبحان اللہ، قاری نے

Marfa

بُشَیر (تصغیر کے ساتھ) پڑھا امام صاحب نے سبحان اللہ کہا اب قاری نے اس کو یسیر بنا دیا یہ سُن کر امام صاحب نے یہ آیت پڑھی (ن والقلم) (یعنی یہ نام نسیر ہے اور نون سے شروع ہوتا ہے) یہ واقعہ حمزہ نے بھی ذکر کیا ہے اور اس سے ملتا جلتا دوسرا واقعہ یوں بیان کیا ہے کہ قاری نے سند میں عمرو بن سعید پڑھا آپ نے سبحان اللہ کہا یہ سن کر قاری خاموش ہو گیا اور آگے کچھ نہ پڑھ سکا۔ آپ نے پڑھا (یا شعیب) صلوتک تامرک، یعنی یہ نام شعیب ہے سعید نہیں

آپ کے متعلق خواب خطیب لکھتے ہیں مجھے ابن ماکولا نے بتایا ایک دفعہ میں نے خواب میں دیکھا جیسے میں پوچھ رہا ہوں، آخرت میں امام دارقطنی کا حال کیا ہے؟ جواب ملا ان کو جنت میں امام کہہ کر پکارا جاتا ہے۔ میں کہتا ہوں آپ نے علم الحروف (تجوید) ابن مجاہد سے سیکھا تھا اور نقاش، ابن ثوبان، احمد بن محمد دیباجی اور علی بن ذاویہ قزاز سے تجوید کے ساتھ قرآن پڑھا تھا۔ آپ نے آخر عمر میں دیگر مشاغل کے ساتھ ساتھ تجوید قرآن کے ساتھ قرآن پڑھانا بھی شروع کر دیا تھا۔

وفات ۹ ذی قعدۃ ۳۸۵ھ میں یہ نیر اعظم ہمیشہ کے لیے غروب ہو گیا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطے حضرت علی رضی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے کہا کہ میرے بعد امت تمہارے ساتھ بے وفائی کرے گی۔"

امام دارقطنی فرماتے ہیں یہ حدیث عن ابی عمران عن ابی شبل عن علی کی سند سے غریب ہے۔ اس کے بیان کرنے میں حکیم متفرد ہے۔ اس سے فطر بن خلیفہ اور اس سے علی ہمدانی متفرد ہے۔ جہاں تک ہمیں معلوم ہے محمد بن حرب کے سوا یہ حدیث کسی نے بیان نہیں کی اور ہمیں یہ حدیث صرف اپنے شیخ علی بن عبداللہ بن ہبشہ سے ملی ہے اور یہ ثقہ ہیں۔

۹۲۶ ۷۸/۱۲ امام ابن نُحّاس مصری

آپ کی کنیت ابوالعباس اور اسم گرامی احمد بن محمد بن عیسیٰ بن جراح بن نحاس ہے۔ آپ مصر کے رہنے والے راست گفتار بلند پایہ محدث تھے۔ نیسابور میں سکونت پذیر تھے۔ پہلے پہل ۳۰۵ھ میں آپ نے حدیث کا سماع کیا اور تحصیل علم کے لیے مصر، حجاز، عراق، شام، اصفہان، خراسان، جبال اور خوزستان کا سفر کیا۔ آپ کے سفروں کا حلقہ بہت وسیع تھا۔ بلند ہمت اور عمیق علم کے مالک تھے۔ آپ کی کتابیں ضائع ہو گئی تھیں اس لیے سالہا سال زبانی حدیث پڑھاتے اور لکھاتے رہے۔ آپ کے اساتذہ کا حلقہ بہت وسیع ہے ان میں سے چند قابل ذکر یہ ہیں۔

ابوالقاسم بغوی، ابوعروبہ حرانی، ابوبکر بن ابی داؤد، ابونعیم بن عدی، علی بن احمد علان مصری اور ابوالعباس دغولی۔ آپ

fat.com

امام حاکم، ابوعبدالرحمان سلمی، ابونعیم اصفہانی، ابوعثمان بحیری اور ان کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگوں نے استفادہ کیا امام حاکم فرماتے ہیں آپ کا حافظہ بہت مضبوط تھا۔ ہزاروں حدیثیں زبانی بیان کیں اور ان میں غلطی نہیں کی، مذاکرہ میں صداقت اور راست گفتاری آپ کا شعار تھا۔ ۸۵ سال عمر پاکر ۳۷۶ھ کے آخر میں انتقال کیا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میری یاد میں مصروف رہا اور مجھ سے کچھ نہ مانگا میں اپنے فضل سے جتنا سوال کرنے والوں کو دوں گا اس کو اس سے زیادہ دوں گا۔"

اس حدیث کی سند میں بکیر کوفی ہیں خود تو سچے ہیں مگر ان کے شاگرد فضل کو معلوم نہیں کرسکا کہ وہ کون ہیں۔

۹۲۷ ۷۹/۱۲ امام مُفید ابنِ زَبَر رَبَعی

آپ کی کنیت ابوسلیمان اور نام محمد بن عبداللہ بن احمد بن ربیعہ ہے دمشق کے محدث اور وہاں کے قاضی ابومحمد بن زبر کے خلف الرشید ہیں، ممتاز حافظِ حدیث اور نامور مصنف ہیں۔ ابوالقاسم بغوی، جماہر بن محمد زملکانی، محمد بن خریم محمد بن فیض غسانی، سعید بن عبدالعزیز، محمد بن ربیع جیزی، ابوبکر بن ابی داؤد، اپنے والد ابومحمد اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے علم حدیث حاصل کیا۔ آپ سے تمام رازی، عبدالغنی بن سعید، محمد اور احمد پسران عبدالرحمان بن ابی نصر، محمد بن عوف مزنی، ابونصر بن جبان اور ان کے علاوہ دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ خود فرماتے ہیں امام ابوجعفر طحاوی نے میری چند کتابیں اپنے پاس رکھیں، ان کا مطالعہ کیا اور پسند فرمایا مجھ سے کہا اے ابوسلیمان! آپ لوگ عطار ہیں اور ہم طبیب ہیں۔ کتانی کہتے ہیں ہمیں آپ سے متعدد شیوخ نے حدیث بیان کی ہے۔ جامع مسجد میں حدیث املا کرایا کرتے تھے ثقہ، مامون اور نبیل تھے۔ آپ نے جمادی اولیٰ ۳۷۹ھ میں انتقال فرمایا۔ میں کہتا ہوں ان کی ایک تصنیف کتاب الوفیات مشہور ہے اس میں سن وار مواد جمع کیا ہے۔ ابوبکر جبان ان کے متعلق بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حق تعالیٰ کو خواب میں دیکھا ہے بتاتے تھے میں نے نور دیکھا ہے۔

t.com

تیرھواں طبقہ

اس میں میں نے ستر حفاظ کا ذکر کیا ہے اور اس طبقہ کو میں نے دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے پہلا حصہ اڑتالیس حفاظ کے تراجم پر مشتمل ہے اور دوسرا حصہ پچیس حفاظ کے تراجم پر۔

۹۲۸ ۱/۱۳ امام ابوزرعہ کشی

آپ کا اسم گرامی محمد بن یوسف بن جنید ہے جرجان کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ جرجان سے دس دور ایک بستی کش کی طرف انتساب کی وجہ سے کشی کہلاتے ہیں۔ آپ نے ابونعیم بن عدی، ابوالعباس دغولی، علی بن عبدان، عبدالرحمان بن ابی حاتم اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ اور تحصیل علم کے لیے خراسان، عراق و حرمین شریفین کا سفر کیا۔ ان سے ابوالعلاء، محمد بن علی واسطی، ابوالقاسم ازہری اور عبدالعزیز ازجی وغیرہ مستفید ہوئے۔ حافظ حمزہ بن یوسف کہتے ہیں امام ابوزرعہ نے احکام و مسائل اور مشائخ کے حالات پر کتابیں تصنیف کی ہیں آپ بڑے سمجھدار اور حافظ حدیث تھے۔ بصرہ میں ہمیں حدیث املا کرایا کرتے تھے پھر مکہ معظمہ میں قیامت اختیار کرلی اور مکہ میں ہی ۳۶۰ھ میں انتقال فرمایا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات جنگوں میں شریک ہوئے اور ان میں جو دانڈی کھاتے تھے"۔

یہ حدیث غریب ہے سفیان ثوری کی مشہور حدیث ابویعفور عن ابن ابی اوفی کے واسطہ سے بے واسطہ روایت سے ان کی حدیث غریب ہے۔ مجھے دوسری سند سے شعبہ عن ابی یعفور سے یہ حدیث ملی ہے کہ انہوں نے ابن ابی اوفی سے سنا فرماتے تھے:

"ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سات جنگوں میں جو دانڈی کھاتے رہے"۔

۹۲۹ ۲/۱۳ امام ابوزرعہ یمنی

آپ کا نام محمد بن ابراہیم بن عبداللہ ہے استرآباد کے رہنے والے مشہور حافظ حدیث ہیں دیر تک یمن میں سکونت رکھنے کی وجہ سے یمنی کہلاتے ہیں

اساتذہ آپ نے امام اسحاق بن راہویہ کے تلمیذ خاص قاری علی بن حسین بن حدان، ابوالعباس سراج، ابوعروبہ

Marfat.com

حرانی، ابوالقاسم ابن بنتِ منیع اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ اور دور دراز ممالک کا سفر کرنے کے بعد علم کا بہت عمدہ ذخیرہ جمع کیا۔ آپ سے فیض یاب ہونے والوں میں ابوسعد ادریسی، حمزہ سہمی اور دوسری ایک جماعت قابلِ ذکر ہے۔

آپ ۳۶۰ھ تک بقیدِ حیات تھے۔ آپ پچھلے طبقہ کے رجال سے تعلق رکھتے ہیں امام اسماعیلی کے ساتھ ان کا تذکرہ ہونا چاہیئے تھا۔ لیکن کشی کے ساتھ کنیت میں موافقت کی وجہ سے میں نے ان کو یہاں ذکر کیا ہے مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے ابوالعباس سراج کی یہ حدیث پہنچی ہے فرماتے ہیں:

"میں نے قتیبہ سے پوچھا کہ آپ کو امام مالک نے نافع کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث بتائی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے سے ستائیس گنا زیادہ افضل ہے"

انہوں نے اقرار کیا اور کہا ہاں۔

۹۳۰ ۳/۱/۱۳ امام ابوزُرعہ رازی صغیر

آپ کا نام احمد بن حسین بن علی بن ابراہیم ہے آپ علمائے حدیث میں سے ہیں اور عالی سند کیلئے سفر کرنے والے مشتاقانِ علم میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ کے مشائخ میں حسب ذیل علماء قابلِ ذکر ہیں۔

ابوعبداللہ محاملی، عبدالرحمان بن ابی حاتم، محمد بن مخلد، ابوحامد بن بلال، علی بن احمد فارسی نزیل بلخ، امام بخاری عبداللہ بن محمد بن یعقوب، ابوالعباس اصم، ابوالفوارس سندھی مصری اور تمام کے والد ابوالحسین بن محمد بن عبداللہ رازی اور ان کے علاوہ بھی بہت سے لوگوں سے استفادہ کیا۔ آپ سے مستفید ہونے والے یہ ہیں۔

تمام رازی، حسین بن محمد فلاکی، عبدالغنی بن سعید ازدی، حمزہ بن یوسف سہمی، ابوالفضل محمد بن احمد جارودی، ابوزرعہ روح بن محمد، ابوالعلاء محمد بن علی واسطی اور علی بن محسن تنوخی وغیرہ۔

مرتبہ و مقام خطیب فرماتے ہیں حافظ، متقن اور ثقہ تھے مسائل و احکام اور تراجم علماء کے مصنف ہیں ابن الحسن کہتے ہیں میں نے ان سے ان کے سالِ پیدائش کے متعلق پوچھا تو بولے میں نے ۱۴ سال کی عمر میں ۳۲۴ھ میں عراق کا پہلا سفر کیا تھا۔ میں کہتا ہوں آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ عام محدثین کی طرح ان میں منکر روایتیں درج کر دیتے ہیں۔ اور ان کی حالت بیان نہیں کرتے اور یہ انداز ایک حافظِ حدیث کی شان کے خلاف ہے حمزہ سہمی ان سے روایت حدیث کے بارہ میں اپنے اشکالات حل کراتے تھے۔ آپ نے ۳۷۵ھ میں مکہ معظمہ جاتے ہوئے راستہ میں انتقال فرمایا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے واسطہ ابوالفضل کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

t.com

"مجھ سے ہشام بن عروہ نے پوچھا تم نبیذ پیتے ہو؟ میں نے کہا ہاں پیتا ہوں بولے نبیذ مت پیا کرو میرے والد نے مجھے حضرت عائشہ رضہ سے بیان کیا ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نشہ دینے والی چیز اوّل اور آخر میں حرام ہے۔"

اس کے ایک راوی ابوالفضل مجہول ہیں۔

۹۳۱ ۴/۱/۱۳ قاضی ابوزرعہ رازی اصغر

آپ کا نام روح بن محمد ہے اور آپ مشہور محدث ابوبکر ابن السنی کے نواسے ہیں اور ان کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ ابوالحسین صفار، جعفر بن عبداللہ فناکی، ابن فارس لغوی، ابوزرعہ احمد بن حسین مذکور، اسحاق بن سعد نسوی، حسینک تمیمی، ابوحامد احمد بن حسین مروزی، اور دوسرے بہت سے علماء سے حدیث کا سماع کیا خطیب فرماتے ہیں آپ بغداد میں آئے اور حدیث کا درس دیتے رہے۔ میں نے ان سے کرج میں بھی حدیث لکھی تھی۔ راست گو، سمجھدار اور ادیب تھے مذہباً شافعی تھے مجھے اطلاع ملی ہے کہ ان کی موت ۴۲۳ھ میں کرج میں واقع ہوئی تھی۔ میں کہتا ہوں میں نے ان کو استطراداً یہاں ذکر کر دیا ہے ورنہ یہ اس طبقہ سے تعلق نہیں رکھتے۔ سلفی نے ان کے تلامذہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

۹۳۲ ۵/۱/۱۳ امام ابوزرعہ دمشقی صغیر

آپ کا نام محمد بن عبداللہ بن عبداللہ ہے۔ مشہور حافظ ابوزرعہ دمشقی کے بھتیجے کے خلف الرشید اور نامور محدث ہیں۔ حسین بن محمد بن جمعہ، ابراہیم بن دحیم اور ایک دوسری جماعت سے علم حدیث حاصل کیا اور ان سے تمام [illegible] علی بن مہنا روایت کرتے ہیں۔ ۳۶۰ھ سے پہلے فوت ہوئے ان کا ذکر بھی استطراداً ہوا ہے۔

۹۳۳ ۶/۱/۱۳ امام ابوزرعہ عیشی

آپ کا نام احمد بن بندار بن محمد بن مران ہے۔ استرآباد کے قاضی اور نامور فقیہ تھے۔ ابوسعد ادریسی کہتے ہیں انہوں نے اردبیل میں حافظ حفص بن عمر ملقب بہ رملہ سے حدیث کا سماع کیا اور بغداد میں ابن ابی ہریرہ سے فقہ کی تحصیل کی [illegible] میں وفات پائی۔

۹۳۴ ۷/۱/۱۳ امام محمد بن حارث بن اسد خشنی قیروانی مغربی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے۔ قیروان کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ ذیل نے آئمہ فن سے اکتساب فیض کیا۔

Marfat.c

احمد بن نصر، احمد بن زیاد، قاسم بن اصبغ اندلسی، اور احمد بن عبادہ۔ اندلس کے شہر قرطبہ میں ہمیشہ کے لیے سکونت اختیار کر لی، اور وہاں کے والی حکم بن عبدالرحمان مستنصر کے مقرب بن گئے۔ اس کے لیے مندرجہ ذیل کتابیں تصنیف کیں۔

کتاب الاتفاق والاختلاف، فی مذہب مالک۔ کتاب الفتیا، کتاب تاریخ الاندلس، کتاب تاریخ الافریقین، اور کتاب النسب۔ ابوالولید بن الفرضی کہتے ہیں انہوں نے مستنصر کے لیے سو دیوان تصنیف کیے۔ بڑے بلیغ شاعر تھے مگر کلام میں لحن پایا جاتا تھا۔ کیمیا کے دلدادہ تھے۔ حکم کی وفات کے بعد ان کی حالت دگرگوں ہوگئی تھی۔ آخر دکان کھولی اور تیل بیچ کر گزارہ کیا کرتے تھے۔ ان سے ابن جویل اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا۔ آپ نے صفر ۳۶۱ھ میں انتقال فرمایا۔ کتاب میں اس طرح لکھا ہے مگر یہ غلط ہے کیونکہ مستنصر اس کے بعد تک زندہ رہا ہے غالباً صحیح ۳۷۱ھ ہے۔

۹۳۵ ۸/۱/۱۳ امام ابن السقاء اسفرائینی

آپ کی کنیت ابو علی اور اسم گرامی محمد بن علی بن حسین ہے۔ حافظ ابوعوانہ کے شاگرد رشید اور اسفرائن کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ سن رشد کے پہنچنے کے بعد گھر سے نکل کھڑے ہوئے اور ابوعروبہ حرانی، محمد بن زبان مصری، یحیٰی بن صاعد، ابوالحسن بن جوصا، علی بن عبداللہ بن مبشر واسطی، اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ فقیہ، واعظ، صالح اور متدین تھے شافعی مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ امام بیہقی کے شیخ علی بن محمد سقاء کے والد ہیں۔ ان سے امام حاکم، ابوسعید محمد بن احمد مروزی کرابیسی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ان کے صاحبزادے نے بھی ان سے استفادہ کیا ہے۔ کثرت حدیث اور کثرت اسفار کے ساتھ مشہور تھے۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں عمر کا بیشتر حصہ صالحین کی صحبت میں بسر کیا۔ جہاں گرد حفاظ میں شمار ہوتے تھے۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت نافع کی یہ روایت ملی ہے:

"حضرت عبداللہ بن عمر نے دیکھا کہ ایک شخص نے دوسرے کو پھول دیا ہے جس کو اس نے رد کر دیا ہے حضرت عبداللہ نے اس سے وہ پھول لے کر سونگھا اور اپنی آنکھوں پر رکھا۔ پھر فرمایا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ یہ خوشبودار پھول جنت کی نباتات سے ہیں۔ جب تم میں سے کسی کو ملے تو اسے رد نہ کرے۔"

یہ حدیث منکر ہے اور اس کا ایک راوی قشیری ہالک ہے۔ میں کہتا ہوں ان کے ہمنام ایک دوسرے جہاں گرد حافظ حدیث محمد بن حسین بلخی اسی طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں وہ محمد بن معافی صدراوی اور دوسرے علماء سے روایت کرتے ہیں اور ان سے محمد بن احمد جارودی نے علم حدیث حاصل کیا ہے۔ ابن سقاء کا ۳۷۲ھ میں انتقال ہوا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

****

۹۳۶ ۹/۱/۱۳ امام یحییٰ بن مالک بن عائذ اندلسی

آپ کی کنیت ابوزکریا ہے اندلس کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث گذرے ہیں۔ اپنے ملک میں عبداللہ بن یونس فیری، ابوعمر بن عبدربہ قرطبی اور دوسرے لوگوں سے سماع کرنے کے بعد رخت سفر باندھا اور مختلف ممالک میں جاکر ابوسہل بن زیاد قطان، دعلج بن احمد، ابن قانع، اور اس طبقہ کے دوسرے آئمہ سے اکتساب فیض کیا۔ فراغت کے بعد جامع مسجد قرطبہ میں تدریس حدیث کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیا۔ آپ کے شیخ حسن بن رشیق کے علاوہ یحییٰ بن علی طحان، احمد بن احمد بن قاسم بن محاملی، ابوالولید بن فرضی اور دوسرے لوگوں نے آپ سے علم حدیث حاصل کیا۔

تنوخی اپنی کتاب نشوار میں لکھتے ہیں میں ایک دفعہ مشہور عالم کتاب الاغانی کے مصنف ابوالفرج اصفہانی کی مجلس میں حاضر تھا وہ کہنے لگے ہم نے آج تک نہیں سنا کہ کوئی شخص منبر پر خطبہ دیتے ہوئے اچانک مر گیا ہو یہ سن کر ابوالفرج کی مجلس میں حاضر رہنے والے ایک اندلسی بزرگ یحییٰ بن عائذ بولے میں نے اپنے شہر کی جامع مسجد کے خطیب کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ وہ خطبہ دینے کے لیے منبر پر چڑھے ابھی چند ہی الفاظ کہے تھے کہ مر کر منبر پر گر پڑے ان کے جسم کو منبر سے اتارا گیا۔ اور خطبہ دینے کے لیے کسی دوسرے شخص کی خدمات حاصل کی گئیں۔ ابواسحاق حبال کہتے ہیں ابن عائذ نے اندلس میں شعبان ۳۷۶ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۹۳۷ ۱۰/۱/۱۳ امام ابن ینال عکبری

آپ کی کنیت اور نام ابوالحسن بن علی بن محمد بن ینال ہے عکبرہ کے رہنے والے نامور حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے [illegible] ہونے کے بعد علم حاصل کیا۔ احمد بن فضل بن خزیمہ، محمد بن جعفر عسکری اور متعدد دوسرے باکمال اہل علم سے مستفید [illegible] علی بن عبدالعزیز بن علی ازجی روایت کرتے ہیں۔ عبد بن علی اسدی کہتے ہیں۔ ابن ینال نے [illegible] سیکھا اور اللہ تعالیٰ نے ان کو علم و فہم کا حصہ وافر عطا فرمایا ۳۷۶ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

۹۳۸ ۱۱/۱/۱۳ محدث الاندلس علامہ ابن باجی اشبیلی

آپ کی کنیت ابومحمد، نام عبداللہ بن محمد بن علی بن شریعہ اور لقب ابن باجی ہے۔ اشبیلیہ کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور حجت ہیں۔

اساتذہ مندرجہ ذیل آئمہ فن سے اکتساب فیض کیا۔

محمد بن عبداللہ بن فوق، عبداللہ بن یوسف فیری ان سے مصنف ابن ابی شیبہ پڑھا، سید ابیہ زاہد، سعید بن جابر اشبیلی، محمد بن عمر بن لبابہ، اسلم بن عبدالعزیز، محمد بن فطیس، عثمان بن جریر ابیری اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے علم حاصل کیا۔

Marfat.c

ابن القرضی کہتے ہیں حافظ اور ضابط تھے میں نے ان جیسا ضبط و اتقان کسی میں نہیں دیکھا میں نے قرطبہ میں ان سے حدیث کا بہت سماع کیا۔ پھر مزید استفادہ کے لیے ۳۷۳ھ اور ۳۷۶ھ میں دو دفعہ ان کی خدمت میں حاضر ہوا ان سے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ہمسروں کی ایک جماعت نے بھی آپ سے سماع کیا ہے۔ ۸۷ سال عمر پاکر رمضان المبارک ۳۷۸ھ میں انتقال کیا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت سالم کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"کسی نے حج تمتع کے متعلق حضرت عبداللہ بن عمر سے سوال کیا انہوں نے اس کے کرنے کا حکم دیا کسی نے اعتراض کیا کہ آپ اپنے والد کے خلاف فتوے دے رہے ہیں بولے میرے والد نے وہ نہیں کیا جو لوگ کہتے ہیں" الحدیث

۹۳۹ ۱۲/۳/۱۳ الامام الجوّال ابن مسرور بلخی

آپ کی کنیت ابوالفتح، اسم گرامی عبدالواحد بن محمد بن احمد بن مسرور ہے۔ بغداد میں حسین بن محمد مطبقی اور ان کے ہمسر دمشق میں ابوبکر احمد بن سلیمان بن زبان، اور اس طبقہ کے دوسرے بہت سے لوگ اور مصر میں ابوسعید بن یونس، ابوعمر محمد بن یوسف بیکندی، اور دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ اور علم کثیر حوالۂ قرطاس کیا۔ ان سے حافظ عبدالغنی ازدی عمر بن حسنر ثمانینی، احمد بن عمر بن سعد بن قدید اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں مصر میں عرصہ دراز تک مقیم رہے آپ ذی الحجہ ۳۶۸ھ میں فوت ہوئے۔

۹۴۰ ۱۳/۱/۱۳ رئیس اعظم امام ابن ابی ذہل ضبّی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور اسم گرامی محمد بن عباس بن احمد بن عصم ہے۔ ہرات کے رہنے والے عالی قدر اور صاحبِ اتقان حافظ حدیث ہیں محمد بن معاذ مالینی، یحییٰ بن صاعد، حاتم بن محبوب، ابوعمرو بن محمد، مؤمل بن حسن ماسرجسی، عبدالرحمان بن ابی حاتم اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے علم حدیث حاصل کیا۔ بغوی کے پاس اس وقت پہنچے جب ان پر عالم نزع طاری تھا لہٰذا ان سے سماع حاصل نہیں ہوا۔ ان سے ان کے ہمسر امام دارقطنی اور ابوالحسین حجاجی جن کا ذکر گذشتہ طبقہ میں ہو چکا ہے کے علاوہ حاکم، اسحاق بن ابی اسحاق قراب اور اہل ہرات روایت کرتے ہیں۔

جلالت و وجاہت آپ ہرات کے نامی گرامی اور امیر کبیر رئیس اعظم تھے۔ محدثین اور صلحاء پر بڑی فیاضی سے مال خرچ کرتے تھے۔ امام حاکم فرماتے ہیں میں سفر و حضر میں آپ کے ہمرکاب رہا ہوں میں ان سے اچھا وضو کرنے اور بہتر نماز پڑھنے والا کوئی نہیں دیکھا اور نہ اپنے مشائخ میں، ان سے بڑھ کر انتہائی عجز و انکسار اور خشوع و خضوع کے ساتھ دعا کرتے کسی کو پایا ہے کہتے ہیں ان کی زرعی پیداوار کا عشر ایک ہزار بوری تک پہنچتا تھا۔ مجھے ابواحمد کاتب نے بتایا ہے کہ ہرات میں ان کے وظیفہ خوار کنبوں کی تعداد پانچ ہزار

سے زیادہ رجسٹر میں درج تھی آپ کو بڑے بڑے عہدے پیش کئے گئے مگر آپ نے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

علمی مرتبہ ابو نصر فامی کہتے ہیں آپ نے صحیح مسلم پر ایک مستخرج صحیح تصنیف کی ہے اور بغداد میں رہ کر فقہ حدیث کی تحصیل کی ہے۔ ہرات میں جس قدر سیادت و جلالت آپ کو حاصل ہوئی کسی رئیس کو حاصل نہیں ہوئی خطیب فرماتے ہیں ثقہ، وجیہ اور گرامی قدر تھے برقانی فرماتے ہیں کہ آپ کے کروفر اور جاہ و جلال کی وجہ سے ہرات کا بادشاہ آپ کے زیر اثر تھا۔

وفات حکم کہتے ہیں ۲۹۴ھ میں پیدا ہوئے اور صفر ۳۷۸ھ میں جام شہادت نوش فرمایا۔ ان کی خدمت میں حاضر رہنے والے کسی شخص نے بتایا ہے کہ آپ غسل کرنے کے لیے حمام میں داخل ہوئے باہر آئے تو آپ کو پہننے کے لیے زہر آلود قمیص دی گئی۔ جس سے آپ کا تمام بدن پھول گیا اور اس کے نتیجہ میں آپ کی شہادت واقع ہو گئی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

خطیب فرماتے ہیں ۳۰۷ھ میں آپ نے حدیث کا سماع شروع کیا مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطے سے حضرت بریدہ کی یہ روایت ملی ہے کہ:

ایک دفعہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رض کو ایک لشکر دے کر جنگ کرنے کے لیے بھیجا تو سفر کے حالات اور جنگی واقعات قلمبند کرنے کے لیے ایک کاتب بھی ساتھ کیا۔

یہ حدیث غریب اور فرد ہے۔

۹۴۱ ۱۴/۱۳ قاضی امام ابن مفرج قرطبی اندلسی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ نام محمد بن احمد بن محمد بن مفرج ہے بنو امیہ سے نسبت [illegible] ہیں، قرطبہ کے رہنے والے نامور حافظ حدیث ہیں۔ ابو بکر بھی آپ کی کنیت ہے اور قرطبہ کی ایک بستی [illegible] کی طرف نسبت کی بنا پر ابن الفنتوری کے لقب سے بھی مشہور ہیں۔ مکہ میں ابو سعید ابن الاعرابی، قرطبہ میں قاسم بن اصبغ، طرابلس میں خیثمہ بن سلیمان، مصر میں محمد بن سموت اور دمشق میں ابو المیمون بن راشد سے حدیث کا سماع کیا علاوہ ازیں مدینہ منورہ، جدہ، صنعاء، زبید اور بیت المقدس میں بھی اس طبقہ کے علماء کے خرمن علم سے خوشہ چینی کی آپ کے اساتذہ کی فہرست ۲۳۰ نفوس پر مشتمل ہے۔ آپ سے آپ کے شیخ حافظ ابو سعید بن یونس، ابو الولید بن الفرضی، ابراہیم بن شاکر، عبداللہ بن ربیع تمیمی، ابو عمر احمد بن محمد طلمنکی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام ابن الفرضی اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں، ابن مفرج کے شاہ اندلس کے ساتھ کیسے مراسم تھے [illegible] بہت احترام کرتا تھا۔ آپ نے اس کے لیے متعدد کتابیں تصنیف کیں اور اس نے آپ [illegible]

fat.com

قضا پر فائز کر دیا۔ آپ بلند پایہ حافظِ حدیث تھے اور رجال کے متعلق وسیع علم رکھتے تھے۔ ابو عمرا احمد بن محمد بن عفیف کہتے ہیں۔ آپ کو علم سے گہرا لگاؤ تھا اور فنِ حدیث کے بہت بڑے حافظ تھے۔ میں نے اس فن میں آپ کے پایہ کا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ قابلِ اعتماد اور عمدہ ضبط والے محدثین میں شمار ہوتے تھے۔ حمیدی لکھتے منصبِ قضا پر فائز تھے۔ کنیت ابو عبداللہ یا ابو بکر ہے۔ جلیل القدر حافظِ حدیث اور فنِ فقہ بالخصوص فقہ تابعین میں متعدد کتابوں کے مصنف ہیں فقہ حسن بصری پر سات جلدوں اور فقہ زہری پر متعدد اجزاء پر مشتمل کتابیں لکھیں۔ نیز مسند قاسم بن اصبغ کی کئی جلدیں تیار کیں۔

وفات ابن الفرضی لکھتے ہیں ۶۶ سال کی عمر میں رجب ۳۸۰ھ میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے امام اوزاعی کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"مجھے ایک دانشور نے بتایا ہے کہ میں رباط کی نیت سے گھر سے نکلا جب مقام عرش پر پہنچا تو ایک خیمہ میں ایسے شخص پر نظر پڑی جس کے ہاتھ پاؤں بھی نہیں تھے اور آنکھوں سے بھی نابینا تھا اس پر بھی وہ اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کر رہا تھا:

"اللھم انی احمدک حمداً یوافی محامد خلقک اذا فضلتنی علی کثیر من خلقک تفضیلا"

الٰہی! تمام مخلوق کے شکر کے برابر میں تیرا شکر ادا کرتا ہوں کیونکہ تو نے مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت بخشی ہے اس کے بعد ایک طویل قصہ بیان کیا۔

یہاں ان کی بجائے عبداللہ بن ابراہیم اصیلی کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث درج ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کے ساتھ عمرہ کا فائدہ اٹھایا (یعنی حج قران کیا) اور ذوالحلیفہ سے قربانی اپنے ساتھ لے گئے" الحدیث [1]

۹۴۲ ۱۵/۱/۱۳ امام احمد بن منصور بن ثابت شیرازی

آپ کی کنیت ابو العباس ہے، شیراز کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور نامور جہاں گرد عالم ہیں۔ آپ نے عبداللہ بن جعفر بن فارس اصفہانی، قاسم بن قاسم سیاری، طبرانی، ابو محمد رامہرمزی اور متعدد دوسرے شیوخ سے اکتسابِ فیض کیا۔ اور آپ سے ابو نصر اسماعیلی، تمام رازی، ابو عبداللہ حاکم اور دوسرے چند محدثین روایت کرتے ہیں۔ امام حاکم فرماتے ہیں جتنی احادیث آپ نے جمع کیں کسی نے نہیں کیں، آپ کو شیراز میں وہ قبولِ عام نصیب ہوا جو علماء میں مذہب الشل تھا۔ امام دارقطنی فرماتے ہیں جب میں مصر تھا اس شیرازی نے وہاں کے مشائخ کو چند ایسی احادیث سے

---

[1] یہی سند اور یہی حدیث آگے امام اصیلی کے حالات میں بھی آ رہی ہے اور اس کا اصلی مقام وہی ہے ۱۲ محشی

t.com

روشناس کرایا جو ان کے پاس نہیں تھیں لیکن حافظ یحییٰ بن مندہ کہتے ہیں یہ کام ایک دوسرے محدث نے کیا ہے اس کا نام بھی احمد بن منصور ہے۔ دونوں بھائی ہیں اور ہمنام ہونے کی وجہ سے امام دارقطنی سے غلطی ہوئی ہے۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ میں نے امام طبرانی سے تین ہزار احادیث لکھی ہیں۔

حسین بن احمد شیرازی کا بیان ہے جب حافظ احمد بن منصور کا انتقال ہوا ایک آدمی نے اپنے والد سے کہتے سنا میں نے ان کو خواب میں دیکھا ہے شیراز کی جامع مسجد کے محراب میں کھڑے ہیں بہتی حلہ زیب تن کئے ہوئے ہیں سر سے مرصع تاج سر پر چمک رہا ہے۔ میں نے پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ سے کیا سلوک کیا ہے جواب دیا معاف کر دیا ہے میری تعظیم و تکریم کی ہے اور جنت میں داخل کر دیا ہے میں نے پوچھا کس وجہ سے جواب دیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت درود پڑھنے کی بنا پر۔ آپ نے ۳۱۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ مجھے اپنی سند سے ان کے ذریعے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حج اور عمرہ دونوں کے لیے ایک ساتھ لبیک پکارتے تھے"

ان کے ایک ہمنام حافظ احمد بن منصور طوسی کا امام طبرانی کے ساتھ پڑھنے کا ذکر ہے۔

۹۴۳ ۱۶/۱۳ امام علامہ معافی بن زکریا بن یحییٰ بن حمید نہروانی

آپ کی کنیت ابوالفرج اور نہروانی نسبت ہے آپ نہروان کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور مفسر و متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ علامہ ابن جریر طبری کے شاگرد رشید تھے آپ نے بکثرت ابن ابی دؤاد ابن سماعہ ابوحامد حضرمی، ابوسعید عدوی، حبابی اور دوسرے جلیل القدر لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ ابن شنبوذ اور دوسرے قاریوں سے علم القراءۃ حاصل کیا۔ اور ان سے احمد بن سرور، خبازی، ابوشعیب حرانی، ابوالحسن [illegible] اور ابوالقاسم ازہری، ابوالطیب طبری، احمد بن محمد بن عبدوس، ابوعلی محمد بن [illegible] نے علم حدیث حاصل کیا۔

خطیب فرماتے ہیں یہ اپنے وقت میں نحو، لغت [illegible] سے بڑے عالم تھے۔ باب الطاق میں منصب قضاء پر فائز تھے اور ابن جریر طبری کے مذہب سے تعلق رکھتے تھے۔ بغداد ہی میں فتویٰ دیا کرتے تھے جہاں قاضی ابوالفرج موجود تھے وہاں سارے علم کو یہیں خطیب نے ابوالفرج سے نقل کرتے ہیں اور کوئی شخص شملہ مال کی وجہیت سب سے بڑے عالم نے بتلائے کہا ہے تو وہ ابوالفرج معافی کو دیکھا لایق ہے خطیب فرماتے ہیں میں نے امام برقانی سے معافی کے متعلق پوچھا تو فرمایا قابل اعتماد اور سب سے بڑے عالم ہیں لیکن میں نے ان سے سماع نہیں کیا۔ کہتے ہیں معافی مقبول الحال اور ثقہ تھے۔ میرے دل میں آتا ہے میں نے معافی سے بالمشافہ تحریر پڑھی ہے کہ میں ایک دفعہ حج کرنے کے لیے آیا میں نے منیٰ میں سنا ایک آدمی ابوالفرج کہہ کر پکار رہا ہے میں نے سوچا شاید مجھے بلا رہا ہے پھر بولا ابوالفرج معافی بن زکریا ہیں جواب دیتے ہیں والا مقام کہ وہ بولا اے الفرج معافی بن

زکریا نہروانی! اب تو کوئی شبہ نہ رہا اور میں نے فوراً کہا جناب! میں حاضر ہوں وہ مجھے دیکھ کر بولا شاید آپ مشرقی نہروان کے رہنے والے ہیں میں نے کہا جی ہاں! کہنے لگا معاف کیجئے ہماری مراد مغربی نہروان ہے۔ میں اس عجیب اتفاق سے حیرت زدہ رہ گیا۔ میں کہتا ہوں معافی نے چھ جلدیں ایک بہت بڑی تفسیر لکھی ہے جو فوائد نفیسہ اور نکات بدیعہ پر مشتمل ہے ان کی ایک تصنیف کتاب الجلیس والانیس ہے جو حکایات کا مجموعہ ہے۔ نہروانی ۸۵ سال عمر پا کر ذی الحجہ سنہ ۳۰۰ھ میں فوت ہوئے رحمہ اللہ تعالیٰ۔ اس سال مندرجہ ذیل علماء نے دنیا سے رحلت فرمائی۔

مسند بغداد ابو حفص عمر بن ابراہیم کتانی مقری ۹۰ سال عمر پائی، مسند اندلس ابو محمد عبداللہ بن محمد بن عبدالمومن تجیبی قرطبی انہوں نے بغداد میں اسماعیل صفار سے استفادہ کیا ہے، مسند ابوالحسن محمد بن عبداللہ بن اخی میمی دقاق نے بغداد میں انتقال کیا اور مسند مصر شیخ محمد بن جعفر بن رمیل، مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ میں ایک گھڑی ہے جس میں ایماندار بندہ اللہ تعالیٰ سے جو دعا کرے اللہ تعالیٰ اسے قبول فرماتا ہے"

۹۴۴ ۱۷/۱۳ امام مُفید رَقی

آپ کی کنیت ابوبکر نام محمد بن یوسف بن یعقوب ہے۔ رقہ شہر کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور [illegible] مورخ ہیں آپ کی ایک کنیت ابوعبداللہ بھی ہے۔ آپ نے مکہ میں ابوسعید بن الاعرابی، واسط میں عبداللہ بن عمر بن شوذب شام میں نعیمہ طرابلسی، بغداد میں اسماعیل صفار، اصفہان میں ابو محمد بن فارس اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا ابن جمیع نے جو خود بڑے ہیں آپ سے اپنی معجم میں احادیث بیان کی ہیں۔ ان کے علاوہ احمد بن حسن طیان، حافظ عبدالغنی بن سعید، ابوالعلاء واسطی، عبدالعزیز ازجی، محمد بن عبدالرحمان بن ابی نصر تمیمی اور دوسرے لوگ بھی فیض یاب ہوئے ہیں۔

خطیب نے ان پر ایک حدیث وضع کرنے کا الزام لگایا ہے جو یہ طبرانی سے صحیح سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں اس کا متن یوں ہے یجئ المحدثون یوم القیامۃ بایدیہم المحابر الحدیث اور کہا ہے کہ اس کی وضع کی ذمہ داری رقی پر ہے۔ میں کہتا ہوں یہ حدیث ابوالمحاسن رویانی نے امام طبرانی سے اس سند کے ساتھ روایت کی ہے:

"نا ابو محمد عبداللہ بن جعفر الخیاری الحافظ نا ابوبکر بصیدا، نا الطبرانی نا اسحاق نا عبدالرزاق نا معمر عن قتادہ عن انس مرفوعاً (گویا رقی پر وضع کا الزام صحیح نہیں)"

رقی نے سنہ ۳۸۲ھ میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت مفضل بن ابی طالب کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"انہوں نے بنو جشم کی ایک عورت سے شادی کی کسی نے ان کو بالرفاء والبنین کہہ کر ہدیۂ تبریک پیش

کیا ہوے یوں نہ کہو اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اور حکم دیا ہے کہ بارک اللہ لک و بارک علیک کہا کرو۔

عبدالغنی کہتے ہیں اس سند کے راوی ابوسعید بصری کا نام حسن بن دینار ہے اور بعض نے یزید بن ابراہیم کہا ہے

۹۴۵ ۱۸/۱۳ امام جوزقی شیبانی معدّل

آپ کی کنیت ابوبکر نام محمد بن عبداللہ بن محمد بن زکریا۔ لقب محدث نیسابور ہے آپ کتاب نے زمانہ حافظ حدیث و ایک صحیح کے مصنف ہیں جو دراصل صحیح مسلم کی تخریج ہے۔ آپ مشہور محدث ابواسحاق ابراہیم بن محمد نرسی کے بھانجے ہیں۔ آپ ابوالعباس سراج سے چند احادیث روایت کرتے ہیں ان کے علاوہ ابونعیم بن عدی جرجانی، ابوالعباس دغولی مکی بن عبدان، ابوحامد بن شرقی، ابوسعید ابن الاعرابی، اسماعیل صفار، ابوحاتم وسقندی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے علم حدیث حاصل کیا۔ اپنے تامل کے ساتھ مختلف ممالک کا سفر کیا علم میں کمال اور برتری حاصل کی اور بہت سی تصنیفات اپنی یادگار میں چھوڑ گئے امام حاکم فرماتے ہیں میں نے بیس اجزاء پر مشتمل ان کے فوائد کا انتخاب کیا ہے بعد میں پتہ چلا کہ ان کو سراج سے سماع حاصل ہے۔

ان سے امام حاکم، ابوسعید کنجرودی، ابوعثمان سعید بن محمد بحیری، محمد بن علی خشاب، سعید بن ابوسعید عیار، احمد بن منصور بن خلف مغربی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ جوزقی نسبۃ نیسابور میں ایک بستی ہے جس کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے آپ جوزقی کہلاتے ہیں۔ آپ کی تصنیفات میں ایک کا نام کتاب المتفق والمفترق ہے اور ایک دوسری تصنیف کتاب المتفق الکبیر" تین سو اجزاء پر مشتمل ہے جو ان سے ابوعثمان اسماعیل بن عبدالرحمان صابونی روایت کرتے ہیں۔ ابوبکر جوزقی خود بیان کرتے ہیں۔ میں نے تحصیل حدیث میں ایک لاکھ درہم صرف کیے ہیں اور اس کے [illegible] ایک درہم بھی نہیں کمایا۔ میں کہتا ہوں ہمیں ان کی چالیس احادیث کا عالی سند کے ساتھ سماع حاصل ہوا ہے۔ حاکم فرماتے ہیں آپ نے ۷۰ سال کی عمر پاکر شوال ۳۸۸ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے:

"جس مسلمان کے تین بچے فوت ہو جائیں [illegible] اس حد تک آگ چھونے کی جس سے اللہ تعالیٰ کی قسم پوری ہو جائے"

۹۴۶ ۱۹/۱۳ امام ابن الفرات بغدادی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام محمد بن عباس بن احمد بن محمد بن فرات ہے بغداد کے رہنے والے باکمال حافظ حدیث ہیں۔ ابوعبداللہ محاملی، محمد بن مخلد، ابن الجنید ی اور اس طبقہ کے دوسرے آئمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ علم کثیر سے دامن بھرا اور اس کو بڑے عمدہ طریقہ سے جمع اور ضبط کیا خطیب کہتے ہیں ان کے پاس [illegible] علی بن محمد

Marfat.com

واعظ مصری سے حاصل کردہ علم کے ایک ہزار جزر تھے۔ نیز انہوں نے ایک سو تفسیریں اور ایک سو تاریخ کی کتابیں لکھیں۔ ان سے احمد بن علی بادی، محمد بن عبدالواحد بن رزمہ، ابو اسحاق ابراہیم بن عمر مکی اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

ازہری کہتے ہیں ابن فرات کتابوں سے بھرے ہوئے اٹھارہ صندوق چھوڑ گئے ان میں سے اکثر کتابیں ان کے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی تھیں۔ کہتے ہیں ان کی کتاب صحت نقل اور بہترین ضبط ہیں، حجت مانی جاتی تھی آپ وفات تک سماع حدیث میں مصروف رہے۔ عتیقی کہتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں میں نے ان سے اچھی حدیث پڑھنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ ساٹھ سال سے چند سال زیادہ عمر پاکر شوال ۳۸۴ھ میں انتقال فرمایا۔ حافظ ابوبکر احمد بن علی بن ثابت فرماتے ہیں ابوالحسن ضبط میں کامل اور نقل میں حجت ہیں۔

۹۴۷ ۲۰/۱/۱۳ امام احمد بن ابی اللیث نصر بن محمد نصیبی مصری

ان کی کنیت ابوالعباس ہے، مصر کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ میں ان کو نہیں جانتا البتہ امام حاکم فرماتے ہیں یہ نیسابور آئے تھے حفظ میں بے نظیر تھے۔ ان کے مذاکرہ کو جادو سے تعبیر کیا جاتا تھا خشک اور سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ صلحاء کی ہمنشینی کے دلدادہ تھے۔ شام میں ابو ہاشم کتانی اور احمد بن عبدالرحیم قیسرانی سے، بغداد میں ابو عبداللہ حلیمی اور ابو علی صفار سے، نیسابور میں محمد بن یعقوب اصم سے اور مصر میں یونس بن عبدالاعلیٰ کے تلامذہ سے حدیث کا سماع کیا۔

آپ نے ۳۸۶ھ میں وفات پائی۔ آپ نے ماوراء النہر کے علاقہ میں سکونت اختیار کی۔ شعر و سخن اور ادبیات سے شغف رکھتے تھے۔ بعض سرکاری عہدوں پر بھی فائز رہے سالہا سال کے بعد میری ان سے یہیں دوبارہ ملاقات ہوئی اور ان کا حافظہ جوں کا توں دیکھ کر مجھے بڑا تعجب ہوا۔ امام حاکم اور دوسرے لوگ ان سے روایت کرتے ہیں۔

۹۴۸ ۲۱/۱/۱۳ امام طوسی عطار

آپ کی کنیت ابوالفضل اور نام نصر بن محمد بن احمد بن یعقوب ہے۔ مشہور محدث ابونصر طوسی کے خلف الرشید ہیں۔ ۳۱۰ھ کے قریب پیدا ہوئے۔ ابو محمد عبداللہ بن محمد بن شرقی، ابو حامد بن بلال، ابوبکر محمد بن حسین قطان، محمد بن مخلد عطار، ابو عبداللہ محاملی، ابوالعباس بن عقدہ اور اس طبقہ کے دوسرے علماء کے علاوہ دمشق میں ابو علی بن حبیب حصائری اور ابن زبان کندی سے، مکہ میں ابو سعید بن الاعرابی سے، مصر میں محمد بن وردان عامری سے اور رملہ میں ربیع بن سلامہ سے بھی استفادہ کیا، نیز مکہ، منبج اور حران کے سوا دوسرے مقامات کے چشمہ ہائے علم سے بھی سیرابی حاصل کی۔ آپ سے امام حاکم، ابو عبدالرحمان سلمی، ابو نعیم، ابو سعید کنجرودی اور دوسرے علماء روایت کرتے ہیں۔ امام حاکم فرماتے ہیں خراسان میں ارکان حدیث میں شمار ہوتے تھے دیانتداری، زہد اور جود و سخا میں نمونۂ سلف تھے، اور اہل حدیث کے پُرجوش حامی

اور ناصر تھے۔ تحصیلِ علم کے لیے پہلے پہل مرو میں لیث بن محمد کی طرف سفر کیا۔ علم و فضل میں اتنے اونچے مقام پر تھے کہ جب فوت ہوئے تو پورے طابران میں ان کے مقابلہ کا کوئی آدمی نہیں تھا۔ علوم تصوف میں مہارت، مشائخ کے حالات سے آگاہی اور ان سے ملاقات اور استفادہ میں بھی خراسان میں ان کا ثانی کوئی نہیں تھا۔ میں کہتا ہوں مشہور صوفی بزرگ حضرت شبلی سے بھی شرفِ صحبت رکھتے تھے۔ آپ نے محرم ۳۸۴ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ اسی سال حسب ذیل مشاہیر نے بھی دنیا سے رحلت فرمائی۔

مشہور محدث ابو علی بن شاذان کے والد، محدث بغداد ابوبکر احمد بن ابراہیم بن حسین بن شاذان بغدادی آپ مامون اور حجت تھے، مطین کے آخری شاگرد ابو الحسن علی بن حسان جدیلی، مسجد باب الجابیہ کے امام اور مشہور مفسر علامہ ابو محمد عبداللہ بن عطیہ دمشقی، اور رویانی سے ان کی مسند روایت کرنے والے جعفر بن عبداللہ بن فناکی، مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن جنوں کے لیے بھی ثواب اور عقاب ہے ہم نے پوچھا مومن جنوں کو کیا ثواب ملے گا؟ آپ نے فرمایا وہ اعراف میں ہوں گے اور جنت میں امت محمد کے ساتھ نہیں ہوں گے۔ پھر ہم نے عرض کی اور اعراف کیا ہے؟ آپ نے فرمایا وہ جنت ہی کا ایک باغ ہوگا جس میں نہریں جاری ہوں گی اور درخت اور پھل اگے ہوں گے۔"

یہ حدیث منکر ہے۔

۹۴۹ ۲۲/۱۳ امام ابن بکیر صیرفی بغدادی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ نام حسین بن احمد بن عبداللہ بن بکیر ہے اور آپ بغداد کے رہنے والے ممتاز حافظ ہیں۔ آپ نے ابو جعفر بن بختری، اسماعیل صفار، ابو عمرو بن سماک، ابوبکر نجاد اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور آپ سے ان کے شیخ ابو حفص بن شاہین، ابو العلاء واسطی، ابو القاسم تنوخی، عبیداللہ ازہری، ابو الحسین بن مہتدی باللہ اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ ازہری کہتے ہیں میں نے ابو عبداللہ بن بکیر کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ یہ حدیث محمد بن اسماعیل وراق اور ابو الحسن دارقطنی نے مجھ سے لکھی ہے۔ یہی ازہری کہتے ہیں میں اکثر ان کی خدمت میں حاضر ہوتا تو ان کے سامنے مختلف کتابیں بکھری پڑی دیکھتا۔ مجھے فرماتے ان کتابوں میں سے اگر تم چاہو تو متن پڑھو میں اس کی سند بیان کروں گا اور اگر سند بیان کرو تو میں اس کا متن پڑھ کر سنا دوں گا۔ چنانچہ میں مختلف متن پڑھتا اور وہ زبانی ان کی صحیح صحیح سندیں بیان کر دیتے۔ ایسا بارہا ہوا ہے۔ قابل اعتماد اور ثقہ تھے لیکن بعض معاصرین نے حسد سے کام لیتے ہوئے ان میں کلام کیا ہے۔ ابن الفوارس کہتے ہیں حدیث میں تساہل سے کام لیتے تھے۔ شیوخ کی کتابوں میں بعض وہ احادیث لکھ دیتے تھے جو ان میں نہیں ہوتی تھیں۔ اسی طرح مقطوع احادیث کو موصول کر دیتے تھے۔ آپ نے ۸۱ سال کی عمر میں ربیع الآخر ۳۸۸ھ میں دنیا سے کوچ کیا۔ مجھے اپنی سند کے ساتھ ان کے واسطہ سے

fat.com

حسان بن سنان کی یہ روایت نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں:

"میں نے شہر واسط میں حضرت انس بن مالک سے ملاقات کی مجھ سے پوچھنے لگے کہاں کے رہنے والے ہو؟ میں نے کہا انبار کا رہنے والا ہوں، بولے کس لیے آئے ہو؟ میں عرض کیا حجاج کے پاس اپنے حاکم کے ظلم کی شکایت کرنے آیا ہوں یہ سن کر انہوں نے میری کمر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے تیکی کا حکم دو اور برائی سے منع کرو۔"

۹۵۰ ۱۳/۱۳ علامہ مفید امام خطابی بستی

آپ کی کنیت ابوسلیمان، نام حمد بن محمد بن ابراہیم بن خطاب ہے آپ بست کے رہنے والے نامور محدث اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں، طلب علم کے لیے دور دراز ممالک کا سفر کیا اور مکہ مکرمہ میں ابوسعید ابن الاعرابی، بغداد میں اسماعیل بن محمد صفار اور اس طبقہ کے دوسرے علماء، بلخ میں ابوبکر ابن داستہ اور نیشاپور میں ابوالعباس اصم اور اس طبقہ کے دیگر محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ان سے امام حاکم، ابوحامد اسفرائینی، ابونصر محمد بن احمد بلخی غزنوی، ابوسعود حسین بن محمد کرابیسی، ابوعمرو محمد بن عبداللہ زجاجی ابوذر عبداللہ بن احمد ہروی، ابوعبید ہروی لغوی، ابوالحسین عبدالغافر فارسی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ثعالبی نے "یتیمہ" میں ان کا نام احمد بن محمد لکھا ہے جو غلط ہے صحیح نام حمد بن محمد ہے۔

مرتبہ و مقام آپ نے نیشاپور میں عرصہ دراز تک قیام کیا اور تدریس کے علاوہ تصنیف و تالیف میں بھی مصروف رہے آپ کے قلم سے متعدد ذیل کتابیں پایۂ تکمیل کو پہنچیں۔

غریب الحدیث، کتاب معالم السنن شرح سنن ابی داؤد، کتاب شرح الاسماء الحسنیٰ، کتاب العزلہ اور کتاب الغنیۃ عن الکلام واہلہ وغیرہ۔ آپ ثقہ اور متقن تھے علم کا خزانہ تھے، بغداد میں علم لغت ابوعمر زاہد سے اور علم فقہ ابوعلی بن ابی ہریرہ اور قفال سے حاصل کیا۔ بہت عمدہ شعر کہتے تھے خود فرماتے ہیں جب ہم ابوسعید بن الاعرابی سے سنن ابی داؤد کا سماع کر رہے تھے میں نے ان سے سنا ہے فرماتے تھے اگر کسی کے پاس کتاب اللہ اور سنن ابی داؤد کے علاوہ کوئی کتاب نہ ہو تو اس کو مزید کسی علم کی قطعاً ضرورت نہیں رہتی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایمان نے کسی کو بے خبری میں قتل کرنے سے روک دیا ہے لہٰذا کوئی مومن کسی کو بے خبری میں قتل نہ کرے۔"

قراب کہتے ہیں امام خطابی نے بست میں ربیع الآخر ۳۸۸ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ اس سال درج ذیل علماء نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی۔

حافظ ابوعوانہ اسفرائینی کے پوتے امام ابونصر شافع بن محمد بڑے پایہ کے محدث تھے۔ دور دراز ممالک کے سفر کیے اور ابن جوصا اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے شرف ملاقات حاصل کیا، محدث بروجردقاضی ابوالحسین عبیداللہ بن سعید بروجردی، مشہور محدث باغندی اور علامہ ابن جریر طبری سے شرف ملاقات رکھتے تھے، شیخ ابوالفضل عبیداللہ بن محمد

قاضی نیشاپوری شیخ العیار، مقری ابو حفص عمر بن عراک حضرمی، مقری عراق ابوالفرج محمد بن احمد شنبوذی، علامہ ادیب ابو علی محمد بن حسن بن مظفر حاتمی نے بغداد میں انتقال فرمایا، مسند مرو اور فقیہ قاضی ابو الفضل محمد بن حسین حدادی انہوں نے سو سال عمر پائی، مقری و عالم مصر امام ابوبکر محمد بن علی ادفوی مفسر اور مسند مکہ ابو یعقوب یوسف بن دخیل، آپ عقیلی کے شاگرد رشید ہیں۔

۹۵۱ ۲۴/۱۳ امام ابن عابد اندلسی قرطبی

آپ کی کنیت ابو عمر اور نام احمد بن محمد بن عابد اسدی ہے۔ آپ نے احمد بن سعید بن حزم، محمد بن عبدالرحمن بن احمد بن مطرف سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کو بہت سی حدیث پڑھانے کا موقع ملا کیونکہ عمر بھر تلاوت میں انتقال کرتے رہے۔ ابن الفرضی کہتے ہیں آپ ذی قعدہ ۳۸۹ھ میں اللہ کو پیارے ہوئے۔ اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی انتقال فرمایا۔

محدث نیشاپور ابو محمد بن حسن بن احمد مخلدی معدل، عالم سرخس فقیہ ابو علی زاہر بن احمد سرخسی انہوں نے ۹۰ سال عمر پائی، وفات میں بغوی کے برابر ہیں۔ عالم مغرب ابو محمد عبداللہ بن ابی زید قیروانی جنہوں نے یادگار میں ایک کتاب [illegible] الطیب عبدالمنعم بن غلبون حلبی، مسند بغداد ابوالقاسم عبیداللہ بن محمد بن مبابہ اور صحیح بخاری کے [illegible] ابو ہیثم محمد بن مکی [illegible] دن فوت ہوئے۔

۹۵۲ ۲۵/۱۳ الامام الناقد زہری بصری

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام حسن بن علی بن عمر ہے بصرہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ [illegible] بن غلام زہری کے لقب سے مشہور ہیں آپ دیر تک زندہ رہے۔ حافظ حمزہ سہمی ان سے علم الرجال اور جرح و تعدیل کے اشکالات حل کیا کرتے تھے ان کے تفصیلی حالات نہیں مل سکے۔ انہوں نے ابوالقاسم بغوی، ابن ماجہ، محمد بن حسین بن مکرم [illegible] بن عبداللہ بن عبداللہ بن فضل، خالد بن نفیہ، احمد بن یعقوب متوثی اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے حدیث [illegible] تک بقید حیات تھے۔ ان سے حافظ حمزہ بن یوسف، ابوالحسن بن خوارزمی، محمد بن طلحہ نحوی اور [illegible] روایت کرتے ہیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ کسی کے پیچھے اور اس کے ہمراہ [illegible] سے منع فرمایا ہے"

یہ حدیث امام ثوری سے متعدد راوی بیان کرتے ہیں امام بخاری نے اپنی صحیح میں یہ حدیث ان سند سے بیان کی ہے عن ابی نعیم عن الثوری۔

۹۵۳ ۲۶/۱۳ امام مفید ابن خنزابہ بغدادی نزیل مصر

آپ کی کنیت ابوالفضل نام جعفر بن ابی الفتح فضل بن جعفر بن محمد بن فرات ہے آپ بغداد کے رہنے والے [illegible] حافظ حدیث ہیں، دیانت و امانت کے لحاظ سے عہدہ وزارت پر فائز رہے۔ [illegible] حافظ ابوالفتح فضل بن [illegible] کے

fat.com

خلف الرشید ہیں۔ والد خلیفہ مقتدر باللہ کی حکومت کے آخری ایام میں اس کے وزیر تھے۔ اور ان کے یہ بیٹے حافظ ا
الفضل شاہِ مصر کافور کے وزیر تھے۔ آپ نے محمد بن ہارون حضرمی، محمد بن زبیر ایلی، حسن بن محمد دارکی، ابوبکر خرائطی، محمد
سعید اور متعدد دوسرے اہلِ علم سے اکتسابِ فیض کیا۔ خود فرماتے تھے کہ انہوں نے ایک مجلس میں مشہور حافظِ حدیث
بغوی سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ نیز فرمایا کرتے تھے جو شخص ان کو میرے پاس لے آئے میں اسے مالا مال کردوں گ
آپ نے ایک مسند تصنیف کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ اس سلسلہ میں اعانت کے لیے امام دارقطنی ان کے ہاں تشریف لے
گیے جو عرصہ تک ان کے پاس رہے۔ آپ ان کی کافی مالی امداد فرماتے تھے۔ امام دارقطنی نے اپنی کتاب "مدبج" میں ا
کی بہت سی احادیث ذکر کی ہیں۔ حافظ عبدالغنی بھی ان سے روایت
کرتے ہیں۔ آپ ۳۰۸ھ میں پیدا ہوئے۔

سلفی کہتے ہیں آپ قابلِ اعتماد اور نامور حافظِ حدیث تھے۔ دنیاوی جاہ و جلال اور وزارت و ریاست کے باوج
محدثین کی صحبت میں بیٹھ کر بڑی خوشی محسوس کرتے تھے۔ زمانۂ وزارت میں باقاعدہ حدیث کا درس دیتے اور تشنگانِ ع
کو احادیث املا کرایا کرتے تھے۔ میرے پاس ان کی املا کردہ احادیث اور فنِ روایت پر ان کے بعض مقالات موجو
ہیں۔ جو ان کی غزارتِ علم، حدتِ ذہن اور اس فن میں ان کے حسنِ تصرف اور کمال پر شاہد عدل ہیں باوجود تقدم اور برتری کے
حمزہ کنانی ان سے روایت کرتے ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ کافور کے انتقال کے بعد وزیر بنے بہت سے لوگو
کے مال ضبط کیے اور اپنے عہدے کی مناسبت سے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔ آخر میں حالات بگڑ گئے، انہیں
چھپ کر جان بچانا پڑی، ان کا گھر لوٹ لیا گیا بعد میں ان کی جائیداد بھی ضبط کر لی گئی اور ۳۵۸ھ میں شام کی طرف فرار ہونے پر
مجبور ہو گئے۔ عرصہ دراز گذرنے کے بعد مصر واپس آئے اور حافظ عبدالغنی مصری نے ان سے حدیث کا سماع کیا۔ ہمیں
خبر ملی ہے کہ آپ روزہ افطار کرنے کے بعد تھوڑی دیر سوتے پھر کھڑے ہو کر وضو کرتے اور صبح تک نماز و عبادت میں
مصروف رہتے۔

مسبحی کہتے ہیں جب آپ کو غسل دیا گیا تو آپ کے منہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تین بال رکھے گئے جو آپ
نے زرِ کثیر خرچ کر کے حاصل کیے تھے اور سونے کی ایک ڈبیہ میں جس پر کستوری سے مہر لگائی ہوئی تھی محفوظ تھے۔ حنزابہ
آپ کی والدہ کا نام ہے جو آپ کے والد بزرگوار فضل کی ام ولد تھیں۔ لغت میں حنزابہ بھاری بدن اور پست قامت عورت کو
کہتے ہیں۔ آپ کے جسدِ خاکی کو مدینہ منورہ لایا گیا۔ اور اس مکان میں جو آپ نے مسجد نبوی کے بالکل قریب خرید رکھا تھا
سپردِ خاک کر دیا گیا۔

تصنیفات ابن طاہر مقدسی کہتے ہیں میں نے جمال کے پاس ابن حنزابہ کے تصنیف کردہ بہت سے اجزاء دیکھے ہیں
ان میں وہ جزء بھی ہے جس میں فلاں مسند کی ایک ہزار احادیث درج ہیں اور وہ بھی جس میں فلاں مسند
کی پانچ سو احادیث درج ہیں۔ آپ نے رفاہِ عامہ اور نیکی کے کاموں میں بے حد مال و دولت صرف کی تھی۔ آپ نے
۱۳ ربیع الاول ۳۹۱ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ اس سال درج ذیل مشاہیر بھی دنیائے دوں کو چھوڑ کر عالم بالا کی طرف رخصت

ہوئے۔

فربری سے صحیح بخاری کے آخری راوی ابو علی اسماعیل بن محمد بن احمد بن حاجب الکشانی۔ ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن حمید بن رزیق بغدادی محامل اور ان کے طبقہ کے علماء کا علم ان کے سینہ میں محفوظ تھا مصر میں فوت ہوئے۔ عراق کے ظریف اور رند شاعر ابوعبداللہ حسین بن احمد بن حجاج بغدادی۔ فرقہ ظاہریہ کے فقیہ علامہ ابوالحسن عبدالعزیز بن احمد خرزی اہل بغداد نے ان سے مختلف علوم کی تکمیل کی صیمری کہتے ہیں میں نے ان سے اور شیخ ابوحامد سے بڑھ کر کسی فقیہ کو کامیاب مناظر نہیں دیکھا۔ مسند بغداد ابوالقاسم عیسیٰ بن علی وزیر صاحب "تلک الامالی"۔ اور مسند مصر مؤمل بن احمد بن محمد شیبانی بزار بغدادی انہوں نے امام بغوی سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ خطیب نے ان کی توثیق کی ہے۔

۶۵۴ ۲۷/۱/۱۳ امام علامہ اصیلی اندلسی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام عبداللہ بن ابراہیم بن محمد ہے آپ اندلس کے رہنے والے پختہ کار نامور حافظ حدیث اور اور بہت بڑے عالم ہیں۔ قرطبہ میں علم فقہ کی تحصیل کی اور ابن المشاط اور محمد بن سلیم سے حدیث کا سماع کیا۔ وادی حجارہ میں وہب بن مسرہ، مصر میں ابوطاہر ذہلی، ابن حیویہ نیسابوری اور فقیہ ابواسحاق بن شعبان، مکہ مکرمہ میں ابوبکر آجری اور بغداد میں ابوبکر شافعی اور ابو علی بن صواف سے ملاقات کر کے مختلف علوم و فنون کو ضبط کیا۔ ابوزید مروزی سے صحیح بخاری پڑھی۔ ابوبکر ابہری سے فقہ میں کمال حاصل کیا۔ اور علم کثیر اپنے [illegible] دماغ میں محفوظ کیا۔

قاضی عیاض کہتے ہیں امام دارقطنی فرمایا کرتے تھے مجھ سے ابو محمد اصیلی نے حدیث بیان کی ہے اور میں نے ان جیسا کوئی عالم نہیں دیکھا۔ قاضی عیاض نے یہ بھی کہا آپ مذہب مالک کے حافظ اور علم حدیث [illegible] کے ماہر تھے۔ کرامات اولیاء میں بیجا غلو کو برا سمجھتے تھے ہاں ثابت شدہ کرامتوں اور صلحاء کی دعا کی قبولیت [illegible] تھے۔ شہر سرقسطہ میں قاضی مقرر ہوئے لیکن جلد ہی اس عہدہ کو چھوڑ دیا اور قرطبہ میں مشیروں کے [illegible] میں کہتا ہوں آپ فن حدیث اور فقہ سلف میں سردار مانے جاتے تھے۔ آپ نے ایک ضخیم کتاب تصنیف کی اور اس کا نام "الدلائل فی اختلاف العلماء" رکھا لوگوں نے آپ سے یہ کتاب پڑھی اور بہت فائدہ اٹھایا آپ کے مزاج میں تندی اور تیزی تھی۔

آپ نے ذی الحجہ ۳۹۲ھ میں وفات پائی اور آپ کے جنازے میں بے شمار لوگوں نے شرکت کی۔ اس سال درج ذیل علماء اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

محدث ابو محمد حسن بن اسماعیل ضراب آپ کتاب المروۃ کے مصنف ہیں مصر میں انتقال کیا۔ بغوی کے تلمیذ مسند ہرات ابو محمد عبدالرحمان بن ابی شریح انصاری، عراق کے مشہور امام نحو ابوالفتح عثمان بن جنی موصلی، قادر الکلام شاعر علامہ قاضی ابوالحسن علی بن عبدالعزیز جرجانی اور جہاں گرد محدث ابوالعباس ولید بن بکر سرقسطی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

fat.com

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کے ساتھ عمرہ کیا اور ذی الحلیفہ سے قربانی اپنے ساتھ لائے" الحدیث

۹۵۵ ۲۸/۱۳ امام خلف بن قاسم بن سہل ابنِ دَبّاغ اَندلسی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام خلف بن قاسم ہے آپ اندلس کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ ۳۲۵ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے محمد بن معاویہ اموی اور احمد بن شامہ سے حدیث کا سماع کیا۔ مصر میں ابو محمد بن ورد، سلم بن فضل اور اس طبقہ کے دوسرے آئمہ سے، مکہ مکرمہ میں بکیر حداد، ابوبکر آجری اور ابوالحسن خزاعی سے اور دمشق میں علی بن ابی العقب اور ابوالمیمون بن راشد سے اکتسابِ فیض کیا۔ آپ محقق حفاظِ حدیث میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ نے حدیث مالک اور حدیثِ شعبہ پر الگ الگ کتابیں لکھیں اور زبد میں ایک کتاب تصنیف کی۔ آپ نے فنِ تجوید کے مطابق ایک جماعت سے قرآن مجید پڑھا ان میں سے احمد بن صالح تلمیذ ابنِ مجاہد خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

آپ سے اندلس کے علماء کی ایک جماعت نے علمِ حدیث حاصل کیا ان سے ابوعمر دانی اور ابوعمر بن عبدالبر زیادہ مشہور ہیں۔ ابنِ عبدالبر اپنے شیوخ میں سے کسی کو ان سے متقدم نہیں سمجھتے تھے۔ آپ نے ربیع الآخر ۳۹۳ھ میں انتقال فرمایا۔ اس سال درج ذیل علماء نے بھی داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

ابوجعفر احمد بن محمد بن مرزبان ابہری صاحب جزر لوین اصفہان میں فوت ہوئے، مقری ابواسحاق ابراہیم بن احمد طبری نے بغداد میں انتقال کیا، شیخ لغت ابونصر اسماعیل بن حماد جوہری، مسندِ بغداد ابوطاہر محمد بن عبدالرحمان بغدادی المخلص اور سید ابوالحسن محمد بن علی علوی ہمدانی نے بخارا میں وفات پائی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا برتنوں کو ڈھانپ دیا کرو، مشکیزوں کا منہ باندھ دیا کرو، دروازوں کے کواڑ بند کیا کرو اور شام کے وقت بچوں کو باہر جانے سے روکو اس وقت شیاطین اور جن باہر نکلتے ہیں اور مختلف چیزوں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔"

ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن بسر کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک دعا کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کی ثنا نہ کی جائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا جائے کوئی دعا قبول نہیں ہوتی، دعا کرنے والا پہلے ثنا اور درود پڑھے پھر دعا مانگے تو اس کی دعا قبول ہوگی۔"

یہ حدیث منکر ہے۔

۹۵۶ ۲۹/۱۳ امام کَلاَباذِی بُخاری

آپ کی کنیت ابونصر اور نام احمد بن محمد بن حسین ہے آپ بخارا کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں۔ شہر

بخارا کے ایک محلہ کلاباذ کی طرف نسبت کی وجہ سے کلاباذی کہلاتے ہیں۔ آپ نے ہیثم بن طیب شاشی، علی بن مختار، ابو جعفر محمد بن محمد جمال بغدادی، ابو یعلیٰ عبدالمؤمن بن خلف، محمد بن محمود بن عنبر نسفی، عبداللہ بن محمد بن یعقوب حارثی اور دوسرے بہت سے آئمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے جعفر بن محمد مستغفری روایت کرتے ہیں اور کہتے ہیں، ماوراء النہر کے علاقہ میں ان کے زمانہ میں ان سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں تھا۔ ۷۵ سال عمر پا کر جمادی الاخری ۳۷۸ھ میں آپ نے انتقال کیا۔ امام ابو عبداللہ حاکم فرماتے ہیں، ابو نصر کلاباذی اچھی فہم و فراست رکھنے والے حفاظ حدیث میں شمار ہوتے ہیں۔ صحیح بخاری کو خوب جانتے تھے۔ آپ نے ماوراء النہر، خراسان اور عراق جیسے دور دراز ممالک میں جا کر علم حاصل کیا۔ [illegible] شیخ امام دارقطنی ان کی فہم و فراست سے بہت خوش تھے، ثبت اور متقن تھے۔ انہوں نے اپنے [illegible] جیسا کوئی عالم نہیں چھوڑا۔ امام حاکم ان سے کچھ احادیث روایت کرتے ہیں مگر ہمیں ان کی حدیث [illegible] نے اپنی کتاب "مدبج" میں ان سے حدیث بیان کی ہے۔ انہوں نے صحیح بخاری کے [illegible] کتاب لکھی ہے جو اہل علم میں مشہور اور متداول ہے۔ خطیب فرماتے ہیں ثقہ اور حافظ ہیں۔ امام دارقطنی کی زندگی میں بغداد میں حدیث پڑھایا کرتے تھے۔ امام دارقطنی ان کی مدح اور ثناء بیان کیا کرتے تھے۔ ان کے ساتھ اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا۔

مشہور ادیب اور مقامات کے مصنف ابو الفضل احمد بن حسین بن یحییٰ بدیع ہمدانی۔ ہمدان [illegible] مفتی ابوبکر احمد بن علی بن احمد بن لال شافعی انہوں نے ایک سفر میں ابن الاعرابی سے ملاقات کی ہے۔ ۹۰ سال عمر پا کر انتقال کیا۔ "تلک الامالی" کے مصنف [illegible] ابو عبداللہ حسین بن ہارون بغدادی، مفتی بغداد ابو علی بن ابی ہریرہ کے تلمیذ [illegible] بخاری جوبانی کے نام سے معروف ہیں۔ بغداد کے شاعر ابو الفرج عبدالواحد [illegible] آخری قابل اعتماد شاگرد ابو القاسم عبیداللہ بن احمد صیدلانی۔

سلفی کہتے ہیں ہم نے ان کی کتاب الارشاد فی معرفۃ رجال البخاری [illegible] بن حسن بن سیاوش کازرونی سے [illegible] بن ولید کا یہ قول ملا ہے کہ:

"میں نے امام اوزاعی سے سنا [illegible] ہے۔"

۹۵۷ ۳۰/۱۳ امام بصیر رازی

آپ کی کنیت ابو العباس نام احمد بن محمد بن حسین ضریر ہے۔ رے کے نامور حافظ حدیث ہیں۔ آپ نابینا پیدا ہوئے تھے لیکن انتہائی ذہین و فطین تھے نیز مشہور حافظ حدیث امام عبدالرحمان بن ابی حاتم کے مستملی تھے۔ آپ نے امام ابو زرعہ رازی کے تلمیذ خاص احمد بن محمد بن حسین بن معاویہ سے حدیث کا سماع کیا۔ [illegible] نیشاپور کے سفر پر

Marfat.c

نکل کھڑے ہوئے اور ابو حامد بن بلال اور ابو العباس اصم سے علم حدیث کی تکمیل کی۔ قراءت کے بعد بغداد میں حدیث پڑ
کرتے تھے۔ امام دار قطنی نے ان سے منتخب احادیث کی تعلیم پائی۔ خطیب نے ان کو ثقہ کہا ہے۔ ابو القاسم ازہری، م
بن عبد الملک بن بشران، حمید بن مامون، فقیہ سلیم رازی اور دوسرے لوگ ان سے روایت کرتے ہیں۔ آپ فن حدیث
میں خوب ماہر تھے۔ خلیلی کہتے ہیں میں نے ان سے سنا ہے فرماتے تھے میں ابن ابی حاتم کے حلقۂ درس میں ان کی بیا
کردہ احادیث غلبۂ حدیث کو لکھایا کرتا تھا۔ خلیلی یہ بھی کہتے ہیں کہ انہوں نے بلخ میں حافظ عبداللہ بن محمد بن طرخان سے اور بخ
میں امام بخاری کے تلمیذ محمود بن اسحاق اور استاذ ابو عبداللہ حارثی سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ یہ اپنی احادیث کو خوب
پہچانتے اور یاد رکھتے تھے۔ آپ رے میں امام ابن ابی حاتم کے سب سے آخر میں فوت ہونے والے شاگرد ہیں
میں کہتا ہوں آپ نے رمضان المبارک ۳۹۹ھ میں وفات پائی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی
ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سال بھر میں ایسے کوئی دن موجود نہیں جن میں عمل صالح اللہ تعالیٰ کو ذی الحجہ
کے ان دس دنوں سے زیادہ محبوب ہو۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! جہاد بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا
جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں ہاں اس شخص کا جہاد زیادہ محبوب ہے جو اپنے گھر سے اپنا مال و جان لے کر نکلا اور
اس کی کوئی چیز واپس نہ آئی۔"

اس حدیث کے ثبوت پر سب کا اتفاق ہے۔ اس سال مندرجہ ذیل علماء نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

مسند اصفہان ابو علی حسن بن علی بن احمد بن سلیمان بغدادی نزیل اصفہان ۹۴ برس عمر پاکر انتقال کیا، مقفری مصر اور تذکرہ کے
مصنف ابو الحسن طاہر بن عبد المنعم بن غلبون، مسند زمان ابو مسلم محمد بن احمد بن علی بغدادی الکاتب اور قرطبہ کے شیخ اور متقدا
ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن عیسیٰ بن ابی زمنین المری۔

۹۵۸ ۳۱/۱/۱۳ امام علامہ حلیمی شافعی بخاری

آپ کی کنیت ابو عبداللہ نام حسین بن حسن بن محمد بن حلیم ہے۔ آپ اپنے جد اعلیٰ حلیم کی طرف انتساب کی وجہ سے حلیمی
کہلاتے ہیں۔ بخارا کے رہنے والے باکمال حافظ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ اپنے زمانہ میں ماوراء النہر میں اہل حدیث
کے رئیس تھے۔ مذہب میں اچھی وجوہات پیدا کیا کرتے تھے۔ اپنے زمانہ کے ذہین ترین افراد میں شمار ہوتے تھے اور
میدان مناظرہ کے شاہسوار تھے۔ آپ کو علم و ادب میں بڑی مہارت حاصل تھی۔ آپ استاد ابو بکر قفال اور ابو بکر اردنی
سے مستفید ہوئے اور امام ابو بکر محمد بن احمد بن خنب، خلف بن محمد خیام، بکر بن محمد مروزی دخمینی اور آئمہ کی ایک دوسری جماعت
سے حدیث کا سماع کیا۔ کہتے ہیں آپ ۳۳۸ھ میں جرجان میں پیدا ہوئے پھر آپ کو بخارا میں لایا گیا اور یہیں آپ
نے تعلیم و تربیت پائی۔ بعض کہتے ہیں کہ بخارا میں ہی پیدا ہوئے تھے۔ آپ نے بہت سی مفید کتابیں تصنیف
کی ہیں۔

t.com

تقدم اور کمال کے باوجود امام ابو عبداللہ حاکم ان سے حدیث بیان کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ حافظ ابو زکریا عبدالرحیم بغدادی ابو سعید کنجرودی اور دوسرے لوگوں نے بھی آپ سے اکتساب فیض کیا۔ آپ میدان حدیث میں شاہسوار اور اس پر پابندی کے ساتھ عمل کرنے والے ہیں۔ مجھے ان کی عالی حدیث ملی ہے۔ آپ نے ربیع الاول ۴۰۳ھ میں انتقال فرمایا۔ جیسا کہ آگے آئے گا دوسرے بہت سے امام بھی اس سال فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطے سے حضرت انس بن مالک کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پڑھنے والے کی قرآن تکمیل ختم کرتے پر دعا قبول ہوتی ہے۔"

اس حدیث کا راوی نوح بن ابی مریم علمی جلالت کے باوصف متروک الحدیث ہے اور اس کے علاوہ ابو شیخ یزید رقاشی کا بھی یہی حال ہے حقیقت یہ ہے کہ ایک فن میں امامت کے درجہ پر فائز ہونے والا علوم دوسرے فنون میں کوتاہ دست اور کم ظرف ہوتا چنانچہ سیبویہ کو دیکھئے نحو میں امام ہیں لیکن حدیث نہیں جانتے۔ وہ حدیث میں امام ہیں کہ لغت عرب کے رموز و دقائق سے ناآشنا ہیں اسی طرح ابو نواس چوٹی کے شاعر ہیں لیکن دوسرے علوم و فنون سے بے بہرہ ہیں۔ امام عبدالرحمان بن مہدی حدیث میں امام ہیں مگر طب کے مبادیات سے بھی واقف نہیں یہی حال محمد بن حسن کا ہے فقہ میں رئیس ہیں لیکن فن قرأت سے کورے ہیں۔ حفص فن قرأت میں امام ہیں مگر حدیث میں گئے گذرے ہیں یہ سچ ہے ؎

وللحروب رجال یعرفون بہا

یعنی لڑائیوں کو لڑنے والے ہی جانتے ہیں

مختصر یہ کہ انسانوں کو بہت کم علم ملا ہے پھر آج کل تو ان قلیل علوم سے بھی بہت کم علوم و فنون باقی رہ گئے ہیں بہت ہی کم لوگوں کو حاصل ہیں۔ اور ان میں بھی عمل کرنے والے اقل قلیل ہیں۔ فسبحان اللہ ونعم الوکیل

۹۵۹ ۳۲/۱۳ محدث العصر امام ابن مندہ اصفہانی عبدی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور نام محمد بن اسحاق ہے پورا سلسلہ نسب یوں ہے [illegible] ابن اسحاق ابن الحافظ ابی عبداللہ محمد بن ابی زکریا یحیی بن مندہ و ہو ابراہیم بن الولید بن مسندہ بن الطیب بن [illegible] بن ربعا رضی اللہ عنہ۔ استندار کا نام فیرزان ہے۔ صحابہ کے اصفہان فتح کرتے وقت پہلے پہل یہی شخص اسلام لایا۔ عبدالقیس کے ساتھ نسبت ولاء رکھتا ہے پہلے یہ مجوسی تھا اور صوبہ اصفہان کے بڑے علماء کا عالم تھا۔ آپ اصفہان کے بڑے پایہ حافظ حدیث ہیں مختلف اور دور دراز ممالک کا سفر کر کے آپ نے ہر قسم علم سے توشہ چینی کی ہے عبدالقیس کی طرف انتساب کی وجہ سے عبدی کہلاتے ہیں۔ مندہ سے پندا حادیث مروی ہیں انہوں نے خلیفہ معتضد کی حکومت میں وفات پائی۔ ان کے صاحبزادے یحیی بکثرت روایت کرتے ہیں۔ ان کے پوتے ابو عبداللہ محمد بلند پایہ حافظ حدیث تھے ان کا ۳۹۱ھ میں انتقال ہوا۔ ان کے حالات پہلے گذر چکے ہیں۔ ان سے ابو شیخ بہت روایتیں بیان کرتے ہیں ان کے

fat.com

بیٹے اسحاق عبداللہ بن محمد بن نعمان اور ائمہ حدیث کی ایک جماعت سے روایت کرتے ہیں۔ ان کے بیٹے ابو عبداللہ محمد جن کے یہ حالات بیان ہو رہے ہیں ان سے بکثرت حدیث بیان کرتے ہیں۔ ان کی ۳۴۱ھ میں وفات ہوئی۔ ابو عبداللہ ۳۱۰ھ میں اور ایک قول کے مطابق ۳۱۱ھ میں پیدا ہوئے۔

اساتذہ آپ نے اصفہان میں اپنے والد، والد کے چچا عبدالرحمان بن یحییٰ، ابو علی حسن بن ابی ہریرہ اور ایک دوسری جماعت سے، نیسابور میں محمد بن حسین قطان، عبداللہ بن یعقوب کرمانی، ابو علی میدانی، ابو حامد بن بلال اور دوسرے لوگوں سے، مکہ مکرمہ میں ابو سعید ابن الاعرابی سے، سمرقند میں ہیثم بن کلیب سے، شام میں خیثمہ بن سلیمان اور ان کے طبقہ کے لوگوں سے، بغداد میں ابو جعفر بن بختری، اسماعیل صفار اور متعدد دوسرے ائمہ سے، مصر میں ابو طاہر مدینی اور بابہ سے اور ان کے علاوہ دوسرے شہروں میں مختلف علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ اور دوسرے علوم و فنون سے بھی خوب خوب دامن بھرا۔ آپ کے شیوخ کی تعداد جن سے حدیث کا سماع کیا اور جن سے دوسرے علوم و فنون سیکھے ایک ہزار سات سو ہے علاوہ ازیں آپ کو حافظ عبدالرحمان بن ابی حاتم اور دوسرے ائمہ سے اجازت بھی حاصل ہے۔ جب آپ اپنے طویل سفر سے واپس آئے تو آپ کے پاس آپ کی کتابوں سے بھرے ہوئے متعدد صندوق تھے جن کی تعداد ۴۰ صندوق بتائی گئی ہے ہمیں معلوم نہیں کہ اس امت میں کسی نے اتنا سماع کیا ہے جتنا انہوں نے کیا اور نہ ہمارے علم میں کسی نے اتنا علم جمع کیا ہے جتنا انہوں نے جمع کیا۔ کثرتِ اسفار اور طویل رحلت آپ پر ختم ہے، نیز حفظ، معرفت، صداقت اور کثرتِ تصانیف میں آپ یگانۂ روزگار ہیں زیادہ سے زیادہ لکھنے والے بھی اس سلسلہ میں آپ کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔

تلامذہ ان سے ان کے استاد ابو الشیخ کے علاوہ ابو عبداللہ حاکم، ابو عبداللہ غنجار، ابو سعد ادریسی، تمام رازی، حمزہ سہمی ابو نعیم، احمد بن فضل باطرقانی، احمد بن محمود ثقفی، ابو الفضل عبدالرحمان بن احمد بن نبدار، ابو عثمان محمد بن احمد بن درقا اور اس کے بیٹوں عبدالرحمان، عبدالوہاب، عبداللہ کے علاوہ دوسرے بہت لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ باطرقانی کہتے ہیں ہم سے فنِ حدیث میں امام الائمہ ابو عبداللہ نے حدیث بیان کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رضامندی سے نوازے میں کہتا ہوں میرے خیال میں انہوں نے پہلے پہل ۳۱۸ھ میں حدیث کا سماع کیا اور ۳۰۰ھ سے پہلے یا ۳۰۰ھ میں پہلی بار نیسابور کا سفر کیا۔ حاکم کہتے ہیں ۳۶۱ھ میں ہماری ملاقات بخارا میں ہوئی تھی۔ اس وقت وہ بہت زیادہ علمی شہرت حاصل کر چکے تھے پھر ۳۷۵ھ میں وطن جاتے ہوئے ہمارے پاس نیسابور تشریف لائے۔ ہمارے شیخ ابو علی حافظ فرمایا کرتے تھے۔ مندہ کے بیٹے پہلے بھی اور موجودہ بھی دنیا میں چوٹی کے حافظِ حدیث ہیں کیا آپ لوگوں کو ابو عبداللہ کی پروقار طبیعت کا اندازہ نہیں؟ کہتے ہیں حافظ ابو نعیم کے پاس ابن مندہ کا تذکرہ ہوا تو فرمایا وہ تو علم کا پہاڑ ہیں۔

کہتے ہیں جب ابو عبداللہ سے یہ کہا جاتا کہ آپ سے فلاں حدیث کا سماع رہ گیا ہے تو فرماتے میں بصرہ کی احادیث کا اس سے زیادہ سماع نہیں کر سکا۔ میں کہتا ہوں آپ بصرہ داخل نہیں ہوئے۔ مسندِ بصرہ امام علی بن اسحاق ماذرائی سے حدیث کا سماع کرنے کے لیے نکلے تھے ابھی راستہ میں ہی تھے کہ ان کو ان کے انتقال کی خبر ملی یہ سُن کر اتنے دل برداشتہ ہوئے کہ راستہ ہی سے واپس آ گئے۔ کتاب معرفۃ الصحابہ آپ کی مشہور تصنیف ہے

حافظ ابن عساکر کہتے ہیں ؛ سے اس کتاب میں بہت غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔

ابو نعیم کی جرح اور اس کا جواب

حافظ ابو نعیم اپنی تاریخ میں ابن مندہ کے حالات میں لکھتے ہیں یہ حافظ حدیث ہیں اور محدثین کی اولاد سے ہیں لیکن آخر عمر میں ان کا حافظہ خراب ہو گیا تھا۔ ابو سعید ابن اخی ابی زرعہ اور ابن الجارود سے اس طرح حدیث بیان کرتے ہیں جیسے ان کو ان سے سماع حاصل ہے حالانکہ انہوں نے خود تصریح کی ہے کہ ان کو ان سے اجازت ملی ہے سماع حاصل نہیں ہوا۔ انہوں نے اپنی "امالی" میں بھی بہت گڑبڑ کی ہے۔ اور اعتقادیات میں ائمہ کی ایک جماعت کی طرف ایسے اقوال منسوب کیے ہیں جو ان سے ثابت نہیں اللہ تعالیٰ ہر ایک کو غلطیوں سے محفوظ رکھے اور اس کی لغزشوں پر پردہ ڈالے۔

میں کہتا ہوں چونکہ آپ دونوں کے درمیان دشمنی مشہور ہے اس لیے آپ کی جرح آپ کے مخالف کے حق میں ناقابل اعتبار ہے جس طرح اس کی جرح کا آپ کے حق میں کوئی اعتبار نہیں۔ ابن مندہ نے ابو نعیم کے عقیدہ کے بارہ میں ان کے شان کو بہت کم کرنے والی بات کہی ہے۔ بحمد اللہ حدیث کے بارہ میں دونوں صدوق ہیں ان میں سے کسی پر کوئی تہمت نہیں۔

مرتبہ و مقام

احمد باطرقانی کہتے ہیں ایک دفعہ امام دوران ابو احمد عسال نے ابن مندہ کی طرف نیشاپور میں ایک حدیث کے متعلق اپنے اشکالات لکھ کر بھیجے جن کے انہوں نے قسط بقسط جواب دیئے اور ان کے اسباب علل کی خوب وضاحت کی۔ ابو اسحاق بن حمزہ کہتے ہیں میں نے حافظ ابن مندہ جیسا کوئی عالم نہیں دیکھا۔ حسین بن عبد الملک کہتے ہیں حافظ ابن مندہ کے بیٹے عبد الرحمان نے مجھے لکھا کہ ان کے والد نے چار شیوخ ابن الاعرابی، صمد، خیثمہ اور ہیثم بن کلیب سے چار ہزار جزء لکھے ہیں۔ نیز میں نے اپنے والد سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے ایک سو سات سو مشائخ سے حدیث لکھی ہے۔ جعفر مستغری کہتے ہیں میں نے ابو عبد اللہ بن مندہ سے بڑا حافظ [illegible] نہیں دیکھا۔ ایک دن میں نے ان سے پوچھا آپ کی مسموع احادیث کی تعداد کتنی ہے فرمانے لگے جن کو میں نے سنی ہوئی احادیث لکھی ہیں ان کا وزن ۵ ہزار سیر (۱۲۵ من) ہے۔ میں کہتا ہوں ایک سیر میں بڑے سے بڑے دس بیس آ سکتے ہیں۔ حافظ احمد بن جعفر کہتے ہیں میں نے ایک ہزار سے زیادہ شیوخ سے حدیث لکھی ہے لیکن ان میں ابن مندہ سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں ہے۔ شیخ الاسلام ابو اسماعیل انصاری کہتے ہیں۔ ابو عبد اللہ بن مندہ اپنے زمانہ کے علماء کے سردار ہیں۔ باطرقانی کہتے ہیں میں نے حافظ ابن مندہ سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے طلب علم کے لیے مشرق اور مغرب کی دو دفعہ سیر کی ہے۔

اللہ پر توکل

ابو زکریا ابن مندہ اپنی تاریخ میں اپنے والد اپنے چچا اور دوسرے لوگوں سے نقل کرتے ہیں کہ ابو عبد اللہ فرمایا کرتے تھے کہ [illegible] میں میں نے نہ کبھی فصد کھلوائی ہے نہ کبھی دوائی پی ہے اور نہ ہی کسی سے کبھی کوئی ہدیہ وغیرہ قبول کیا ہے۔ میں کہتا ہوں طلب علم میں جن شہروں کا آپ نے سفر کیا ان کا سلسلہ اسکندریہ سے شاش تک پھیلا ہوا ہے مگر اس کے باوجود آپ [illegible] ہرات، فارس، کرمان، آذربائیجان میں

داخل نہیں ہوئے۔

ابوزکریا بن مندہ کہتے ہیں ایک دفعہ میں اپنے چچا عبیداللہ کے ساتھ نیسابور جارہا تھا جب ہم بئر مجر (ایک مقام ہے) پہنچے تو میرے چچا کہنے لگے ایک دن میں اسی جگہ چل رہا تھا مجھے ایک بوڑھا شتربان ملا وہ بولا میں اپنے والد کے ساتھ خراسان سے واپس آرہا تھا جب ہم اس مقام پر پہنچے تو ہم نے دیکھا یہاں چالیس گانٹھیں پڑی ہیں ہم نے سمجھا یہ کپڑے کی گانٹھیں ہیں۔ پاس ہی ایک چھوٹے سے خیمہ میں ایک بزرگ بیٹھے تھے دریافت کرنے پر پتہ چلا کہ وہ آپ کے والد بزرگوار تھے۔ ان سے کسی نے پوچھا ان گانٹھوں میں کیا ہے فرمانے لگے یہ وہ سامان ہے جس کا اس زمانہ میں کوئی خریدار نہیں رہا۔ یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے پھر میرے چچا کہنے لگے ایک دفعہ میں بھی خراسان سے واپس آرہا تھا اور میرے پاس بھی کتابوں کی ایسی ہی بیس گانٹھیں تھیں چنانچہ میں بھی والد ماجد کی اقتداء میں کچھ دیر کے لیے اس کنوئیں میں اتر پڑا۔

میں کہتا ہوں حافظ ابن مندہ نے آخر ماہ ذی قعدہ ۳۹۰ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا ان کی یہ تاریخ وفات حافظ ابونعیم نے ذکر کی ہے۔ میں نے اپنی تصنیف "کتاب آل مندہ" میں ابوعبداللہ کے تفصیلی حالات بیان کئے ہیں میں نے ۹۴ھ میں علامہ نجم الدین ابی عبداللہ بن حمدان سے ملاقات کی اپنے دل میں بے حد تڑپ پاتی تھی کیونکہ ان کے پاس ابوعبداللہ بن مندہ کی عالی حدیث تھی لیکن افسوس مجھے موقعہ نہ مل سکا۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت حکیم بن حزام کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کوئی شخص مجھے کچھ بیچنے کو کہتا ہے لیکن وہ میرے پاس موجود نہیں کیا میں اس کے ہاتھ وہ چیز بیچ دوں اور پھر بازار سے خرید کر اسے لادوں؟ آپ نے فرمایا جو چیز تمہارے پاس نہیں ہے وہ نہ بیچو"

حافظ ابن مندہ، حافظ عبدالغنی بن سعید اور ابومسعود دمشقی، حافظ ابن المفضل کی کتاب اربعین الطبقات کے آٹھویں طبقہ کے لوگ ہیں۔

۹۶۰ ۳۳/۱۳/۱ شیخ ماوراء النہر امام سلیمانی بیکندی بخاری

آپ کی کنیت ابوالفضل اور نام احمد بن علی بن عمرو ہے۔ بخارا کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ عمر رسیدہ تھے۔ بخارا کی نواحی بستی بیکند کی طرف انتساب کی بناء پر بیکندی کہلاتے ہیں۔ آپ ۳۱۱ھ میں پیدا ہوئے۔ محمد بن حمدویہ بن سہل مروزی سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ ان کے آخری شاگرد ہیں۔ ان کے علاوہ علی بن سحنویہ نیسابوری، علی بن ابراہیم بن معاویہ نیسابوری، ابوالعباس اصم نیسابوری، محمود بن اسحاق خزاعی، صالح بن زہیر، محمد بن صابر بن کاتب بخاری، عبداللہ بن جعفر بن فارس اصبہانی اور علی بن اسحاق ماذرائی بصری سے بھی اکتساب فیض کیا اور فن حدیث میں تقدم اور برتری حاصل کی اور بہت سی تصانیف اپنی یادگار چھوڑیں۔ سمعانی نے "الانساب" میں آپ کا تذکرہ کیا

ہے اور لکھا ہے کہ آپ اپنے نانا احمد بن سلیمان بیکندی کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے سلیمانی کہلاتے ہیں۔ بڑی بڑی کتابوں کے مصنف ہیں۔ جو کچھ ہفتہ بھر میں لکھتے بیکند سے چل کر بخارا میں آتے اور وہاں موجود طلبہ کو سب لکھا اور پڑھا دیتے تھے۔

جعفر بن محمد مستغفری اور ان کے لڑکے ابوفرج محمد بن جعفر کے علاوہ اس علاقہ کی ایک بڑی جماعت ان سے حدیث روایت کرتی ہے۔ سمعانی کہتے ہیں آپ نے ۹۲ سال عمر پاکر ذی قعدہ ۴۰۴ھ میں انتقال فرمایا۔ میں کہتا ہوں میں نے فنِ اسماء الرجال میں ان کی ایک تصنیف دیکھی ہے اور اس سے استفادہ کیا ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے امام یحییٰ بن ابی کثیر کا یہ قول ملا ہے کہ:

"ولد الزنا حدیث نہیں لکھ سکتا"

نیز ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے آپ پر سوال کا دروازہ کھولتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے"

۹۶۱ ۲۴/۱۳ امام شیرازی کشی

آپ کی کنیت ابوعلی نام حسن بن احمد بن محمد بن لیث شیراز کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث و ثقہ ہیں۔ ملکِ فارس میں آپ کا شمار کبار آئمہ میں ہوتا تھا۔ آپ گھر سے نکلے ہیں جو نے اور بغداد میں اسماعیل صفار، ابوجعفر بن بختری، عبداللہ بن درستویہ اور ایک دوسری جماعت سے بغداد میں ابوالعباس اصم، ابوعبداللہ بن مخلد بن اخرم سے اور فارس میں حافظ حسن بن عبدالرحمان رامہرمزی سے حدیث کا سماع کیا۔ امام عبداللہ بن احمد نے کیا ہے اور ان کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ آپ فنِ قراءت میں تقدم کے ساتھ ساتھ بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ طلبِ علم کے لیے آپ نے متعدد بار عراق کے سفر کیے۔ امام احمد کے زمانہ میں بغداد آئے تھے ۳۱۲ھ میں دوبارہ آئے اور مجھے ان سے شرفِ سماع حاصل ہے۔ حافظ ابن صلاح نے بھی طبقات الشافعیہ میں آپ کا مختصر ذکر کیا ہے اور لکھا ہے آپ لیث اور ابوبکر کے والد ہیں۔ ابوعبداللہ صفار نے اپنی تاریخ طبقات اہلِ شیراز میں آپ کے حالات لکھے ہیں اور آپ کی بہت تعریف کی ہے اور لکھا ہے کہ آپ کے تلامذہ میں حافظ زید بن محمد بن خلف، حافظ محمد بن موسیٰ اور حافظ احمد بن عبدالرحمان مقری قابلِ ذکر ہیں۔ میں کہتا ہوں ابن طاہر مقدسی نے شیراز میں ان کے شاگردوں سے ملاقات کی ہے اور ان میں سے علی بن محمد شاہد سے حدیث کا سماع بھی کیا ہے۔

صفار کہتے ہیں آپ نے ۱۸ رمضان المبارک ۳۱۰ھ میں وفات پائی۔ صفار کہتے ہیں آپ کے صاحبزادے ابوبکر محمد بن حسن شیرازی نے اصفہان میں ابوبکر بن مقری سے حدیث کا سماع کیا ہے اور ۴۴۰ھ تک بقید حیات

fat.com

رہے ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ ان کے لڑکے کا ۲۲۸ھ میں انتقال ہوا۔ میں کہتا ہوں شاید یہ آپ کے دوسرے صاحبزادے لیث ہیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت سعید بن زید کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھنبی اس منّ سے ہے جو بنی اسرائیل پر نازل ہوا اور اس کا پانی آنکھوں کے لیے شفاء ہے"

۹۶۲ ۳۵/۱/۱۳ الحافظ الکبیر امام المحدثین امام حاکم نیشاپوری

آپ کی کنیت ابو عبداللہ ہے اور نام محمد بن عبداللہ بن محمد بن حمدویہ بن نعیم ہے اور عرف ابن البیع ہے۔ آپ نیسابور کے رہنے والے بہت بڑے حافظِ حدیث اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ربیع الاول ۳۲۱ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے اپنے والد اور اپنے ماموں کی زیرنگرانی بچپن میں ہی پڑھنا شروع کر دیا تھا اور ۳۰۱ھ میں حدیث کا سماع کرنے لگے تھے۔ بیس سال کی عمر میں عراق کا سفر اختیار کیا اور فریضہ حج سے سبکدوش ہوئے اس کے بعد خراسان اور ماوراء النہر کے علاقہ میں گھومے اور مختلف شہروں میں تقریباً دو ہزار سے زیادہ شیوخ کے خرمنِ علم سے خوشہ چینی کی آپ کے والد امام مسلم صاحب صحیح کی رؤیت کے شرف سے مشرف تھے۔ آپ کے اساتذہ میں سے چند قابلِ ذکر شخصیتوں کے نام یہ ہیں

آپ کے والد ماجد، محمد بن علی عمر مذکر، ابوالعباس اصم، ابو جعفر محمد بن صالح بن ہانی، محمد بن عبداللہ صفار، ابو عبداللہ بن اخرم، ابوالعباس سیس بن محبوب، ابو حامد بن حفویہ، حسن بن یعقوب بخاری، ابوالنصر محمد بن محمد بن یوسف، ابوالولید حسان بن محمد، ابو عمرو بن سماک، ابوبکر نجاد، ابو محمد بن درستویہ ابوسہل بن زیاد عبدالرحمان بن حمدان جلاب، علی بن محمد بن عقبہ شیبانی اور ابو علی حافظ آپ مؤخرالذکر شیخ کی صحبت میں عرصہ دراز تک رہے اور ان سے بے حد استفادہ کیا۔ آپ کو سماعِ حدیث کا اس قدر شوق تھا کہ اپنے تلامذہ سے سماع کرنے سے بھی گریز نہیں کیا۔ آپ سے امام دارقطنی، ابو الفتح بن ابی الفوارس، ابو العلاء واسطی، محمد بن احمد بن یعقوب، ابوذر ہروی، ابو یعلی خلیلی، ابوبکر بیہقی، ابوالقاسم قشیری، ابو صالح مؤذن، زکی عبدالحمید بکیری، عثمان بن محمد محمی، ابوبکر احمد بن علی بن خلف شیرازی اور دوسرے بہت سے لوگوں نے حدیث کی تعلیم حاصل کی۔

آپ نے قرأت کا علم ابن الامام، محمد بن ابو منصور صرام، ابو علی بن نقار کوفی اور ابو عیسیٰ بکار بغدادی سے حاصل کیا اور مذہبی کتابیں ابو علی بن ابو ہریرہ، ابوسہل صعلوکی اور ابوالولید حسان بن محمد سے پڑھیں۔ آپ کے اساتذہ میں سے احمد بن ابو عثمان حیری اور ابو اسحاق مزکی نے آپ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے عبداللہ بن شقیق کی یہ حدیث ملی ہے کہتے ہیں:

"میں نے حضرت عائشہ سے پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ضحیٰ کی نماز پڑھا کرتے تھے؟ بولیں ہر روز نہیں جب سفر سے آتے تھے تو پڑھتے تھے"

t.com

امام مسلم نے یہ حدیث یحیٰ عن یزید بن زریع عن الجریری کے واسطہ سے اپنی صحیح میں ذکر کی ہے اور ایک دوسری سند کہمس عن عبداللہ بن شقیق سے بھی روایت کی ہے۔ حافظ خلیل بن عبداللہ نے امام حاکم کا ذکر تو فرمایا انہوں نے دو سفر کیے، ایک تحصیل علم کے لیے عراق کی طرف اور دوسرا حج کے لیے مکہ معظمہ کی طرف ایک دفعہ انہوں نے امام دارقطنی سے علمی مذاکرہ کیا جس کی وجہ سے وہ ان سے بہت خوش تھے، ثقہ تھے اور وسیع علم رکھتے تھے۔ آپ کی تصنیفات تقریباً پانچ سو اجزاء پر مشتمل ہیں، ۴۰۳ھ میں فوت ہوئے۔ میں کہتا ہوں ان کی یہ تاریخ وفات غلط ہے۔ حافظ خلیلی کہتے ہیں جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو دوسرے دن ان کے سامنے فوائد العراقیین سے حدیث استیذان کی سندیوں پڑھی گئی۔ سفیان ثوری عن ابی سلمۃ عن الزہری عن سہل بن سعد مجھ سے پوچھنے لگے یہ ابوسلمہ کون ہیں؟ میں نے کہا مغیرہ بن مسلم سراج ہیں بولے مغیرہ زہری سے کیسے روایت کر سکتے ہیں؟ یہ سن کر میں حیران ہو گیا اور کوئی جواب نہ دے سکا، فرمانے لگے تمہیں ایک ہفتہ کی مہلت ہے سوچ کر بتاؤ میں رات بھر سوچتا رہا مگر بے سود آخر میں نے علمائے جزیرہ کا جائزہ لیا تو مجھے محمد بن ابی حفصہ کا نام یاد آگیا ان کی کیفیت ابوسلمہ تھی، دوسرے دن صبح سویرے میں آپ کی مجلس میں حاضر ہوا اور تقریباً سو احادیث ان کے سامنے پڑھ چکا تو فرمانے لگے کل والے سوال کا بھی کوئی جواب سوچا ہے؟ میں نے کہا جی ہاں وہ محمد بن ابی حفصہ ہیں یہ سن کر متعجب ہوئے اور فرمانے لگے تم نے ابوطرو بحیری کی کتاب "حدیث سفیان" دیکھی ہوگی؟ میں نے کہا جی نہیں، پھر نے صحیح جواب معلوم کرنے کی وجہ بتائی تو حیرت زدہ ہو گئے اور میری تعریف کرنے لگے۔ اس کے بعد میں ان سے پیچیدہ مسائل پوچھتا تو فرماتے چونکہ میں بوڑھا ہو گیا ہوں اس لیے جس مسئلہ کے متعلق تم مذاکرہ کرنا چاہو پہلے مجھے اس کا مطالعہ کر لینے دیا کرو پھر جتنے بھی میں ان سے سوال کرتا اس میں ان کو علم کا ناپیدا کنار سمندر پاتا۔

ایک دن مجھ سے کہنے لگے خراسان اور ماوراء النہر کے ہر شہر کی وہاں کے کسی نہ کسی عالم نے تاریخ لکھی ہے لیکن نیساپور کی جو علم اور اہل علم کا مرکز ہے۔ کسی نے تاریخ نہیں لکھی، اس کمی کو میں نے پورا کیا ہے اور نیساپور اور اس کے علماء کے حالات میں ایک مبسوط تاریخ لکھ دی ہے۔ میں نے اس کا مطالعہ کیا تو واقعی اسے بے نظیر پایا۔

ایک اسنادی لطیفہ

امام حاکم نے اپنی کتاب علوم الحدیث کے آخر میں ایک اسناد ایسی ذکر کی ہے جس میں نیچے سے لے کر اوپر تک پانچ راویوں کا ایک ہی نام خلف ہے لکھتے ہیں اخبرنی خلف نا خلف نا خلف نا خلف نا خلف پھر فرماتے ہیں پہلے راوی امیر خلف بن احمد سجزی دوسرے ابوصالح خلف بن محمد بخاری خیام تیسرے صاحب المسند خلف بن سلیمان نسفی چوتھے خلف بن محمد کردوس واسطی اور پانچویں خلف بن موسیٰ بن خلف ہیں۔ امام حاکم فرماتے ہیں میں نے یہی سند ابوصالح کے ذریعہ سے بھی سنی ہے اس کا متن مذکور نہیں۔ مجھے اپنے ذریعہ سے اسی سند کے ساتھ حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب انسان حاسد ہیں اور کچھ حسد کرنے والے حسد میں دوسروں سے بہتر ہوتے ہیں اور کسی حاسد کو حسد سے نقصان نہیں پہنچتا جب تک زبان سے کلام یا ہاتھ

سے عمل نہ کرے۔"

یہ حدیث غریب اور منکر ہے۔"

ابوبکر خطیب کہتے ہیں ابوعبداللہ حاکم قابل اعتماد ہیں تشیع کی طرف مائل تھے۔ مجھے ابراہیم بن محمد ارموی نے جو ایک صالح عالم ہیں بتایا امام حاکم نے بہت سی احادیث جمع کیں اور کہا یہ بخاری اور مسلم کی شرط پر صحیح ہیں ان میں حدیث الطیر اور حدیث "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" بھی شامل ہے مگر محدثین نے ان کا انکار کیا ہے اور حاکم کے قول کو لائق التفات نہیں سمجھا۔

ابوعبدالرحمان شافیانی کہتے ہیں ایک دفعہ ہم سعید ابی الحسن کی مجلس میں حاضر تھے کسی نے ابوعبداللہ حاکم سے حدیث الطیر کے متعلق پوچھا تو کہنے لگے یہ صحیح نہیں ہے اگر یہ صحیح ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علی رضؓ سے افضل کوئی نہیں ہے میں کہتا ہوں بعد میں امام حاکم کی رائے بدل گئی اور انہوں نے مستدرک میں حدیث الطیر کو درج کیا لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ مستدرک میں بہت سی احادیث بھی درج ہیں جو صحت کی شرط پر پوری نہیں اترتیں۔ بلکہ اس میں موضوع احادیث بھی موجود ہیں جن کو امام حاکم نے مستدرک کو عیب دار کر دیا ہے۔ حدیث الطیر بہت سی سندوں سے مروی ہے میں نے ان سب کو ایک الگ کتاب میں جمع کیا ہے ان کے دیکھنے سے نتیجہ مستنبط ہے کہ اس حدیث کی کچھ نہ کچھ اصل ضرور ہے۔ رہی حدیث "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" تو یہ بہت سی عمدہ سندوں سے مروی ہے میں نے اس کے لیے بھی ایک علیحدہ کتاب لکھی ہے۔

عبدالغافر بن اسماعیل کہتے ہیں ابوعبداللہ حاکم اپنے زمانہ میں اہل حدیث کے امام تھے اور فن حدیث کو کماحقہ جانتے تھے۔ آپ کی دادی عیسیٰ بن عبدالرحمان ضبی کی پوتی اور عیسیٰ کی والدہ منویہ مشہور فقیہ اور محدث ابراہیم بن طہمان کی صاحبزادی تھیں۔ اسی نسبت سے آپ کو ضبی اور طہمانی کہا جاتا ہے۔ آپ کا خاندان نیکوکاری اور پرہیزگاری میں مشہور تھا اور اسلام لانے کے بعد اذان کہنا ان کا آبائی پیشہ تھا۔ آپ نے ابوعبداللہ ثقفی اور ابومحمد ابن شرقی سے ملاقات کی ہے لیکن ان سے سماع نہیں کیا۔ ابوطاہر محمد آبادی اور ابوبکر قطان سے سماع کیا ہے مگر ان کی مسموعات سے استفادہ نہیں کیا۔ آپ کی مشہور تصانیف آپ کے شیوخ کے تذکروں سے بھری ہوئی ہیں۔ آپ نے فن قرأت زمانہ کے مشہور قاریوں سے سیکھا اور فقہ کی تعلیم ابوالولید اور استاذ ابوسہل سے حاصل کی علم کا بہت سا حصہ امام دوران ابوبکر صبغی کی صحبت میں گذارا۔ آپ جرح و تعدیل اور علل حدیث کے مشکل سوالات میں ان سے مراجعت کرتے تھے۔ جعابی اور ابونعیم جیسے مشاہیر سے بھی علمی مذاکرہ کیا کرتے تھے۔

آپ کی تصانیف تخریج الصحیحین، علل، تراجم، ابواب، شیوخ اور معرفۃ علوم الحدیث، مستدرک الصحیحین، تاریخ نیسابور، کتاب مزکی الاخبار، مدخل الی علم الصحیح، کتاب الاکلیل اور فضائل الشافعی وغیرہ جیسے دوسرے مجموعے تقریباً ایک ہزار اجزاء پر مشتمل ہیں۔ عبدالغافر کہتے ہیں میں نے اپنے مشائخ سے سنا ہے کہ وہ امام حاکم کے حالات بڑے مزے لے کر بیان کرتے تھے اور بتاتے تھے کہ صعلوکی، امام ابن فورک اور اس زمانہ کے دوسرے سربرآوردہ امام ان کو اپنے پر مقدم سمجھتے تھے، ان کی فضیلت کا اعتراف کرتے تھے اور ان سے بے حد تعظیم و تکریم کے ساتھ پیش

آتے تھے۔ عبدالغافر آپ کی عظمت و حرمت کا تفصیلی ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔ یہ آپ کی سیرت و کردار اور اخلاق و عادات کا اجمالی ذکر ہے۔ جو شخص آپ کی تصانیف، امالی میں آپ کے تصرف اور طرق حدیث پر آپ کی وسیع معلومات کو بنظر غائر دیکھے گا اسے آپ کے علم و فضل کا یقین ہو جائے گا۔ اور اسے ماننا پڑے گا کہ آپ کو پہلے لوگوں پر تقدم اور برتری حاصل ہے اور آنے والے آپ کی گرد پا کو بھی نہیں پا سکتے۔ آپ نے قابل رشک زندگی بسر کی ہے اور اپنے زمانہ میں اپنے جیسا کوئی آدمی اپنے پیچھے نہیں چھوڑا۔

ابوحازم عبدی کہتے ہیں میں نے امام حاکم سے جو اپنے زمانہ میں اہل حدیث کے امام تھے کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے زمزم کا پانی پیا تھا اور اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی تھی کہ وہ مجھے بہترین اور مایہ ناز کتابیں لکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ابوعبدالرحمان سلمی فرماتے ہیں میں نے امام دارقطنی سے پوچھا ابن مندہ اور ابن البیع میں سے افضل کون ہے؟ فرمایا ابن البیع بہت پختہ حافظہ کے مالک ہیں۔ مجھ سے ابوصالح مؤذن نے مسعود بن علی سجزی کی سند سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث بیان کی ہے کہ:

"کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلال رات کے وقت اذان کہا کرے گا" الحدیث

اس کے بعد سجزی نے کہا یہ حدیث مجھ سے امام حاکم نے بھی بیان کی ہے۔ مجھے امام حاکم کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ مرفوع حدیث ملی ہے کہ:

"ضرورت کے وقت ہدیہ دینا بڑی خوبی کی بات ہے" (ما احسن الهدية امام الحاجة)

یہ حدیث باطل ہے ایک ضعیف راوی موقری نے اس کو زہری سے مرسلاً بیان کیا ہے۔

حافظ محمد بن طاہر کہتے ہیں میں نے حافظ سعد بن علی زنجانی سے مکہ معظمہ میں حدیث کا سماع کیا ہے ایک دن میں نے ان سے پوچھا چار حافظ حدیث ہمعصر ہیں ان میں بڑا حافظ حدیث کون ہے؟ فرمانے لگے وہ کون ہیں میں نے عرض کیا بغداد میں دارقطنی، مصر میں عبدالغنی، اصفہان میں ابن مندہ اور نیساپور میں حاکم۔ پہلے تو خاموش رہے پھر میرے اصرار پر بولے دارقطنی علل حدیث کے اور عبدالغنی انساب کے بڑے عالم ہیں۔ ابن مندہ کے پاس حدیث کا علم زیادہ ہے اور انہیں اس فن میں معرفت تامہ حاصل ہے۔ اور مکہ آنے جانے میں سب سے بڑھے ہوئے ہیں۔

ابن طاہر کہتے ہیں میں نے ابواسماعیل انصاری سے حاکم کے متعلق پوچھا تو کہنے لگے حدیث میں ثقہ اور لائق اعتماد ہیں۔ لیکن خبیث قسم کے رافضی ہیں ابن طاہر کہتے ہیں باطن میں متعصب شیعہ ہیں اور ظاہر میں شیخین کی فضیلت اور ان کی خلافت، کے برحق ہونے میں اہل سنت کے ہمنوا ہیں۔ حضرت معاویہ اور ان کے اخلاف سے سخت منحرف ہیں۔ اس کا برملا اظہار کرتے تھے اور اس سلسلہ میں معذرت کی ضرورت نہیں سمجھتے تھے۔ میں کہتا ہوں حضرت علی رض کے مخالفین سے ان کا انحراف صحیح اور درست ہے۔ شیخین کی ہر حالت میں تعظیم و تکریم کرتے تھے مائل بہ تشیع ضرور ہیں مگر رافضی ہرگز نہیں ہیں۔ میری زبردست خواہش ہے کہ یہ مستدرک تصنیف نہ کرتے کیونکہ انہوں نے اس میں بے جا تصرف کر کے اپنی فضیلت میں بہت کمی کر لی ہے۔ ابوموسیٰ کہتے ہیں امام حاکم حمام میں داخل ہوئے غسل فرمایا اور

ایک سرد آہ کھینچی اور روح جسدِ عنصری سے پرواز کر گئی غسل کے بعد تہ بند باندھا تھا ابھی قمیص نہیں پہنی تھی کہ اللہ تعالےٰ کو پیارے ہو گئے۔ قاضی ابوبکر حیری نے آپ کا جنازہ پڑھا۔ امام حاکم نے صفر ۴۰۵ھ میں انتقال فرمایا رحمہ اللہ تعالےٰ۔

۹۶۳ ۳۶/۱/۱۳ شیخ المشائخ امام ابوعبدالرحمان سُلَمی

آپ کی کنیت ابوعبدالرحمان اور نام محمد بن حسین بن محمد بن موسیٰ ہے نیسابور کے رہنے والے صوفی منش عالم اور زاہد حافظِ حدیث ہیں۔ باپ کی طرف سے ازدی اور ماں کی طرف سے سلمی ہیں۔ اپنے نانا امام ابوعمرو اسماعیل بن نجید بن محمد شیخ نیسابور احمد بن یوسف سلمی کی طرف منسوب ہیں۔ آپ نے ابوالعباس اصم، احمد بن محمد بن عبدوس، محمد بن مؤمل ماسرجسی، ابن دارہ کے شاگرد محمد بن احمد بن سعید رازی، حافظ ابوعلی نیسابوری اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ عالی اور نازل ہر قسم کی احادیث لکھیں۔ بہت سا علم جمع کیا اور کتابیں تصنیف کیں جو چار دانگِ عالم میں پھیل گئیں۔

آپ سے اکتساب فیض کرنے والوں میں قشیری، بیہقی، ابوصالح مؤذن، محمد بن یحییٰ مزکی، ابوعبداللہ ثقفی، علی بن احمد بن اخرم مؤذن، محمد بن اسماعیل تفلیسی اور دوسرے بہت سے لوگوں کے نام ملتے ہیں مگر یہ ضعیف ہیں۔ خطیب کہتے ہیں ان کی لوگوں میں بڑی قدر و منزلت تھی صاحبِ حدیث اور قاری تھے انہوں نے شیوخ، تراجم اور احکام و مسائل میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ صوفیاء کے لیے ایک خانقاہ تعمیر کی تھی اور ان کے لیے سنن، تفسیر اور تاریخ میں کتابیں تصنیف کی تھیں۔ میں کہتا ہوں انہوں نے "حقائق التفسیر" نامی ایک کتاب تالیف کی ہے جس میں اباطیل اور باطنیہ کی دوراز کار تاویلات کی بھرمار ہے اللہ تعالےٰ اس کے فتنہ سے محفوظ رکھے۔

وضعِ حدیث کا الزام

خطیب کہتے ہیں مجھ سے محمد بن یوسف قطان نیسابوری نے کہا سلمی ناقابلِ اعتماد ہے صوفیوں کے لیے حدیثیں وضع کیا کرتا تھا۔ عبدالغافر نے تاریخ نیسابور میں لکھا ہے اس کی تصنیف کردہ کتابوں کی فہرست ایک سو یا اس سے بھی زیادہ کتابوں پر مشتمل ہے اس نے حدیث لکھنے کے لیے مرو، نیسابور، عراق اور حجاز کا سفر کیا۔

پیدائش اور وفات

۳۳۰ھ میں پیدا ہوئے۔ میں کہتا ہوں انہوں نے ابوالحسن دارقطنی سے بعض رجال کے متعلق اس فن کے جاننے والے کی طرح سوال کیے ہیں۔ شعبان ۴۱۲ھ میں انتقال کیا۔ مجھے ان کے واسطہ سے ام سلمہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"زبیر کا ایک آدمی سے جھگڑا ہو گیا اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر کے حق میں فیصلہ دیا وہ آدمی کہنے لگا آپ نے زبیر کے حق میں فیصلہ اس لیے دیا ہے کہ وہ آپ کا پھوپھی زاد بھائی ہے اس وقت اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی"

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ - الآیۃ

اس سند کے بیان کرنے میں حامد بلخی متفرد ہے۔ ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ رضؓ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جب کوئی دعا کرے تو یہ نہ کہے اے اللہ! اگر تیری مرضی ہے تو میری دعا قبول کر بلکہ پوری پختگی اور رغبت کے ساتھ دعا کرے اللہ تعالیٰ کو کسی چیز کے عطا کرنے میں کوئی مشکل درپیش نہیں ہوتی"

۹۶۴ ۳۷/۱/۱۳ امام نسّابہ عبدالغنی بن سعید بن علی ازدی مصری

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام عبدالغنی بن سعید ہے۔ پورا نسب یوں ہے ابو محمد عبدالغنی بن سعید بن علی بن سعید بن بشر بن مروان ازدی مصری۔ آپ مصر کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور علم الانساب کے بہت بڑے ماہر ہیں۔ قبیلہ ازد کی طرف انتساب کی وجہ سے ازدی کہلاتے ہیں۔ انہوں نے اپنے علم سے مصر کے لوگوں کو بہت فائدہ پہنچایا۔ آپ کے اساتذہ کی فہرست بہت طویل ہے عثمان بن محمد سمرقندی اور احمد بن بہزاد سیرافی سے ۳۴۲ھ میں حدیث کا سماع کیا۔ ان کے علاوہ اسماعیل بن یعقوب جراب، عبداللہ بن جعفر بن ورد، احمد بن ابراہیم بن جامع احمد بن ابراہیم بن عطیہ، یعقوب بن مبارک، حافظ حمزہ بن محمد اور شام میں ابوبکر میانجی، فضل بن جعفر مؤذن، ابوسلیمان بن زبر اور اس طبقہ کے دوسرے آئمہ سے اکتساب فیض کیا۔ آپ کے فیض یافتہ لوگوں میں سے چند قابل ذکر نام یہ ہیں۔

محمد بن علی صوری، رشا بن نظیف، ابو عبداللہ قضاعی، عبدالرحمان بن احمد بخاری، ابو علی ہوزنی، ابو [illegible] حمانی جبال اور دوسرے بہت سے لوگ۔ آپ ۳۳۲ھ میں پیدا ہوئے آپ کے والد علم فرائض کے بہت بڑے ماہر تھے۔ برقانی کہتے ہیں جب امام دارقطنی مصر تشریف لائے تو میں نے ان سے پوچھا آپ نے راستہ میں کسی علم کے سمجھنے والے سے بھی ملاقات کی؟ فرمایا مجھے سارے راستہ میں ایسا کوئی آدمی نہیں ملا ہاں مصر میں ایک نوجوان سے ملاقات ہوئی ہے جس کا نام عبدالغنی ہے وہ تو روشنی کا مینار ہے پھر اس کی بڑی فضیلت اور منقبت بیان کی اور دیر تک اس کی تعریف کرتے رہے۔ منصور بن علی طرطوسی کہتے ہیں جب امام دارقطنی مصر سے رخصت ہونے لگے تو ہم ان کو الوداع کہنے کے لیے شہر سے باہر نکلے اور ان کی دائمی مفارقت پر رونے لگے فرمانے لگے تم روتے ہو حالانکہ تمہارے پاس عبدالغنی بن سعید موجود ہیں وہ میرے بہترین جانشین ہیں۔

حافظ عبدالغنی کا اپنا بیان ہے جب میں نے ابو عبداللہ حاکم کی کتاب "المدخل الی الصحیح" میں بعض اوہام کی طرف ان کی توجہ مبذول کرائی تو نہ صرف یہ کہ انہوں نے اس کو برا نہیں مانا بلکہ اس پر میرا شکریہ ادا کیا اور میرے حق میں نیک دعا کی اس سے میں نے سمجھا کہ وہ معقول آدمی ہیں۔ خطیب کہتے ہیں عبدالغنی ثقہ، مامون اور علم حدیث اور اس کے حفظ و

fat.com

ضبط میں امام دوران تھے میں نے امام دارقطنی کے بعد ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ برقانی کہتے ہیں۔ میں نے امام
قطنی کے بعد عبدالغنی مصری سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا۔
صوری کہتے ہیں ایک دفعہ عبدالغنی نے مجھ سے کہا جب میں۔ نے اپنی کتاب "المؤتلف والمختلف"، لکھنی شر
کی تو امام دارقطنی ہمارے ہاں تشریف لے آئے میں نے اس کی تصنیف میں ان سے بہت زیادہ استفادہ کیا جب
مکمل کر چکا تو امام موصوف فرمانے لگے مجھے یہ پڑھ کر سناؤ۔ میں نے عرض کیا اس کا اکثر حصہ تو آپ کے افادات
مشتمل ہے اسے میں آپ کو پڑھ کر کیا سناؤں فرمانے لگے ایسا نہ کہو تم نے مجھ سے جو کچھ لیا ہے وہ متفرق ہے
تم نے اس کو ایک مبسوط کتاب کی صورت میں جمع کیا ہے اور اس میں تمہارے دوسرے اساتذہ کے بھی بے شمار فوا
ہیں چنانچہ ان کی خواہش کے مطابق میں نے ان کو پوری کتاب پڑھ کر سنائی۔ ابوالولید باجی نے عبدالغنی کا ذکر
تو فرمایا حافظ اور متقن ہیں۔ میں نے ابوذر سے پوچھا میں ان سے حدیث بیان کروں؟ بولے نہیں ان کے بنو عبد
کے ساتھ تعلقات ہیں۔
حبال کہتے ہیں آپ نے ۷ صفر ۴۰۹ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا کہتے ہیں۔ آپ کے جنازے میں بڑ
ہجوم تھا۔ جنازہ میں شرکت کے لیے لوگ دور دراز سے آئے تھے اور لوگوں میں عرصہ دراز تک اس کا چرچہ رہا
کرنے والا منادی کرتا تھا۔ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جھوٹ دور کرنے والے امام کا جنازہ ہے۔ اس سا
حسب ذیل مشاہیر بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔
مشہور واعظ مسندِ عراق ابوالحسین احمد بن محمد بن احمد مقیم، ان کے متعلق خطیب فرماتے ہیں میں نے ان سے
زیادہ کسی قدیم السماع شخص سے حدیث نہیں لکھی، مسندِ خراسان صوفی ابو محمد عبداللہ بن یوسف اصفہانی، مسند دا
ابوالحسن علی بن محمد بن علی بن خزفہ صیدلانی اور سنن ابن ماجہ کے راوی مسند قزوین ابو طلحہ قاسم بن ابی المنذر خطیب
مجھے ان کے واسطہ سے بیان الزاہد کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:
"جو شخص ضرر رساں چیز پر خوش ہے وہ کب فلاح پائے گا؟"
نیز ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:
"ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سخت گرمی میں نماز پڑھتے تھے ہم میں سے جب
کوئی سجدہ کرنا چاہتا تو پہلے زمین پر اپنا کپڑا بچھاتا پھر اس پر سجدہ کرتا۔"
اس حدیث کے راوی غالب قطان خطاف کے بیٹے ہیں۔ امام دارقطنی نے اس لفظ کو فتح خاء کے
ساتھ پڑھا ہے۔ اس حدیث کو امام بخاری مسدد وغیرہ سے اور امام مسلم یحیٰی بن یحیٰی سے لائے ہیں۔ اور یہ
سب بشر سے روایت کرتے ہیں۔

****

۹۶۵ ۳۸/۱/۱۳ علامہ ابن مَرْدُوْیہ اصبہانی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام احمد بن موسیٰ بن مردویہ ہے آپ اصفہان کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور پختہ کار حافظِ حدیث ہیں، تفسیر اور تاریخ کی کتابوں کے مصنف کی حیثیت سے بہت شہرت رکھتے ہیں۔ آپ ابو سہل بن زیاد قطان، میمون بن اسحاق، عبداللہ بن اسحاق خراسانی، محمد بن عبداللہ بن علم صفار، اسماعیل خطبی، محمد بن علی بن دحیم شیبانی، احمد بن عبداللہ بن دہیل، اسحاق بن محمد بن علی کوفی، محمد بن احمد بن علی اسواری، احمد بن عیسیٰ خفاف، احمد بن محمد بن عاصم کرانی اور ان کے طبقہ سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے ابوالقاسم عبدالرحمان بن مندہ، ان کے بھائی عبدالوہاب ابوالخیر محمد بن احمد بن زرا، ابومنصور محمد بن شکردیہ، ابوبکر محمد بن حسن بن محمد بن سلیم، ابوعبداللہ ثقفی الرئیس، ابومطیع محمد بن عبدالواحد مصری اور دوسرے بہت سے لوگوں نے کسب فیض کیا۔

آپ نے صحیح بخاری پر مستخرج لکھا فنِ حدیث کو خوب جانتے تھے اور علم الرجال میں بڑی مہارت رکھتے تھے بڑی عمدہ تصانیف کے مصنف تھے۔ ۳۲۳ھ میں آپ پیدا ہوئے اور ۲۴ رمضان المبارک ۴۱۰ھ میں انتقال فرمایا ان کی عالی احادیث "ثقفیات" اور دوسری کتابوں میں مذکور ہیں۔ اس سال ذیل کے مشاہیر نے بھی دنیا سے رخت سفر باندھا اور آخرت کی طرف کوچ کیا۔

مسند ابراہیم بن مخلد باقرحی بغدادی، مسند دمشق ابوالقاسم عبدالرحمان بن عمر بن نصر شیبانی، مسند نیسابور علامہ ابوطاہر محمد بن محمد بن محمش زیادی، ابومحمد عبدالرحمان بن محمد بن احمد بن بالویہ المزکی ان کو ابوبکر قطان سے شرف ملاقات حاصل ہے، مسند الوقت ابوعمر عبدالواحد بن محمد بن عبداللہ بن مہدی فارسی بغداد میں فوت ہوئے، محدث ہرات علامہ قاضی ابومنصور شہدن محمد بن عبداللہ ازدی اور "الناسخ والمنسوخ" کے مصنف ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن [illegible] نے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ حدیث لی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے لیے اللہ تعالیٰ سے الوسیلہ کا سوال کیا کرو جو مومن میرے لیے اس کا سوال کرے گا میں قیامت کے دن اس کے حق میں شہادت دوں گا یا اس کے لیے شفیع اور شہید ہوں گا:

۹۶۶ ۳۹/۱/۱۳ امام غُنجار بخاری

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام محمد بن احمد بن محمد بن سلیمان بن کامل ہے۔ بخارا کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور ماوراء النہر کے محدث اور نامور عالم ہیں نیز تاریخ بخارا کے مصنف ہیں۔ آپ نے خلف بن محمد خیام، سہل بن عثمان سلمی، ابوعبید احمد بن عروہ کریبنی، محمد بن حفص بن اسلم، ابراہیم بن ہارون ملاحمی، حسن بن یوسف بن یعقوب، محمد بن محمد بن سابر اور دوسرے بہت سے لوگوں سے علم حاصل کیا اور طلب علم کے لیے دوسرے شہروں کا سفر

fat.com

نہیں کیا۔ ان سے ابو المظفر ہناد بن ابراہیم نسفی حدیث بیان کرتے ہیں۔ مجھے ان کے تفصیلی حالات نہیں ملے۔ آپ ۴۱۲ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ اس سال ذیل کے علماء نے بھی سفرِ آخرت اختیار کیا۔

مسند ابو عبداللہ حسین بن عمر بن برہان غزال بغداد میں فوت ہوئے، جامع ترمذی کے راوی مسندِ مرو ابو محمد عبدالجبار بن محمد بن عبداللہ بن ابی الجراح جراحی، محدثِ بغداد ابو الحسن محمد بن احمد بن محمد بن احمد بن رزقویہ بزاز، مسندِ مصر ابو العباس منیر بن احمد بن حسن بن منیر خشاب عدل ان کو علی بن عبداللہ بن ابی مطر اسکندرانی سے ملاقات حاصل ہے۔ حبال کہتے ہیں ثقہ ہیں۔ ان پر تدلیس کا شبہ کرنا جائز نہیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تک لوگ لا الٰہ الا اللہ اور محمد رسول اللہ کی شہادت نہ دیں نماز قائم نہ کریں اور زکوٰۃ دینے پر آمادہ نہ ہوں مجھے ان سے لڑنے کا حکم دیا گیا ہے جب وہ یہ کام کریں تو مجھ سے اپنے جان اور مال محفوظ کر لیں گے مگر اسلام کی حق تلفی پر ماخوذ ہوں گے اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے"

ان کے واسطہ سے مجھے افلح بن محمد کا یہ قول بھی ملا ہے کہتے ہیں:

"میں نے امام عبداللہ بن مبارک سے کہا میں اللہ تعالیٰ کی کوئی صفت بیان کرنا ناپسند کرتا ہوں کہنے لگے میں بھی اسے سب لوگوں سے زیادہ ناپسند کرتا ہوں لیکن جب اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کا ذکر قرآن حکیم میں آجائے گا تو ہم اس کو بیان کریں گے اور جب احادیث میں اس کا ذکر وارد ہوگا تو ہم اس کے کہنے کی جرأت کریں گے"

۹۶۷ ۴۰/۱۱۳ امام ابن ابی الفوارس بغدادی

آپ کی کنیت ابو الفتح اور نام محمد بن احمد بن محمد بن فارس بن سہل ہے بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور ماہر قاری ہیں۔ ۳۳۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۳۴۶ھ میں حدیث کا سماع کرنا شروع کیا۔ آپ نے احمد بن فضل بن خزیمہ جعفر خلدی، دعلج سجزی، ابو بکر نقاش، یعلے بن بکار مقری، ابو علی بن صواف اور ان کے طبقہ سے حدیث کی تعلیم حاصل کی اور اس مقصد کے لیے فارس، خراسان، اصفہان اور بصرہ جیسے دور دراز شہروں کے سفر کیے بہت سا علم جمع کیا اور کتابیں تصنیف کیں۔

خطیب کہتے ہیں آپ بڑے قوی الحافظہ اور بڑے امانتدار تھے۔ نیکوکاری اور پرہیزگاری میں مشہور تھے مشائخ اور اساتذہ کی احادیث کا انتخاب کیا کرتے تھے، ان سے ابو بکر برقانی اور ابو سعد مالینی حدیث بیان کرتے ہیں میں نے بھی ان کی احادیث کا معتد بہ حصہ ان کو پڑھ کر سنایا ہے۔ آپ جامع رصافہ میں حدیث املا کرایا کرتے تھے۔ آپ نے ذی قعدۃ ۴۱۲ھ میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔ میں کہتا ہوں آپ سے ابو علی بن بناء، ابو الحسین بن مہتدی باللہ

مالک بن احمد بانیاسی اور دوسرے لوگوں نے بھی حدیث بیان کی ہے۔ امام ابوعبداللہ حاکم کہتے ہیں۔ ابن الفوارس نے سب سے پہلے ابوبکر نجاد سے حدیث کا سماع کیا۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"زید بن حارثہ زینب کی شکایت لے کر آئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا سے ڈرو اور اپنی بیوی کو اپنے حبالۂ عقد میں رکھو، انس کہتے ہیں زینب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی دوسری بیویوں پر فخر کیا کرتی تھی اور کہتی تھی تمہاری شادی تمہارے گھر والوں نے کی ہے اور میری شادی اللہ تعالیٰ نے سات آسمانوں کے اوپر کی ہے۔"

ہم نے اس حدیث کا سند نازل کے ساتھ صحیح بخاری میں سماع کیا ہے ثنا احمد انا محمد بن ابی بکر مقدمی بعد متن حدیث کا ذکر کیا۔ نیز مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن مبارک کا یہ قول بھی ملا ہے فرماتے ہیں:

"میرے نزدیک سند بیان کرنا دین میں داخل ہے اگر سند نہ ہو تو جو شخص اپنی مرضی سے بات کہہ سکتا ہے لیکن جب کہا جائے کہ یہ حدیث کہاں سے لی تو لاجواب ہو کر حیرت زدہ رہ جاتا ہے۔"

۹۶۸ ۱۷۱/۳ امام جارُودی ہروی

آپ کی کنیت ابوالفضل اور نام محمد بن احمد بن محمد ہے ہرات کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے حامد بن محمد رفاء، محمد بن عبداللہ سلیطی، ابواسحاق قراب، عبداللہ بن حسین نصری، سلیمان بن احمد طبرانی، اسماعیل بن نجید سلمی، محمد بن علی بن حامد، احمد بن محمد بن سلمویہ نیسابوری، عمر بن محمد بن جعفر ہمدانی اور دوسرے بہت لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور علم کے لیے طویل رحلے کیے۔ عطاء بن عبدالواحد حلیمی، شیخ الاسلام حافظ عبداللہ بن محمد انصاری سے روایت کرتے ہیں۔

بسا اوقات شیخ الاسلام آپ سے روایت کرتے تو فرماتے ہم سے ابن مشاق کے امام جارودی نے حدیث بیان کی ہے ابونصر خامی کہتے ہیں۔ عموماً آپ سب علوم اور خصوصاً علم حدیث میں اپنی مثال آپ تھے۔ دنیا سے بہت کم تعلق رکھتے تھے۔ عفت اور پاکبازی کی زندگی بسر کرتے تھے ورع اور پرہیزگاری میں منفرد تھے۔ بعض لوگوں کو خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تو آپ نے وصیت کی جارودی کی قبر کی زیارت کرو وہ سنت کے پابند اور متقی آدمی تھے۔ بعض اہل علم کہتے ہیں جارودی پہلے شخص ہیں جنہوں نے ہرات میں تخریج فوائد، تصحیح احادیث اور رجال پر تفصیلی بحث کو رواج دیا۔ ابواسماعیل انصاری فرماتے ہیں جارودی کہا کرتے تھے میں تحصیل علم کے لیے امام طبرانی کی خدمت میں حاضر ہوا انہوں نے گرمجوشی سے میری پذیرائی کی اور مجھے اپنا مقرب بنا لیا مگر حدیث بیان کرنے میں بخل سے کام لیتے تھے۔ میں نے ایک دن عرض کی استاذ محترم آپ دوسروں کے حق میں جتنے فیاض ہیں میرے بارہ میں اتنے ہی بخل سے کام لیتے ہیں فرمانے لگے اس کا سبب یہ ہے کہ تم اس فن کو جانتے ہو اور اس کے قدردان ہو۔ امام

fat.com

جارودی نے شوال ۳۴۳ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ اس سال حسب ذیل علماء کرام اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

ابونصر حمد بن عمر زجاج محدث ہمدان ان کو مشہور محدث بجلی کے تلامذہ سے ملاقات حاصل ہے۔ ابوالقاسم صدقہ بن محمد دلہ قرشی دمشقی یہ ابی سعید بن الاعرابی سے روایت کرتے ہیں، عالم اندلس ابوالمطرف عبدالرحمان بن مروان انصاری تنازعی مالکی، اپنے زمانہ کے مسند اندلس امام مقری ابوالقاسم عبدالعزیز بن جعفر بن محمد بن حوامی فارسی ثم بغدادی ۹۲ سال کی عمر پاکر فوت ہوئے انہیں اسماعیل صفار اور ابن داسہ سے شرف ملاقات حاصل ہے، شہنشاہ کتابت ابوالحسن علی بن ہلال بغدادی ابن البواب، امام المفسرین شیخ مفید محمد بن محمد بن نعمان بغدادی ابن المعلم اور ابوسہل محمود بن عمر مکبری، مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتی ہیں:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری طرح جلدی جلدی حدیث بیان نہیں کرتے تھے آپ اس طرح ٹھہر ٹھہر کر بولتے تھے کہ ہر سننے والا آپ کی بات کو بخوبی یاد کر لیتا تھا۔"

ان ہی کے واسطہ سے ابن عجلان کا یہ قول ملا ہے وہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں۔

"جب کوئی عالم بے حوالہ اور بلا ثبوت بات کہتا ہے تو معلوم نہیں اس کا ضمیر مردہ ہو چکا ہوتا ہے ابو اسماعیل صفار سے ابن عجلان تک اس قول کے ناقل حفاظ حدیث ہیں واللہ اعلم۔"

۹۶۹ ۴۲/۱/۱۳ امام تمام رازی ثم دمشقی

آپ کی کنیت، ابوالقاسم اور نام تمام بن ابی الحسین محمد بن عبداللہ بن جعفر ہے آپ رے کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ آپ کے والد بزرگوار ابوالحسین محمد بھی نامور حافظ حدیث تھے۔ آپ ۳۳۲ھ میں دمشق میں پیدا ہوئے آپ نے اپنے والد کے علاوہ خیثمہ طرابلسی، ابوالحسن بن حذیم، ابوالمیمون بن راشد، ابوعلی احمد بن محمد بن فضالہ، حسن بن حبیب حنبائی، ابویعقوب اذرعی، محمد بن حمید حورانی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور قرآن حکیم احمد بن عثمان غلام سباک سے پڑھا۔ آپ سے آپ کے شیخ عبدالوہاب کلابی کے سوا ابوالحسین میدانی، ابوعلی اہوازی، حسن بن علی لباد، عبدالعزیز بن احمد کتانی، احمد بن محمد عتیقی، احمد بن عبدالرحمان طرائفی اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا۔

ابوعلی اہوازی کہتے ہیں میں نے ان جیسی خوبیوں کا حامل کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ آپ حدیث کے عالم اور رجال کے ماہر تھے ابوبکر حداد کہتے ہیں ہم نے حفظ حدیث اور کار خیر میں سبقت کرنے والے ان جیسے کسی آدمی سے ملاقات نہیں کی۔ حافظ کتانی کہتے ہیں ہمارے استاذ حافظ تمام محرم ۴۱۴ھ میں فوت ہوئے آپ ثقہ اور قابل اعتماد تھے۔ میں نے اہل شام کی حدیث ان سے زیادہ یاد رکھنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ میں کہتا ہوں اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا۔

بغداد میں مسند ابوعبداللہ حسین بن حسن بن محمد مخزومی غضائری، محدث طرابلس ابوعبداللہ حسین بن عبداللہ بن

محمد بن ابی کامل عبسی معدل نے طرابلس میں ہی وفات پائی، محدث ابو عبداللہ حسین بن محمد بن حسین بن عبداللہ بن فنجویہ ثقفی دینوری نیسابور میں فوت ہوئے، صاحب کتاب بہجۃ الاسرار شیخ حرم ابوالحسن علی بن عبداللہ بن حسن بن جہضم ہمدانی، شیخ اصفہان فقیہ قدوۃ ابوالحسن علی بن محمد بن احمد بن میلہ اصفہانی فرضی، ابوالقاسم علی بن محمد بن علی بن یعقوب ایادی بغداد میں انتقال کیا، مسند بصرہ قاضی ابو عمر قاسم بن جعفر بن عبدالواحد ہاشمی یہ امیر جعفر بن سلیمان کی اولاد سے ہیں ۹۰ سال کی عمر پاکر ذی قعدہ میں فوت ہوئے، مسند بغداد ابوالفتح ہلال بن محمد بن جعفر خفار، صاحب الامالی مسند نیسابور ابوزکریا یحییٰ بن ابراہیم بن محمد بن یحییٰ مزکی اور ابوسعید نقاش ان کا تذکرہ آگے آرہا ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ کو اکحل رگ میں آگ سے داغ لگوانے کا حکم دیا وہ بنو نضیر کے تیر سے زخمی ہوئے تھے چنانچہ انہوں نے آگ سے داغ لگوایا۔"

اس سند میں معان بن رفاعہ کمزور ہیں ان کے متعلق ائمہ کا اختلاف ہے۔

۹۷۰ ۴۳/۱/۱۳ امام علامہ ابن الباجی لخمی اشبیلی

آپ کی کنیت ابو عمر، نام احمد بن عبداللہ بن محمد علی اشبیلی اور لقب ابن الباجی ہے آپ اشبیلیہ کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث ہیں، انہوں نے اپنے والد سے "مصنف ابن ابی شیبہ" کا سماع کیا جو عبداللہ بن یوسف فیری عن بقی بن مخلد عن ابن ابی شیبہ کے واسطہ سے روایت کرتے تھے۔ آپ نے اپنے لڑکے محمد کے ساتھ مصر کا سفر کیا اور ابوبکر مہندس اور اس طبقہ کے دوسرے لوگوں سے استفادہ کیا۔ آپ ۳۲۲ھ میں پیدا ہوئے [illegible] ابو عمر حدیث اور اس سے متعلقہ فنون کے خوب ماہر اور مشہور امام تھے میں نے ایسا [illegible] دیکھا۔ انہوں نے طلب علم کے لیے سفر کیا اور بڑے بڑے شیوخ سے ملاقات کی [illegible] رہے پھر قرطبہ چلے گئے اور وہاں مستقل رہائش اختیار کی [illegible] علم کے دریا [illegible] بہت استفادہ کیا ہے۔

آپ نے محرم ۳۹۶ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا خولانی کہتے ہیں ان کے جنازہ میں شریک ہونے والے لوگ حد حساب سے باہر تھے مجھے بھی شرکت کا موقع ملا ہے۔ عبدالغنی ازدی کتاب "مشتبہ النسبۃ" میں لکھتے ہیں ابو عمر نے مجھ سے اور میں نے ان سے حدیث لکھی ہے۔ میں کہتا ہوں ان سے ابو عمر ابن عبدالبر نے بھی حدیث بیان کی ہے مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کا امتحان لیتے وقت یہ شرط کرتے تھے کہ وہ جاہلیت کی رسم کے مطابق بین نہیں کریں گی اور گھروں میں (اجنبی) مردوں کے ساتھ خلوت میں نہیں جائیں گی۔"

ازدی کہتے ہیں ابن الباجی کو ابو عبید کی غریب الحدیث اور ابن قتیبہ کی غریب الحدیث دونوں کتابیں [illegible]

حفظ تھیں ان کے علمی کمال کا یہ حال تھا کہ ۱۸ سال کی عمر میں مختلف احکام ان کے مشورہ سے نافذ ہوتے تھے ان کے والد نے اہلِ دنیا کے تمام علوم ان کے لیے جمع کر لیے تھے اس لیے ان کو کسی کی طرف سفر کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئی تاہم انہوں نے آخر میں سفر کیا اور مہندس اور ابوالعلاء بن ماہان سے ملاقات کی آخر میں ازدی کہتے ہیں آپ اپنے زمانہ کے مانے ہوئے فقیہ اور نامور امام تھے میں نے ۳۹۵ھ میں ان سے مصنف ابنِ ابی شیبہ پورے کا پورا پڑھا تھا آپ فی الواقع اصول اور فروع میں امامت کے درجہ فائز تھے۔ میں کہتا ہوں آپ سے آپ کے صاحبزادے محمد روایت کرتے ہیں اور آپ کا خاندان علم اور روایت کا خاندان ہے۔

۹۷۱ ۴۴/۱۳/۱ امام نقاش اصبہانی حنبلی

آپ کی کنیت ابوسعید، نام محمد بن علی بن عمر بن مہدی اور لقب نقاش ہے آپ اصفہان کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں اور حنبلی مذہب کے پیرو تھے۔ آپ نے اپنے نانا احمد بن حسن بن ایوب تمیمی، عبداللہ بن عیسیٰ خشاب ابومحمد بن فارس، احمد بن معبد سمسار، ابواحمد عسال اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا نیز بغداد میں ابوبکر شافعی، ابنِ مقسم، عمر بن سلم، ابویعلی بن صواف اور ان جیسے دوسرے آئمہ سے، بصرہ میں ابواسحاق ابراہیم بن علی ہجیمی، فاروق خطابی اور نجیب بن حسن قزاز سے، کوفہ میں نذیر بن جناح محاربی، صباح بن محمد نہدی اور ان کے طبقہ سے، مرو میں حاضر بن محمد فقیہ اور متعدد دوسرے آئمہ سے، جرجان میں ابوبکر اسماعیلی اور ان کے تلامذہ سے، ہرات میں احمد بن محمد بن حسنویہ سے اور دینور میں ابوبکر ابن السنی سے اکتسابِ فیض کیا۔ علاوہ ازیں حرمین شریفین، نیسابور، ہمدان اور نہاوند کے سرچشمہ ہائے علم سے بھی سیرابی حاصل کی۔ آپ نے بہت سا علم جمع کیا، کتابیں لکھیں اور تادمِ واپسیں املاء حدیث میں مصروف رہے اور منصب جلالت پر قائم رہتے ہوئے حدیث روایت کرتے وقت صداقت و دیانت کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ میں نے ان کی تصنیف کردہ کتاب "طبقات الصوفیہ" دیکھی ہے۔

آپ سے احمد بن عبدالغفار بن اشتہ، فضل بن علی حنفی، ابومطیع محمد بن عبدالواحد صحاف اور بہت سے دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ ان کی کتاب امالی اور کتاب القضاء کے بہت سے اجزاء ہمارے ہاتھ لگے ہیں۔ ۸۰ سال سے زیادہ عمر پاکر رمضان المبارک ۴۱۴ھ کو اپنے رب سے جا ملے رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی آدمی ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اسے چاہیئے کہ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھ کر تین دفعہ اپنے بائیں کندھے پر تھوک دے اور اس کا کسی سے ذکر نہ کرے اس سے اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا"

یہ حدیث حسن غریب ہے اصل حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے لیکن اس میں "اس کا ذکر نہ کرنے" کی بجائے "اپنی کروٹ بدل لے" کے الفاظ آئے ہیں۔ مگر کروٹ بدلنے کا حکم اس آدمی کے لیے ہے

جو رات کو بیدار ہونے کے بعد پھر سونے لگے جو دن کو جاگنے کے بعد اس کو یاد کرے اسے کروٹ بدلنے کی حاجت نہیں۔

۹۷۲ ۴۵/۱/۱۳ امام علامہ ابن فطیس قرطبی

آپ کی کنیت ابو المطرف اور نام عبد الرحمان بن محمد بن عیسیٰ بن فطیس بن اصبغ ہے آپ قرطبہ کے رہنے والے پختہ کار حافظ حدیث ہیں۔ بہت بڑے عالم تھے اور عہدۂ قضا پر فائز تھے۔ انہوں نے ابی عیسیٰ لیثی، ابو عبد اللہ بن مفرج، احمد بن عون اور اس طبقہ کے دوسرے بہت سے اہل علم سے فن حدیث سیکھی نیز انہیں مصر سے حسن بن رشیق اور بغداد سے ابوبکر ابہری سے اجازت حاصل تھی۔ آپ نقاد حدیث میں شمار ہوتے تھے علم الرجال کے ماہر تھے اور طلبا کو زبانی املا کرایا کرتے تھے۔ آپ کے پاس کتابوں کا اس قدر ذخیرہ تھا کہ آج تک کسی کے پاس اتنا ذخیرہ نہیں دیکھا گیا۔ کہتے ہیں ان کی کتابیں ۴۰ ہزار پونڈ میں فروخت ہوئی تھیں۔ ان کے تلامذہ میں حسب ذیل حضرات قابل ذکر ہیں۔

ابو اسحاق طلیطلی، ابو جعفر بن میمون، ابو عبد اللہ بن عائذ، سراج القاضی، ابو عمر بن عبد البر، ابو عمر بن خدا اور متعدد دوسرے آئمہ۔

تصانیف آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں ان میں سے چند قابل ذکر یہ ہیں۔

کتاب اسباب النزول ۱۰۰ جزء، کتاب فضائل الصحابہ ۱۰۰ جزء، کتاب معرفۃ التابعین ۵۰ جزء، الناسخ والمنسوخ ۳۰ جزء، کتاب الاخوۃ ۴۰ جزء اور کتاب دلائل الرسالہ ۱۰ جلدوں کے علاوہ اور بھی بہت سی کتابیں ہیں جن کا بیان طوالت کا موجب ہے۔ اپنی سب کتابوں میں ہر بات باسناد لکھتے تھے۔ آپ [illegible] پیدا ہوئے اور ایک دفعہ منصب وزارت پر بھی متمکن ہوئے ۵۴ سال کی عمر پاکر [illegible] سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔

وزیر ادیب ابو علی احمد بن سعید بن حزم بن غالب۔ آپ علامہ حافظ ابو محمد علی بن احمد کے والد ہیں۔ امام ابو الحسین احمد بن عبد اللہ بن خضر سوسنجردی۔ آپ ۸۰ سے زیادہ سال عمر پاکر بغداد میں فوت ہوئے۔ ابو محمد حسن بن حسین بن علی نوبختی الکاتب، شیعی معتزلی عبدہ بن مبشر واسطی، زاہد عراق ابو عمرو عثمان بن عیسیٰ باقلانی، خطیب دمشق مقری ابو الحسن علی بن داؤد دارانی، مسند شام اور جہانگرد محدث ابو الحسین محمد بن احمد بن محمد بن جمیع غسانی صیداوی۔ آپ نے ۹۶ سال کی عمر پاکر شام میں وفات پائی، نحوی مقری مسند عراق ابو الحسن محمد بن مبشر بن ہارون بن نجار تمیمی کوفی۔ آپ محمد بن حسن اشنانی سے روایت کرنے والے آخری شخص ہیں سو سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ امام الفرائض ابو الحسین محمد بن عبد اللہ بن لبان مصری، حاکم کوفہ ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ بن حسین جعفی ہروانی ۹۸ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ مسند اندلس ابو بکر یحییٰ بن عبد الرحمان بن مسعود قرطبی آپ کا لقب ابن وجہ الجنۃ ہے ۹۸ سال کی عمر میں انتقال پایا۔ آپ علامہ ابن حزم کے

سب سے بڑے اُستاذ ہیں، شیخ ہمدان ابوالعباس احمد بن ابراہیم بن احمد بن ترکان تمیمی خفاف عمر کی ۸۵ بہاریں دیکھ کر فوت ہوئے اور اسی سال یا اس کے بعد دوسرے سال عمر رسیدہ بزرگ ابوالعباس احمد بن حسین بن احمد بن زنبیل نے انتقال فرمایا۔ آپ ابن الشقر سے تاریخ صغیر بخاری روایت کرتے ہیں اور وہ امام بخاری سے روایت کرتے ہیں۔

۹۷۳ ۴۶/۱۳ امام ادریسی استرآبادی

آپ کی کنیت ابوسعد اور نام عبدالرحمان بن محمد بن محمد بن عبداللہ بن ادریس ہے۔ اپنے جد اعلیٰ ادریس کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے ادریسی کہلاتے ہیں، استرآباد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور نامی گرامی عالم ہیں، سمرقند کے محدث اور تاریخ سمرقند و تاریخ استرآباد کے مصنف ہیں۔ آپ نے ابوالعباس اصم، محمد بن حسن استرآبادی، ابوسہل ہارون بن احمد، ابواحمد بن عدی اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے حدیث کا سماع کیا اور مسائل اور احکام اور شیوخ پر کتابیں تصنیف کیں۔ آپ سے ابوعلی شاشی، ابوعبداللہ خبازی، ابوسعود احمد بن محمد بجلی، ابوسعید محمد بن عبدالرحمان کنجرودی، احمد بن محمد عتیقی، علی بن محسن تنوخی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں، خطیب نے ان کی توثیق کی ہے۔ امام حاکم کے ساتھ ۴۰۵ھ میں وفات پائی۔ اس سال درج ذیل علماء بھی دنیا کو چھوڑ کر عالمِ آخرت کی طرف سدھارے۔

مسندِ حرم ابوالحسن احمد بن ابراہیم بن فراس عبقی آپ مکہ میں ۹۳ سال کی عمر پاکر فوت ہوئے، مسندِ بغداد ابوالحسن احمد بن محمد بن موسیٰ بن قاسم بن صلت قرشی عبدی مجبر انہوں نے ۹۱ سال عمر پاکر وفات پائی، مقری بغداد ابوبکر بن شاذان الواعظ، مسندِ اصفہان ابومحمد عبداللہ بن احمد بن جولہ ابہری، بغداد کے قاضی القضاۃ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن عبداللہ اسدی ابن الاکفانی ۸۹ سال کی عمر میں فوت ہوئے انہیں محاملی اور اس طبقہ کے دوسرے آئمہ سے سماع حاصل تھا، شیخ الشافعیہ عبدالواحد بن حسین ابوالقاسم صیمری آپ ماوردی کے استاذ ہیں اور میرے خیال میں ان کا اسی سال بصرہ میں انتقال ہوا، مسندِ دمشق عدل ابوبکر محمد بن احمد بن عثمان بن ابی الحدید سلمی آپ نے ۹۶ سال عمر پائی، فقیہ دوران قاضی ابوالقاسم یوسف بن احمد بن یعقوب دینوری بھی اسی سال فوت ہوئے آپ مذہبِ شافعی کے ضرب المثل حافظ تھے اور محدثِ جرجان اور اس شہر کے صدر ابونصر محمد بن احمد بن ابراہیم بن اسماعیل، آپ کی اصم سے ملاقات ثابت ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص درخت لگائے اور وہ پھلنے پھولنے لگے تو اس کو قائم اللیل اور صائم النہار جتنا ثواب ملتا ہے نیز وہ عمر بھر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنے والے غازی کا اجر پاتا ہے۔"

اس کا متن باطل ہے اس کا راوی معروف ضعیف ہے اور اس کی سند ظلماتٌ بعضُها فوق بعض ہے واللہ اعلم۔

Marfa

۹۷۴ ۴۷/۱/۱۳ امام اسفرائینی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن احمد بن عبدالوہاب ہے آپ اسفرائن کے رہنے والے ہیں کمال حافظہ حدیث میں آپ نے طلبِ علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے آپ نے پہلا سفر ۳۰۱ھ میں کیا آپ نے ابوالعباس بن عدی اور ان کے اہل طبقہ سے اکتساب فیض کیا۔ امام حاکم فرماتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ ابوبکر نے امام مالک، شعبہ ثوری اور مسعر کی بیس ہزار سے زیادہ احادیث حفظ تھیں۔ میں کہتا ہوں بوڑھے ہونے کے بعد آپ [illegible] میں فوت ہونے افسوس ہے کہ جیسی آپ کو وقتی دیکھنے ان کے حالات نہیں ملے آپ فن حدیث سے [illegible] ان سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔

شیخ الشافعیہ ابوحامد احمد بن ابی طاہر محمد بن احمد اسفرائنی آپ نے ۳۰۶ھ سال کی عمر پا کر بغداد میں انتقال فرمایا۔ شیخ الصوفیہ استاذ ابوعلی حسن بن علی رقاق آپ نیشاپور میں فوت ہوئے [illegible] ابوالعباس عبدالعزیز مہلبی، مسند جزء ابوالقاسم عبیداللہ بن محمد بن عبداللہ بن حنابی [illegible] نے حدیث کا سماع کیا۔ شیخ العراق ابواحمد عبیداللہ بن محمد بن ابی مسلم اسفرائنی الفقیہ، مسند اصفہان ابوالقاسم عبدالرحمن بن محمد بن عبداللہ بن [illegible] ابوبکر محمد بن حسن بن فورک انصاری اصولی اور متکلم، المعلوم، شریف رضی ابوالحسن محمد بن حسین بن موسیٰ موسوی [illegible] ان کے واسطہ سے حضرت معاذ بن جبل کی یہ حدیث سنی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انسانوں کے دل سردیوں میں نرم ہو جاتے ہیں کیونکہ [illegible] آدم کو مٹی سے پیدا کیا اور مٹی سردیوں میں نرم ہو جاتی ہے"

یہ حدیث صحیح نہیں ہے شعبہ کے نام لگا دی گئی ہے اس نے اوس بن عبداللہ کو میں نہیں پایا [illegible] کو ترک کر دیا ہے۔ نیز ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث سنی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قصداً جھوٹ [illegible]"

یہ حدیث منکر ہے کذابی کے سوا اس کو کوئی نہیں بیان کرتا [illegible]

۹۷۵ ۴۸/۱/۱۳ امام شیرازی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام احمد بن عبدالرحمان بن احمد بن محمد بن موسیٰ فارسی ہے آپ مشہور کتاب الالقاب کے مصنف اور شیراز کے رہنے والے پایہ ناز حافظ حدیث ہیں تحصیل علم کے لیے دور دراز ممالک کا سفر کیا اور اصفہان میں ابوالقاسم طبرانی سے، بغداد میں ابوبکر بن مجاہد اور ان کے اہل طبقہ سے، بصرہ میں عبداللہ بن صدی سے نیشاپور میں محمد بن حسن سراج سے، مرو میں عبداللہ بن عمر بن ملک سے بلاد ترک میں سعید بن قاسم مقومی سے اور بخارا میں محمد بن محمد بن صابر سے حدیث کا سماع کیا۔ ان شیوخ کے علاوہ [illegible] شیرازی نے متعدد دوسرے شیوخ سے

علمی سرچشموں سے بھی اپنی پیاس بجھائی۔ آپ سے محمد بن یعلے ہمدانی، ابو مسلم بن عروہ، حمید بن مامون اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔

ابو الفرج بجلی کہتے ہیں آپ راست گو اور حافظِ حدیث تھے اس فن کو بہت اچھی طرح جانتے تھے۔ ہمارے ہاں سے ۴۰۴ھ میں شیراز چلے گئے اور وہاں ۴۱۱ھ میں انتقال کیا۔ جعفر مستغفری نے ان کا تذکرہ کیا ہے اور کہا ہے آپ بڑے سمجھدار تھے حدیث کو خوب یاد رکھتے تھے میں نے ان سے شہر نسف میں حدیث لکھی ہے میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ایک دفعہ میرے اور حافظ ابن البیع کے درمیان جھگڑا ہو گیا وہ کہتے تھے عمرو بن زرارہ اور عمر بن زرارہ ایک ہی شخص ہے۔ ہم یہ جھگڑا امام ابو احمد حاکم کے پاس لے گئے اور کہا شیخ اس آدمی کے متعلق کیا کہتے ہیں جو عمرو بن زرارہ اور عمر بن زرارہ کو ایک سمجھتا ہے؟ فرمانے لگے وہ کون بچہ ہے جو ان دونوں کے درمیان فرق نہیں کرتا۔ ابو القاسم بن مندہ کہتے ہیں امام شیرازی نے شوال ۴۰۷ھ میں داعیِ اجل کو لبیک کہا۔ اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی دنیائے دون سے عالمِ آخرت کو رختِ سفر باندھا

ابو عبداللہ احمد بن محمد بن یوسف بن دوست علاف، بزاز یہ زبانی حدیث املا کرایا کرتے تھے انہوں نے محمد بن جعفر بن مطیری سے سماع کیا تھا بغداد میں فوت ہوئے اور شیخ نیسا بور واعظ ابو سعید عبدالملک بن ابی عثمان خرکوشی زاہد انہوں نے ایک تفسیر اور دوسری مختلف تصانیف اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت سیابہ بن عاصم کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ نے حنین کے دن فرمایا میں عواتک کا بیٹا ہوں ہم نے فضل سے پوچھا تو انہوں نے بتایا آپ کے سلسلہ نسب میں چھ دادیاں گذری ہیں جن میں سے ہر ایک کا نام عاتکہ ہے عواتک عاتکہ کی جمع ہے"

یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

t.com

دوسرا چھوٹا طبقہ

۹۷۶ ۱/۲/۱۳ امام خلف بن محمد واسطی

آپ واسط کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث اور "کتاب الاطراف" کے مصنف ہیں۔ انہوں نے بغداد میں ابوبکر قطیعی اور ان کے طبقہ سے، جرجان میں ابوبکر اسماعیلی اور ان کے طبقہ سے، ہرات میں محمد بن عبداللہ بن خمیرویہ اور ان کے طبقہ سے اور واسط میں عبداللہ بن محمد بن سقاء اور ان کے علاوہ دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ خطیب فرماتے ہیں لوگ ان کی منتخب کردہ احادیث لکھا کرتے تھے آپ اس فن کے عالم فاضل تھے۔ پھر تجارت میں ایسے مشغول ہوئے کہ تا زندگی علم سے تعلق منقطع کر لیا۔ آپ طلب علم میں محدث شہیر ابوالفتح بن ابی الفوارس کے رفیق سفر تھے انہوں نے مصر و شام کا سفر بھی کیا۔

میں کہتا ہوں تقدم اور برتری کے باوجود امام ابوعبداللہ حاکم ان سے روایت کرتے ہیں ان کے علاوہ ابوعلی اہوازی، ابوالقاسم عبیداللہ بن احمد ازہری اور ایک دوسری جماعت نے بھی آپ سے استفادہ کیا۔ آخر میں رملہ میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی اور تجارتی کاروبار کرنے لگ گئے تھے انہوں نے صحیحین کے بڑے عمدہ اطراف لکھے ہیں جس میں بہت فوائد جمع کیے ہیں اور دوسرے محدثین کے اوہام پر تنبیہ بھی کی ہے اس میں ابومسعود دمشقی کے اطراف سے اغلاط بہت کم ہیں۔ امام حاکم نے ان کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے آپ شعبہ اور دوسرے محدثین کی احادیث کے حافظ تھے۔ ابونعیم کہتے ہیں ہم نیسابور اور اصفہان میں ان کی صحبت میں رہے ہیں۔

میں کہتا ہوں ۴۰۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔ خطیب کہتے ہیں میں نے ازہری سے سنا ہے فرماتے تھے خلف حافظ حدیث تھے اور ابن ابی الفوارس ان کے استاد تھے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سخی کی عیب جوئی سے دور رہو جب وہ کوئی غلطی کرنے لگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا ہاتھ پکڑ لیتا ہے۔"

۹۷۷ ۲/۲/۱۳ امام ابومسعود دمشقی

آپ کی کنیت ابومسعود اور نام ابراہیم بن محمد بن عبید دمشقی ہے آپ دمشق کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں "کتاب الاطراف" کے مصنف ہیں اور اس فن میں چوٹی کے علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ نے واسط میں محمد بن عبداللہ بن محمد بن سقاء وغیرہ سے، کوفہ میں مطین کے تلامذہ سے، اصفہان میں ابوبکر قباب سے اور ان کے طبقہ سے، بصرہ میں بوتلیہ

جمحی کے تلامذہ سے، نیسابور میں امام ابن خزیمہ کے اصحاب سے اور ابوبکر احمد بن عبدان شیرازی سے حدیث کا سماع کیا۔ خطیب فرماتے ہیں آپ نے تحصیلِ علم کے لیے بہت سے سفر کیے بغداد میں ابوسعید حرانی کے تلامذہ کے علاوہ بصرہ، اہواز، واسط، خراسان اور اصفہان کے ائمہ سے حدیث لکھی۔ آپ کو صحیحین سے خاص لگاؤ تھا۔ انہوں نے حدیث بہت کم بیان کی ہے اور جو بیان کی ہے وہ بھی بطور مذاکرہ۔ بیان کی ہے۔ آپ راست گو، دیانتدار، پرہیزگار اور سمجھدار تھے۔ آپ کا جنازہ ابوحامد اسفرائینی نے پڑھا تھا اور وہی آپ کے وصی تھے۔ مجھے عتیقی نے بتایا ہے کہ آپ کا انتقال ۴۰۱ھ میں ہوا۔

میں کہتا ہوں آپ سے ابوذر ہروی، حمزہ سہمی، احمد بن محمد عتیقی، ابوالقاسم لالکائی اور دوسرے لوگوں نے حدیث بیان کی ہے۔ آپ کی روایت کردہ احادیث بہت کم ہیں کیونکہ آپ کا عالمِ جوانی میں انتقال ہوگیا تھا۔ آپ نے رجب ۴۰۰ھ یا ۴۰۱ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا رحمہ اللہ تعالیٰ۔

میں نے احادیث معللہ میں آپ کی تصنیف کردہ ایک جلد دیکھی ہے جو آپ کے بے پناہ حافظہ اور نقد رجال میں آپ کی مہارت کی شہادت دیتی ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب وادی محسر میں آئے تو اپنی اونٹنی کو تیز کر دیا اور فرمایا یہاں سے (رجم جمار کے لیے) چنے کے برابر کنکریاں اٹھالو۔"

"وبہ قال الخطیب وثنا ابوالعلاء الواسطی، ثنا ابوالمزنی لکنہ قال ابن عمرو الفہری"

نیز ان کے واسطہ سے ایاس بن سلمہ کی یہ روایت ملی ہے کہتے ہیں:

"میرے باپ نے بتایا کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھ لیتے تھے اور دیواروں کا سایہ اتنا نہیں ہوتا تھا کہ ہم سایہ میں چل سکیں۔"

یہ حدیث امام مسلم نے اسحاق حنظلی عن ابی الولید سے ذکر کی ہے اور وکیع نے یعلیٰ سے اس کی متابعت کی ہے۔

۹۷۸ ۳/۲/۱۳ امام مالینی ہروی

آپ کی کنیت ابوسعد، نام احمد بن محمد بن احمد بن عبداللہ بن حفص اور لقب طاؤس الفقراء ہے۔ ہرات کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور عالم زاہد صوفی ہیں۔ آپ نے خراسان، شام، عراق، مصر اور دوسرے شہروں میں جاکر مشاہیر علماء سے فن حدیث میں کمال پیدا کیا ان میں سے چند نامور شخصیتوں کے نام درج ذیل ہیں۔

عبداللہ بن عدی، ابوبکر قطیعی، محمد بن عبداللہ سلیطی، اسماعیل بن نجید سلمی، حافظ ابوالشیخ، حسن بن رشیق مصری، قاضی یوسف بن قاسم میانجی، محمد بن احمد بن علی بن لنمان رملی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء۔ آپ نے بہت سا علم جمع کیا اور بڑی بڑی مسانید کی کافی مقدار حاصل کی آپ ثقہ، متقن اور صاحبِ حدیث تھے۔ نیز بڑے بڑے صوفیوں میں شمار

ہوتے ہیں، آپ نے ایک کتاب "اربعین صوفیہ" تصنیف کی ہے۔

آپ سے حافظ عبدالغنی، تمام رازی، ابو حازم عبدوی، ابوبکر بیہقی، ابوبکر خطیب، ابونصر عبیداللہ سجزی، قاضی ابو عبداللہ قضاعی، محمد بن احمد بن شبیب کاغذی، ابو عبداللہ حسین بن احمد بن طلحہ نعالی، قاضی ابوالحسین خلعی اور دوسرے لوگوں نے علم حدیث کی تحصیل کی۔ حمزہ سہمی کہتے ہیں مالینی ۳۶۴ھ میں جرجان آئے اور اصفہان، ماوراء النہر، مصر اور حجاز کے بہت سے سفر کیے۔ سہمی کہتے ہیں آپ ۴۰۹ھ میں فوت ہوئے مگر یہ وہم ہے ان کا انتقال ۴۱۲ھ میں ہوا ہے۔ علامہ ابن الصلاح نے طبقات شافعیہ میں اس کا ذکر کیا ہے۔ عبدالعزیز بن علی ازجی کہتے ہیں میں نے ایک دفعہ امام مالینی سے کتابیں نقل کرنے اور ان کا مقابلہ کرنے کی اجرت ۵۰ پونڈ یک مشت وصول کی مجھے ان کے واسطے سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ مقام حفیاء سے گھوڑ دوڑ کرائی اور اس کی حد ثنیۃ الوداع پر ختم ہوئی تھی، نیز غیر تضمیر شدہ گھوڑوں کی دوڑ ثنیۃ الوداع سے مسجد بنو زریق تک کرائی حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بھی اس دوڑ میں حصہ لیا۔"

ابواسحاق حبال کہتے ہیں امام مالینی نے بروز منگل ۱۳ شوال ۴۱۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ نیز اس سال قاضی ابو محمد حسن بن حسین بن رامین استرآبادی اور ان کے علاوہ مشاہیر کی ایک جماعت نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی

۹۷۹ ۴/۲/۱۳ امام عبدوی نیشاپوری

آپ کی کنیت ابوحازم، نام عمر بن احمد بن ابراہیم بن عبدویہ اور لقب اعرج ہے آپ نیسابور کے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ مدینہ منورہ کے فقہائے سبعہ کے ایک رکن امام عبیداللہ کی اولاد سے ہیں آپ نے اسماعیل بن نجید، محمد بن عبداللہ بن عبدہ سلیطی، ابوعمرو بن مطر، ابوالحسن سراج، ابوبکر اسماعیلی، ابوالفضل بن خمیرویہ اور ابواحمد غطریفی سے حدیث کا سماع کیا۔ مزید تعلیم کے لیے ہرات اور جرجان کا سفر کیا۔ بغداد میں عیسیٰ بن وزیر اور ان کے طبقہ سے اکتساب فیض کیا۔ آپ سے ابوالفتح بن ابی الفوارس، ابوالقاسم تنوخی، احمد بن عبدالواحد وکیل، ابوصالح مؤذن، ابوبکر خطیب اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام خطیب کہتے ہیں آپ ثقہ، راست گو، حدیث کے حافظ اور اس کو جاننے والے تھے میں کہتا ہوں ان سے سب سے آخر میں رئیس ابوعبداللہ ثقفی نے حدیث کا علم حاصل کیا۔ ابوعلی وخشی کہتے ہیں آپ بروز عید الفطر ۴۱۰ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے ابوبکر خطیب کہتے ہیں میں نے دو آدمیوں ابونعیم اور ابوحازم عبدوی کے بغیر کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جس پر بجا طور پر حفظ حدیث کا اطلاق کیا جائے۔ میں کہتا ہوں ان کے والد احمد نے بچپن میں ان کو صبغی اور حامد رفاء سے حدیث کا سماع کرایا تھا مگر بڑے ہونے

fat.com

کے بعد انہوں نے تورع کی بنا پر ان سے حدیث بیان نہیں کی۔ ابو صالح مؤذن کہتے ہیں میں نے حافظ ابو حازم سے کہتے ہوئے سُنا ہے کہ میں نے اپنے ہاتھ سے اپنے دس شیوخ سے دس ہزار جزء نقل کیے ہیں۔ ہر شیخ سے ایک ہزار جزء نقل کیا ہے۔ میں کہتا ہوں ان کے ساتھ اس سال مندرجہ ذیل علماء بھی سفرِ آخرت پر روانہ ہوئے۔

بغداد کے قاضی القضاۃ ابو الحسن احمد بن محمد بن ابی الشوارب اموی آپ عفیف، پرہیزگار اور رئیس تھے ۸۸ سال زندہ رہے اور حدیث پڑھانے سے انکار کیا کرتے تھے، ابو الحسین احمد بن محمد بن سلامہ سیتی انہیں خیثمہ سے لقاء ثابت ہے آپ بغداد میں فوت ہوئے، مرو میں شافعیہ کے شیخ عبداللہ بن احمد قفال مروزی، مقری ابو الحسن علی بن احمد بن عمر بن حفص الحمامی آپ نے بغداد میں انتقال کیا، علی بن حرب کے نسخہ کے راوی عمر رسیدہ بزرگ ابو حفص عمر بن احمد بن عثمان عکبری بزاز اور محدثِ دمشق ابو نصر محمد بن احمد بن ہارون غسانی آپ جامع مسجد کے امام تھے ثقہ ہیں اور خیثمہ سے روایت کرتے ہیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو قتادہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی اور آپ نے اپنی نواسی امامہ بنت زینب دختر ابو العاص بن ربیع کو اپنے کندھے پر اٹھایا ہوا تھا جب آپ کھڑے ہوتے تو اس کو اٹھا لیتے اور جب سجدہ کرنے لگتے تو اس کو زمین پر بٹھا دیتے تھے"

۹۸۰ ۵/۲/۱۳ شیخ الفقہاء والمحدثین امام یزدقانی شافعی

آپ کی کنیت ابو بکر، نام احمد بن محمد بن احمد بن غالب خوارزمی اور لقب شیخِ بغداد ہے۔ آپ خوارزم کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے خوارزم میں ابو بکر اسماعیلی سے، ہرات میں محمد بن عبداللہ بن خمیرویہ سے، نیساپور میں ابو عمرو بن حمدان سے، دمشق میں ابو بکر بن ابی الحدید سے اور مصر میں عبدالغنی ازدی اور ابن نحاس سے حدیث کا سماع کیا، بہت سی کتابیں لکھیں اور صحیحین کی تخریج کی۔ آپ سے ابو عبداللہ صوری، ابو بکر بیہقی، خطیب، فقیہ ابو اسحاق شیرازی، ابو القاسم بن ابی العلاء، حافظ سلیمان بن ابراہیم، ابو طاہر احمد بن حسن کرخی، ابو الفضل بن خیرون، یحییٰ بن بندار، محمد بن عبدالسلام شافعی انصاری اور دوسرے بہت سے لوگوں نے علمِ حدیث حاصل کیا۔

خطیب کہتے ہیں آپ ثقہ، پختہ کار اور پرہیزگار تھے۔ ہم نے اپنے اساتذہ میں ان سے زیادہ پختہ ذہن کوئی آدمی نہیں دیکھا، آپ فقہ کو جانتے تھے اور ادبِ عربی میں خوب مہارت رکھتے تھے، آپ نے ایسی مسند تصنیف کی جس میں صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں مذکور ہونے والی احادیث درج کیں۔ آپ نے ثوری، شعبہ، عبیداللہ بن عمر، عبدالملک بن عمیر، بیان بن بشر اور مسعر وراق کی دیگر احادیث الگ الگ تصانیف میں جمع کیں۔ آپ نے اپنی وفات تک تصانیف کا سلسلہ منقطع نہیں کیا۔ علم کے اتنے حریص تھے کہ اپنی ساری توجہ اس کے حصول پر مرکوز کر دی تھی۔ میں نے ان سے سُنا ہے ایک نیکوکار عالم کو کہہ رہے تھے اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ حدیث طلبی کی خواہش میرے دل سے نکال دے اس کی محبت مجھ پر اس قدر غالب ہے کہ مجھے اس کے سوا کسی اور چیز کی رغبت ہی باقی نہیں رہی۔ ابو القاسم

ازہری کہتے ہیں برقانی ایسے امام ہیں کہ ان کے مرنے کے بعد اس فن کا خاتمہ ہو جائے گا۔

خطیب کہتے ہیں فقیہ محمد بن یحییٰ کرمانی کا بیان ہے کہ میں نے محدثین میں امام برقانی سے سے زیادہ عبادت کرنے والا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ میں نے ازہری سے پوچھا کیا آپ نے کسی شیخ کو برقانی سے زیادہ حدیث ضبط کرنے والا دیکھا ہے؟ بولے نہیں، ابو محمد خلال کہتے ہیں آپ اپنی نظیر آپ تھے۔ خطیب کہتے ہیں میں نے ان سے زیادہ پختہ ذہن کسی استاذ کو نہیں دیکھا ابوالولید باجی کہتے ہیں آپ ثقہ اور حافظ حدیث تھے۔ شیخ ابو اسحاق نے طبقات الشافعیہ میں ان کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے آپ ۳۳۶ھ میں پیدا ہوئے بغداد میں سکونت اختیار کی اور وہاں ہی شروع رجب ۴۲۵ھ میں انتقال فرمایا آخر میں لکھتے ہیں۔ آپ نے پہلی عمر میں علم فقہ میں کمال حاصل کیا۔ اس میں کتابیں لکھیں پھر علم حدیث کی طرف متوجہ ہوئے تو اس میں اتنی ترقی کی کہ امامت کے مرتبہ پر فائز ہو گئے۔ امام برقانی خود فرماتے ہیں جب میں تحصیل علم کے لیے شہر اسفرائن میں آیا تو میرے پاس تین دینار اور ایک درہم تھا۔ دینار تو کسی طرح ضائع ہو گئے، درہم بچ رہا وہ میں نے ایک نانبائی کو دیا اور اس سے ہر روز دو روٹیاں لینا ٹھہرائیں ادھر میں بشر بن احمد سے ایک جزء لیتا اور اس کو لکھ کر شام تک واپس کر دیتا جب میں ۳۰ جزء لکھ چکا تو نانبائی سے میرا حساب ختم ہو گیا چنانچہ مجھے وہاں سے نکلنا پڑا۔ خطیب لکھتے ہیں مجھے احمد بن غانم نے جو ایک صالح آدمی ہیں بتایا میں نے امام برقانی کو ان کے مکان سے منتقل کیا تو ان کے پاس ۶۳ بیگ اور دو صندوق تھے جو سب کتابوں سے بھرے ہوئے تھے۔ میں کہتا ہوں ان کے ساتھ ۴۲۵ھ میں مندرجہ ذیل علماء کرام بھی راہی ملک عدم ہوئے۔

مسند عراق ابو علی حسن بن ابی بکر احمد بن ابراہیم بن شاذان بغدادی بزاز ان کی عمر ۹۷ سال تھی۔ مسند ہمدان ابو سعید عبدالرحمان بن محمد بن عبداللہ بن بندار بن شبانہ۔ مسند دمشق ابوالحسن عبدالرحمان بن محمد بن یحییٰ بن یاسر جوہری۔ محدث اور مفید دمشق ابو نصر عبدالوہاب بن عبداللہ بن عمران الجبان مزی شروطی۔ کتانی کہتے ہیں ہمارے استاذ ابو [illegible] فوت ہوئے آپ بہت سی کتابوں کے مصنف تھے اور مسند اصفہان ابوبکر محمد بن علی بن ابراہیم بن مصعب التاجر۔ مجھے ان کے واسطہ سے سعید بن مرجانہ کی یہ حدیث ملی ہے ابو ہریرہ روایت کرتے ہیں کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان کسی مسلمان غلام کو آزاد کرے اللہ تعالیٰ اس کے ہر عضو کے بدلے اس کا ہر عضو آگ سے محفوظ رکھے گا۔ سعید کہتے ہیں میں نے یہ حدیث علی بن حسین (زین العابدین) کو سنائی تو انہوں نے اپنا وہ غلام جس کے بدلے عبداللہ بن جعفر ان کو دس ہزار درہم دیتے تھے آزاد کر دیا۔"

یہ حدیث اس سند کے ساتھ امام بخاری نے اپنی صحیح میں ذکر کی ہے عن محمد صاعقہ عن داؤد بن رشید عن الولید بن مسلم عن محمد بن مطرف عن زید بن اسلم عن علی بن الحسین عن سعید بن مرجانہ۔ گویا یہ حدیث ہمارے شیخ نے فربری کے شاگرد سے سنی ہے اور سماع عالی کے ساتھ میرے پاس برقانی کے کئی مصافحے ہیں۔ وللہ المنۃ

☆☆☆☆☆

۹۸۱ ۶/۲/۱۳ امام حجت ابن الفرضی قرطبی

کنیت ابوالولید نام عبداللہ بن محمد بن یوسف بن نصر قرطبہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور تاریخ اندلس کے مصنف ہیں۔ آپ نے حافظ ابو عبداللہ بن مفرج، ابو جعفر بن عون اللہ، خلف بن قاسم، عباس بن اصبغ، او جزیرہ اندلس کے دوسرے بہت سے اہلِ علم سے اکتسابِ فیض کیا۔ پھر فریضہ حج ادا کرنے کے لیے حجاز آئے تو ابو بکر احمد بن محمد بن مہندس، حسن بن اسماعیل ضراب، ابو مسلم کاتب، یوسف بن دخیل کی، ابو محمد بن ابی زید مغربی احمد بن نصر داؤدی، اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے مختلف کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں شعراء اہل الاندلس، کتاب فی المؤتلف والمختلف، کتاب فی مسبہ النسبۃ وغیرہ شامل ہیں۔ آپ سے مشہور حافظ ابن عبدالبر نے روایت کی ہے اور کہا ہے آپ بے بدل فقیہ اور حدیث، رجال اور دیگر شعبہ ہائے علم میں کامل ماہر تھے۔ میں نے ان کی رفاقت میں اپنے اکثر مشائخ سے فیض حاصل کیا ہے۔ آپ کی رفاقت اور آپ کی معاشرت قابلِ تحسین تھی۔ دوسرے لوگوں کے ساتھ بربریوں نے آپ کو بھی قتل کر دیا تھا۔ اور آپ کی لاش تین دن تک بے گور کفن آپ کے گھر پڑی رہی۔

ابو مروان بن حبان کہتے ہیں ہم نے قرطبہ میں وسعتِ روایت، حفظِ حدیث اور معرفتِ رجال میں ابن الفرضی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ فنونِ ادب اور دیگر ہر قسم کے علوم میں بھی آپ کی نظیر نہیں ملتی تھی۔ آپ ۳۵۱ھ میں پیدا ہوئے ۳۸۲ھ میں حج کرنے کے لیے آئے اور بہت سی کتابیں خرید کر اپنے ساتھ لے گئے۔ بلنسیہ کے قاضی مقرر ہوئے آپ بڑے بلیغ اور خوشخط تھے۔ حکومت کی چٹھیاں اور مکاتیب پڑھنے کے منصب پر بھی فائز رہے۔ امام ابوالولید کا خود اپنا بیان ہے کہ میں نے خانہ کعبہ کے پردے پکڑ کر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مجھے شہادت کے مرتبہ پر فائز کرے واپس آیا تو قتل کی دہشت اور بھولنا کی سے گھبرا گیا اپنے کیے پر نادم ہوا اور چاہا کہ دوبارہ بیت اللہ کے پردے پکڑ کر اللہ تعالیٰ سے اس کی معافی مانگوں لیکن حیا مانع ہوا، اور میں نے یہ ارادہ ترک کر دیا۔ حافظ ابو محمد علی بن احمد کہتے ہیں کہ جس نے انہیں مقتولوں میں دیکھا ہے مجھے بتایا کہ وہ نزع کی حالت میں ان کے نزدیک پہنچا تو نہایت کمزور آواز میں انہیں یہ کہتے ہوئے سنا جو شخص اللہ تعالیٰ کے راستہ میں زخمی ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کون اس کے راستہ میں زخمی ہوتا ہے اور وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کے زخموں سے خون بہتا ہوگا اس کا رنگ تو خون کا رنگ ہوگا لیکن اس سے کستوری جیسی خوشبو مہکے گی۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ وہ اپنے نفس کو تسلی دینے کے لیے یہ حدیث پڑھ رہے ہیں پھر ان کی روح جسدِ عنصری سے پرواز کر گئی۔ ابن حیان کہتے ہیں آپ کے قتل کا سانحہ اس دن پیش آیا جس دن قرطبہ پر دشمن کا قبضہ ہوا۔ پھر آپ کے متغیر شدہ جسم کو بلا غسل و کفن اور بلا نماز جنازہ سپردِ خاک کر دیا گیا۔ ابنِ حزم کہتے ہیں یہ شعر ان کے ہیں ؎

ان الذی اصبحتُ طوعَ یمینہ ان لم یکن قمرا فلیس بدونہ

جس محبوب کی محبت میں میں اس کا غلام بے دام بن گیا ہوں اگر وہ بدر منیر نہیں تو اس سے کم بھی نہیں

ذلی لہ فی الحب من سلطانہ وسقام جسمی من سقام جفونہ

محبت میں میرا اس کے سامنے ذلیل ہونا اس کے تسلط کی دلیل ہے اور میرے جسم کی بیماری اس کی مست آنکھوں کی بیمار منت ہے۔

حافظ ابن عبدالبر فرماتے ہیں آپ نے اپنا یہ کلام ہمیں خود پڑھ کر سنایا۔

اسیر الخطایا عند بابک واقف علی وجل مما بہ انت عارف

الٰہی! ایک خطاکار قیدی تیرے دروازے پر کھڑا ہے اور اپنے گناہوں سے جو تیرے علم میں ہیں خوفزدہ ہے۔

یخاف ذنوبا لم یغب عنک غیبہا ویرجوک فیما فہو راج وخائف

ان گناہوں سے خوفزدہ ہے جو تجھ سے پوشیدہ نہیں ہیں اور تیری عفو کا امیدوار ہے پس وہ رجا میں گرفتار ہے۔

وممن ذا الذی یرجی سواک ویتقی ومالک فی فصل القضاء مخالف

تیرے سوا کس سے امید کی جائے اور کس سے ڈرا جائے تو جو فیصلہ کرے اس میں تیری مخالفت کرنے والا کوئی نہیں ہے۔

فیا سیدی لا تخزنی فی صحیفتی اذا فشرت یوم الحساب صحائف

آقا! جب روز حساب نامہ ہائے اعمال پیش کیے جائیں گے مجھے میرے اعمال سے ذلیل نہ کیجیو۔

ولکن تؤنسنی فی ظلمۃ القبر عندما

اور قبر کی تاریکی میں میرا مونس و غمخوار بنیو اور جب [illegible]

بے مروت ہو جائیں گے۔

لفرن مناق حتی فقول الواسع الذی [illegible]

اگر تیری [illegible] سے لبالب بھرے ہوئے [illegible] تو میں [illegible]

گا۔

آپ کو ۴۰۳ھ میں بیدق کے ساتھ قتل کر دیا گیا اس سال [illegible]

مسند ابو [illegible] حسن بن [illegible] حسن بن حامد بغدادی وراق، صاحب التصانیف اور عالم [illegible]

ابو علی حسین بن محمد رزذ باری طوسی، فقیہ اہلِ مغرب ابوالحسن قابسی اور عالمِ عراق قاضی ابوبکر محمد بن طیب بن باقلانی اصولی آپ بہت سی کتابوں کے مصنف اور علم کا خزانہ تھے۔

۹۸۲ ۷/۲/۱۳ علامۃ المغرب امام قابسی معافری فرذی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام علی بن محمد بن خلف ہے نامور فقیہ، مشہور محدث اور بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ افریقہ ابن مسرور دباغ اور دارس بن اسماعیل اور مصر میں حمزہ بن محمد حافظ، ابوزید مروزی اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے استفادہ کیا۔ آپ ۳۲۴ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ حدیث اور علل حدیث کے حافظ، علم الرجال سے باخبر اور صحیح کے خصوصی ماہر تھے۔ آنکھوں سے نابینا تھے تاہم ان کی کتابیں انتہائی صحیح تھیں آپ کے قابلِ اعتماد شاگرد آپ کے لیے ان کو ضبط کیا کرتے تھے مکہ میں ابوزید سے پڑھتے وقت آپ کے لیے صحیح بخاری کو آپ کے شاگرد ابو محمد اصیلی نے ضبط کیا تھا حاتم طرابلسی نے آپ کا ذکر کیا ہے اور کہا ہے آپ زاہد اور پرہیزگار تھے۔ میں نے قیروان میں تمام علماء کو ان کے علم و فضل کا اعتراف کرتے دیکھا ہے۔ آپ سے ابوعمران فاسی، ابوالقاسم کبیدی، عتیق سوسی اور دوسرے لوگوں نے علمِ فقہ حاصل کیا۔

تصانیف آپ نے بہت سی عمدہ کتابیں لکھی ہیں چند ایک کے نام یہ ہیں۔
کتاب الممہد فی الفقہ واحکام الدیانات، المنقذ من شبہ التاویل، کتاب المنبہ للفطن من غوائل الفتن ملخص المؤطا، کتاب المناسک، عقائد وغیرہ۔

قابسی کہلانے کی وجہ آپ کو قابسی اس لیے کہا جاتا ہے کہ آپ کے چچا اہلِ قابس کی طرح پگڑی باندھتے تھے
آپ سے روایت کرنے والوں میں شیخ الرازی ابو محمد عبداللہ بن ولید بن سعد انصاری اور حافظ ابوعمرو دانی بھی ہیں۔ آپ نے فن قراۃ ابوالفتح بن بدھن سے سیکھا اور قرآن حکیم ان کو سنایا تھا۔ قیروان کے قاری آپ پر بہت اعتماد کرتے تھے۔ لیکن جب آپ کو پتہ چلا کہ آپ کے کسی شاگرد نے حاکم شہر کو قرآن پڑھایا ہے تو آپ نے قرآن پڑھانا ترک کر دیا اور ہمہ تن فقہ کی تحصیل میں متوجہ ہو گئے اور اس میں اتنا کمال پیدا کیا کہ آپ کو امامِ دوران تسلیم کیا گیا۔ میں نے ان سے بہت کچھ لکھا ہے۔ آپ ۵۲ھ میں سفر پر گئے اور پانچ سال تک غائب رہے۔

وفات حاتم کہتے ہیں آپ نے ربیع الآخر ۴۰۳ھ میں قیروان میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا جس دن آپ کو سپردِ خاک کیا گیا بہت سے لوگوں نے آپ کی قبر پر رات بسر کی اور ان کو سردی سے بچانے کے لیے خیمے نصب کیے گئے۔ مختلف شعراء نے آپ کے مرثیے لکھے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ جب مردار کے چمڑے رنگے جائیں تو ہم ان کو اپنے کام

میں لائیں۔"

۹۸۳ ۸/۲/۱۳ امام ولید بن بکر بن مخلد اندلسی سرقسطی

آپ کی کنیت ابوالعباس نام ولید بن بکر بن مخلد سرقسطہ کے رہنے والے نامور عالم اور ممتاز حافظ حدیث ہیں۔

اساتذہ آپ نے اندلس کے آخری حصہ سے سفر کیا خراسان آئے اور علی بن احمد بن خصیب سے احمد بن عبداللہ عجلی کی کتاب معرفۃ الرجال سبقاً سبقاً پڑھی اس کے علاوہ حسن بن رشیق، یوسف میانجی، ابوبکر ربعی اور احمد بن جعفر رملی سے علم حدیث حاصل کیا۔ آپ سے عبدالغنی مصری، ابوذر عبدبن احمد ہروی، ابوالطیب احمد بن علی کوفی، ابوالحسن عتیقی، ابوسعد سمان، احمد بن منصور بن خلف مغربی، حسن بن جعفر سلماسی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ شاعر تھے اور بہت عمدہ شعر کہتے تھے ابوالولید ابن الفرضی کہتے ہیں۔ آپ فن حدیث اور فقہ میں بھی تھے۔ عربی زبان اور عربی ادب کے ماہر تھے۔ آپ کے بیان کے مطابق آپ نے اپنے سفر میں ایک ہزار سے زیادہ شیوخ سے ملاقات کی ابوعلی فارسی آپ کی بہت تعریف کرتے تھے اور آپ کی شان کو بہت بلند بیان کرتے تھے۔

امام ابوعبداللہ حاکم فرماتے ہیں آپ نے عرصہ تک نیسابور میں قیام کیا۔ فنون ادب میں آپ کو دوسروں پر تقدم حاصل تھا چوٹی کے شاعر تھے۔ رجب ۳۹۲ھ میں دینور میں انتقال کیا۔ حافظ عبدالغنی کہتے ہیں آپ عمری دامین کے نسخہ کے ساتھ ہیں۔ آپ نے ہمیں تاریخ عجلی پڑھائی تھی۔ حسن بن شہ یخ کہتے ہیں۔ آپ عمری ہیں لیکن جب افریقہ آئے تو وقتی حکومت کے شر سے بچنے کے لیے عین پر نکتہ لگا کر غمری بن گئے میں نے علم وادب ان سے سیکھا ہے۔ فرماتے تھے جب میں اندلس واپس جاؤں گا تو عین کے نقطہ کو نقطہ سے بدل دوں گا اور عمری کہلاؤں گا خطیب [illegible] ہیں اور کثیر السماع ہیں۔ ابن دباغ نے طبقات الحفاظ میں آپ کا تذکرہ لکھا ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے ابوعلی قالی کا یہ قول ملا ہے فرماتے تھے۔

"کوفہ میں ابواسامہ سے زیادہ عقلمند کوئی نوجوان نہیں ہے۔"

اس سند کے ایک راوی صالح کہتے ہیں میرے باپ احمد نے بتایا ابواسامہ کا شوال ۲۰۱ھ میں کوفہ میں انتقال ہوا تھا میں ان کے جنازے میں حاضر تھا۔ محمد بن اسماعیل بن علی ہاشمی نے ان کا جنازہ پڑھایا اور ان پر چار تکبیریں کہی تھیں۔ میں کہتا ہوں یہ محمد خلیفہ منصور کے چچازاد بھائی ہیں۔

۹۸۴ ۹/۲/۱۳ امام سرخسی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام علی بن احمد بن عمر ہے۔ آپ سرخس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے تحصیل علم کے لیے طویل سفر کیے۔ خطیب فرماتے ہیں آپ نے سماع بہت کیا اور حدیثیں بھی

fat.com

بہت لکھیں لیکن آگے بہت کم بیان کیں۔ ابو محمد بن سقاء سے روایت کرتے ہیں آپ ثقہ اور قابلِ اعتماد تھے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت علی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں بھی نیکی کرنے والے ہیں اور دنیا میں برائی کرنے والے آخرت میں بھی برائی کرنے کے حامل ہوں گے۔"

خطیب کہتے ہیں اس حدیث کے ایک راوی خلیل نے اپنے شیخ خود سے ملاقات نہیں کی۔ خلال کہتے ہیں سرخسی کا جمادی الاخری ۳۷۹ھ میں انتقال ہوا۔

۹۸۵ ۱۰/۲/۱۳ امام بحیری نیشاپوری

آپ کی کنیت ابو عمرو اور نام محمد بن شیخ ابوالحسین احمد بن محمد مزکی ہے۔ آپ نیسابور کے رہنے والے قابلِ اعتماد حافظِ حدیث ہیں۔ اپنے جد اعلیٰ بحیر بن نوح کی طرف انتساب کی وجہ سے بحیری کہلاتے ہیں۔ اپنے والد کے علاوہ جو امام ابنِ خزیمہ کے شاگرد ہیں قاضی یحییٰ بن منصور، عبداللہ بن محمد کعبی، محمد بن مؤمل بن حسن، ابوبکر قطیعی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کی چالیس حدیثیں مجھے سندِ عالی کے ساتھ حاصل ہوئی ہیں اور چالیس حدیثیں ان کے لڑکے ابوعثمان بحیری ان سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے ابوالعلاء واسطی اور محمد بن شعیب رویانی حدیث بیان کرتے ہیں۔

امام حاکم فرماتے ہیں آپ کا شمار حفاظِ حدیث میں ہوتا ہے آپ مذاکرہ علمیہ میں اونچا مقام رکھتے تھے۔ ۶۳ سال عمر پاکر آپ شعبان ۳۹۶ھ میں فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! تم میں سے کوئی آدمی اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک اپنا رزق پورا نہ کرلے۔ اپنے رزق کو دیر کرنے والا نہ سمجھو جائز طریقہ سے رزق تلاش کرو، حلال کو لو اور حرام کو چھوڑ دو۔"

۹۸۶ ۱۱/۲/۱۳ امام لالکائی طبری رازی

آپ کی کنیت ابوالقاسم، نام ہبۃ اللہ بن حسن بن منصور اور لقب محدث بغداد ہے آپ رے کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور شافعی مسلک کے نامور فقیہ ہیں۔ آپ نے جعفر بن عبداللہ بن فنا کی، ابوالحسن بن الجندی، علی بن محمد قصار، علاء بن محمد اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا اور فقہ ابوحامد اسفرائینی سے سیکھی۔ خطیب کہتے ہیں آپ سمجھدار تھے اور حدیث کے حافظ تھے، آپ نے ایک کتاب سنت کے بیان میں، ایک کتاب رجال صحیحین میں اور ایک کتاب سنن میں تصنیف کی اور موت نے آگھیرا، دینور گئے اور وہاں رمضان المبارک ۴۱۸ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

میں کہتا ہوں آپ سے ابوبکر خطیب، ابوبکر احمد بن علی طریثیثی اور بہت سے دوسرے لوگوں نے علم حدیث

Marfa

حاصل کیا۔ خطیب کہتے ہیں مجھے علی بن حسین نے بتایا کہ میں نے امام ہبۃ اللہ طبری کو خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالےٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے؟ بولے معاف کر دیا ہے میں نے کہا کس عمل کے بدلے؟ آہستہ سے بولے سنت رسول ﷺ پر عمل کرنے کے بدلے۔ میں کہتا ہوں اس سال حسب ذیل علماء نے بھی دنیا سے کوچ کیا۔

محسن کے غلام مسند ابو علی احمد بن ابراہیم بن یزداذیہ اصفہان میں فوت ہوئے۔ علامہ استاذ رکن الدین ابو اسحٰق ابراہیم بن محمد بن ابراہیم بن مہران اسفرائینی آپ بہت سی کتابوں کے مصنف تھے، مسند امام ابو القاسم عبدالرحمان بن محمد بن عبداللہ نیسابوری سراج، محدث ابو الحسین عبدالوہاب بن جعفر میدانی آپ نے دمشق میں انتقال کیا کہتے ہیں آپ نے سیاہی کے ایک بڑے ذخیرہ کے ساتھ اپنی کتابیں لکھی تھیں اور کمزور ہو گئے تھے، مفتی نسا ابو بکر محمد بن زہیر اخطل شافعی انہوں نے نسا میں وفات پائی، اصم اور دوسرے اہل علم سے فیضیاب ہوئے تھے، علی بن فضل سقوری کے شاگرد مسند ابو الحسن محمد بن محمد روزبہان یہ بغداد میں فوت ہوئے۔ شیخ الصوفیہ ابو منصور معمر بن احمد بن محمد بن زیاد انہوں نے اصفہان میں انتقال کیا اور محدث دمشق ابو الحسن مکی بن محمد بن عمر تمیمی انہوں نے اپنے سفر میں امام قطیعی سے ملاقات کی تھی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ روایت ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں جو شخص میرے کسی دوست سے دشمنی رکھے میں نے اس کے خلاف اعلان جنگ کر دیا ہے۔"

مجھے یہ حدیث ایک دوسری سند سے ملی ہے اور اس میں یہ لفظ ہیں کہ اس نے میرے خلاف اعلان جنگ کر دیا ہے یہ حدیث ان دونوں سندوں سے ابن کرامہ سے آئی ہے امام بخاری نے بھی اس کو اپنی صحیح میں ابن کرامہ سے ذکر کیا ہے ابو العباس ثقفی نے بھی اسے ابن کرامہ سے روایت کیا ہے۔ چاروں قابل اعتماد امام اس حدیث کو محمد بن کرامہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ اس حدیث کے بیان کرنے میں منفرد ہیں۔ ایک ضخیم اور مبسوط کتاب [illegible] مسند احمد میں اس کا ذکر نہیں ہے۔

۹۱۷ ۱۳/۲۰۱۳ امام نجدی اصبہانی نزیل نیشاپور

آپ کی کنیت ابو بکر اور نام احمد بن علی بن محمد بن ابراہیم بن منجویہ ہے۔ آپ اصفہان کے رہنے والے باکمال حافظ حدیث ہیں نیسابور میں رہائش رکھتے تھے۔ آپ نے امام ابو بکر اسماعیلی، ابو بکر بن مقری، ابو مسلم عبدالرحمان بن محمد بن شہدل ابو عبداللہ بن مندہ، ابو عمرو بن حمدان اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ اور آپ سے حسن بن ثعلب شیرازی، ابو اسماعیل عبداللہ بن محمد انصاری ہروی، ابو القاسم عبدالرحمان بن مندہ، سعید بقال، علی بن احمد اخرم مؤذن ابو بکر خطیب، ابو بکر بیہقی، ابو صالح مؤذن اور متعدد دوسرے اہل علم مستفید ہوئے۔

آپ سے ابو اسماعیل انصاری نے ایک دفعہ حدیث بیان کی اور کہا ہم سے ابو بکر اصفہانی نے حدیث بیان کی ہے اور جتنے انسان میں نے دیکھے ہیں وہ ان سب سے بڑے حافظ حدیث تھے۔ انہوں نے یہ بھی کہا میں نے

اپنے سفر اور حضر میں ایک پورا حافظ حدیث اور ایک ادھا حافظ دیکھا ہے۔ پورے حافظ تو احمد بن علی اصفہانی ہیں اور آدھے حافظ احمد بن محمد جارودی ہیں۔ ابوزکریا بن مندہ کہتے ہیں میرے چچا عبدالرحمان نے ان سے ان کی کتاب کتاب السنۃ جو انہوں نے سنن ابی داؤد کی تخریج پر تصنیف کی ہے لکھی میرے چچا ان کی بہت تعریف کرتے تھے میں نے ان سے حسن بن سفیان کی تینوں مسندوں کا سماع کیا ہے۔

میں کہتا ہوں انہوں نے صحیحین اور جامع ترمذی پر بھی کتابیں تصنیف کی ہیں فن حدیث میں امام تھے اور بے پناہ حافظہ کے مالک تھے۔ انہوں نے تحصیل علم کے لیے بخارا، سمرقند، ہراۃ، جرجان، رے اور نیسابور کا سفر کیا۔ میرے خیال میں عراق نہیں پہنچے۔ آپ نے ۸۱ سال کی عمر میں ۸ نرم ۴۱۸ھ میں انتقال کیا۔ اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی داعئ اجل کو لبیک کہا۔

فقیہ عراق ابوالحسین احمد بن محمد قدوری بغدادی شیخ الحنفیۃ، علامہ ابوعلی حسن بن شہاب عکبری حنبلی آپ بہت خوشخط تھے فرماتے ہیں میں دیوان متنبی اپنے ہاتھ سے لکھ کر دو سو درہم میں فروخت کیا کرتا تھا۔ شیخ الفلسفہ رئیس ابوعلی حسین بن عبداللہ بن سینا بخاری ہمدان میں ۵۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند بغداد ابوعمرو عثمان بن محمد بن یوسف بن دوست، علاف، محدث اور مفید دمشق ابوالحسن علی بن محمد بن ابراہیم حنائی زاہد، مفتی بغداد ابوعلی محمد بن احمد بن ابی موسیٰ ہاشمی حنبلی مصنف الارشاد، شیخ الصوفیہ ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن باکویہ شیرازی میں فوت ہوئے اور شاعر زمانہ ابوالحسن مہیار بن مرزویہ دیلمی کاتب۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابویزید کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں کو چھوڑ دو تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو ایک دوسرے سے رزق پہنچائے اور جب کوئی آدمی کسی دوسرے آدمی سے خیر خواہی اور ہمدردی چاہے تو اسے اس کی خیر خواہی کرنی چاہیئے"

یہ حدیث فرد ہے اس کا دارومدار عطاء پر ہے اور ابویزید سے اس حدیث کے علاوہ اور کوئی حدیث مروی نہیں ہے اس حدیث کو امام احمد بن حنبل اور بقی بن مخلد نے اپنی اپنی مسند میں ذکر کیا ہے۔

۹۸۸ ۱۳/۲/۱۳ امام احمد بن علی رازی ثم اسفرائینی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام احمد بن علی ہے آپ رے کے رہنے والے نامور حافظ حدیث، ثقہ اور مفید ہیں آپ نے بہت سے شیوخ کے لیے احادیث کی تخریج کی۔ فن حدیث کے ساتھ انہیں گہری دلچسپی تھی۔ آپ نے فقیہ زاہر بن احمد، شافع بن محمد، ابومحمد مخلدی اور ابوالفضل محمد بن احمد خطیب مروزی سے حدیث سیکھی اور ابوصالح مؤذن اور دوسرے لوگوں نے آپ سے استفادہ کیا۔ آپ نے ۴۳۰ھ سے پہلے انتقال کیا۔ مجھے ان کے واسطہ سے ابورافع کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"اس کی مالکہ لیلیٰ بنت عجماء نے کہا اگر یہ اپنی بیوی کو طلاق نہ دے تو وہ یہودیہ ہے عیسائیہ ہے

اور اس سے کہ سب غلام آزاد ہیں، وہ ان دونوں کے درمیان تفریق کرنا چاہتی تھی۔ لیکن اس نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا وہ دونوں حضرت عبداللہ بن عمر کے پاس گئے تو آپ نے بیوی سے کہا اپنی قسم کا کفارہ دے اور میاں بیوی کو اکٹھا رہنے دے۔ الحدیث۔

۹۸۹ ۱۴/۲/۱۳ شیخ الاسلام عطیہ بن سعید صوفی اندلسی

آپ کی کنیت ابو خلد اور نام عطیہ بن سعید مغربی قفسی ہے آپ اندلس کے رہنے والے نامور حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے فن قرأت قراء کی ایک جماعت سے حاصل کیا۔ اندلس میں ابوالحسن علی بن محمد بن بشتہ اور مکہ میں عبید بن حسین سامری سے قرآن حکیم پڑھا۔ ۲۰۰ھ کے بعد شام، عراق اور خراسان گئے اور بڑی مقدار میں حدیث لکھی اور ہمارے ساتھ مکہ معظمہ میں احمد بن فراس سے حدیث لکھا کرتے تھے۔ خطیب کہتے ہیں بغداد بھی آئے اور سرخسی اور علی بن حسین اذنی سے حدیث پڑھی۔ مجھ کو ان سے ابوالفضل بن حمدی نے حدیث بیان کی ہے بڑے عابد زاہد تھے۔ سونے کے لیے زمین پر نہیں لیٹتے تھے بلکہ کونا کر کے بیٹھے بیٹھے سوتے تھے۔

میں کہتا ہوں آپ نے ملک اللہ بن فزاری کے شاگرد اسماعیل بن حاجب سے صحیح بخاری کا سماع کیا اور مکہ معظمہ میں آکر روایت کیا۔ اندلس میں امام عبداللہ بن ثعلبانی اور قیروان میں عبداللہ بن خیران اور ان جیسے دوسرے علماء سے سماع کیا اور علم کثیر حاصل کر کے فن میں کمال پیدا کیا

توکل اور ایثار

قبیدی کہتے ہیں آپ نے عرصہ تک نیساپور میں اقامت کی صوفی منش تھے ان کا توکل اور ایثار دیکھ کر سلیم کے اکثر عقیدت مند ان سے آملے۔ عبدالعزیز بن بندار شیرازی کہتے ہیں میں بغداد میں مدت تک ان کی صحبت میں رہا ہوں۔ آپ بے حد ایثار پیشہ اور خانقاہ پسند تھے خرقہ پر گذارہ کرتے۔ آپ نے کتابیں اتنی بیع کی تھیں کہ سفر میں متعدد اونٹوں پر لادی جاتی تھیں میں نے ایک سفر میں ان کی رفاقت کی اور ہم یمامہ کی طرف روانہ ہوئے۔ ان کے پاس خرقہ لوٹے اور خرقہ کے سوا کوئی چیز نہیں تھی۔ مجھے ان کی اس بے سروسامانی پر تعجب ہوتا تھا۔ جب ہم منزل پر پہنچے تو مارے بھوک کے سب ساتھی ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔ ابھی زیادہ دیر نہیں گذری تھی کہ ایک خراسانی امیر اپنے خدام و غلمان کے ساتھ آئے اور ہمیں اپنے ہاں قیام کرنے کی دعوت دی۔ اس نے پرتکلف کھانا پیش کیا ہم نے پیٹ بھر کر کھایا اور اگلے دن اپنے سفر پر روانہ ہوئے۔ ہم نے اپنے پورے سفر میں یہی دیکھا کہ روز ہمیں کوئی نہ کوئی آدمی مل جاتا جو ہمارے کھانے پینے کا انتظام کر دیتا تاآنکہ ہم مکہ معظمہ پہنچ گئے اس سفر میں ہمارے پاس کھانے پینے کا کوئی سامان نہیں تھا۔ آپ نے مکہ معظمہ میں صحیح بخاری کا درس دینا شروع کیا۔ رجال اور ان کے حالات پر ایسی پر مغز تقریر کرتے کہ حاضرین عش عش کر اٹھتے۔

آپ نے ۴۰۸ھ یا اس کے قریب قریب مکہ معظمہ میں جان جان آفرین کے سپرد کی حمیدی کہتے ہیں آپ

نے سماع کے جواز پر ایک کتاب لکھی جس کی وجہ سے اہلِ مغرب ان سے متنفر ہو گئے۔ آپ نے حدیث المغفر کے طرق پر متعدد اجزاء تصنیف کیے۔ انا ابو غالب نا عطیہ نا القاسم بن علقمۃ نا بہز فذکر حدیثا۔

میں کہتا ہوں آپ کو نیسابور میں بڑے احترام اور بڑی عزت کی نظر سے دیکھا جاتا تھا اور آپ وہاں عرصہ تک مقیم رہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے ابوالحسن بن ہند فارسی کا یہ قول ملا ہے کہ:

"کوشش کرو اور کسی حال میں اپنے آقا کا دروازہ نہ چھوڑو سب کے لیے یہی پناہ کی جگہ ہے جو اس چوکھٹ سے علیحدہ ہوا اس کو کہیں قرار نہیں ملے گا۔"

۹۹۰ ۱۵/۳/۱۳ امام حمزہ بن یوسف قرشی سہمی جرجانی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام حمزہ بن یوسف بن ابراہیم ہے۔ آپ جرجان کے رہنے والے پختہ کار حافظِ حدیث ہیں اور ہشام بن عاص رضی اللہ عنہ کی اولاد سے ہیں۔ آپ نے پہلے پہل ۲۵۴ھ میں ابوبکر محمد بن احمد بن اسماعیل صرام سے جرجان میں حدیث کا سماع کیا۔ آپ کا پہلا سفر ۳۶۸ھ میں پیش آیا۔ آپ نے طلبِ علم کے لیے اصفہان، رے بغداد، بصرہ، کوفہ، واسط، اہواز، شام، مصر، حجاز اور ان جیسے دوسرے دور دراز شہروں کا سفر کیا اور ابن عدی، صرام اسماعیلی، ابوبکر ابن المقری، ابنِ ماسی، ابو حفص زیات، امام دارقطنی، احمد بن عیدان، ابو محمد بن غلام الزہری، وزیر ابنِ خنزابہ ابوزرعہ محمد بن یوسف کشی، ابوزرعہ احمد بن حسین رازی، ابوزرعہ استرآبادی، عبدالوہاب بن کلابی اور دوسرے بہت سے فضلاء کے خرمنِ علم سے اپنے دامن بھرے پھر بہت سی کتابیں تصنیف کیں اور زندگی بھر رواۃ کی جرح و تعدیل اور احادیث کی تصحیح و تضعیف میں مصروف رہے۔

آپ سے امام ابوبکر بیہقی، ابوصالح مؤذن، ابوالقاسم قشیری، ابوالقاسم اسماعیل بن مسعدہ، ابوبکر بن خلف شیرازی، ابراہیم بن عثمان جرجانی، اور مفید علی بن محمد زنجی نے کسبِ فیض کیا۔ خطیب نے بھی ان سے ایک آدمی کے واسطہ سے روایت بیان کی ہے۔ آپ نے ۴۲۷ھ میں انتقال فرمایا بعض نے آپ کی تاریخ وفات ۴۲۸ھ لکھی ہے۔ اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی دنیائے دون سے عالم آخرت کی طرف رختِ سفر باندھا۔

مفسرِ حرم علامہ ابواسحاق احمد بن محمد بن ابراہیم ثعلبی نیسابوری، محدث ابوعبداللہ محمد بن ابی اسحاق مزکی ان کا نیسابور میں انتقال ہوا، انہوں نے حامد رفاء سے حدیث کا سماع کیا اور مزید علم حاصل کرنے کے لیے سفر کیا اور حافظ ابو الفضل علی بن حسین فلکی ان کے حالات اگلے طبقہ میں آئیں گے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن سلام کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ہم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے چند صحابی ایک دفعہ بیٹھ کر تذکرہ کرنے لگے کہ اگر ہمیں معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کو سب عملوں سے کون سا عمل زیادہ محبوب ہے تو ہم وہ عمل کر کے اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کریں اس پر یہ آیات نازل ہوئیں۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ ۝ عبداللہ کہتے ہیں ہمیں یہ آیات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح پڑھ کر سنائیں ابوسلمہ کہتے ہیں ہمیں یہ آیات عبداللہ بن سلام نے پڑھ کر سنائیں اس طرح ان کے پڑھ کر سنانے کا سلسلہ اس حدیث کے راوی زاہر تک بیان کیا۔

۹۹۱ ۱۶/۲/۱۳ دو ہم عصر محدث

۱۔ کنیت ابوجعفر نام احمد بن محمد بن محمد بن عبید اموی طلیطلی آپ ابن میمون کے نام سے مشہور تھے۔

۲۔ ان کے رفیق اور ہمعصر ابواسحاق بن شنظیر ابن میمون طلیطلہ کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں۔

انہوں نے طلیطلہ میں عبداللہ بن امیہ اور دوسرے لوگوں سے اور قرطبہ میں اپنے رفیق ابواسحاق کے ساتھ مل کر ابوجعفر بن عون اللہ، ابوعبداللہ بن مفرج، عباس بن اصبغ اور ابومحمد بن عبدالمؤمن سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر دونوں مشرق میں آئے اور حج سے فارغ ہونے کے بعد ابوبکر مہندس، ابوعلی عبدالعزیز بن علی بن مقری، ابوبکر داؤد اور دوسرے لوگوں سے علم کی تکمیل کی۔ پھر ابن میمون اپنے شہر میں واپس آ گئے اور اپنی علمی خدمات کی وجہ سے مرجع خلائق بن گئے۔ دور دور سے لوگ علمی پیاس بجھانے کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر تے تھے۔

ابن مظاہر کہتے ہیں آپ اہل علم اور اہل فہم میں شمار ہوتے تھے۔ فقہ کے حافظ اور حدیث کے بڑے نامی گرامی راوی تھے۔ ہر قسم کے علوم و فنون میں گہری نظر رکھتے تھے۔ علم و فضل کے باوجود بڑے با اخلاق اور مؤدب تھے عابد زاہد اور انتہائی پرہیزگار تھے۔ فکرِ آخرت میں مستغرق تھے ساری عمر شادی نہیں کی۔ آپ کی کتابوں میں کثرت اور فراوانی کے باوجود وہم و خطا کا گذر نہیں تھا۔ آپ کی اور آپ کے رفیق کی کتابیں طلیطلہ میں سب سے زیادہ صحیح کتابیں مانی جاتی تھیں۔ آپ نے شعبان ۴۱۰ھ میں انتقال فرمایا اور آپ کے رفیق نے آپ کا جنازہ پڑھا۔ آپ کی ۴۰ بہاریں دیکھیں۔

۹۹۲ ۱۷/۲/۱۳ ان کے رفیق

آپ کی کنیت ابواسحاق اور نام ابراہیم بن محمد بن حسین بن شنظیر اموی ہے آپ زمانہ کے یگانۂ روزگار حافظِ حدیث تھے۔ ابن بشکوال کہتے ہیں علم کی انتہائی جستجو، روایت کی بحث و تحقیق اور اس کے حفظ و ضبط میں جذبہ مسابقت نے دونوں رفیقوں کو بام عروج پر پہنچایا۔ جتنے علماء سے ممکن ہوا طلیطلہ میں حدیث کا سماع کیا۔ پھر قرطبہ اور حجاز میں رہ کر علم کی تکمیل کی۔ ابواسحاق قائم اللیل اور صائم النہار تھے پرہیزگاری ان پر ختم تھی۔ علم حدیث اور معرفت اسانید ان کا اوڑھنا بچھونا تھا۔

ابن بشکوال کہتے ہیں آپ سنت کے قائل اور اس پر عامل تھے۔ اہل بدعت سے سخت متنفر تھے۔ آپ سے زیادہ دنیا سے بے رغبت کوئی نہیں تھا اور آپ کی مجلس بڑی پُر ہیبت اور پُر وقار تھی۔ لوگ دور دور سے

سفر کر کے ان دونوں رفیقوں کے پاس علمی تشنگی دور کرنے کے لیے آتے تھے مگر ابن میمون کی وفات کے بعد ابو اسحاق اکیلے رہ گئے۔ لیکن آپ بھی ۵۰ سال کی عمر میں قربانی کے دن ۴۰۲ھ میں دنیا فانی کو چھوڑ کر اپنے رفیق سے جا ملے۔

۹۹۳ ۱۸/۲/۱۳ امام ابو نعیم صوفی اصبہانی

آپ کی کنیت ابو نعیم، نام احمد بن عبداللہ بن احمد بن اسحاق اور خطاب محدث العصر ہے۔ آپ اصفہان کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث ہیں۔ آپ مشہور زاہد محمد بن یوسف بنار کے نواسے ہیں۔ ۳۳۶ھ میں پیدا ہوئے۔ ۳۵۰ھ کے بعد جب آپ کی عمر صرف چھ سال تھی دنیا کے سربرآوردہ اور عظیم مشائخ نے آپ کو اجازت سے نوازا۔ چنانچہ واسطہ سے عمر رسیدہ بزرگ عبداللہ بن عمر بن شوذب نے، نیسابور سے شیخ نیسابور ابو العباس اصم نے، شام سے شیخ شام خیثمہ بن سلیمان طرابلسی نے اور بغداد سے جعفر الخلدی، ابو سہل بن زیاد اور ایک دوسری جماعت نے آپ کو حدیث پڑھانے کی اجازت دے دی۔ آپ ان مشاہیر سے اجازت پانے میں اس طرح متفرد ہیں جس طرح ایک جماعت سے سماع کرنے میں منفرد ہیں۔ چنانچہ دنیا کے کونے کونے سے حفاظ حدیث آپ کے حفظ، علمی شہرت اور علو اسناد کی وجہ سے آپ کی طرف کھنچے چلے آتے تھے۔

آپ نے پہلے پہل باقاعدہ طور پر مسند اصفہان اور عمر رسیدہ شیخ ابو محمد بن فارس سے ۴۱۶ھ میں پڑھنا شروع کیا اس کے بعد ابو احمد عسال، احمد بن سعید سمسار، احمد بن بندار عشار، احمد بن محمد قسار، عبداللہ بن حسن بن بندار، ابو بکر بن ہیثم بندار، ابو بحر بن لوشر، ابو بکر بن خلاد نصیبی حبیب قزاز، ابو بکر جعابی، ابو القاسم طبری، ابو بکر آجری، ابو علی بن صواف، ابراہیم بن عبداللہ بن ابی العزائم کوفی، عبداللہ بن جعفر جابری، احمد بن حسن مکی، فاروق خطابی، ابو الشیخ بن حیان اور خراسان اور عراق کے بہت سے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے تحصیل علم میں بڑی تندہی اور محنت و مشقت سے کام لیا اور آپ کو کبار مشائخ سے ملاقات کے وہ مواقع میسر آئے جو دوسرے کسی حافظ حدیث کو میسر نہیں آئے۔

آپ سے کوشیار بن لیالیزور جیلی نے روایت کی ہے اور ان کا تیس سے کچھ زیادہ سال آپ سے پہلے انتقال ہو گیا تھا ان کے علاوہ ابو بکر بن ابی علی ذکوانی، ابو سعد مالینی، حافظ خطیب، حافظ ابو صالح مؤذن، ابو علی وخشی، ابو بکر محمد بن ابراہیم عطار، سلیمان بن ابراہیم، ہبۃ اللہ بن محمد شیرازی، محمد بن حسن بکر نے آمل میں، ابو بکر ارموی نے تنیس میں، ابو بکر سمنطاری نے مقلیہ، ابو عمرو بن قنابط نے اندلس میں، یوسف بن ابو الحسن تفکری، ابو الفضل حمد حداد، اس کے بھائی ابو علی مقری عبدالسلام بن احمد قاضی مفسر، محمد بن بیا، ابو سعد مطرز، غانم برجی، ابو منصور محمد بن عبداللہ شروطی اور دوسرے بہت سے لوگوں نے آپ سے حدیث کا سماع کیا۔

خطیب کہتے ہیں میں حافظ ابو نعیم اور بیدی کے سوا کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جس پر بجا طور پر حافظ کا اطلاق کیا

Marfa

جائے۔ حافظ علی بن مفضل کہتے ہیں ہمارے استاذ حافظ سلفی نے امام ابونعیم کے حالات لکھے ہیں اور تقریباً ۸۰ آدمیوں کے نام ذکر کیے ہیں جنہوں نے ان کو حافظ ابونعیم سے حدیث بیان کی ہے نیز کہتے ہیں ان کی کتاب "حلیۃ الاولیاء" بے نظیر ہے۔ آج تک کسی نے ایسی کتاب نہیں لکھی ہم نے ان کے شاگرد ابوالمظفر قاشانی سے چند اوراق کے سوا ساری کتاب کا سماع کیا ہے۔ ابن مردویہ کہتے ہیں حافظ ابونعیم کی طرف استفادہ کے لیے آنے والوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ دنیا کے کسی حصہ میں اس وقت ان سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں تھا اور نہ ان سے زیادہ عالی سند کوئی آدمی موجود تھا۔ دنیا کے حافظ حدیث آپ کے پاس جمع رہتے تھے۔ ان میں سے ہر روز ایک آدمی کی پڑھنے کی باری ہوتی تھی۔ وہ ظہر سے تھوڑی دیر پہلے تک جو چاہتا پڑھتا۔ بعض اوقات گھر کو جاتے ہوئے راستہ میں طالب علم ان سے پڑھتے جاتے جس سے آپ گھبراتے نہیں تھے کیونکہ حدیث پڑھانا اور کتابیں تصنیف کرنا آپ کی غذا تھی۔

حمزہ بن عباس علوی کہتے ہیں محدثین کہا کرتے تھے کہ حافظ ابونعیم کا چودہ سال تک کوئی نظیر نہیں تھا مشرق اور مغرب میں نہ ان سے بڑا کوئی حافظ حدیث تھا اور نہ کسی کے پاس ان سے اعلیٰ سند تھی۔

حلیۃ الاولیاء کی قیمت

علمائے حدیث کا یہ بھی بیان ہے کہ جب آپ اپنی مشہور عالم تصنیف حلیۃ الاولیاء کے لکھنے سے فارغ ہوئے تو وہ آپ کی زندگی میں نیسابور میں ۴۰۰ دینار میں فروخت ہوئی۔ امام ابوعبدالرحمان سلمی تقدم اور برتری کے باوجود اپنی مایہ ناز کتاب طبقات الصوفیہ میں امام ابونعیم سے روایت کرتے ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں اخبرنا عبدالواحد بن احمد الہاشمی انا ابونعیم احمد بن عبداللہ انا محمد بن علی بن حبیش ببغداد۔ پھر پوری سند کے ساتھ ایک حدیث ذکر کی۔

اسی طرح کی وہ حدیث ہے جو شہر صور میں فقیہ نصر بن ابراہیم مقدسی نے بیان کی۔ قال اخبرنا ابوالحسن علی بن [illegible] بن خنیس الفقیہ بصور انا ابوبکر عتیق بن علی بن داؤد الصقلی السمنطاری الزاہد مؤلف کتاب دلیل [illegible] انا ابونعیم فذکر حدیثا۔ حافظ ابوالحجاج نے اس کو روایت کیا ہے۔ مجھے ان کے واسطے سے حضرت ابن عمر رضی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس سے عصر کی نماز فوت ہوگئی اسے یوں سمجھئے کہ اس کا اہل اور مال سب کچھ تباہ ہو لیا۔"

یہ حدیث ہمیں مؤطا ابومصعب میں کئی درجے عالی ملی ہے اور ابوالجہم کے نسخہ میں لیث بن سعد سے مروی ہے۔ سلفی کہتے ہیں میں نے محمد بن عبدالجبار فرسانی سے سنا ہے فرماتے تھے میں بچپن میں اپنے والد کے ساتھ ابوبکر بن ابی علی معدل کی مجلس درس میں حاضر ہوا۔ جب وہ حدیث املا کرا چکے تو کسی شخص نے کہا جو آدمی حافظ ابونعیم کی مجلس میں حاضر ہونا چاہتا ہے وہ کھڑا ہو جائے یہ اس زمانہ کی بات ہے جب مذہبی اختلاف کی وجہ سے لوگوں نے ان سے قطع تعلق کیا ہوا تھا۔ اس کا یہ معنی تھا کہ طلباء حدیث مشتعل ہو گئے اور اس کے خلاف اتنا شور و غل

بپا ہوا کہ وہ مشکل سے اپنی جان بچا سکا۔

ابن عساکر کہتے ہیں کہ ابو عبداللہ محمد بن محمد نے اپنے اصفہانی شیوخ سے بیان کیا ہے کہ جب سلطان محمود بن سبکتگین نے اصفہان پر قبضہ کیا تو وہاں ایک حاکم مقرر کر کے واپس چلے گئے ان کے جانے کے بعد لوگوں نے حاکم مذکور کے خلاف شورش پیدا کی اور اسے قتل کر دیا، سلطان کو خبر ملی تو وہ واپس آیا لوگوں میں امن وامان قائم کر کے واپس چلا گیا۔ پھر جمعہ کے دن جب لوگ نماز پڑھنے کے لیے جامع مسجد میں جمع تھے اچانک حملہ آور ہوا اور اہل اصفہان کو ان کی بغاوت کا مزا چکھانے کے لیے قتل عام شروع کر دیا۔ جس میں ہزاروں لوگ ہلاک ہو گئے مگر یہ حافظ ابو نعیم کی کرامت سمجھیئے کہ وہ اس قتل وغارت میں اپنی گمنامی کی وجہ سے صحیح سلامت بچ گئے۔

عبدالوہاب انماطی کہتے ہیں میں نے حافظ ابوبکر خطیب کی تحریر پڑھی ہے کہ میں نے حافظ ابو نعیم کے مستملی محمد بن ابراہیم عطار سے پوچھا کہ تم نے محمد بن عاصم کی کتاب حافظ ابو نعیم سے کس طرح پڑھی؟ بولے وہ کتاب لانے اور کہنے لگے یہ میں نے ا۔ سے سنی ہے چنانچہ میں نے ان کو پڑھ کر سنادی۔ خطیب کہتے ہیں میں نے ابو نعیم کو بہت چیزوں میں تساہل سے کام لیتے ہوئے دیکھا ہے ان میں ایک یہ ہے کہ وہ اجازت سے لی ہوئی حدیث میں اجازت کا ذکر کیے بغیر اخبرنا کا لفظ استعمال کرتے ہیں (جس سے شبہ ہوتا ہے کہ یہ حدیث انہوں نے اپنے شیخ سے سنی ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے) حافظ ابن النجار کہتے ہیں قابل اعتماد اور ثقہ حفاظ حدیث حافظ ابو نعیم سے محمد بن عاصم کی کتاب روایت کرتے ہیں اور جب ایک راست گو حافظ حدیث کہے کہ یہ کتاب میں نے اپنے استاذ سے سنی ہے تو باتفاق محدثین اس کتاب کا اس سے پڑھنا اور روایت کرنا جائز ہے۔

میں کہتا ہوں خطیب کا یہ کہنا کہ وہ اجازت میں تساہل سے کام لیتے ہیں الخ ایسا شاذ ونادر ہی کرتے ہوں گے ورنہ میں نے تو اکثر یہی دیکھا ہے وہ کہتے ہیں یہ حدیث مجھے جعفر خلدی نے لکھ کر بھیجی، یہ ابوالعباس اصم نے لکھ کر بھیجی ہمیں ابوالمیمون بن راشد نے یہ حدیث اپنی چٹھی میں بیان کی ہاں میں نے ان کو یہ کہتے ہوئے بھی دیکھا ہے کہ عبداللہ بن جعفر کے سامنے جو احادیث پڑھی گئیں ان میں سے اس نے ہمیں یہ حدیث بتائی اس میں ظاہر یہ ہے کہ انہیں یہ حدیث اجازت سے ملی ہے۔ یوسف بن خلیل کہتے ہیں میں نے حافظ ابو نعیم کی سنی ہوئی محمد بن عاصم کی اصل کتاب دیکھی ہے۔ میں کہتا ہوں اس سے معلوم ہوا کہ حافظ ابو نعیم کے متعلق خطیب کا مذکورہ بالا خیال باطل ہے۔ عبدالعزیز نخشبی کہتے ہیں ابو نعیم نے مسند حارث بن ابی اسامہ ابن خلاد سے پوری نہیں سنی لیکن وہ اس طرح بیان کرتے ہیں جیسے انہوں نے پوری سنی ہے۔

ابن نجار کہتے ہیں یہ ان کا وہم ہے میں نے اس کتاب کا ایک پرانا نسخہ دیکھا ہے جس پر حافظ ابو نعیم کے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ تحریر موجود ہے اس مسند کا جہاں تک میں نے ابن خلاد سے سنی ہے مجھ سے فلاں شخص نے سماع کیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب کا باقی حصہ وہ اجازت سے روایت کرتے تھے پھر ابن نجار نے یہ شعر پڑھا۔

t.com

لو رجم النجم جمیع الوری لم یصل الرجم الی النجم

یعنی چاند پر تھوکنے والے کی تھوک اس کے منہ پر گرتی ہے۔

تصانیف حافظ ابو نعیم نے بہت سی گراں مایہ کتابیں لکھی ہیں جن میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں۔ کتاب معرفۃ الصحابہ۔ کتاب دلائل النبوۃ ۲ جلد۔ کتاب المستخرج علی البخاری، کتاب المستخرج علی مسلم۔ کتاب تاریخ اصفہان، صفۃ الجنۃ، کتاب الطب اور کتاب المعتقد۔

ان کے علاوہ اور بہت سی چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھی ہیں جن میں سے بعض ہم نے پڑھی ہیں لیکن ان میں دوسرے عام محدثین کی طرح رطب و یابس مواد جمع کر دیا ہے۔

حافظ ابو نعیم پر جرح حافظ ابن مندہ نے مسلکی اختلاف کی بنا پر حافظ ابو نعیم پر رکیک حملے کیے ہیں۔ جس طرح حافظ ابو نعیم نے ان پر کیے ہیں۔ لیکن باہمی عداوت کی وجہ سے ان دونوں کی ایک دوسرے پر جرح قابل التفات نہیں۔

وفات حافظ ابو نعیم نے ۹۴ سال کی عمر میں ۲۰ محرم ۴۳۰ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ اس سال ذکر ہونے والے علماء نے موت کا پیالہ پیا۔

مسند عراق ابو القاسم عبد الملک بن محمد بن عبد اللہ بن بشران بغدادی واعظ، مشہور ادیب ابو بکر احمد بن محمد تمیمی اصفہانی یہ نیسابور میں فوت ہوئے، ابو عبد الرحمان اسماعیل بن احمد حیری ضریر مفسر ان سے خطیب نے تین مجلسوں میں صحیح بخاری پڑھی اور عالم مغرب ابو عمران موسیٰ بن عیسیٰ بن ابی حاج فاسی نزیل قیروان۔

۹۹۴ ۱۹/۲/۱۳ امام مقری طلمنکی اندلسی

آپ کی کنیت ابو عمر، نام احمد بن محمد بن عبد اللہ بن لب بن یحییٰ معافری اور خطاب عالم اہل قرطبہ ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ ہیں۔ ۳۴۰ھ میں پیدا ہوئے اور پہلے پہل ۳۶۲ھ میں حدیث کا سماع کرنا شروع کیا۔ آپ نے ابو عیسیٰ یحییٰ بن عبد اللہ لیثی، ابو بکر زبیدی، ابو عبد اللہ بن مفرج، احمد بن عون اللہ، ابو محمد عبد اللہ بن محمد بن علی باجی، خلف بن محمد خولانی، ابن بشر انطاکی، حج کرنے کے بعد مکہ میں ابو طاہر محمد بن محمد عجیفی اور مدینہ میں یحییٰ بن حسین مطلبی، ابو بکر ادفوی، ابو حفص بن عراک، ابو بکر مہندس، ابو الطیب بن غلبون، ابو القاسم جوہری، اور ابو العلاء بن ماہان سے اکتساب فیض کیا۔ ان کے علاوہ دمیاط میں محمد بن یحییٰ بن عمار اور قیروان میں ابو محمد بن ابی یزید اور احمد بن رحمون سے استفادہ کیا۔ اور علم کثیر سے اندلس واپس آئے۔

آپ سے امام ابو عمر بن عبد البر، امام ابو محمد بن حزم، عبد اللہ بن سہل اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ قرآن کے حروف، اعراب، ناسخ و منسوخ، احکام اور معانی کے جاننے میں ہمعصروں پر فائق تھے۔ فن حدیث اور معرفت رجال میں پوری توجہ مرکوز رکھتے تھے۔ حدیث کے حافظ اور دیانت کے اصول سے باخبر تھے۔ بااخلاق

fat.com

اور صاحب استقامت تھے۔ ابوعمرو دانی کہتے ہیں آپ نے فن قرأت میں ابوالحسن انطاکی، ابوالطیب بن غلبون اور
حسین بن نعمان سے حاصل کیا۔ ان کو قرآن حکیم سنایا اور ادفوی سے سنا ہے اور پڑھ کر نہیں سنایا آپ عالم
حدیث کے حافظ اور سنت کے سخت پابند تھے۔ خلف بن بشکوال کہتے ہیں آپ ہوا پرستوں اور بدعتیوں کے
میں شمشیر بران تھے۔ شریعت کے معاملہ میں مداہنت کے قائل نہیں تھے اللہ تعالیٰ کے بارہ میں سخت مزاج وا
ہوئے تھے۔ لوگوں کو فی سبیل اللہ بلا معاوضہ حدیث پڑھایا کرتے تھے کچھ عرصہ مسجد متعہ ؟ کے امام رہے پھر سرحد
علاقہ میں چلے گئے اور گھوم پھر کر تبلیغ کرنے لگے جس سے لوگوں کو بے حد فائدہ پہنچا۔ آخر عمر میں اپنے شہر میں وا
آ گئے اور وہیں انتقال کیا۔

عیسیٰ بن بقی حجاری کہتے ہیں ہم طلیطلہ سے پڑھا کرتے تھے ایک دن پڑھانے کے لیے آئے تو کہنے لگے پڑ
اور خوب دل لگا کر پڑھو میں اگلے سال تک زندہ نہیں رہوں گا ہم نے حیرت سے پوچھا اللہ تعالیٰ رحم فرمائے آپ ای
کیوں کہتے ہیں ؟ بولے، میں نے آج رات خواب میں کسی کو یہ شعر پڑھتے ہوئے سنا ہے ؎

اغتنموا البر بشیخ ثوی یرحمہ السوقۃ والصید

اپنے ہاں مقیم بزرگ سے نیک سلوک کو غنیمت جانو جس کی رعیت اور حاکم سب
عزت کرتے ہیں۔

قد ختم العمر بعید مضی! لیس لہ من بعدہ عید

پچھلی عید میں اس کی عمر ختم ہو گئی ہے اب اسے عید دیکھنا نصیب
نہیں ہو گی۔

چنانچہ وہ اسی سال ذی الحجہ ۴۲۶ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ عیسیٰ کہتے ہیں آپ منکر کے رد میں انتہا
پُرجوش تھے۔ اسی وجہ سے لوگ آپ کے مخالف ہو گئے اور ۴۲۵ھ میں پندرہ آدمیوں نے جن میں فقہاء اور شرف
شریک تھے آپ کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا اور شہادت دی کہ یہ شخص خارجی ہے اور صلحاء اور پارسا لوگوں کے خلاف
تلوار اٹھانا جائز سمجھتا ہے مگر قاضی سر قسطہ نے آپ کی حمایت کی اور ان سب کی شہادت کو ساقط الاعتبار قرار دیتے
ہوئے مقدمہ خارج کر دیا۔ مجھے ان کے واسطہ سے اسود بن سریع کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے زمانہ فترۃ میں مرنے والے بہرے
بوڑھے، اور احمق پیش کیے جائیں گے بہرہ کہے گا یا اللہ! اسلام آیا لیکن بہرہ ہونے کی وجہ سے میں اس کے متعلق
کچھ نہیں سن سکا الحدیث۔"

یہ حدیث غریب منقطع ہے اور قتادہ عن الاحنف بن قیس عن الاسود کے طریق سے آئی ہے لیکن قتادہ کی احنف
سے ملاقات نہیں ہوئی اور نہ اس نے ان سے کچھ سنا ہے۔

****

t.com

۹۹۵ ۲۰/۲/۱۳ امام قرّاب سرخسی ثم ہروی

آپ کی کنیت ابو یعقوب، نام اسحاق بن ابی اسحاق ابراہیم بن محمد بن عبدالرحمان اور لقب قراب اور خطاب محدثِ خراسان ہے۔ ہرات کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں اور بڑی بڑی عظیم الشان کتب کے مصنف ہیں جو آپ کی وسعت علم اور قوت حفظ پر دلالت کرتی ہیں۔ آپ ۳۵۲ھ میں سرخس میں پیدا ہوئے اور عباس بن فضل فسوی اور اپنے نانا محمد بن عمر بن حفصویہ کے علاوہ ابوالفضل محمد بن عبداللہ سیاری، عبداللہ بن احمد بن حمویہ، زاہر بن احمد فقیہ، احمد بن عبداللہ نعیمی، خلیل بن احمد سجزی، ابوالحسن محمد بن احمد بن حمزہ، حسین بن احمد شمامی صفار، ابومنصور محمد بن عبداللہ بزاز اور ان کے بعد آنے والے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان سے نیچے اتر کر آپ نے اپنے تلامذہ سے بھی استفادہ کیا ہے۔

شیخ الاسلام ابواسماعیل ہروی، ابوالفضل احمد بن ابی عاصم صیدلانی، حسین بن محمد بن عنت اور دوسرے بہت سے لوگ آپ سے حدیث بیان کرتے ہیں۔ امام ابواسماعیل انصاری نے جرح وتعدیل میں آپ کے قول کو قابل حجت تسلیم کیا ہے ابونصر قاضی کہتے ہیں آپ کے اساتذہ کی تعداد ایک ہزار دو سو شیوخ سے زیادہ ہے۔ آپ نے تاریخ السنن ۲ جلدوں میں تصنیف کی ہے اس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے لے کر اپنے سال وفات ۴۰۹ھ تک علماء کی وفیات ذکر کی ہیں۔ اس کے علاوہ کتاب "نسیم الصبح"، کتاب "الانس والسلوۃ" اور کتاب "شمائل العبادہ" بھی آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔ آپ زاہدانہ زندگی بسر کرتے اور دنیا سے بہت کم سروکار رکھتے تھے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوبکرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کسی ملک سے کچھ دینار آئے آپ انہیں تقسیم فرما رہے تھے، آپ مٹھی میں لے کر کسی کو دینے سے پہلے دائیں طرف دیکھتے جیسے کسی سے مشورہ لیتے ہیں آپ کے پاس ایک منڈھے ہوئے بالوں والا دو سفید کپڑوں میں ملبوس ایک سیاہ رنگ آدمی بیٹھا تھا اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان سجدہ کا نشان تھا وہ کہنے لگا اے محمد! آج آپ نے مال تقسیم کرنے میں انصاف نہیں کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہو گئے اور فرمایا میرے بعد تم میں عدل کون کرے گا؟ صحابہ نے عرض کی اے رسول اللہ! کیا ہم اسے قتل نہ کر دیں؟ آپ نے فرمایا نہیں پھر فرمایا یہ اور اس کے ساتھی اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے ان میں اسلام کی کوئی چیز بھی نہیں پائی جائے گی۔"

۹۹۶ ۲۱/۲/۱۳ امام مستغفری نسفی

آپ کی کنیت ابوالعباس اور نام جعفر بن محمد بن معتز بن محمد بن مستغفر ہے آپ اپنے جد اعلیٰ مستغفر کی طرف

fat.com

انتساب کی وجہ سے مستغفری کہلاتے ہیں۔ نسف کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں
آپ زاہر بن احمد سرخسی، ابراہیم بن لقمان، ابن نضر بیں کے شاگرد ابو سعید عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب رازی، ع
محمد بن سعید سرخسی اور دوسرے بہت سے محدثین سے روایت کرتے ہیں۔ آپ خود بنفسہ صدوق ہیں۔ ان میں یہ
ہے کہ مسائل میں موضوع احادیث ذکر کرتے ہیں اور ان کے موضوع ہونے کا ذکر نہیں کرتے۔ آپ سے حسن بن
سمرقندی، حسن بن عبدالملک نسفی، اسماعیل بن محمد نوحی خطیب اور دوسرے لوگوں نے حدیث کا علم حاصل کیا آ
کی تصانیف درج ذیل کتابوں پر مشتمل ہیں۔
کتاب معرفۃ الصحابہ، کتاب تاریخ نسف، تاریخ بخش، کتاب الدعوات، کتاب المنامات، کتاب الخطب، الت
کتاب دلائل النبوۃ، کتاب فضائل القرآن، اور کتاب الشمائل۔ آپ ۳۵۰ھ کے بعد پیدا ہوئے اور ۴۴۳ھ میں نسف
میں انتقال فرمایا۔ اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔
زاہد اندلس حماد بن عمار قرطبی سو سال کی عمر میں فوت ہوئے انہیں ابو علی لیثی سے سماع حاصل تھا۔ فقیہ خراسا
قاضی ابو العلاء صاعد بن محمد استوائی حنفی، مسند بغداد ابو القاسم عبدالباقی بن محمد بن احمد طمان، مسند نیسابور ابو حسا
محمد بن احمد بن جعفر مزکی اور مسند ابو بکر محمد بن عمر بن بکیر نجاران کا بغداد میں انتقال ہوا۔ مجھے ان کے واسطہ سے ح
جابر بن سمرہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:
"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمہاری نماز کی طرح نماز پڑھتے لیکن کچھ تخفیف کرتے تھے فجر کی نماز میں
سورت واقعہ اور اس جیسی دوسری سورتیں تلاوت فرماتے تھے"
نیز حافظ مستغفری کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:
"میں نے حافظ ابن مندہ سے سنا ہے فرماتے تھے جب سند میں کسی زاہد اور صوفی کو دیکھو تو
اس حدیث سے ہاتھ دھو لو"

۹۹۷ ۲۲/۲/۱۳ شیخ الحرم امام ابو ذر ہروی

آپ کی کنیت ابو ذر و ابو علی اور نام عبد بن احمد بن محمد بن عبداللہ بن غفیر انصاری مالکی ہے۔ آپ ہرات کے ر
والے بہت بڑے عالم اور نامور حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے ہرات میں ابو الفضل بن خمیرویہ، بشر بن محمد اور متع
دوسرے اہل علم سے، سرخس میں ابو محمد بن حمویہ اور زاہر بن محمد سے، بلخ میں ابو اسحاق مستملی سے، مرو میں ابو الہیثم
کشمیہنی سے، بصرہ میں ابو بکر بلال بن محمد بن محمد اور شیبان ضبعی سے، بغداد میں ابو الفضل زہری، ابو الحسن دار قطنی اور
ابو عمر بن حیویہ سے، دمشق میں عبدالوہاب بن حسن کلابی سے اور مصر میں ابو مسلم کاتب سے حدیث کا سماع کیا
مکہ معظمہ میں اقامت اختیار کی، اپنے شیوخ کے حالات میں معجم لکھی اور صحیح کے علاوہ دوسری بہت سی کتابیں
تصنیف کیں۔

آپ سے آپ کے صاحبزادے عیسٰے، علی بن محمد بن ابی الہول، موسیٰ بن عیسیٰ صقلی، عبداللہ بن حسن تنیسی، ابو صالح مؤذن نیسابوری، علی بن بکار صوری، احمد بن محمد قزوینی، ابو طاہر اسماعیل بن سعید نحوی، ابوالحسین بن مہتدباللہ ابوالولید باجی، عبداللہ بن سعید سنتجالی، عبدالحق بن ہارون سہمی، ابوبکر احمد بن علی طریثیثی، ابو شاکر احمد بن علی عثمانی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ابوبکر خطیب، ابو عمر بن عبدالبر، احمد بن عبدالقادر یوسفی اور ابو عبداللہ احمد بن محمد بن غلبون خولانی کو بھی بذریعہ اجازت آپ سے شرف تلمذ حاصل ہے۔ آپ تقریباً ۳۵۵ھ میں پیدا ہوئے۔

خطیب کہتے ہیں امام ابوذر میری خبر حاضری میں بغداد آئے یہاں حدیث پڑھاتے رہے پھر حج کرنے گئے اور مکہ میں ہی سکونت اختیار کرلی۔ بعد میں عرب میں شادی کی اور مقام سروات میں منتقل ہو گئے، ہر سال حج کے لیے تشریف لاتے، دوران قیام مکہ حدیث کا درس دیتے اور واپس چلے جاتے۔ ثقہ، ضابط اور دیانتدار تھے۔ ابو علی بن سکرہ کہتے ہیں آخر شوال ۴۳۴ھ میں واصل باللہ ہوئے۔ خطیب کہتے ہیں ذی قعدۃ میں انتقال فرمایا۔ ابوالولید باجی "کتاب فرق الفقہاء" میں امام ابوبکر باقلانی کے تذکرے میں لکھتے ہیں مجھے ابوذر نے خبر دی ہے اور وہ باقلانی کے مذہب کی طرف مائل تھے۔ میں نے ان سے پوچھا آپ نے باقلانی کا مذہب کیسے اختیار کیا؟ بولے میں ایک دفعہ امام دارقطنی کے ساتھ جا رہا تھا راستہ میں ہماری ملاقات قاضی ابوبکر سے ہوئی۔ امام دارقطنی نے ان سے معانقہ کیا اور ان کے منہ اور آنکھوں پر بوسہ دیا جب دونوں ایک دوسرے سے جدا ہوئے تو میں نے پوچھا یہ کون ہیں؟ بولے یہ امام المسلمین اور دین سے مخالفین کے حملے روکنے والے قاضی ابوبکر بن طیب ہیں۔ اس دن سے میں نے ان کی خدمت میں آنا جانا شروع کر دیا۔ حسن بن بقی مالقنی کہتے ہیں مجھے ایک شیخ نے بتایا کہ امام ابوذر سے کسی نے پوچھا آپ ہرات کے رہنے والے ہیں؟ آپ نے امام مالک کے مذہب اور اشعری کی رائے کو کیسے اختیار کیا؟ میں بغداد میں آیا اس کے بعد مذکورہ واقعہ بیان کیا اور پھر کہا میں نے ان کے مذہب کو قبول کر لیا۔

صحیح ابوذر کا سماع

حافظ ابن المفضل کہتے ہیں ہمارے شیخ سلفی نے ہمیں ابوبکر طریثیثی سے چند احادیث بیان کی ہیں جن کا انہوں نے امام ابوذر سے سماع کیا تھا اور ابو شاکر نعمانی سے امام ابوذر سے سنی ہوئی ایک حدیث بیان کی اس کے علاوہ ہم نے سلفی سے ابوذر کی ساری صحیح کا سماع کیا جس کی انہیں ابو مکتوم بن ابوذر سے اجازت حاصل تھی۔ ہمارے شیخ ابو عبید احمد بن زیادۃ اللہ غفاری نے ابو مکتوم سے مکہ میں اس کتاب کا سماع کیا تھا۔ میں نے ان سے اس کے اکثر حصہ کا سماع کیا ہے اور آخر میں جو رہ گئی اس کی انہوں نے مجھے اجازت دے دی۔ ابو مکتوم سے آخر میں حدیث پڑھنے والے ابوالحسن علی بن حمید بن عمار انصاری ہیں اور مجھے ان سے اجازت حاصل ہے۔ میں نے یہ پوری کتاب اپنے شیخ ابوطالب صالح بن سند سے پڑھی ہے انہوں نے طرطوشی سے انہوں نے ابوالولید باجی سے اور انہوں نے ابوذر سے اس کا سماع کیا تھا۔ ابوطالب کہتے تھے اور میں نے یہ پوری کتاب ابوالقاسم مخلوف بن علی قروی سے انہوں نے ابوالحجاج یوسف بن عبدالعزیز لخمی سے انہوں نے علی بن سلیمان نقاش سے اور انہوں نے ابوذر سے پڑھی ہے۔

fat.com

خلف باجی کہتے ہیں ایک دفعہ مشہور فقیہ ابو عمران قابسی مکہ معظمہ آئے وہ امام ابوذر سے پہلے استفادہ کر چکے تھے۔ اب آئے تو ابوذر اپنی رہائش گاہ سرات میں جا چکے تھے یہ ان کی کتابوں کے محافظ سے کہنے لگے مجھے کچھ کتابیں نکال دو میں ان کی غیر حاضری میں نقل کر لیتا ہوں، جب آئیں گے تو میں ان کو پڑھ کر سنا دوں گا وہ بولا میں ایسی جرأت نہیں کر سکتا یہ چابیاں رکھی ہیں اگر چاہو تو اپنے آپ لے لو اور نقل کر لو۔ چنانچہ انہوں نے چابیاں لے کر اپنی پسند کی کتابیں نکال لیں۔ امام ابوذر کو سرات میں اس کا پتہ چلا تو سوار ہو کر فوراً مکہ آئے اپنی کتابیں لیں اور حلف اٹھایا کہ انہیں ہرگز نہیں پڑھائیں گے۔ مجھے پتہ چلا ہے کہ بعد میں جب ابو عمران پہلے کی پڑھی ہوئی کوئی حدیث ابوذر سے بیان کرتے تو ان کے مشہور نام کی بجائے کہتے مجھ سے ابو یعلیٰ نے حدیث بیان کی ہے۔ عرب کے لوگ انہیں ان کے بیٹے یعلیٰ کے نام پر ابو یعلیٰ کہہ کر پکارتے تھے۔ میں کہتا ہوں اس واقعہ سے شیخ اور تلمیذ کے درمیان شکر رنجی کا پتہ چلتا ہے۔

عبدالغافر تاریخ نیسابور میں لکھتے ہیں ابوذر عابد زاہد اور پرہیزگار عالم تھے۔ سخاوت کے دلدادہ تھے اور کوئی چیز بچا کر نہیں رکھتے تھے حرم کے کبار مشائخ میں شمار ہوتے تھے اور تصوف میں بھی مشار الیہ تھے۔ انہوں نے صحیحین کی ایک بڑی اچھی تخریج لکھی ہے۔ کثیر الشیوخ حافظ حدیث تھے۔ میں کہتا ہوں انہوں نے صحیحین پر ایک جلد میں لطیف مستدرک بھی لکھا ہے۔ میں نے اس سے استفادہ کیا ہے اس سے ان کی قوی یادداشت کا پتہ چلتا ہے۔ قاضی عیاض نے ان کی تصانیف کی درج ذیل فہرست دی ہے۔

کتاب کبیر مخرج علی الصحیحین، کتاب السنۃ والصفات، کتاب الجامع، کتاب الدعاء، کتاب فضائل القرآن، کتاب دلائل النبوۃ، کتاب شہادۃ الزور، کتاب فضائل مالک اور کتاب العیدین۔ قاضی عیاض نے ان کی تاریخ وفات ۴۳۵ھ بتائی ہے مگر صحیح ۴۳۴ھ ہے۔

ابو اسماعیل عبداللہ بن محمد کہتے ہیں حافظ عبد بن احمد بن محمد بن سماک (ابوذر) صدوق ہیں علماء نے ان کے مذہب پر کچھ کلام کیا ہے، میں نے ان سے حج کے بارہ میں جابر کی صرف ایک طویل حدیث کا سماع کیا ہے جسے وہ شیبان بن محمد عن ابی خلیفۃ عن علی بن المدینی کی سند سے بیان کرتے ہیں مجھ سے فرمانے لگے یہ حدیث تم میرے سامنے خود پڑھو تاکہ تمہیں حدیث پڑھنے کا ڈھنگ آجائے چنانچہ میں نے ان کو یہی پہلی حدیث پڑھ کر سنائی میں ان کو کتاب پکڑانے لگا تو بولے نیچے رکھ دو میرا اس وقت وضو نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں ان کے ساتھ ۴۳۴ھ میں مندرجہ ذیل چار علماء کو بھی موت نے اپنا لقمہ بنایا۔

مسند شعیب بن عبداللہ بن منہال یہ مصر میں فوت ہوئے، عالم مغرب ابو محمد عبداللہ بن غالب بن تمام ہمدانی مالکی سبتہ میں فوت ہوئے، مسند اندلس ابوالبرکات محمد بن عبدالواحد قرشی زبیری مکی آپ ۸۰ سال کی عمر میں لقمہ اجل بنے اور شیخ القراء علی بن طلحہ بصری یہ بغداد میں فوت ہوئے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جریر بن عبداللہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص اہل زمین پر رحم نہیں کرتا

اس پر آسمان میں رہنے والا خدا رحم نہیں کرتا۔"

یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ نیز ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت رمضان کے لیے ایک سال سے اگلے سال تک مزین کی جاتی ہے۔ جب رمضان کا پہلا دن ہوتا ہے تو عرش کے نیچے ہوا چلتی ہے جو جنت کے پتوں سے ٹکراتی ہوئی حور عین تک پہنچتی ہے۔ اس پر وہ کہتی ہے الٰہی اپنے بندوں میں ہمیں ایسے شوہر [illegible] جنہیں پاکر ہماری آنکھیں اور ہمیں پاکر ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں۔"

فقیہ نصر کہتے ہیں اس حدیث میں ولید بن ولید عبسی منفرد ہے اور محدثین نے اس کو ترک کر دیا ہے۔ [illegible] دارقطنی نے اس کو ضعیف اور ابو حاتم نے اس کو قوی کہا ہے۔

۹۹۸ ۲۳/۲/۱۳ امام مقری ربعی دمشقی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام علی بن حسن بن میمون ہے۔ آپ دمشق کے رہنے والے [illegible] ہیں اور ابن ابی زروان کے نام سے مشہور ہیں۔ آپ نے حسن بن عبداللہ [illegible] بن محمد بن حیان، محمد بن علی بن فروہ، عبدالوہاب بن حسن کلابی اور ان کے طبقہ سے [illegible] اہل شام کی قرأت کے مطابق امام علی بن داؤد دارانی اور علی بن زبیر سے [illegible] سمعان، نجاء بن احمد، عبدالعزیز کتانی، حسن بن ابی الحدید اور [illegible] آپ ۷۳ سال زندہ رہے۔

کتانی نے آپ کا تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ آپ کو ابن جوصا کی [illegible] اور اس کے علاوہ ابو عبید کی کتاب غریب الحدیث حرف بحرف یاد تھی [illegible] غیرے رئیس تھے، نیز ثقہ اور مامون تھے۔ بقول کتانی آپ نے [illegible] نے بھی انتقال فرمایا۔

شیخ اللغۃ ابو غالب تمام بن غالب بن تیانی آپ کا اندلس [illegible] بن علی بن محمد صیمری آپ ۸۵ سال کی عمر میں بغداد میں فوت ہوئے۔ عالم امامیہ ابو طالب [illegible] نہج البلاغت کے مصنف، فقیہ اندلس علامہ عابد ابوالولید محمد بن عبداللہ بن احمد [illegible] وفات پائی اور شیخ المعتزلہ علامہ ابوالحسین محمد بن علی بن [illegible] واسطہ سے عوف بن مالک کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا موسیٰ [illegible] تمام انبیاء [illegible] اپنی [illegible] کی کثرت کے باعث فخر کریں گے [illegible]

fat.com

امت سے بھی زیادہ ہوگی، موسیٰ علیہ السلام چند خصوصیات کے حامل ہیں انہوں نے چالیس روز تک اپنے رب سے سرگوشی اور مناجات کی اس میں اشارہ ہے کہ دوسرگوشی کرنے والوں کو اتنی مدت سے زیادہ سرگوشی نہیں کرنی چاہیئے اور وہ جب قیامت کے دن سب لوگ بیہوش ہو جائیں گے بیہوش نہیں ہوں گے۔

۹۹۹ ۲۴/۲/۱۳ مفید امام خلّال بغدادی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام حسن بن خضر بن حسن بن علی ہے۔ آپ بغداد کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں۔ آپ کے والد کی کنیت ابوطالب ہے ۳۵۲ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابوبکر قطیعی، ابوسعید حرفی، ابوالحسین بن منظفر، ابوبکر وراق، ابوعبداللہ بن عسکری، ابوعمر حیویہ، ابوبکر بن شاذان، ابوعلی محمد بن احمد عطشی، ابوحفص عمر بن محمد زیات، ابوالفتح قواس، ابوالحسن بن لؤلؤ وراق اور دوسرے آئمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ سے خطیب، ابوالحسین بن طیوری، ان کے بھائی ابوسعد، جعفر بن احمد سراج، معمر بن ابی عمارہ واعظ، جعفر بن خشن سلماسی، علی بن عبدالواحد دینوری اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

محمد بن علی صوری کہتے ہیں میری آنکھوں نے عبدالغنی بن سعید کے بعد ابومحمد خلال بغدادی سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا۔ ابوبکر خطیب کہتے ہیں ثقہ ہیں اور معرفت تامہ کے حامل ہیں۔ آپ نے صحیحین پر ایک مسند لکھا ہے اور احکام و مسائل اور تراجم رجال پر متعدد کتابیں تصنیف کی ہیں۔ آپ نے جمادی اولی ۴۳۹ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ میں کہتا ہوں اس سال مندرجہ ذیل علماء بھی فوت ہوئے۔

جامع مسجد کے نگران مسند ابوعلی حسن بن علی بن حسن کتانی مقری آپ نے دمشق میں انتقال کیا، محدث ابوالفرج حسین بن علی طنا جیری بغداد میں فوت ہوئے، مسند ابوالحسن علی بن منیر بن احمد خلال مصری، مسند اندلس ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن عائذ معافری قرطبی انہوں نے اپنے سفر میں مشہور دانشور مہندس سے ملاقات کی تھی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت علی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا میں نیکی کرنے والے ہی آخرت میں نیک بدلہ پائیں گے، اور دنیا میں برائی کرنے والے آخرت میں برا بدلہ پائیں گے۔"

نیز ان کے واسطہ سے حضرت بریدہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ان کے اور ہمارے درمیان پابندی نماز کا عہد ہے، پس جس نے نماز ترک کر دی وہ کافر ہوا۔"

اس کی سند سے بغوی کے شیخ ساقط ہیں۔

****

۱۰۰۰ ۲۵/۲/۱۳ امام ابن حمدان خراسانی

آپ کی کنیت ابوطاہر اور نام محمد بن احمد بن علی بن حمدان ہے۔ آپ خراسان کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں طلب علم کے لیے مختلف بلاد میں سفر کرنے والے اور کتابیں لکھنے والے علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ امام حاکم کی صحبت میں رہے ہیں اور ان سے ہی سند فراغت حاصل کی ہے۔ ان کے علاوہ نیسابور میں ابوبکر طرازی، حافظ ابوبکر جوزقی، ابوالحسین قنطری، ابوطاہر بن خزیمہ، زاہر بن احمد فقیہ، ابراہیم بن محمد سرخسی اور ان جیسے دوسرے علماء سے، رے میں جعفر بن فناکی سے، بیکند میں حافظ احمد بن علی سلیمانی سے، بخارا میں محمد بن احمد غنجار سے، سمرقند میں ابوسعد ادریسی سے، رے میں علی بن محمد بن عمر فقیہ سے اور مرو میں ابوالفضل محمد بن الحسین حدادی سے حدیث کا سماع کیا۔ میں نے ان کی تصنیف کردہ کتابیں "مسند بہز بن حکیم" اور "طرق حدیث الطیر" دیکھی ہیں۔ آپ سے ابوسعید محمد بن احمد بن حسین نیسابوری نے ۴۴۱ھ میں حدیث کا سماع کیا۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میت کے ساتھ قبر تک تین چیزیں جاتی ہیں اہل، مال اور عمل دفن کے بعد اہل اور مال واپس آجاتے ہیں اور عمل اس کے پاس رہ جاتا ہے۔"

۱۰۰۱ ۲۶/۲/۱۳ علامہ امام نعیمی بصری نزیل بغداد

آپ کی کنیت ابوالحسن نام علی بن احمد بن حسن بن نعیم ہے۔ آپ بصرہ کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور نامور حافظ حدیث ہیں۔ بعد میں بغداد میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔ آپ نے احمد بن محمد بن عباس سفاطی، احمد بن عبداللہ نہرویری، محمد بن عدی منقری، ابواحمد عسکری، حافظ محمد بن احمد بن حماد کوفی، عبداللہ بن یسع انطاکی، علی بن [illegible] ابن مظفر اور دوسرے بہت سے لوگوں سے اکتساب فیض کیا۔ خطیب کہتے ہیں میں نے ان [illegible] آپ حافظ، عارف، متکلم اور شاعر تھے۔ مجھے ان کے واسطہ سے عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیت اللہ کا طواف اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی اللہ تعالیٰ کا ذکر جاری رکھنے کے لیے ہے۔"

یہ حدیث برقانی نے نعیمی سے اپنی اس کتاب میں ذکر کی ہے جس میں امام ثوری کی احادیث جمع کی ہیں اور ثوری عن عبیداللہ بن عمر عن القاسم کی۔ ہمارے صحیح سند ثوری عن عبیداللہ بن ابی زیاد عن القاسم ہے۔ وکیع اور ابونعیم نے امام ثوری سے یہ سند اسی طرح بیان کی ہے۔

خطیب کہتے ہیں مجھے ازہری نے بتایا ہے کہ نعیمی نے ابن مظفر کے نام پر ایک حدیث وضع کی تھی جسے وہ اشعث سے روایت کرتے تھے۔ جب اصحاب حدیث میں اس کا چرچا ہوا تو نعیمی ندامت کے مارے بغداد سے نکل گئے اور جب تک ابن مظفر اور اس واقعہ کے جاننے والے لوگوں کا انتقال نہیں

Marfat.c

ہوا، بغداد میں واپس نہیں آئے اور میں نے صوری سے سنا ہے کہتے تھے میں نے بغداد میں نعیمی سے کامل آدمی کوئی نہیں دیکھا۔ آپ معرفتِ حدیث، علم کلام اور فنونِ ادب کے جامع تھے اور فقہ شافعی میں بھی رکھتے تھے۔ اور برقانی کہتے ہیں نعیمی ہر فن میں کامل ہیں مگر ان میں عجب اور غرور پایا جاتا ہے۔

وفات: میرے خیال میں نعیمی نے ۹۰ سال کی عمر میں ذیقعدہ ۴۲۳ھ میں انتقال کیا۔

Marfa

چودھواں طبقہ

(اس میں تیس حفاظِ حدیث کا ذکر ہے)

۱۰۰۱ ۱/۱۴ امام صوری ساحلی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ نام محمد بن علی بن عبداللہ بن محمد بن دحیم ہے آپ [illegible] بہت
ے عالم اور یکتائے زمانہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے شام میں ابوالحسین بن [illegible]
بدالصمد زرافی، محمد بن جعفر کلاعی اور متعدد دوسرے علماء سے، مصر میں حافظ عبدالغنی بن [illegible]
بداللہ بن محمد بن بندار اور دوسرے لوگوں سے۔ اور بغداد میں ابوالحسن بن مخلد بزاز، احمد بن طلحہ [illegible]
ران کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا اور حافظ عبدالغنی کی صحبت میں رہ کر علم کی تکمیل کی۔

آپ سے ابوبکر خطیب، قاضی ابو عبداللہ دامغانی، جعفر بن احمد سراج، ابوالقاسم بن بیان، ابوالحسین [illegible]
بداللہ بن ساعد رجبی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں ان سے آخر میں بالاجازت روایت کرنے والے [illegible]
طیوری ہیں جو ۳۷۶ھ یا ۳۷۷ھ میں پیدا ہوئے اور بڑے ہونے کے بعد پڑھنے لگے [illegible]
روع کر دیتے تو انہیں بہت سی عالی سندیں حاصل کرنے کا موقع ملتا۔

خطیب کہتے ہیں آپ حدیث حاصل کرنے میں سب سے زیادہ حریص [illegible]
ے بہتر جاننے والے تھے۔ ہمارے ہاں ان سے زیادہ جاننے والا کوئی نہیں [illegible]
ح صحیح نقل کرتے تھے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ خراسان کے بنے ہوئے قیمتی کاغذ پر ایک جانب لکھتے تھے
ہر صفحہ میں ۸۰ سطریں ہوتی تھیں کثرت طلب کے ساتھ ساتھ پڑھنے میں سخت مزاج تھے [illegible]
ت اپنے شیخ پر ایک حدیث کئی مرتبہ دہراتے تھے۔ عید کے دن چھوڑ کر باقی سب دنوں میں روزہ رکھا کرتے
تھے۔ خطیب کہتے ہیں کہ حافظ عبدالغنی نے اپنی تصانیف میں ان سے بہت سے فوائد لکھے ہیں۔ بعض جگہ [illegible]
ں کا نام لیا ہے اور کبھی کہتے ہیں مجھ سے ورد بن علی نے حدیث بیان کی ہے۔ خطیب کہتے ہیں آپ صدوق [illegible]
ست گو تھے انہوں نے مجھ سے لکھا ہے اور میں نے ان سے لکھا ہے۔ بغداد میں وارد ہونے کے بعد وفات
ک یہیں رہے اور یہیں انتقال فرمایا۔ ابوالولید باجی کہتے ہیں ہم نے جتنے لوگ دیکھے ہیں [illegible]
یادہ بڑے حافظ حدیث ہیں۔ غیث بن علی [illegible] کہتے ہیں میں نے اہل علم کی ایک جماعت کو دیکھا ہے [illegible]

سب کہتے تھے کہ ہم نے صوری سے بڑا کوئی حافظِ حدیث نہیں دیکھا۔ عبدالمحسن تنوخی کہتے ہیں میں نے ان جیسا آدمی نہیں دیکھا آگ کا شعلہ تھے اور آپ کی زبان تلوار کی طرح تیز تھی۔ سلفی کہتے ہیں صوری نے پوری صحیح بخ بغدادی کاغذ کے سات تختوں پر لکھی تھی اور ان کی ایک آنکھ کام کرتی تھی۔

ابوالولید باجی نے کتاب فرق الفقہاء میں لکھا ہے ہمیں ابو عبداللہ محمد بن علی وراق نے جو ایک قابل اعتماد متدین آدمی ہیں بتایا کہ انہوں نے ابو عبداللہ صوری کو دیکھا ہے بڑے خوش خلق، ظریف الطبع اور ہنس مکھ تھے۔ ان یہ اوصاف جبلی اور فطری تھے۔ ان میں شریعت اور دین کے منافی کوئی چیز نہیں دیکھی تھی۔ ایک دن ابوالعباس رازی ایک کتاب پڑھ رہے تھے کوئی ہنسنے کی بات آگئی جس سے ہنسنے لگے ان کے شہر کے کچھ لوگ وہاں موجود تھے انہ یہ حرکت سخت ناگوار گذری وہ کہنے لگے آپ جیسے عالم فاضل کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و کی حدیث پڑھتے وقت اس طرح ہنسے اور طعن ملامت کرتے ہوئے کہنے لگے ہمارے شہر کے علماء اور مشائخ قسم کی حرکت کو پسند نہیں کرتے اس پر آپ بولے تمہارے شہر کا کوئی شیخ اور کوئی عالم ایسا نہیں جو میرے پاس بیٹھنا اور میری اقتدا کرنا پسند نہ کرے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں یہاں تمہارے ہاں پہلے اطلاع دیئے یا کسی قسم کا وعدہ کیے بغیر آیا ہوں تمہیں اختیار ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی جو حدیث تم چاہو پڑھو میں اس کی سند پڑھ دوں گا یا اس کی سند پڑھو میں اس کا متن بیان کروں گا۔ اس کے بعد باجی کہتے ہیں میں علامہ صوری کی خدمت میں متواتر تیرہ سال تک رہا ہوں میں نے انہیں کبھی فتویٰ دینے کی کوشش کرتے نہیں دیکھا۔ مبارک بن عبدالجبار کہتے ہیں میں نے متعدد علماء سے حدیث لکھی ہے مگر میں نے ان میں صوری سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا ایک آنکھ سے لکھتے تھے ان کو ہر علم میں درک حاصل تھا اور ان کا قول حجت سمجھا جاتا تھا۔ علامہ خطیب نے ان سے علم حدیث حاصل کیا ہے۔ میں کہتا ہوں آپ بڑے اچھے شعر کہتے تھے اور سنتِ رسول سے بے حد محبت رکھتے تھے مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہلکی نماز پڑھایا کرو کیونکہ امام کے پیچھے کمزور، بوڑھے اور حاجتمند لوگ ہوتے ہیں"

یہ حدیث صحیح ہے اور اس کی سند میں آنے والے راوی عبداللہ ابن بشر ہیں۔ نیز ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث بھی ملی ہے آپ فرماتی ہیں۔

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی سے پہلے نیند میں خوابوں کا سلسلہ شروع ہوا آپ جو خواب دیکھتے وہ صبح کی روشنی کی طرح واضح اور صحیح ثابت ہوتا اس وقت آپ کو خلوت نشینی اور علیحدگی سے محبت ہوگئی چنانچہ آپ شہر سے دور غار حراء میں تشریف لے جاتے اور کئی کئی دن تک وہاں عبادت میں مصروف رہتے الحدیث"

مبارک بن عبدالجبار فرماتے ہیں ایک دفعہ علامہ محمد بن علی صوری نے ہمیں اپنے یہ اشعار سنائے ؎

t.com

قل لمن عاند الحدیث واضحی مائبا اہلہ ومن یدعیہ

حدیث سے دشمنی رکھنے اور اہل حدیث کی عیب جوئی کرنے والے سے پوچھ

أبعلم تقول ہذا ابن لی ام بجہل فالجہل خلق السفیہ

سچ سچ بتاؤ تم یہ علم کی بات کرتے ہو یا جہالت کی؟ جہالت کی بات کرنا احمق کی عادت ہے۔

ایعاب الذین ہم حفظوا الدین من الترہات والتقویہ

کیا ان لوگوں پر عیب دھرا جاتا ہے جنہوں نے دین کو اباطیل اور بے بنیاد [illegible] سے بچا لیا ہے۔

والی قولہم وما قد رووہ راجع کل عالم وفقیہ

اور دنیا کا ہر عالم اور ہر فقیہ ان کے قول اور ان کی بیان کردہ حدیث کی طرف رجوع کرتا ہے۔

خطیب فرماتے ہیں علامہ صوری نے جمادی الاخریٰ ۴۴۱ھ میں اپنی جان جان آفرین کے سپرد کی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

۱۰۰۳ ۲/۱۴ امام ابن ماما اصبہانی

آپ کی کنیت ابو حامد اور نام احمد بن محمد بن اسید بن ماما ہے آپ اصفہان کے رہنے والے اپنے زمانہ حافظ حدیث اور اس میں بصیرت رکھنے والے اور نادر اور عمدہ کتابوں کے مصنف ہیں آپ نے جد اعلیٰ کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے ابن ماما کے نام سے مشہور ہیں۔

آپ نے عبدالرحمان بن شریح ہروی، ابو علی اسماعیل بن حاجب کشانی، ابو [illegible] ان کے طبقہ سے علم حدیث حاصل کیا۔ آپ عراق نہیں گئے۔ فنجار کی تاریخ بخارا میں آپ نے ذیل لکھا ہے۔ ہمیں ان کی کوئی شاذ و نادر ہی حدیث ملتی ہے۔ میرے خیال میں آپ ماوراء النہر کے علاقہ میں رہائش پذیر تھے۔ آپ نے شعبان ۴۳۶ھ میں انتقال کیا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۰۰۴ ۳/۱۴ امام مفید مسعود بن علی بن معاذ بن محمد بن معاذ سجزی ثم نیشاپوری

آپ کی کنیت ابو سعید، نام مسعود بن علی بن معاذ اور لقب دلیل ہے [illegible] حدیث ہیں۔ آپ کو امام ابو عبداللہ حاکم سے شرف تلمذ حاصل ہے آپ نے ان سے بہت سے علمی سوالات حل کیے اور بے حد اکتساب فیض کیا۔ ان کے علاوہ ابو محمد ابن الرومی، ابو علی خالدی، عبدالرحمان بن ابی اسحاق مزکی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کی عمر زیادہ نہیں تھی اس لیے آپ نے بہت کم حدیث بیان

کی ہے۔ آپ سے آپ کے رفیقِ خاص مسعود بن ناصر سجزی رکاب نے روایت کی ہے۔ آپ نے ۴۳۸ھ یا ۴۳۹ھ میں وفات پائی۔ عبدالغافر بن اسماعیل نے آپ کی تاریخِ وفات میں اسی طرح شک کا اظہار کیا ہے۔

۱۰۰۵ ۴/۱۴ امام ابونصر سجزی وائلی بکری

آپ کی کنیت ابونصر، نام عبیداللہ بن سعید بن حاتم اور لقب علم السنہ ہے۔ سجستان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں آپ حرم اور مصر میں عرصہ تک مقیم رہے آپ نے مسئلہ قرآن پر ایک مبسوط کتاب لکھی ہے جو آپ کی امامت پر دلالت کرتی ہے اور رجال اور طرقِ حدیث پر گہری نظر کا پتہ دیتی ہے۔ آپ نے احمد بن فراس عبقسی، ابوعبداللہ حاکم، ابواحمد فرضی، حمزہ سلمی، محمد بن محمد بن بکر ہذانی، ابوعمر بن مہدی، علی بن عبدالرحیم سوسی، ابوالحسین احمد بن محمد مجبر، ابومحمد بن نحاس، ابوعبدالرحمان سلمی، ابن الاعرابی کے شاگرد عبدالصمد بن زہیر بن ابی جرادہ حلبی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ ۴۰۰ھ کے بعد سفر پر نکلے اور خراسان، حجاز، شام، عراق اور مصر کے سرچشمہ ہائے علم سے اپنی پیاس بجھائی۔ آپ سے ابواسحاق حبال، سہل بن بشر اسفرائنی، ابومعشر مقری طبری، اسماعیل بن حسن علوی، احمد بن عبدالقادر یوسفی، جعفر بن یحییٰ حکاک، جعفر بن احمد سراج اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا۔ آپ حدیث مسلسل بالاولیۃ کے راوی ہیں۔

ابن طاہر مقدسی کہتے ہیں میں نے حافظ ابواسحاق حبال سے پوچھا کہ ابونصر سجزی اور صوری میں سے بڑا حافظِ حدیث کون ہے؟ فرمایا سجزی صوری جیسے پچاس آدمیوں سے بڑے حافظِ حدیث ہیں۔ میں ایک دن ابونصر سجزی کی خدمت میں حاضر تھا دروازے پر دستک ہوئی میں نے اٹھ کر دروازہ کھولا تو ایک عورت اندر آئی اور ایک ہزار دینار کی تھیلی شیخ کے سامنے رکھتے ہوئے بولی آپ جہاں چاہیں اسے خرچ کریں آپ کو ہر طرح اجازت ہے۔ آپ نے فرمایا تمہارا مقصد کیا ہے؟ بولی میرا مقصد یہ ہے کہ آپ مجھ سے شادی کرلیں، شادی کی مجھے ضرورت تو نہیں مگر میں اس بہانہ سے آپ کی خدمت کرنا چاہتی ہوں آپ نے فرمایا تھیلی اٹھاؤ اور باہر نکل جاؤ۔ جب وہ چلی گئی تو فرمایا میں سجستان سے علم پڑھنے کی نیت سے نکلا ہوں اگر میں شادی کرلوں گا تو طالب نہیں رہوں گا اور میں طلبِ علم کے ثواب پر کسی چیز کو ترجیح نہیں دوں گا۔

آپ نے محرم ۴۴۴ھ میں مکہ معظمہ میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی رحمہ اللہ تعالیٰ۔ آپ کی سند سے مروی مسلسل حدیث ہم نے کسی دوسری کتاب میں ذکر کی ہے۔

۱۰۰۶ ۵/۱۴ شیخ الاسلام امام دانی قرطبی

آپ کی کنیت ابوعمرو نام عثمان بن سعید بن عثمان اموی اور لقب المقری ہے آپ قرطبہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں اور بنوامیہ کی طرف نسبت ولاء کی وجہ سے اموی کہلاتے ہیں۔ آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں اور دانیہ بستی میں سکونت کی بنا پر دانی کہلاتے ہیں۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ میں ۳۷۱ھ میں پیدا ہوا ۳۸۶ھ میں پڑھنا

شروع کیا اور ۳۹۷ھ میں طلب علم کے لیے بلاد مشرق کا سفر کیا۔ راستہ میں چار مہینے قیروان میں ٹھہرا اسی سال شوال میں مصر آیا اور ایک سال یہاں ٹھہرا رہا۔ پھر فریضۂ حج ادا کرنے کے بعد ذیقعد ۳۹۹ھ میں اندلس واپس آ گیا۔

میں کہتا ہوں آپ نے مختلف روایات کے مطابق قرطبہ میں عبدالعزیز بن جعفر فارسی، ابوالحسین بن غلبون، خلف بن خاقان مصری اور ابوالفتح فارس بن احمد وغیرہ سے قرآن مجید پڑھا اور حجاز، مصر، مغرب اور اندلس جیسے دور دراز ممالک میں جا کر اپنے سب سے بڑے شیخ ابومسلم کاتب، احمد بن فراس عبقسی، عبدالرحمان بن عثمان قشیری، حاتم بن عبداللہ بزاز، احمد بن فتح بن رسان، عبدالرحمان بن عمر بن نحاس مصری، ابوالحسن بن محمد قابسی اور دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ اور آپ سے ابوالوفاء مفرج اقبالی، ابوداؤد بن نجاح، ابوالحسین بن نثار، ابوالحسن بن دوش وغیرہ نے قرآن حکیم پڑھا اور بہت سے لوگوں نے حدیث کی تعلیم حاصل کی جن میں خلف بن ابراہیم طلیطلی خاص طور پر مشہور ہیں۔

حافظ ابومحمد بن عبیداللہ حجری کہتے ہیں ہمارے بعض شیوخ نے علامہ دانی کا ذکر کیا تو فرمایا کہ حفظ [illegible] زمانہ میں اور ان کے بعد بھی ان کا مقابلہ کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ میں جب کوئی چیز دیکھتا اسے لکھ لیتا اور جس کو لکھتا اس کو زبانی یاد کر لیتا اور جس کو یاد کر لیتا اس کو پھر کبھی نہیں [illegible] ابن بشکوال کہتے ہیں ابوعمرو فن قراءات ان کی مختلف روایات، ان کی تفسیر، معانی، طرق اور اعراب میں امامت کا درجہ رکھتے تھے۔ ان سب [illegible] پر انہوں نے بہت اچھی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ آپ کو حدیث، اسانید اور اسماء رجال میں بھی معرفت تامہ حاصل تھی۔ اعلیٰ درجہ کے خوشنویس تھے نیز حفظ، ذکاء اور علوم و فنون میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ آپ فاضل ادیب، [illegible] پرہیزگار اور سنت کے پابند تھے۔ مغامی کہتے ہیں ابوعمرو مستجاب الدعوات تھے اور مذہباً مالکی تھے۔ حمیدی کہتے ہیں بہت علم رکھنے والے محدث تھے اور قرآن حکیم پڑھانے میں سب پر فائق تھے۔ میں کہتا ہوں [illegible] ابوعمرو پر ختم تھا۔ قراء ان کی تصانیف کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور قراءات، رسم، تجوید، [illegible] متعلق ان کی نقل پر اعتماد کرتے تھے۔ آپ نے اپنی یادگار میں ایک سو [illegible] تصانیف [illegible]

آپ سے بطریق اجازت دو شخص روایت کرتے ہیں احمد بن محمد بن عبداللہ [illegible] ابوالعباس [illegible] بن عبدالملک بن ابی حمزہ۔ میں نے آپ کے تفصیلی حالات [illegible] تاریخ القراء [illegible]

آپ نے نصف شوال ۴۴۴ھ میں اپنی بستی دانیہ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ
ہمیں ان کی سند سے مختلف قراءتیں قرأت اور سماع دونوں طریقوں سے حاصل ہوئی ہیں۔

۱۰۰۷ ۶/۱۴ امام سمان رازی

آپ کی کنیت ابوسعد نام اسماعیل بن حسین بن زنجویہ ہے۔ آپ رے کے رہنے والے بہت بڑے حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے عبدالرحمان بن محمد بن فضالہ، ابوطاہر مخلص، احمد بن ابراہیم بن فراس مکی، عبدالرحمان بن ابی نصر [illegible] ابومحمد

Marfat.c

بن نحاس مصری اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور آپ سے ابوبکر خطیب، عبدالعزیز کتانی، ان کے بھتیجے طاہر بن حسین، ابوعلی حداد اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مظفر بن علی علوی مرتضی کہتے ہیں میں نے معتزلہ کے امام ابوسعد سمان سے سنا ہے فرماتے تھے جس نے حدیث نہیں لکھی اس نے اسلام کی حلاوت نہیں پائی کتانی کہتے ہیں سمان کا کبار حفاظ حدیث میں شمار ہوتا ہے۔ عابد زاہد تھے اور مذہبا معتزلی تھے۔ ابوالقاسم ابن عساکر کہتے ہیں میں نے رے میں ابومنصور بن عبدالرحیم بن مظفر سے ابوسعد سمان کی وفات کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا ان کا ۴۴۳ھ میں انتقال ہوا ہے نیز کہا وہ مذہبا معتزلی تھے۔ اور انہوں نے تین ہزار چھ سو مشائخ سے اکتساب فیض کیا تھا۔ انہوں نے بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں اور ساری عمر شادی نہیں کی میں کہتا ہوں ان کے اساتذہ کی اتنی بڑی تعداد میری سمجھ میں نہیں آتی اور نہ ہی یہ ممکن ہے۔

عمر علیمی کہتے ہیں میں نے ایک کتاب کی پشت پر یوں لکھا دیکھا ہے معتزلہ کے شیخ اور ان کے عالم اور محدث ابوسعد سمان زاہد نے شعبان ۴۴۵ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ قرارات، حدیث، رجال، فرائض اور شروط میں بلانزاع امام تھے۔ ابوحنیفہ کی فقہ اور ان کے اور شافعی کے باہمی اختلاف کو خوب جانتے تھے، فقہ زیدیہ کے بھی عالم تھے اور ابوہاشم جبائی کے مذہب کے پیرو تھے۔ شام، حجاز اور مغرب میں گئے اور تین ہزار شیوخ سے استفادہ کیا ان کی مدح میں کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ شیخ الاسلام تھے۔ اور زمانہ کی چلتی پھرتی تاریخ تھے۔ میں کہتا ہوں بلکہ شیخ الاعتزال تھے اور ان کا وجود باعث عبرت ہے کہ علوم دین میں انتہائی کمال کے باوجود بدعت سے خلاصی نہ پا سکے۔ مجھے ان کے واسطہ سے امام عبدالرزاق کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں:

"میں نے ابن جریج سے اچھی نماز پڑھنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ انہوں نے یہ نماز عطاء سے سیکھی، عطاء نے ابن زبیر سے اور ابن زبیر نے حضرت ابوبکر صدیق سے اور ابوبکر صدیق نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل سے اور جبرائیل نے اللہ عزوجل سے سیکھی تھی۔"

نیز ان کے واسطہ سے حضرت علی کا یہ قول ملا ہے کہ انہوں نے فرمایا:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس امت میں سب سے بہتر اور سب سے افضل حضرت ابوبکر اور حضرت عمر ہیں۔"

۱۰۰۸ - قاضی امام خلیلی قزوینی

آپ کی کنیت ابویعلی نام خلیل بن عبداللہ بن احمد اور لقب خلیلی ہے۔ آپ قزوین کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور مشہور کتاب "الارشاد فی معرفۃ المحدثین" کے مصنف ہیں۔ آپ نے علی بن احمد بن صالح قزینی، محمد بن

اسحاق کسائی، قاسم بن علقمہ، ابو حفص کتانی، محمد بن سلیمان بن یزید فامی، ابو طاہر مخلص، ابو الحسین خفاف اور امام ابو عبداللہ حاکم سے حدیث کا سماع کیا اور کوفہ سے ابوبکر ابن المقری، ابو حفص بن شاہین اور علی بن عبدالرحمان بکائی نے، جرجان سے ابو احمد غطریفی اور نیسابور سے ابو عمرو بن حمدان نے آپ کو اجازت دی [illegible] آپ کے شیخ ابو بکر بن لال، آپ کے صاحبزادے ابو زید واقد بن خلیل، اسماعیل بن مالکی فرد ہی [illegible] سے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔

آپ ثقہ اور حافظ حدیث تھے، علل حدیث اور رجال کو خوب جانتے تھے۔ جلیل القدر تھے اور عالی سند رکھتے تھے۔ جس نے آپ کی کتاب دیکھی ہے اس سے آپ کی جلالت اور بزرگی مخفی نہیں رہی۔ میں نے آپ کی یہ کتاب ابن خلال سے سنی ہے وہ ہمدانی سے، وہ سلفی سے، وہ ابن مالکی سے اور وہ خود مصنف سے روایت کرتے ہیں۔ اس میں اغلاط اور اوہام بہت ہیں یوں معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس کی تصنیف میں زبانی یادداشت پر اعتماد کیا ہے۔ آپ نے ۴۴۶ھ کے آخر میں وفات پائی۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو نماز کسوف پڑھائی اور ہر رکعت میں دو رکوع [illegible] سجدے کیے۔"

اس حدیث کے روایت کرنے میں امام شافعی متفرد ہیں۔ خلیلی کے ساتھ [illegible] جبرئیل علماء نے بھی سفر آخرت اختیار کیا۔

رئیس ابو الفضل احمد بن محمد بن ابی عمرو بن ابی الفرات، ان کا نیشاپور میں انتقال [illegible] مقری [illegible] ابو علی [illegible] امام ابو محمد عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمان تیمی اصفہانی، مقری اندلس ابو القاسم عبدالرحمان بن [illegible] دمشق ابو الحسن محمد بن عبدالرحمان بن عثمان بن قاسم تمیمی۔

۱۰۰۹ ۸/۴ امام فلکی ہمدانی

آپ کی کنیت ابو الفضل، نام علی بن حسین بن احمد بن حسن اور لقب فلکی ہے۔ آپ ہمدان کی طرف منسوب اور نامور حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے علم حاصل کرنے کے لیے دور دراز شہروں کے سفر کیے اور فن حدیث میں بصیرت حاصل کی۔ آپ نے ابو الحسن بن رزقویہ، ابو الحسین بن بشران، قاضی ابو بکر حیری، ابو سعید میرانی اور ان کے طبقہ کے حدیث کا سماع کیا۔

ابن شیرویہ طبقات میں لکھتے ہیں:

"ہمیں آپ سے حسنی اور میدانی نے حدیث بیان کی ہے۔ آپ حافظ اور متقن تھے فن حدیث میں خوب ماہر تھے۔ آپ نے رجال میں ایک کتاب تصنیف کی ہے جو ایک [illegible] جزو میں پوری ہوئی

fat.com

آپ جوانی میں نیسابور میں فوت ہو گئے اور اپنے جمع کیے ہوئے علم سے زیادہ فائدہ نہ اٹھا سکے۔ شیخ اسماعیل انصاری کہتے ہیں میری آنکھوں نے کسی انسانوں کو فلکی سے بڑا حافظِ حدیث نہیں دیکھا۔ آپ صوفی منش تھے۔

میں کہتا ہوں آپ نے بحالتِ جوانی شعبان ۴۲۷ھ اور ایک قول کے مطابق ۴۲۸ھ میں نیسابور انسان میں وفات پائی۔ آپ کے دادا بڑے جاہ و جلال کے مالک اور علم الافلاک اور حساب میں بہت باکمال تھے اسی وجہ سے آپ فلکی کے نام سے مشہور ہوئے۔

۱۱۰ ۹/۱۴ امام ابو مسعود بجلی رازی

آپ کی کنیت ابو مسعود اور نام احمد بن محدث صالح محمد بن عبداللہ بن عبدالعزیز بن شاذان ہے۔ رے کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے طلبِ علم کے لیے بہت سفر کیے ہیں۔ ۳۶۲ھ میں نیسابور میں پیدا ہوئے آپ کی والدہ ماجدہ طبرستان کی رہنے والی تھیں۔ آپ عرصہ تک جرجان میں مقیم رہے۔ آپ نے ابو عمرو بن ہمدان، حسینک بن علی تمیمی، زاہر بن احمد سرخسی، محمد بن فضل بن ابوبکر بن خزیمہ، ابو نصر محمد بن احمد شرمغولی، ابوبکر محمد بن محمد بن احمد طرازی، ابوالحسن قطری خفاف، ابو محمد مخلدی، ابوبکر بن لال، ابوالحسن بن فراس مکی، ابوالحسین بن فارس لغوی اور دوسرے متعدد لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے بہت علم جمع کیا اور مسائل و احکام میں متعدد کتابیں تصنیف کیں۔ پھر تجارتی کاروبار شروع کیا اور مختلف ممالک کے سفر میں مصروف رہے۔ یحییٰ بن حسن بن شراعتہ ہمدانی، عبدالواحد بن احمد خطیب ہمدانی، ابوالحسن علی بن محمد جرجانی، طریف نیسابوری، اسماعیل بن عبدالغافر، عبدالرحمان بن محمد تاجر اور دوسرے لوگ آپ سے حدیث بیان کرتے ہیں۔

محدثین کی ایک جماعت نے آپ کی توثیق کی ہے۔ مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان کسی چیز میں وصیت کرنا چاہتا ہے اسے چاہیئے کہ وہ دو راتیں گذرنے سے پہلے وصیت لکھ کر اپنے پاس رکھ لے۔" متفق علیہ

آپ نے محرم ۴۴۹ھ میں بخارا میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔ اس سال شیخ الادب ابوالعلاء سلیمان مصری، شیخ الاسلام ابو عثمان صابونی، شارح بخاری ابوالحسن علی بن خلف بن بطال قرطبی، مقری خراسان ابو عبداللہ محمد بن علی بن محمد نیسابوری خبازی اور شیخ الرفض محمد بن علی کراجکی نے انتقال فرمایا۔

۱۱۱ ۱۰/۱۴ امام ہبۃ اللہ محمد بن علی شیرازی کاتب

آپ کی کنیت ابو رجا، نام محمد بن علی اور لقب کاتب ہے۔ شیراز کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں۔

t.com

آپ نے محدث شیراز حافظ حسن بن احمد بن لیث، اصفہان میں علی بن مہلو فرغی اور ابو محمد فحاش اور ابوالحسین بن بشران، ابن الفضل قطان اور ایک دوسری جماعت سے حدیث کا سماع کیا۔ بغداد کو اپنا وطن بنالیا۔

خطیب کہتے ہیں آپ ثقہ اور سمجھدار تھے۔ آپ نے ۴۴۵ھ میں وفات پائی۔

۱۰۱۲ ۱۱/۱۲ محدث اندلس امام زہراوی ذہلی قرطبی

آپ کی کنیت ابو حفص اور نام عمر بن عبداللہ ہے۔ آپ اشبیلیہ اور زہرا میں رہ کر عبدالوارث بن سفیان، ابو محمد بن اصبغ اور ابوالحسن قابسی، بن اسیح اور سلمہ بن سعید سے حدیث لکھی اور ابوالحسن قابسی اپنی ساری توجہ حدیث روایت کرنے میں لگا دی تھی۔

آپ سے محمد بن فیاض، ابو عمر احمد بن سعدی، ابو ذر [illegible] نے حدیث روایت کی۔

آپ ثقہ، متقن اور اپنی حدیث کو اوہام اور اغلاط سے بچانے والے تھے۔ ابو مروان طبنی کہتے ہیں مجھ سے ابو حفص نے کہا کہ میں نے اپنی کتابوں کو بنڈل تیار کر کے رکھے تھے مگر حملہ ہو جانے کی وجہ سے لوٹ کر لے گئے۔ آپ ۹۳ سال کی عمر پاکر صفر ۴۲۷ھ میں روانہ ہوئے۔

قاضی مصر اور صاحب شہاب ابو عبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر بن حمدان بن بندار رازی مقری جوال، مقری ابو سعد احمد بن ابراہیم بن ابی حفص عمر بن مطر کتاب لکھی ہے، مسند آفاق ابو محمد حسن بن علی بن محمد جوہری وغیرہ ہوئے۔ اور مصر کے نحوی ابوالحسن طاہر بن احمد بن بابشاذ نحوی

۱۰۱۳ ۱۳/۱۴ شیخ الاسلام ابن خیرا ابو بکر اشبونی قرطبی

آپ کی کنیت ابو بکر اور نام یوسف بن عبداللہ بن محمد بن عبدالبر بن عاصم ہے۔ حافظ حدیث ہیں۔ ادب کے قبیلہ نمر بن قاسط سے تعلق رکھتے ہیں۔ لکھنے کی وجہ سے مشہور ہوئے۔ اور خطیب کی پیدائش سے کئی سال پہلے حدیث پڑھنی شروع کر دی۔ آپ نے ابن سفیان، عبداللہ بن محمد بن عبدالمؤمن، [illegible] بن احمد بن خیر سان، سعید بن نصر، حسین بن [illegible]

فیض کیا۔ ان کے علاوہ آپ کو مصر سے مسند ابوالفتح بن یعیش اور حافظ عبدالغنی نے اور مکہ معظمہ سے ابوالقاسم عبیداللہ بن حسکانی نے اجازت دی۔ اس طرح آپ حفظ اور ضبط حدیث میں اپنے اہل زمانہ کے سردار بن گئے۔

ابوالولید باجی کہتے ہیں پورے اندلس میں ابوعمر جیسا فن حدیث جاننے والا کوئی آدمی نہیں تھا۔ ابن حزم کہتے ہیں ہمارے شیخ ابوعمر نے التمہید میں فقہ حدیث پر جس عمدگی سے کلام کیا ہے میں نے کسی کو ایسا کلام کرتے نہیں دیکھا اس سے اچھا تو کیا ہو سکتا ہے۔ آپ نے اپنی کتاب الاستذکار میں "التمہید" کا اختصار پیش کر دیا ہے آپ کی دوسری تصانیف بھی اپنے فن میں لاجواب ہیں۔ ان میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں۔ الکافی علی مذہب مالک ۱۵ جلد۔ کتاب الاستیعاب فی الصحابۃ۔ یہ کتاب اپنی نظیر آپ ہے۔ کتاب جامع بیان العلم وفضلہ۔ میں کہتا ہوں ان کے علاوہ مندرجہ ذیل کتابیں بھی آپ کی تصنیف کردہ ہیں۔

(۱) کتاب الاکتفاء فی قراءۃ نافع وابی عمرو (۲) کتاب بہجۃ المجالس یہ اشعار اور نوادر پر مشتمل ہے (۳) کتاب التقصی لحدیث الموطا (۴) کتاب الانباہ عن قبائل الرواۃ (۵) کتاب الانتقاء لمذاہب الثلاثۃ "العلماء مالک، وابی حنیفۃ والشافعی (۶) البیان فی تلاوت القرآن (۷) الاجوبۃ الموعبۃ (۸) کتاب الکنی (۹) کتاب المغازی (۱۰) کتاب القصد والامم فی انساب العرب والعجم (۱۱) کتاب الشواہد فی اثبات خبر الواحد (۱۲) کتاب الانصاف فی اسماء اللہ تعالیٰ (۱۳) کتاب الفرائض وغیرہ۔

ابوالولید باجی کہتے ہیں ابوعمر اہل مغرب میں سب سے بڑے حافظ حدیث ہیں۔ موسیٰ بن ابوتلید اور ابومحمد بن عتاب کہتے ہیں "ہم نے امام ابوعمر ابن عبدالبر سے ان کی کتاب التقصی پڑھی ہے"۔ غسانی کہتے ہیں میں نے امام ابن عبدالبر سے سنا ہے فرماتے تھے ہمارے شہر میں قاسم بن محمد اور احمد بن خالد جیسا کوئی عالم نہیں ہے۔ غسانی کہتے ہیں امام ابن عبدالبر اس سے کم نہیں ہیں اور نہ کسی بات میں ان سے پیچھے ہیں۔ آپ عرب کے قبیلہ نمر بن قاسط سے تعلق رکھتے ہیں طلب علم کے لیے نکلے اور فقیہ ابوعمر احمد بن عبدالملک اور ابوالولید بن فرضی کے حلقہ درس میں شریک ہوئے۔ حدیث اور اس کے متعلقہ فنون کی تحصیل میں برابر مصروف رہے حتیٰ کہ ان میں کمال پیدا کیا اور اندلس کے تمام سابق علماء سے گوئے سبقت لے گئے۔ آپ کو علم حدیث میں تقدم اور فن فقہ اور معانی میں بصیرت حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ علم الانساب اور علم الاخبار میں بھی پوری طرح دسترس حاصل تھی۔ اپنے شہر سے جلاوطن ہوئے۔ مغرب میں کافی عرصہ گذارا پھر اندلس کے مشرقی شہروں دانیہ، بلنسیہ اور شاطبہ میں رہائش اختیار کی اور بالآخر شاطبہ میں ہی داعی اجل کو لبیک کہا۔ بہت سے لوگوں کا بیان ہے کہ آپ تدرت تک اشبونہ کے قاضی بھی رہ چکے ہیں۔

میں کہتا ہوں آپ کو کتاب الزعفرانی اور سنن ابوداؤد نہایت اعلیٰ سندوں کے ساتھ حاصل ہوئی ہیں۔ پہلی کتاب کا آپ نے ابن حیصون سے انہوں نے ابن الاعرابی سے اور انہوں نے مؤلف سے سماع کیا ہے۔ اور دوسری کتاب کا عبدالمؤمن سے انہوں نے ابن داسہ سے اور انہوں نے امام ابوداؤد سے سماع کیا ہے اس طرح آپ امامت کے ساتھ ساتھ علو اسناد کے بھی حامل ہیں۔

اور آپ سے ابوالعباس دلائی، ابومحمد بن ابوقحافہ، ابوالحسن بن مفوز، ابوعلی غسانی، ابوعبداللہ حمیدی، ابوبکر سفیان بن عاص، محمد بن فتوح الانصاری، ابوداؤد سلیمان بن ابوالقاسم مقری اور دوسرے لوگوں نے علم حدیث حاصل کیا ہے آپ دیانتدار، عیب سے دور رہنے والے، ثقہ، حجت اور متبع سنت تھے پہلے پہل ظاہری تھے پھر مالکی مسلک اختیار کر لیا مگر اس کے باوجود فقہ شافعیہ سے بھی بہت متاثر تھے حمیدی کہتے ہیں ابوعمر فقیہ، حافظ اور بکثرت حدیث جاننے والے تھے قراءات خلاف اور علم الرجال کے ماہر تھے پیر قدیم السماع تھے اور فقہ میں قول شافعی کی طرف زیادہ مائل تھے۔ رحمۃ اللہ علیہ

ابوداؤد مقری کہتے ہیں ابوعمر ۹۵ سال ۵ مہینے زندہ رہنے کے بعد بروز جمعرات آخر ربیع الثانی ۶۶۳ھ میں مالک حقیقی سے جا ملے۔

میں کہتا ہوں اس سال درج ذیل مشاہیر اور فاضل علماء بھی جان بحق ہوئے

خطیب بغدادی، آپ بغداد میں فوت ہوئے۔ مسند نیشاپور ابوحامد احمد بن حسن زہری انہوں نے ۸۹ سال کی پائی۔ رئیس کبیر ابوعلی حسان بن سعید مخزومی متیعی مرورودی۔ مسند مرو ابوعمر عبدالواحد بن احمد ملیحی ہروی۔ مسند بغداد ابوالغنائم محمد بن علی بن علی بن دجاجی۔ معمر بزرگ ابوبکر بن ابوالہیثم عبدالصمد مروزی ۹۶ سال کی عمر کو پہنچ کر فوت ہوئے آپ ابومعید بن عبدالوہاب کے آخری شاگرد تھے۔ اور مسند ابوعلی محمد بن وشاح مولی ابوتمام زینبی یہ رافضی اور معتزلی تھے اور ان کے پاس عالی اسناد سے مروی احادیث ہیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوامامہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرشتے زمین و آسمان کے مکین بل میں رہنے والی چیونٹی اور سمندر میں تیرنے والی مچھلی تک ہر چیز علم دین پڑھانے والے پر رحمت بھیجتی اور اس کے حق میں بخشش کی دعا کرتی ہے۔"

یہ حدیث غریب ہے اور اس کا ایک راوی ولید صاحب مناکیر ہے۔

نیز ان کے واسطہ سے حضرت عبادہ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی کہ ہم آسانی میں تنگی میں اور خوشی اور ناخوشی میں اپنے حکمرانوں کے تابع فرمان رہیں گے ان کی باتیں سنیں گے اور ان کی اطاعت کریں گے مقدروں سے ان کا حق نہیں چھینیں گے اور جہاں ہوں گے حق کی بات کہیں گے یا حق پر قائم رہیں گے اور اللہ تعالیٰ کے بارہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔"

۱۰۱۴ ۱۳/۱۴ امام علامہ بیہقی خسروجردی

آپ کی کنیت ابوبکر احمد بن حسین بن علی بن موسیٰ اور لقب شیخ خراسان ہے آپ بیہق کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں اور بہت سی بے نظیر کتابوں کے مصنف ہیں شعبان ۳۸۴ھ میں پیدا ہوئے

آپ نے خراسان میں ابوالحسن محمد بن حسین علوی، ابو عبداللہ حاکم، ابوطاہر بن محمش، ابوبکر بن فورک، ابو علی روذباری، عبداللہ بن یوسف بن بانویہ، ابو عبدالرحمان سلمی اور دوسرے لوگوں سے، بغداد میں ہلال بن محمد حفار، ابوالحسین بن بشران، ابن لیقوب ایادی اور متعدد دوسرے علماء سے، مکہ معظمہ میں حسن بن احمد بن فراسی اور ایک جماعت سے اور کوفہ میں جناح بن نذیر اور محدثین کے ایک دوسرے گروہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کے پاس سنن نسائی، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ نہیں تھیں بلکہ امام حاکم کی کتابیں سامنے تھیں جن سے آپ نے بہت استفادہ کیا۔ آپ کے پاس عالی اسناد احادیث اور مسانید تھیں، آپ کی حسن نیت، قوت فہم اور قابل رشک حافظہ کی وجہ سے آپ کے علم میں بے حد برکت ہوئی۔

آپ نے بہت سی مفید اور لاجواب کتابیں تصنیف کی ہیں جن میں سے درج ذیل کتب بہت معروف ہیں۔ (۱) کتاب الاسماء والصفات ۲ جلد (۲) کتاب السنن الکبیر ۱ جلد (۳) کتاب معرفۃ السنن والآثار ۴ جلد (۴) شعب الایمان ۲ جلد (۵) دلائل النبوۃ ۳ جلد (۶) السنن الصغیر ۲ جلد (۷) کتاب البعث ۱ جلد (۸) کتاب المعتقد ۱ جلد (۹) کتاب الآداب ۱ جلد (۱۰) نصوص الشافعی ۳ جلد (۱۱) المدخل ۱ جلد (۱۲) کتاب الدعوات ۱ جلد (۱۳) الترغیب والترہیب ۱ جلد (۱۴) کتاب الخلافیات ۲ جلد (۱۵) الاربعون الکبریٰ (۱۶) الاربعون الصغریٰ (۱۷) کتاب الرویۃ جلد ۱ (۱۸) مناقب الشافعی ۱ جلد (۱۹) مناقب احمد ۱ جلد (۲۰) کتاب الاسریٰ۔

ان کے علاوہ بھی آپ کی تصنیف کردہ بہت سی کتابیں ہیں جنہیں بخوف طوالت میں نے ذکر نہیں کیا۔

عبدالغافر اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں: "امام بیہقی علمائے سلف کے طریقہ پر زندگی بسر کرتے تھے، قناعت پسند تھے اور زہد و ورع میں آپ کا کردار قابل تقلید تھا۔ امام الحرمین ابوالمعالی فرماتے ہیں بیہقی کے علاوہ ہر شافعی المسلک عالم پر امام شافعی کا احسان ہے۔ ابوالحسن عبدالغافر تاریخ نیسابور کی ذیل میں لکھتے ہیں:

"امام ابوبکر بیہقی فقیہ، حافظ حدیث، اصولی، متدین اور متورع تھے۔ قوت حفظ میں یگانۂ روزگار اور ضبط واتقان میں اپنے ہمعصروں سے ممتاز تھے۔ امام حاکم کے کبار تلامذہ میں سے ہیں اور کئی علوم ان سے زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے بچپن میں ہی حدیث حفظ کرنا اور لکھنا شروع کر دی تھی پھر عراق جبال اور حجاز میں رہ کر علم فقہ اور اصول کی تکمیل کی فراغت کے بعد بے نظیر اور لاجواب کتابیں لکھیں جو تقریباً ایک ہزار جزو پر مشتمل ہیں۔ ان میں علم حدیث اور فقہ حدیث کو ہمیشہ کے لیے محفوظ کر دیا اور علل حدیث اور مختلف روایات کے درمیان جمع و تطبیق کے قواعد و ضوابط تحریر فرمائے۔ ائمہ حدیث نے آپ کو آپ سے آپ کی کتابوں کا سماع کرنے کے لیے نیسابور آنے کی دعوت دی جو آپ نے منظور کر لی۔ چنانچہ آپ ۴۴۷ھ میں تشریف لے آئے اور آپ سے کتاب المعرفۃ کے سماع کے لیے ایک مجلس کا اہتمام کیا گیا جس میں بڑے بڑے جلیل القدر ائمہ حدیث شریک ہوتے تھے آپ علماء سلف کی طرح قناعت پسند تھے اور تھوڑی چیز پر صبر کر لیتے تھے۔"

t.com

شیخ القضاۃ ابو علی اسماعیل بن امام بیہقی کا بیان ہے کہ مجھے والد صاحب نے بتایا ہے کہ جب میں نے کتاب معرفۃ السنن والآثار لکھنا شروع کی اور اس کے چند ابتدائی اجزاء کو مبیضہ کی شکل دی تو مجھے محمد بن احمد نے (جو میرے کثیر التلاوت، راست گفتار اور صالح شاگرد ہیں) بتایا کہ میں نے خواب میں امام شافعی کو دیکھا ہے ان کے ہاتھ میں اس کتاب کی ایک جلد ہے اور فرما رہے ہیں میں نے آج فقیہ احمد کی کتاب کے سات جزو لکھے ہیں یا کہا پڑھے ہیں اور اس نے دیکھا کہ وہ اسے دوبارہ پڑھ رہے ہیں۔ والد صاحب فرماتے ہیں اُسی دن صبح کے وقت میرے ایک فقیہ اور عالم دوست نے امام شافعی کو جامع مسجد میں ایک چارپائی پر بیٹھے دیکھا جو فرما رہے ہیں کہ میں نے آج فقیہ احمد کی کتاب سے فلاں فلاں حدیث پہلی دفعہ پڑھی ہے۔ نیز والد صاحب فرماتے ہیں میں نے فقیہ حافظ ابو محمد حسن بن احمد سمرقندی سے سُنا ہے انہوں نے فقیہ محمد بن عبدالعزیز مروزی سے سُنا ہے وہ کہتے تھے میں نے خواب میں دیکھا کہ کوئی صندوق نما چیز آسمان کی طرف چڑھ رہی ہے جس کے چاروں طرف نور ہی نور ہے میں نے پوچھا یہ کیا چیز ہے؟ جواب ملا یہ احمد بیہقی کی تصنیفات ہیں۔ اس کے بعد شیخ القضاۃ کہتے ہیں میں نے یہ تینوں واقعات مذکورہ بالا تینوں حضرات سے خود بھی سنے ہیں۔

مجھے ان کی سند سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن قاضی کو پیش کیا جائے گا اور اُسے اس قدر شدید حساب سے دوچار ہونا پڑے گا کہ وہ آرزو کرے گا کاش! وہ دو آدمیوں کے درمیان ایک کھجور کے بارے میں بھی فیصلہ نہ کرتا۔"

میں کہتا ہوں آپ آخر عمر میں بیہق سے نیسابور چلے آئے اور اپنی تصنیف کردہ کتابوں کا درس دیتے رہے ہیں۔ ۱۰ جمادی الاولیٰ ۴۵۸ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ کے جسم مبارک کو ایک تابوت میں لایا گیا اور آپ کے آبائی گاؤں بیہق میں جو نیسابور سے دو دن کی مسافت پر ہے سپرد خاک کر دیا گیا اور خسرو جرد (جس کی طرف [illegible] سے آپ خسرو جردی کہلاتے ہیں) اس علاقہ میں ایک بڑا شہر ہے۔

شیخ الاسلام ابو اسماعیل انصاری بطریق اجازت آپ سے حدیث بیان کرتے ہیں ان کے علاوہ ابوالحسن عبیداللہ بن محمد بن احمد، آپ کے صاحبزادے اسماعیل بن احمد، ابو عبداللہ فراوی، ابوالقاسم شمامی، ابوالمعالی محمد بن اسماعیل فارسی، عبدالجبار بن عبدالوہاب دہان، عبدالجبار بن محمد خواری، ان کے بھائی عبدالحمید بن محمد اور دوسرے بہت سے لوگوں نے آپ سے استفادہ کیا۔ اس سال آپ کے ساتھ مندرجہ ذیل علماء کرام نے بھی رحلت فرمائی۔

ابن المقری کے شاگرد مسند ابوالطیب عبدالرزاق بن عمر بن شمر اصفہانی، فقیہ عراق ابو یعلیٰ محمد بن حسین بن محمد بن فراء حنبلی، آپ نے تقریباً ۸۰ سال عمر پائی، عارف فرج زنجانی جو "اخی" کے لقب سے ملقب تھے اور صاحب المحکم ابوالحسن علی بن اسماعیل بن سیدہ مرسی ضریر۔

امام ابن عبدالبر، خطیب، بیہقی اور ابن ماکولا ابن المفضل کی کتاب "الطبقات" کے آخری دسویں طبقہ کے آدمی

ہیں۔ اس نے چالیس آئمہ کا ذکر زہری سے شروع کیا ہے اور ابن مالولا پر ختم کیا ہے۔

۱۰۱۵ ۱۴/۱۴ الحافظ الکبیر امام خطیب بغدادی

آپ کی کنیت ابوبکر نام احمد بن علی بن ثابت بن احمد بن مہدی اور لقب محدث الشام والعراق ہے۔ آپ بغداد کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور نامور حافظ حدیث ہیں۔ بہت سی عمدہ اور پُرمغز کتابوں کے مصنف ہیں۔ ۳۹۲ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد عراق کی ایک بستی درزیجان کے خطیب تھے۔ انہوں نے علامہ کتانی سے قرآن مجید پڑھا تھا اور انہی سے حدیث کا سماع کیا تھا وہ اپنے اس لڑکے یعنی صاحب ترجمہ کی تعلیم و تربیت کے لیے بڑے حریص تھے۔ اس لیے انہوں نے ان کو بچپن میں ہی ۴۰۳ھ میں حدیث کا سماع کرانا شروع کر دیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس بچے کے دل میں مزید اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا شوق پیدا کر دیا تھا۔ چنانچہ وہ مختلف ممالک کے مراکز کی طرف دیوانہ وار لپکے اور نور علم سے اپنے قلب و دماغ کو منور کیا۔ فراغت کے بعد ایسی پُرمغز اور جامع کتابیں لکھیں جو آپ کی زندگی میں ہی چار دانگ عالم میں پھیل گئیں اور آپ جملہ فنون حدیث میں اپنے ہمسروں سے سبقت لے گئے۔

آپ نے بغداد میں ابوالحسن بن مسلمۃ الہوازی، ابوعمر بن مہدی، ابوالحسین بن متیم، حسین بن حسن جوالیقی، ابن رزقویہ، ابن ابی الفوارس، ہلال حفار، ابراہیم بن مخلد باخرمی اور اس شہر میں موجود دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر ۴۱۲ھ میں بصرہ گئے اور راویۃ السنن ابوعمر قاسم بن جعفر ہاشمی، علی بن قاسم عبدالرحمان بن محمد سراج، قاضی ابوبکر تیری اور ان کے طبقہ سے، اصفہان میں ابوالحسن بن عبدکویہ، محمد بن عبداللہ بن شہریار، حافظ ابونعیم اور ان کے طبقہ سے، دینور میں ابونصر کسار اور ایک جماعت سے، ہمدان میں محمد بن بیلمے اور ایک جماعت سے اکتساب فیض کیا۔ اسی طرح کوفہ رے، حرمین شریفین، دمشق، قدس، صور وغیرہ کے علمی سرچشموں کو کھنگالا اور علم و فضل میں کمال پیدا کیا۔ آپ پہلے پہل ۴۴۵ھ میں دمشق آئے پھر حج کرنے کے لیے چلے گئے اور ۴۵۱ھ میں دوبارہ شام آئے اور گیارہ سال تک مقیم رہے۔

آپ کے تلامذہ کی فہرست بہت طویل ہے۔ چند مشہور شخصیتوں کے نام درج ذیل ہیں:

آپ کے شیخ برقانی، ابوالفضل بن خیرون، فقیہ نصر مقدسی، ابوعبداللہ حمیدی، عبدالعزیز کتانی، ابونصر بن ماکولا عبداللہ بن احمد سمرقندی، مبارک بن طیوری، محمد بن مرزوق زعفرانی، ابوبکر بن خاضبہ، ابی نرسی، ابوالقاسم نصیب، ہبۃ اللہ بن اکفانی، علی بن احمد بن قیس غسانی، محمد بن علی بن ابوالعلاء مصیصی، ابوالفتح نصراللہ بن محمد مصیصی، عبدالکریم بن حمزہ، طاہر بن سہل اسفرائینی، ہبۃ اللہ بن عبداللہ شروطی، ابوالسعادات احمد بن احمد متوکلی، عبدالرحمان بن محمد قزاز شیبانی، مقری ابو منصور بن خیرون، یوسف بن ایوب ہمدانی نزیل مصر اور دوسرے بہت سے لوگ جن کا شمار مشکل ہے۔

آپ کا شمار چوٹی کے شافعی علماء میں ہوتا ہے آپ نے فقہ کی تعلیم ابوالحسن بن محاملی اور قاضی ابوالطیب سے حاصل کی آپ کا اپنا بیان ہے کہ میں نے ۴۰۳ھ میں حدیث کا سماع شروع کر دیا تھا۔ پھر میں نے اپنے شیخ

علامہ برقانی سے مشورہ طلب کیا کہ مزید تعلیم کے لیے مصر میں عبدالرحمان بن نحاس کے پاس جاؤں یا نیسابور کا رخ کروں، فرمایا اگر تم مصر جاؤ گے تو وہاں صرف ایک آدمی ہیں اگر تمہاری ملاقات سے پہلے ان کا انتقال ہو گیا تو تمہارا سفر بے کار جائے گا اور اگر نیسابور جاؤ تو وہاں علماء بکثرت موجود ہیں اور تمہیں علم حاصل کرنے کے کثیر مواقع مل جائیں گے۔ چنانچہ میں خراسان چلا آیا۔ میں اکثر اپنے ان ہی شیخ برقانی سے فن حدیث میں مذاکرات کیا کرتا تھا۔ یہ مجھ سے بہت سی احادیث لکھتے اور اپنی تصانیف میں درج فرماتے تھے نیز میری موجودگی میں مجھ سے حاصل کی ہوئی احادیث طلبا کو پڑھاتے تھے۔

ابن ماکولا کہتے ہیں جن چوٹی کے علماء سے ہمیں ملنے کا اتفاق ہوا ہے خطیب ان میں سے معرفت، حفظ ضبط و اتقان، علل و اسانید کی چھان بین اور حدیث صحیح، غریب، فرد، منکر اور مطروح کے جاننے میں آخری شخص ہیں۔ اہل بغداد میں امام دارقطنی کے بعد ان کا کوئی ثانی نہیں ملتا۔ چنانچہ میں نے جب علامہ صوری سے خطیب اور ابونصر کے متعلق پوچھا تو انہوں نے علم و فضل میں خطیب کو ابونصر پر نمایاں ترجیح دی۔ مؤتمن ساجی کہتے ہیں: "بغداد نے امام دارقطنی کے بعد خطیب جیسا کوئی آدمی پیدا نہیں کیا۔" ابو علی یزدانی کہتے ہیں "شاید خطیب نے اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا ہوگا۔" فقیہ ابو اسحاق شیرازی کہتے ہیں "خطیب کو معرفت اور حفظ حدیث میں امام دارقطنی اور ان کے اقران کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے۔" ابو سعد سمعانی کہتے ہیں "خطیب بارعب، پروقار، ثقہ، حق کے متلاشی اور حجت تھے۔ آپ کی تحریر بڑی دلکش ہوتی تھی، کثیر الضبط اور فصیح الکلام تھے۔ حفاظ حدیث کا آپ پر خاتمہ ہو گیا۔ آپ نے مکہ معظمہ میں صحیح بخاری پانچ دن میں ختم کر لی تھی۔ بساسیری کے فتنہ کے بعد حالات دگرگوں ہونے کی وجہ سے آپ بغداد سے نکل کر دمشق آ گئے تھے۔

فضل بن عمر نسوی کہتے ہیں "میں ایک دن جامع صور میں علامہ خطیب کی خدمت میں حاضر تھا ایک علوی آیا اس کے ہاتھ میں دیناروں سے بھری ہوئی تھیلی تھی۔ بولا یہ حقیر ہدیہ ہے۔ اسے اپنی ضروریات میں استعمال [illegible] ترش رو ہو کر فرمایا "مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔" علوی کہنے لگا شاید آپ اسے کم سمجھے ہیں [illegible] میں یہ کہہ کر اس نے تھیلی آپ کے مصلے پر پلٹ دی مگر علامہ نے اس کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا اور اپنا مصلا جھاڑ کر باہر نکل گئے میں آپ کے استغناء اور علوی کے ذلت کے ساتھ اپنے دینار جمع کرنے کو آج تک نہیں بھولا۔

ابوزکریا تبریزی کہتے ہیں میں جامع دمشق میں علامہ خطیب کے حلقہ درس میں شریک ہو کر ان سے ادب عربی کی کتابیں پڑھتا تھا اور جامع مسجد کے منارہ میں رہتا تھا۔ ایک دن آپ مینار پر میرے پاس آئے اور فرمایا میرا آپ سے ملنے کو جی چاہتا تھا۔ چنانچہ آپ دیر تک مجھ سے باتیں کرتے رہے جب جانے لگے تو میری طرف ایک بند لفافہ بڑھاتے ہوئے کہا ہدیہ مستحب ہے اس رقم سے قلم اور ضرورت کی دوسری چیزیں خرید لینا یہ فرمایا اور نیچے اتر گئے۔ میں نے لفافہ کھول کر دیکھا تو اس میں پانچ پونڈ کی خطیر رقم تھی اسی طرح ایک دوسرے موقعہ پر آئے

Marfat.c

اور اتنی ہی رقم پھر مجھے دے گئے۔ آپ حدیث اس قدر بلند آواز سے پڑھتے تھے کہ آپ کی آواز جامع مسجد کے آخری حصوں میں بھی سنی جاتی تھی خوب صحیح صحیح اور واضح طور پر قرأت کرتے تھے۔

سمعانی کہتے ہیں میں نے علامہ خطیب کے ۱۶ شاگردوں سے حدیث پڑھی ہے جنہوں نے آپ سے بغداد میں حدیث کا سماع کیا تھا مگر ان میں سے نصر اللہ مصیصی نے آپ سے دمشق میں اور یحیٰی بن علی خطیب نے انبار میں سماع کیا تھا۔ ابو محمد آبنوسی کہتے ہیں میں نے علامہ خطیب سے سُنا ہے فرماتے تھے میں نے جس شخص کے متعلق جرح اور تعدیل کے سلسلہ میں دوسرے لوگوں کے مختلف اقوال نقل کیے ہیں ان میں قابلِ اعتماد آخری قول ہے۔ ابن شافع کہتے ہیں علامہ خطیب سفر پر نکلے تو صور شہر میں جانے کا ارادہ کیا۔ یہاں ایک سخاوت پیشہ بزرگ عزالدولہ رہتے تھے۔ آپ اس کے ہاں فروکش ہوئے۔ اس نے آپ سے علمی فیوض حاصل کیے اور آپ کو اس سے کثیر مال حاصل ہوا۔ حفظ و ضبط اور علوم حدیث کو زندۂ جاوید کرنا آپ پر ختم تھا۔

علامہ خطیب کا اپنا بیان ہے کہ جب وہ حج کے لیے گئے تو انہوں نے اس حدیث پر عمل کرتے ہوئے کہ جس مقصد کے لیے آبِ زمزم پیا جائے وہ مقصد حاصل ہو جاتا ہے زمزم کا پانی تین مرتبہ پیا اور اللہ تعالیٰ سے تین حاجتیں طلب کیں۔ پہلی حاجت یہ تھی کہ انہیں اپنی مشہور عالم کتاب "تاریخ" بغداد میں پڑھانے کا موقعہ ملے، دوسری حاجت یہ تھی کہ وہ جامع منصور میں حدیث املا کرائیں، تیسری حاجت یہ تھی کہ انہیں مرنے کے بعد مشہور ولی اللہ بشر حافی کے جوار میں دفن کیا جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ تینوں حاجتیں ان کی خواہش کے مطابق پوری کر دیں۔

ابوالفرج اسفرائینی کہتے ہیں علامہ خطیب حج کو جاتے ہوئے ہمارے ساتھ تھے آپ ترتیل کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر قرآن پڑھتے اور ہر روز غروبِ آفتاب کے وقت ختم کر دیتے تھے پھر لوگ آپ کے پاس جمع ہو جاتے اور آپ سے حدیث بیان کرنے کی آرزو کرتے، چنانچہ آپ حسبِ خواہش حدیث بیان کرنا شروع کر دیتے تھے۔ عبدالمحسن تنوخی کہتے ہیں دمشق سے بغداد جاتے ہوئے میں علامہ خطیب کے ساتھ ایک اونٹ پر سوار تھا۔ علامہ کا معمول تھا کہ وہ ہر دن اور رات میں ایک دفعہ قرآنِ مجید ختم کرتے تھے۔ آپ کامیاب مصنف تھے علامہ سمعانی نے آپ کی تصنیف کردہ کتابوں کی تعداد ۵۶ بتائی ہے۔ ان میں سے چند مشہور کتابوں کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) التاریخ (۲) الجامع (۳) الکفایہ (۴) السابق واللاحق (۵) شرف اصحاب الحدیث ایک مختصر جلد (۶) المتفق والمفترق ایک ضخیم جلد (۷) تلخیص المتشابہ ایک ضخیم جلد (۸) تالی التلخیص متعدد اجزاء (۹) الفصل والوصل ایک جلد (۱۰) المکمل فی المبہمل ایک جلد (۱۱) الموضح ایک جلد (۱۲) التطفیل ایک مختصر جلد (۱۳) الاسماء المبہمہ ایک جلد (۱۴) الفقیہ والمتفقہ ایک جلد (۱۵) الرواۃ عن مالک ایک جلد (۱۶) تمییز متصل الاسانید ایک جلد (۱۷) البخلاء ایک مختصر جلد (۱۸) الفنون ایک لطیف جلد (۱۹) کتاب البسملۃ وانہا من الفاتحۃ ایک جزء (۲۰) المجرد ہا ۲ جزء (۲۱)

Marfa

غنیۃ المقتبس فی تمییز الملتبس ایک جلد (۲۲) من وافقت کنیتہ اسم ابیہ ۳ جلد (۲۳) من حدث ونسی ایک جزء (۲۴) الحیل ۳ جزء (۲۵) الاسماء المبہمۃ ایک جزء (۲۶) روایۃ الآباء عن ابنائہم ایک جزء (۲۷) المؤتنف لتکملۃ المؤتلف والمختلف (۲۸) الرحلۃ ایک جزء (۲۹) اقتضاء العلم ایک جزء (۳۰) الاحتجاج بالشافعی ایک جزء (۳۱) مبہم المراسیل ایک جلد (۳۲) مقلوب الاسماء ایک جلد (۳۳) العمل بشاہد ویمین ایک جزء (۳۴) اسماء المدلسین ۴ جزء (۳۵) تقیید العلم ۳ جزء (۳۶) القول فی النجوم ایک جزء (۳۷) ماروی الصحابۃ عن التابعین ایک جزء (۳۸) صلوۃ التسبیح ایک جزء (۳۹) صوم یوم الشک ایک جزء (۴۰) اجازۃ المجہول ایک جزء۔

میں کہتا ہوں مذکورہ بالا کتب کے علاوہ درج ذیل کتابیں بھی آپ کی تصنیف کردہ ہیں۔

(۴۱) معجم الرواۃ عن شعبۃ ایک جلد (۴۲) المؤتلف والمختلف ایک ضخیم جلد (۴۳) مسند محمد بن سوقہ ۴ جزء (۴۴) المسلسلات ۳ جزء (۴۵) الرباعیات ۳ جلد (۴۶) طرق قبض العلم ۳ جزء (۴۷) غسل الجمعہ ۳ جزء وغیرہ۔

علامہ خطیب کی ان ہی گراں مایہ تصانیف کے متعلق مشہور محدث امام سلفی نے یہ اشعار کہے ہیں اور سمعانی نے یحییٰ بن سعدون سے اور اس نے امام سلفی سے روایت کیا ہے۔

۱۔ تصانیف ابن ثابت الخطیب — الذ من الصبی الغض الرطیب

۲۔ یراھا اذ رواھا من حواھا — ریاضا للفتی الیقظ اللبیب

۳۔ ویاخذ حسن ما قد ضاع منہا — بقلب الحافظ الفطن الاریب

۴۔ فأیۃ راحۃ ونعیم عیش — توازی کتبہا بل ای طیب

۱۔ خطیب کی تصانیف نوخیز اور بھرپور جوانی سے لذیذ تر ہیں۔

۲۔ ان کا مالک پڑھتے وقت ان کو عقلمند اور جوان بیدار مغز کے لیے گلہائے رنگارنگ کے باغیچے محسوس کرتا ہے۔

۳۔ اور جو کتاب اسے دستیاب نہیں ہو سکتی اس کے بہترین مضامین ایک دن حافظ حدیث کی طرح اپنے قلب و دماغ میں محفوظ رکھتا ہے۔

۴۔ بھلا کون سی راحت اور کون سی نعمت بلکہ اس سے بھی بڑھ کر کون سی خوشبو ان کتابوں کا نعم البدل ہو سکتی ہے؟

ابوالحسن ہمدانی کہتے ہیں خطیب کی وفات کے ساتھ یہ علم مر گیا۔ رئیس الرؤساء نے شہر کے واعظوں اور خطیبوں کو حکم دیا تھا کہ وہ خطیب کو دکھائے اور سنائے بغیر کوئی حدیث روایت نہ کریں۔ ایک دفعہ ایک یہودی نے ایک ایسی دستاویز پیش کی جس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اہل خیبر سے جزیہ معاف کر دینے کا ذکر تھا اور اس دستاویز پر بعض صحابہ کی شہادت بھی ثبت تھی۔ وزیر نے یہ دستاویز علامہ خطیب کو دکھائی تو انہوں نے کہا یہ دستاویز جعلی ہے۔ وزیر نے پوچھا آپ کس بنا پر اس کو جعلی کہتے ہیں؟ بولے اس میں حضرت معاویہ رض کی

شہادت درج ہے اور اس وقت وہ مسلمان ہی نہیں تھے۔ وہ خیبر کے بعد فتح مکہ کے سال اسلام لائے تھے دوسری بات یہ ہے کہ اس میں حضرت سعد بن معاذ کی گواہی ہے اور وہ جنگِ خیبر سے کئی سال پہلے انتقال کر گئے تھے۔

شجاع ذہلی کہتے ہیں خطیب امام، مصنف اور ایسے باکمال حافظِ حدیث تھے کہ ان کی نظیر نہیں ملتی تھی۔ سعید مؤدب کہتے ہیں میری علامہ خطیب سے ملاقات ہوئی تو میں نے ان سے پوچھا آپ حافظ ابوبکر ہیں؟ بولے نہیں تو احمد بن علی خطیب ہوں حفظِ حدیث تو امام دارقطنی پر ختم ہو چکا ہے۔ ابن الابنوسی کہتے ہیں خطیب چلتے تو ان کے ہاتھ میں کوئی نہ کوئی کتاب ہوتی تھی جس کا راستہ میں مطالعہ کرتے جاتے تھے۔ خطیب فرمایا کرتے تھے جس نے کتاب لکھی یہ ایسا ہے جیسے اس نے اپنی عقل ایک پلیٹ میں رکھ کر لوگوں کے سامنے پیش کر دی ہے۔

ابن طاہر اپنی کتاب "المنتور" میں لکھتے ہیں خطیب کے دمشق سے نکلنے کا سبب یہ ہوا کہ ان کے پاس ایک حسین و جمیل لڑکا آیا کرتا تھا جس کی وجہ سے لوگ چہ میگوئیاں کرنے لگے اس کو حاکم شہر نے جو ایک سخت متعصب قسم کا رافضی تھا۔ علامہ خطیب کو ہلاک کرنے کا بہانہ بنا لیا۔ اس نے اپنے کوتوال کو حکم دیا کہ وہ رات کی تاریکی میں خطیب کو گرفتار کر کے قتل کر ڈالے کوتوال مسلکاً سنی تھا وہ رات کو پولیس کی جمعیت کے ساتھ آیا خطیب کو گرفتار کر لیا اور انہیں حاکم شہر کے حکم سے آگاہ کیا۔ پھر بولا آپ کے بچاؤ کی صرف یہی تدبیر ہے کہ آپ بھاگ کر شریف ابوالحسن علوی کے گھر میں گھس جائیں، میں آپ کا پیچھا نہیں کروں گا اور حاکم شہر سے جا کر کہہ دوں گا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ اب حاکم شہر نے شریف کو خطیب کے حاضر کرنے کا حکم دیا شریف بولا جناب گورنر صاحب آپ کو اس کے اور اس جیسے دوسرے لوگوں کے متعلق میرے خیالات کا علم ہے مگر موجودہ حالات میں اس کا قتل کرنا مصلحت کے خلاف ہے یہ ایک مشہور و معروف اور ہر دلعزیز راہنما ہے اگر آپ نے اس کو قتل کر دیا تو اس کے بدلے میں بہت سے شیعہ موت کے گھاٹ اتار دیئے جائیں گے۔ اور ہمارے بہت سے مزار اور علمی مراکز منہدم کر دیئے جائیں گے، حاکم نے پوچھا پھر تمہاری کیا رائے ہے؟ بولا میری رائے یہ ہے کہ اس کو شہر سے نکال دیا جائے۔ چنانچہ اس نے آپ کو شہر بدر کرنے کا حکم دے دیا۔ اور آپ وہاں سے نکل کر صور چلے آئے اور عرصہ تک وہاں مقیم رہے۔

ابن سمعانی کہتے ہیں آپ صفر ۴۵۷ھ میں دمشق سے نکلے اور شہر صور میں رہنے لگے آپ وہاں سے عموماً بیت المقدس جاتے اور زیارت کر کے واپس جاتے تھے۔ ۴۶۲ھ میں عراق کا سفر کیا اور وہاں سے طرابلس ہوتے ہوئے حلب پہنچ گئے۔ جہاں کافی دنوں تک قیام کیا۔ مؤتمن ساجی کہتے ہیں "خطیب کے نکلنے کا سبب ان کے خلاف حنبلیوں کی شورش ہے"۔ ابن عساکر لکھتے ہیں کہ خطیب کے خلاف حسین دمنشی نے سپہ سالار افواج کے پاس چغلی کھائی تھی کہ یہ شخص خارجی ہے اور جامع دمشق میں حضرت عباس اور دوسرے

Marfa

صحابہ کے مناقب علی الاعلان بیان کرتا ہے۔

جب خطیب بغداد آئے اور انہیں پتہ چلا کہ ایک کتاب میں خلیفہ قائم بامر اللہ کے سماع کا ذکر ہے تو آپ دار الخلافہ پہنچے اور کتاب مذکور کے مطالعہ کی اجازت چاہی خلیفہ کو معلوم ہوا تو بولے یہ بڑے آدمی ہیں اس کتاب کو پڑھنے سے ان کی کیا غرض ہو سکتی ہے؟ انہیں کوئی اور کام ہوگا؟ دیکھو وہ کیا کام ہے؟ جب آپ سے پوچھا گیا کہ دراصل آپ کا مقصد کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا میرا مقصد یہ ہے کہ مجھے جامع منصور میں حدیث املاء کرانے کی اجازت مل جائے پھر ابن عساکر نے اس واقعہ کی تفصیل بیان کی۔

ابن طاہر مقدسی کہتے ہیں میں نے ہبۃ اللہ بن عبد الوارث شیرازی سے پوچھا جس طرح خطیب کی تصانیف کی دھوم دھام ہے کیا ان کا حافظہ بھی ایسا ہی غیر معمولی تھا؟ بولے نہیں ہم ان سے کوئی سوال پوچھتے تو ہمیں کئی دن کے بعد جواب دیتے اور اگر ہم جواب جلدی دینے کا مطالبہ کرتے تو ناراض ہو جاتے کیونکہ ان کی طبیعت میں خوشگوار قسم کی تیزی تھی۔

محمد بن مرزوق زعفرانی کہتے ہیں امام خطیب نے ہمیں بتایا کہ صفات باری تعالیٰ میں جو صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔ سلف صالحین کا مذہب یہ ہے کہ انہیں ظاہر پر محمول کیا جائے نہ ان کی کیفیت بیان کی جائے اور نہ کسی چیز سے تشبیہ دی جائے اس کے برخلاف ایک قوم نے ان کی نفی کی ہے اور جو چیز اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے ثابت کی ہے اس کا انکار کر دیا ہے۔ دوسروں نے ان کے اثبات میں اس قدر غلو کیا ہے کہ ان کی کیفیت بیان کرنے اور مخلوق کے ساتھ تشبیہ دینے پر اتر آئے ہیں۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ نفی اور تسلیم کے درمیان مسلک اعتدال اختیار کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کا دین غالی اور مقصر کے درمیان ہے۔ صفات میں کلام ذات میں کلام کی فرع ہے اس لیے ان میں وہی طریقہ اختیار کیا جائے جو اصل میں اختیار کیا جاتا ہے جیسے رب العالمین کے اثبات [illegible] کے وجود کا اثبات ہے کیفیت مراد نہیں اسی طرح صفات کے اثبات سے بھی ان کے وجود کا اثبات ہے۔ کیفیت اور تحدید مقصود نہیں جب ہم کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے لیے ہاتھ کان اور آنکھ ہے تو یہ ایسی صفات ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے ثابت فرمائی ہیں ہم ہاتھ کا معنی قدرت اور سمع و بصر کا معنی علم نہیں کر سکتے جیسا کہ ان کو اعضاء نہیں کہہ سکتے اور انہیں ہاتھوں، کانوں اور آنکھوں سے تشبیہ نہیں دے سکتے جو کام کاج کرنے کے آلات ہیں۔ ہم ان کے اثبات کے اس لیے قائل ہیں کہ کتاب و سنت میں اللہ تعالیٰ کے لیے ان کا اطلاق وارد ہوا ہے اور ہم تشبیہ کی نفی اس لیے کرتے ہیں کہ فرمان خداوندی لیس کمثلہ شئ اور ولم یکن لہ کفوا احد میں ایسا کرنے کی تعلیم دی گئی ہے۔

ابن نجار خطیب کے ترجمہ میں لکھتے ہیں آپ بغداد میں پیدا ہوئے وہیں مختلف قراءات کے مطابق قرآن مجید پڑھا، حدیث اور فقہ حدیث میں کمال پیدا کیا اور اختلاف علماء سے واقفیت بہم پہنچائی۔ آپ سے سماع کے ساتھ آخر میں حدیث بیان کرنے والے قاضی محمد بن عمر ارموی ہیں۔ میں کہتا ہوں آپ سے بذریعہ اجازت آخر

fat.com

میں حدیث بیان کرنے والے مسعود بن حسن ثقفی ہیں۔ جن سے اجازت حاصل کرنے میں عجیبہ بنت باقداری منفرد ہیں۔ پھر جب ابو موسیٰ مدینی نے خطیب کے مسعود کو اجازت دینے میں طعن کیا تو انہوں نے تو رعاً اس کا ذکر ترک کر دیا۔

امیر ابو منصور علی بن علی کہتے ہیں علامہ خطیب نے خلیفہ قائم بامر اللہ کو ایک مکتوب لکھا کہ میرے بعد میرا مال بیت المال میں جانے گا۔ مجھے اسے اپنی مرضی کے مطابق تقسیم کرنے کی اجازت دی جائے۔ چنانچہ خلیفہ نے اجازت دے دی، اور آپ نے اپنا سارا مال محدثین میں تقسیم کر دیا۔ ابن ناصر کہتے ہیں میری والدہ نے مجھے بتایا کہ میرے والد صاحب کہا کرتے تھے کہ میں امام خطیب کی بیماری میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا حضور! آپ نے محدثین میں تقسیم کرنے کے لیے جو مال ابن خیرون کو دیا ہے اس نے مجھے اس میں سے کچھ نہیں دیا۔ انہوں نے یہ سن کر اپنا سر تکیہ سے اٹھایا اور ایک تھیلی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولے تم یہ اٹھالو اور میرے لیے برکت کی دعا کرو۔ میں نے دیکھا تو اس میں چالیس دینار موجود تھے۔

مکی رمیلی کہتے ہیں علامہ خطیب ۱۵ رمضان المبارک ۴۶۳ھ میں بیمار ہوئے دو مہینے برابر بیمار رہے ذی الحجہ کے شروع میں بیماری نے خطرناک صورت اختیار کر لی اور ۷ ذی الحجہ کو آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ وفات سے پہلے آپ نے ابو الفضل بن خیرون کو اپنی تمام کتابیں وقف کرنے اور اپنا مال نیکی کی راہ میں تقسیم کرنے کی وصیت فرمائی۔ آپ کے جنازہ میں شہر کے خواص و عوام سب نے شرکت کی اور جنہوں نے آپ کی نعش کو کندھا دیا۔ ابو الحسین بن مہتدی باللہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی اور آپ کے جسمِ خاکی کو مشہور صوفی بشر حافی کے پہلو میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔

ابن خیرون کہتے ہیں آپ کو بابِ حرب میں دفن کیا گیا۔ آپ نے اپنا مال جو دو سو دینار تھا صدقہ کر دیا اور اپنا لباس اور کپڑے تقسیم کر دینے کی وصیت فرمائی۔ آپ کے جنازہ کے آگے آگے منادی کرنے والے منادی کرتے جاتے تھے یہ وہ شخص ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر مخالفین کے اعتراضوں کا جواب دیا کرتا تھا، یہ وہ شخص ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر افترا کیے ہوئے جھوٹ کی تردید کیا کرتا تھا یہ وہ ہستی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کی حفاظت کرتی تھی۔ عقیدت مندوں نے آپ کی قبر پر کئی دفعہ قرآن پڑھ کر ایصال ثواب کیا۔[1]

عبد العزیز کتانی کہتے ہیں ہمیں بہت سے لوگوں نے بذریعہ خط اطلاع دی کہ حافظ ابو بکر خطیب، کا ۷ ذی الحجہ کو انتقال ہو گیا ہے اور مشہور محدث امام ابو اسحاق شیرازی آپ کا جنازہ اٹھانے والوں میں شامل تھے۔ اسماعیل بن صوفی ابو سعد کہتے ہیں صوفی ابو بکر بن زہرار ہمارے مہمان سرا میں رہتے تھے۔ انہوں نے بشر حافی

کی قبر کے ساتھ اپنے لیے قبر تیار کر رکھی تھی، ہر ہفتے وہاں جاتے، اس میں لیٹتے اور وہاں پورا قرآن مجید ختم کرتے۔ جب امام خطیب فوت ہوئے اور انہوں نے بشر حافی کے پہلو میں دفن کرنے کی وصیت فرمائی تھی تو محدثین صوفی ابن زہراء کے پاس آئے اور ان سے اس قبر میں امام خطیب کو دفن کرنے کی اجازت چاہی اور انہیں اپنے آپ پر امام خطیب کو ترجیح دینے کی ترغیب دی۔ مگر انہوں نے انکار کر دیا اور اس قبر کو چھوڑنے کے لیے تیار نہ ہوئے۔ محدثین مایوس ہو کر میرے والد کے پاس آئے انہوں نے صوفی مذکور کو بلا کر کہا میں یہ نہیں کہتا کہ تم ان کو قبر دے دو۔ لیکن میں پوچھتا ہوں اگر بشر حافی زندہ ہوتے اور تم ان کے پہلو میں موجود ہوتے ادھر امام ابوبکر خطیب آ جاتے اور تم سے نیچے بیٹھ جاتے تو کیا تمہارے لیے مناسب ہوتا کہ تم ان سے اونچے بیٹھتے؟ بولے ہرگز نہیں بلکہ میں اپنی جگہ سے اٹھ کر ان کو بٹھاتا میرے والد بولے پھر اب بھی یوں ہی کرنا چاہیے یہ سن کر وہ مطمئن ہو گئے اور امام صاحب کو اس قبر میں دفن کرنے کی اجازت دے دی۔

علی بن حسین بن جدا کہتے ہیں امام خطیب کی وفات کے بعد میں نے خواب میں دیکھا ایک آدمی میرے پاس کھڑا ہے، میں اس سے امام خطیب کے بارہ میں پوچھنے ہی والا تھا مگر وہ پہلے ہی بول پڑا کہ ان کو جنت کے وسط میں جہاں ابرار آپس میں ملتے ہیں رہنے کے لیے مکان دیا گیا ہے۔ علی بن ثابت کہتے ہیں میں ۱۲ ربیع الاول ۴۶۳ھ میں رات کے وقت بغداد میں سویا ہوا تھا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ ہم سب دستور تاریخ پڑھنے کے لیے امام خطیب کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں نصر بن ابراہیم مقدسی ان کی دائیں جانب بیٹھے ہیں اور قصہ کی دائیں جانب ایک اور صاحب تشریف فرما ہیں۔ میں نے ان کے متعلق پوچھا تو کسی نے کہا یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ان کی تاریخ سننے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ میں نے اپنے دل میں کہا یہ امام خطیب کی جلالت و امامت پر بڑی دلیل ہے۔

غیث اور مناوی کہتے ہیں امام خطیب نے ہمیں اپنے موزون کیے ہوئے یہ اشعار سنائے۔

ان کنت تبغی الرشاد فحضا ۔۔۔ لام دنیاک و المعاد

فخالف النفس فی ھواھا ۔۔۔ ان الھوی جامع الفساد

اگر تم دنیا اور آخرت کا بھلا چاہتے ہو تو خواہشات نفسانیہ کو چھوڑ دو کیونکہ خواہش نفسانی ہر قسم کے فساد کا منبع ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گھوڑوں اور غلاموں میں زکوٰۃ نہیں پڑتی ہاں غلاموں کی طرف سے صدقہ الفطر ادا کرنا پڑے گا۔

۱۰۱۶ ۱۵/۱۴ امام علامہ ابن حزم ظاہری قرطبی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام علی بن احمد بن سعید بن حزم بن غالب ہے۔ قرطبہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ

fat.com

حدیث ہیں اور مجتہد فقیہ ہیں۔ یزید بن ابی سفیان کی طرف نسبتِ ولاء کی وجہ سے اموی کہلاتے ہیں اور اپنے جدِ اعلیٰ حزم کی طرف انتساب کی بناء پر ابنِ حزم کہلاتے ہیں۔ آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ اصل میں فارس کے باشندے ہیں۔ اور آپ کے خاندان سے خلف بن معدان پہلے شخص ہیں جو اندلس میں داخل ہوئے۔ ابو محمد ۳۸۴ھ میں قرطبہ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ابو عمر احمد بن حسور، یحیٰی بن مسعود بن وجہ الجنۃ، قاضی یوسف بن عبداللہ، قاضی حمام بن احمد، محمد بن سعید بن نبات، عبداللہ بن ربیع تمیمی، عبداللہ بن محمد بن عثمان، ابو عمر طلمنکی، عبدالرحمان بن عبداللہ بن خالد، عبداللہ بن یوسف بن نامی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ اور آپ سے ابو عبداللہ حمیدی نے بہت استفادہ کیا۔ ان کے علاوہ آپ کے صاحبزادے ابو رافع فضل اور ایک دوسری جماعت نے بھی آپ سے تعلیم و تربیت حاصل کی اور آپ سے بذریعہ اجازت روایت کرنے والے آخری شخص ابوالحسن شریح بن محمد ہیں۔

آپ نے پہلے پہل سترہ سال کی عمر میں ۴۰۱ھ میں حدیث کا سماع کیا۔ بے حد ذکی اور قوی الحافظہ تھے۔ آپ کے حاصل کردہ علوم و فنون کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ پہلے پہل شافعی مسلک سے وابستہ تھے۔ پھر ظاہری مسلک اختیار کیا قیاس کی نفی کی اور عموم اور براءتِ اصلیہ سے تمسک کرنے لگے۔ مختلف فنون میں مہارت رکھتے تھے۔ صداقت دیانت اور زہد و ورع میں ممتاز تھے۔ آپ کے والد جلیل القدر اور صاحبِ حشمت وزیر تھے۔

ابو محمد نے مختلف فنون میں عموماً اور حدیث اور فقہ میں خصوصاً بڑی ضخیم کتابیں لکھی ہیں۔ چنانچہ فقہِ حدیث میں ایک مبسوط کتاب تحریر فرمائی ہے جس کا نام "الایصال الی فہم الخصال الجامعۃ لجمل شرائع الاسلام والحلال والحرام والسنۃ والاجماع" رکھا ہے۔ اس کے علاوہ آپ کی مندرجہ ذیل کتابیں بھی مشہور ہیں اور اہلِ علم میں متداول ہیں۔

(۱) کتاب الاحکام فی اصول الاحکام ۲ جلد (۲) کتاب المجلی ۱ جلد۔ یہ ان کے مذہب کی فقہ اور اجتہاد کے بیان میں ہے۔ اور اس کی شرح المحلی ۸ جلد، کتاب الفصل فی الملل والنحل ۳ جلد، کتاب اظہار تبدیل الیہود والنصاریٰ للکتابین التوراۃ والانجیل، کتاب التقریب لحد المنطق والمدخل الیہ۔ اس میں اہلِ فلسفہ کی اصطلاحات کے بجائے اہلِ علم کی اصطلاحات سے کام لیا ہے اور مسائل کی توضیح کے لیے مثالیں بھی فقیہانہ استعمال کی ہیں۔ آپ نے منطق کا فن محمد بن حسن مذحجی سے سیکھا اور اس میں اتنا آگے بڑھے کہ ان کے کلام میں جا بجا فلاسفہ کی چھاپ نظر آنے لگی۔

امام ابو حامد غزالی کہتے ہیں میں نے اسماء اللہ تعالےٰ کے بارہ میں ابن حزم کی تصنیف کردہ کتاب دیکھی ہے جو ان کے عظیم حافظہ اور سیلانِ ذہن کی شاہد ہے۔ صاعد بن احمد کہتے ہیں کہ ابن حزم تمام اہلِ اندلس سے علومِ اسلام کے زیادہ جامع، معرفت میں سب پر فائق اور ادبِ عربی، بلاغت، شعر گوئی، احادیث رسولؐ، اقوالِ صحابہ اور اخبارِ امم کے جاننے میں سب سے آگے تھے اور کمال حافظہ کے مالک تھے۔ مجھے ان کے صاحبزادے فضل نے بتایا ہے کہ ان کے پاس ان کے والد کی لکھی ہوئی کتابوں کی چار سو جلدیں موجود ہیں جو اسی ہزار صفحات پر

t.com

مشتمل ہیں۔

حمیدی کہتے ہیں کہ ابو محمد ابن حزم حدیث و فقہ کے حافظ تھے، احکام کا استنباط براہ راست کتاب و سنت سے کرتے تھے، مختلف علوم میں ماہر اور علم پر پورے پورے عامل تھے۔ ہم نے ایسا کوئی آدمی نہیں دیکھا جو ذکاوت، سرعتِ حفظ، کرم نفس اور دیانتداری میں ان کی برابری کر سکے، ادب عربی اور شعر گوئی میں ان کو کمال حاصل تھا۔ ان سے جلدی فی البدیہہ شعر کہنے والا میں نے کوئی نہیں دیکھا۔ انہوں نے ان گنت شعر کہے ہیں اور میں نے ان کو حروف معجم کی ترتیب پر جمع کیا ہے۔

ابوالقاسم صاعد کہتے ہیں کہ ان کے والد ابو عمر احمد پہلے خلیفہ منصور محمد بن عامر اور اس کے بعد خلیفہ مظفر بن منصور کے وزیر رہے ہیں اور خود ابو محمد ابن حزم بھی خلیفہ عبدالرحمان بن ہشام مستظہر باللہ کے وزیر رہے ہیں۔ پھر وزارت چھوڑ کر تحصیلِ علم کی طرف متوجہ ہوئے۔ علم منطق میں کمال پیدا کیا۔ پھر اس سے متنفر ہو کر علوم اسلام کی طرف مائل ہوئے اور ان میں وہ کمال حاصل کیا جو کسی کو نصیب نہیں ہوا۔

یسع بن حزم غافقی کہتے ہیں: ابو محمد کے محفوظات ٹھاٹھیں مارنے والا سمندر اور پھوٹ پھوٹ کر بہنے والا پانی ہیں۔ ان کے بحر علم سے حکمت کے مرجان اور یاقوت نکلتے ہیں۔ اور پھوٹ پھوٹ کر بہنے والے پانی سے ہمت کے باغیچوں میں نعمتوں کے پھل اور گچھے پیدا ہوئے ہیں۔ آپ نے اہل اسلام کے علوم کو محفوظ کیا۔ تمام اہل ادیان پر فوقیت لے گئے اور الملل والنحل جیسی گراں مایہ کتاب تصنیف کی۔ پہلے پہل آپ ریشمی لباس زیب تن فرماتے تھے اور تختِ شاہی سے کم کسی مرتبہ کو خاطر میں نہیں لاتے تھے۔ خلیفہ معتمد کی مدح میں بہت عمدہ قصیدہ کہا پھر علمیہ کا رخ کیا اور وہاں کی ایک عظیم شخصیت مظفر کے اعتماد سے سرفراز ہوئے۔

غافقی کہتے ہیں عمر بن واجب نے مجھے آپ کے متعلق درج ذیل واقعہ سنایا کہ ایک دفعہ کچھ طلبا [illegible] میرے والد ماجد کی خدمت میں حاضر تھے وہ مذہب کے سلسلہ میں درس دے رہے تھے۔ ابو محمد ابن حزم بھی [illegible] تعجب بن کر سن رہے تھے۔ آخر انہوں نے فقہ کا کوئی مسئلہ پوچھا اور اس پر بحث بھی کی۔ یہ سن کر حاضرین میں سے کسی نے کہا میاں! چپ رہو یہ علم تمہاری دسترس سے باہر ہے۔ اس کی باریکیاں تم کیا جانو؟ اس بات سے وہ بڑے پریشان ہوئے گھر میں گھس گئے اور تحصیل علم پر جھک پڑے۔ چہ کیا تھا ان سے علم کی وہ موسلا دھار بارش شروع ہوئی جو رکنے کا نام نہیں لیتی تھی۔ چند ہی مہینوں کے بعد ہم نے ان کو وہاں بہت اچھا مناظرہ کرتے دیکھا اور یہ اعلان کرتے سنا "میں حق کا اتباع کرتا ہوں اجتہاد سے کام لیتا ہوں اور کسی خاص مذہب کا پابند نہیں ہوں۔

ابن العربی کی شدید نکتہ چینی:

"قاضی ابوبکر ابن العربی نے اپنی کتاب القواصم والعواصم میں اہل ظاہر پر شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک احمق جماعت ہے جو اپنے آپ کو ایسے بلند مرتبہ پر فائز سمجھتی ہے جس کی

وہ قطعاً اہل نہیں۔ ایسی بات کہتی ہے جو اس کی سمجھ سے بالا ہے۔ اپنے خارجی بھائیوں سے ایک بات سُن کر لے اڑی ہے اور "لاحکم الا للہ" کا نعرہ لگانے لگی ہے۔ جب میں طلب علم کے لیے گھر سے نکلا تو باطن کی باتیں سُنیں اور جب واپس آیا تو دیکھا کہ صحرائے اشبیلیہ کے ایک احمق نے جو ابن حزم کے نام سے مشہور ہے ظاہر کی باتوں سے مغرب کو بھر دیا ہے یہ شخص ابتداء میں شافعی المسلک تھا۔ پھر داؤد ظاہری کی اتباع کرنے لگا بالآخر سب کو چھوڑ کر خود مستقل مجتہد اور امام امت بن بیٹھا۔ کوئی حکم جاری کرتا ہے اور بزعم خود کسی کو منسوخ کرتا ہے۔ اللہ کے دین میں وہ وہ باتیں کہتا ہے جن کا دین سے دور کا بھی تعلق نہیں۔ اور لوگوں کو متنفر کرنے کے لیے علماء کی طرف وہ اقوال منسوب کرتا ہے جو انہوں نے مطلقاً نہیں کہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات میں مشبہہ کے راستہ پر گامزن ہے اور وہ وہ دعوے کرتا ہے جنہیں طوفان بدتمیزی کے سوا کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

اتفاق کی بات ہے کہ اس کا ظہور ایسے لوگوں میں ہوا ہے جو سادہ مسائل جانتے ہیں اور ان کی حقیقت سے واقف نہیں جب وہ ان کی کوئی واقعی اور مؤثر دلیل نہیں پیش کر سکتے تو یہ اور اس کے اتباع ان کا مضحکہ اڑاتے ہیں اور ان سے مذاق کرتے ہیں۔ نیز اس کو اپنے باطل نظریات پھیلانے میں اس ظاہری وجاہت سے بھی مدد ملی ہے جو اُسے بعض ملوک کی طرف سے حاصل ہے جنہیں وہ اپنی ادبیت کے زور سے بدعت و شرک آمیز عقائد کو حق تسلیم کرانے میں کامیاب ہو گیا۔

جب واپس آکر اہل ظاہر کو چاروں سو پھیلے ہوئے اور ان کے فتنہ اور گمراہی کی آگ کو ہر طرف شعلہ زن دیکھا تو ان کے مقابلہ کے لیے سینہ سپر ہو گیا مگر اعوان و انصار نہ ہونے کی وجہ سے بڑی تکلیفیں اٹھائیں عوام کی گمراہی کو دیکھتا تو خیر خواہی کے جذبہ سے آگے بڑھتا اور ان کی سرد مہری کو دیکھتا تو ہمت ہار بیٹھتا۔ اسی عرصہ میں ایک شخص نے مجھے ابن حزم کی ایک کتاب بعنوان "نکت الاسلام" لا کر دی۔ اس میں اُس نے تباہی مچائی ہے اور میں نے بھی اس کی خوب خبر لی ہے۔ پھر ایک دوسرے شخص نے اعتقاد کے بارہ میں اس کا ایک رسالہ لا کر دیا۔ میں نے ایک رسالہ میں اس کا بھی جواب دیا ہے اور اس پر نقض وارد کیے ہیں۔ مگر معاملہ اس سے کہیں زیادہ سنگین ہے کہ صرف رسالوں میں نقض وارد کرنے پر ہی اکتفا کیا جائے۔ وہ لوگوں میں غلط نظریات پھیلاتے ہیں کہتے ہیں" بات صرف وہی صحیح ہے جو اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے"۔ نیز کہتے ہیں کہ "ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کسی دوسرے کی اتباع نہیں کریں گے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کسی امام کی اقتداء کا حکم نہیں دیا اور نہ کسی انسان کے طریقہ پر چلنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں یہ یقین کرنے پر مجبور کیا جائے کہ ان کے پاس کوئی دلیل نہیں اور جو کچھ وہ پیش کرتے ہیں وہ ہولناک حماقت ہے۔

اس کے کاتب نے لکھا ہے کہ کہنے والے نے کتنی سچی بات کہی ہے کہ جو کام تم خود کرتے ہو اس سے دوسروں کو منع نہ کرو اور کہا ہے میں تمہیں دو وصیتیں کرتا ہوں: ان کے سامنے دلیل پیش نہ کرو۔ ان سے دلیل کا مطالبہ کرو کیونکہ بدعتی کے سامنے دلیل پیش کی جاتی ہے تو ضلط مبحث کرتا ہے اور غل غپاڑہ سے کام لیتا ہے اور اگر دلیل کا مطالبہ

کیا جاتا ہے تو سوائے خاموشی کے اس کے لیے کوئی چارہ نہیں ہوتا۔

رہا ان کا یہ کہنا کہ بات وہی صحیح ہے جو اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے یہ درست ہے مگر بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے کیا فرمایا ہے اور یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کا حکم نہیں چلتا یہ علی الاطلاق قابل تسلیم نہیں کیونکہ جس کو اللہ تعالیٰ نے حکم دینے کا اختیار دیا ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ حدیث صحیح میں ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سالارِ فوج کو حکم دیا کہ اگر تم کسی قلعہ کا محاصرہ کرو تو ان کو اللہ تعالیٰ کے حکم سے نہ اتارو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ کا حکم کیا ہے اس کو اپنے حکم پر اتارو۔ نیز صحیح حدیث میں فرمایا کہ میرے طریقہ اور میرے خلفاء کے طریقہ پر عمل کرو۔

شیخ عزالدین بن عبدالسلام نے کہا ہے کہ میں نے اسلامی کتابوں میں ابن حزم کی محلی اور شیخ موفق کی مغنی جیسی کوئی علمی کتاب نہیں دیکھی۔ ابوالخطاب ابن دحیہ کہتے ہیں کہ لوبان کھانے سے ابن حزم کو مرض برص کا عارضہ لاحق ہو گیا تھا اور بالآخر اپاہج ہو گئے تھے اور کچھ مہینے کم ۷۲ سال کی عمر میں دنیائے دوں سے منہ موڑ کر عالم بالا کو سدھار گئے۔

ابو محمد عبداللہ بن محمد ابن العربی کا بیان ہے کہ ابن حزم نے مجھے علم فقہ حاصل کرنے کا یہ سبب بتایا کہ ایک دفعہ جب میری عمر ۲۶ سال تھی میں ایک جنازہ میں شریک ہونے کے لیے مسجد میں داخل ہوا تو نماز پڑھے بغیر بیٹھ گیا کسی نے کہا میاں! اٹھ کر پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھو، پھر بیٹھو چنانچہ میں اٹھا اور نماز تحیۃ المسجد ادا کی پھر جب جنازہ سے فارغ ہو کر واپس آئے تو مسجد میں داخل ہو کر میں نے تحیۃ المسجد کی دو رکعت نماز پڑھنی شروع کر دی تو وہی آدمی بولا میاں! اب بیٹھ جاؤ یہ نماز کا وقت نہیں۔ عصر کے بعد نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔ مجھے اپنی لاعلمی سے بڑا صدمہ ہوا واپس آ کر میں نے اپنے اتالیق سے کہا مجھے ابو عبداللہ بن دحون فقیہ کا گھر بتائیے۔ میں نے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر یہ ماجرا بیان کیا اور اپنی لاعلمی پر ندامت کا اظہار کیا۔ انہوں نے مجھے موطا امام مالک پڑھنے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ میں نے ان سے موطا پڑھنا شروع کر دیا۔ پھر میں نے ان سے اور دوسرے علماء سے تحصیل علم میں اتنی محنت کی کہ تین سال کی قلیل مدت میں مخالفین سے مناظرہ کرنے لگا۔ ابن العربی کہتے ہیں کہ میں علامہ ابن حزم کی خدمت میں سات سال رہا ہوں اور ان سے کتاب الفصل کی آخری جلد کے سوا ان کی تمام تصنیفات کا سماع کیا ہے اور ان سے ۵۶ھ میں کتاب الایصال کی سات جلدیں سبقاً سبقاً پڑھی ہیں۔ اور یہ کتاب ۲۴ جلدوں پر مشتمل ہے۔

ابو مروان بن حیان کہتے ہیں کہ ابن حزم حدیث و فقہ، جدل، علم الانساب اور علم ادب سے متعلقہ تمام فنون کے ماہر تھے اور منطق و فلسفہ جیسے قدیم علوم میں کافی درک رکھتے تھے۔ آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں مگر بعض فنون میں مہارت تامہ حاصل کیے بغیر دخل اندازی کی وجہ سے غلطیوں سے محفوظ نہیں رہے۔ خصوصاً علم منطق میں ان سے لغزشیں ہوئی ہیں اور اس کے واضع ارسطو کی مخالفت کرتے ہوئے اس طرح اعتراض کرتے ہیں جیسے یہ اس کے کلام کو سمجھے ہی نہیں۔

fat.com

پہلے پہل آپ امام شافعی رح سے متاثر تھے ان کی حمایت میں مخالفین سے اس شدت کے ساتھ برسرپیکار ہوئے کہ وہاں کے اکثر فقہاء ان کے خلاف ہو گئے۔ ان کے کردار کو ہدفِ تنقید بنایا اور ان پر شذوذ کا الزام لگایا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ اس مسلک سے ہٹ کر ظاہری مسلک سے وابستہ ہو گئے۔ اس کو منقح کیا اور اس پر مخالفین کی طرف سے وارد ہونے والے اعتراضات کے دندان شکن جوابات دیئے آپ اپنے نظریات پیش کرنے میں انتہائی متشدد تھے۔ اپنے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے نرمی اور مداہنت سے کام نہیں لیتے تھے بلکہ اینٹ کا جواب پتھر سے دینے کے عادی تھے جس سے قرب کی بجائے لوگوں کے دلوں میں نفرت پیدا ہوئی اور آپ کی تعظیم و تکریم کو سخت دھچکا لگا۔ فقہاء وقت کی نکتہ چینیوں کا ہدف بنے جنہوں نے ان کے خلاف متحدہ محاذ قائم کر لیا اور ان کی تضلیل و تفسیق پر جمع ہو گئے انہوں نے ان کے خلاف اس زور سے مہم چلائی کہ نہ صرف عوام ان سے دور بھاگنے لگے بلکہ سلاطین وقت بھی ان کے فتنہ سے ڈرنے لگے اور ان کو اپنے اپنے زیرِ نگین ملکوں سے نکال دیا۔ اور تا دمِ مرگ اپنے گاؤں میں جو صحرائے لبلہ کا ایک قصبہ ہے رہنے پر مجبور کر دیا مگر ان تمام مظالم کے باوجود آپ اپنے مشن سے باز نہیں آئے اور نہ آپ کے تصلب میں سرِ مو فرق آیا معمول کے مطابق اپنے شہر کے صحرا سے آنے والے مبتدی طلباء کو جنہیں ان کے بارہ میں کسی کی ملامت کا ڈر نہیں تھا اسی جوش اور ولولہ سے علم دین اور فقہیات کا درس دینے میں مصروف رہے جو ان ہی کا حصہ تھا۔

علامہ ابنِ حزم کی ایک اونٹ کے بوجھ کے برابر ایسی تصانیف ہیں جو علماء و فقہاء کے اعراض اور معاندانہ بے توجہی کے باعث ان کی صحرائی قیام گاہ سے آگے نہیں گئیں۔ اشبیلیہ میں کچھ سرِ عام پھاڑ دی گئیں اور بعض کو نذرِ آتش کر دیا گیا۔ لوگوں کے خیال میں ایک انصاف پسند آدمی کی نظر میں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ بحرِ علم کے قابل ترین شناور ہونے کے باوجود اس علمی سیاست سے ناآشنا تھے جو علم اور کتبِ علم کو قبول عام بخشتی ہے اور درحقیقت یہ ہے بھی ایک کٹھن مرحلہ!

کبھی کبھی ان کے نظریہ میں اضطراب پایا جاتا ہے اور موقعہ پر مستحضر علم بھی جواب دے جاتا ہے ہاں! اگر سنجیدہ سوالات سے اس کو چھیڑا جائے تو ان کے سینہ سے ایک ایسا بحرِ علم رواں ہو جاتا ہے جس کو ڈول گدلا نہیں کر سکتے۔ میں کہتا ہوں اس کلام کا کہنے والا انصاف پسند ہے۔ کہاں یہ کلام؟ اور کہاں ابوبکر ابن العربی کا وہ کلام جس میں علامہ ابنِ حزم کے علوم و معارف کی یکسر نفی کی گئی ہے۔

ابنِ حیان کہتے ہیں کہ علامہ ابن حزم سے عداوت اور دشمنی کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ بنو امیہ کے گذشتہ اور موجودہ خلفاء کے حامی تھے اور ان کی خلافت کو برحق سمجھتے تھے اسی وجہ سے ان کو ناصبی (خارجی) کہا گیا سلسلہ کلام کو جاری رکھتے ہوئے ابنِ حیان کہتے ہیں کہ علامہ ابنِ حزم کی معرکۃ الآراء تصانیف میں سے درج ذیل چند کتابیں قابلِ ذکر ہیں۔

کتاب الصادع فی رد علی من قال بالتقلید، کتاب شرح احادیث الموطا، کتاب الجامع فی صحیح الحدیث،

t.com

باختصار الاسانید، کتاب التلخیص فی مسائل النظریہ، کتاب منتقی الاجماع، کتاب کشف الالتباس لما بین الظاہریہ و اصحاب القیاس)

میں کہتا ہوں انہوں نے سیرت نبویہ پر بھی ایک جلد لکھی ہے۔ اس کے علاوہ بھی ان کی بہت سی تصانیف ہیں جن کے بارے میں خود فرماتے ہیں میں نے ایک کتاب ان مسائل میں لکھی ہے جن میں امام ابو حنیفہؒ، امام مالک اور امام شافعیؒ نے جمہور علماء کی مخالفت کی ہے اور ان مسائل کی بھی وضاحت کی ہے جن میں ان حضرات میں سے ہر شخص منفرد ہے اور ان سے پہلے یہ بات کسی نے نہیں کہی۔ انہوں نے اس کتاب کا نام "محلی" رکھا ہے کتاب الفرائض میں ذکر کیا ہے۔

بلاشبہ آپ کبار اور صاحب اجتہاد علماء میں سے ہیں اور جو مسئلہ انہوں نے بیان کیا ہے ان سے پہلے کسی نے بیان نہیں کیا ہوتا اس میں وہ عموم یا قیاس یا اپنے نزدیک کسی صحیح حدیث سے استدلال کرتے ہیں (اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے)۔

امام ابن حزم کے پاس کسی کا یہ قول ذکر کیا گیا کہ سب کتابوں سے بزرگتر کتاب موطا امام مالک ہے فرمانے لگے یہ صحیح نہیں بلکہ سب کتابوں سے زیادہ قابل تعظیم کتابیں صحیح بخاری، صحیح مسلم، صحیح ابن سکن، منتقی ابن جارود اور منتقی قاسم ابن اصبغ ہیں۔ پھر ان کتابوں کے بعد کتاب ابوداؤد، کتاب نسائی، مصنف قاسم بن اصبغ، مصنف طحاوی، مسند بزار، مسند ابن ابی شیبہ، مسند احمد بن حنبل، مسند ابن راہویہ، مسند طیالسی، مسند حسن بن سفیان، مسند نجار، مسند عبداللہ بن محمد بن سندی، مسند یعقوب بن شیبہ، مسند علی بن مدینی، مسند ابی خیثمہ اور ان کے علاوہ کتابیں جن میں محض رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا کلام اور وصف، احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذکر ہوئی ہیں۔

پھر ان کتابوں کا درجہ ہے جن میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کلام کے ساتھ دوسروں کا کلام بھی ہے جیسے مصنف عبدالرزاق، مصنف ابوبکر بن ابی شیبہ، مصنف بقی بن مخلد، کتاب محمد بن نصر مروزی اور ابوبکر بن منذر کی کتاب اکبر اور کتاب اصغر، ان کے بعد مصنف حماد بن سلمہ، مصنف سعید بن منصور، مصنف وکیع، مصنف فریابی، موطا امام مالک، موطا ابن ابی ذہیب، موطا ابن وہب، مسائل احمد بن حنبل، فقہ ابی عبید اور فقہ ابوثور کا درجہ ہے۔

میں کہتا ہوں ابن حزم چوتھی کے علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ ان میں اجتہاد کی پوری پوری صلاحیت موجود ہے۔ اور دوسرے مجتہدین کی طرح ان کے مسائل معیار تحقیق پر پورے بھی اترتے ہیں اور بعض میں ضعف کا پہلو نمایاں ہوتا ہے اور یہ کوئی نئی بات نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر ہر شخص کا قول قبول بھی کیا جاتا ہے اور رد بھی کیا جاتا ہے۔ امام ابن حزم کو کٹھن امتحان سے گزرنا پڑا ہے۔ ان کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ وطن عزیز سے نکالا گیا اور دیگر متعدد صدمات سہنے پڑے کیونکہ بڑے بڑے علماء اور ائمہ اجتہاد کے استخفاف اور ان کی

شان میں زبان درازی کی وجہ سے تمام فقہا، ان کے خلاف ہو گئے تھے۔ یہ علماء کا قبیح اور انتہائی نامناسب الفا
میں ذکر کرنے کے عادی تھے جس سے متاثر ہو کر فقہاء ان کی مخالفت پر تل گئے اور ان کی مشکلات میں اضافہ ک
سبب بنے یہی وجہ ہے کہ ان کے اور امام ابوالولید باجی کے درمیان مناظرہ بازی کا بازار گرم ہو گیا جس کا نتیجہ با
منافرت کی صورت میں ظاہر ہوا۔ صحیح کہا ہے ابوالعباس ابن العریف نے کہ ابن حزم کی زبان اور حجاج بن یوسف کی تلو
سگی بہنیں ہیں۔ ابوبکر محمد بن طرخان ترکی کہتے ہیں کہ مجھے امام ابو محمد عبداللہ بن محمد بن العربی نے بتایا کہ امام ابن حزم بح
بحر اعظم کی خلیج میں واقع اپنی بستی میں جمادی الاولیٰ ۴۵۷ھ کو انتقال فرمایا ایک اور صاحب کہتے ہیں کہ آپ نے ۲۸ شعبا
۴۵۶ھ میں وفات پائی۔ تاہم بہت سے لوگوں نے آپ کی تاریخ وفات ۴۵۶ھ ہجری ہی بتائی ہے۔ اس سال
مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی سفر آخرت اختیار فرمایا۔

مفتی حنفیہ علامہ شمس الائمہ ابو محمد عبدالعزیز بن احمد حلوانی صاحب تصانیف کثیرہ آپ ماہ شعبان میں واصل بحق
ہوئے۔ علامہ متکلم ابوالقاسم عبدالواحد بن علی بن برہان مکبری نحوی مسند بغداد ابوالحسین محمد بن احمد بن محمد احمد بن
حسنون نرسی۔ آپ نوے سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ اور محدث نیشاپور مفید ابوسعید محمد بن علی بن محمد نیشاپوری
خشاب۔ آپ ۸۰ سال سے زیادہ عمر پا کر فوت ہوئے۔ ہماری طرف تونس سے ابو محمد بن ہارون نے ۴۵۶ھ میں
لکھا کہ ہمیں امام ابو محمد ابن حزم کی سند سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ:

"رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ ڈھال ہے"

۱۰۱۷ ۱۶/۱۴ امام دَرَبَندی

آپ کی کنیت ابوالولید اور نام حسن بن محمد بن علی ہے آپ بلخ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں
آپ نے طلب علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور ہر خرمن علم سے خوشہ چینی کی چنانچہ بغداد میں ابوعبداللہ
نعیمی اور ابوالحسین بن بشران اور دمشق میں عبدالرحمان بن ابی نصر تمیمی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا اور علم کا
اچھا خاصا ذخیرہ اپنے قلب و دماغ میں محفوظ کر لیا۔ اور آپ سے علم حدیث حاصل کرنے والوں میں ابوبکر خطیب
ابوعلی صواف، ابوالقاسم شحامی، ابوعبداللہ فراوی، عبدالمنعم بن قشیری اور کچھ دوسرے لوگوں کے نام قابل ذکر ہیں۔ آپ
کا انتقال رمضان المبارک ۴۵۶ھ میں سمرقند میں ہوا۔

ابن النجار کہتے ہیں آپ نے ماوراء النہر سے اسکندریہ تک سفر کیا حافظ اتنا اچھا نہیں تھا مگر راست گفتار اور
کثیر العلم تھے۔ بلخ میں علی بن محمد خزاعی، نیشاپور میں ابوزکریا مزکی، ہرات میں ابومنصور ازدی، استرآباد میں بندار بن محمد،
آمد میں ابوعمر ہاشمی، ہمدان میں محمد بن عیسیٰ اور مصر میں ابن نظیف سے حدیث کا سماع کیا۔ عبدالغافر کہتے ہیں:
ابوالولید نے مختلف شہروں میں گھوم کر عالی اسانید اور غریب احادیث جمع کیں۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت
حذیفہ کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم نیکی کا حکم دو گے اور برائی سے منع کرو گے یا جلد اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے تم پر عذاب بھیج دے گا پھر تم اس سے دعا کرو گے گروہ تمہاری دعا قبول نہیں کرے گا"

اس حدیث کو امام ترمذی نے اسماعیل اور دراوردی کے واسطہ سے ذکر کیا ہے اور اس کو حسن کہا ہے۔

۱۰۱۸ ۱۷/۱۴ امام عبدالعزیز نخشبی

آپ کا اسم گرامی عبدالعزیز بن محمد بن محمد بن عاصم ہے۔ آپ نخشب کے رہنے والے اور تحصیل علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کرنے والے نامور حافظ حدیث ہیں۔ جعفر بن محمد مستغفری کے تلمیذ خاص ہیں۔ آپ نے گھر پر ان سے حدیث کا سماع کیا اور خراسان، عراق، اصفہان اور دمشق کے سفر میں ابوطالب بن خیلان، محمد بن حسین حرانی، ابوبکر بن ریذہ، ابوالفرج قتائری اور دوسرے بہت سے علماء سے مستفیض ہوئے۔ آپ ۴۳۳ھ میں اصبہان میں داخل ہوئے تھے۔ آپ کے تلامذہ میں ابوالقاسم بن ابی العلاء، مفیسی اور سہل بن بشر اسفرائینی کے نام خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

ابوسعد سمعانی فرماتے ہیں میں نے حافظ اسماعیل بن محمد سے امام عبدالعزیز نخشبی کے متعلق پوچھا تو انہوں نے ان کی بہت تعریف کی اور ان کی عظمت کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا نخشبی کے متعلق پوچھتے ہو؟ نخشبی بہت بڑے حافظ حدیث تھے۔ سلفی کہتے ہیں میں نے حافظ مؤتمن سے امام عبدالعزیز نخشبی کے متعلق سوال کیا تو بولے صوری اور خطیب جیسے حفاظ حدیث ان کے بہت مداح تھے اور ان کی فہم و فراست پر نوش تھے۔ [illegible] اس کے آس پاس کے علاقوں میں ان کی سند کا بہت چرچا تھا۔ حافظ یحییٰ بن مندہ فرماتے [illegible] اتقان میں یکتائے روزگار تھے۔ ہمارے زمانہ میں حفاظ حدیث میں ان کا کوئی مقابل نہیں [illegible] بہت باریک اور تیز تیز لکھتے تھے۔ پڑھنے میں بھی تیز رفتار تھے۔ ہر ایک کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آتے تھے۔ آپ نے نخشب میں ۴۵۰ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ علامہ ابن عساکر کہتے ہیں ۴۵۶ھ میں نخشب میں انتقال کیا۔ بعض کہتے ہیں کہ قندہار میں فوت ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۰۱۹ ۱۸/۱۴ امام عبدالرحیم بن احمد بن نصر بن اسحاق تمیمی بخاری

آپ کی کنیت ابوزکریا اور نام عبدالرحیم بن احمد ہے آپ بخارا کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں۔ طلب علم کے لیے مختلف ممالک کی طرف رحلت فرمائی خراسان، عراق، شام، یمن، مصر اور ذریقہ کے محدثین سے سماع کیا۔ آپ نے امام ابوعبداللہ حسین بن حسن حلیمی، ابویعلی حمزہ مسلمی، ابوعمرو بن مہدی، ابومحمد بن بیع، ہلال حفار، تمام رازی، عبدالغنی بن سعید ازدی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے فن حدیث میں کمال پیدا کیا۔ اور آپ

fat.com

سے آپ کے شیخ عبدالوہاب بن عبداللہ بن حباب، فقیہ نصر مقدسی، مشرف بن علی تمار، جمیل بن حسن ماورائی۔ آپ کے استاذ ابوعبداللہ محمد بن احمد رازی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔

آپ ۳۸۲ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے سب سے بڑے استاذ ابراہیم بن محمد بن یزداذ ہیں۔ آپ کی ان سے رَے میں ملاقات ہوئی اور انہوں نے آپ سے عبدالرحمان بن ابی حاتم سے روایت کرتے ہوئے حدیث بیان کی۔ ان کا شمار رازی کے اساتذہ میں ہوتا ہے۔ مجھے اُن کے واسطہ سے حضرت علی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کپڑے صاف کرو۔ ناپاک بال دور کرو، مسواک کو لازم پکڑو اور زیب و زینت استعمال کرو۔ بنی اسرائیل ان چیزوں کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ اس لیے ان کی عورتیں بدی میں مبتلا ہوگئیں۔"

یہ حدیث صحیح نہیں اور اس کی سند تارک ہے۔

سلفی کہتے ہیں ابوزکریا کا شمار پختہ کار حفاظِ حدیث میں ہوتا ہے۔ آپ نے ۴۶۱ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال مسند مصر ابوالحسین محمد بن مکی بن عثمان ازدی، مقری مصر ابوالحسین نصر بن عبدالعزیز شیرازی اور محدث بخارا ابوحفص عمر بن منصور بزاز جس نے ابن حاجب کشانی اور دوسرے بڑے بڑے علماء سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ دنیائے دون سے عالمِ بقا کی طرف رخصت ہوئے۔ مجھے اُن کے واسطہ سے حضرت علی رضؓ کا یہ قول بھی ملا ہے کہ:

"جب میں تمہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کوئی حدیث بیان کروں تو اس میں جھوٹ بولنے کی بجائے مجھے آسمان سے اس طرح گر پڑنا زیادہ مرغوب ہے کہ پارہ پارہ ہو جاؤں اور پرندے میرے ٹکڑے اچک لے جائیں اور جب میں تم سے آپس کی کوئی بات کروں تو لڑائی میں دھوکے سے کام لیا جا سکتا ہے۔" (رواہ مسلم)

نیز ان کے واسطہ سے حضرت نعمان بن بشیر کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی حدیں توڑنے والے اور اس میں رواداری سے کام لینے والے کی مثال یوں سمجھو کہ کچھ لوگ قرعہ ڈال کر جہاز میں سوار ہوئے بعض کو نچلا حصہ ملا اور بعض دوسروں کو اُوپر والا۔ جب نچلے طبقہ کے لوگ پانی لینے آتے تو اوپر والوں کو تکلیف دیتے اور ان پر پانی ڈالتے۔ تنگ آکر انہوں نے کہا تم یہاں آتے ہو اور ہمیں تکلیف دیتے ہو (آئندہ ادھر مت آنا)، یہ سن کر نچلے طبقہ والوں نے ایک آدمی کو کلہاڑا دے کر نیچے سوراخ کرنے کا حکم دیا۔ اوپر والوں نے سُنا تو پوچھا یہ کیا کرتے ہو؟ نیچے والے بولے تم ہمارے پانی لینے سے تکلیف محسوس کرتے ہو ہم پانی لینے کے لیے سوراخ کر رہے ہیں۔ اب اگر وہ خاموش رہے تو اوپر اور نیچے والے سب ڈوب

جائیں گے اور اگر ان کو روک دیا تو یہ اور وہ دونوں فریق تجارت پا جائیں گے۔"
یہ حدیث صحیح غریب ہے۔

۱۰۲۰ ۱۹/۱۴ امام مستملی عطار اصفہانی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن ابراہیم بن علی ہے آپ اصفہان کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث ہیں۔ آپ مشہور حافظ ابونعیم اصفہانی کے مستملی تھے۔ آپ نے بصرہ میں ابو عمر ہاشمی اور علی بن قاسم نجاد سے۔ بغداد میں ابوالقاسم حرفی اور ان کے طبقہ کے دوسرے علماء سے۔ اور اصفہان میں ابوسعید نقاش اور ابوبکر بن مردویہ اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔

ابوسعید سمعانی کہتے ہیں آپ اپنے اہل شہر کے نزدیک بڑے جلیل القدر حافظ تھے۔ متعدد مجالس میں آپ نے حدیث املاء کرائی دقاق اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں آپ کا شمار حفاظ حدیث میں ہوتا ہے اور زبانی املاء کرایا کرتے تھے۔ آپ سے سعید بن ابورجاء، حسین بن عبدالملک خلال، فاطمہ بنت محمد بغدادی، اسماعیل بن علی سامی اور متعدد دوسرے لوگوں نے حدیث کی تعلیم حاصل کی۔ آپ نے صفر ۴۶۶ھ میں وفات پائی۔ اس سال درج ذیل مشاہیر بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

ابو محمد مخلدی کے تلمیذ مسند ابوبکر یعقوب بن احمد صیرفی نیسابوری، کشمیہنی کے شاگرد مسند مرو ابوسہل محمد بن احمد بن عبیداللہ حفصی، صقلیہ کے عالم اور مفتی عبدالحق بن محمد بن ہارون مالکی۔ آپ اسکندریہ میں فوت ہوئے۔ دمشق کے محدث اور مفتی حافظ عبدالعزیز بن احمد تمیمی کتانی صوفی جنہوں نے ۷۷ سال عمر پا کر وفات پائی۔ ابن ماکولا کہتے ہیں مکثر اور متقن تھے اور محدث مفید ابومسلم عمر بن علی لیثی بخاری۔ آپ نے عہد کہولت میں دنیا سے [illegible]

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت بریدہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے اللہ کے رسول! میں نے اپنی والدہ کو چھ میل تک اتنی سخت گرمی میں کہ اگر زمین پر گوشت ڈال دیا جاتا تو وہ بھی پک جاتا، اپنے کندھے پر اٹھایا ہے کیا اس کا شکر ادا ہوا یا نہیں؟ آپ نے فرمایا تیری ولادت کے وقت اس نے جو تکلیف اٹھائی ہے۔ تیری یہ ساری مشقت شاید اس کے ایک درد کا حق بھی ادا نہ کرے۔"

یہ حدیث حافظ مزی اور برزالی نے ابن محفوظ رسعنی سے سنی ہے انہوں نے یہ ۶۱۳ھ میں عبدالعزیز بن ہلال سے اور انہوں نے مؤید سے ۶۰۶ھ میں سنی ہے۔

نیز ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدیہ کے طور پر دی ہوئی رحمت ہوں۔"

وکیع نے اس کو اعمش سے موقوف بیان کیا ہے۔
مجھے یہ حدیث ایک دوسری سند سے بھی زیاد بن یحییٰ کے واسطہ سے ملی ہے اس میں انہوں نے شروع میں یاایہاالناس کا اضافہ کیا ہے۔

۱۰۲۱ ۲۰/۱۴ امام سُکّری نیسابوری

آپ کی کنیت ابوسعد، نام علی بن موسیٰ اور لقب سکری ہے۔ آپ نیسابور کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں۔ انہوں نے ابوسعید کنجرودی کے لیے پانچ مشہور اجزاء کا انتخاب کیا تھا۔ آپ نے اپنے دادا عبداللہ بن عمر سکری، قاضی ابوبکر حیری، محمد بن موسیٰ صیرفی، ابوحسان مزکی، محمد بن ابراہیم اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔
اور آپ سے اسماعیل بن ابوصالح مؤذن، یوسف بن ایوب ہمدانی زاہد، ہبۃ الرحمان بن قشیری اور دوسرے لوگوں نے حدیث کی تعلیم حاصل کی۔ آپ کا شمار خراسان کے حفاظِ حدیث میں ہوتا ہے۔ آپ ۴۶۵ھ میں فریضۂ حج ادا کرنے کے لیے گئے اور واپسی پر راستہ میں انتقال فرمایا۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"میں نے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے آپ فرماتے تھے جو شخص امام سے پہلے سر اُٹھاتا ہے اسے اس بات کا ڈر نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر کو گدھے کا سر بنادے۔"

یہ حدیث امام مسلم نے عبدالرحمان سے روایت کی ہے۔

۱۰۲۲ ۲۱/۱۴ امام مُؤذن نیسابوری

آپ کی کنیت ابوصالح، نام احمد بن عبدالملک بن علی اور لقب مؤذن ہے۔ آپ نیسابور کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ اپنے زمانہ میں خراسان کے نامور محدث تھے۔

اساتذہ اپنے شہر میں ابونعیم عبدالملک بن حسن اسفرائینی، ابوالحسن علوی، ابویعلی مہلبی، ابوطاہر بن محمش، امام ابوعبداللہ حاکم، عبداللہ بن یوسف اصفہانی اور اصم کے بہت سے تلامذہ سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر مزید اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے سفر کیا اور مختلف شہروں کے خرمن ہائے علم سے خوشہ چینی کی، چنانچہ جرجان میں حمزہ بن یوسف سہمی، بغداد میں ابوالقاسم بن بشران، دمشق میں مسدد الملوکی، اصفہان میں حافظ ابونعیم، ثلیج میں حسن بن اشعث اور مکہ میں ابوذر ہروی سے فنِ حدیث میں کمال پیدا کیا۔ استاذ ابوعلی دقاق اور امام احمد بن نصر طالقانی کی خدمت میں دیر تک رہے اور ان کی نگرانی میں تاریخ مرو کا مسودہ تیار کیا۔
ان سے ان کے صاحبزادے اسماعیل بن ابی صالح، ابوالقاسم شحامی، ان کے بھائی وجیہ، عبدالکریم

بن حسن بسطامی، ابو عبداللہ فراوی، عبدالمنعم بن قشیری، ابوالاسعد ہبۃ الرحمان بن عبدالواحد اور دوسرے لوگوں نے اکتساب فیض کیا۔

عبدالغافر بن اسماعیل اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں:

"ابوصالح مؤذن امامتدار عالم، قوی الحافظہ، محدث اور پاک باطن صوفی تھے۔ طلب علم، طریق بیان اور افادۂ عوام میں منفرد تھے۔ حفظ قرآن اور جمع حدیث میں ہم نے ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ بہت سماع کیا، احکام و مسائل اور شیوخ کے حالات میں کتابیں لکھیں اور سالہا سال لوجہ اللہ اذان کہتے رہے۔ مجھے اکثر معرفت حدیث کی ترغیب دیتے تھے۔ میں نے اپنی یہ تاریخ ان ہی کے مسودات اور مجموعے سامنے رکھ کر لکھی ہے اور حل اشکال میں ان کی طرف رجوع کیا ہے میں نے ان میں جو فضائل اور خوبیاں دیکھی ہیں اگر بیان کرنے لگوں تو بہت سے اوراق سیاہ کرنے کے بعد بھی پوری بیان نہیں کر سکوں گا۔ میں نے ان سے حلیۃ الاولیاء لابی نعیم کامل، معجم طبرانی اور مسند طیالسی کا سماع کیا ہے۔"

زاہر شحامی کہتے ہیں ابوصالح نے اپنے ایک ہزار شیوخ سے ایک ہزار حدیث کی تخریج کی ہے۔ خطیب فرماتے ہیں میں نے ابوصالح سے اور انہوں نے مجھ سے حدیث لکھی ہے وہ ثقہ تھے مجھ سے کہتے تھے میں نے پہلے پہل ۳۹۹ھ میں سماع شروع کیا تھا۔ میں کہتا ہوں اس طبقہ کے شروع میں ذکر ہونے والے حافظ صوری سے ان کی سند اعلیٰ ہے۔

آپ ۳۸۹ھ میں پیدا ہوئے۔ ابوسعد سمعانی کہتے ہیں آپ صوفی، حافظ اور متقن تھے۔ طلب علم اور طریق افادہ میں منفرد تھے۔ عرصہ تک لوجہ اللہ اذان کہتے رہے۔ رات کو وعظ فرمایا کرتے تھے۔ آخر میں مدرسہ بیہقیہ میں شیخ المشائخ کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ وقف شدہ کتابیں اور فن حدیث سے تعلق رکھنے والی تمام تصنیفات آپ کی نگرانی میں تھیں جن کی آپ بڑے اچھے طریقہ سے دیکھ بھال کرتے تھے۔ آپ تاجروں اور سرمایہ داروں سے زکوٰۃ اور صدقات وصول کر کے مستحقین میں تقسیم کیا کرتے تھے۔ ابوبکر بن خلف بن یحییٰ مؤذن کہتے ہیں میں ابوصالح کی زندگی میں کسی کو حدیث میں جھوٹ بولنے کی ہمت نہیں ہے۔ ابوالمظفر منصور بن سمعانی فرماتے ہیں:

"ابوصالح آفتاب عالم اور یکتائے روزگار ہیں ان کی خدمت میں حاضر ہو تو ہر طرح کا ادب و احترام ملحوظ رکھو۔"

ابوسعد سمعانی لکھتے ہیں:

"جس رات ان کا انتقال ہوا بعض بزرگوں نے خواب میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا ہوا ہے اور فرما رہے ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو میری طرف سے جزائے خیر دے آپ نے میرا حق خوب ادا کیا ہے اور میری سنت کی احسن طریق پر نشر و اشاعت کی

ہے۔

عبدالغافر کہتے ہیں آپ نے ۱۷ رمضان ۴۷۰ھ میں داعیِ اجل کو لبیک کہا۔ اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی رختِ سفر باندھا اور ہمیشہ کے لیے دنیائے دون سے رخصت ہو گئے۔

مسندِ عراق ابوالحسین احمد بن محمد بن لقور بغدادی بزاز ۹۰ سال عمر پاکر فوت پائے۔ عمر رسیدہ بزرگ مقری ابوبکر احمد بن محمد بن حمدوہ رزاز آپ ابن سمعون سے سب سے آخر میں روایت کرنے والے ہیں۔ مسندِ دمشق اور وہاں کے خطیب، ابونصر حسین بن محمد بن طلاب قرشی، مسند ابوالقاسم عبداللہ بن حافظ ابو محمد خلال بغدادی آپ نے عمر کی ۸۵ بہاریں دیکھیں، شیخ الحنابلہ شریف ابو جعفر عبدالخالق ہاشمی بغدادی ۹۰ سال زندہ رہے، بغداد کے نحوی ابوالحسن محمد بن ہبتہ اللہ بن وراق ضریر اور محدث اصفہان ابوالقاسم بن مندہ ان کا ذکر قریب ہی آرہا ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"ایک دفعہ قبیلہ جہینہ کا وفد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، ایک نوجوان اُٹھ کر گفتگو کرنے لگا تو آپ نے فرمایا بڑوں کا لحاظ کیا ہوا؟ یعنی پہلے بزرگوں کو بات کرنے دو۔"

یہ حدیث غریب بہت ہے۔

۱۰۲۳ ۲۲/۱۴ امام عبدالرحمان بن مَنْدَہ عَبْدی اَصْفَہانی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام عبدالرحمان ہے۔ اصفہان کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ کے والد ابوعبداللہ محمد بن اسحاق بھی بہت بڑے حافظِ حدیث تھے۔ آپ ۳۸۱ھ میں پیدا ہوئے اور مشہور محدث زاہر بن احمد سے اجازت لینے میں منفرد ہیں۔ آپ نے اصفہان میں اپنے والد، ابراہیم بن عبداللہ بن حُرّ شہید قُوْلہ، ابراہیم بن محمد بن حلاب، ابوجعفر بن مرزبان ابہری، ابوالقاسم طبرانی اور دوسرے لوگوں سے، بغداد میں ابوعمر بن مہدی، ابومحمد بن بیع اور ہلال حفار سے، واسط میں ابن خزقہ واسطی سے، مکہ میں ابوالحسن بن جہضم صوفی سے اور نیساپور میں ابوبکر جیری اور ابوسعید صیرفی سے بہت استفادہ کیا۔ مگر انہوں نے شیخ الاسلام ہروی کی طرح اپنے استاذ ابوبکر جیری سے روایت نہیں کی۔ آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ فنِ حدیث کی آپ نے بڑی خدمت کی ہے اور اسی کی نشرواشاعت میں کافی عرق ریزی سے کام لیا ہے اگرچہ حفظ و اتقان میں دوسرے لوگ آپ سے بڑھے ہوئے تھے۔

ابوعبداللہ دقاق فرماتے ہیں محترم شیخ عبدالرحمان ۳۸۱ھ میں پیدا ہوئے جس میں مشہور محدث ابن المقری کا انتقال ہوا تھا۔ آپ کے فضائل و مناقب شمار سے باہر ہیں۔ میں کیسے بیان کرسکتا ہوں آپ باخلاق، جوانمرد، بہادر، صاحبِ سخاوت اور صاحبِ جمال تھے۔ اجازت سے حدیث بیان کرنا آپ کے نزدیک بہت اہم امر تھا۔ اس لیے اکثر فرمایا کرتے تھے میں ہر حدیث بطریق اجازت بیان کرتا ہوں تاکہ کتاب میں اہلِ بدعت

کی کوئی حدیث درج ہو کر موجب ہلاکت نہ بنے۔ آپ نے اہل بدعت اور صفات باری تعالیٰ میں تحریف و تاویل کرنے والے کے رد میں بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ ابوسعد سمعانی کہتے ہیں ہمیں ابونصر غازی، ابوسعد احمد بن محمد بغدادی، ابوعبداللہ حسین بن خلال، ابوبکر باغبان، ابوعبداللہ دقاق، اور دوسرے بہت سے لوگوں نے بتایا ہے کہ امام موسوف عبدالرحمان کو زاہر بن احمد، محمد بن عبداللہ جوزقی، عبدالرحمان بن ابوشریح اور ایک جماعت سے اجازت حاصل تھی۔ ابوعلی دقاق کہتے ہیں میں نے ابوالقاسم ہبۃ اللہ سے سنا جسے فرماتے تھے:

"میں نے بغداد میں ابواحمد فرضی سے ایک کتاب پڑھی اور فراغت کے بعد ان سے تحریری اجازت کی التجا کی تو فرمانے لگے بیٹا! اگر صفحہ ان میں کسی نے امایہ فلاں کی تحریر نہیں ہے تو تم اس کا کیا جواب دو گے؟ اور تمہارے حق میں کون شہادت دے گا؟ کہتے ہیں اس کے بعد میں نے کسی شیخ سے تحریر کا تقاضا نہیں کیا۔"

ابوزکریا یحییٰ بن عبدالوہاب کہتے ہیں میرے چچا امام عبدالرحمان اہل بدعت کے حق میں سخت گو تھے۔ وہ اس سے بہت بلند تھے کہ مجھ ایسا آدمی ان کی مدح و ثنا بیان کرے۔ بخدا! آپ تین وقت امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں کوشاں رہتے۔ اور اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مطیع مسلمان رہتے تھے۔ لوگوں کی ملامت میں کبھی کا مطلق خیال نہیں کرتے تھے۔ جو شخص ان کا برائی سے ذکر کرتا اللہ تعالیٰ اس کو پشیمانی اور ندامت کا مزا چکھاتا تھا۔ آپ بڑے حلیم اور کثیر العلم تھے۔ [illegible] پیدا ہوئے۔ ایک دفعہ میں نے ان کو ماشعبہ کا یہ قول پڑھ کر سنایا کہ:

"جس سے میں نے ایک حدیث لکھی ہے میں اس کا غلام ہوں" فرمانے لگے میں تابوں جس نے مجھ سے ایک حدیث لکھ لی ہے میں اس کا غلام ہوں۔"

سمعانی کہتے ہیں میں نے حسین بن عبدالملک سے سنا جسے فرماتے تھے میں نے [illegible] سے فرماتے تھے:

"مجھے اپنوں اور بیگانوں پر بڑا تعجب آتا ہے کیونکہ میں جس شخص یا مالک میں بھی کوئی بات یا فعل دیکھتا ہوں وہ اس کی موافق یا مخالف اکثریت نے مجھ سے یہی تو قع رکھی ہے کہ میں جو بات یا فعل اس کی حمایت کروں اور اس کے ہر قول یا فعل پر قبولیت اور رضامندی کی شہادت دوں۔ اگر تصدیق کروں تو کہتے ہیں موافق ہے اگر کسی بات یا کسی فعل میں توقف کرتا ہوں تو کہتے ہیں مخالف ہے۔ اگر کہتا ہوں یہ قول یا فعل کتاب و سنت کے خلاف ہے تو جھٹ مجھ پر خارجی ہونے کا فتویٰ لگا دیتے ہیں۔ اگر توحید کے بارہ میں کوئی حدیث بیان کرتا ہوں تو مجھے مشبہ کہتے ہیں۔ اور اگر رؤیت باری کے سلسلہ میں کوئی روایت سناتا ہوں تو سالمی ہونے کا طعنہ دیتے ہیں حالانکہ میں کتاب و سنت کا پابند ہوں اور اللہ تعالیٰ کی طرف تشبیہ، مثل، ند، ضد، جسم، اعضاء اور آلات کی نسبت کرنے سے بیزار ہوں۔ ان چیزوں میں

fat.com

سے جس چیز کی نسبت میری طرف کی جائے کہ میں نے کہی ہے یا اس کا عقیدہ رکھتا ہوں تو یہ غلط ہے اور میں اس سے اپنی برأت کا اعلان کرتا ہوں۔"

دقاق اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں:

"سب سے پہلے شیخ جن سے میں نے حدیث کا سماع کیا ہے امام عبدالرحمان بن مندہ ہیں، ان کے حسن نیت اور برکت سے اللہ تعالیٰ نے مجھے فنِ حدیث میں فہم و فراست عطا فرمائی ہے۔ آپ مخالفین کی آنکھ میں کانٹے کی طرح کھٹکتے تھے۔ اور کتاب و سنت کی نشر و اشاعت میں کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ یہاں تک کہ آخر میں کہا ان کی خوبیاں ان گنت اور بے حساب ہیں۔"

ابوالقاسم زنجانی مکہ میں فرماتے تھے:

"اللہ تعالیٰ نے امام عبدالرحمان بن مندہ اور عبداللہ بن محمد انصاری ہروی کے ذریعہ دینِ اسلام کی حفاظت فرمائی ہے۔"

سمعانی لکھتے ہیں:

"میں نے حسن بن محمد بن رضی علوی سے سنا ہے کہتے تھے میں نے اپنے ماموں ابو طالب بن طباطبا سے کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں امام عبدالرحمان بن مندہ کو ہمیشہ گالیاں دیا کرتا تھا ایک دفعہ میں نے خواب میں حضرت عمر کو دیکھا ان کے ہاتھ میں ایک آدمی کا ہاتھ ہے جس نے نیلگوں جبہ پہنا ہوا ہے اور اس کی آنکھ میں نکتہ ہے۔ میں نے حضرت عمر کو سلام کہا لیکن انہوں نے مجھے جواب نہیں دیا اور فرمایا تم ان کا نام سن کر انہیں گالیاں کیوں دینے لگتے ہو؟ مجھے کسی نے بتایا آپ امیرالمومنین حضرت عمر ہیں اور یہ عبدالرحمان بن مندہ ہیں۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ چنانچہ میں اصفہان آیا اور امام عبدالرحمان سے ملاقات کرنے کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے ان کو اسی شکل و صورت میں پایا جو میں نے خواب میں دیکھی تھی انہوں نے نیلگوں جبہ پہنا ہوا تھا۔ میں نے السلام علیکم کہا تو بولے اے ابوطالب! وعلیک السلام حالانکہ اس سے پہلے نہ میں نے ان کو کبھی دیکھا اور نہ انہوں نے مجھے دیکھا تھا۔ پھر میرے کلام کرنے سے پہلے فرمانے لگے جس چیز کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے حرام کر دیا ہے کیا ہمارے لیے جائز ہے کہ ہم اسے حلال سمجھیں یہ سن کر میں نے منت سماجت کی ان کی پیشانی پر بوسہ دیا اور ان سے معاف کر دینے کی التجا کی تو فرمانے لگے میرے بارہ میں تم سے جو زیادتی سرزد ہوئی ہے میں نے وہ تمہیں معاف کر دی ہے۔"

صاعد بن سیار ہروی کہتے ہیں میں نے امام عبدالرحمان بن مندہ کے متعلق ابواسماعیل عبداللہ بن محمد انصاری سے سنا ہے فرماتے تھے ان کی ذات سے اسلام کو فائدہ کی بجائے نقصان زیادہ پہنچا ہے۔ سمعانی کہتے ہیں میں نے حافظ اسماعیل بن محمد بن فضل سے عبدالرحمان بن مندہ کے متعلق پوچھا تو خاموش ہو رہے میرے

دوبارہ پوچھنے پر بولے انہوں نے حدیث کا سماع تو بہت کیا ہے لیکن کئی مسائل میں اپنے باپ کی مخالفت کی ہے میرے والد نے مجھے ان سے سماع کی اجازت نہیں دی تھی، ان کے بھائی ان سے بہتر تھے۔

وفات یحییٰ بن مندہ کہتے ہیں ان کے چچا امام عبدالرحمان نے ۶ شوال ۴۷۰ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ میرے والد نے ان کا جنازہ پڑھایا۔ ان کے جنازہ میں اتنے لوگ شریک ہوئے کہ ان کی صحیح تعداد اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ انہوں نے ۴۰۰ھ میں حدیث پڑھانا شروع کی تھی۔ ان سے فیض حاصل کرنے والوں میں علی بن مقرن کا نام نمایاں طور پر قابل ذکر ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت حسن بن یزید کی یہ حدیث پہنچی ہے فرماتے ہیں:

"ایک دفعہ میرے والد یزید مسجد میں ایک آدمی کو کچھ دینار صدقہ کرنے کے لیے دے آئے میں آیا تو اس نے مجھے دے دیئے میں نے اپنے والد سے اس کا تذکرہ کیا تو بولے میں نے تجھے دینے کا ارادہ نہیں کیا تھا تم نے کیوں لیے ہیں انہوں نے اس قضیہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے فرمایا معن! تمہارے لیے ان کا لینا جائز ہے اور یزید! تمہیں تمہاری نیت کے مطابق ثواب مل گیا۔"

نیز مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الٰہی! جس مومن کو میں نے گالی دی، یا لعنت کی یا اس کو کوڑے لگائے تو تو ان کو اس کے لیے تزکیہ اور رحمت کا سبب بنا دے۔"

امام مسلم نے یہ حدیث محمد بن عبداللہ بن نمیر عن ابیہ سے روایت کی ہے۔ ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث بھی مروی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گناہ پر نادم ہونا توبہ ہے۔"

نیز ان کے واسطہ سے سفیان بن اسد حضرمی کی یہ حدیث بھی پہنچی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بہت بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے بھائی کو کوئی بات بتاؤ وہ تمہیں سچا سمجھے اور تم جھوٹ بولو۔"

۱۰۲۴ ۱۳/۱۴ امام اتقانی تمیمی صوفی

آپ کی کنیت ابوثمامہ اور نام عبدالعزیز ہے دمشق کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور وہاں کے مفید اور محدث ہیں۔ قوی یادداشت اور مضبوط حافظہ کے مالک ہیں۔ آپ نے حدیث کا بہت سماع کیا ہے اور اپنے ہاتھ سے اتنی کتابیں نقل کی ہیں جن کا شمار مشکل ہے۔

آپ کو بغداد میں ابوسعید ابن الاعرابی کے تلمیذ صدقہ بن دلم، تمام رازی، ابونصر بن ہارون، عبدالرحمان بن

fat.com

ابونصر اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے اور اپنے شہر میں احمد بن صباح اور ان کے بھائی محمد سے سماعِ حدیث کا شرف حاصل ہوا ہے۔ اس کے علاوہ موصل، نصیبین، منبج اور دوسرے شہروں کے چشمہائے علم سے بھی سیرابی حاصل کی ہے۔ آپ نے بہت سا علم جمع کیا اور کتابیں تصنیف کیں اور بعید نہ تھا کہ اپنے زمانہ میں صفتِ حفظ سے موصوف ہو جاتے لیکن اگر ہمارے زمانہ میں ہوتے تو یقیناً آپ کا شمار ممتاز حفاظِ حدیث میں ہوتا۔

آپ سے فنِ حدیث حاصل کرنے والوں میں مندرجہ ذیل مشاہیر قابلِ ذکر ہیں۔

حافظ ابوبکر خطیب، حمیدی، عمر رواسی، ابوالقاسم نصیبی، ہبۃ اللہ بن الاکفانی، عبدالکریم بن حمزہ، ابوالقاسم ابن السمرقندی، احمد بن عقیل فارسی، قاضی یحییٰ بن علی قرشی اور کچھ دوسرے لوگ۔

آپ ۳۸۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۴۰۷ھ میں حدیث کا سماع شروع کیا۔ ابن ماکولا کہتے ہیں آپ نے مجھ سے اور میں نے آپ سے حدیث لکھی ہے۔ کثیر العلم اور متقن تھے۔ خطیب ذوائد النسب میں لکھتے ہیں، ثقہ اور امین ہیں اور ابن الاکفانی نے آپ کو صداقت اور استقامت کے ساتھ موصوف کیا ہے اور لکھا ہے کہ آپ مذہب میں سلامت روی اور کثرتِ تلاوت کے ساتھ مشہور تھے اور اس نے مجھے بتایا کہ آپ شیخ ابوالقاسم عبیداللہ ازہری نے آپ سے بغداد میں حدیث کا سماع کیا تھا۔ میں مرض الموت میں آپکی خدمت میں حاضر ہوا تو فرمانے لگے گواہ رہو جو بچہ اب اسلام میں پیدا ہو چکا ہے میں نے اس کو حدیث پڑھانے کی اجازت دے دی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس اجازت کے ساتھ ایک جماعت نے آپ سے حدیث بیان کی ہے۔ ان میں محفوظ بن صصری کا نام قابلِ ذکر ہے۔

آپ نے ۴۶۶ھ میں جانِ جہانِ آفرین کے سپرد کی۔ آپ نے اپنی کتاب "الوفیات" سنین کی ترتیب پر تصنیف کی ہے۔ مجھے ان کے واسطہ سے اسماعیل بن محمد عن ابیہ عن جدہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فیصلہ پر راضی ہونا اور ہر اہم کام میں استخارہ کرنا انسان کی سعادت ہے اور اللہ تعالیٰ کے فیصلہ پر ناراض ہونا اور کسی بھی امرِ عظیم میں استخارہ ترک کرنا انسان کے بدبخت ہونے کی علامت ہے۔ ایک جماعت نے اس کی متابعت کی ہے۔ محمد بن سعد بن ابی وقاص سے"

۱۰۲۵ ۲۴/۱۴ امام وخشی بلخی

آپ کی کنیت ابوعلی اور نام حسن بن علی بن محمد بن احمد ہے۔ بلخ کے رہنے والے مشہور حافظِ حدیث ہیں۔ بلخ کی ایک نواحی بستی وخش کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے وخشی کہلاتے ہیں۔ طلبِ علم کے لیے آپ نے دور دراز ممالک کی صحرانوردی کی ہے اور دمشق میں تمام رازی اور ان کے طبقہ سے، بغداد میں ابوعمر بن مہدی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، بصرہ میں ابوعمر ہاشمی اور ان کے ہمعصروں سے، مصر میں ابومحمد بن نحاس وغیرہ سے، خراسان میں ابوبکر حیری اور دوسروں سے، بلخ میں ابوالقاسم علی بن احمد خزاعی سے اور اصفہان میں حافظ ابونعیم سے حدیث کا سماع

کیا۔ اور آپ سے عمر بن محمد بن علی سرخسی، عمر بن علی محمودی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ کے ہمسر حافظ خطیب نے بھی آپ سے حدیث بیان کی ہے۔

حافظ عبدالعزیز نخشبی فرماتے ہیں بعض لوگ وخشی پر قدری ہونے کی تہمت لگاتے تھے امام اسماعیل بن محمد تمیمی سے ان کے متعلق پوچھا گیا تو فرمانے لگے: بہت بڑے حافظ حدیث ہیں۔ حافظ حسن بن علی بلخی حسینی ان سے سنن ابی داؤد روایت کرتے ہیں۔ ابو سعد سمعانی کہتے ہیں: وخشی حافظ، فاضل، ثقہ اور بہترین قرأت کرنے والے تھے۔ آپ نے عراق، جبال، شام، ثغور اور مصر کا سفر کیا اور مدت تک نامور حفاظ حدیث سے علمی مذاکرات میں مصروف رہے۔ میں کہتا ہوں پانچ اجزاء کا جو انتخاب "الاجزاء الوخشیات الخمسہ" کے نام سے مشہور ہے۔ آپ ہی نے حافظ ابو نعیم اصفہانی کے لیے مرتب کیا تھا۔

عمر بن علی سرخسی کہتے ہیں حافظ وخشی کی وفات کے وقت میں قریب البلوغت تھا۔ میں ان کے جنازہ میں حاضر ہوا جب آپ کے جسم کو لحد میں رکھا گیا تو ایک شور بلند ہوا کہ کیڑے مکوڑے اور حشرات الارض قبرستان سے نکل کر ایک قریبی وادی کی طرف جا رہے ہیں۔ چنانچہ میں نے بچھوؤں اور دوسرے حشرات کو وادی کی طرف جاتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ لوگ بھی دیکھتے تھے مگر انہیں کچھ نہیں کہتے تھے۔ سمعانی کہتے ہیں آپ نے ۸۶ سال عمر پا کر ۵ ربیع الآخر ۴۷ھ میں بلخ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

عمر سرخسی لکھتے ہیں ایک دفعہ مشہور وزیر نظام الملک ہمارے شہر بلخ میں تشریف لائے کسی نے انہیں بتایا کہ یہاں قریب ہی ایک بستی وخش میں ایک بزرگ رہتے ہیں جنہوں نے دور دراز ممالک کا سفر کر کے علم کا بڑا ذخیرہ جمع کیا ہے اور انہیں فن حدیث میں معرفت تامہ حاصل ہے۔ نظام الملک نے یہ سن کر وہاں ایک مدرسہ کی بنیاد رکھی اور شیخ کو بلا کر وہاں تعلیم دینے پر مامور کیا اور خود بھی ان سے سنن ابوداؤد اور کچھ دوسری کتابیں پڑھیں۔ ایک دن امام وخشی نے خود فرمایا میں نے حدیث کا سماع کیا، دور دراز ممالک کی طرف رحلت کی اور تحصیل علم کی دھن میں بڑے بڑے شدائد برداشت کیے اور اس کی راہ میں اپنے آپ کو پامال کر دیا۔ جب فارغ ہو کر اپنے گاؤں وخش واپس آیا تو کسی نے میری قدر نہ کی اور نہ کسی نے یہ سمجھنے کی کوشش کی کہ میرے پاس کس قدر انمول خزانہ ہے۔ دن رات مجھے یہ ہی فکر کھائے جا رہی تھی کہ اسی گمنامی میں میرا انتقال ہو جائے گا۔ میری علمی قابلیت کا کسی کو پتہ نہیں چلے گا نہ مجھ سے کوئی استفادہ کرے گا اور نہ میرے حق میں کلمہ رحم کسی کی زبان سے نکلے گا لیکن اللہ تعالیٰ نظام الملک کو یہاں لایا اور اُسے اس مدرسہ کی بنیاد رکھنے کی توفیق بخشی۔ چنانچہ انہوں نے مجھے یہاں حدیث پاک کی تعلیم دینے پر مامور کیا۔

فرماتے ہیں جب میں شہر عسقلان میں حافظ ابن مصحح اور دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کرتا تھا تو میرا خرچ ختم ہو گیا اور مجھے ایک لقمہ تک منہ میں ڈالے بغیر کئی دن گذر گئے۔ میں برابر حدیث لکھنے میں مصروف رہا لیکن تاب کے آخر عاجز آ گیا اور مجبور ہو کر ایک نانبائی کی دکان پر جا بیٹھا تاکہ کھانا تیار ہونے کی خوشبو سونگھ کر ہی کچھ تسکین حاصل کروں پھر اللہ تعالیٰ نے مجھ پر رزق کا دروازہ کھول دیا۔

fat.com

یحیٰی بن مندہ کہتے ہیں حافظ وحشی ۴۱۷ھ میں اصفہان آئے اور ۴۴۱ھ میں وہاں سے رخصت ہوئے آپ نے حدیث کا سماع بہت کیا لیکن روایت کم کرتے تھے۔ آپ کا ممتاز حفاظِ حدیث میں شمار ہوتا ہے علوم حدیث کے نشیب و فراز کو خوب جانتے تھے علم لغت اور علم نحو میں بھی خاصی مہارت رکھتے تھے۔ مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت اسود کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں:

"ایک دفعہ ہم حضرت عائشہ کے پاس بیٹھ کر نماز پر مواظبت اور اس کی عظمت کا تذکرہ کر رہے تھے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس بیماری میں مبتلا تھے کہ جس میں آپ کا انتقال ہوا تو نماز کا وقت آیا اور آپ کو اطلاع دی گئی اس پر آپ نے فرمایا: ابوبکر سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔" الحدیث

۱۰۲۶ ۲۵/۱۴۷ شیخ الحرم امام زنجانی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام سعد بن علی بن محمد ہے۔ زنجان کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث اور پختہ کار عالم تھے۔ شیخ الحرم ہونے کے ساتھ ساتھ عالم اسلام کے مسلّم پیشوا تھے۔ آپ نے طلبِ علم کیلئے ملک ملک کا سفر کیا۔ اور شہر شہر کے چشمہ ہائے شیریں سے علمی تشنگی دور کی۔ چنانچہ آپ نے مصر میں ابوعبداللہ محمد بن فضل بن نظیف فراء، اور حسین بن میمون صدفی سے، غزہ میں علی بن سلامہ سے، زنجان میں محمد بن ابی جلید سے اور دمشق میں عبدالرحمان بن یحیٰی بن یاسر جوبری، ابوالقاسم بن طبیز اور اس طبقہ کے دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ اور بڑے ہونے کے باوجود حافظ ابوبکر خطیب نے آپ سے حدیث پڑھی ہے ان کے علاوہ ابوالمظفر منصور بن عبدالجبار سمعانی، مکی بن عبدالسلام رمیلی، ہبۃ اللہ بن فاخر، محمد بن طاہر مقدسی، عبدالمنعم بن ابوالقاسم قشیری اور دوسرے بہت سے لوگ آپ کے خوشہ چینوں میں داخل ہیں۔

عجیب خواب ابوسعد سمعانی لکھتے ہیں میں نے اپنے بعض مشائخ سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ایک دفعہ تمہارے دادا ابوالمظفر نے امام سعد بن علی زنجانی کی صحبت میں مکہ معظمہ میں اقامت کا عزم کر لیا ایک رات خواب میں دیکھتے ہیں کہ ان کی والدہ پریشانی کی حالت میں ننگے سر کھڑی ہیں اور کہہ رہی ہیں بیٹا! میں تمہیں اپنے حق کا واسطہ دے کر کہتی ہوں کہ مرو واپس چلے آؤ مجھے تمہاری مفارقت پر یارائے صبر نہیں ہے۔ کہتے ہیں میری نیند کھل گئی اور مجھ پر غم کے بادل چھا گئے۔ میں نے فیصلہ کیا کہ اس معاملہ میں امام سعد سے مشورہ لوں گا۔ چنانچہ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا لیکن طلبہ کے ہجوم کی وجہ سے ان سے بات نہ کر سکا۔ جب فارغ ہو کر گھر جانے لگے تو میں بھی پیچھے پیچھے ہو لیا گھر کے قریب میری طرف مڑ کر دیکھا اور کہا ابوالمظفر! بڑھیا تمہارا انتظار کر رہی ہے یہ کہا اور مکان میں داخل ہو گئے۔ میں نے سمجھا کہ آپ نے میرے دل کی بات معلوم کر کے یوں کہا ہے چنانچہ میں اسی وقت واپس مرو چلے آیا۔

Marfa

ثابت بن احمد کہتے ہیں میں نے ابوالقاسم زنجانی کو خواب میں دیکھا انہوں نے دو دفعہ فرمایا جب اہلحدیث کسی مجلس میں حدیث پڑھنے پڑھانے کے لیے بیٹھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ہر مجلس کے بدلے ان کے لیے جنت میں ایک گھر بناتا ہے۔

مرتبہ و مقام ابوسعد کہتے ہیں امام زنجانی نے مختلف ممالک اور دور دراز کے شہروں میں گھوم کر علم حاصل کیا پھر مکہ معظمہ میں اقامت گزین ہو گئے اور شیخ الحرم کے منصب پر فائز رہے۔ آپ حافظ حدیث، متقن، کثیر الورع اور کثیر العبادت تھے۔ صاحب کرامات اور صاحب نوادرات تھے۔ نیز کہتے ہیں کہ جب آپ گھر سے حرم میں تشریف لاتے تو لوگ طواف چھوڑ کر استفادہ کے لیے آپ کے گرد جمع ہو جاتے۔ ابن طاہر جن سے امام سلفی کو شرف سماع حاصل ہے کہتے ہیں میں نے حافظ حبال سے سنا ہے فرماتے تھے امام سعد بن علی زنجانی ہمارے ہاں فرد کامل تھے اور اس زمانہ میں روئے زمین پر ان جیسا کوئی آدمی نہیں تھا۔ میں نے حافظ اسماعیل بن محمد بن فضل کو بھی یہی بات کہتے ہوئے سنا ہے۔ حافظ محمد بن طاہر کہتے ہیں:

"میں نے امام زنجانی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ میں نے حافظ ابو اسحاق حبال سے کتنے ہوئے سنا ہے کہ تمام دنیا میں علم و فضل کے اعتبار سے امام سعد بن علی زنجانی کی نظیر نہیں ملتی۔

امام ابوالحسن کرخی فقیہ کہتے ہیں میں نے حافظ ابن طاہر سے پوچھا آپ نے سب سے افضل کون آدمی دیکھا ہے؟ بولے صرف دو آدمی امام سعد زنجانی اور عبداللہ بن محمد انصاری میں نے کہا ان دونوں میں افضل کون ہے؟ فرمانے لگے عبداللہ حدیث کو خوب ضبط کرنے والے تھے مگر امام زنجانی حدیث ان سے زیادہ جانتے تھے اس کی وجہ یہ ہے کہ میں عبداللہ سے پڑھتا تھا تو بعض اوقات تجربہ کرنے کے لیے کچھ چھوڑ جاتا تھا اس پر مجھے وہ کبھی روکتے اور کبھی خاموش رہتے لیکن امام زنجانی سے پڑھتے وقت جب میں کسی راوی کا نام چھوڑتا تو فوراً کہتے تم نے فلاں فلاں کے درمیان فلاں شخص کا نام چھوڑ دیا ہے۔ ابوسعد سمعانی کہتے ہیں یہ درست ہے امام [illegible] بیان کرتے تھے اس لیے اس کو خوب جانتے تھے۔ اس کے برعکس امام عبداللہ بکثرت احادیث پڑھتے تھے۔

ابن طاہر کہتے ہیں میں نے فقیہ ہیاج بن جلید سے سنا ہے فرماتے تھے میں جس دن امام سعد کو نہیں دیکھتا میں نہیں سمجھتا کہ میں نے کوئی نیک کام کیا ہے حالانکہ یہ ہیاج ہر روز تین حج کیا کرتے تھے۔

ذوق عبادت ابن طاہر کہتے ہیں جب امام زنجانی نے مکہ معظمہ میں خلوت نشینی کا عزم کیا تو ارادہ کیا تھا کہ ہر روز بیس سے زیادہ قسم کی عبادتیں سرانجام پایا کریں گے۔ چنانچہ اس کے بعد آپ چالیس سال زندہ رہے اور ان میں سے ایک عبادت میں بھی فرق نہیں آنے دیا۔

آپ مکہ معظمہ میں مسلسل حدیث املا کرایا کرتے تھے۔ جب مکہ پر مغلوں نے تسلط حاصل کیا تو آپ کے علاوہ سب علماء نے حدیث املا کرانا چھوڑ دیا مگر آپ نے اس سلسلہ کو برابر جاری رکھا اور اپنے گھر میں چھپ کر

حدیث املا کرایا کرتے تھے۔

میں کہتا ہوں اس کی وجہ یہ ہے کہ مصری بدترین قسم کے رافضی اور حدیث پاک کے دشمن نمبر ایک تھے۔ ابن طاہر کہتے ہیں ایک دفعہ میں شیرازی کی شرارتوں سے بڑا پریشان تھا اور اس وجہ سے میرے دل میں تنگی واقع ہو گئی تھی میں امام زنجانی کی خدمت میں حاضر ہوا اور آداب خدمت بجا لایا۔ آپ مجھے دیکھتے ہی فرمانے لگے:

"ابو الفضل! دل میں تنگی مت لاؤ ہمارے ہاں ملک عجم میں ایک ضرب المثل ہے جس میں کہا جاتا ہے بخل اہوازی و حماقۃ شیرازی و کثرۃ کلام رازی یعنی اہوازی کا بخل، شیرازی کی حماقت اور رازی کی کثرت کلام مشہور چیزیں ہیں ان سے دل تنگ نہیں ہونا چاہیئے۔"

ابن طاہر فرماتے ہیں ۷۰ھ کی ابتدا کا ذکر ہے میں نے تحصیل علم کی غرض سے عراق جانے کا ارادہ کیا اور الوداع کہنے کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ کو میرے ارادہ کا علم نہیں تھا فرمانے لگے۔

اراحلون فنبکی ام مقیمونا

یعنی کیا سفر پر جا رہے ہو جس پر ہم روئیں یا ٹھہرنے کا ارادہ ہے؟

میں نے عرض کیا: میں شیخ کے حکم کا پابند ہوں جس طرح آپ فرمائیں گے عمل کروں گا۔ فرمانے لگے تمہارا ارادہ کیا ہے؟ میں نے کہا: خراسان کے مشائخ سے استفادہ کے لیے جانا چاہتا ہوں۔ فرمانے لگے اگر تم خراسان جاؤ گے تو وہیں کے ہو رہو گے۔ اس طرح مصر کے اہل علم سے استفادہ کا موقع ہاتھ سے نکل جائے گا۔ جس پر تمہیں ہمیشہ کف افسوس ملنا پڑے گا۔ پہلے مصر جاؤ اور وہاں سے فراغت کے بعد عراق اور خراسان جانا چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا اور اللہ تعالیٰ نے اس میں میرے لیے بڑی خیر و برکت رکھی۔

نقد حدیث میں کمال ابن طاہر کہتے ہیں ایک دفعہ آپ کی مجلس میں حافظ ابو ذر ہروی کی تصنیف کردہ صحیح کا تذکرہ چل نکلا میں نے آپ سے سنا فرمانے لگے: اس میں ابو مسلم کاتب سے احادیث مذکور ہیں جو صحیح کی شرط پر پورا نہیں اترتا۔ حافظ اسماعیل تیمی سے آپ کے متعلق پوچھا گیا تو بولے: امام کبیر عارف بالسنہ آپ بہت بڑے امام ہیں اور فن حدیث کے مالہ و ما علیہ سے خوب واقف ہیں۔

وفات امام زنجانی ۴۷۱ھ کی ابتدا یا ۷۰ھ کے آخر میں عالم فنا کو چھوڑ کر عالم بقا کی طرف سدھارے عمر کی تقریباً ۱۰ بہاریں دیکھیں۔ ۳۸۰ھ یا اس سے کچھ پہلے پیدا ہوئے تھے۔ اگر آپ بچپن میں حدیث کا سماع کرتے تو آپ کو بہت سی عالی سندیں حاصل ہو جاتیں۔ مگر آپ نے جوانی گزار کر عہد کہولت میں حدیث پاک کا سماع شروع کیا۔

اسی سال امام وخشی کا انتقال ہوا جن کا ابھی ان سے پہلے ذکر ہوا ہے۔ نیز اسی سال مندرجہ ذیل مشاہیر بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

Marfa

عالم بغداد اور تصانیف کثیرہ کے مصنف فقیہ ابو علی حسن بن احمد بن البناء حنبلی، وکیل خلیفہ اور مسند بغداد امام ابو منصور عبدالباقی بن محمد بن غالب ازجی عطار ۸۷ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ مسند بغداد ابوالقاسم اسماعیل ابن بنت السکری ۸۳ سال زندہ رہے، اور یا عن مخلص، مسند ہرات ابو عاصم فضل بن یحییٰ فضیلی ہروی، شیخ العربیۃ ابو بکر عبدالقاہر بن محمد جرجانی، عالم ہمدان ابوالفضل محمد بن عثمان بن زیرک، قومسانی اور کشمیہنی سے صحیح بخاری کے راوی مسند مرو ابوالحسین محمد بن ابی عمران موسیٰ بن عبداللہ صفار، رحمہم اللہ تعالیٰ

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوالدرداء کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کا بدن صحت مند ہے اپنے گھر میں امن کے ساتھ رہتا ہے اور ایک دن کا کھانا بھی اس کے پاس موجود ہے تو سمجھو کہ اسے ساری دنیا مل گئی ہے"

یہ حدیث غریب ہے میرے علم میں اس کے راویوں میں کوئی جرح نہیں ہے لیکن میں اس کے ایک راوی بانی کو نہیں جانتا اس حدیث کا متن مشہور ہے۔

عام حالات

صاحب ترجمہ حافظ اسعد بن علی زنجانی اہل السنۃ کے رئیس اور فن حدیث کے بلند پایہ امام تھے علم کلام اور متکلمین کے دشمن اور رائے و قیاس سے سخت متنفر تھے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارا خاتمہ خیر پر کرے اور ہمیں تا زیست ایمان اور سنت پر قائم رکھے۔ آج خالص سنت سے تمسک کرنے والے لوگ بہت کم ہیں ورنہ اکثر کی یہ حالت ہے کہ گو بظاہر حدیث اور اہل حدیث کی مدح و ثنا میں رطب اللسان ہیں مگر باطن میں علم کلام اور متکلمین کی بدعات میں لوث اور بزعم خویش تنزیہ کے پردے میں اللہ تعالیٰ کی صفات کے انکار میں تیز گام ہیں۔ حالانکہ تنزیہ کامل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تعظیم کی جائے اور جس صفت کے ساتھ اس نے اپنے آپ کو موصوف کیا ہے اسے اس کے ساتھ متصف مانا جائے۔

علم حدیث کی فضیلت اور اہمیت میں قصیدہ

امام موصوف نے علم حدیث کی برتری اور اس پر عمل کرنے کی ترغیب میں ایک طویل قصیدہ سپرد قلم فرمایا ہے جس کے چند ابتدائی اشعار درج ذیل ہیں ہے

تدبر کلام اللہ واعتمد الخبر ودع عنک رأیا لا یلائم الاثر

اللہ تعالیٰ کے کلام میں غور کرو، سنت رسول ﷺ کو لائق اعتماد بناؤ اور حدیث کے خلاف رائے و قیاس کو چھوڑ دو۔

ونہج الہدیٰ فالزمہ واقتد بالاولیٰ ہم شہدوا التنزیل ملک تبصر

ہدایت کا طریقہ لازم پکڑو اور صحابہ کرام کی اقتدا کرو جو نزول قرآن کے وقت موجود تھے اسی میں تمہاری بھلائی مضمر ہے

وکن موقفا انا وکل مکلف امرنا بقفوا الحق والاخذ بالحذر

ہمیں حق کی اتباع اور باطل سے ہوشیار رہنے کا حکم ہے۔

فمن خالف الوحی المبین بعقلہ فذاک امرؤ قد خاب خسا وقد خسر

جو شخص محض اپنی عقل سے وحی مبین کی مخالفت کرتا ہے یقیناً وہ دنیا اور آخرت میں نائب و خاسر ہے۔

وفی ترک امر المصطفی فتنۃ فذر خلاف الذی قد قال واسالہ واغبر

مصطفیٰ ﷺ کے حکم چھوڑنے میں فتنے پوشیدہ ہیں آپ کے حکم کی مخالفت ترک کر۔ اس کو سیکھ اور اس پر عمل پیرا ہو۔

وما اجمعت فیہ الصحابۃ حجۃ فتلک سبیل المومنین لمن سبر

صحابہ کرام کا اجماع حجت ہے اور عاقل کے نزدیک یہی ایمانداروں کا راستہ ہے۔

ففی الاخذ بالاجماع فائز سعادۃ کما فی شذوذ القول نوع من الخطر

یقین جانو! کہ اجماع پر عمل کرنا سعادت ہے جیسے بے دلیل بات پر عمل پیرا ہونا پُرخطر ہے۔

۱۰۴۸ ۲۶/۱۴ علامہ باجی تُجیبی قرطبی

آپ کی کنیت ابوالولید نام سلیمان بن خلف بن سعید بن ایوب بن وارث ہے قرطبہ کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور تصانیف کثیرہ کے مصنف ہیں۔ آپ کو مختلف الانواع علوم و فنون میں دسترس حاصل تھی (غالباً) سونے کے ورق کوٹنے کی وجہ سے آپ کو ذہبی بھی کہا جاتا ہے۔ اصل میں آپ کا خاندان شہر بطلیوس کا رہنے والا تھا۔ آپ کے دادا پہلے اشبیلیہ کے قریب آباد شہر باجہ میں منتقل ہوئے تھے جس کی طرف نسبت کی وجہ سے آپ باجی کہلاتے ہیں۔ یہ قیروان کے قرب و جوار میں آباد شہر باجہ نہیں ہے جس کی طرف حافظ ابومحمد باجی منسوب ہیں جن کے حالات پہلے ذکر ہو چکے ہیں۔ آپ ۴۰۳ھ میں پیدا ہوئے۔

سن رشد کو پہنچنے کے بعد آپ نے اپنے شہر میں یونس بن عبداللہ قاضی، مکی بن ابوطالب، محمد بن اسماعیل ابوبکر محمد بن حسن بن عبدالوارث سے علم حاصل کیا۔ پھر ۴۲۶ھ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے گھر سے نکل کھڑے ہوئے۔ فریضۂ حج ادا کرنے کے بعد مکہ معظمہ میں حافظ ابوذر کی صحبت میں رہ کر برابر تین سال تک اکتسابِ فیض کیا۔ جب وہ سرزمین بنی شیبانہ جاتے تو آپ ان کے ہمسفر ہوتے اور راستہ میں ان کی خدمت بجالاتے تھے یہاں سے فارغ ہونے کے بعد بغداد اور دمشق کا رخ کیا۔ حافظ ابوالقاسم بن بشران ان کے جانے سے پہلے اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو چکے تھے اس لیے ان سے استفادہ سے محروم رہے۔

دوسرے حفاظِ حدیث مثلاً حافظ ابوالقاسم بن بشیر، علی بن موسیٰ سمسار، سکن بن جمیع صیدلانی، ابو طالب عمر بن ابراہیم زہری، ابوطالب بن غیلان، ابوالقاسم عبیداللہ ازہری، محمد بن علی تمیری اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا اور علوم وفنون سنت سے خوب خوب دامن بھرا۔ علم فقہ قاضی ابوالطیب طبری، قاضی ابوعبداللہ حسین صیمری اور ابوالفضل بن عمروس مالکی سے سیکھا اور معقولات (منطق وفلسفہ) کی تحصیل کے لیے علامہ ابو جعفر سمنانی کے پاس ایک سال شہر موصل میں قیام کیا۔

جب آپ نے ۱۲ سال کی سیر آفاق وغیر آفاقی کے بعد وطن مالوف اندلس کی طرف مراجعت فرمائی تو نہ صرف حدیث، علل حدیث اور رجال حدیث بلکہ فقہ، اس کے پیچیدہ مسائل اور خلافیات نیز علم کلام اور اس کے بے مقصد لایعنی ابحاث میں بھی مہارت تامہ حاصل کر چکے تھے۔ آپ نے علم وفضل کا یہ سارا ذخیرہ بے سروسامانی اور محتاجی کی حالت میں جمع کیا مگر کسی موقع پر اور کسی جگہ عفت اور پارسائی کا دامن ہاتھ سے چھوٹنے نہیں پایا۔

آپ کے تلامذہ میں حافظ ابوبکر خطیب اور حافظ ابوعمر بن عبدالبر کا نام سرفہرست ہے جو نہ صرف بلکہ علم وفضل اور شہرت ونامور ہونے میں بھی آپ سے بڑے ہیں۔ ان کے علاوہ آپ سے استفادہ کرنے والوں میں امام ابوعبداللہ حمیدی، حسین بن عبداللہ حنظلی، احمد بن علی بن خزرون، حافظ ابوذر صدفی، آپ کے دو صاحبزادے امام ابوالقاسم احمد بن ابولیدزاہد، ابوبکر طلوتی، ابوعلی بن سکن سجزی، ابوبکر سفیان بن العاص، محمد بن عامر، محمد بن ابونصر حمیدی اور دوسرے بہت سے لوگوں کے نام قابل ذکر ہیں۔ آپ کے تلامذہ نے فنون حدیث کے علاوہ علم فقہ بھی آپ سے حاصل کیا۔

قاضی عیاض لکھتے ہیں امام ابوالولید باجی نے اپنے تعلیمی مراحل پورا کرنے کے بعد بغداد میں ایک عالم کی ملازمت اختیار کر رکھی تھی اور وہ اندلس واپس آنے تو پہلے پہل سوسو دینار میں اتنا کمانے کے لیے سوتے وقت کو ٹٹولتے تھے اور شیخ تولیسی کا بھی مشغلہ رکھا تھا۔ آپ کے تلامذہ کا بیان ہے کہ جب آپ کے پاس پڑھنے کے لیے کوئی تحریف لاتے تو آپ کے ہاتھ میں ہمیشہ سے ورق کے نشانات ہوتے تھے۔ پھر رفتہ رفتہ جب آپ کی علمی شہرت دور دور تک پھیل گئی اور چرچا ہوا تو دنیا آپ کے قدموں پر آگری، آپ کے جاہ ووسائل میں ترقی ہوئی اور گراں قدر نذرانے اور تحائف پیش ہونے لگے تھے کہ آپ فوت ہوئے تو آپ کا شمار امیر کبیر لوگوں میں ہوتا تھا۔ امراء وسلاطین آپ کو اپنی مہمات میں سفیر بنا کر بھیجتے تھے اور اس کے صلہ میں آپ بڑے بڑے انعامات حاصل کرتے تھے۔ اندلس کے فتنہ وفساد کے ہنگاموں میں آپ عہدہ قضاء پر بھی فائز رہے۔

تصنیفات آپ کی تصنیفات کی فہرست کافی طویل ہے ذیل میں ان کے نام اور موضوع ملاحظہ فرمائیے۔

(۱) کتاب المنتقی فی الفقہ (۲) کتاب الامالی فی شرح الموطا یہ کتاب شرح ۷ جلدوں میں پوری ہوئی

ہے (۳) کتاب الاستیفاء یہ علم فقہ میں بہت بڑی جامع کتاب ہے جس میں انتہائی تحقیقی مواد جمع کیا ہے (۴) کتاب الامار فی الفقہ ۵ جلد (۵) کتاب السراج فی الخلاف یہ کتاب پوری نہیں ہوسکی (۶) مختصر المختصر فی مسائل المدونہ (۷) کتاب اختلاف الموطآت (۸) کتاب فی الجرح والتعدیل (۹) کتاب التسدید الی معرفۃ التوحید (۱۰) کتاب الاشارۃ فی اصول الفقہ (۱۱) کتاب احکام الفصول فی احکام الاصول (۱۲) کتاب الحدود (۱۳) کتاب شرح المنہاج (۱۴) کتاب منہاج الصالحین وسنن العابدین (۱۵) کتاب سبیل المہتدین (۱۶) کتاب فرق الفقہاء (۱۷) کتاب التفسیر یہ مکمل نہیں ہوئی (۱۸) کتاب سنن المنہاج وترتیب الحجاج۔

مرتبہ ومقام

ابونصر ابن ماکولا کہتے ہیں امام ابوالولید باجی فقیہ، متکلم، ادیب اور شاعر تھے۔ دو دفعہ عہدۂ وزارت پر فائز ہونے کی وجہ سے ذوالوزارتین کہلاتے تھے۔ عراق جاکر حدیث کا سماع کیا اور وہاں ہی علم کلام میں دسترس حاصل کی۔ آپ بڑے پائے کے مصنف تھے۔ ابن ماکولا بات ختم کرتے ہوئے کہتے ہیں آپ کی شخصیت بڑی جلیل القدر اور عظیم المرتبت تھی۔ مریہ نامی مقام میں اپنی قبر میں استراحت فرما ہیں۔ ابوعلی بن سکرہ کہتے ہیں میں نے امام ابوالولید باجی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا اور نہ حسن اخلاق، حسن سیرت اور پرُوقار مجلس کے لحاظ سے کسی کو آپ کا ہم پلہ پایا ہے۔ جب میں بغداد میں قیام پذیر تھا آپ کے صاحبزادے امام ابوالقاسم وہاں تشریف لائے۔ میں انہیں ساتھ لے کر اپنے شیخ قاضی القضاۃ شامی کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کا تعارف کراتے ہوئے کہا جناب والا! یہ شیخ الاندلس کے صاحبزادے ہیں۔ فرمانے لگے شاید یہ امام باجی کے فرزند ہیں؟ میں نے اثبات میں جواب دیا یہ سن کر قاضی القضاۃ ان سے بڑے تپاک سے ملے اور انتہائی توجہ کے ساتھ گھل مل کر باتیں کرنے لگے۔

قاضی عیاض لکھتے ہیں امام ابوالولید باجی پرُوقار کے ساتھ مراسم پیدا کرنے اور ان سے گھل مل کر رہنے کی وجہ سے کافی نکتہ چینی ہوئی۔ بسا اوقات آپ اپنے مرتبہ ومقام سے فروتر شہروں کا عہدۂ قضا قبول کرلیتے۔ پھر وہاں ایک آدھ دفعہ ہی جاتے عام طور پر اپنے خلفاء کے ذریعہ کام چلاتے تھے شروع میں بڑے تنگدست تھے حتیٰ کہ آپ کو سفر میں شعر وسخن کو ذریعہ معاش بنانا پڑا، اور جیسا کہ میں نے بکرات ومرات سنا ہے بغداد میں اقامت کے دوران ایک کُل میں چوکیداری کے فرائض بھی سرانجام دیئے۔ آپ کے صاحبزادہ نے آپ کے تمام اشعار ایک مجموعہ میں جمع کردیئے ہیں۔ آپ نے فن فقہ میں ایک جامع اور مبسوط کتاب بنام "الاستیفاء" لکھنا شروع کی تھی جو صرف کتاب الطہارۃ تک کئی جلدوں میں پہنچ کر رہ گئی اور پوری نہ ہوسکی۔

ابن حزم کے ساتھ مناظرے

قاضی صاحب لکھتے ہیں جب آپ فراغت کے بعد اندلس واپس آئے تو ابن حزم کی طلاقتِ لسانی اور فصاحت وبلاغت کا غلغلہ بہت بلند تھا مگر موصوف ملک میں رائج مذہب (مالکیت) سے منحرف تھے اور اندلس میں کوئی اتنا جامع عالم موجود نہیں تھا جو ان کی تیز طراری کی تاب لاسکتا اور ان کے مجادلات اور مناظرات کا جواب دے سکتا۔ فقیہانِ ملک ان کے سامنے دم بخود

تھے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بعض ناواقف لوگ ان کے افکار سے متاثر ہو گئے اور جزیرہ میورقہ کی ساری آبادی جس نوانہوں نے اپنے افکار اور خیالات کی نشر و اشاعت کا مرکز بنا رکھا تھا اور جہاں انہیں مسند جاہ و جلال حاصل تھا ان کے حلقہ ارادت میں داخل ہو گئی۔ جب امام ابوالولید واپس آئے تو لوگوں سے یہ حالات سن کر پریشان ہو گئے چنانچہ مقابلہ کے لیے ان کے پاس پہنچے اور کئی مقامات پر مجالس مناظرہ منعقد کر کے حق کو واضح اور ابن حزم کے پیدا کردہ شکوک و شبہات کو طشت از بام کیا۔

قاضی صاحب مزید لکھتے ہیں ایک دفعہ جب کسی موقعہ پر امام ابوالولید باجی نے معاہدہ صلح حدیبیہ پر گفتگو کرتے وقت صحیح بخاری کی ظاہر روایت کے مطابق یہ بات کہی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے معاہدہ پر اپنا اسم گرامی اپنے ہاتھ سے لکھا تھا تو اس پر مشہور فقیہ ابوبکر ابن الصائغ بگڑ گئے اور آپ پر اس وجہ سے کفر کا فتویٰ لگا دیا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اپنے ہاتھ سے اپنے نام مبارک لکھنے کو جائز کیوں قرار دیا ہے؟ اس سے قرآن مجید کی تکذیب اور خود آنحضورؐ کے معجزہ کا انکار لازم آتا ہے۔ بعد میں اس غوغا آرائی میں وہ لوگ بھی شریک ہو گئے جو کلام کا صحیح مفہوم سمجھنے پر قادر نہیں ہوتے یہ لوگ آپ پر فتنہ پردازی کا الزام لگا کر عوام کو آپ کے خلاف بھڑکاتے تھے۔ نوبت بایں جا رسید کہ خطباء نے جمعہ کے خطبوں میں اس کو اچھالا اور کسی ستم ظریف شاعر نے یہاں تک کہہ دیا ہے:

برئت من شری دنیا بآخرۃ وقال ان رسول اللہ قد کتبا

یعنی میں اس شخص سے بیزار ہوں جس نے آخرت کو دنیا کے بدلے بیچ ڈالا ہے اور کہتا ہے کہ رسول اللہؐ نے اپنے ہاتھ سے اپنا نام لکھا ہے۔

امام باجی نے اپنے دفاع میں ایک رسالہ لکھا جس میں براہین و دلائل سے ثابت کیا کہ اپنے ہاتھ سے صرف اپنا نام لکھ لینا آپ کے امی ہونے کے معجزہ کے کسی طرح منافی نہیں جس سے کئی لوگ مطمئن ہو گئے ... ہنگامہ و شورش سے الگ ہو گئے۔ میں (ذہبی) کہتا ہوں حقیقت بھی یہی ہے کہ جو شخص صرف اپنا نام لکھ سکتا ہے وہ ناخواندہ اور ان پڑھ ہونے سے ہرگز خارج نہیں ہو سکتا کیونکہ اسے کوئی بھی لکھا پڑھا انسان نہیں سمجھتا۔ یہی حال بہت سے بادشاہوں کا ہے جو صرف دستاویزوں پر دستخط کرنا جانتے تھے اور اس کے باوجود ان پڑھ اور ناخواندہ تھے۔ بات دراصل یہ ہے کہ حکم غالب اور اکثر پر ہوتا ہے شاذ و نادر پر نہیں ہوتا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے "انا امۃ امیۃ لا نحسب ولا نکتب" یعنی ہم اہل عرب کی اکثریت ناخواندہ ہے اور صحابہ کرام کی یہی حالت تھی ان میں لکھنا پڑھنا جاننے والے افراد کی بے حد کمی تھی اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

"وہ ذات جس نے ناخواندہ لوگوں میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا" بایں ہمہ یہ ایک مسلم حقیقت ہے کہ صحابہ کرام میں بعض حضرات لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔

☆☆☆☆☆☆☆

fat.com

شعر و سخن باجی شاعر بھی تھے۔ آپ کے موزون کیے ہوئے اشعار کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

اذا کنت اعلم علما یقینا بان جمیع حیاتی کساعۃ

جب مجھے قطعی طور پر یقین ہے کہ میری ساری زندگی ایک پل کی مانند ہے۔

فلم لا اکون ضنینا بہا واجعلہا فی صلاح وطاعۃ

تو میں اس کی کیوں قدر نہ کروں اور کیوں اسے نیکی اور فرمانبرداری کے کاموں میں صرف نہ کروں۔

باجہ کی تحقیق حافظ ابن عساکر لکھتے ہیں کہ امام ابوالولید قیروان کے نواحی شہر باجہ سے تجارت کی غرض سے اندلس آئے تھے اور پھر یہیں کے ہو رہے۔ میں کہتا ہوں یہ قول اس قول سے زیادہ معتبر ہے جو ہم پہلے ذکر کر آئے ہیں۔ اس کی رو سے حافظ ابوالولید باجی اور حافظ ابو محمد باجی ایک ہی شہر کی طرف منسوب ہیں۔ ابن سکرہ کہتے ہیں۔ آپ نے ۱۹ رجب ۴۷۴ھ میں بمقام مریہ داعی اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس سے عصر کی نماز فوت ہوگئی سمجھو کہ اس کا اہل اور مال سب کچھ تباہ ہوگیا۔"

یہ حدیث امام مالک کے واسطہ سے بخاری اور مسلم دونوں میں مذکور ہے۔

(ذہبی کہتے ہیں) مجھے یہ حدیث ان کے واسطہ کے بغیر بالفاظ امام مالک ایک عالی سند سے بھی ملی ہے اور امام مالک کی بجائے لیث کے واسطہ سے بھی متعدد عالی سندوں سے حاصل ہوئی ہے۔

اسی سال یعنی ۴۷۴ھ میں مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی وفات پائی۔

جلیل القدر مقری، ابو محمد احمد بن علی بن حسن بن ابو عثمان دقاق جو مشہور محدث ابوالغنائم کے بھائی تھے اور ایک معمر بزرگ ابوبکر احمد بن ہبۃ اللہ بن محمد بن صدقہ رحبی جو ایک سو چار سال عمر پا کر فوت ہوئے، کہتے ہیں انہوں نے ابن سمعون اور مخلص پر جو اصول لکھے تھے وہ لوٹ مار کے وقت ضائع ہوگئے، مسند عراق ابوالقاسم علی بن احمد بن محمد بن بسری بندار، عالم مالکیہ ابوعبداللہ محمد بن عبدالرحمان بن العجوز کتامی سبتی، محدث نیسابور اور عالم مفید ابوبکر محمد بن ابوزکریا یحییٰ بن ابراہیم بن محمد مزکی نیسابوری، آپ اصم کے پچاس تلامذہ سے حدیث روایت کرتے تھے۔

۱۰۲۸ ۲۷/۱۴ شیخ الاسلام امام عبداللہ بن محمد انصاری ہروی

آپ کی کنیت ابواسماعیل اور نام عبداللہ بن محمد بن علی بن محمد بن احمد انصاری ہے۔ ہرات کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ آپ مشہور صحابی حضرت ابوایوب انصاری کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لیے انصاری کے لقب سے ملقب ہیں۔ ۳۹۶ھ میں پیدا ہوئے آپ نے امام عبدالجبار بن محمد جراحی سے جامع ترمذی کا سماع کیا ہے۔

t.com

(یعنی پوری جامع ترمذی ان سے پڑھی) ان کے علاوہ آپ نے ابو منصور محمد بن محمد ازدی، حافظ ابوالفضل محمد بن احمد جارودی، ابو منصور احمد بن ابوالعلاء، یحییٰ بن عمار سجستانی، محمد بن جبرائیل ماحی، حافظ احمد بن علی بن منجویہ اُم کے تلامذہ ابو سعید محمد بن موسیٰ صیرفی علی بن محمد بن طرازی اور احمد بن محمد سلیطی سے بھی حدیث کی تحصیل کی اور قاضی ابوبکر حیری سے بھی سماع کیا ہے لیکن ان سے حدیث بیان نہیں کی۔ ابو یعقوب قراب اور ان کے اہل طبقہ سے بہت استفادہ کیا۔

آپ ایک بلند پایہ مصنف تھے اور اپنی یادگار میں الاربعین، کتاب الفاروق فی الصفات، کتاب ذم الکلام واہلہ، کتاب منازل السائرین اور دیگر متعدد تالیفات چھوڑیں۔ آپ مخالفین کے حق میں قاطع تلوار، متکلمین کی آنکھوں کا کانٹا اور اتباع سنت میں کوہ پُروقار تھے آپ کو بارہا شدائد و مصائب کا نشانہ بنایا گیا۔ لیکن کیا مجال کہ آپ کے پائے ثبات میں لغزش پیدا ہوئی ہو۔ ابن طاہر کہتے ہیں:

"میں نے انہیں ہرات میں کہتے ہوئے سنا ہے کہ مجھے بغرض قتل پانچ مرتبہ تلوار کے سامنے پیش کیا گیا مجھے یہ نہیں کہا جاتا تھا کہ اپنا مذہب چھوڑ دو بلکہ یہ کہا جاتا تھا کہ مخالفین کے بارہ میں خاموش رہو مگر میں نے ہر بار ان کا یہ مطالبہ مسترد کر دیا اور کہا کہ میں حق کے اظہار سے خاموش نہیں رہ سکتا۔ حفظ حدیث میں ان سے یہ بھی سنا گیا ہے کہ مجھے بارہ ہزار احادیث اس طرح یاد ہیں کہ میں انہیں بنوک زبان فرفر پڑھ سکتا ہوں۔"

ابو نصر فامی کہتے ہیں: ابو اسماعیل یگانہ روزگار تھے۔ ہر قسم کے فضائل اور ہر طرح کے محاسن آپ کی ذات میں مجتمع تھے۔ انہیں میں سے یہ بھی ہے کہ دین کی حمایت اور سنت رسول کی نصرت میں کسی طرح کی رواداری اور لچک کے قائل نہیں تھے۔ کسی بادشاہ یا کسی امیر و وزیر کا خوف آپ کو جادۂ حق سے برگشتہ نہیں کر سکتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ حاسدین ہر وقت آپ کے درپے آزار رہتے تھے۔ انہوں نے کئی دفعہ آپ کی جان لینے کی کوشش کی اور مختلف طریقوں سے آپ کو ہلاک کرنا چاہا لیکن اللہ تعالیٰ نے نہ صرف یہ کہ ہر بار آپ کو ان کے شر سے محفوظ رکھا بلکہ ان کی اس حد سے بڑھی ہوئی دشمنی اور حسد کو آپ کی رفعت شان، روز افزوں ترقی اور ہر دلعزیزی کا سبب بنایا۔

میں کہتا ہوں کہ بے شمار علماء نے آپ سے سند فراغت حاصل کی۔ آپ عرصہ دراز اور مدت مدید تک قرآن حکیم کی تشریح و تفسیر میں مصروف رہے۔

وحدۃ الوجود کے قائل "منازل السائرین" میں آپ کی بیان کردہ کلام کو بڑی اہمیت دیتے ہیں اور دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کے ہم مشرب ہیں مگر یہ بات کیسے صحیح ہو سکتی ہے جب کہ وہ سنت کے داعی اور سلف صالحین کے نقش قدم پر چلنے کی سختی سے پابندی کرتے ہیں۔ تاہم بلاشبہ منازل السائرین میں صوفیوں کے مزعومہ محو و فنا قسم کے خیالات ضرور موجود ہیں لیکن ان کا مطلب یہ ہے کہ بعض دفعہ صوفی محبت الٰہی میں ایسا محو و فانی ہو جاتا ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی چیز نظر نہیں آتی۔ اس سے ان کا یہ مقصود ہرگز نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی شے کا وجود ہی نہیں جیسا کہ وحدۃ الوجود والے کہتے ہیں مگر اس توجیہ کے باوجود واقعہ یہ ہے کہ اس کتاب میں تابعین صوفیہ اور محدثین والا انداز

fat.com

اختیار نہیں کیا گیا، بلکہ ان کے مسلک سے الگ کچھ اور ہی رنگ نظر آتا ہے۔ واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

شعروشاعری | سنت کی مدح اور اس کی اتباع میں آپ کا ایک قصیدہ بھی ہے۔ جس کا ہمیں سماع حاصل ہے، اور جس کا اکثر حصہ عمدہ ہے آپ نے امام احمد بن حنبل کے مناقب میں بھی ایک ضخیم جلد تحریر فرمائی ہے جس کا سماع ہم نے ابن قواس سے لیا ہے۔ دوسری طرف آپ کے خرمنِ علم سے خوشہ چینی کرنے والے علماء کی فہرست کافی طویل ہے ان میں سے مندرجہ ذیل قابلِ ذکر ہیں۔

المؤتمن ساجی، ابن طاہر مقدسی، عبداللہ بن احمد بن سمرقندی، عبدالصبور بن عبدالسلام ہروی، عبدالملک کروجی، حنبل بن علی بخاری، ابوالفتح محمد بن اسماعیل قاضی، عبدالجلیل بن ابی سعد معدل، ابوالوقت، عبدالاول بن عیسیٰ سجزی وغیرہ اور سب سے آخر میں آپ سے بذریعہ اجازت روایت کرنے والے ابوالفتح نصر بن سیار ہیں۔

مرتبہ ومقام | سلفی کہتے ہیں میں نے "مؤتمن" سے امام ابواسماعیل انصاری کے متعلق پوچھا تو بولے آپ وعظ و نصیحت اور تصوف میں اللہ تعالیٰ کا نشان تھے اور علماء میں آپ کو وہ عظمت حاصل تھی جو رعیت میں بادشاہ کو حاصل ہوتی ہے۔ آپ نے بغداد میں امام ابو محمد حلال اور دوسرے آئمہ سے حدیث کا سماع کیا تھا مجالسِ درس میں باسناد احادیث بیان فرمایا کرتے تھے اور تلامذہ سے اکثر کہتے تھے کہ کوئی شخص ان سے بلا سند حدیث نہ بیان کرے۔ لغت میں باکمال اور علم حدیث میں صاحبِ حفظ و اتقان تھے۔ میں نے آپ سے آپ کی تصنیف کردہ کتاب "ذم الکلام واہلہ" سبقاً سبقاً پڑھی ہے۔

محدثین کا احترام والاکرام | مؤتمن کہتے ہیں آپ بادشاہوں اور جابر حکام کے درباروں میں جاتے تھے لیکن ان کی پرواہ نہیں کرتے تھے مگر اس کے برعکس اگر کسی مسافر اور اجنبی محدث کو دیکھ پاتے تو اس کی انتہائی تعظیم و تکریم بجالاتے ایک دفعہ فرمایا جس آدمی کا بجز طلبِ حدیث اور کوئی کام نہیں وہ اسی احترام و اعزاز کا مستحق ہے۔ میں نے ان سے یہ بھی سنا ہے کہ میں نے اپنے شیخ جیری کو محض اللہ تعالیٰ کے لیے چھوڑ دیا ہے کیونکہ میں نے ان کو ایک دفعہ حدیث کی مخالفت کرتے ہوئے سنا تھا۔ حسین بن علی کتبی کہتے ہیں شیخ الاسلام ابواسماعیل نے علمی اور حدیثی فوائد علماء کی ایک جماعت کو اپنے ہاتھ سے تحریر کر کے دیئے ہیں اور جب تک آپ کی بینائی قائم رہی یہ شغل جاری رہا۔ بعد میں یہ فوائد کسی سے لکھواتے تھے اور ان کی تصحیح خود فرماتے تھے مجھے بھی آپ نے ازراہِ تواضع کچھ فوائد لکھ کر عطا فرمائے اور جن علماء نے مجھے اس طرح فوائد عطا کیے آج ان میں سے ان کے سوا کوئی باقی نہیں رہا۔

ابن طاہر کہتے ہیں میں نے آپ سے سنا ہے فرماتے تھے جب تفسیر کا تذکرہ ہوتا ہے تو میں ایک سو سات تفسیروں کا لب لباب بیان کرتا ہوں۔ نیز میں نے ان سے برسرِ منبر یہ شعر پڑھتے ہوئے سنا ہے ؎

انا حنبلی ما حییت وان امت فوصیتی للناس ان یتحنبلوا

یعنی میں زندگی بھر حنبلی مذہب پر قائم رہوں گا اور مرنے کے بعد لوگوں کو میری وصیت یہ ہے کہ وہ حنبلی مذہب اختیار کریں۔

ابن طاہر کہتے ہیں آپ فرماتے تھے ایک دفعہ میں گھر سے سوئی ابوالحسن خرقانی سے ملنے کے لیے نکلا کر راستہ میں میرا ارادہ بدل گیا اور میں نے واپسی کا فیصلہ کر لیا۔ لیکن معاً خیال آیا کہ رے میں جا کر حافظ ابوحاتم بن خاموش سے ملاقات کرنی چاہیئے یہ بزرگ رے میں محدثین کے پیشوا تھے۔ ان کی ثقاہت و عدالت اور جاہ و جلال کا یہ حال تھا کہ جب سلطان محمود غزنوی رے میں آئے اور سب باطنیوں کو تہ تیغ کر دیا تو آئندہ کے لیے اس شہر میں بجز حافظ ابوحاتم بن خاموش ہر شخص کی تحریر و تقریر پر پابندی لگا دی اور حکم دیا کہ آج کے بعد جو شخص اس شہر میں حدیث بیان کرنا چاہے وہ پہلے اپنا سماع اور عقیدہ امام موصوف کے سامنے بیان کرے اگر وہ اسے صحیح قرار دیں تو اس کو تقریر کی اجازت دیں ورنہ منع کر دیں۔ جب میں رے کے قریب پہنچا تو وہاں کا ایک شخص جو میرا رفیق سفر تھا مجھ سے پوچھنے لگا تمہارا مذہب کیا ہے؟ میں نے کہا میں حنبلی مذہب کا پیرو ہوں۔ بولا میں نے تو یہ مذہب آج تک نہیں سنا یہ تو کوئی بدعتی مسلک ہے تب وہ میرا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا میں تجھے شیخ ابوحاتم کے سامنے پیش کیے بغیر نہ چھوڑوں گا۔ میں یہ دیکھ کر حیرت زدہ ہو گیا اور وہ سیدھا مجھے ان کے گھر لے گیا وہاں اس وقت طلبہ اور مقلدین کا بڑا اجتماع تھا کہنے لگا میں نے اس شخص سے امام کے مذہب کے متعلق پوچھا ہے مگر اس نے اپنا مذہب بتایا ہے جو میں نے آج تک نہیں سنا۔ امام صاحب نے فرمایا کیا کہتا ہے؟ بولا یہ کہتا ہے میں حنبلی ہوں۔ یہ سن کر امام موصوف فرمانے لگے اسے چھوڑ دو یہ جو حنبلی نہیں وہ مسلمان نہیں یہ دیکھ کر میں نے کہا واقعی ان کا وہی مقام ہے جیسا میں نے سنا تھا۔ چند روز وہاں ان کی خدمت میں رہا اور بعد ازاں واپس چلا آیا۔

ابن طاہر کہتے ہیں ہمارے مشائخ اور احباب نے بیان کیا ہے کہ ایک دفعہ سلطان الپ ارسلان رات کے وقت اپنے وزیر اعظم نظام الملک کے بھی ان کے ہمراہ تھے۔ حنفیہ اور شافعیہ کے بڑے بڑے فضلاء جمع ہوئے اور شیخ الاسلام انصاری کی شکایت کی اور ان سے دربار شاہی میں مناظرہ کرنے کی استدعا کی چنانچہ وزیر اعظم نے آپ کو بلا بھیجا۔ جب آپ تشریف لائے تو بولا فریقین کے یہ اکابر آپ سے مناظرہ کرنے آئے ہیں اگر آپ حق پر ہوئے تو آپ کا مذہب قبول کر لیں گے اور اگر یہ حق پر ہوئے تو آپ ان کا مذہب اختیار کر لیں یا کم از کم ان کے خلاف آواز بلند کرنا ترک کر دیں۔ یہ سن کر آپ کھڑے ہو گئے اور فرمانے لگے جو کچھ میری آستین میں ہے اس کے مطابق میں ان سے مناظرہ کرنے کے لیے تیار ہوں نظام الملک نے پوچھا آپ کی آستین میں کیا ہے؟ آپ نے دائیں آستین کی طرف اشارہ کر کے بولے اس میں کتاب اللہ ہے اور بائیں آستین کی طرف اشارہ کر کے فرمایا اس میں صحیحین یعنی صحیح بخاری اور صحیح مسلم ہیں۔ نظام الملک نے فریقین کے اکابر کی طرف دیکھا اور پوچھا کیا ارادہ ہے؟ مگر (بڑا افسوس) کتاب اللہ اور صحیحین کے مطابق ان سے مناظرہ کرنے کے لیے کوئی آمادہ نہ ہوا۔

شیخ الاسلام کے خادم احمد بن امیر جہ کا بیان ہے جب آپ بلخ سے رہا ہو کر آئے جہاں آپ اسیری اور نظر بندی کے دن گذار رہے تھے تو دوست، اور احباب کے اصرار پر وزیر اعظم نظام الملک کی ملاقات کے لیے تشریف لے گئے میں بھی آپ کے ہمراہ تھا جب آپ دربار میں داخل ہوئے تو وزیر اعظم نے آپ کا شاندار استقبال کیا اور آپ کی تعظیم و تکریم میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ اس موقعہ پر حنفیہ اور شافعیہ کے سرکردہ فضلاء بھی موجود تھے ان سب نے بالاتفاق نظام الملک کی موجودگی میں آپ سے کچھ سوالات پوچھنے کا منصوبہ بنایا۔ چنانچہ آپ کو مخاطب کرتے ہوئے علامہ طوسی (دبوسی) نے کہا اگر شیخ اجازت دیں تو میں کچھ پوچھ سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا ہاں! پوچھیے کہنے لگے آپ یہ بتائیں کہ آپ امام ابوالحسن اشعری پر لعنت کیوں بھیجتے ہیں؟ یہ سنتے ہی نظام الملک نے سر جھکا لیا کچھ دیر کے بعد بولا اس کا جواب دیجئے۔ آپ نے فرمایا میں ابوالحسن کو نہیں جانتا ہاں تو اس شخص پر لعنت کرتا ہوں جو یہ اعتقاد نہیں رکھتا کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں پر ہے اور قرآن مصحف میں ہے اور یہ اعتقاد رکھتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آج (وفات کے بعد) نبی نہیں رہے پھر آپ اٹھ کر باہر چلے آئے اور آپ کی ہیبت کی وجہ سے کسی کو آپ سے کلام کرنے کی ہمت نہیں ہوئی۔ آپ کے چلے آنے کے بعد وزیر اعظم نے سائل سے کہا کیا تم یہی چاہتے تھے کہ جو کچھ وہ ہرات میں کہتے ہیں اسے اپنے کانوں سے سن لیں بتاؤ میں ان کے خلاف کیا چارہ جوئی کر سکتا ہوں؟ پھر اس نے آپ کے لیے تحائف اور خلعت بھیجی جسے آپ نے قبول نہ کیا اور اسی وقت ہرات روانہ ہو گئے۔

مشائخ ہرات کی سازش

آپ کے یہی خادم کہتے ہیں ہرات میں ہمارے دوستوں نے بتایا ایک دفعہ سلطان الپ ارسلان ہرات آئے تو شہر کے مشائخ اور اکابر جمع ہو کر شیخ الاسلام انصاری کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ کو سلام کیا اور کہا سربراہ مملکت سلطان والا جاہ تشریف لا رہے ہیں ہم ان کا استقبال کرنے کے لیے شہر سے باہر جا رہے ہیں ہم نے مناسب سمجھا کہ پہلے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کو سلام عرض کرتے جائیں۔ دراصل وہ سوچی سمجھی سکیم کے ماتحت پیتل کا ایک چھوٹا سا بت اپنے ساتھ لائے تھے جسے نظر بچا کر شیخ کے مصلے کے نیچے رکھ دیا ملاقات کے بعد شیخ اٹھ کر گھر چلے گئے اور یہ لوگ بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شیخ کے خلاف بادشاہ کو خوب اشتعال دیا ان پر الزام لگایا کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ کی جسمانیت کا قائل ہے اس نے اپنے مصلے کے نیچے ایک بت رکھا ہوا ہے اور کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وہی شکل و صورت ہے جو اس بت کی ہے۔ بادشاہ سلامت اگر ابھی کسی کو بھیجیں تو ہماری صداقت واضح ہو جائے گی اور وہ بت اس کے مصلے کے نیچے سے برآمد ہو جائے گا بادشاہ کو یہ سن کر بڑا صدمہ ہوا، اور اس نے فوراً اپنا غلام ایک جماعت کے ساتھ بھیجا جو سیدھے آپ کے گھر گئے اور آپ کے مصلے کے نیچے سے وہ بت اٹھا لائے یہ دیکھ کر بادشاہ نے شیخ کو دربار میں طلب کیا۔ جب آپ آئے تو دیکھا علماء کرام موجود ہیں بت سامنے رکھا ہے اور بادشاہ سخت غصہ میں ہیں۔ اس نے آپ سے آتے ہی پوچھا یہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا یہ ایک پیتل کا

بت ہے جو بچوں کے کھیلنے کے لیے بنایا گیا ہے۔ بادشاہ نے گرج کر کہا میں یہ نہیں پوچھتا آپ نے فرمایا پھر بادشاہ سلامت کیا پوچھنا چاہتے ہیں؟ بولا یہ علماء کہتے ہیں تم اس کی عبادت کرتے ہو اور کہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کی شکل و صورت اس بت کی طرح ہے یہ سن کر آپ نے بڑے جوش اور بلند آواز سے کہا سبحانک ہذا بہتان عظیم یہ دیکھ کر بادشاہ کو یقین ہو گیا کہ ان لوگوں نے آپ کے خلاف کذب بیانی سے کام لیا ہے۔ اس نے آپ کو انتہائی تعظیم و تکریم کے ساتھ واپس جانے کی اجازت دے دی اور آپ کے چلے جانے کے بعد بہتان تراشنے والوں کو سخت ڈانٹ پلائی اور کہا سچ سچ بتاؤ معاملہ کیا ہے؟ وہ بولے اس شخص کے ہاتھوں ہم بڑی مصیبت میں گرفتار ہیں اس نے عوام کو ہمارے خلاف مشتعل کر دیا ہے۔ ہم نے اس کے شر سے نجات پانے کی یہ ایک تدبیر کی تھی۔ حقیقت معلوم کرنے کے بعد بادشاہ نے ان کی بڑی بے عزتی کی، ان پر جرمانہ کیا اور اس سازش میں شریک ہونے والے سب لوگوں کو سزا کے لیے کوتوال کے حوالے کیا۔

ابوالوقت عبدالاول کہتے ہیں ایک دفعہ میں نیشاپور آیا تو امام ابوالمعالی جوینی (امام الحرمین کے والد) کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے پوچھا تم کون ہو؟ میں نے کہا میں شیخ ابواسماعیل انصاری کا خادم ہوں بولے رضی اللہ عنہ (اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو) میں نے کہا دیکھیے یہ امام اس امام سے کتنے خوش ہیں۔ ان کے حق میں اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی دعا کر رہے ہیں۔ آئندہ اس امام والا مقام کے خلاف عوام کالانعام کی گالیوں پر کان نہ دھرنا۔

جامع ترمذی کی افادیت

ابن طاہر کہتے ہیں امام ابواسماعیل انصاری فرماتے تھے میرے نزدیک ابو عیسیٰ ترمذی کی کتاب (جامع ترمذی) صحیح بخاری اور مسلم سے زیادہ مفید ہے۔ میں نے کہا یہ کیسے؟ بولے ان کتابوں سے وہی شخص فائدہ حاصل کر سکتا ہے جسے معرفت تامہ حاصل ہو۔ ان کے برعکس امام ترمذی نے اپنی کتاب میں تمام احادیث کی شرح و تفسیر اور مذاہب علماء اس طرح بیان کر دیے ہیں کہ ہر فقیہ اور ہر محدث بہ آسانی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ابن سمعانی کہتے ہیں میں نے حافظ اسماعیل سے عبداللہ بن محمد انصاری کے متعلق پوچھا تو فرمایا [illegible] اور حافظ حدیث ہیں۔ عبدالغافر بن اسماعیل کہتے ہیں آپ کو ادب عربی، حدیث، تاریخ اور نسب میں کامل دستگاہ حاصل تھی۔ تفسیر میں امام تھے اور تصوف میں آپ کی سیرت بے داغ تھی۔ سال میں ایک یا دو دفعہ اپنے عقیدت مندوں، تلامذہ اور اہل مجلس سے بلا تکلف نذرانے اور تحائف قبول کرنے کے سوا آپ کا کوئی ذریعہ معاش نہیں تھا اس سے آپ کے پاس ہزاروں پونڈ، کپڑوں کے ڈھیر اور بے شمار زیورات جمع ہو جاتے تھے جس سے آپ باورچیوں اور ملازموں کی تنخواہیں اور گوشت فروش قصابوں کے قرض ادا کرنے کے علاوہ اپنی تمام ضروریات بھی پورا کرتے تھے۔ بادشاہوں اور دوسرے اراکین حکومت سے کچھ نہیں لیتے تھے۔ آپ عموماً ان کے دربار میں جانے کے عادی نہیں تھے اور نہ ان کی پرواہ کرتے تھے۔ آپ کی عزت بادشاہوں سے بھی زیادہ تھی اور تقریباً ساٹھ سال تک بلا شرکت غیرے آپ کو وہ قبول عام حاصل ہوا جس کی نظیر نہیں ملتی۔ جب آپ حلقہ درس یا مجلس

وعظ میں آتے تو لباس فاخرہ زیب تن فرماتے اور بیش قیمت اور بہترین گھوڑوں پر سوار ہو کر تشریف لاتے فرمایا کرتے تھے میں دین کی عزت بڑھانے اور دشمنانِ اسلام کی تذلیل کے لیے ایسا کرتا ہوں تاکہ وہ میری عزت اور میرے جاہ جلال کو دیکھ کر اسلام کی طرف راغب ہوں۔ فراغت کے بعد جب گھر جاتے تو خرقہ اور گودڑی پہن لیتے اور خانقاہ میں صوفیوں کے ساتھ کھانا کھاتے اور ان کے ساتھ اس طرح گھل مل کر بیٹھتے کہ ان کے درمیان تمیز مشکل ہو جاتی اہل ہرات نے آپ سے فجر کی نماز اوّل وقت پڑھنا سیکھی اور آپ ہی کی ترغیب سے اپنے بچوں کے نام (اللہ تعالےٰ کی طرف نسبت کر کے) عبدالجبار، عبدالستار، عبدالحکیم، عبداللہ اور عبدالرحمان وغیرہ رکھنے شروع کیے۔

عام حالات

ابوسعد سمعانی۔ کہتے ہیں آپ فکر و عمل میں سنتِ رسولؐ کی بالادستی قائم رکھتے تھے اس لیے اُس کی طرف دعوت دیتا اور اس کی اتباع پر عامۃ المسلمین کو راغب کرنا اپنا محبوب اور دلپذیر فریضہ سمجھتے تھے۔ عقیدت مندوں اور مستفیدین کے نذرانوں اور تحائف پر کفایت کرتے تھے۔ ظالم حکمرانوں اور بے لگام امیروں، وزیروں سے کوئی چیز قبول نہیں کرتے تھے۔ کتاب و سنت کے ظواہر پر عمل کرتے تھے، اور اپنے عقائد کی بنا کتاب اللہ اور سنتِ صحیحہ پر رکھتے تھے۔ بظاہر تشبیہ و تمثیل کی مقتضی کلام بالوضاحت بیان کرنا مناسب نہیں سمجھتے تھے۔ فرمایا کرتے تھے جو شخص میری مجلس میں حاضر نہیں ہوا اور اسے میری وعظ و نصیحت سننے کا موقعہ نہیں ملا۔ پھر وہ مجھ پر بلا وجہ طعن کرتا ہے میں نے اس کو معاف کر دیا ہے۔

وفات حسرت آیات

ابونصر فامی کہتے ہیں: شیخ الاسلام ابواسماعیل ہروی نے ۸۱ سال سے زیادہ عمر پاکر ۴۸۱ھ میں داعیِ اجل کو لبیک کہا۔ میں کہتا ہوں اس سال درج ذیل علمائے کرام بھی واصل بحق ہوئے۔

الجامع الصحیح کے راوی ابوبکر احمد بن عبدالصمد غورجی ہروی، مسندِ خراسان ابوعمرو عثمان بن محمد بن عبداللہ محمی مزکی اور مسندِ اصفہان ابوبکر محمد بن احمد بن ماجہ ابہری۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابورافع کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تم میں سے کسی کے متعلق یہ نہ سنوں کہ وہ پلنگ پر بیٹھا ہو، اس کے پاس میرا کوئی حکم آئے اور وہ اسے یہ کہہ کر رد کر دے کہ مجھے یہ اللہ کی کتاب میں نہیں ملا۔"

یہ حدیث حسن غریب ہے اس کے بیان کرنے میں سفیان بن عیینہ منفرد ہیں اور اس کو امام ابوداؤد، امام ترمذی اور امام ابن ماجہ اپنی کتابوں میں لائے ہیں۔ ابن ماجہ نے اس کو نصر بن علی کے واسطہ سے ذکر کیا ہے مگر سفیان سے آگے اس کی سند میں گڑبڑ کر گئے ہیں اور عن سالم اور زید بن اسلم عن عبیداللہ عن ابیہ کہا ہے حالانکہ صحیح سندیوں ہے۔ عن ابن عیینہ عن محمد بن المنکدر و سالم ابی النضر عن عبیداللہ بن ابی رافع عن ابیہ۔

☆☆☆☆☆

Marfa

۱۰۲۹ ۲۸/۱۴ امام حبّال مصری

آپ کی کنیت ابو اسحاق، نام ابراہیم بن سعید بن عبداللہ اور لقب محدثِ مصر ہے۔ آپ کتابیں نقل کر کے فروخت کیا کرتے تھے۔ اس لیے کتبی اور وراق کے لقب سے بھی یاد کیے جاتے ہیں۔ آپ کو مختلف علوم و فنون میں کامل دستگاہ حاصل تھی۔ ۳۹۱ھ پیدا ہوئے اور ۴۰۷ھ میں حافظ عبدالغنی سے حدیث کا سماع شروع کیا۔ آپ نے امام محاملی کے تلمیذ امام احمد بن عبدالعزیز بن شرشال سے بھی حدیث کا سماع کیا ہے۔ یہ آپ کے سب سے بڑے استاذ ہیں۔ ان کے علاوہ عبدالرحمان بن عمر بن نحاس، محمد بن احمد بن شاکر قطان، محمد بن ذکوان تنیسی، احمد بن حسین بن جعفر نخالی عطار، احمد بن محمد بن الحاج اشبیلی، منیر بن احمد خشاب، خطیب بن عبداللہ، اصم کے شاگرد محمد بن محمد نیسابوری، ابو عبداللہ بن نظیف اور دوسرے لوگوں سے کسب فیض کیا ہے۔

آپ نے اپنے لیے امام سفیان بن عیینہ اور دوسرے محدثین کی عالی اسناد احادیث جمع کر رکھی تھیں۔ آپ قاضی عبید بن نعمان عبیدی کی اولاد میں سے ہیں۔ ماہر کتب تھے اس لیے آپ کے پاس بڑی اور چھوٹی بے شمار کتابیں موجود رہتی تھیں۔ آپ سے امام ابو عبداللہ حمیدی، نقیب ابراہیم بن حسن علوی، عبدالکریم بن سوار مکی، عطا بن ہبۃ اللہ اخمینی، وقاد بن دینار نابلسی، یوسف بن خمدار دوبلی، محمد بن محمد بن جماہر طلیطلی، محمد بن ابراہیم بکری طلیطلی، ابو الفتح سلیمان بن ابراہیم مقدسی، ابو الفضل محمد بن بیان انباری، قاضی مرستان ابو بکر محمد بن عبدالباقی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ شریف عزالدین نے آپ کے حالات پر ایک مبسوط کتاب لکھی ہے اور آپ سے سب سے آخر میں بالاجازت روایت کرنے والے حافظ محمد بن ناصر ہیں۔

مصر کے باطنی حکمرانوں نے آپ کو جبراً حدیث پڑھانے سے منع کر دیا تھا اور خلاف ورزی کرنے پر قتل کی دھمکیاں دی تھیں یہی وجہ ہے کہ آپ کی اکثر احادیث رواج نہیں پا سکیں۔ ابو علی بن سکرہ صدفی کہتے ہیں میں حدیث پڑھنے کے لیے آیا تو مجھے ان کے پاس جانے سے روک دیا گیا مگر اس شرط پر ان سے ملنے کی اجازت ملی کہ وہ نہ مجھے حدیث پڑھائیں گے اور نہ حدیث پڑھانے کی تحریری اجازت دیں گے۔ چنانچہ جب میں نے ان سے بات چیت کرنا چاہی تو انہوں نے مجھ سے بات نہ کی اور میرے سوال کا ایسا جواب دیا جس کا میرے سوال سے کوئی تعلق نہ تھا۔ دراصل انہیں اندیشہ تھا کہ میں ان کے خلاف جاسوسی کرنے پر مقرر ہوں جب میں نے ان کو صاف صاف بتایا کہ میں اندلس کا رہنے والا ہوں اور حج کرنے کے لیے مکہ معظمہ جانے کا ارادہ رکھتا ہوں تو انہوں نے مجھے زبانی اجازت دی اور پڑھانے یا تحریری اجازت دینے سے انکار کر دیا۔

مرتبہ و مقام ابن مالکولا کہتے ہیں حبال ثقہ، ثبت، متورع اور نیکوکار تھے کہتے ہیں آپ قاضی القضاۃ ابن السنان کے آزاد کردہ غلام تھے پھر ابن مالکولا نے آپ سے حدیث بیان کی ہے اور لکھا ہے کہ میں نے ان کو بہت سی چیزوں میں آزمایا ہے اور ثقہ اور پختہ کار پایا ہے۔ امام طیب بغدادی نے آپ سے بالاجازت

حدیث روایت کی ہے اور کہا ہے کہ مجھ سے ابو عبداللہ حمیدی نے ان سے حدیث بیان کی ہے۔

نادر واقعات

۱۔ حدیث پڑھانے سے منع کرنے سے پہلے آپ کی خدمت میں ایک طالب علم حدیث پڑھنے کے لیے آیا اس کے ساتھ کئی اور طالب علم بھی شریک ہو گئے وہ آپ سے ایک جزء کا سماع کرنا چاہتے تھے۔ آپ نے اس کتاب کے بیس نسخے نکالے اور ہر ایک کے ہاتھ میں ایک ایک نسخہ دے دیا تاکہ وہ پڑھنے کے ساتھ مقابلہ کرتے جائیں۔

۲۔ ابو طاہر کہتے ہیں میں نے امام ابو اسحاق جبال سے سنا ہے فرماتے تھے ہمارے ساتھ مصر میں ایک آدمی حدیث کا سماع کیا کرتا تھا وہ بڑا متشدد تھا جو کتاب پڑھتا تھا اس پر اپنے استاذ کا سماع لکھ لیتا تھا مگر جب تک اپنے شیخ سے سلف نہیں لیتا تھا کہ اس نے یہ کتاب اپنے استاذ سے پڑھی ہے اور اس سے کوئی چیز ضائع نہیں ہوئی اس وقت تک کسی کا نام نہیں لکھتا تھا۔

۳۔ امام جبال فرماتے تھے ہم ایک دن استاذ سے ایک کتاب پڑھ رہے تھے جب ہم نے یہ حدیث پڑھی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جنت میں قتات داخل نہیں ہوگا۔ طالب علموں میں ایک شخص قت (جانوروں کا چارہ) بیچا کرتا تھا (چارہ بیچنے والے کو عربی میں قتات کہتے ہیں) وہ اٹھ کھڑا ہوا اور رونے لگا کہتا تھا میری توبہ ہے آئندہ ایسا گناہ نہیں کروں گا کسی نے کہا قتات سے مراد چارہ بیچنے والا نہیں بلکہ چغلخور ہے جو فریقین کی باتیں ایک دوسرے کو بیان کر کے فساد برپا کرتا ہے تب اسے سکون حاصل ہوا اور پریشانی دور ہوئی۔

ابن طاہر کہتے ہیں ہمارے شیخ امام جبال بہت محتاط تھے۔ اپنی موجودگی میں ہی اپنی کتاب کسی کو دیتے تھے۔ طالب علم آپ کی مجلس میں جتنا لکھ سکتا لکھ لیتا۔ مجلس کے اختتام پر اسے کتاب واپس کرنا پڑتی تھی۔ اکثر آپ کے پاس ایک ایک کتاب کے متعدد نسخے موجود رہتے تھے میں نے آپ سے زیادہ محنت کے ساتھ پڑھنے والا کوئی نہیں دیکھا اور نہ کسی کو آپ سے زیادہ لکھنے والا پایا ہے۔ اجازت دینے میں آپ کا معمول یہ تھا کہ اخبرنا سے اجازت کا لفظ پہلے ذکر کیا جائے اور یوں کہا جائے اجازلنا فلاں (ہمیں فلاں شیخ نے حدیث بیان کرنے کی اجازت دی ہے) یہ نہ کہا جائے اخبرنا فلان اجازۃ (ہمیں فلاں شیخ نے حدیث پڑھانے کی اجازت دی) آپ فرماتے تھے بعض اوقات اجازۃ کا لفظ لکھنے سے رہ جاتا ہے یا عبارت سے مٹ جاتا ہے اور اخبرنا فلاں باقی رہ جاتا ہے جو خلاف واقعہ ہے۔ جب اجازت کا لفظ پہلے لکھا جائے تو کسی طرح کا شک پیدا نہیں ہوتا۔ ابن طاہر کہتے ہیں میں نے آپ سے سنا ہے فرماتے تھے حافظ ابو نصر سجزی نے ایک سو سے زیادہ محدثین نے سند فراغت حاصل کی ان میں سے اب میرے سوا کوئی باقی نہیں رہا۔

t.com

عمدہ کاغذ کا استعمال ابن طاہر کہتے ہیں میری طالب علمی کے زمانہ میں امام حبال نے بیس ایسی کتابیں نکالیں جو بڑے نفیس کاغذ پر لکھی ہوئی تھیں۔ میں نے پوچھا آپ نے اتنا بہترین کاغذ کہاں سے لیا ہے؟ بولے یہ کاغذ سمرقند سے وزیر صاحب کے لیے مہیا کیا جاتا تھا ان کی کچھ کتابیں میرے ہاتھ لگی تھیں ان میں جو کاغذ سفید نظر آتا میں اسے پھاڑ کر الگ کر لیتا تھا۔ یہ کتابیں اسی کاغذ پر لکھی ہیں۔

سادگی اور اپنا کام خود کرنا ابن طاہر کہتے ہیں جب میں نے تحصیل حدیث کے لیے امام حبال کی خدمت میں حاضر ہونے کا ارادہ کیا تو طلباء نے آپ کی شکل وصورت اور آپ کا حلیہ مجھے بتایا اور کہا وہ اپنا کام اپنے ہاتھ سے کرتے ہیں۔ جب میں بازار میں داخل ہوا تو مجھے معلوم نہیں تھا کہ میں نے کہاں جانا ہے عطار کی دکان پر میں نے ایک بزرگ کو دیکھا جو اسی شکل وصورت کے تھے جو مجھے امام حبال کی بتائی گئی تھی۔ انہوں نے بازار سے خریدی ہوئی چیزوں کا ایک تھیلا ہاتھ میں پکڑا ہوا تھا میرے خیال میں آیا کہ یہی امام حبال ہوں گے۔ ان کے چلے جانے کے بعد میں نے عطار سے پوچھا یہ بزرگ کون ہیں؟ بولا تم ان کو نہیں جانتے؟ یہ ابو اسحاق حبال ہیں یہ سن کر میں ان کے پیچھے چل پڑا اور انہیں اپنے شیخ سعد بن علی زنجانی کا پیغام پہنچایا آپ نے مجھ سے ان کی خیر وعافیت پوچھی پھر اپنی جیب سے ایک چھوٹی سی کتاب نکالی جس سے مجھے دو مسلسل حدیثیں لکھائیں ان میں سے ایک مسلسل بالاولیت تھی اور مجھ سے وعدہ کیا کہ جب تک میں وہاں رہوں گا روزانہ مجھے جامع عمرو بن عاص میں حدیث پڑھایا کریں گے۔ میں کہتا ہوں ان کی امام حبال سے ۴۷۰ھ میں ملاقات ہوئی اور قاضی ابوبکر نے ۴۷۶ھ میں ان سے سماع کیا تھا اس کے بعد باطنی حکومت نے ان کو حدیث پڑھانے سے روک دیا۔

وفات آپ ۹۱ سال عمر پاکر ۴۸۲ھ میں فوت ہوئے۔ اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی [illegible] فرمایا۔

نیسابور کے رئیس اور قاضی ابونصر احمد بن محمد صاعدی۔ یہ ابوبکر حیری اور ان کے طبقہ کے اہل علم سے روایت کرتے ہیں، مفتی سرخس امام ابو حامد احمد بن محمد شجاعی، ابو عبداللہ حسن بن احمد خطیب سلمی دمشقی، مسند اصفہان قاضی ابو منصور محمد بن احمد بن شکرویہ، ابو الخیر محمد بن احمد خطیب اصفہانی اور بستان العارفین کے مصنف محدث ابوالفضل محمد بن احمد طبسی۔

مجھے ان کے واسطہ سے یہ حدیث ملی ہے:

"ان کے شاگرد حافظ ابونصر کہتے ہیں مجھ سے ابراہیم بن سعید نعمانی نے اس وقت حدیث بیان کی جب ان کا ہاتھ میرے کندھے پر تھا وہ کہتے ہیں ہم سے حافظ ابو سعد احمد بن محمد نے اس وقت حدیث بیان کی جب ان کا ہاتھ میرے کندھے پر تھا آگے ایک ایسی حدیث بیان کی جسے موضوع ہونے کی وجہ سے میں بیان کرنا نہیں چاہتا آخر میں صحابی کہتے ہیں مجھ سے آنحضرت

fat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت حدیث بیان کی جب آپ کا ہاتھ میرے کندھے پر تھا آپ نے فرمایا ہم سے صادق نا طق نے اس وقت حدیث بیان کی جب ان کا ہاتھ میرے کندھے پر تھا "

دوسری حدیث مجھے ان کے واسطہ سے یہ ملی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں :

" ایک دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے پوچھا جانتے ہو شجرہ طیبہ کیا ہے ؟ میں کہنا چاہتا تھا کھجور ہے لیکن جب میں نے دیکھا کہ میں سب سے چھوٹا ہوں تو میں خاموش رہا پھر آپ نے خود ہی فرمایا شجرہ طیبہ سے مراد کھجور ہے "

مجھے ان کے واسطہ سے تیسری حدیث یہ ملی ہے کہ :

" ابو حلیمہ معاذ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر دعائے [illegible] میں درود پڑھا کرتے تھے "

۱۰۳۰ ۲۹/۱۴ امام ابن شعبہ انصاری بصری

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام عبدالملک بن شعبہ تھا۔ آپ بڑے پایہ کے محدث ، نامور حافظ حدیث اور عالی مقام عابد و زاہد تھے۔ آپ ابو عمر ہاشمی ، حسن بن بشار نیساپوری ، یوسف بن عسان ، علی بن ہارون تمیمی اور دوسرے لوگوں سے حدیث بیان کرتے ہیں۔ اور آپ سے ابو علی بن سکرہ ، محدث ابو نصر غازل ، جابر انصاری ، علامہ ابو نصر بن ماکولا ، عبداللہ بن سمرقندی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام سمعانی کہتے ہیں آپ شیخ حافظ ، متقن ، ثقہ اور بکثرت روایت کرنے والے ہیں علامہ ابن ماکولا ان کی مجلس املا میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ ابن سکرہ کہتے ہیں جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ تمام مشاغل چھوڑ کر عبادت کے لیے گوشہ نشین ہو چکے تھے میں نے دیکھا آپ صبح کے بعد دعا میں بہت رویا کرتے تھے۔ میں نے آپ سے حدیث کا کچھ حصہ پڑھا ہے۔ آخر عمر میں آپ شہادت کے مرتبہ جلیلہ پر فائز ہوئے۔ آپ کے پاس آپ کے شیخ ہاشمی کے واسطہ سے سنن ابی داؤد کا کچھ حصہ موجود تھا۔

میں کہتا ہوں آپ کو ۴۸۴ھ میں نہایت بیدردی کے ساتھ قتل کر دیا گیا۔ اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی عالم بقا کی طرف کوچ کیا۔

ابوالحسن احمد بن عبدالرحمان ذکوانی اصفہانی آپ ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے ، مسند ابوالحسن علی بن حسن آپ نے بغداد میں وفات پائی آپ نے ابن الصلت اہوازی سے حدیث کا سماع کیا تھا ، مرو کے شیخ القراء ابو نصر محمد بن احمد کرکانجی ، مسند قزوین ابو منصور محمد بن حسین مقومی ، نیساپور کے قاضی القضاۃ ابو بکر محمد بن عبداللہ ناصحی حنفی ، انہوں نے امام حیری سے حدیث کا سماع کیا تھا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمرو کی یہ حدیث ملی ہے کہ

t.com

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں ایک ہی آیت یاد ہو تو وہ میری طرف سے دوسروں کو پہنچا دو۔ بنی اسرائیل سے واقعات بیان کرو اس میں کوئی حرج نہیں اور جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولے وہ اپنا ٹھکانہ آگ میں بنا لے۔"

یہ حدیث امام ترمذی نے فریابی سے محمد بن یحییٰ کے واسطہ سے بیان کی ہے۔

۱۰۳۱ ۳۰/۱۴ امام سلیمان بن ابراہیم اصفہانی ملنجی

آپ کی کنیت ابو سعود، نام سلیمان بن ابراہیم اور لقب محدث اصفہان ہے۔ آپ بلند پایہ حافظ حدیث ہیں ۳۵۹ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے اصفہان میں ابو عبدالرحمان جرجانی، ابو سعد احمد بن محمد مالینی، ابو بکر بن مردویہ، عبداللہ بن احمد بن جولہ ابہری، حافظ ابو نعیم اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ ان میں سے بعض سے روایت کرنے میں آپ منفرد ہیں۔ بغداد میں آپ نے ابو بکر بن ہارون منقی، ابو القاسم حرفی، ابو علی بن شاذان، برقانی اور ان کے طبقہ کے دوسرے اہل علم سے استفادہ کیا اور آپ سے آپ کے شیخ حافظ ابو نعیم نے حدیث کا سماع کیا ہے۔ ان کے علاوہ اسماعیل بن محمد تیمی، ابو سعد بغدادی، ابو نصر غازی، ہبۃ اللہ بن طاؤس مقری، شرف الدین بن عبدالمطلب حسینی، ابو جعفر محمد بن حسن صیدلانی، محمد بن عبدالواحد معاذی، رجاء بن حامد معدانی، مسعود ثقفی اور دوسرے لوگوں نے بھی آپ کے خرمن علم سے خوشہ چینی کی ہے۔ آپ کے تلامذہ تقریباً ۵۰۰ھ تک باقی رہے ہیں۔ ان سے امام ابو بکر خطیب بغدادی نے تاریخ بغداد میں آپ سے حدیث بیان کی ہے اور وہ آپ سے کچھ زیادہ سال پہلے فوت ہوئے ہیں۔

مرتبہ و مقام سمعانی کہتے ہیں آپ کو علم حدیث میں معرفت تامہ حاصل تھی۔ آپ نے احکام و مسائل [illegible] کے علاوہ بہت سی مفید کتابیں تصنیف کی ہیں اور تحصیلین میں سے ہر ایک پر مستخرج ہے۔ میں نے آپ کے متعلق ابو سعد بغدادی سے پوچھا تو کہنے لگے ان میں کوئی عیب نہیں [illegible] بیان کیا۔ انہوں نے طلب علم کے لیے مختلف ممالک کا سفر کیا ہے اور حدیث و دیگر علوم و فنون کو بکثرت جمع کیا ہے۔ ابو سعد کہتے ہیں ایک دن آپ اپنے حلقہ درس میں حدیث املا کرا رہے تھے اور ہم لکھ رہے تھے ایک سائل آیا اور کچھ مانگنے لگا آپ نے فرمایا سائل کے لیے یہ نحوست کی بات ہے کہ وہ اصحاب محابر طالب علموں سے مانگے۔ ابو عبداللہ قاق اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں سلیمان بن ابراہیم حافظ حدیث ہیں انہوں نے تحصیل علم کے لیے سفر کی مصیبتیں جھیلی ہیں اور بہت سا علم جمع کیا ہے ان کے والد ابراہیم فہم اور حفظ حدیث میں مشہور ہیں یہ دونوں باپ بیٹا حافظ ابو نعیم اصفہانی کے تلامذہ میں سے ہیں۔ سلیمان کے حفاظ میں بعض محدثین نے کلام کیا ہے کہ کثرت سے حدیث جمع کرنے کا نام حفظ نہیں بلکہ اس کے ضبط و اتقان کا نام حفظ ہے۔

سمعانی کہتے ہیں میں نے دوسری دفعہ ابو سعد بغدادی سے سلیمان کے متعلق پوچھا تو بولے محدثین نے ایک کتاب

Marfat.com

کی وجہ سے ان پر طعن کیا ہے جس کو وہ اپنے شیخ سے بلا سماع بیان کرتے تھے اسی لیے میں نے بھی ان سے خاموشی اختیار کر لی ہے۔ حافظ ابوزکریا بن مندہ کہتے ہیں ان کے سماع میں کلام ہے میں نے معتبر علماء سے سنا ہے کہ ان کے بڑے بھائی اسماعیل کو سماع حاصل تھا۔ انہوں نے اس کا نام مٹا کر وہاں اپنا نام لکھ لیا ہے یہ ایک حریص، ناپرہیزگار غلط گو اور شرم وحیا سے عاری بزرگ ہیں۔

میں کہتا ہوں سلیمان صدوق اور راست گو ہیں، حافظ ابونعیم کے تلامذہ کے بارہ میں ابن مندہ کے تلامذہ کی جرح و تنقید میں بڑے احتیاط سے کام لینا چاہیئے یہ ایک دوسرے سے کدورت رکھتے تھے۔

مجھے ان کے واسطہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے برادر نسبتی حضرت عمرو بن حارث کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیچھے بجز سفید خچر اسلحہ اور زمین کے جسے آپ نے صدقہ کر دیا تھا۔ درہم و دینار اور غلام و کنیزیں سے کوئی چیز نہیں چھوڑی"

اس حدیث کو امام بخاری نے ابراہیم بن حارث کے واسطہ سے ذکر کیا ہے۔

امام سلیمان نے ۹۰ سال عمر پاکر ذی قعدہ ۴۸۶ھ میں انتقال فرمایا۔ اس سال مندرجہ ذیل علماء بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

ابو علی مقری کے بھائی ابوالفضل حمد بن احمد بن حسن اصفہانی۔ بعض نے ان کی وفات ۴۸۸ھ میں بتائی ہے مسند بغداد ابوالفضل عبداللہ بن علی دقاق الکاتب آپ ۸۶ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ شیخ شام فقیہ ابوالفرج عبدالواحد بن محمد شیرازی حنبلی، ابوالحسن علی بن احمد بن یوسف اموی ہکاری آپ شیخ الاسلام کے لقب سے ملقب تھے۔ ابن ابی الفوارس کے آخری شاگرد مسند ابوالقاسم عبدالواحد بن علی علاف، ابواحمد فرضی سے آخر میں روایت کرنے والے انبار کے خطیب ابوالحسن علی بن محمد انباری، ابوالحسن علوی کے آخری شاگرد مسند نیسابور ابوالمظفر موسیٰ بن عمران انصاری اور ابواللیث نصر بن حسن السکتی آپ سمرقند میں فوت ہوئے اور اس سے پہلے اندلس میں صحیح مسلم پڑھایا کرتے تھے۔

۱۰۳۲ ۳۱/۱۴ امام حسکانی حنفی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام عبیداللہ بن عبداللہ بن احمد بن حسکان ہے۔ نیسابور کے رہنے والے نامور محدث ہیں۔ اسی شہر میں عہدۂ قضا پر فائز رہے ہیں۔ حافظ ابن الحذاء کے نام سے بھی مشہور ہیں۔ صاحب حفظ واتقان اور علم حدیث سے پوری واقفیت رکھنے والے بزرگ ہیں۔ امیر عبداللہ بن عامر بن کریز کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں جس نے حضرت عثمان کے عہد خلافت میں خراسان فتح کیا تھا۔ عمر رسیدہ تھے اس لیے آپ کی سند کو عالی سمجھا جاتا ہے۔ آپ نے احکام و مسائل میں کتابیں تصنیف کی ہیں اور احادیث بکثرت جمع کی ہیں۔

t.com

آپ نے اپنے دادا احمد، ابوالحسن علوی، ابوعبداللہ حاکم، ابوطاہر بن محمش، عبداللہ بن یوسف اصفہانی، ابوالحسن بن عیدان، ابن فنجویہ دینوری، ابوالحسن علی بن سقاء، ابوعبداللہ بن باکویہ اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ ابوسعید کنجرودی اور ان جیسے نچلے طبقہ کے دوسرے محدثین سے بھی روایت کرتے ہیں۔ ابوبکر بن حارث اصفہانی نحوی کے خاص شاگرد ہیں۔ آپ نے ان سے بہت استفادہ کیا ہے۔ حافظ احمد بن علی بن منجویہ سے بھی مستفیض ہوئے۔ فن فقہ قاضی ابوالعلاء بن صاعد بن محمد سے حاصل کیا اور زندگی بھر حدیث کے سماع استفادہ اور افادہ میں مصروف رہے۔ اور آپ سے خصوصیت کے ساتھ محدث عبدالغافر بن اسماعیل نے بہت علم حاصل کیا ہے۔ انہوں نے اپنی تاریخ میں ان کا تذکرہ بھی کیا ہے۔ لیکن ان کی تاریخ وفات ذکر نہیں کی۔ آپ نے ۴۷۰ھ کے بعد وفات پائی ہے۔

عام حالات مجھے آپ کی ایک مجلس کی تحریر ملی ہے جس سے آپ کے حدیث سے باخبر اور مائل بہ تشیع ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے ردالشمس کی حدیث کی تصحیح کی ہے۔

اسی نام سے ملتے جلتے ایک دوسرے شخص ابوسعد عبیداللہ بن عبداللہ بن محمد بن حسکویہ عبدالخالق شحامی کے استاذ ہیں اور ۴۸۸ھ تک زندہ رہے ہیں اور ان کے والد ابوبکر علامہ خفاف کے شاگرد عبدالخالق مذکور کے والد کے استاذ ہیں۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت میں دو گروہ میری شفاعت سے محروم ہیں۔ ایک مرجئہ اور دوسرے قدریہ"

اس حدیث کا ایک راوی قاسم بہت ضعیف ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

پندرھواں طبقہ

(اس میں ۴۰ حفاظِ حدیث مذکور ہیں)

۱۰۳۳ ۱/۱۵ امیر کبیر حافظ ابنِ ماکولا عجلی جزباذقابی ثم بغدادی

آپ کی کنیت ابونصر اور نام علی بن ہبتہ اللہ بن علی ہے آپ بغداد کے رہنے والے باکمال حافظ حدیث ہیں۔ اکمال اور دوسری کتابوں کے مصنف ہیں۔ عجل جس کی طرف انتساب کی وجہ سے آپ عجلی کہلاتے ہیں۔ بکر بن وائل کا ذیلی قبیلہ ہے جو عرب کے ایک عظیم قبیلہ ربیعہ بن نزار بن معد بن عدنان کی شاخ ہے۔ آپ خود فرماتے ہیں۔ میری پیدائش شعبان ۴۲۲ھ میں عکبرا میں ہوئی تھی۔

آپ نے بغداد میں بشری بن عبداللہ فاتنی، عبیداللہ بن عمر بن شاہین۔ ابوطالب بن غیلان۔ ابوالطیب طبری، ابو منصور محمد بن محمد سواق، احمد بن محمد عتیقی۔ ابوبکر بن بشران۔ عبدالصمد بن محمد بن مکرم اور دوسرے بہت سے لوگوں سے علم حدیث حاصل کیا۔ اور دمشق میں ابوالقاسم حنائی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے اور مصر میں احمد بن قاسم بن میمون مصری سے حدیث کا سماع کیا۔ علاوہ ازیں ماوراء النہر، خراسان، جبال، جزیرہ اور ساحلی شہروں کے چوٹی کے حفاظ حدیث سے ملاقات کی اور ان سے حدیث کا سماع کیا۔

آپ سے آپ کے استاذ حافظ ابوبکر خطیب۔ فقیہ نصر مقدسی، ابومحمد حسن بن احمد سمرقندی، محمد بن عبدالواحد وفاق شجاع ذہلی، حمیدی، محمد بن طرخان ترکی۔ ابوعلی محمد بن محمد مہدی، ابوالقاسم اسماعیل بن سمرقندی، علی بن ہبتہ اللہ بن عبدالسلام کاتب اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ مجھے ان کے واسطے سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات سر کے بال کاٹ کر کانوں کے برابر کر لیتی تھیں۔

یہ حدیث آپ نے ابوبکر احمد بن مہدی سے بیان کی ہے اور آپ کے ایک ہم سبق ابوالقاسم نسیب اس کو ابوبکر خطیب سے روایت کرتے ہیں میں کہتا ہوں آپ نے اپنے جس شیخ کا نام ابوبکر احمد بن مہدی بتایا ہے وہ یہی امام ابوبکر خطیب بغدادی ہیں۔ آخر میں ابوالقاسم کہتے ہیں یہ حدیث سند میں مذکور ابراہیم بن یوسف ہسنجانی نے ابوالفضل صاحب احمد بن حنبل سے بیان کی ہے۔ یہی ہسنجانی کہتے ہیں مجھے یہ حدیث عبیداللہ بن معاذ سے بھی ملی ہے۔ امام خطیب فرماتے ہیں یہ حدیث محمد بن احمد بن صالح بن احمد بن حنبل اس سند سے بھی روایت کرتے ہیں عن ابراہیم بن یوسف عن الفضل بن زیاد عن احمد۔ مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:۔

t.com

آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب یتیم بچہ روتا ہے تو اس کے آنسو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ پر گرتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اس یتیم بچے کو جس کے والدین میں نے زمین میں چھپا دئے ہیں کس نے رُلایا ہے؟ جو اُسے خاموش کرائے گا اس کے لئے جنت ہے۔

خطیب کہتے ہیں یہ حدیث انتہائی منکر ہے۔ موسیٰ بن عیسیٰ بغدادی کے سوا اس کے تمام راوی معروف ہیں بس یہی ایک مجہول ہے۔

میں کہتا ہوں یہ حدیث اسی کی وضع کردہ ہے۔

مرتبہ و مقام

شیرویہ اپنے طبقات میں لکھتے ہیں امیر ابن ماکولا "وزیر سعد الملک ابن ماکولا" کے لقب سے مشہور تھے ہمارے ہاں شاہی قاصد کی حیثیت سے کئی دفعہ آئے ہیں میں نے ان سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ آپ صاحب ضبط و اتقان حافظ حدیث تھے۔ اس فن سے آپ کو شدید محبت اور انتہائی وابستگی تھی۔ آپ کے زمانہ میں امام خطیب بغدادی کے بعد ان سے افضل کوئی نہیں تھا۔ آپ کی مجلس درس میں ہمارے بڑے بڑے شیوخ اور نامی گرامی اساتذہ نے حاضری دی ہے اور آپ سے حدیث پاک سماع کیا ہے۔ حافظ ابن عساکر لکھتے ہیں: آپ کے والد محترم امیر المومنین قائم باللہ کے وزیر اور آپ کے چچا حسن بن علی بغدادی کے قاضی القضاۃ (چیف جسٹس) رہے ہیں۔ حمیدی کہتے ہیں جب میں کسی اہم مسئلہ میں خطیب سے مراجعت کرتا تو وہ کسی کتاب کا حوالہ دے دیتے۔ میں اس کتاب سے وہ مسئلہ خود حل کرتا لیکن جب میں امیر ابن ماکولا سے مراجعت کرتا تو وہ مجھے اس طرح فی البدیہ جواب دیتے جیسے کتاب سے پڑھ کر بتا رہے ہیں۔

خطیب کی کتاب پر تنقید

ابو الحسن محمد بن مرزوق کہتے ہیں امیر ابن ماکولا نے علامہ خطیب کی کتاب "المؤتلف" پر تنقید کی اور ان کے اوہام کی نشاندہی کے لئے ایک کتاب لکھی تھی امام خطیب کو اس کا پتہ چلا اور امیر مذکور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے ان سے اس کے متعلق استفسار کیا تو صاف انکار کر دیا اور کہا میرے دل میں تو اس کا خیال بھی نہیں گذرا حالانکہ بقول بعض یہ کتاب اس وقت ان کے پاس ان کے بستر میں موجود تھی (غالباً اوہاً واحتہ اما مخفی رکھی) علامہ خطیب کی وفات کے بعد اس کو ظاہر کیا اس کتاب کا نام "مستدرک الاوہام" ہے۔

میں کہتا ہوں میں نے یہ کتاب خریدی ہے واقعی بڑی نفیس کتاب ہے اور امیر ابن ماکولا کی امامت اور تبحر علمی پر دلالت کرتی ہے۔

ابن طاہر کہتے ہیں میں نے اپنے شیخ امام ابو اسحاق حبال کو امیر ابو نصر ابن ماکولا کی مدح و ثنا کرتے ہوئے سنا ہے فرماتے تھے: وہ مصر میں کانوں کے بھیس میں آئے تھے اس لئے ہم نے ان کی طرف کوئی توجہ نہ کی جب ان سے مکمل مل کر بیٹھنے کا موقعہ ملا تو پتہ چلا کہ آپ فن حدیث کے چوٹی کے عالم ہیں۔ سمعانی کہتے علامہ ابن ماکولا متقن، حافظ حدیث اور اس کے فن کو خوب سمجھنے والے تھے آپ کے حفظ و ضبط کا یہ حال تھا کہ آپ کو خطیب ثانی کے معزز لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔ آپ علم نحو کے ماہر اور باکمال شاعر تھے۔ آپ کی عبارت بہت فصیح اور نقل بہت صحیح ہوتی تھی آپ کے زمانہ

fat.com

میں بغداد میں آپ جیسا دوسرا کوئی آدمی نہیں تھا۔ اعلیٰ تعلیم کے لئے آپ نے تمام دنیا کے علمی سرچشمے کھنگال ڈالے اور تکمیل کے بعد ہمیشہ کے لئے بغداد میں مقیم ہو گئے۔

ابن نجار نے امیر ابن ماکولا کے حالات میں لکھا ہے کہ انہیں بچپن سے ہی علم سے محبت تھی اس لئے فن حدیث بڑے ذوق و شوق سے سیکھا اور علم ادب میں استحکام پیدا کیا۔ آپ کو نظم و نثر دونوں پہ یکساں قدرت حاصل تھی۔ آپ نے بڑی پُر مغز کتابیں تصنیف کی ہیں۔ خلیفہ مقتدی باللہ نے آپ کو اپنا خصوصی نمائندہ بنا کر سمرقند اور بخارا بھیجا تھا تاکہ وہاں کے بادشاہ طغان خاں سے اس کے حق میں بیعت لیں۔ ہبۃ اللہ بن مبارک بن دواتی کہتے ہیں میں نے امیر ابن ماکولا سے ملاقات کی تو فرمانے لگے حدیث کی کوئی سی دو کتابیں لو ایک کے متن دوسری کتاب کی سندوں سے اور دوسری کی سندوں کو پہلی کتاب کے متنوں سے لگا دو پھر میں ان کو اصلی حالت میں لوٹا کر صحیح کر دونگا۔ ابو طاہر بن سلفہ کہتے ہیں۔ میں نے ابو الغنائم نرسی سے علامہ خطیب کے متعلق پوچھا تو بولے وہ تو علم کا پہاڑ ہیں ان جیسے انسان کے متعلق پوچھنے کی حاجت نہیں ہم نے ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ میں نے جب بھی ان سے کوئی مسئلہ پوچھا اس کا فوراً جواب دیا پھر کتاب دیکھ کر مزید اطمینان کیا۔ سلفی کہتے ہیں۔ میں نے شجاع ذہلی سے امیر ابن ماکولا کے متعلق پوچھا تو فرمایا آپ معتمد، حافظ حدیث اور ثقہ تھے۔ آپ نے علم حدیث میں کتابیں تصنیف کی ہیں۔ مؤتمن ساجی کہتے ہیں امیر ابن ماکولا نے اہل علم کے طریقہ کو لازم نہیں پکڑا اس لئے لوگ ان سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا سکے۔

وفات

علامہ ابن عساکر لکھتے ہیں: میں نے اسماعیل بن سمرقندی سے سنا ہے کہ امیر ابن ماکولا کو ۴۷۰ھ سے کچھ بعد ان کے ترک نوجوان غلاموں نے جرجان میں قتل کر دیا تھا۔ ابن ناصر کہتے ہیں کہ حافظ ابن ماکولا کی موت قتل کے ذریعے ہوئی۔ آپ کرمان جا رہے تھے آپ کے ہمراہ آپ کے ترکی غلام تھے انہوں نے راستہ میں آپ کو ۴۷۵ھ میں قتل کر دیا اور آپ کا مال و اسباب لوٹ کر لے گئے۔ ابن نجار نے بھی یہ واقعہ اسی طرح نقل کیا ہے۔ لیکن ابو سعد سمعانی کہتے ہیں میں نے ابن ناصر سے سنا ہے کہ امیر ابن ماکولا اہواز میں ۴۸۴ھ یا ۴۸۶ھ میں قتل ہوئے۔ سمعانی نے یہ بھی کہا ہے کہ آپ بغداد سے خوزستان جا رہے تھے کہ ۴۸۰ھ کے بعد وہاں قتل کر دیئے گئے۔ علامہ ابو الفرج ابن جوزی نے اپنی کتاب المنتظم میں لکھا ہے کہ آپ ۴۷۵ھ میں قتل ہوئے اور بقول بعض آپ کی وفات ۴۸۶ھ میں واقع ہوئی۔ دوسرے لوگوں نے لکھا ہے کہ آپ ۴۷۹ھ اور ایک قول کے مطابق ۴۸۷ھ میں خوزستان میں قتل ہوئے یہ دونوں قول قاضی ابن خلکان نے نقل کئے ہیں۔

آپ کے اشعار کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے۔

(۱) قوض خیامک عن دار اہنت بہا وجانب الذل ان الذل مجتنب۔

جس ملک میں تجھ سے ذلت آمیز سلوک کیا گیا وہاں سے اپنے خیمے اٹھائے اور ذلت سے بچنے کی کوشش کر کیونکہ ذلت سے بچنا ہی بہتر ہے۔

(۲) وارحل اذا کانت الاوطان مضیعۃ فالمندل الرطب فی اوطانہ حطب۔

جب وطن ضائع کرنے کا سبب بنے تو وہاں سے نکل جا سبز گھاس اپنے وطن میں (جہاں بکثرت ہوتا ہے) ایندھن کے طور پہ جلایا جاتا ہے۔

انہوں نے یہ اشعار بھی کہے۔

(۱) ولما توافقنا تباکت قلوبنا فمنک دمع یوم ذاک کساکب

جب ہم (جدائی کے بعد) ایک دوسرے سے ملے تو ہمارے دل رو رہے تھے اس دن آنسو بہانے والا اور آنسو روکنے والا دونوں برابر تھے۔

(۲) فیاکبدی الحری البسی ثوب حسرۃ فراق الذی تھوینہ کک بہ!

اے میرے آتش ہجر میں جلنے والے دل! اب حسرت اور ندامت کا لباس پہن لے کیونکہ تیرے محبوب کی جدائی نے ہی تجھے یہ لباس پہنایا ہے۔

میں کہتا ہوں امیر ابن ماکولا کی حدیث بہت کم ملتی ہے ان کے واسطہ سے جو چند حدیثیں ملی ہیں ان میں سے حضرت عائشہ کی ایک یہ حدیث ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مُردوں کو گالیاں مت دو کیونکہ جیسے عمل انہوں نے آگے بھیجے ہیں اب ان کا خمیازہ بھگتنے کے لئے خود بھی پہنچ گئے ہیں۔

شیرازی کہتے ہیں اس حدیث کی سند میں جو راوی فاقاد آئے ہیں وہ ابو معاویہ ضریر ہیں لیکن امیر کہتے ہیں اس سے مراد بقیہ کے شیخ اسماعیل کندی ہیں یہ حدیث صحیح بخاری میں آدم اور علی کے واسطہ سے کتاب الجنائز میں اور شعبہ کے واسطہ سے کتاب الرقاق میں مذکور ہے۔

۱۰۳۴ ۲/۱۵ امام ابن خیرون بغدادی!!

آپ کی کنیت ابو الفضل اور نام احمد بن حسن بن خیرون ہے۔ بغداد کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور کھرے اور کھوٹے میں تمیز کرنے والے نقاد ہیں۔

آپ نے ابو علی بن شاذان، ابوبکر برقانی، احمد بن عبداللہ بن المحاملی، ابو عمر بن دوست خلاف، ابو القاسم حرفی ابو القاسم بن بشران، ابو یعلی احمد بن عبدالواحد اور ان کے بعد بہت سے لوگوں سے حتی کہ اپنے ہمعصروں سے حدیث کا سماع کیا آپ کو ابو الحسین بن متیم، ابو الحسن بن صلت اہوازی اور علماء کی ایک جماعت سے اجازت حاصل تھی اور آپ ان سے اجازت لینے میں متفرد ہیں۔

آپ سے آپ کے استاذ حافظ ابوبکر خطیب، ابو علی بن سکرہ، ابو عامر عبدوی، ابو القاسم بن سمرقندی حافظ اسمٰعیل بن محمد قاضی ابوبکر، اسماعیل بن سعد صدفی، ابو الفضل بن ناصر، عبدالوہاب انماطی، ابو الفتح بن بطی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔

fat.com

مرتبہ و مقام

سمعانی نے آپ کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ آپ ثقہ، عادل، متقن اور وسیع الروایت ہیں۔ آپ نے اپنے قلم سے بہت علم لکھا اور فنِ حدیث میں معرفتِ تامہ حاصل کی، میں نے ابو منصور بن خیرون سے سنا ہے کہ میرے چچا ابو الفضل ۔۔ اپنے استاذ امام ابن شاذان سے ایک ہزار جزء تحریر کئے اور میں نے عبدالوہاب انماطی سے سنا ہے فرماتے تھے ابو الفضل بن خیرون جیسا کوئی آدمی دیکھنے میں نہیں آیا اگر تم کسی سے ان کتابوں اور اجزاء کا ذکر کرو جس کا انہوں نے سماع کیا ہے تو وہ تعجب سے پوچھے گا کہ انہوں نے اتنی بے شمار کتابیں کن لوگوں سے اور کس طریقہ سے سنیں جب آپ اپنے کسی شیخ کا ذکر کرتے تو اس کی تمام مرویات اور اس کے تفردات کا بھی تذکرہ فرما دیتے تھے۔

ابو منصور کہتے ہیں: ایک دفعہ تلامذہ نے میرے چچا کے حق میں حافظِ حدیث کا لفظ لکھ دیا وہ یہ دیکھ کر بہت بگڑے اس لفظ کو مٹا دیا اور کہا میری کیا بساط ہے کہ مجھے حافظِ حدیث لکھا جائے۔

میں کہتا ہوں کہ آپ لوگوں کو مختلف روایات کے مطابق قرآن حکیم پڑھایا کرتے تھے اس طریقہ سے انہوں نے قرآن کی تعلیم ابو العلاء واسطی، علی بن طلحہ بصری اور دوسرے لوگوں سے حاصل کی تھی اور اسی طریقہ سے آپ سے آپ کے بھتیجے ابو منصور "المفتاح" کے مصنف اور ابو علی بن سکرہ نے حاصل کی۔

جرح و تعدیل میں مہارت

آپ کے متعلق مشہور تھا کہ آپ اپنے زمانہ میں ایسے ہیں جیسے مشہور امام الجرح والتعدیل یحییٰ بن معین اپنے زمانہ میں تھے یعنی آپ اپنے زمانہ کے شیوخ میں انصاف کے ساتھ جرح و تعدیل کرتے تھے۔ ابو طاہر سلفی کہتے ہیں آپ اپنے زمانہ میں امام یحییٰ بن معین جیسے تھے میں نے اپنی کتاب "میزان الاعتدال" میں ان کے حق میں ابن طاہر کی جرح نقل کی ہے جو دراصل جرح مردود ہے ان کا گناہ صرف اتنا ہے کہ یہ خطیب کی تاریخ میں کہیں کہیں اپنے قلم سے اضافہ کر دیتے تھے اور جب کہ ہم نے بیان کیا ہے خود علامہ خطیب نے ان کو ایسا کرنے کی اجازت دی تھی پھر ان کا خط بھی ان سے جدا تھا ان اضافوں کی حیثیت محض حواشی کی ہے اس میں کیا مضائقہ ہے؟

آپ نے ۸۴ سال ایک ماہ عمر پاکر رجب ۴۸۸ھ میں داعیِ اجل کو لبیک کہا۔

اس سال درج ذیل علماء نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی۔

رئیس الحنابلہ شیخ العراق امام رزق اللہ بن عبدالوہاب بن عبدالعزیز تمیمی آپ ۸۸ سال کی عمر پاکر جمادی اولیٰ میں فوت ہوئے اور ابن متیم اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے روایت کرتے ہیں، شیخ المعتزلہ علامہ ابو یوسف عبدالسلام بن محمد قزوینی آپ بغداد میں فوت ہوئے آپ نے ۴۰۰ھ سے پہلے حدیث کا سماع کیا اور آپ کی تفسیر تین سو سے زیادہ جلدوں میں مکمل ہوئی ہے، ابو القاسم فضل بن ابی حرب احمد بن محمد جرجانی ثم نیسابوری وفات کے وقت ان کے شاگرد ابن محمش ان کے پاس موجود تھے، مغرب کے معلم قرآن اور شاعر ابو الحسن علی بن عبدالغنی فہری حصری، ابو سعید بن محمد بن علی بن ابی صالح دباس بغوی آپ جامع ترمذی کے رواۃ میں سے ہیں، قاضی القضاۃ علامہ صالح ابو بکر محمد بن مظفر شامی حموی آپ ۶۸ سال کی عمر میں بغداد میں فوت ہوئے مسند ہرات ابو سہل نجیب بن میمون واسطی آپ ابو علی خالدی کے خصوصی

t.com

شاگرد ہیں اور حافظ ابو عبداللہ حمیدی۔

مجھے ان کے واسطہ سے نبیشۃ الخیر کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم نے تمہیں تین دن کے بعد قربانیوں کا گوشت کھانے سے منع کیا تھا۔

غرض یہ تھی کہ اس طرح سب گھروں میں گوشت پہنچ جائے اب اللہ تعالیٰ نے رزق میں فراوانی کردی ہے (اور ہر شخص قربانی کرنے لگا ہے) اس لئے اب کھاؤ بھی اور ذخیرہ بھی کر سکتے ہو۔ یہ دن کھانے پینے اور اللہ تعالیٰ کی یاد کے دن ہیں۔

صحیح میں نبیشہ ہذلی کی اس کے سوا اور کوئی حدیث نہیں امام مسلم نے اس کو اس سند سے ذکر کیا ہے۔ عن ابن نمیر عن ابن علیۃ عن الخذاء عن ابی قلابۃ عن ابی المليح الہذلی (یعنی خذاء اور ابو المليح کے درمیان ابو قلابہ کا واسطہ ذکر کیا ہے جس سے شبہ ہوتا ہے کہ کتاب میں مذکور سند منقطع ہے۔ مگر یہ علت قادح نہیں کیونکہ صحیح میں ہی ہشیم کے واسطہ عن الخذاء عن ابی المليح بلا واسطہ ثابت ہے خذاء کہتے ہیں میں نے ابو المليح سے ملاقات کی ہے اور انہوں نے مجھ سے یہ حدیث اسی طرح بیان کی ہے امام نسائی نے بھی یہ حدیث اپنی کتاب میں ذکر کی ہے۔

۱۰۳۵ ۲/۱۵ امام حُسَینی بغدادی!

آپ کی کنیت ابو المعالی، نام محمد بن محمد بن زید بن علی علوی اور القاب شریف معظم، سید مرتضیٰ اور ذو الشرفین ہیں آپ بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں آخر عمر میں سمرقند میں سکونت اختیار کر لی تھی۔

آپ نے ابو القاسم حرفی، ابو علی بن شاذان، احمد بن عبداللہ محاملی طلحہ بن صفر، ابو بکر برقانی، عبدالملک بن بشران محمد بن یعقوب بدانی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا نیز عرصہ بعید اور مدت مدید تک حافظ ابو بکر خطیب بغدادی کی خدمت میں رہے اور ان سے سند فراغت حاصل کی۔

آپ سے آپ کے شیخ جعفر بن محمد مستغفری، حافظ خطیب بغدادی، یوسف بن ایوب ہمدانی، زاہر بن طاہر مستملی ہبۃ اللہ بن سہل سندھی، ابو الاسعد ہبۃ الرحمان بن قشیری اور ابو طالب محمد بن عبدالرحمان دینوری حدیث بیان کرتے ہیں نیز ابو الفتح احمد بن حسین ادیب نے آپ سے بذریعہ اجازت حدیث بیان کی ہے آخر میں آپ سے حدیث کا سماع کرنے والے ابو المعالی مدینی الخطیب ہیں۔

مرتبہ و مقام

ابو سعد سمعانی کہتے ہیں آپ اپنے زمانے کے افضل ترین علوی ہیں آپ کو علم حدیث میں معرفت تامہ حاصل تھی، آپ عقل کامل اور رائے صائب سے متمتع تھے۔ حافظ خطیب بغدادی کی خدمت میں رہ کر فن حدیث میں کمال حاصل کیا میرا خیال ہے کہ حافظ خطیب نے بھی اپنی تصنیف کتاب البخلاء میں آپ سے حدیثیں نقل کی ہیں۔ آپ کو اچھی اچھی کتابیں لکھنے کا ملکہ حاصل تھا آخر عمر میں سمرقند میں اقامت گزیں ہو گئے تھے بعد میں بغداد

آئے وہاں حدیث املا کراتے رہے۔ اصفہان میں بھی حدیث کا درس دیا اور پھر سمرقند واپس چلے گئے میں نے یوسف بن ایوب زاہد سے سنا ہے فرماتے تھے میں نے کوئی علوی ان سے افضل نہیں دیکھا۔ آپ چوٹی کے اغنیاء میں شمار ہوتے تھے ہر سال آئمہ حدیث میں سے ہر شخص کو پانچ پانچ سو، ہزار ہزار اور بعض اوقات دس ہزار دینار تک دیتے تھے اور کہتے تھے۔ یہ میرے مال کی زکوٰۃ ہے۔ میں مسافر ہوں مستحقین کو نہیں جانتا آپ لوگ جن کو مستحق سمجھیں ان میں یہ مال تقسیم کر دیں اور جس کو دیں اس کو ایک تحریر دے کر میرے پاس بھیج دیں تاکہ میں اس کو اپنی زمین کی پیداوار کے عشر بھی دوں نواح کش میں آپ کی ذاتی ملکیت میں تقریباً چالیس گاؤں تھے اور ہر گاؤں میں آمد و خرچ کا باقاعدہ حساب رکھنے کے لئے حاکم سمرقند کی طرف سے ایک امانتدار محافظ مقرر تھا۔ یہ ساری تفصیل سمعانی نے ذکر کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ایک عظیم بادشاہ کی طرح بڑے کروفر اور ٹھاٹھ باٹھ کی زندگی بسر کرتے تھے اس کے بعد سمعانی لکھتے ہیں میں نے آپ کے شاگرد خاص ابو المعالی محمد بن نصر خطیب سے یہ پوری تفصیل سنی ہے میں نے ان سے یہ بھی سنا ہے کہ ایک دفعہ سید شریف نے ایک عظیم الشان باغ لگوایا جب اس کی تکمیل سے فارغ ہوئے تو ماوراء النہر کے بادشاہ خاقان خضر نے چاہا کہ وہ اس باغ میں آپ کی دعوت میں شریک ہو آپ نے اس کے ایلچی سے کہا میں دعوت کرنے کے حق میں نہیں لہٰذا معذور ہوں لیکن اس نے آپ کی معذرت قبول نہ کی اور دعوت کرنے پر اصرار کیا۔ آپ نے فرمایا اگر تمہیں دعوت پر اصرار ہے تو میں دعوت کرتا ہوں لیکن خود اس دعوت میں حاضر نہیں ہوں گا اور نہ بادشاہ کے لئے فسق و فجور کا کوئی سامان مہیا کروں گا کیونکہ یہ معصیت ہے اور میں اللہ تعالیٰ کی معصیت کا ارتکاب کرنے کے لئے تیار نہیں جب بادشاہ نے یہ بات سنی تو آگ بگولا ہو گیا اور آپ کو گرفتار کرنے کا حکم دے دیا آپ اپنے گاؤں کے ایک محافظ کے پاس چھپ گئے اور تقریباً ایک مہینہ چھپے رہے بادشاہ نے آپ کی گرفتاری کے لئے منادی کرائی انعامات مقرر کئے مگر بے سود اور اس کے کارندے آپ کو گرفتار کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ بعد میں انہوں نے اس پر ندامت کا اظہار کیا اور گرفتاری کا حکم واپس لے لیا۔ لیکن دراصل یہ آپ کو مطمئن کرنے کا ایک بہانہ تھا چنانچہ اس فریب میں آکر آپ کے گھر والوں نے آپ کو ظاہر ہونے پر مجبور کر دیا ان کے اصرار پر آپ باہر نکل آئے اور کچھ مدت تک مجلس درس میں حاضر ہوتے رہے پھر بادشاہ نے آپ کو بلا بھیجا اور ظاہر یہ کیا کہ وہ کسی اہم معاملہ میں آپ سے مشورہ کرنا چاہتا ہے لیکن جوں ہی آپ اس کے پاس پہنچے اس نے آپ کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا جاگیریں چھین لیں اور آپ کے جملہ املاک ضبط کر لئے اس پر آپ نے صبر کیا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائے اور کہا جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان سے ہے اس کا اس طرح مبتلائے مصیبت ہونا ناگزیر ہے میں ناز و نعمت میں پلا ہوں اور اب تک ناز و نعمت میں زندگی بسر کی ہے مجھے اندیشہ تھا کہ کہیں میرے نسب میں خلل واقع ہو گیا ہے جب یہ مصیبت نازل ہوئی تو مجھے ایک گونہ راحت اور مسرت حاصل ہوئی ہے اور میں نے جان لیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میرا سلسلہ نسب متصل ہے مجھے ابو المعالی نے یہ بھی بتایا ہے کہ ہم نے سنا ہے کہ حکومت نے آپ کا کھانا پینا بند کر دیا تھا اس لئے آپ نے بھوک کی وجہ سے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ آپ حضرت زین العابدین علی بن حسین کی اولاد سے تعلق رکھتے تھے۔ رضی اللہ عنہم۔

سمعانی لکھتے ہیں ابو العباس جوہری کا بیان ہے کہ میں نے سید مرتضیٰ کو مرنے کے بعد خواب میں دیکھا جنت میں بیٹھے ہیں آگے کھانا رکھا ہے کسی نے کہا کھانا موجود ہے آپ کھاتے کیوں نہیں؟ بولے جب میرا بیٹا نہیں آئے گا میں کھانا نہیں کھاؤں گا وہ کل آرہا ہے اس کے بعد میری آنکھ کھل گئی۔ یہ رمضان ۴۹۲ھ کا واقعہ ہے اور اسی دن ان کے لڑکے ابو الرضیٰ قتل کر دیئے گئے۔

پیدائش و وفات

سید مرتضیٰ ۳۵۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۴۳۶ھ کے بعد اور ایک قول کے مطابق ۴۸۰ھ میں شہید کر دیئے گئے خاقان حضر بن ابراہیم نے آپ کو قتل کیا تھا سید مرتضیٰ ایک دفعہ اسی خاقان کی طرف سے خلیفہ قائم بامر اللہ کی خدمت میں قاصد بن کر آئے تھے۔

میں کہتا ہوں مجھے آپ کی تصنیف کردہ کتابوں میں سے ایک کتاب "فرحۃ المتعلم" ملی ہے جس کا ہم نے عالی سند کے ساتھ سماع کیا ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے اسامہ بن شریک کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوا صحابہ کرام اس طرح خاموش بیٹھے تھے جیسے ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔

۱۰۳۶ ۴/۱۵ امام مفید ابن مَرْدُوْیہ صغیر

آپ کی کنیت ابو بکر اور نام احمد بن محمد بن حافظ کبیر ابو بکر احمد بن موسیٰ بن مردویہ اصفہانی ہے اصفہان کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں آپ کی آپ کے دادا سے ملاقات نہیں ہوئی۔ آپ نے ابو بکر بن ابی علی ابن جدکویہ اور حافظ ابو نعیم سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ ۴۰۰ھ کے بعد آٹھویں سال فوت ہوئے رحمہ اللہ تعالیٰ۔

۱۰۳۷ ۵/۱۵ امام مفید ابن سَمَکُوْیہ اصفہانی

آپ کی کنیت ابو الفتح اور نام محمد بن احمد بن عبد اللہ بن سمکویہ ہے۔ اصفہان کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث ہیں بعد میں ہرات میں سکونت اختیار کر لی تھی انہوں نے بہت علم حاصل کیا اور بے شمار کتابیں جمع کیں حصول علم کے لئے دور دراز ممالک کا سفر کیا اور بغداد میں ابو محمد خلال اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے نیسابور میں ابو حفص بن مسرور اور ان کے طبقہ سے، اصفہان میں امام ابن مندہ کے تلامذہ سے شیراز میں حافظ ابو بکر بن ابو علی سے اور سمرقند میں اس کے مسند ابن شاہین سمرقندی سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے احکام و مسائل میں تصنیف کردہ کتابیں اپنی یادگار چھوڑی ہیں ۴۰۹ھ میں پیدا ہوئے آپ صالح اور عبادت گذار صوفی تھے برکت کے لئے لوگ آپ سے دعا کرایا کرتے تھے۔

آپ سے حافظ اسماعیل بن احمد اور ابو عبد اللہ قاضی وغیرہ روایت کرتے ہیں [illegible]

ابن سکویہ کے پاس حدیث کی کتابیں بکثرت تھیں ان میں وہم ان کی سمجھ سے زیادہ تھا۔ امام عبدالعزیز نخشبی کے ساتھ نیسابور گئے وہاں سے ماوراء النہر منتقل ہوئے اور کئی سال ہرات میں رہے۔ کتابیں نقل کر کے فروخت کیا کرتے تھے میری ان کے ساتھ اسی شہر میں ملاقات ہوئی بدقسمتی سے میرے اور ان کے درمیان حسد اور کینہ کی سی کیفیت پیدا ہوگئی۔

میں کہتا ہوں نیسابور میں ذی الحجہ ۳۸۲ھ میں فوت ہوئے۔ اسی سال مشہور محدث حبال کا انتقال ہوا تھا۔

۱۰۳۸ ۶/۱۵ امام مُفید حکّاک تمیمی مکّی رحمہ اللہ تعالیٰ

آپ کی کنیت ابوالفضل، نام جعفر بن یحییٰ بن ابراہیم اور لقب ابن الحکاک ہے مکہ معظمہ کے رہنے والے گرامی قدر حافظ حدیث ہیں۔

آپ نے امام ابوذر ہروی، ابوبکر محمد بن ابراہیم اردستانی، ابوالحسن بن صخر، ابونصر سجزی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین کرام سے حدیث کا سماع کیا اور بغداد میں ابن نقور اور ان کے طبقہ سے فیضیاب ہوئے آپ نے ابن نقور کی احادیث کی چار جلدوں میں تخریج کی۔

ابن النجار کہتے ہیں آپ معرفتِ حدیث، حفظ و اتقان، فقہ و درایت اور راست گوئی و صداقت میں مشہور تھے۔ امیر مکہ ابن ابی ہاشم کی طرف سے خلفاء اور سلاطین کے ساتھ نامہ و پیام کیا کرتے تھے ان سے مال وصول کرنا اور غلافِ کعبہ کا انتظام کرنا بھی آپ کے فرائض میں داخل تھا۔

اسمٰعیل بن سمرقندی، ابن ناصر، صالح بن شافع جیلی، ابوالفتح بن بطی اور یحییٰ بن عبدالباقی غزالی آپ کے تلامذہ اور خوشہ چینوں میں شامل ہیں۔

مرتبہ و مقام سلفی کہتے ہیں۔ میں نے ابوالحسین بن طیوری سے سنا وہ فرماتے تھے جب حافظ خطیب بغدادی حج سے واپس تشریف لائے تو میں نے ان سے پوچھا آپ نے مکہ میں کوئی ایسا شخص دیکھا ہے جو حدیث کی صحیح طور پر تعلیم دے سکے؟ فرمانے لگے بجز ایک نوجوان جعفر بن حکاک کے وہاں ایسا کوئی شخص موجود نہیں۔ سلفی کہتے ہیں میں نے امام جعفر بن حکاک کے متعلق مؤتمن ساجی سے پوچھا تو بولے یہ حافظ ابونصر بجزی اور حافظ ابوذر کی صحبت میں رہے ہیں۔ اس لئے انہیں حدیث میں معرفت تامہ حاصل ہے۔ یونارتی کہتے ہیں آپ کا شمار فاضل اور پختہ کار اہلِ علم میں ہوتا ہے عبدالوہاب انماطی کہتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں۔ ابوعلی صدفی کہتے ہیں۔ میں نے ان سے بغداد میں بہت کچھ پڑھا ہے حدیث کو خوب سمجھتے تھے۔

آپ ۳۱۶ھ میں پیدا ہوئے اور صفر ۴۸۵ھ میں بغداد میں انتقال فرمایا۔ آپ کی یہ تاریخ وفات شجاع نے بیان کی ہے آپ ابوالفتح ابن بطی کے شیوخ سے احادیث لکھا کرتے تھے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ حدیث ملی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے رمضان میں نکلے آپ کے ساتھ مسلمانوں کی دس ہزار فوج تھی جب آپ عسفان اور قدید کے درمیان مقام کدید میں پہنچے تو آپ نے روزہ افطار کر دیا آپ کے ساتھ سب مسلمانوں نے بھی روزہ افطار کر دیا اور اس کے بعد باقیماندہ رمضان سے کوئی روزہ نہیں رکھا۔

یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم نے عبدالرزاق کے واسطہ سے اپنی کتابوں میں ذکر کی ہے مجھے ان کے واسطہ سے بشر بن حارث کا یہ قول بھی ملا ہے فرماتے ہیں۔

ظالم کو محبت کی نظر سے دیکھنے میں خدا کی ناراضگی ہے۔ احمق کو دیکھنے میں پریشانی اور بے قراری ہے اور بخیل کی طرف دیکھنے سے دل میں قساوت اور سختی پیدا ہوتی ہے۔

۱۰۳۹ھ/۱۵ امام مُفید ہبۃُ اللہ بن عبدالوارث بن علی شیرازی

آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے۔ شیراز کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ تحصیل علم کے لئے آپ نے خراسان عراق، حرمین، یمن، شام، جزیرہ، فارس اور جبال کا سفر کیا اور ابوبکر بن محمد بن لیث شیرازی، احمد بن عبدالباقی موصلی ابوجعفر بن مسلمہ، عبدالرزاق بن شمہ، احمد بن فضل باطرقانی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے فن حدیث سیکھا اور شیراز کی ایک مبسوط تاریخ لکھی۔

مرتبہ ومقام سمعانی کہتے ہیں آپ ثقہ، صالح، نیکوکار اور کثیر العبادت تھے آپ کو ہر وقت اپنی اصلاح کی فکر رہتی تھی۔ پھر گھر سے نکلے علماء سے استفادہ کیا اور دوسروں کو فائدہ پہنچایا آپ کی صحبت میں طالبان علم کو بہت نفع حاصل ہوا۔ انہوں نے آپ سے دل کھول کر پڑھا آپ ۵۰۳ھ میں بغداد میں وارد ہوئے تھے۔

آپ سے ابوالفتح محمد بن عبدالرحمان خطیب مروزی، عمر بن احمد صفار، احمد بن یاسر مقری، ابونصر محمد بن احمد فاشانی، حافظ اسمٰعیل بن محمد، ابوبکر لفتوانی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں آخر میں آپ نے شہر مرو میں سکونت اختیار کر لی اور یہیں انتقال کیا۔ علامہ ابن عساکر کہتے ہیں آپ سے فقیہ نصر مقدسی، غیث بن علی، ہبۃ اللہ بن طاؤس اور ابونصر یونارتی نے بھی علم حدیث حاصل کیا ہے۔ اس کے بعد ابن عساکر نے ابن طاؤس کے واسطہ سے آپ کی پوری سند اور ایک حدیث بیان کی ہے۔

عبدالغافر نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے آپ عفیف، فاضل اور ایک صوفی منش بزرگ تھے آپ نے طلب علم کے لئے مختلف ملکوں کے سفر کئے اور حدیث کا بکثرت سماع کیا آپ کی صاف ستھری تحریر شہرت کا مقام حاصل کر چکی تھی اور آپ کی ذات سے لوگوں کو بہت فائدہ پہنچتا تھا۔ محمد بن محمد فاشانی کہتے ہیں جب میں پڑھنے کے لئے امام ابوالقاسم ہبۃ اللہ کی خدمت میں خانقاہ میں حاضر ہوتا تو وہ مجھے باہر صحرا میں لے جاتے اور فرماتے جتنا چاہو یہاں پڑھو خانقاہ میں حدیث یا کوئی دوسرا علم پڑھنے والے سے صوفی لوگ تنگی محسوس کرتے ہیں اور کہتے ہیں یہ لوگ ہمارے لئے تضیع اوقات کا اور پریشانی خاطر سبب بنتے ہیں۔

ابو الفتیان دہستانی کہتے ہیں امام ہبۃ اللہ نے مرو میں ۴۸۶ھ میں وفات پائی لیکن یونارتی لکھتے ہیں کہ آپ نے رمضان المبارک ۴۸۵ھ میں ہیضہ کی بیماری سے انتقال فرمایا مؤتمن ساجی کہتے ہیں آپ نے طلب حدیث میں اپنی پوری ہمت صرف کر دی تھی اس علم سے آپ کو بڑی محبت تھی۔ ایک دفعہ میں نے آپ کے لئے صلوٰۃ ضحیٰ کی احادیث اور مسائل پر مشتمل ایک کتاب لکھی جو دو جلدوں میں ختم ہوئی آپ اسے دیکھ کر بے حد خوش ہوئے۔ فاشانی کہتے ہیں جس رات آپ کا انتقال ہوا اس رات آپ کم و بیش ۷۰ مرتبہ قضاءِ حاجت کے لئے اٹھے ہر مرتبہ فراغت کے بعد نہر میں غسل کرتے تھے حتی کہ طہارت کی حالت میں آپ کی روح جسد عنصری سے عالم بالا کی طرف پرواز کر گئی۔

۱۰۴۰/۱۵ امام فقیہ مسعود بن ناصر بن ابی زید عبداللہ بن احمد سجزی

آپ کی کنیت ابو سعید، نام مسعود بن ناصر اور لقب رکاب ہے۔ سجستان کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور متعدد مفید کتابوں کے مصنف ہیں۔

آپ نے بغداد میں علی بن بشری لیثی۔ ابو سعید عثمانی نوقاتی، ہرات میں محمد بن عبدالرحمان وباس، سعید بن عباس قرشی، منصور بن محمد ازدی، نیسابور میں ابو حسان محمد بن احمد مزکی، ابو سعید نصروی، ابو حفص بن مسرور بغداد میں ابو طالب بن غیلان، ابو محمد خلال، ابو القاسم تنوخی اور اصفہان میں امام طبرانی کے تلمیذ ابن ربذہ اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔

اور آپ سے محمد بن عبدالعزیز عجلی، عبدالواحد بن فضل طوسی، ابو نصر احمد بن عمر غازی، ابو الاسعد بن قشیری آپ کے شیخ حافظ ابو بکر خطیب اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

محمد بن عبدالواحد دقاق کہتے ہیں میں نے محدثین میں ان سے زیادہ اچھے حفظ اور ان سے بہتر ضبط والا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ ابن نجار کہتے ہیں مسعود سجزی بغداد میں آئے اور بشری فاتنی اور محدثین کی ایک دوسری جماعت سے اور ان سے ان کے شیخ صوری نے حدیث کا سماع کیا عبدالغافر بن اسمٰعیل فارسی کہتے ہیں وہ آپ حافظ ضابط اور پرہیزگار تھے۔ شروع شروع میں عسرت اور تنگدستی میں عمر کا بیشتر حصہ بسر ہوا پھر نظام الملک نے آپ کو پہلے کافی عرصہ بیہق میں اور بعد میں طوس میں لوگوں کی تعلیم و تربیت کے لئے مقرر کر دیا۔ احمد ثابت طرقی کہتے ہیں مسعود فرقہ قدریہ سے تعلق رکھتے تھے میں نے سنا ہے وہ حدیث کا یہ مشہور ٹکڑہ "فجع آدم موسیٰ" آدم کے نصب کے ساتھ پڑھتے تھے۔ مؤتمن کہتے ہیں آپ راہِ راست پر قائم اور صاحبِ ضبط و اتقان بزرگ تھے۔

میں کہتا ہوں جمادی اولیٰ ۴۷۷ھ میں فوت ہوئے۔

مجھے ان کے واسطہ سے ازہر سمان عن ابن سیرین عن ابی ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھل استعمال کرو اور خصوصاً تربوز کھایا کرو ان میں شیرینی جنت سے آئی ہے۔

Marfa

یہ حدیث منکر ہے اور ازہر نے بالکل بیان نہیں کی۔

۱۰۴۱ ۹/۱۵ پیشوا امام حُمَیدِی اَندلُسی میُورَقی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام محمد بن ناصر ازدی ہے اندلس کے رہنے والے پختہ کار حافظ حدیث ہیں اپنے جدِ اعلیٰ حمید کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے حمیدی کہلاتے ہیں مذہب اہلِ ظاہر سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور اندلس کے شرقی جانب جزیرہ میورقہ کی طرف نسبت کی وجہ سے میورقی کہلاتے ہیں۔

اساتذہ آپ نے اندلس، شام، مصر، عراق اور حرم کے حلقہ ہائے درس میں حدیث کا سماع کیا ہے تحصیل علم کے لئے کافی عرصہ بغداد میں بھی رہے۔ مشہور امام ابن حزم ظاہری کے کبار تلامذہ میں سے ہیں آپ کا اپنا بیان ہے کہ میں ۴۲۰ھ سے کچھ عرصہ پہلے پیدا ہوا۔

امام ابن حزم سے آپ نے بہت علم حاصل کیا ان کے علاوہ ابوعبداللہ قضاعی۔ ابوعمر بن عبدالبر، ابوزکریا عبدالرحیم بخاری، ابوالقاسم حنانی دمشقی، عبدالصمد بن مامون، حافظ ابوبکر خطیب، ابوجعفر بن مسلمہ اور ابوغالب بن بشران اموی کے خرمن ہائے علم سے بھی خوشہ چینی کی۔ آپ مسلسل حدیث کا سماع کرنے اور دیگر علوم بکثرت سمیٹنے میں کوشاں رہے حتی کہ جوہر اور ابن مذہب کے تلامذہ سے بھی استفادہ کیا اور اپنے پہلے سفر میں مکہ مکرمہ میں کرمیہ مروزیہ سے بھی ملاقات کی آپ نے اندلس سے بلاد مشرق کی طرف پہلا سفر ۴۴۹ھ میں کیا۔ محمد بن طرخان کہتے ہیں میں نے حمیدی سے سنا ہے فرماتے تھے ۴۲۵ھ میں مجھے سماع حدیث کے لئے کندھے پر اٹھا کر حلقہ درس میں لایا جاتا تھا۔ سب سے پہلے میں نے فقیہ اصبغ بن راشد سے سماع کیا اس وقت ان کے سامنے جو کچھ پڑھا جاتا تھا میں اس کے سمجھنے کی صلاحیت رکھتا تھا آپ نے علم فقہ ابومحمد بن ابی زید سے حاصل کیا میرے والد دراصل قرطبہ میں محلہ اصافہ کے رہنے والے تھے پھر ترکِ سکونت کر کے جزیرہ میورقہ میں آبسے اور میں یہیں پیدا ہوا۔ یحیی بن بناء کہتے ہیں امام حمیدی کی محنت کا یہ حال تھا کہ گرمیوں میں رات بھر لکھنے میں مصروف رہتے تھے جب گرمی حد سے بڑھ جاتی تو ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے پانی کے ٹب میں بیٹھ جاتے۔ حسین بن محمد بن خسرو کہتے ہیں، ایک دفعہ ابوبکر بن میمون آپ سے ملنے کے لئے آئے دروازے پر دستک دی اور یہ سمجھ کر کہ اجازت مل گئی ہے اندر آگئے اس وقت امام حمیدی کی ران کھلی ہوئی تھی وہ یہ دیکھ کر رو پڑے اور کہنے لگے بخدا آج تم نے میرے جسم کا وہ حصہ دیکھ لیا ہے جو جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے کسی نے نہیں دیکھا۔

مرتبہ و مقام امیر ابن ماکولا کہتے ہیں میں نے نزاہت، عفت، پرہیزگاری اور علمی مشغولیت میں اپنے دوست حمیدی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا انہوں نے تاریخ اندلس کی تصنیف کا اہم فریضہ ادا کیا ہے۔ یحیی بن ابراہیم سلماسی کہتے ہیں میرے والد فرماتے تھے کہ فضیلت، وسعت علم، عقلمندی اور ثباوت علم کی حرص میں میری آنکھوں نے امام حمیدی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا تورع اور تعفت میں اونچا مقام رکھتے تھے، حدیث، علل حدیث اور رواۃ کی پہچان میں امامت کے درجہ پہ فائز تھے۔ اختلافی مسائل میں اہل حدیث کی طرح کتاب و سنت کے مطابق انتہائی تحقیق سے

fat.com

کام لیتے تھے آپ کا کلام فصاحت و بلاغت کا آئینہ دار تھا۔ علم ادب، تربیت اور فن خط و کتابت میں بے نظیر پیدا کنار تھے آپ نے متعدد و مفید اور پر مغز کتابیں اپنی یادگار میں چھوڑی ہیں ان میں سے چند ایک کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) کتاب الجمع بین الصحیحین (۲) تاریخ الاندلس (۳) جمل تاریخ الاسلام (۴) کتاب ذہب المسبوک فی وعظ الملوک (۵) کتاب الترسل (۶) کتاب مخاطبات الاصدقاء (۷) کتاب حفظ الجار آپ پند و نصائح پر مشتمل دلپذیر شعر بھی کہتے تھے۔ سلفی کہتے ہیں میں نے ابو عامر عبدری سے امام حمیدی کے متعلق پوچھا تو بولے ان جیسا آدمی کبھی دیکھنے میں نہیں آئے گا اور نہ ان جیسے انسان کے متعلق سوال کرنے کی حاجت ہے آپ حقیقی معنی میں حافظ حدیث تھے اور علم فقہ فن حدیث اور علم لغت و ادب کے جامع تھے علمائے اندلس کے اختلافی اور قیاسی مسائل سے بھی خوب آگاہ تھے۔ امام حمیدی فرماتے ہیں مجھ کو میرے شیخ شہاب نے شہاب (شعلہ حوالہ) بنا دیا ہے آپ سماع کے لئے اکثر ان کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔

دنیا سے بے رغبتی

ابو علی صدفی کہتے ہیں آپ شیوخ کے انتخاب میں میری راہنمائی کیا کرتے تھے دنیا سے بہت کم رغبت رکھتے تھے زیادہ تر رئیس الرؤساء کے صاحبزادے آپ کے اخراجات کی کفالت کرتے تھے بعد میں کچھ ایسے واقعات رونما ہوئے جن کے باعث ان کے اور میرے درمیان باہمی تعلقات منقطع ہو گئے آپ رئیس الرؤساء کے صاحبزادے کے گھر رات بسر کیا کرتے تھے ابو بکر بن خاضبہ نے مجھے بتایا ہے کہ کسی نے آپ کو دنیا کا تذکرہ کرتے نہیں سنا۔

قابل توجہ فنون

ابن طرخان کہتے ہیں میں نے امام حمیدی سے سنا ہے فرماتے تھے علوم حدیث میں سے تین قسم کی کتابیں زیادہ توجہ طلب ہیں (۱) علل حدیث سے بحث کرنے والی کتابیں ان میں سب سے بہتر کتاب امام دارقطنی کی کتاب العلل ہے (۲) مؤتلف اور مختلف پر تصنیف کردہ کتابیں ان میں سب سے اچھی اور بہتر امیر ابن ماکولا کی تصنیف "الاکمال" ہے (۳) وفیات المشائخ سے بحث کرنے والی کتابیں لیکن اس موضوع پر ابھی تک کوئی کتاب تصنیف نہیں ہوئی اس موضوع پر لکھنے کا میرا خیال تھا اس لئے امیر ابن ماکولا نے مشورہ دیا کہ اسے حروف معجم کی ترتیب پر سنین وار لکھو۔ ابن طرخان کہتے ہیں آپ نے اس طریقہ کے مطابق صحیحین پر لکھنے کا کام شروع کیا تھا مگر موت نے مہلت نہ دی اور یہ کام ابتدائی مراحل میں ہی ناتمام رہ گیا۔

میں کہتا ہوں ہم نے امیر ابن ماکولا کا مشورہ قبول کر لیا ہے اور ان کے تجویز کردہ طریقہ پر اپنی کتاب "تاریخ الاسلام" تصنیف کر دی ہے۔ حمیدی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے ہمیں ابو عمر بن عبد البر نے خبر دی وہ کہتے ہیں ہمیں عبد اللہ بن محمد جہنی نے امام نسائی کی کتاب پڑھائی اس طریقہ سے کہ طالب علم ان کے سامنے قرأت کرتے تھے وہ حمزہ کنانی سے اور وہ امام نسائی سے روایت کرتے ہیں قاضی عیاض کہتے ہیں کہ ابو عبد اللہ محمد بن نصر ازدی اندلسی نے سب سے پہلے ابو محمد ابن حزم سے جزیرۂ میورقہ میں حدیث کا سماع کیا وہ ان کے خیالات سے متاثر تھے اور ان کی حمایت میں سینہ سپر رہتے تھے ان کو اس سلسلہ میں مبتلائے مصیبت بھی ہونا پڑا جب ابن حزم پر حکومت کی طرف

t.com

سے حد سے سختی ہونے لگی تو ان کو مجبوراً مشرق کا رُخ کرنا پڑا۔

تلامذہ آپ سے فیضیاب ہونے والے اہلِ علم میں سے چند قابلِ ذکر نام درج ذیل ہیں۔ زاہد یوسف بن ایوب ہمدانی، محمد بن طرخان، ابوعامر عبدری، اسمٰعیل بن محمد طلحی، محمد بن علی جلابی، حسین بن حسن مقدسی، ابوعبداللہ حسین بن نصر، حافظ محمد بن ناصر، اسماعیل بن سمرقندی، صدیق بن عثمان تبریزی، ابواسحاق بن نبہان غسنوی، ابوالفتح محمد بن بطی۔ آپ کے استاذ حافظ ابوبکر خطیب بغدادی اور بہت سے دوسرے لوگ آپ علم وعمل کے لحاظ سے پختہ اہلِ حدیث تھے بلکہ اہلِ ظاہر کی طرف مائل تھے مگر کچھ اخفا سے کام لیتے تھے۔

وفات آپ نے ۱۰ ذی الحجہ میں ۴۸۸ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ امام ابوبکر شاشی نے جامع القصر میں آپ کا جنازہ پڑھایا اور آپ کے جسد خاکی کو امام ابواسحاق شیرازی کی قبر کے پاس باب ابرز کے قبرستان میں دفن کیا گیا پھر دو سال کے بعد آپ کو منتقل کر کے بشر حافی کے پاس باب حرب کے قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔ حافظ ابن عساکر لکھتے ہیں کہ امام حمیدی نے رئیس الرؤساء کے صاحبزادے مظفر کو وصیت کی تھی کہ انہیں مشہور صوفی بشر حافی کے پاس دفن کیا جائے مگر اس نے اس کی پرواہ نہ کی اور مذکورہ بالا جگہ میں دفن کر دیا مدت کے بعد اس کو خواب میں ملے اور اس کو خلاف ورزی پر سرزنش کی تب اس نے صفر ۴۹۱ھ میں آپ کو آپ کی وصیت کے مطابق بشر حافی کے پاس منتقل کیا آپ کا کفن نیا اور جسم تازہ تھا اور اس سے خوشبو مہکتی تھی رحمہ اللہ تعالیٰ آپ کی وفات کے بعد آپ کی کتابیں وقف کر دی گئیں۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس بن مالک کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ رکھتے وقت سحری کھایا کرو سحری کے کھانے میں برکت ہے۔

امام ابن ماجہ نے یہ حدیث حماد بن زید کے واسطہ سے ذکر کی ہے اس کو حماد بن سلمہ کے واسطہ سے بیان کرنا غلط ہے اور یہ حدیث ابن علیہ وغیرہ کے واسطہ سے صحیح مسلم میں بھی موجود ہے یہ لوگ اسے عبدالعزیز بن صہیب سے روایت کرتے ہیں

امام حمیدی کے اشعار کا نمونہ۔

طریق الزہد افضل ما طریق ... وتقوی اللہ بادیۃ الحقوق

فثق باللہ یکفک واستعنہ ... یعنک وذر بنیات الطریق

دنیا سے بے رغبتی کا راستہ ہی افضل ترین راستہ ہے اور تقویٰ اور خشیت الٰہی کا حق ہونا ظاہر ہے۔

اللہ تعالیٰ پر اعتماد کرو وہی تیرے لئے کافی ہوگا اور اس سے مدد مانگ وہ تیری مدد کرے گا راستوں میں پڑے ہوئے مجذوبوں سے کنارہ کش رہ۔

ایضاً

لقاء الناس لیس یفید شیئاً ... سوی الہذیان من قیل وقال

فاقلل من لقاء الناس الا ... لاخذ العلم او اصلاح حال

بے مقصد گفتگو اور ہذیان کے سوا۔ کچھ لوگوں کی ملاقات کے کچھ حاصل نہیں۔
تحصیلِ علم یا اصلاحِ حال کے علاوہ لوگوں سے ملنے کی کم کوشش کرو۔

ایضاً

کلام اللہ عزوجل قولی وما صحت بہ الآثار دینی
وما اتفق الجمیع علیہ بدءاً وعوداً فہو عن حق یقین

اللہ تعالیٰ کا کلام میری بات ہے اور صحیح احادیث میرا دین ہے۔
جس بات پر سلف اور خلف کا اجماع ہے وہ یقیناً حق اور صحیح ہے۔

فدع ما صد عن ہذا وخذ ھا تکن منہا علی عین الیقین

اس طریقہ سے باز رکھنے والی ہر بات کو چھوڑ دے اور اسی کو لازم پکڑ یقیناً تم راہ راست پر ہو گے۔

۱۰۴۲ ۱۰/۱۵ امام ابن مُفَوَّز مُعَافِری شَاطِبی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام طاہر بن مفوز بن احمد ہے شاطبہ کے رہنے والے بڑے جید حافظ حدیث ہیں اندلس کے نامور امام اور وحید العصر محدث علامہ ابن عبدالبر کے تربیت یافتہ ہیں آپ نے ان سے بہت کچھ سیکھا اور بہت کچھ نقل کیا ثقاہت و عدالت میں امام کے شاگردوں میں سے آپ کا پلہ سب سے بھاری ہے۔
ان کے سوا ابوالعباس بن دلہاث، ابوالولید باجی، ابوشاکر خطیب، ابوالفتح سنکتی سمرقندی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے بھی حدیث کا سماع کیا قرطبہ میں حاتم بن محمد اور مروان بن حیان سے بھی مستفید ہوئے

مرتبہ و مقام آپ بڑے ذہین اور وسیع العلم تھے۔ حفظ و ا حدیث میں مشہور تھے۔ خوشنویس متقی و پرہیزگار، صاحبِ ضبط اور صاحبِ وقار تھے آپ کے بھائی عبداللہ اندلس میں وقت کے سب سے بڑے زاہد تھے۔

وفات آپ ۴۲۹ھ میں پیدا ہوئے حافظ ابوعلی بن سکرہ اور دوسرے علماء نے آپ سے علمِ حدیث حاصل کیا اور ۴ شعبان ۴۸۴ھ میں انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔

۱۰۴۳ ۱۱/۱۵ امام طاہر نیشاپوری

آپ کی کنیت ابومحمد اور نام طاہر بن احمد بن علی سلیطی بعض کہتے ہیں کہ آپ کا نام عبدالصمد ہے خراسان کے رہنے والے نامی گرامی حافظِ حدیث ہیں، رے میں پیدا ہوئے وہیں پلے اور جوان ہوئے حدیث پڑھی اور اپنے ہاتھ سے بہترین خط میں اتنی کتابیں لکھیں جن کا شمار مشکل ہے۔
آپ نے رے میں ابوعبید منحر بن محمد طوسی، ساوہ میں عبدالکریم بن احمد مطری، ہمدان میں عبدالملک بن عبدالغفار

Marfa

وغیرہ اور بغداد میں ابوعلی ابن المذہب، قاضی ابوالطیب اور ابوالقاسم تنوخی سے سماع کیا ان کے علاوہ جوہری سے بھی چیدہ چیدہ احادیث لیں اور بیان کیں۔

آپ سے ابن طیوری، ابن بدران حلوانی اور محمد بن حسین مرزوقی روایت کرتے ہیں آپ نے ہمدان میں سکونت اختیار کی اور بالآخر اسی شہر کے ایک بیرونی محلہ میں انتقال فرمایا۔

شیرویہ کہتے ہیں آپ نے علم حدیث کی تحصیل و تکمیل میں اپنی پوری توانائی صرف کر دی بڑی اچھی عبارت پڑھتے اور لکھتے تھے راست گو اور کثیر الرحلہ تھے میں نے جتنے علماء کو دیکھا ہے۔ ان میں کسی کو آپ سے زیادہ لکھنے اور زیادہ سماع کرنے والا نہیں پایا آپ کا نوعمری میں انتقال ہو گیا تھا یحییٰ بن مندہ کہتے ہیں آپ حفاظ حدیث میں شمار ہوتے تھے آپ کی نقل کردہ عبارت بہت صحیح ہوتی تھی حدیث کو سمجھتے اور اس کو خوب یاد رکھتے تھے مسعود بن ناصر سجزی کہتے ہیں میں بلاخوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ سلیطی کے پاس بغداد شہر کی جتنی کتابیں موجود تھیں وہ سب بساسیری کی لوٹی ہوئی تھیں جن سے دینی یا دنیاوی کسی طرح کا نفع حاصل نہیں ہو سکا[1]۔

وفات ابن سمعانی کہتے ہیں امام طاہر نے ہمدان میں ۴۸۲ھ میں انتقال فرمایا۔

۱۰۴۴ ۱۲/۱۵ امام ابن خاضبہ دقاق بغدادی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن احمد بن عبدالباقی اور لقب ابن خاضبہ ہے بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور اہل علم کے پیشوا ہیں۔

اپنے اتالیق ابوطالب عمر بن محمد سے حدیث بیان کرتے ہیں انہوں نے اپنے شیخ ابوعمر بن حیویہ سے ۴۴۶ھ میں آپ کو حدیث پڑھائی تھی ان کے علاوہ آپ نے ابوجعفر بن مسلمہ، حافظ عبدالرحیم بن احمد بخاری، حافظ ابوبکر خطیب، ابوالحسین بن نقور، صریفینی، احمد بن علی دینوری، جامع مسجد دمشق کے امام عبدالصمد بن محمد اور محمد بن مکی بن عثمان ازدی سے بھی علم حدیث حاصل کیا ہے محمد بن مکی اور ابوالغنائم محمد بن عراد سے ان کی ملاقات بیت المقدس میں ہوئی تھی آپ نے بہت علم پڑھا، کتابوں میں ضبط کیا اور لوگوں کو بے حد فائدہ پہنچایا آپ بڑے دیانتدار اور عبادت گذار تھے قرآن مجید بڑی صحت اور خوش آوازی کے ساتھ پڑھتے تھے۔

اور آپ سے ابوعلی بن سکرہ، محمد بن طاہر مقدسی، ابوالفتح ابن البطی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام ابن سکرۃ کہتے ہیں آپ عالم فاضل اور بہت نیک نام تھے سب لوگ آپ سے محبت کرتے تھے میں نے آپ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا جب کوئی شخص آپ سے کوئی کتاب مستعار مانگتا تو آپ کبھی اس کو خالی ہاتھ واپس نہ کرتے اگر مطلوبہ کتاب آپ کے پاس نہ ہوتی تو جہاں سے مل سکتی وہاں کا پتہ بتاتے میں نے امام ابو

[1] مطلب یہ ہے کہ جب بساسیری کے فتنہ میں بغداد کے گھر لوٹے گئے ان میں کتابیں بھی تھیں جو لوگوں نے لوٹنے والوں سے خرید لیں پھر جب انہوں نے بیچنا شروع کیں تو ان میں سے چند کتابیں امام سلیطی نے بھی خریدیں جو دراصل لوٹ کی تھیں انہوں نے ظاہری قبضہ پر اعتماد کیا اور زیادہ تعمق سے کام نہیں لیا (حاشیہ)

fat.com

ابوالوفا بن عقیل حنبلی سے جنہیں قرض خواہوں کے شدید مطالبے کی وجہ سے سخت مصیبت کا سامنا تھا اور وہ پریشانی کے عالم میں خلوت میں بیٹھ کر انتہائی عجز و انکساری کے ساتھ دعائیں کیا کرتے تھے ایک دن مناجات کرتے ہوئے سنا اگر تو نے مجھ سے پوچھا کہ تو نے کبھی میرے کسی دوست سے محبت بھی کی ہے؟ تو میں کہوں گا ہاں! میرے رب! میں امام ابوبکر بن خاضبہ سے محبت کی ہے اور اگر تو پوچھے گا کہ میری خاطر میرے کسی دشمن سے دشمنی بھی کی ہے؟ تو میں عرض کروں گا ہاں میرے رب! اور اس کا نام نہیں لیا میں نے امام ابن خاضبہ سے اس کا ذکر کیا تو فرمانے لگے اللہ تعالیٰ ان کو خصوصی عزت سے نوازے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت سہل بن سعد کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں ایک دروازے کا نام "ریان" ہے قیامت کے دن اس میں سے صرف روزہ دار داخل ہوں گے دوسرے کسی شخص کو اس میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی جب سب روزہ دار داخل ہو جائیں گے تو یہ دروازہ بند کر دیا جائے گا۔

یہ حدیث امام بخاری نے خالد بن مخلد سے اور امام مسلم نے ابن ابی شیبہ سے روایت کی ہے نیز مجھے ان کے واسطہ سے امام حسین بن احمد صفار ہروی کا یہ قول ملا ہے فرماتے ہیں میں ایک دن مشہور صوفی بزرگ حضرت شبلی کی خدمت میں حاضر تھا ان سے ایک صوفی نے پوچھا بعض آدمی کوئی بات سن کر بے سوچے وجد کرنے لگ جاتے ہیں اس بے مقصد وجد کا کیا معنی؟

انہوں نے اس کے جواب میں یہ اشعار پڑھے۔

رُبَّ ورقاء ہتوف بالضحیٰ	ذات شجو صدحت فی فنن
فبکائی ربما ارّقہا	و بکا ہا ربما ارقنی!
ولقد اشکو فما افہمہا	ولقد تشکو فما تفہمنی!
غیر انی بالجوی اعرفہا	وہی ایضاً بالجوی تعرفنی!

اکثر غمناک کبوتری درخت کی کسی ٹہنی پہ بیٹھ کر روتی ہے۔ پھر کبھی میرا رونا اسے رات بھر بیدار رکھتا ہے جیسے میں اس کے رونے سے ساری رات پریشان رہتا ہوں۔ میں اپنے غم کی شکایت کرتا ہوں جسے وہ نہیں سمجھتی اور وہ اپنے غم کی شکایت کرتی ہے جسے میں نہیں سمجھتا۔ ہاں میں یہ جانتا ہوں کہ وہ غمزدہ ہے اور وہ جانتی ہے کہ میں غمزدہ ہوں

ابوسعد ابن سمعانی کہتے ہیں امام ابن خاضبہ نے صحیح مسلم کو اجرت پہ سات مرتبہ لکھا ابن طاہر کہتے ہیں ابن خاضبہ کے زمانہ میں ساری دنیا میں ان سے بڑھ کر حدیث کی اچھی قرأت کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ اگر کوئی شخص متواتر دو دن سنتا رہتا تو ان کی قرأت سے ہرگز تنگی محسوس نہ کرتا۔ سلفی کہتے ہیں میں نے ابوالکرم خمیس حوزمی سے ابن خاضبہ کے متعلق پوچھا تو کہنے لگے۔ وہ ادب میں علامہ اور حدیث میں مقتدا تھے فصیح اللسان اور ہر قسم کی خوبی کے جامع تھے میں نے اہل بغداد میں سے اچھی حدیث پڑھنے والا اور منہ سے نکلی ہوئی بات کو ان سے بہتر جاننے والا کوئی نہیں دیکھا۔ ابن نجار کہتے

ہیں ابن خاضبہ متقی پرہیزگار، زاہد اور ثقہ تھے لوگوں کے دل میں ان کی محبت تھی انہوں نے حدیث بہت کم روایت کی ہے علی بن محمد فصیحی کہتے ہیں میں نے تمام محدثین میں ابن خاضبہ سے زیادہ فصیح زبان استقبال کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ سلفی کہتے ہیں میں نے ان کے متعلق ابو عامر عبدری سے پوچھا تو بولے اپنے زمانہ میں موجود سب لوگوں سے بہتر تھے۔ حفظ کی بجائے کتابوں پر زیادہ اعتماد کرتے تھے۔ ابن طاہر کہتے ہیں میں نے ابن خاضبہ سے کہا مجھے اصفہان میں کسی ہاشمی نے بتایا تھا کہ ابوالحسین بن مہتدی باللہ معتزلی تھے فرمانے لگے میں یہ نہیں جانتا میں تمہیں ایک واقعہ سناتا ہوں جس سال خطرناک سیلاب آیا اور تقریباً سارا شہر غرق ہو گیا میرا مکان بھی گھر کے اثاثے اور میرے کتب خانے پر گر کر تباہ ہو گیا اور میرے پاس کوئی چیز باقی نہیں رہی اس وقت والدہ بیوی اور متعدد بچیوں کی کفالت میرے ذمہ تھی میں کتابیں لکھ کر ان کا پیٹ پالتا تھا مجھے یاد ہے میں نے اس سال صحیح مسلم سات مرتبہ اجرت پر لکھی تھی۔ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت قائم ہو گئی ہے اور منادی پکار رہا ہے ابن خاضبہ کہاں ہے؟ جب مجھے پیش کیا گیا تو حکم ملا کہ جنت میں داخل ہو جاؤ۔ میں جنت میں داخل ہوا اور پاؤں پر پاؤں رکھ کر چت لیٹ گیا تو میں نے کہا بخدا! اب میں نے کتابیں لکھنے سے نجات پالی ہے۔ میں نے سر اٹھایا تو دیکھا ایک غلام ایک خچر کی لگام تھامے چلا آ رہا ہے میں نے پوچھا یہ کس کی سواری ہے؟ بولا شریف ابوالحسین غریق کی۔ صبح ہوئی تو اسی دن ہمیں شریف ابوالحسین کی موت کی اطلاع ملی۔ حافظ ابن عساکر لکھتے ہیں مجھے ابوالفضل محمد بن محمد عطاف نے بتایا ایک دفعہ بغداد میں ایک رئیس زادے کے ہاتھ میں ایک زائد انگلی نکل آئی ایک رات درد نے اسے سخت بے چین کیا ابن خاضبہ دم کرنے کے لئے گئے انگلی پر ہاتھ پھیرا اور کہا فکر نہ کرو معمولی بات ہے آرام ہو جائے گا چنانچہ وہ لڑکا سو گیا صبح کو جاگا تو دیکھا کہ وہ زائد انگلی ہاتھ سے گر گئی ہے!

وفات امام ابن خاضبہ نے ۲ ربیع الاول ۴۸۹ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا آپ کے جنازہ میں بے شمار لوگوں نے شرکت کی اور عقیدت مندوں نے کئی دفعہ آپ کی قبر پر قرآن ختم کیا۔

اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

محدث مسند ابوطاہر احمد بن حسن بن باقلانی کوفی آپ ۷۳ سال عمر پا کر بغداد میں فوت ہوئے مقری بغداد ابوبکر احمد بن عمر سمرقندی آپ نے ۸۱ سال عمر پائی، ابوعبداللہ حسین بن محمد بن سراج بغدادی محدث قاضی ابومحمد عبداللہ بن یوسف جرجانی آپ نے مناقب شافعی نامی کتاب تصنیف کی ہے۔ محدث مفید ابومنصور عبدالمحسن بن محمد تمیمی سفار اندلس کے امام لغت ابومروان عبدالملک بن سراج اموی قرطبی، اصفہان کے مسند اور رئیس ابوعبداللہ قاسم بن فضل ثقفی آپ شیخ سلفی کے استاذ ہیں ۹۰ سے زیادہ سال عمر پا کر داعی اجل کو لبیک کہا مسند اور زاہد ہرات امام ابوعبداللہ محمد بن علی عمیری آپ نے ۴۰۷ھ میں حدیث کا سماع شروع کیا۔ شیخ المشائخ ابومنصور معمر بن احمد کنبانی اصفہانی فقیہ خراسان ابوالمظفر منصور بن محمد تمیمی سمعانی حنفی ثم شافعی آپ ۶۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ علامہ ذوالنون ابوالولید ہشام بن احمد کنانی وقشی آپ طلیطلہ سے ۱۲ میل دور وقش نامی بستی کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے وقشی کہلاتے ہیں۔

fat.com

۱۰۴۵ ۱۳/۱۵ امام حرمی مکی نزیلِ ہرات

آپ کی کنیت ابوسعد اور نام محمد بن حسن بن مظہر مکی ہے۔ مکہ معظمہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آخر میں ہرات منتقل ہو گئے تھے۔

آپ نے مصر میں محمد بن حسین طفال، ابوالفتح بن باشاذ، علی بن حمصہ حرانی، علی بن بقا وراق، مکہ میں ابونصر سجزی، عبدالعزیز بن بندار شیرازی اور بغداد میں ابوجعفر بن مسلمہ، حافظ ابوبکر خطیب اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے حدیث کا سماع کیا آپ کا شمار عباد محدثین میں ہوتا تھا۔

علی ہمدانی کہتے ہیں ابوسعد حرمی اوتاد میں سے ہیں میں نے اپنی آنکھوں سے ان سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا ابوحامد بن خیاط واعظ کہتے ہیں اگر ہرات میں اللہ تعالیٰ کے کوئی ولی ہیں تو یہ ہیں اور امام حرمی کی طرف اشارہ کیا۔

امام ابوسعد حرمی نے شعبان ۴۹۱ھ میں ہرات میں وفات پائی۔

اس سال درج ذیل علماء نے بھی داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

محدث ثغر ابوالعباس احمد بن ابراہیم رازی آپ خطاب شافعی کے پسر اور صاحب سداسیات کے پدر بزرگوار ہیں۔ مسند اصفہان ابوالعباس احمد بن عبدالغفار بن اشتہ کاتب، محدثِ اصفہان حافظ ابوالعباس احمد بن محمد بن شیرویہ اصفہانی۔ آپ ۷۶ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ محدثِ دمشق ابوالفرج سہل بن بشر اسفرائینی آپ نے ۸۱ سال عمر پائی مسند الوقت ابوالفوارس طراد بن محمد بن علی ہاشمی زینبی نقیب ۹۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے، مسند ابوالفتح عبدالواحد بن علوان شیبانی آپ نے بغداد میں انتقال فرمایا، مسندِ عجم سلار رئیس ابوالحسن مکی بن منصور کرجی، عمر رسیدہ بزرگ مسند ابوالحسن ہبۃ اللہ عبدالرزاق انصاری آپ کو بلال حفار سے سماع حاصل ہے۔

مجھے اپنی سند سے امام مؤتمن بن احمد کا یہ قول ملا ہے کہتے ہیں۔

میں نے حافظ ابوسعد حرمی سے سنا ہے فرماتے تھے لایصبر علی تحمل الاذودہ سرکے کی ترشی پہ سرکہ کا کیڑا ہی صبر کر سکتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ تحصیل حدیث کی مشقت کوئی اہلِ حدیث ہی برداشت کر سکتا ہے۔

۱۰۴۶ ۱۴/۱۵ امام مکی بن عبدالسلام بن حسین رُمَیلی مقدسی

آپ کی کنیت ابوالعباس اور نام مکی بن عبدالسلام ہے بیت المقدس کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں آپ کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جو تحصیل علم کے لئے قریہ قریہ اور شہر شہر گھومے۔ آپ ۴۳۲ھ کے شروع میں پیدا ہوئے۔

آپ نے محمد بن یحییٰ بن سلوان مازنی، ابوعثمان بن ورقاء، عبدالعزیز بن احمد نصیبی، عبدالعزیز بن ضراب، ابوالقاسم بن حبابی، عبدالباقی بن فارس، ابوجعفر بن مسلمہ، ابوالغنائم بن مامون اور حسین بن احمد طرابلسی سے حدیث کا سماع

t.com

کیا اور اس مقصد کے لئے مصر، دمشق، طرابلس، بغداد، بصرہ، واسط، موصل، آمد، میافارقین اور دوسرے شہروں کا سفر کیا۔

آپ سے ہبۃ اللہ شیرازی اور عمر رواس نے حدیث پڑھی۔ ان کے علاوہ مرو میں محمد بن علی بن محمد مہرجانی، ہمدان میں ابوسعد عمار بن طاہر، بغداد میں ابوالقاسم بن سمرقندی اور دمشق میں جمال الاسلام ابوالحسن سلمی، حمزہ بن کردوس اور دوسرے لوگ آپ سے حدیث بیان کرتے تھے۔

مرتبہ و مقام ابن نجار کہتے ہیں، مکی حفاظِ حدیث میں سے ہیں۔ آپ نے دور دراز ممالک کا سفر کیا اور علم کا وسیع ذخیرہ اپنے سینہ میں محفوظ کیا۔ امام شافعی کے مسلک پر فتویٰ دیا کرتے تھے آپ کو ابن سلوان سے سماع حاصل تھا۔ مؤتمن ساجی کہتے ہیں آپ کے پاس حصول جواب کے لئے مصر، ساحل اور دمشق سے فتاوے آتے تھے کہتے ہیں آپ نے بیت المقدس کی ایک مبسوط تاریخ لکھنا شروع کی تھی لیکن جب فرنگیوں نے شعبان ۴۹۲ھ میں بیت المقدس پر قبضہ کیا تو ان کے ہاتھوں گرفتار ہو گئے جب انہیں معلوم ہوا کہ یہ مسلمانوں کے ایک نامور عالم ہیں تو انہوں نے ان کی رہائی کے لئے ایک ہزار پونڈ کا مطالبہ کیا۔ لئے پتے لوگ اتنی خطیر رقم ادا نہ کر سکے تو انتہائی سفاکی کے ساتھ آپ کو انطاکیہ کے باہر قتل کر دیا گیا آپ بڑے محقق اور راست گو تھے۔ حفاظ حدیث میں شمار ہوتے تھے۔ غیث ارمنازی کہتے ہیں فرنگیوں نے آپ کو بیروت کے نزدیک ۱۲ شوال ۴۹۲ھ میں پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا۔

میں کہتا ہوں اس وقت عیسائیوں نے صرف بیت المقدس میں تقریباً ستر ہزار مسلمانوں کو قتل کیا شہر پر ان کا قبضہ ہو گیا جسے ۹۰ سال کے بعد سلطان صلاح الدین نے واگزار کرایا

اس سال درج ذیل علماء کرام نے بھی دنیا، دون کو چھوڑ کر عالم آخرت کا سفر اختیار کیا مقری دمشق ابوالبرکات ابن طاؤس آپ نے ۷۹ سال کی عمر میں انتقال کیا، مسند ابوالحسین احمد بن عبدالقادر بن یوسف، مسند [illegible] بن محمد خلیلی دہقان، آپ ۱۰۱ سال عمر پا کر فوت ہوئے، علامہ ابوتراب عبدالباقی بن یوسف [illegible] آپ [illegible] ہوئے مسند مصر قاضی ابوالحسن علی بن حسن خلعی شافعی آپ نے ۸۸ سال عمر پائی اور مسند ابوالحسن بن ایوب آپ کی وفات بغداد میں ہوئی۔

۱۰۴۷ ۱۵/۱۵ امام سمرقندی

آپ کی کنیت ابومحمد اور نام حسن بن احمد بن محمد کو خمیثنی ہے سمرقند کے رہنے والے مایہ ناز حافظ حدیث ہیں ۴۰۹ھ میں پیدا ہوئے بڑے ہو کر حافظ جعفر بن محمد مستغفری کی خدمت میں حاضر ہوئے ان سے بہت زیادہ علم حاصل کیا اور ان سے ہی سند فراغت حاصل کی۔

ان کے علاوہ امام عبدالصمد عاصمی اور حمزہ بن محمد جعفری سے بھی سماع کیا نیشاپور میں ابوحفص بن مسرور، ابوعثمان عابونی اور ابوسعید کنجرودی سے مستفید ہوئے تحصیل علم کے لئے بلخ و بخارا کا سفر بھی کیا اور فراغت کے بعد

بہت سی کتابیں تصنیف فرمائیں۔

آپ سے اسماعیل بن محمد تیمی، وجیہ شامی، ہبۃ الرحمان بن قشیری، محمد بن جامع خیاط صواف، جندقانی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ کے سب سے بڑے شیخ منصور کاغذی ہیں۔

ابوسعد سمعانی کہتے ہیں میں نے آپ کے متعلق حافظ اسماعیل سے پوچھا تو بولے آپ امام اور حافظِ حدیث ہیں آپ نے حدیث کا سماع کیا۔ ذخیرہ علم جمع فرمایا اور بہت سی مفید کتابیں تصنیف کیں۔ عمر بن محمد نسفی کتاب القند میں لکھتے ہیں" ابومحمد سمرقندی نزیل نیسابور امام، حافظِ حدیث اور سنت کے قائم کرنے والے ہیں ان کے زمانہ میں فن حدیث کو جاننے والا مشرق اور مغرب میں ان جیسا دوسرا کوئی آدمی نہیں تھا۔ آپ نے ایک کتاب" بحرالاسانید فی صحاح المسانید تصنیف فرمائی جس میں ایک لاکھ احادیث کو ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دیا۔ اگر آپ کو اس پر نظر ثانی کا موقعہ مل جاتا اور اس کی مناسب ترتیب عمل میں آجاتی تو دنیائے اسلام میں اس کی نظیر نہ ملتی یہ کتاب آٹھ سو جزء میں پوری ہوئی عبدالغافر فارسی کہتے ہیں۔ آپ کا حافظہ بے نظیر تھا آپ نے نیسابور کو اپنا وطن بنالیا تھا اور امام مستغفری سے بہت استفادہ کیا تھا۔

آپ نے ۸۲ سال عمر پاکر ذی قعدہ ۴۹۱ھ میں انتقال فرمایا رحمہ اللہ تعالیٰ۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہیں جو شخص اس میں داخل ہونا چاہے وہ علیؓ کے پاس آئے۔

یہ حدیث صحیح نہیں اس کو ابوالصلت عبدالسلام ہروی نے وضع کیا ہے۔

۱۰۴۸ ۱۶/۱۵ امام بُردانی بغدادی

آپ کی کنیت ابوعلی اور نام احمد بن محمد بن احمد ہے بغداد کے رہنے والے صاحبِ اتقان اور بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں ۴۲۶ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ابوطالب بن غیلان، ابوطالب عشاری، ابواسحاق برمکی، ابومحمد جوہری، ابوالحسن قزوینی، عبدالعزیز بن علی ازجی، ابویعلیٰ فراء، حافظ ابوبکر خطیب اور دوسرے بہت سے لوگوں سے علمِ حدیث کا سماع کیا۔ میرے خیال میں آپ نے تحصیل علم کے لئے کسی دوسرے شہر کا سفر نہیں کیا۔ سمعانی کہتے ہیں فنِ حدیث میں آپ کا شمار چوٹی کے علماء میں ہوتا تھا آپ حنبلی مسلک سے وابستہ تھے اور قاضی ابویعلیٰ کے متمثل رہے ہیں۔

آپ سے حافظ اسمٰعیل بن محمد روایت کرتے ہیں۔

میں کہتا ہوں آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خوابوں میں ایک ضخیم جلد تصنیف کی ہے ہمیں آپ کی ایک دوسری تصنیف" منتقی" کا سماع ابن اسدی سے حاصل ہے وہ اسے سادی سے وہ سلفی سے اور وہ آپ سے روایت

کرتے ہیں۔ ایک دفعہ سلفی نے آپ سے ایک جماعت کے حالات بیان کرنے کے لئے کہا تو آپ نے نہایت عمدہ تفصیلی جوابات دیئے۔

مرتبہ و مقام سلفی کہتے ہیں ابوعلی شجاع ذہلی سے زیادہ حافظ اور فنِ حدیث کو ان سے زیادہ جاننے والے تھے ثقہ، عقلمند اور بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔

میں کہتا ہوں آپ سے وزیر علی بن مراد اور احمد بن مقرب نے بھی حدیث بیان کی ہے میں نے امام ابوعلی غسانی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ایک تحریر پڑھی ہے جس میں آپ لکھتے ہیں ہمیں امام عثمان بن محمد بن دوست علاف نے ۴۲۹ھ میں حدیث پڑھانے کی اجازت مرحمت فرمائی اور انبأ ابوبکر الشافعی کہہ کر ایک حدیث ذکر کی۔

امام ابوعلی نے شوال ۴۹۸ھ میں وفات پائی۔

اور اس سال درج ذیل علماء کا بھی انتقال ہوا۔

محدث اصفہان مفید حافظ ابوبکر احمد بن محمد بن احمد بن موسیٰ بن مردویہ ان کی اپنے دادا حافظ احمد بن موسیٰ بن مردویہ اصفہانی سے ملاقات ثابت نہیں۔ مسند ابوالمعالی ثابت بن بندار البقال المقری بغدادی۔ شیخ الحرم محدث مفتی ابوعبداللہ حسین بن علی طبری۔ آپ ۸۰ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ شریف مسند ابوالفضل محمد بن عبدالسلام بن احمد انصاری اور مسند خراسان ابوعلی نصراللہ بن احمد بن عثمان خشامی نیسابوری۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنی بیماری میں جس میں آپ کا انتقال ہوا پردہ ہٹایا آپ کے سر پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور آپ نے تین دفعہ فرمایا اللھم ھل بلغت یعنی میں نے اللہ تعالیٰ کے احکام پہنچا دیئے ہیں یا نہیں؟ نبوت کی خوشخبری دینے والی چیزوں میں سے اب سچے خواب کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہی۔

۱۰۴۹ ۱۷/۱۵ امام غسانی جیانی اندلسی

آپ کی کنیت ابوعلی اور نام حسین بن محمد بن احمد ہے۔ اندلس کے رہنے والے پختہ کار محدث اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ محرم ۴۲۷ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے حکیم بن محمد حدانی، حاتم بن محمد طرابلسی، حافظ ابوعمر بن عبدالبر، ابوشاکر عبدالواحد فہری، ابوعبداللہ بن قنات محدث ابوعمرو بن حذاء، قاضی سراج بن عبداللہ، ابوالولید باجی، ابوالعباس بن دلہاث اور دوسرے متعدد اہل علم سے اکتساب فیض کیا اور آپ تحصیل علم کے لئے اندلس سے باہر نہیں گئے۔

آپ کا شمار صاحب بصیرت اور صاحب ضبط و اتقان نقاد حدیث میں ہوتا ہے ادب عربی، لغت، شعر و شاعری اور علم الانساب میں آپ کو کمال حاصل تھا۔ ان جملہ فنون میں آپ نے کتابیں لکھی ہیں دور دراز علاقوں کا سفر کرکے لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے اور آپ کی نقل پر اعتماد کرتے تھے آپ جامع قرطبہ میں صدر المدرسین

کے منصب پر فائز تھے چوٹی کے علماء آپ سے استفادہ کو باعث فخر سمجھتے تھے۔

علامہ خلف بن بشکوال نے آپ سے بہت فائدہ اٹھایا ہے اور کہا ہے مجھے بہت سے لوگوں نے آپ کے متعلق خبر دی ہے اور آپ کو جلالتِ قدر، حفظ و اتقان، عقلمندی، منکسر المزاجی اور عفت و عصمت سے موصوف بتایا ہے۔

سہیل روض الانف میں لکھتے ہیں۔ مجھے ابوبکر بن طاہر نے ابوعلی غسانی کے متعلق بتایا کہ حافظ ابن عبدالبر نے ان سے کہا تھا "تمہارے ذمہ یہ اللہ تعالیٰ کا عہد ہے کہ جب کسی صحابی کا نام دیکھو کہ میں نے ذکر نہیں کیا اسے میری کتاب الاستیعاب میں درج کر دینا"۔

علوم و فنون میں کمال

ابن بشکوال کہتے ہیں میں نے حسن بن مغیث سے کہتے ہوئے سنا ہے کہ "مجھے جن علماء کو دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے ابوعلی غسانی علم حدیث، معرفتِ طرق اور حفظِ رجال میں ان سب سے زیادہ باکمال تھے۔ کتبِ لغت کا آپ نے بہت گہرا مطالعہ کیا تھا اشعار بکثرت روایت کرنے میں دوسروں سے گوئے سبقت لے گئے تھے اور روایات و احادیث کو جس وسیع پیمانہ پر آپ نے جمع کیا ہے ہمارے زمانہ میں کسی نے جمع نہیں کیا۔ صحت کے جس معیار پر آپ کی کتابیں پوری اترتی تھیں حفاظِ حدیث میں سے کسی کی کتابیں پوری نہیں اترتی تھیں۔ گویا صحت کے بارہ میں آپ کی کتابیں حرفِ آخر تھیں آپ نے رجال صحیحین پر ایک کتاب تصنیف کی ہے جس کا نام "تقیید المہمل و تمییز المشکل" رکھا ہے یہ کتاب بڑی عمدہ اور بہت مفید ہے علماء نے آپ سے یہ سبقاً سبقاً پڑھی ہے، ابن بشکوال کہتے ہیں ہم نے یہ کتاب قاضی ابوعبداللہ بن حجاج سے اور انہوں نے خود آپ سے پڑھی ہے۔ اپاہج ہونے کی وجہ سے آپ کی عمر کا آخری حصہ گھر کی چار دیواری میں گذرا۔

میں کہتا ہوں آپ کی کتاب تقیید المہمل سلفی اور عثمانی کے شیخ محمد بن محمد بن حکم بابلی بھی آپ سے روایت کرتے ہیں۔

تلامذہ

آپ سے روایت کرنے والے علماء میں درج ذیل قابلِ ذکر ہیں۔

محمد بن احمد بن ابراہیم جیانی آپ بغدادی کے لقب سے ملقب تھے۔ ابوعلی بن سکرہ صدفی۔ ابوالعلاء زہر بن عبدالملک ایادی۔ عبداللہ بن احمد بن سماک غرناطی، حافظ عبدالرحمان بن احمد بن ابی لیلیٰ انصاری، یوسف بن یبقی نحوی اور ان کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگ۔ آپ کے سب سے آخری شاگرد مسندِ مراکش محمد بن عبداللہ بن خلیل قیسی ہیں انہوں نے آپ سے صحیح مسلم کا سماع کیا تھا اور ۵۷۰ھ تک زندہ رہے تھے۔

استاذ ابوعلی نے بروز جمعرات ۱۲ شعبان المعظم ۴۹۸ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بارہ میں محبت کرنے والے دو شخصوں میں سے افضل وہ ہے جو دوسرے سے زیادہ خلوص اور گرم جوشی کے ساتھ محبت کرے۔

Marfa

۱۰۵۰ ۱۸/۱۵ امام عمر بن علی بن احمد بن لیث بخاری

آپ کی کنیت ابو مسلم اور نام عمر بن علی بن احمد ہے۔ بخارا کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں آپ نے تحصیلِ علم کے لئے مختلف ممالک کے سفر کئے جی بھر کر سماع کیا اور جو کچھ سیکھا اسے ضبطِ تحریر میں لے آئے۔ فراغت کے بعد بہت سی مفید کتابیں تصنیف کیں۔

اساتذہ آپ نے بخارا میں ابو سہل عبدالکریم بن عبدالرحمان کلاباذی، علی بن احمد بن خنباح تمیمی، محمد بن محمد بن حافظ ہراس، یوسف بن منصور سیاری صفار، عبدالملک بن علی وغیرہ، سمرقند میں مطہر بن محمد خاقانی اور محمد بن جعفر طلبسی، کش میں عبدالعزیز بن احمد حلوانی، بلخ میں ابو عمر محمد بن احمد مستملی، غزنی میں محدث مظفر بن حسین، علی بن محمد لبان دینوری اور عیار، ہرات میں عطاء بن احمد اور دوسرے، بوشنج میں منصور بن عباس تمیمی، مرو میں ابو عمرو محمد بن عبدالعزیز قطری اور ابو غانم کراعی، نیسابور میں ابن مسرور، ابوالحسین فارسی، محمد بن عبدالعزیز جیری الحافظ اور متعدد دوسرے علماء، اصفہان میں عبدالرحمان بن مندہ اور اس طبقہ کے دیگر محدثین اور ہمدان میں محمد بن عثمان مسانی سے حدیث کا سماع کیا ۶۰ھ میں بغداد آئے اور عبدالصمد بن مامون اور ان کے اقران سے استفادہ کیا۔

اور آپ سے روایت کرنے والوں میں ابوالحسن بن طیوری، عبداللہ بن مجلی اور ابو غالب بن بنا، قابلِ ذکر ہیں۔

مرتبہ و مقام مؤتمن ساجی کہتے ہیں آپ کو حدیث میں معرفتِ تامہ حاصل تھی اور صحیح کے ساتھ آپ کو اعتناء شدید تھا، شجاع ذہلی کہتے ہیں آپ کا حافظہ درست تھا علم حدیث کو جانتے اور سمجھتے تھے اور روایت میں لائقِ اعتماد تھے خمیس حوزی کہتے ہیں آپ فرماتے تھے میں نے اپنے دوستوں سے مل کر اتنی کتابیں لکھیں جنہیں دس اونٹ اٹھا سکتے تھے مشہور محدث ابوبکر ابن خاضبہ آپ کی تعریف کیا کرتے تھے تدلیس کے خوگر اور اہل بدعت کے حامی تھے کے بھینگے، حریص اور شرم و حیا کے عاری تھے جب بھی کوئی فتنہ بپا ہوتا یہ اس میں پیش پیش ہوتے انہوں نے مسند [illegible] نام کی ایک کتاب تصنیف کی ہے۔

حافظ محمد بن عبدالواحد دقاق کہتے ہیں جن حفاظِ حدیث کو میں نے دیکھا ہے ان میں ابو مسلم لیثی بھی ہیں وہ ہمارے ہاں اصفہان میں آئے تھے میں نے صحیح بخاری اور صحیح مسلم کو ان سے زیادہ حفظ کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ انہوں نے صحیحین کو جمع کر کے ایک کتاب بنا دیا تھا جو تقریباً ۴۰ اجزاء میں مکمل ہوئی تھی شیرویہ دیلمی کہتے ہیں ہمارے ہاں آئے تھے لیکن بدقسمتی سے میں ان سے سماع نہ کر سکا حافظِ حدیث تھے مگر تدلیس کے عادی تھے ابوالقاسم بن نصر نے مجھ کو ان سے حدیث بیان کی ہے۔

آپ نے ۴۶۶ھ میں خوزستان میں انتقال کیا ابوالفضل بن خیرون کہتے ہیں آپ کا ۴۶۹ھ میں اہواز میں انتقال ہوا آپ کو مجھ سے اور مجھے ان سے سماع حاصل ہے۔ ان میں اہلِ علم سے تنفر اور بُعد پایا جاتا تھا اور اپنے آپ پر بہت نازاں تھے۔

fat.com

۱۰۵۱ ۱۹/۱۵ امام ابوالفُتیان رَوَاسی دِہِسْتَانی

آپ کی کنیت ابوالفتیان اور نام عمر بن عبدالکریم بن سعد ویہ ہے۔ دہستان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں طلبِ علم کے لئے مختلف شہروں میں سرگردان رہے۔ نیسابور میں ابوحفص بن مسرور، ابوالحسین فارسی، ابوعثمان صابونی اور ان کے اہلِ طبقہ سے، بغداد میں قاضی ابویعلیٰ، ابن المسلمۃ اور ابن النقور سے اور دہستان میں حافظ ابومسعود بجلی وغیرہ سے حدیث کا سماع کیا۔ علاوہ ازیں دمشق، مصر، مرو اور جزیرہ کے خرمنہائے علم سے بھی خوشہ چینی کی۔ حران میں مبادر بن علی بن مبادر سے سماع کیا۔ فنِ حدیث میں چوٹی کے امام تھے۔ آپ نے بے حد علم جمع کیا اور مفید کتابیں تصنیف کیں۔

تلامذہ آپ سے روایت کرنے والوں میں آپ کے شیخ حافظ ابوبکر خطیب، ابوحامد غزالی انہوں نے آپ سے صحیحین کی تصحیح کی تھی، ابوحفص عمر بن محمد جرجانی، محمد بن عبدالواحد دقاق، فقیہ نصر بن ابراہیم مقدسی، ہبۃ اللہ بن الکنانی حافظ اسمٰعیل بن محمد تیمی، محمد بن حسن جوینی، فقیہ نیسابور محمد بن یحییٰ اور دوسرے لوگ شامل ہیں حافظ سلفی آپ سے بذریعہ اجازت روایت کرتے ہیں۔

امام ابوبکر سمعانی نے آپ سے حدیث پڑھنے اور علمی استفادہ کرنے کے لئے آپ کو مرو آنے کی دعوت دی تھی۔ چنانچہ آپ ان کی دعوت پر طوس سے مرو جا رہے تھے کہ راستہ میں ہی سرخس کے مقام پر داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ جیسا کہ آپ کی لوحِ قبر پر تحریر ہے آپ کی تاریخ وفات ربیع الآخر ۵۰۳ھ ہے۔

مرتبہ و مقام حافظ ابوجعفر محمد بن علی ہمدانی کہتے ہیں میں نے اس علاقے میں بلکہ ساری دنیا میں ان سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا آپ بہت لکھتے اور بہت گردش کرنے والے تھے آپ نے طلبِ حدیث کے لئے پورے عالمِ اسلام کا چکر لگایا۔ آپ سے میری پہلی ملاقات مکہ معظمہ میں ہوئی تھی میں نے وہاں کے شیوخ کو آپ کی مدح و ثنا میں رطب اللسان پایا ہے۔ ان سے دوسری ملاقات جرجان میں ہوئی یہاں ہمارے باہمی مراسم اتنے بڑھے کہ شیخ کے بجائے آپ کا شمار ہمارے بھائیوں میں ہونے لگا، ابوبکر سمعانی کہتے ہیں مجھے اصفہان میں اسماعیل بن محمد بن فضل نے بتایا کہ امام عمر نے حافظ ابومسعود بجلی سے مندِ فراغت حاصل کی تھی، میں نے انہیں یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ایک دفعہ امام ابومسعود دہستان آئے اور میرے والد سے بکری کا سر خریدا اور مسجد میں بیٹھ کر کھانے لگے۔ میرے والد نے مجھے ان کے پاس بھیجا آپ نے مجھ سے پوچھا کچھ پڑھے ہوئے ہو؟ میں نے کہا جی نہیں۔ یہ سن کر آپ نے میرے والد سے کہا اس بچے کو میرے حوالے کر دو میرے والد نے ان کی بات مان لی اور مجھے ان کے سپرد کر دیا آپ مجھے اپنے ساتھ نیسابور لے آئے اور مجھے زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں اس مقام پر پہنچا جو تم دیکھ رہے ہو۔

ابنِ نقطہ کہتے ہیں انہوں نے بہت سے اہلِ علم سے سنا ہے کہ ابوالفتیان نے تین ہزار چھ سو شیوخ سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ مشہور ادیب خزیمہ بن علی مروزی کہتے ہیں طلبِ علم کے لئے سفر میں سخت سردی کی وجہ سے عمر رواسی کے پیروں کی انگلیاں گر گئی تھیں۔ دقاق اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں عمر رواسی نے طوس میں کتاب سامنے رکھے بغیر صحیح مسلم پڑھائی۔

اور یہ بات محدثین کے نزدیک سخت ناپسند ہے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ ان کی پیدائش دہستان میں ۴۲۸ھ میں ہوئی اور ان سے مشہور محدث ہبۃ اللہ بن عبدالوارث نے ۴۵۶ھ میں حدیث کا سماع کیا تھا۔

امام رواسی نے ایک دفعہ فرمایا میں مرو جانا چاہتا ہوں راستہ میں سرخس آتا ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ علم کا قبرستان ہے۔ معلوم نہیں میرے ساتھ وہاں کیا معاملہ پیش آئے اتفاق دیکھئے کہ وہاں ہی آپ کا انتقال ہوا۔

ابن طاہر اور دوسرے محدثین کہتے ہیں رواسی سریاں بیچنے والے کی طرف نسبت ہے آپ کے والد جانوروں کے سر بکا کر بیچا کرتے تھے لہذا اس کی طرف نسبت کی وجہ سے آپ رواسی کہلائے۔

عام حالات

علامہ ابن ماکولا کہتے ہیں رواسی نے مجھ سے اور میں نے رواسی سے بہت علمی فوائد لکھے ہیں اور میں نے ان کو ہوشیار اور سمجھدار پایا ہے۔ سمعانی لکھتے ہیں۔ میں نے احمد بن محمد سرخسی کو کہتے ہوئے سنا ہے جب امام رواسی سرخس تشریف لائے اور حدیث کا درس دینے اور املا کرانے پر آمادگی ظاہر کی تو استفادہ کے لئے ایک بڑی جماعت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ نے فرمایا میں حاضرین کے نام اپنے ہاتھ سے اپنی کتاب میں لکھتا ہوں۔ جب یہ لوگ دوسری مجلس میں حاضر ہوں گے تو میں ان سب کے نام زبانی لکھ لوں گا کسی سے پوچھنے کی حاجت نہیں ہوگی کہتے ہیں حاضرین کی تعداد تقریباً ۷۰۰ نفوس پر مشتمل تھی۔ عبدالغافر بن اسمٰعیل کہتے ہیں رواسی مشہور عالم ہیں اسانید حدیث کو خوب جانتے ہیں انہوں نے بہت کچھ لکھا ہے۔ احکام و مسائل جمع کئے اور اپنے پیچھے بہت سی تصانیف چھوڑ گئے۔ بڑے زود نویس تھے سلف صالحین کے نقش قدم پر چلتے تھے فقیر ہونے کے ساتھ ساتھ کثیر العیال تھے۔ نیسابور سے طوس آئے تو امام غزالی نے آپ کی بہت تعظیم و تکریم کی۔ اپنے ہاں ٹھیرایا اور آپ سے صحیحین پڑھ کر جانے کی رخصت دی۔

میں کہتا ہوں ۵۰۳ھ میں آپ کے ساتھ ذیل کے علماء نے بھی سفر آخرت اختیار کیا

مسند اصفہان محمد بن احمد بن سیدہ مطرز۔ ان کی عمر ۹۲ سال تھی اور مسند بغداد ابوبکر احمد بن مظفر بن سوس تھے۔ ان کی عمر بھی ۹۲ سال تھی۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص میری امت کے لئے ایک حدیث یاد رکھے اس کو ایک صدیق نبی کا ثواب ملے گا۔

ابوالفتیان کہتے ہیں یہ حدیث مجھ سے حافظ ابوبکر خطیب نے صور میں لکھی تھی۔

میں کہتا ہوں اس کا بیان کرنا حرام ہے الا یہ کہ ساتھ ہی تصریح کی جائے کہ یہ سراسر جھوٹ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے بنانے والے کو غارت کرے۔ اس کی سند تاریک ہے اس کا راوی محمد بن زیاد مشہور کذاب ہے۔ غالباً یہ آفت اسی کی پیدا کردہ ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کامل ہونے کے ساتھ ساتھ سب لوگوں سے زیادہ خفیف بھی ہوتی تھی۔

یہ حدیث حافظ ابن عساکر اور ابن ابی عصرون نے اپنی سند کے ساتھ قتیبہ سے بیان کی ہے اور امام مسلم نے بھی قتیبہ

سے اس کو اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے۔

۱۰۵۲ ۲۰/۱۵ امام شجاع بن فارس سُہروردی بغدادی حَرَمی ذُہلی

آپ کی کنیت ابوغالب اور نام شجاع بن فارس بن حسین ہے۔ بغداد کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں آپ ۴۳۰ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ابوطالب بن غیلان، عبدالعزیز بن علی ازجی، ابومحمد بن مقتدر ابین، ابومحمد جوہری، ابوجعفر بن مسلمہ حافظ ابوبکر خطیب اور ان کے بعد کے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا بلکہ اس طبقہ سے نیچے اتر کر ابوالقاسم بن بشران کے شاگردوں اور اپنے اقران سے بھی استفادہ کیا۔

اور اسمٰعیل بن سمرقندی، عبدالوہاب انماطی، ابن ناصر، عمر بن ظفر، ابوطاہر سلفی، سلیمان بن جروان اور دوسرے لوگ آپ سے حدیث بیان کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام ابوسعد سمعانی کہتے ہیں جس قدر تفسیر، حدیث اور فقہ آپ نے اپنے قلم سے لکھی کسی لکھنے والے نے نہیں لکھی۔ مجھے عبدالوہاب انماطی نے بتایا ایک دن میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو فرمانے لگے میں توبہ کرتا ہوں۔ میں نے عرض کیا کس چیز سے توبہ کرتے ہیں؟ بولے ابن الحجاج کے شعر لکھنے سے میں انہیں اپنے قلم سے سات مرتبہ لکھ چکا ہوں۔ عبدالوہاب کہتے تھے بلادِ اسلام میں شاذ و نادر ہی کوئی شہر ہوگا جس میں آپ کے ہاتھ سے لکھی ہوئی کوئی چیز نہ موجود ہو آپ بغداد میں اپنے زمانہ کے لائق اعتماد مفید تھے آپ کی سیرت بے داغ تھی۔ آپ نے تحصیلِ علم میں اپنی عمر کھپا دی تھی آپ نے خطیب کی تاریخ بغداد کا ذیل لکھا تھا جسے مرض الموت میں دھو ڈالا۔

میں کہتا ہوں حافظ سلفی نے امام شجاع سے مختلف مشائخ کے بارہ میں کچھ سوالات پوچھے تھے جن کے جوابات انہوں نے ایک کتاب میں دیئے ہمیں باسند متصل اس کا سماع حاصل ہے۔

وفات آپ نے ۳ جمادی اول ۵۰۷ھ میں انتقال فرمایا۔

اور اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

مقری اور مسند ابوبکر احمد بن علی بن بدران حلوانی۔ آپ تقریباً نوے سال کی عمر میں بغداد میں فوت ہوئے، شیخ المالکیہ ابوالعباس احمد بن محمد بن عروس۔ آپ بھی ۹۴ سال کی عمر میں بغداد میں فوت ہوئے آپ کو ابنِ شاذان سے اجازت حاصل تھی، مؤلف "مستظہری فی المذہب" علامہ ابوبکر محمد بن احمد شاشی شافعی آپ نے ۸۷ سال عمر پائی، شیخ الادب علامہ ابوالمظفر محمد بن ابی العباس اموی ابیوردی شاعر، شاعرِ اندلس ابوبکر محمد بن عیسیٰ لخمی ابن اللبانہ، حافظ ابنِ طاہر اور حافظ مؤتمن ساجی مجھے ان کے واسطہ سے ابنِ شوذب کا یہ قول ملا ہے کہ:۔

ایک دن مالک بن دینار اور محمد بن واسع جمع ہوئے اور ان کے درمیان معاشی زندگی پر مذاکرہ ہونے لگا مالک فرمانے لگے جائداد سے بہتر کوئی چیز نہیں جس سے انسان پرسکون زندگی بسر کر سکے یہ سن کر محمد بن واسع بولے

t.com

خوش قسمت ہے وہ شخص جس کے پاس صبح کا کھانا ہے تو شام کا نہیں اور شام ہے تو صبح کا نہیں پھر بھی وہ اللہ تعالے سے راضی ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہے

۱۰۵۳ ۲۱/۱۵ امام محمد بن طاہر بن علی مقدسی شیبانی

آپ کی کنیت ابوالفضل اور نام محمد بن طاہر ہے بیت المقدس کے رہنے والے مشہور حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے طلب علم کے لئے تمام ممالک اسلام کے علمی سرچشمے کھنگال ڈالے اور اپنے قلب و دماغ میں علم کا اتنا وسیع ذخیرہ جمع کیا جو کسی نے جمع نہیں کیا ہوگا۔ آپ ابن قیسرانی شیبانی کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔

اساتذہ آپ نے اپنے شہر میں فقیہ نصر، ابوعثمان بن ورقاء اور دیگر علماء، بغداد میں ابومحمد صریفینی، ابوالحسین بن نقور اور ان کے طبقہ سے مکہ معظمہ میں حسن بن عبدالرحمن شافعی، سعد بن علی زنجانی، مصر میں ابواسحاق حبال، سرحد میں حسین بن عبدالرحمان صفراوی، تنیس میں علی بن حسین بن حداد انہوں نے اپنے دادا وشی سے اور انہوں نے عیسیٰ بن حماد زغبہ سے آپ کو حدیث بیان کی، دمشق میں ابوالقاسم بن ابی العلاء، حلب میں حسین بن مکی، جزیرہ میں ابوعمر بن مہدی کے شاگرد عبدالوہاب بن محمد تمیمی، اصفہان میں عبدالوہاب بن مندہ، نیسابور میں فضل بن محب، ہرات میں محمد بن ابی مسعود فارسی، جرجان میں اسمٰعیل بن مسعدہ، آمد میں قاسم بن احمد اصفہانی خیاط انہوں نے آپ کو ابن جشنس عن ابن صاعد سے حدیث بیان کی نیز آپ نے استرآباد میں ہلال حفار کے شاگرد علی بن عبدالملک حفصی سے بھی استفادہ کیا، بوشنج میں عبدالرحمان بن محمد بن عفیف، بصرہ میں عبدالملک بن شعبہ، دینور میں ابوبکر بن لال کے شاگرد ابن عباد سے، رے میں ابوزکریا مزکی کے شاگرد اسماعیل بن علی سے، سرخس میں محمد بن مظفر سے حدثہ عن ابی اللیث عن ابی جعفر بن البختری، قزوین میں ابوعمر بن مہدی کے شاگرد محمد بن ابراہیم عجلی سے کوفہ میں ابوالقاسم حسین بن محمد سے، موصل میں ہبۃ اللہ بن احمد مقری اور مرو میں [illegible] سے علم حدیث کا سماع کیا۔ اس کے علاوہ مرو الروذ، رحبہ، نوقان، حرمین شریفین، نہاوند، ہمدان، واسط، ساوہ، اسد آباد، انبار، اسفرائن، آمل، اہواز، بسطام، خسروجرد اور دیگر شہروں میں بھی پہنچے اور وہاں کے سرچشمہ ہائے علم سے اپنی پیاس بجھائی۔

آپ سے استفادہ کرنے والوں میں شیرویہ بن شہردار، ابوجعفر بن ابی علی، ابونصر غازی، عبدالوہاب انماطی ابن ناصر، سلفی اور ان کے صاحبزادے ابوزرعہ، محمد بن اسماعیل طرطوسی اور دوسرے لوگ شامل ہیں

مرتبہ و مقام ابوالقاسم ابن عساکر کہتے ہیں میں نے حافظ محمد بن اسماعیل سے سنا ہے فرماتے تھے جن محدثین کو مجھے دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے ان میں ابن طاہر سب سے بڑے حافظ حدیث ہیں۔ ابوزکریا بن مندہ کہتے ہیں۔ ابن طاہر حافظ حدیث، صحیح العقیدہ، راست گو اور متبع سنت تھے، صحیح اور ضعیف کو خوب جانتے تھے۔ آپ نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں جن میں حدیث رسول کی اتباع کو ہمیشہ پیش نظر رکھا ہے سلفی کہتے ہیں میں نے ابن طاہر سے سنا ہے کہ میں نے رے میں صحیحین اور سنن ابی داؤد کو سات مرتبہ اور سنن ابن ماجہ کو دس مرتبہ اجرت پر لکھا ہے۔

سمعانی کہتے ہیں میں نے فقیہ ابوالحسن کرخی سے ابن طاہر کے متعلق پوچھا تو بولے روئے زمین پر ان کی نظیر نہیں ملتی

Marfat.c

داؤد ظاہری کے مذہب کے پیرو تھے۔ ایک دفعہ خود ہی کہنے لگے۔ میں نے داؤد کا مذہب اختیار کرلیا ہے میں نے کہا کیوں؟ بولے بس یوں ہی اتفاق ہوا ہے۔ میں نے پوچھا جن لوگوں کو آپ نے دیکھا ہے ان میں سب سے افضل کون ہے؟ فرمایا سعد زنجانی اور عبداللہ انصاری۔ ابومسعود عبدالرحیم حاجی کہتے ہیں۔ میں نے ابن طاہر سے سنا ہے فرماتے تھے طلب حدیث میں مجھے دو دفعہ خون کا پیشاب آنے لگا تھا ایک دفعہ بغداد میں اور دوسری دفعہ مکہ معظمہ میں میں سخت گرمی ننگے پاؤں سفر کرتا تھا جس کی وجہ سے مجھے یہ بیماری لاحق ہوگئی۔ تحصیل حدیث میں میں نے کبھی جانور پر سواری نہیں کی بلکہ اپنی کتابیں اپنی کمر پر اٹھا کر پیدل چلتا تھا۔ میں نے طالب علمی کے زمانہ میں کبھی کسی سے کوئی چیز نہیں مانگی جو مل جاتا اسی پر گذارا کرتا تھا آپ کے متعلق مشہور ہے کہ آپ سفر میں ہمیشہ دن رات ۲۰ فرسنگ (۶۰ میل) فاصلہ طے کرتے تھے اور انہیں اس پر قدرت حاصل تھی۔

نکتہ چینی اور اس کا جواب

دقاق اپنے رسالہ میں ان پر نکتہ چینی کرتے ہوئے لکھتے ہیں یہ ملامتی صوفی تھے پہلے رے اور پھر ہمذان میں سکونت پذیر تھے "صفوۃ التصوف" نامی کتاب کے مصنف ہیں بخاری، مسلم اور دیگر محدثین کے شیوخ کے بارہ میں انہیں معمولی واقفیت حاصل تھی۔

میں کہتا ہوں اے نکتہ چین! یہ تم سے کہیں زیادہ حافظ حدیث تھے۔ دقاق نے یہ بھی کہا ہے کہ مجھے ان کے متعلق بتایا گیا ہے کہ یہ ہر چیز کی اباحت کے قائل تھے۔

میں کہتا ہوں آپ پکے مسلمان تھے سنت کے پابند تھے عملیات میں حدیث کو کبھی نظر انداز نہیں کرتے تھے۔ ہاں سماع کی اباحت کے قائل تھے مطلق اباحت سے جو زندقہ اور کفر کی قسم ہے کوسوں دور تھے۔

ابن ناصر کہتے ہیں ابن طاہر قابل حجت نہیں انہوں نے بے ریشوں کی طرف دیکھنے کے جواز میں ایک کتاب لکھی ہے اور ہر چیز کی اباحت کے قائل تھے۔

میں کہتا ہوں یہ اہل ظاہر میں سے ہیں اور یہ بات مشہور ہے کہ ظاہریوں کے نزدیک خوبصورت چہروں کو دیکھنا جائز ہے

ابوسعد سمعانی کہتے ہیں میں نے حافظ اسمٰعیل سے ابن طاہر کے متعلق پوچھا پہلے تو انہوں نے توقف سے کام لیا پھر ان کی برائی بیان کی۔ میں نے حافظ ابن عساکر کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ابن طاہر نے صحیحین، سنن ابی داؤد، جامع ترمذی، سنن نسائی اور ابن ماجہ کے اطراف پر ایک کتاب لکھی ہے جس میں کئی مقامات پر فحش غلطیوں کا ارتکاب کیا ہے۔

ابن ناصر کہتے ہیں یہ بہت غلط گو اور عربی الفاظ میں تصحیف کے خوگر تھے۔ ایک دن انہوں نے حدیث کا ایک مشہور ٹکڑہ یوں پڑھا وان جبینہ لیتقصد عرقا میں نے عرض کیا یہ لفظ لیتقصد فا کے ساتھ ہے قاف کے ساتھ نہیں مگر وہ برابر اسی پر اڑے رہے اور میری بات نہ مانی۔

سلفی کہتے ہیں آپ مشہور فاضل ہیں لیکن الفاظ میں لغوی غلطیاں بکثرت کرجاتے ہیں۔ مجھے مؤتمن نے بتایا کہ یہ ہرات میں شیخ الاسلام انصاری کی خدمت میں رہتے تھے شیخ ان کی بات پر بار بار سر ہلاتے اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھتے تھے۔

Marfa

پیدائش اور سماع حدیث ابن طاہر خود کہتے ہیں میری پیدائش شوال ۴۴۸ھ میں ہوئی ۶۰ھ میں میں نے حدیث کا سماع شروع کیا اور مزید تعلیم کے لئے ۶۷ھ میں بغداد میں داخل ہوا۔ پھر میں گھر واپس آگیا بیت المقدس سے احرام باندھا اور حج کے لئے مکہ معظمہ روانہ ہوگیا۔

ابن عساکر کہتے ہیں آپ کی تصنیف کردہ کتابوں کی فہرست بہت طویل ہے اور ان میں اوہام بھی بہت زیادہ ہیں۔ شعر البتہ اچھے کہتے تھے لیکن نحو میں کچھ ماہر نہیں تھے۔

اشعار مبارک بن کامل کہتے ہیں مجھے ابن طاہر نے اپنے یہ اشعار سنائے۔

(۱) سار وا بہا کالبدر فی ہودج — یمیس مخوفا با ترابہ !

(۲) فاستعبرت تبکی فعاتبتہا — خوفا من الواشی و اصحابہ

(۳) وقلت لاتبک علی ہالک — بعدک ما یبقی علی مابہ

(۴) للموت ابواب و کل الوری — لابد ان یدخل من بابہ

(۵) واحسن الموت بابل الہوی — من مات من فرقۃ احبابہ

رقیب چاند جیسی محبوبہ کو کجاوے میں سوار کر کے لے چلے جو اپنی ہمجولیوں میں گھری ہوئی جارہی تھی۔ وہ فراق کے صدمہ سے آنکھوں میں آنسو بھر لائی اور رونے لگی لیکن میں نے اسے چغلخور اور اس کے ساتھیوں کے خوف سے رونے سے منع کیا۔ اور میں نے کہا اپنے بعد ہلاک ہونے والے عاشق پر مت رو جب تک وہ راہ عشق پر گامزن ہے۔ موت کے دروازے ہیں اور سب مخلوق نے لازمی طور پر اس کے دروازہ میں داخل ہونا ہے۔ عشاق میں بہترین موت اس شخص کی ہے جو اپنے محبوب کی جدائی میں جان دے دے۔

عام حالات شیرویہ تاریخ ہمدان میں لکھتے ہیں ابن طاہر نے ہمدان میں مکان تعمیر کیا اور وہاں سکونت پذیر ہو گئے آپ ثقہ اور حافظ حدیث تھے۔ صحیح اور ضعیف حدیث کو خوب جانتے تھے رجال اور متون کے متعلق انہیں معرفت تامہ حاصل تھی۔ آپ کی تصانیف کا دائرہ بہت وسیع تھا حافظہ عمدہ تھا اتباع سنت آپ کا اوڑھنا بچھونا تھا اور فضولیات اور تعصب سے دور بھاگتے تھے ہلکے پھلکے جسم کے باوجود چلنے میں بڑے قوی تھے۔

شجاع ذہلی کہتے ہیں ابن طاہر نے حج سے واپسی پر ۳ حج کے دن ربیع الاول اور بقول ابوالمعمر نصف ربیع الاول ۵۰۷ھ میں بغداد میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوقتادہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں آئے تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت پڑھے۔

یہ حدیث صحیح ہے اس کی صحت پر سب کا اتفاق ہے لیکن یہ امر استحباب کے لئے ہے ائمہ حدیث اس کو امام

fat.com

مالک بن انس اور عبداللہ بن سعید بن ابی ہند وغیرہ عن عامر بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں لیکن ہماری ذکر
سند سے یہ حدیث غریب ہے۔ واللہ اعلم۔

۱۰۵۴ ۲۲/۱۵ امام ابن مَرْزُوق ہَرَوی

آپ کی کنیت ابوالخیر اور نام عبداللہ بن مرزوق ہے ہرات کے رہنے والے صاحب اتقان حافظِ حد
اور شیخ الاسلام ابواسماعیل انصاری ہروی کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ آپ ۴۴۱ھ میں پیدا ہوئے
آپ نے ہرات میں ابوعمر ملیحی، اپنے آقا شیخ الاسلام ابواسماعیل، احمد بن ابی نصر کوفانی اور متعدد دیگر علماء سے
بغداد میں ابوالقاسم بن بسری اور ابونصر زینبی سے، بلبیس میں ابوالفضل محمد بن احمد عارف سے، رے میں یحییٰ بن
شریف اور اصفہان میں عبدالرحمان بن مندہ اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ اس کے علا
ہمدان، کوفہ اور واسط کے علماء سے بھی مستفید ہوئے اور اس فن پر خصوصی توجہ مبذول فرمائی۔ آپ حفظ، معرفت
حسنِ سیرت کے ساتھ متصف تھے۔ ثقلِ سماعت کے عارضہ میں مبتلا تھے جس میں بڑھاپے میں بہت زیادہ اضاف
گیا۔ آپ سے معدودے چند طلبا نے حدیث کا سماع کیا ہے۔ اصفہان میں مستقل رہائش اختیار کر لی تھی۔

مرتبہ و مقام حافظ اسماعیل کہتے ہیں آپ صاحبِ ضبط و اتقان اور حافظِ حدیث تھے۔ ابوموسیٰ مدینی
ہیں ہم سے حافظ، زاہد اور عالم ابوالخیر ہروی نے حدیث بیان کی۔ آپ بہت اونچا سنتے تھے
ابوموسیٰ کہتے ہیں آپ نے جمادی آخرہ ۵۰۷ھ میں انتقال فرمایا۔
یونارتی کہتے ہیں ابوالخیر حفاظِ حدیث کی صحبت میں رہے ہیں اور انہوں نے ان کی مجالس خصوصی میں شرکت
ہے۔ آپ کا حافظہ قوی تھا۔ طلبِ علم میں صادق اور حدیث سے والہانہ محبت رکھتے تھے۔ اس فن میں آپ کی تو
روز افزوں تھی۔

۱۰۵۵ ۲۳/۱۵ امام مُؤتمن بن علی بن حسین دَیرِ عاقولی بغدادی

آپ کی کنیت ابونصر، نام مُؤتمن بن علی بن حسین اور لقب محدثِ بغداد ہے دیر عاقول کے رہنے والے متا
حافظِ حدیث ہیں البتہ ساجی کے نام سے زیادہ مشہور ہیں۔
آپ نے بغداد میں ابوالحسین بن نقور، عبدالعزیز بن علی انماطی، ابوالقاسم بن بسری، عبداللہ بن حسن خلال، ا
نصر زینبی، اسماعیل بن مسعدہ اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ اس سے پہلے حافظ ابوبکر خطیب
صور میں، ابوعثمان بن درقاء سے بیت المقدس میں اور حسن بن مکی شیرازی سے حلب میں اکتسابِ فیض کر چکے تھے نیز
اصفہان میں ابوعمرو بن مندہ اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم، نیسابور میں ابوبکر بن خلف اور اس طبقہ کے دیگر محدثین
ہرات میں شیخ الاسلام ابواسماعیل انصاری اور اس طبقہ کے باقی علماء اور بصرہ میں ابوعلی تستری اور اس طبقہ کے دوسر

آئمہ سے بھی سماع کیا۔ بغداد میں عرصہ دراز تک تحصیل علم میں منہمک رہے پھر زاہدانہ زندگی اختیار کی اور دنیا سے انقطاع کر لیا اور ہمہ تن اس فن کی خدمت کے لئے وقف ہو گئے۔

آپ سے سعد الخیر اندلسی، ابن ناصر، ابوالمعمر انصاری، محمد بن ابی بکر شیحی، ابوطاہر سلفی، ابوسعد بن بغدادی، محمد بن علی بن فولاد اور دوسرے لوگوں نے استفادہ کیا

مرتبہ و مقام

ابوالوقت کہتے ہیں جب شیخ الاسلام انصاری مؤتمن کو دیکھتے تو فرماتے جب تک یہ زندہ ہیں کسی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ بولنے کی جرأت نہیں ہو سکتی ضیاء بن ہبۃ اللہ کہتے ہیں۔ میں نے امام سلفی سے ساجی کے متعلق پوچھا تو فرمایا حافظ اور متقن ہیں میں نے ان سے بہتر حدیث کی قرأت کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔ بچپن میں شیخ ابواسحاق سے علم فقہ سیکھا ابن صباغ سے کتاب شامل اپنے قلم سے لکھی پھر شام کا سفر اختیار کیا اور عرصہ تک بیت المقدس میں اقامت کی۔ مجھ سے فرماتے تھے میں نے حافظ خطیب سے ایک حدیث کا سماع کیا ہے ان کے پاس ان کی اصل کتاب نہیں تھی۔ میں نے ان کی صحبت سے بہت فائدہ حاصل کیا ہے۔

ابونصر فاہی کہتے ہیں مؤتمن ہرات میں تقریباً ۱۰ سال رہے بہت علم پڑھا اور جامع ترمذی کو چھ دفعہ لکھا۔ آپ میں بردباری، قناعت اور عفت کے اوصاف بدرجہ اتم پائے جاتے تھے بامقصد اعمال میں مصروف رہنا آپ پر موقوف تھا سمعانی کہتے ہیں۔ میں نے عراق میں فن حدیث کو سمجھنے والے صرف دو ہی آدمی دیکھے ہیں بغداد میں مؤتمن اور اصفہان میں اسماعیل تیمی۔

یحییٰ بن مندہ کہتے ہیں ساجی ہمارے ہاں آئے اور میرے والد سے کتاب "معرفۃ الصحابہ" کتاب التوحید "امالی" اور میرے دادا کی تصنیف کردہ کتاب "حدیث ابن عیینہ" پڑھی جب "غرائب شعبہ" نامی کتاب پڑھنے لگے اور ریشم پہننے کے متعلق حضرت عمر کی حدیث تک پہنچے تو ابھی یہ حدیث ختم ہی کی تھی کہ والد ماجد کی روح قفص عنصری سے پرواز کر گئی۔ یہ عشاء کے بعد کا واقعہ ہے اور ہماری آنکھوں کے سامنے رونما ہوا ہے۔ اس کے بعد ابن طاہر آئے اور ان کی کتابوں میں سے ایک جزء ہم نے ان سے پڑھا جس میں یوں تحریر تھا۔

ہم نے اصفہان میں اپنے دوستوں سے سنا ہے کہ ساجی نے کتاب معرفۃ الصحابہ ابوعمرو سے ان کی وفات کے بعد پوری کی ہوا یوں جب انہوں نے پڑھنا شروع کیا تو وہ نزع کی حالت میں تھے یہ پڑھتے رہے اور ان کا انتقال ہو گیا کسی نے چیخ کر کہا شیخ کو غسل دے کر چھوڑ دو گے؟ جب میں نے یہ حکایت سنی تو میں نے کہا ایسا ہرگز نہیں ہوا اس کی اصلاح ہونی چاہئے یہ واقعہ غلط ہے ساجی والد صاحب کی وفات سے دو مہینہ پہلے کتاب معرفۃ الصحابہ پڑھ کر فارغ ہو چکے تھے۔ بغداد مؤتمن پرہیزگار، زاہد اور فقر و فاقہ پر صبر کرنے والے تھے رحمہ اللہ تعالیٰ۔

وفات

ابن ناصر کہتے ہیں میں نے مؤتمن سے ان کی پیدائش کے متعلق سوال کیا تو بولے میری پیدائش صفر ۴۴۵ھ میں ہوئی اور صفر ۵۰۷ھ میں فوت ہوئے میں نے ان کا جنازہ پڑھا آپ عالم، سمجھدار، ثقہ اور مامون تھے۔

سلفی کہتے ہیں مؤتمن ساجی فرماتے تھے بغداد نے امام دارقطنی کے بعد ابوبکر خطیب سے بڑا کوئی حافظ حدیث

fat.com

پیدا نہیں کیا۔ مؤتمن ساجی کہتے ہیں حافظ ابوبکر خطیب فرمایا کرتے تھے جس نے کتاب لکھی اس نے اپنی عقل پلیٹ میں رکھ کر لوگوں کے سامنے پیش کردی۔

۲۴/۱۰۵۶ امام ادیب اَعمش ہَمدانی

آپ کی کنیت ابوالعلاء، نام حمد بن نصر بن احمد اور لقب اعمش ہے ہمدان کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں اور ثقہ اور کثیر العلم شیخ ہیں۔

آپ نے ہمدان میں عبیداللہ بن حافظ ابن مندہ، ابومسلم بن غزو نہاوندی، ابومحمد بن ماہلہ اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کا سال پیدائش ۴۳۱ھ ہے۔ آپ سے ابوطاہر سلفی، ابوالعلاء عطار، طائی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام فنِ حدیث میں مہارت کے ساتھ ساتھ امام احمد بن حنبل کی فقہ سے خوب واقف تھے، سنت کے حامی اور لغتِ عرب کے عالم تھے۔ ہمدان میں آپ کا بے حد احترام کیا جاتا تھا متعدد مجالس میں آپ نے زبانی یادداشت پر اعتماد کرتے ہوئے حدیث املا کرائی۔ ابوسعد سمعانی کہتے ہیں آپ نے مجھے اپنی تمام مرویات کی اجازت دی تھی۔ آپ حافظ، ثقہ اور حدیث کو جاننے والے تھے بہت علم سیکھا پھر اسے لکھایا اور پڑھایا۔ اپنے شیوخ کا بڑے احترام سے تذکرہ کرتے تھے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حافظ احمد بن عمر زجاج کا یہ قول ملا ہے کہ:۔

جب حافظ صالح بن احمد ہمدان میں حدیث املا کرانے کے لئے بیٹھے تو اپنی زمین سات سو دینار میں بیچ کر ساری رقم حدیث لکھنے والے محدثین میں تقسیم کردی۔

یہ واقعہ ابوسعد سمعانی نے اپنے ایک استاذ کے واسطہ سے سلفی سے بیان کیا ہے یوں سمجھئے کہ میں نے یہ واقعہ ابو سعد سے خود سنا ہے۔

سمعانی کہتے ہیں امام حمد اعمش شوال المکرم ۵۱۲ھ میں فوت ہوئے۔ اور اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی انتقال کیا۔

امیر المؤمنین مستظہر باللہ احمد بن مقتدی، مفتی ماوراء النہر شمس الائمہ ابوالفضل بکر بن محمد بخاری زرنجری۔ آپ شمس الائمہ سرخسی اور شمس الائمہ حلوانی کے شاگرد تھے۔ شیخ الحنفیہ علامہ نور الہدیٰ ابوطالب حسین بن محمد ہاشمی زینبی۔ آپ کریمہ مروزیہ سے صحیح بخاری کے راوی ہیں بغداد میں فوت ہوئے علامہ اصولی ابوالقاسم سلمان بن ناصر انصاری آپ نے عمر دراز پائی، عمر رسیدہ بزرگ ابوالعلا عبید بن محمد قشیری نیساپوری ۹۵ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ آپ عبدالقاہر بن طاہر اصولی کے سب سے آخری شاگرد ہیں، ابوعبداللہ عیسیٰ بن شعیب سجزی آپ مشہور محدث ابوالوقت کے والد ہیں سو سال سے زیادہ زندہ رہے آپ علی بن بشری سے سماع کرنے میں متفرد ہیں، علامہ ابوعبداللہ محمد بن عتیق تیمی قیروانی اشعری آپ ابنِ ابی کدیہ کے نام سے مشہور تھے آپ نے مصر میں ابنِ نفیس سے قرآن پڑھا تھا اور حافظ محمود بن فضل اصفہانی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت براء بن عازب کی یہ حدیث ملی ہے کہ :-
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ریشمی حلہ ہدیہ میں پیش کیا گیا۔ صحابہ کرام ہاتھ میں لے کر اس کی نرمی پر تعجب کرنے لگے۔ آپ نے فرمایا جنت میں سعد بن معاذ کے ہاتھ صاف کرنے کے لئے رومال اس سے بدرجہا بہتر ہیں۔
یہ حدیث بخاری اور مسلم نے شعبہ کے واسطہ سے بیان کی ہے۔

۱۰۵۷ ۲۵/۱۵ امام ابن مَنْدہ اَصْفَہانی عَبْدی

آپ کی کنیت ابوزکریا، نام یحییٰ بن عبدالوہاب بن حافظ ابی عبداللہ محمد بن اسحاق اور لقب ابن مندہ ہے۔ اصفہان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں اور اصفہان کے مشہور حافظ حدیث یحییٰ بن مندہ کی اولاد سے ہیں۔
آپ نے اپنے والد، اپنے دونوں چچا حافظ عبدالرحمان اور عبیداللہ تاجر، امام طبرانی کے شاگرد ابوبکر بن ریذہ، ابوالشیخ کے شاگرد ابوطاہر بن عبدالرحیم، ابوالعباس احمد بن محمد قصاص، احمد بن محمود ثقفی، محمد بن علی جصاص، بحرویہ کے نواسہ ابراہیم بن منصور، ابوالفتح علی بن محمد دیلمی، محمد بن علی بن حسین جوزدانی، ابوبکر احمد بن منصور مغربی، سعید عیار، ابوالولید حسن بن محمد دربندی ابوالفضل عبدالرحمان بن احمد رازی زاہد، ابوبکر بیہقی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے علم حدیث کا سماع کیا نیز آپ کو ابوطالب بن غیلان اور ایک دوسری جماعت سے اجازت حاصل ہے آپ نے ۴۹۸ھ میں حج بیت اللہ کیا اور بغداد میں حدیث کی املا کرائی۔
آپ سے عبدالوہاب انماطی، یحییٰ بن عبدالغافر بن صباغ، علی بن ابی تراب، ابن ناصر سلفی، عبدالحق یوسفی، ابو محمد بن خشاب اور دوسرے لوگوں نے حدیث بیان کی ہے آپ کے تلامذہ میں سے محمد بن اسماعیل طرطوسی کی سب سے آخر میں موت واقع ہوئی۔

مرتبہ و مقام ابوسعد سمعانی نے آپ کا تذکرہ لکھا ہے اور کہا ہے آپ ثقہ، جلیل القدر، وسیع الروایت اور کثیر الفضائل حافظِ حدیث تھے، بے داغ سیرت کے حامل، کثیر التصانیف، راست گفتار اور تکلف سے دور رہنے والے تھے۔ اپنے زمانہ میں اپنے خاندان کے دُر یکدانہ تھے آپ نے اپنی اور ہمارے مشائخ سے ایک جماعت کی تاریخ لکھی تھی اور مجھے اپنی جملہ مسموعات کی اجازت مرحمت فرمائی تھی میں نے حافظ اسماعیل بن محمد سے ان کے متعلق پوچھا تو انہوں نے آپ کی تعریف کی اور آپ کو حفظ، معرفت اور درایت کے اوصاف جلیلہ سے متصف بنایا۔ میں نے حافظ محمد بن ابی نصر فتوانی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ خاندان بنو مندہ کی ایک یحییٰ سے ابتدا ہوئی اور ایک یحییٰ پر اس کا خاتمہ ہوا۔ میں نے یونارتی کی تحریر میں پڑھا ہے کہ یحییٰ بن مندہ کی تاریخ پیدائش شوال ۴۳۲ھ ہے۔
معمر بن فاخر لکھتے ہیں آپ عید قربان کے دن ۱۱ھ کو فوت ہوئے اور ایک قول کے مطابق آپ کی وفات ۱۲ ذی الحج کو ہوئی۔

اس سال درج ذیل محدثین نے بھی انتقال فرمایا۔

شیخ القرا خطیب قرطبہ ابوالقاسم خلف بن ابراہیم بن نخاس آپ ۸۴ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ شیخ بغداد ابوطاہر عبدالرحمان بن احمد یوسفی، مسندِ اصفہان ابوالقاسم غانم بن محمد برجی اصفہانی آپ ۹۴ سال کی عمر میں فوت ہوئے اور ابنِ شاذان سے سب سے آخر میں سماع کرنے والے مسندِ عراق ابوعلی محمد بن سعید کرجی کاتب۔

مجھے ان کے واسطہ سے حریز بن عثمان کی یہ حدیث ملی ہے کہتے ہیں۔

میں نے عبداللہ بن بسر سے پوچھا کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں سفید بال موجود تھے؟ بولے آپ کے سر میں چند بال سفید تھے جو تیل لگانے پر سیاہ بالوں میں چھپ جاتے تھے۔

۱۰۵۸ ۲۶/۱۵ امام محمود بن فضل بن محمود نزیلِ بغداد

آپ کی کنیت ابونصر، نام محمود بن فضل، اصفہان کے رہنے والے ممتاز حافظ حدیث اور مشہور عالم ہیں۔ آپ کی ذات سے ایک عظیم جماعت کو فائدہ پہنچا آپ نے عمر کا آخری حصہ بغداد میں فروکش ہو کر گزارا۔

آپ نے عبدالرحمان بن مندہ۔ ان کے بھائی عبدالوہاب، ابوالفضل بزانی، ابوبکر بن ماجہ، عائشہ بنت حسن ورکانیہ اور اس طبقہ کے دیگر علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے روایت کم کی ہے غریب الدیار طلبہ کے ساتھ آپ کا سلوک قابل تعریف تھا۔ انہیں فائدہ پہنچانے میں مسرت محسوس کرتے تھے آپ نے بڑی طویل اور ضخیم کتابیں نقل کی ہیں۔

مرتبہ و مقام شیرویہ دیلمی کہتے ہیں آپ ہمارے ہاں ہمدان آئے تھے۔ ثقہ اور حافظِ حدیث تھے۔ فنِ حدیث کو اچھی طرح جانتے تھے۔ اسماء الرجال اور انساب سے واقف تھے۔ طلبہ سے آپ کا سلوک ہمدردانہ تھا اور بے داغ سیرت کے حامل تھے۔ دوسرے محدثین لکھتے ہیں۔ آپ نے بغداد میں تلامذہ، طراد زینبی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے استفادہ کیا تھا۔ آپ ابوطالب بن غیلان کے تلامذہ اور ان سے نچلے طبقہ کے لوگوں سے بھی ملے۔ حتیٰ کہ ابوالقاسم بن بسری وغیرہ کے شاگردوں سے بھی حدیث لکھی۔

آپ سے حدیث بیان کرنے والوں میں ابن ناصر، ابوالفتح بن عبدالسلام کاتب اور مبارک بن کامل وغیرہ شامل ہیں

عام حالات سلفی کہتے ہیں ہمارے رفیق محمود بن فضل حدیث پڑھتے تھے اور عالی اور نازل کے لکھنے میں تمیز نہیں کرتے تھے۔ میں نے ان کو نازل کے لکھنے سے منع کیا تو بولے جب میں ان لوگوں کا سماع دیکھتا ہوں تو لکھنے سے صبر نہیں کر سکتا۔ میں نے ان کے انتقال کے بعد ان کو خواب میں تو پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے؟ جیب سے ایک کتاب نکال کر بولے اس کے بدلہ میں معاف کر دیا ہے۔

آپ نے جمادی اول ۵۱۲ھ میں وفات پائی۔

۱۰۵۹ ۲۷/۱۵ امام ابن سکرۃ صدفی شرقسطی اندلسی

آپ کی کنیت ابوعلی اور نام حسین بن محمد بن فیرۃ بن جیون ہے۔ اندلس کے رہنے والے باکمال حافظ

t.com

حدیث ہیں۔

آپ نے ابوالولید باجی اور ایک جماعت سے سماع کیا ہے بلنسیہ میں ابوالعباس بن دلہاث غدری اور مریہ میں محمد بن سعدون قرووی سے استفادہ کیا۔ پھر ۴۸۱ھ میں حج بیت اللہ کے لئے مکہ معظمہ تشریف لے گئے۔ حج سے فارغ ہو کر ابواسحاق حبال کی خدمت میں رہے انہوں نے ان کو اجازت مرحمت فرمائی ان سے سماع نہ کر سکے کیونکہ مصری خلفاء نے حبال کو حدیث پڑھانے سے منع کر رکھا تھا۔ آپ نے بصرہ میں عبدالملک بن شعبہ، حفص بن محمد عبادانی اور متعدد دوسرے لوگوں سے بغداد میں علی بن حسین بن قریش، عاصم بن حسن مالک بن احمد بانیاسی اور ابو عبداللہ حمیدی، واسط میں ابوالمعالی بن عبدالسلام بن احمولہ اور انبار میں ابوالحسن بن اخضر خطیب سے سماع کیا۔ ابوبکر شاشی سے علم فقہ حاصل کیا اور دمشق میں فقیہ نصر مقدسی سے استفادہ کرنے کے بعد علم کثیر لے کر اندلس کی طرف مراجعت فرمائی۔ مریہ میں سکونت اختیار کی اور وہاں کی جامع مسجد میں قرآن حکیم پڑھانے اور حدیث پاک کا درس دینے کے لئے صدر مدرس مقرر ہوئے آپ کی شہرت سن کر لوگ دور دراز علاقوں سے استفادہ کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہونے لگے۔ آپ کو تجوید اور مختلف قرأت کا علم حاصل تھا یہ فن آپ نے حامی کے شاگردوں سے حاصل کیا تھا اس کے علاوہ آپ اسماء الرجال علل حدیث اور جرح و تعدیل میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ بڑے خوش خط تھے متن اور اسناد کو خوب ضبط کرنے والے تھے صحیحین اور جامع ابوعیسیٰ ترمذی مسلسل پڑھا کرتے تھے۔

عام حالات

ایک دفعہ آپ مریہ کے قاضی مقرر ہوئے مگر جلد ہی استعفیٰ دے دیا اور علم کی نشر و اشاعت اور تصنیف و تالیف میں مصروف ہو گئے آپ بردبار، نیکوکار، مکارم اخلاق اور عالم باعمل تھے ابن بشکوال کہتے ہیں جن لوگوں نے مجھے اجازت نامے مرحمت فرمائے آپ ان سب سے زیادہ بلند مرتبہ تھے۔ قاضی عیاض نے ابوعلی کے لئے ایک سو ساٹھ شیوخ کے حالات پر "المشیخہ" نامی کتاب لکھی ہے اس کے شاگرد [illegible] ابوعلی کو عہدہ قضا قبول کرنے کے لئے مجبور کیا گیا جسے انہوں نے قبول کر لیا مگر جلد ہی اسے چھوڑ کر روپوش ہو گئے ناچار حکومت کو ان کا استعفیٰ منظور کرنا پڑا۔

قاضی صاحب کہتے ہیں آپ قرآن حکیم مختلف قرأت کے مطابق پڑھ سکتے تھے قالون کی قرأت یزید بن رقاش تیمی سے اور بعض دوسری قرأت کے مطابق ابوالفضل بن خیرون سے تجوید حاصل کی تھی قاضی صاحب نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ فقیہ نصر بن ابراہیم مقدسی نے آپ سے تین حدیثیں سنی تھیں۔

میں کہتا ہوں آپ سے ابن صابر دمشقی، اس کے بھائی، ابوالمعالی محمد بن علی قرشی اور قاضی عیاض روایت کرتے ہیں قاضی عیاض نے آپ سے صحیح مسلم پڑھی تھی کہتے ہیں آپ نے ہمیں یہ کتاب ابوالعباس غدری عن احمد بن حسن بن بدران رازی کی سند سے پڑھائی تھی آخر میں لکھتے ہیں ابوعلی نے ۲۶ ربیع الاول ۵۱۲ھ میں تقریباً ۶۰ سال کی عمر میں اندلس کی سرحد پر قشتالہ کی لڑائی میں جام شہادت نوش فرمایا۔

آپ نے اپنے معتمد دوستوں کو اپنا مال [illegible] کے لئے دے رکھا تھا اس سے جو نفع حاصل ہوتا اس پر گذر بسر کرتے تھے

اس سال مندرجہ ذیل علماء کرام بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

مسند احمد بن علی بن بخاری بغدادی بزاز۔ آپ کو ابن البخوری یا ابن المبخر بھی کہا جاتا تھا کیونکہ آپ جمعہ کے دن لوگوں پر خوشبو چھڑکا کرتے تھے۔ آپ ۸۴ سال زندہ رہے ابن غیلان آپ کے ہاں رہائش پذیر تھے۔ مقری اسکندر ابو علی حسن بن خلف بن سمہ قزوینی۔ علامہ ابو نصر عبدالرحیم بن ابی القاسم قشیری نیسابوری، مقری اندلس ابوالحسن عبدالعزیز بن شفیع مری، مسند دمشق ابوالحسن علی بن حسین سلمی ابن الموازینی اور مسند اصفہان ابو منصور محمد بن اسماعیل صیرفی اشقر اصفہانی آپ نے ۹۳ سال عمر پائی۔ رحمہم اللہ تعالیٰ۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں ہر صدی میں بنو آدم کے بہترین خاندانوں میں بھیجا گیا ہوں۔ حتی کہ وہ خاندان آیا جس میں پیدا ہوا۔ ہمیں یہ حدیث صحیح میں تین درجہ عالی ملی ہے۔"

۱۰۶۰ ۲۸/۱۵ امام ابن مُفَوَّز مَعافِری شاطبی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن حیدرۃ بن مفوز ہے شاطبہ کے رہنے والے نامی گرامی حافظِ حدیث ہیں اور اپنے چچا طاہر حافظ اور ابو علی غسانی سے بہت زیادہ حدیث بیان کرتے ہیں۔

ان کے علاوہ محمد بن فرج طلاعی، ابو مروان بن سراج اور اس طبقہ کے دوسرے لوگوں سے بھی اکتسابِ فیض کیا ہے نیز آپ کو ابو عمر بن حذاء اور قاضی ابو الولید باجی سے بھی اجازت حاصل ہے۔

مرتبہ و مقام آپ حافظ، ضابط، عارف اور متقن تھے۔ علوم و فنونِ ادب کے ماہر تھے۔ قرطبہ میں حدیث پڑھایا کرتے تھے اور لوگوں کو فائدہ پہنچانے میں اپنے شیخ ابو علی غسانی کے خلیفہ و جانشین تھے۔ ابن حزم کے ردمیں میں نے ان کی ایک کتاب دیکھی ہے۔

آپ نے ۴۲ سال کی عمر میں ۵۱۵ھ میں وفات پائی۔

۱۰۶۱ ۲۹/۱۵ امام مفید دقّاق اِصْفَہانی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور نام محمد بن عبدالواحد بن محمد اور لقب دقاق ہے۔ اصفہان کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے طلبِ علم کے لئے دور دراز ممالک کا سفر کیا ہے۔ خود کہتے ہیں میں محدثین میں اپنے دوست ابو علی دقاق کی وجہ سے دقاق مشہور تھا۔ وہ مجھ سے پوچھتے تھے ہم کس نام سے تمہارے سماع کا تذکرہ کریں۔ میں نے کہا دقاق کے نام پر میری پیدائش محلہ جروآن میں تقریباً ۴۳۵ھ میں ہوئی تھی۔

میں نے ابو المظفر عبداللہ بن شبیب، احمد بن فضل باطرقانی، عبدالرحمان بن احمد رازی مقری، سعید عیار اور عبدالرحمان بن مندہ سے حدیث کا سماع کیا ہے ان کے علاوہ ابن المقری کے ۶ شاگردوں سے بھی مستفید ہوا ہوں۔ میں

t.com

نے پہلے پہل سرخس میں ۴۷۴ھ میں حدیث املا کرانا شروع کی تھی اور مجھ سے امام ابو عبداللہ عمیری نے سماع کیا تھا۔ میں علم حدیث پڑھنے کے لئے طوس، ہرات، مرو، بخارا، سمرقند، کرمان، جرجان اور نیشاپور گیا۔ اس کے بعد مختلف شہروں کے نام گننے لگے یہاں تک کہ ایک سو بیس شہروں کے نام شمار کئے۔ پھر کہا" جن لوگوں سے میں نے اصفہان میں حدیث لکھی ان شاء اللہ ان کی تعداد ایک ہزار سے زیادہ ہے اور سفر میں جن سے استفادہ کیا ان کا شمار بھی ایک ہزار سے زیادہ ہے"

مرتبہ و مقام امام دقاق صالح، فقیر اور عفیف تھے۔ سنت کی اتباع آپ کا طرۂ امتیاز تھا۔ اپنے شیخ عبدالرحمان کی بے حد تعظیم و تکریم کرتے تھے اور اشعریوں کے سخت مخالف تھے۔ سلفی کہتے ہیں میں نے حافظ اسماعیل بن محمد سے کہتے ہوئے سنا ہے میرے علم میں ایسا کوئی شخص نہیں جو غریب احادیث اور غریب اسانید کو ابو عبداللہ دقاق سے زیادہ یاد رکھنے والا ہو۔

میں کہتا ہوں آپ سے ابو طاہر سلفی، ابو سعید محمد بن عبدالواحد صائغ، نبیل بن ابی الرجاء اور ایک دوسری جماعت نے حدیث کی تعلیم حاصل کی۔ محدثہ کریمہ کو بھی آپ سے سماع حاصل تھا۔

حافظ ابو عبداللہ دقاق کا بروز جمعرات ۶ شوال ۵۱۶ھ میں انتقال ہوا۔

میں کہتا ہوں اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے جان جان آفرین کے سپرد کی۔

مسند ابو علی حسن بن محمد بن اسحاق باخرزی۔ آپ بغداد میں ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند کبیر ابو طالب عبدالقادر بن محمد بغدادی آپ کی عمر ۸۰ سے چند سال زیادہ تھی۔ علامہ شیخ الادب ابو محمد قاسم بن علی حریری صاحب مقامات حریری۔ شیخ المقرئین ابو القاسم عبدالرحمان بن ابی بکر صقلی آپ "التجرید" نامی کتاب کے مصنف ہیں اور اسکندریہ میں فوت ہوئے۔ حافظ ابو محمد سمرقندی اور محی السنہ امام ابو محمد بغوی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کو اللہ تعالیٰ نے ۶۰ سال عمر عطا کی اس کے تمام عذاب اس سے دور کر دیئے۔

نیز ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آب زمزم کھڑے ہو کر پیا۔

۱۰۶۲ ۳۰/۱۵ امام فقیہ مجتہد بغوی شافعی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام حسین بن مسعود بن محمد بن فراء اور لقب محی السنۃ ہے۔ آپ بستی بغ کے رہنے والے جلیل القدر اور نامی گرامی حافظ حدیث ہیں۔ معالم التنزیل، شرح السنۃ، التہذیب اور المصابیح وغیرہ آپ کی مشہور تصانیف ہیں۔

آپ نے "التعلیق" کے مصنف قاضی حسین سے علم فقہ حاصل کیا اور ان سے اور ابو عمر عبدالواحد بن احمد ملیحی

Marfat.com

ابو الحسن عبد الرحمان بن محمد داودی، یعقوب بن احمد صیرفی، علی بن یوسف جوینی اور ابو الحسن محمد بن محمد شیرازی سے حدیث پڑھی۔

اور آپ سے ابو المنصور محمد بن اسعد عطاری المعروف بحفدہ، ابو الفتوح محمد بن محمد طائی اور اہل مرو نے اکتساب فیض کیا۔

مرتبہ و مقام خلوصِ نیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کی تمام تصانیف میں برکت عطا فرمائی ہے جن سے مخلوقِ خدا کو بے پایاں نفع ہوا۔ آپ عالمِ ربانی تھے۔ آپ کا سارا وقت عبادت و ریاضت میں گذرتا تھا معمولی گذران پر قانع تھے۔ خشک اور سوکھی روٹی کھاتے تھے بعد میں علماء کے زور دینے پر کھانے کے ساتھ زیتون کا تیل استعمال کرنا شروع کر دیا تھا۔ آپ کے والد پوستین بناتے اور ان کی تجارت کرتے تھے، غالب گمان یہ ہے کہ آپ ۸۰ سال کی عمر کو پہنچ گئے تھے آپ کا دوسرا لقب رکن الدین تھا آپ سے آخر میں بذریعہ اجازت روایت کرنے والے ابو المکارم فضل اللہ بن محمد توقانی ہیں جو تقریباً چھٹی صدی ہجری تک زندہ رہے نیز ہمارے شیخ فخر علی مقدسی کو اجازت مرحمت فرمائی۔

وفات امام محی السنۃ نے شوال ۵۱۶ھ میں شہر مرو الروذ میں داعیِ اجل کو لبیک کہا اور اپنے شیخ قاضی حسین کے پاس دفن ہوئے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو صعصعہ مازنی کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

حضرت ابو سعید خدری نے ان سے کہا میں دیکھتا ہوں تمہیں بکریاں پالنے اور جنگل میں رہنے کا شوق ہے جب تم بکریوں کے پاس یا جنگل میں ہو اور نماز کے لئے اذان کہنے لگو تو خوب اونچی آواز سے اذان کہا کرو کیونکہ جہاں تک موذن کی آواز پہنچتی ہے اس کو سننے والے تمام جن وانس اور شجر و حجر قیامت کے دن اس کے حق میں شہادت دیں گے پھر حضرت ابو سعید خدری نے فرمایا میں نے یہ حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے۔"

۱۰۶۳ ۳۱/۱۵ مُحدّث امام شِیرَوَیہ بن شَہردار بن شِیرَوَیہ بن فَنّاخرہ

آپ ہمدان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں۔ تاریخ ہمدان اور کتاب الفردوس کے مصنف ہیں۔ آپ نے ہمدان میں یوسف بن محمد بن یوسف مستملی، سفیان بن حسین بن فنجویہ، عبد الحمید بن حسن فقاعی، ابو الفضل محمد بن عثمان قومسانی، ابو الفرج علی بن محمد جریری، احمد بن عیسی دینوری اور دوسرے لوگوں سے، اصفہان میں عبد الوہاب بن مندہ اور اس طبقہ کے اہل علم سے اور بغداد، قزوین اور دوسرے شہروں میں ابو المنصور بن عبد الباقی بن محمد عطار، ابو القاسم بن بسری اور دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔

مرتبہ و مقام:۔ یحیی بن مندہ کہتے ہیں آپ سمجھدار نوجوان تھے آپ کی جسمانی خوبصورتی اور اخلاقی حالت

قابل رشک تھی۔ سنت کے سخت پابند، ہوشیار اور کم گفتار تھے۔

میں کہتا ہوں آپ کی علمی قابلیت اچھی تھی لیکن حفظ و ضبط میں دوسرے آپ سے بڑھے ہوئے تھے۔

آپ سے آپ کے صاحبزادے شہردار، محمد بن فضل اسفرائینی، محمد بن ابی القاسم حافظ ابو العلاء احمد بن محمد بن فضل، حافظ ابو العلاء احمد بن حسن عطار، حافظ ابو موسیٰ مدینی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ایمان اور احتساب کے جذبہ سے سرشار ہو کر رمضان المبارک کے روزے رکھے اس کے سابقہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

آپ ۱۹ رجب ۵۰۹ھ کو راہی ملک عدم ہوئے۔

اس سال درج ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا

صاحب المجالس محتسب ابو عثمان اسماعیل بن محمد بن ملہ اصفہانی خطیب اور محدث صور ابو الفرج غیث بن علی صوری ارمنازی۔ آپ ۶۶ سال عمر پا کر فوت ہوئے آپ سے آپ کے شیخ حافظ ابو بکر خطیب نے حدیث لکھی تھی اور مفید ابو البرکات ہبۃ اللہ بن المبارک سقطی آپ بغداد میں فوت ہوئے آپ نے طلب علم کے لئے سفر کیا اور اس راہ میں مشکلات اور مصائب کا سامنا کیا۔ ایک جلد میں معجم لکھی بایں ہمہ آپ متہم تھے۔

۱۰۶۴ ۳۲/۱۵ محدث کوفہ امام نرسی کوفی

آپ کی کنیت ابو الغنائم، نام محمد بن علی بن میمون اور لقب ابی نرسی ہے۔ کوفہ کے رہنے والے بلند قدر حافظ حدیث اور معلم قرآن ہیں۔

آپ نے کوفہ میں محمد بن علی علوی، محمد بن اسحاق بن فدویہ، ابو طاہر محمد بن عطار، محمد بن محمد بن حازم اور چند دیگر علماء سے مکہ معظمہ میں کریمہ مروزیہ اور بغداد میں ابو اسحاق برمکی، ابو عبد اللہ بن حبیب قادسی، احمد بن محمد زعفرانی، احمد بن محمد بن قفرجل، ابو منصور بن سواق، ابو القاسم تنوخی اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ شام میں بھی ایک جماعت سے مستفید ہوئے آپ نے بہت سی کتابیں نقل کیں اور خود متعدد کتابیں لکھیں اور ایک معجم کی تخریج کی۔

اور آپ سے فقیہ نصر مقدسی، حمیدی، ابن خاضبہ، سلفی، ابن ناصر، معالی بن ابی بکر کیانی مسلم بن ثابت نحاس محمد بن حیدرہ، زیدی، ابو الفرج بن کلیب اور دوسرے بہت سے لوگ بطریق اجازت روایت کرتے ہیں

مرتبہ و مقام خود فرمایا کرتے ہیں سارے کوفہ میں میرے سوا کوئی اہل حدیث اور اہل سنت نہیں ہے آپ خطیب کوفہ کی نیابت میں خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے اور اکثر بغداد میں آنا جانا رہتا تھا ۴۲۴ھ میں پیدا ہوئے بیس سال کی عمر میں گھر سے نکل کھڑے ہوئے اور ۴۴۲ھ میں حدیث کا سماع شروع کیا

عبدالوہاب انماطی نے آپ کا تذکرہ لکھا ہے اور کہا ہے کہ آپ میں حفظ اور اتقان کے صفات بدرجہ اتم پائے جاتے تھے۔ محمد بن علی بن فولاد طبری کہتے ہیں میں نے حافظ ابوالغنائم سے سنا ہے فرماتے تھے میں بچپن میں اپنے اساتذہ سے قرآن پڑھتا تھا وہ حسن قرأت کی وجہ سے مجھے حضرت ابی بن کعب سید القراء کے ساتھ مشابہت کی بنا پر اُبَی کہا کرتے تھے۔

میں کہتا ہوں آپ نے عاصم کی قرأت کے مطابق اپنے استاذ علوی سے قرآن پڑھا تھا انہوں نے قاضی ابوعبداللہ حنفی سے پڑھا تھا اور آپ سے ابوالکرم شہرزوری نے پڑھا۔

ابن ناصر کہتے ہیں نرسی ثقہ، حافظ اور متقن تھے۔ ہم نے ان جیسا کوئی عالم نہیں دیکھا آپ قیام اللیل کے عادی تھے اور بلاناغہ نماز تہجد ادا کیا کرتے تھے۔ ایک دفعہ ابن سلفہ نے آپ کے سامنے ایک حدیث پڑھی آپ نے انکار کیا اور فرمایا یہ میری حدیث نہیں ہے جب وہ اس سلسلہ میں کلام کرنے لگے تو آپ نے فرمایا میں اپنی سب احادیث کو خوب جانتا ہوں ان کو مکرر سہ کرر پڑھتا ہوں اس لئے میری کوئی حدیث مجھ سے مخفی نہیں ہے ۴۹۸ھ کے بعد آپ کا معمول تھا کہ ہر سال رجب میں بغداد آتے اور اپنے اہل وعیال کا پیٹ پالنے کے لئے عید کے بعد تک اجرت پر کتابیں لکھنے میں مصروف رہتے ابوعامر عبدری آپ کی تعریف کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے یہ فن اُبَی نرسی پر ختم ہوگیا ہے۔

ایک دفعہ ابی بغداد میں بیمار ہوگئے اسی حالت میں انہیں کوفہ لے جایا جارہا تھا کہ راستہ میں حلہ کے مقام پر جان بحق ہوگئے آپ کی میت کوفہ میں لائی گئی اور آپ کو وہاں شعبان ۵۱۰ھ میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔

اس سال درج ذیل علما بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

خمیس حوزی، ابوبکر سمانی۔ ابوبکر حیری کے آخری شاگرد مسند خراسان ابوبکر عبدالغافر بن محمد شیرازی تاجر، مسند عراق ابوالقاسم علی بن احمد رزاز آپ ۹۷ سال کی عمر میں فوت ہوئے، فقیہ بغداد ابوالخطاب محفوظ بن احمد کلوذانی ازجی حنبلی آپ بہت سی کتابوں کے مصنف تھے ۸۷ سال کی عمر پاکر فوت ہوئے

مسند شام ابوطاہر محمد بن حسین حنائی دمشقی، مسند آذربیجان ابوالقاسم محمود بن سعادۃ ہلالی سلماسی آپ سو سال تک بقیدِ حیات رہے اور مسندِ ہرات بقیۃ المسندین ابوالفتح نصر بن احمد بن ابراہیم زاہد حنفی کہتے ہیں شیخ الاسلام نے ان کی احادیث تین جلدوں میں محفوظ کیں۔

مجھے ان کے واسطہ سے ابوالاحوص عن ابیہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

اس نے کہا اے اللہ کے رسول! میں کسی آدمی کے گھر جاتا ہوں تو وہ میری مہمانی نہیں کرتا اور مجھے کھانا نہیں کھلاتا جب وہ میرے گھر آئے تو میں بھی اس کے ساتھ یہی سلوک کروں یا اس کی مہمانی کروں؟ آپ نے فرمایا نہیں بلکہ اس کی مہمانی کرو۔"

t.com

۱۰۶۵ ۳۳/۱۵ محدث واسط امام خوزی واسطی

آپ کی کنیت ابوالکرم اور نام خمیس بن علی بن احمد ہے۔ واسط کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے واسط اور بغداد میں علی بن محمد ندیم، ابوالقاسم بن بسری بندار، ابونصر زینبی، ہبۃ اللہ بن جلخت اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ حدیث لکھی علم جمع کیا اور جرح و تعدیل میں مہارت پیدا کی۔ اور آپ سے ابوالجوائز سعد بن عبدالکریم، احمد بن سالم مقری، عبدالوہاب بن حسن فرضی، ابوطاہر سلفی، مقری عراق ابوبکر عبداللہ بن عمران باقلانی اور دوسرے لوگوں نے روایت کی ہے۔

مرتبہ و مقام سلفی کہتے ہیں میں نے خمیس خوزی سے متاخرین اہل واسط کے متعلق کچھ سوالات کئے جن کے انہوں نے تسلی بخش جواب دیئے۔ سلفی ان کے مداح تھے اور کہتے تھے آپ ثقہ عالم ہیں۔ میں جس کے حالات ان سے پوچھتا آپ مجھے زبانی لکھوا دیتے اور اس میں کوئی دقت محسوس نہیں کرتے تھے۔ خوز جس کی طرف انتساب کی وجہ سے آپ خوزی کہلاتے ہیں۔ واسط کی جانب ایک بستی ہے۔ ابن نقطہ کہتے ہیں آپ نے عبدالعزیز بن علی انماطی اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے بھی سماع کیا تھا۔ آپ کو علم حدیث اور علم ادب میں معرفت تامہ حاصل تھی۔

آپ شعبان ۴۴۲ھ میں پیدا ہوئے اور آپ کی وفات بھی شعبان ۵۱۱ھ میں ہوئی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ۔ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کیا (مسلسل روزہ رکھا) آپ کے صحابہ میں سے بھی کچھ آدمیوں نے وصال کیا آپ نے انہیں منع کیا۔ جب وہ وصال سے باز نہ آئے تو آپ نے ان کے ساتھ ایک دن وصال کیا۔ دوسرے دن پھر وصال کیا اگلی شام کو چاند ہو گیا۔ اس پر آپ نے فرمایا اگر مہینہ کچھ اور باقی ہوتا تو میں ان کے ساتھ اتنا وصال کرتا کہ تشدد پسند اپنا تشدد چھوڑ دیتے۔ اس مسئلہ میں میرا حکم ان جیسا نہیں۔ مجھے میرا رب کھلا پلا دیتا ہے۔

یہ حدیث صحیح ہے۔

۱۰۶۶ ۳۴/۱۵ مفید بغداد امام ابن السمرقندی

آپ کی کنیت ابومحمد اور نام عبداللہ بن احمد بن عمر ہے۔ بغداد کے رہنے والے قابل اعتماد حافظ حدیث اور مشہور محدث ابوالقاسم اسماعیل کے بھائی ہیں۔ آپ دمشق میں پیدا ہوئے۔ پہلے وہاں اور بعد میں بغداد میں پرورش پائی۔

آپ نے حافظ ابوبکر خطیب، عبدالعزیز کتانی، ابونصر بن طلاب، ابوالحسین بن نقور اور اس طبقہ کے دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ نیساپور میں فضل بن محمد اور ایک جماعت سے اور اصفہان میں ابومنصور

بن شکرویہ سے بھی استفادہ کیا۔ آپ نے فنِ حدیث پر پوری توجہ مبذول کی۔ اس راستہ میں آنے والی تکالیف کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا۔ بہت کچھ حاصل کیا اور جو کچھ پڑھا خوب سوچ سمجھ کر پڑھا۔ آپ صاحبِ صدق اور صاحبِ اتقان تھے۔ جلیل القدر مشائخ سے پڑھ کر وزیر نظام الملک کو سنایا کرتے تھے۔ آپ نے آٹھ جلدوں میں ایک معجم بھی لکھی تھی۔ بکثرت احادیث روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام حافظ سلفی سے آپ کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا عالم، فاضل اور ثقہ تھے عرصہ تک طلباء کو مستفید فرماتے رہے۔ آپ کو فنونِ ادب سے بہرۂ وافر ملا تھا۔ خوب واضح طور پر پڑھتے تھے جس سے سننے والے محظوظ ہوتے تھے۔ عبدالغافر بن اسمٰعیل کہتے ہیں۔ نوجوان اور حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے اس فن کے حفظ و ضبط میں بڑی ہمت صرف کی ہے۔ بلا کے ذہین اور معاملہ فہم تھے۔ دلپذیر گفتگو کرتے تھے۔ اپنے زمانہ کے حافظ تھے۔ دقاق لکھتے ہیں: ابن سمرقندی حافظ ابوبکر خطیب کی صحبت میں رہے ہیں اور ان سے شرفِ تلمذ رکھتے ہیں۔ آپ اشعریوں کے حامی تھے۔

میں کہتا ہوں انہوں نے خطیب سے بلاشبہ سماع کیا ہے لیکن اتنا نہیں جسے تلمذ کہا جا سکے انہوں نے دمشق میں ابوالقاسم حسین بن محمد حنائی اور محمد بن مکی سے بھی کسبِ فیض کیا ہے۔ آپ سے آپ کی صاحبزادی کمال، حافظ سلفی اور بقول ابنِ کامل یحییٰ بن یوسش ؟ اور دوسرے لوگوں نے روایت کی ہے۔

آپ ۴۴۴ھ میں پیدا ہوئے اور ربیع الآخر ۵۱۶ھ میں بغداد میں وفات پائی۔ مجھے آپ کے واسطہ سے ابوجعفر محمد بن علی کا یہ قول ملا ہے کہ سواد بن قارب حضرت عمر کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے اس سے پوچھا سواد! خدا کو حاضر ناظر جان کر بتاؤ کیا تم فن کہانت اچھی طرح جانتے تھے؟ سواد بولا! سبحان اللہ! امیرالمؤمنین! آپ نے مجھ سے وہ بات پوچھی ہے جو اپنے اہلِ مجلس میں سے کسی سے نہیں پوچھی۔ آپ نے فرمایا سواد اس پر تعجب کیوں کرتے ہو۔ ہم تو زمانہ جاہلیت میں تمہاری کہانت سے بھی بڑے گناہ شرک میں مبتلا تھے۔ الحدیث

۱۰۶۷ ۲۵/۱۵ مفید اصفہان امام ابن الحداد

آپ کی کنیت ابونعیم اور نام عبیداللہ بن الشیخ ابی علی حسن بن احمد ہے۔ اصفہان کے رہنے والے ممتاز حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے اپنے شہر میں ابوعمرو بن منده، ابوطاہر احمد بن محمد نقاش، حمید بن وکیع، حافظ سلیمان بن ابراہیم اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر رختِ سفر باندھا اور مختلف شہروں میں ابوبکر بن خلف، موسیٰ بن عمران انصاری، ابوعبید عمیری، نجیب بن میمون واسطی، ابوالغنائم بن ابی عثمان، ابوعبداللہ بن طلحہ ثعالبی، رزق اللہ تمیمی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے کسبِ فیض کیا۔

Marfat

مرتبہ مقام دقاق اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں۔ اصفہان میں میرے دوست ابونعیم ابن الحداد رہتے ہیں۔ جو بہت سے علوم و فنون میں ممتاز حیثیت کے حامل ہیں۔ بلاشبہ امامت کے مرتبہ جلیلہ پر فائز ہیں ان کے مجھ پر بے حد احسانات ہیں۔ انہوں نے اتنی احادیث کا سماع اور اتنی زیادہ کتابیں جمع کی ہیں جو ان کے ہمعصروں میں سے کسی نے جمع نہیں کیں وہ علم اور کتابیں جمع کرنے میں راست باز اور پڑھانے میں امانتدار ہیں۔

عبیداللہ ۴۶۳ھ میں پیدا ہوئے اور جمادی الاولیٰ ۵۱۷ھ میں دنیائے فانی سے کوچ کیا۔ آپ سے متعدد چند لوگوں نے روایت کی ہے۔ ایک نظر رسیدہ خاتون عفیفہ فارقانیہ کو آپ کی تمام مرویات کی اجازت حاصل تھی۔ آپ کے ساتھ ۵۱۷ھ میں مندرجہ ذیل محدثین نے بھی انتقال کیا۔

مسند بغداد مقری ابوسعد احمد بن عبدالجبار ابن الطیوری آپ ابوالحسین مبارک بن عبدالجبار طیوری کے بھائی ہیں۔ مسند ابومحمد حمزہ بن عباس علوی اصفہانی، مسند ابونہشل عبدالصمد بن احمد عنبری اصفہانی ابوالغنائم محمد بن محمد بن مہتدی باللہ خطیب، محدث قاری محمد بن مرزوق زعفرانی بغدادی آپ ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند مصر ابوصادق مرشد بن یحییٰ المدینی ثم المصری اور عالم مسند ابوعمران موسیٰ بن ابی تلید شالبی۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مسکراہٹ میں دانت ظاہر ہونے سے نماز باطل نہیں ہوتی۔ البتہ بلند آواز سے ہنسنے سے نماز باطل ہو جاتی ہے۔ اس حدیث کے بیان کرنے میں ثابت متفرد ہیں اور یہ حدیث غریب ہے۔

مناظرہ کہتے ہیں ایک دفعہ ابونعیم نے شیرویہ بن شہردار کو جو ابوالحسن فیسا پوری سے صحیح مسلم پڑھنے کی وجہ سے ابوعلی حداد سے استفادہ سے محروم رہے سرزنش کرتے ہوئے کہا۔ کتنی عجیب بات ہے کہ تم نے نازل اسناد کو پسند کیا اور میرے والد کی عالی احادیث کو چھوڑ دیا۔ شیرویہ بولے صحیح مسلم عالی ہے اور وہ تمہارے والد کے پاس نہیں ہے۔ ابونعیم نے کہا ہاں یہ صحیح ہے مگر میرے والد کے پاس حافظ ابونعیم اصفہانی کی مستخرج علی صحیح مسلم موجود ہے۔ جس میں ان کی اکثر عالی احادیث درج ہیں اگر تم یہ کتاب میرے والد سے پڑھ لیتے تو یوں سمجھو کہ تم نے عبدالغافر فارسی سے پڑھی۔ اگر میں کہوں کہ اس کی بعض احادیث تم نے جلودی سے اور بعض ابن سفیان سے سنی ہیں تو بیجا نہ ہوگا۔ اور اگر میں چاہوں تو کہہ سکتا ہوں کہ یا اس کی بعض احادیث تم نے خود امام مسلم سے سنی ہیں۔ اس کتاب میں اس سے بھی عالی احادیث موجود ہیں اگر تم وہ میرے والد سے سن لیتے تو یوں سمجھو کہ وہ تم نے اور امام بخاری اور امام مسلم نے ایک استاد سے سنی ہیں۔ ان میں سے حضرت فاطمۃ الزہراء کے بارے میں مستورد کی یہ حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فاطمۃ بضعۃ منی (فاطمہ میرے بدن کا ٹکڑا ہے)۔

fat.com

۱۰۶۸ ۳۶/۱۵ امام سمعانی تمیمی مروزی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن ابی المظفر منصور بن عبدالجبار ہے۔ آپ مرو کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں اور منفرد شخصیت کے حامل نیز مشہور محدث علامہ حافظ ابوسعد سمعانی کے وا نامدار ہیں۔ آپ نے مرو میں اپنے والد علامہ ابوالمظفر، ابوالخیر محمد بن عمران صفار، ابوالقاسم زہری، عبدا بن احمد طاہری، ابوالفتح عبیداللہ ہاشمی اور متعدد دوسرے علماء سے، نیساپور میں ابوعلی نصراللہ بن احم خشنامی، علی بن احمد مؤذن، عبدالواحد بن ابی القاسم قشیری سے، بغداد میں ابوالفضل محمد بن عبدالسلا انصاری، ثابت بن بندار بقال، مبارک بن طیوری اور اس طبقہ کے دیگر اہلِ علم سے اور کوفہ میں ابوالبقا حبی وغیرہ سے حدیث کا سماع کیا۔ علاوہ ازیں مکہ معظمہ، مدینہ منورہ اور دوسرے شہروں کے علمی سرچشموں سے بھی اکت فیض کیا۔ آپ فنِ حدیث کے شاہسوار تھے۔ بغداد میں نظامیہ میں وعظ کہا کرتے تھے۔ آپ نے وہاں تا بندار ابومحمد بن آبنوسی سے پڑھی پھر ہمدان کی طرف رحلت فرمائی اور وہاں کے شیوخ سے سماع کیا پھ اصفہان میں ابوبکر احمد بن محمد حافظ بن ابن مردویہ اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے استفادہ کیا۔

مرتبہ مقام آپ کے صاحبزادے نے آپ کا بہت عمدہ تذکرہ لکھا ہے۔ کہتے ہیں والد ماجد ۵۰۹ھ میں مجھے اور بھائی صاحب کو اپنے ساتھ نیساپور لے گئے جہاں ہمیں محدث شیروی سے سماع کا موقعہ ملا۔ والد صاحب نے جامع مرو میں ایک سو چالیس مجلسوں میں حدیث املا کرائی۔ جن لوگوں نے ان مجالس میں حاضری دی ہے ان کا بیان ہے کہ اس سے پہلے ان کی نظیر نہیں ملتی۔ آپ وعظ بھی کہا کرتے تھے اور اپنے وعظ میں باسناد احادیث بیان فرماتے تھے۔ ایک دفعہ آپ نے نادار طالبعلموں کے لیے اہلِ مجلس سے تعاون کی اپیل کی تو اسی مجلس میں حاضرین نے ایک ہزار دینار سے تعاون کیا میں نے اسمٰعیل بن محمد بن فضل سے کہتے ہوئے سنا ہے کہ آپ کے والد کی تقریر اس قدر مؤثر ہوتی تھی کہ اگر وہ اس دیوار کے توڑنے کا ارادہ کرتے تو وہ بھی گر پڑتی۔ ایک دفعہ مجلسِ وعظ میں کسی نے آپ کے متعلق کہا کہ یہ موقعہ پر احادیث کی سندیں اپنی طرف سے گھڑ کر پیش کر دیتے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے اس سلسلہ میں آپ کو رقعہ بھی لکھا۔ ہمیں اس کا علم نہیں تھا۔ آپ نے یہ رقعہ پڑھا تو مشہور حدیث "من کذب علی متعمدًا" ۹۰ سے زیادہ سندوں کے ساتھ بیان کی اور فرمایا اگر کوئی عالم یہاں موجود ہے، تو اسے کہو کہ وہ جو چاہے دس احادیث لے، اس کی اسانید کو گڈمڈ کر دے اور اگر چاہے تو بعض راوی بھی ساقط کر دے۔ اگر میں ان کی اصلی حالت میں نہ لا سکوں تو الزام لگانے والوں کا الزام صحیح ہے۔ چنانچہ انہوں نے آپ کا امتحان لینے کے لئے ایسا ہی کیا اور آپ نے فی الفور ہر راوی کا نام اصلی جگہ پر لاکر سب کو درست کر دیا۔ اُس روز آپ نے نادار طالب علموں کے لئے چندہ کی اپیل کی تھی اور موقعہ پر ہزار

t.com

دینار جمع ہو گیا تھا۔ ابو سعد کہتے ہیں۔ ہمارے شیخ محمد بن ابی بکر سنجی نے بھی ہمیں یہ واقعہ سنایا ہے۔ میں کہتا ہوں آپ سے رفیق ابو طاہر سلفی، ابو الفتوح طائی اور اہلِ مرو روایت کرتے ہیں۔

عام حالات آپ کے صاحبزادے کہتے ہیں آپ ہوش سنبھالتے ہی عبادت، ریاضت اور تحصیلِ علم میں مصروف ہو گئے تھے۔ ادب اور دیگر فنون میں کمال پیدا کیا۔ فنِ حدیث، معرفتِ رجال، انساب اور تاریخ میں کوئی آپ کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ آپ کے فضل و کمال کے جوہر اس وقت کھلتے جب آپ مجالس وعظ میں تخویف و تبشیر سے پتھروں کے دل پانی پانی کر دیتے۔ آپ کے تقویٰ اور پرہیز گاری کا سکہ سلاطین اور اکابر کے دلوں پر بھی بیٹھا ہوا تھا۔ آپ نے ۴۳ سال کی عمر میں صفر ۵۱۰ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

استفادہ سے محرومی کا غم آپ اور آپ کے رفیق حافظ سلفی رحمہ کے لیے مکہ معظمہ گئے تو انہیں مشہور محدث ابو مکتوم عیسیٰ بن ابی ذر سے استفادہ کا موقعہ ملا۔ مگر یہ ایام تشریق گذرنے کا انتظار کرتے رہے اور وہ نفر اول میں (۱۲ ذی الحجہ) کو اپنے وطن سراۃ بنی شبابہ واپس چلے گئے اور یوں استفادہ کا موقع ضائع ہو گیا۔ اس کا آپ کو بڑا صدمہ ہوا۔ بار بار اس پر افسوس اور غم کا اظہار کرتے تھے۔ آپ کے رفیق حافظ سلفی نے آپ کو تسلی دیتے ہوئے کہا ان کے پاس بخاری کے سوا کچھ نہیں تھا اور اس میں ان کی اور آپ کی سند برابر ہے۔ میں کہتا ہوں اس وقت ان کے پاس بخاری بھی موجود نہیں تھی۔ کسی مغربی امیر نے ان سے بخاری کا سماع کیا اور وہی زر کثیر صرف کر کے خرید لے گئے تھے۔

مجھے ان کے واسطہ سے ابو الطفیل کی یہ حدیث ملی ہے کہ کسی نے حضرت علیؓ سے پوچھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو کوئی تحریر دے گئے ہیں؟ بولے بجز اس رقعہ کے جو میری تلوار کی حمائل سے بندھا ہوا ہے آپ ہمیں کوئی تحریر نہیں دے گئے۔ ہم نے دیکھا تو وہ ایک چھوٹا سا صحیفہ تھا جس میں لکھا تھا جو شخص اپنے آزاد کرنے والے آقا کے سوا اپنی نسبت کسی اور کی طرف کرتا ہے اس پر خدا کی لعنت ہے جو شخص غیر اللہ کے نام پر ذبح کرتا ہے اس پر خدا کی لعنت ہے اور جو شخص زمین کی حد مٹا کر اپنے قبضہ میں اضافہ کرتا ہے اس پر بھی خدا کی لعنت ہے۔

اس حدیث کو امام مسلم نے شعبۃ عن ابی بزہ کے واسطہ سے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے۔

۱۰۶۹ ۲۷/۱۵ امام ابن عطیہ غرناطی اندلسی

آپ کی کنیت ابو بکر اور نام غالب بن عبد الرحمٰن بن غالب ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے صاحب ضبط و اتقان حافظ حدیث ہیں۔ اور علامہ مفسر ابو محمد عبد الحق کے والد ہیں۔ ابن بشکوال کہتے ہیں آپ اپنے والد حسن بن عبید اللہ حضرمی مقری، محمد بن حارث نحوی، محمد بن ابی غالب قروی، محمد بن نعمت

اور حافظ ابو علی غسانی سے روایت کرتے ہیں۔ ۴۶۹ھ میں جب حج بیت اللہ کے لیے مکہ معظمہ گئے تو ابو مکتوم بن ابی ذر اور ابو عبداللہ بن حسین طبری سے ملاقات کی اور ان سے صحیح بخاری اور صحیح مسلم پڑھی، مصر میں ابوالفضل عبداللہ بن حسین جوہری اور مہدیہ میں محمد بن معاذ تمیمی سے استفادہ کیا۔ آپ نے اندلس کے مشہور زمانہ حافظ ابو عمر بن عبدالبر کو دیکھا ہے۔

مرتبہ و مقام آپ حدیث، طرق اور علل حدیث کے حافظ، اسماء رجال کے ماہر اور متون اور معانی کے عالم تھے۔ ابن بشکوال کہتے ہیں: میں نے اپنے کسی استاد کی تحریر میں پڑھا ہے کہ انہوں نے ابوبکر بن عطیہ سے سنا ہے کہ انہوں نے صحیح بخاری کی ساٹھ سو مرتبہ تلاوت کی ہے۔ آپ ادیب، شاعر، لغوی اور فاضل تھے۔ شریعت کے پابند تھے۔ لوگوں نے آپ سے بہت فیض حاصل کیا۔ آخر عمر میں بصارت سے محروم ہو گئے تھے۔ آپ نے اپنی تمام مرویات کی اجازت لکھ کر ہمیں عطا فرمائی تھی۔

آپ ۴۴۱ھ میں پیدا ہوئے اور جمادی الاخری ۵۱۰ھ میں غرناطہ میں فوت ہوئے۔

میں کہتا ہوں آپ سے سب سے آخر میں روایت کرنے والے عبدالحق بن بونہ ہیں۔ میں کہتا ہوں اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی انتقال کیا۔

علامہ ابوالفضل احمد بن محمد نیساپوری میدانی نحوی اصولی آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں مسند سمرقند خطیب ابوابراہیم اسحاق بن محمد نوحی نسفی حنفی، مصر میں شافعیہ کے شیخ ابوالفتح سلطان بن ابراہیم مقدسی آپ ستر سے زیادہ سال عمر پا کر فوت ہوئے، حافظ ابونعیم کے آخری شاگرد ابوطاہر عبدالواحد بن محمد اصفہانی ذہبی صباغ المعروف بہ وشتج اور مسند نیساپور شیخ ابوالقاسم فضل بن محمد ابیوردی عطار۔ آپ کے مفسر قرآن بیٹے عبدالخالق نے ۵۴۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

۱۰۷۰ ۳۸/۱۵ مُحدِّث امام اِسحاقی دَہان ہَرَوی

آپ کی کنیت ابوالعلاء اور نام صاعد بن سیار بن محمد ہے۔ ہرات کے رہنے والے بلند قدر حافظِ حدیث ہیں۔ تیل فروخت کرنے یا بیجوں سے تیل نکالنے کی وجہ سے دہان کے لقب سے ملقب ہوئے حج بیت اللہ کے لیے آئے تو واپسی پر بغداد میں رہ کر ابوسعید عبدالرحمٰن بن ابی عاصم، ابواسماعیل انصاری ابوعامر ازدی، ادیب علی بن فضائل مجاشعی، عبداللہ بن عطار بتاوز جانی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے علم حدیث حاصل کیا۔ آپ سے حافظ ابن ناصر نے جامع ترمذی پڑھی اور ابوالفتوح بن کلیب نے آپ سے اس کا سماع کیا۔

مرتبہ و مقام ابوسعد سمعانی کہتے ہیں آپ صاحب حفظ و اتقان حافظِ حدیث تھے۔ آپ کی روایات کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ آپ نے بہت کچھ لکھا، مسائل و احکام پر کتابیں تصنیف

کیں اور اسماء الرجال میں مہارت پیدا کی۔ مجھے آپ کی طرف سے اجازت حاصل ہے۔ اور ہم سے ابن ناصر، ابو العلاء، احمد بن محمد بن فضل، ابو معمر انصاری اور ایک دوسری جماعت نے آپ سے حدیث بیان کی ہے۔ سمعانی کہتے ہیں: آپ نے ہرارہ کے باہر غورج نامی بستی میں ذی قعدہ ۵۲۰ھ میں انتقال فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک دن صبح کے وقت یا پچھلے پہر اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنا دنیا اور دنیا کی تمام نعمتوں سے بہتر ہے۔ تم میں سے کسی کی کمان یا ہاتھ کے برابر کسی کو جنت میں جگہ کامل جانا دنیا اور دنیا کی سب [illegible] سے افضل ہے۔

عام حالات حافظ ابو موسیٰ مدینی کہتے ہیں: امام ابو العلاء صاعد بن سیار اسحاقی ہمارے ہاں اصفہان آئے تھے اور انہوں نے ہمیں حدیث پڑھائی تھی۔

میں کہتا ہوں اس سال حسب ذیل مشائخ نے بھی سفر آخرت اختیار فرمایا۔

اندلس کے مشہور مسند ابو محمد عبد الرحمان بن محمد بن عتاب قرطبی آپ ۸۷ سال عمر پا کر فوت ہوئے۔ آپ کو کبار علماء سے شرف لقاء حاصل تھا۔ مسند شہیر ابو بکر سفیان بن عاص اسدی نزیل قرطبہ۔ قرطبہ میں قاضی جماعت اور شیخ المالکیہ ابو الولید محمد بن احمد بن رشد قرطبی۔ آپ نے بہت سی تصانیف اپنے پیچھے چھوڑی ہیں۔ عمر رسیدہ بزرگ اور محدثہ کریمہ سے جامع الصحیح کے راوی امام مسند مصر ابو عبد اللہ محمد بن برکات سعیدی نحوی، آپ نے ایک سو سال اور چند ماہ عمر پائی۔ سرحد میں شیخ المالکیہ ابو بکر محمد بن ولید فہری طرطوشی، آپ نے عمر کی ۷۰ بہاریں دیکھیں۔ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

۱۰۷۱ ۳۹/۱۵ محدث قرطبہ محقق شنترینی اشبیلی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام عبد اللہ بن احمد بن سلیمان بن یربوع اندلسی [illegible] مایۂ ناز حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے امام محمد بن احمد بن منظور سے صحیح بخاری پڑھی۔ ان کے علاوہ حاتم بن محمد، ابو محمد بن خزرج، ابو مروان بن سراج، ابو علی غسانی اور اس طبقہ کے [illegible] سے حدیث کا سماع کیا۔ امام ابو العباس بن دلہاث عذری نے بھی آپ کو اجازت مرحمت فرمائی تھی۔

مرتبہ و مقام علامہ خلف بن بشکوال کہتے ہیں آپ ثقہ، ضابط، حدیث اور علل حدیث کے حافظ، رجال اور جرح و تعدیل کے ماہر اور کثیر الحدیث تھے۔ امام ابو علی غسانی کی صحبت میں عرصہ دراز تک رہے۔ آپ ان کے تلمیذ خاص تھے۔ امام ابو علی غسانی ان کی فضیلت بیان کرتے ہیں اور کہتے ہیں آپ بڑے زیرک اور صاحب فہم و فراست تھے۔

آپ نے اپنی یادگار میں مندرجہ ذیل کتابیں چھوڑی ہیں۔ "الاقلید فی بیان الاسانید" "کتاب معرفۃ اسانید الموطا" "کتاب البیان عما فی کتاب ابی نصر الکلاباذی من النقصان" "کتاب

fat.com

المنہاج فی رجال مسلم" ابن بشکوال کہتے ہیں: میں نے اس کتاب کا سماع کیا ہے۔ آپ نے ۸۰ سال عمر پاکر صفر ۵۲۲ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

میں کہتا ہوں اس سال عالم ماوراء النہر ابوعلی حسین بن علی لامشی سمرقندی حنفی اور مسند نیسابور ابوالقاسم سہل بن ابراہیم مسجدی شیعی نے بھی انتقال کیا۔

۱۰۷۲ ۴۰/۱۵ امام علامہ عبدری میورقی اندلسی

آپ کی کنیت ابوعامر اور نام محمد بن سعدون بن مرجی قرشی ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں۔ تحصیلِ علم سے فراغت کے بعد بغداد میں سکونت پذیر ہوگئے تھے۔ چوٹی کے حفاظ حدیث میں شمار ہوتے ہیں۔ اور ظاہری فقہاء سے تعلق رکھتے ہیں۔

اساتذہ آپ نے ابوعبداللہ مالک بن احمد بانیاسی، رزق اللہ تمیمی، ابوالفضل بن خیرون، طراد بن محمد زینبی، یحییٰ بن احمد سیبی، ابوعبداللہ حمیدی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔

مرتبہ و مقام قاضی ابوبکر ابن العربی اپنی معجم میں لکھتے ہیں جن علماء سے مجھے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ ابوعامر عبدری ان میں سب سے زیادہ عقیل اور فہیم تھے۔ ابن ناصر کہتے ہیں: آپ فہیم، عالم اور عفیف تھے۔ سلفی اپنی معجم میں لکھتے ہیں۔ مدینۃ السلام میں آپ کا شمار چوٹی کے علمائے اسلام میں ہوتا تھا۔ مختلف علوم و فنون ادب، نحو اور انساب میں آپ کو بڑا درک حاصل تھا۔ آپ مسلکاً داؤدی اور نسباً قریشی تھے۔ انہوں نے مجھ سے اور میں نے ان سے حدیث لکھی ہے۔ قرطبہ میں پیدا ہوئے تھے۔ احمد بن ابوبکر بندنیجی کہتے ہیں جب لوگ ابوعامر عبدری کو دفن کرنے سے فارغ ہوئے تو مشہور محدث ابن ناصر نے کہا۔ خلاک الجوّ فبیضی واصفری (تیرے لیے فضا صاف ہے خوب انڈے دے اور بچے نکال) یعنی سنتِ رسولؐ کا محافظ ابوعامر فوت ہوگیا ہے۔ اب جس کی مرضی ہے جو چاہے کہے۔ حافظ ابن عساکر کہتے ہیں جن اساتذہ سے میں ملا ہوں۔ آپ ان میں سب سے بڑے حافظِ حدیث تھے۔ ابن عساکر بیان کرتے ہیں کہ یہ دمشق آئے تھے۔ ایک دفعہ امام مالک کا ذکر چھڑا تو میں نے انہیں کہتے ہوئے سنا کہ جاہل بدوی تھے ہشام نے ان پر دورے برسائے تھے۔ میں نے ان سے ابوعبید کی کتاب الاموال پڑھی۔ تو ان کے متعلق کہنے لگے یہ بے سمجھ گدھا تھا۔ فقہ بالکل نہیں جانتا تھا۔ ایک دفعہ ہم ابن سمرقندی کے پاس کامل کا سماع کرنے کے لیے جمع ہوئے۔ اس میں سعدی کا ایک قول منقول تھا۔ عبدری کہنے لگے جھوٹ بکتا ہے یہ ابراہیم جوزجانی کا قول ہے میں نے کہا یہ سعدی ہی کا قول ہے۔ پھر میں نے کہا یہ آپ کی بے ادبی اور بدتمیزی کی باتیں کب تک برداشت ہوں گی۔ ساتھ ہی میں نے ان کی کتنی ہی ایسی باتیں گنوادیں وہ یہ سن کر ناراض ہو گئے اور غصے سے کانپنے لگے اور کہنے لگے۔ ایک وہ وقت تھا کہ ابن خاضبہ اور بردانی جیسے لوگ مجھ سے

Marfa

ڈرتے تھے۔ اب یہ حال ہے کہ یہ لونڈے مجھے ڈانٹ پلا رہے ہیں۔ ابن سمرقندی کہنے لگے یہ ادلے کا بدلہ ہے میں نے کہا ہم آپ کا احترام اسی صورت میں کریں گے۔ جب آپ امر دین کا احترام ملحوظ رکھیں گے۔ یہ سن کر وہ بولے بخدا! حدیث کے متعلق میرے معلومات اس قدر وسیع ہیں کہ متقدمین میں سے بھی کسی کو اتنے وسیع معلومات حاصل نہیں تھے۔ حتیٰ کہ بخاری اور مسلم کے بارہ میں وہ وہ نکات جانتا ہوں جو ان کے مصنفین کو بھی معلوم نہیں تھے۔ میں نے مزاح کے انداز میں کہا پھر آپ کا علم تو الہامی علم ہے۔ اس کے بعد میں نے ان سے تعلق منقطع کر لیا۔ ابن عساکر کہتے ہیں یہ بے ادبی کے ساتھ ساتھ بدعقیدہ بھی تھے۔ احادیث صفات کو ظاہری معنوں پر محمول کرتے تھے۔ مجھے اطلاع ملی ہے کہ انہوں نے قرآن حکیم کی آیت "یوم یکشف عن ساق" پر اظہار خیال کرتے ہوئے اپنی پنڈلی پر ہاتھ مار کر کہا کہ اللہ تعالیٰ کی پنڈلی میری اس پنڈلی کی طرح ہے۔ میں کہتا ہوں یہ کہانی منقطع ہے اور یہ گمراہ فرقہ مجسمہ کا قول ہے میں نہیں مانتا کہ عبدری اس حد تک گئے گذرے ہوں گے۔ ابن عساکر کہتے ہیں مجھے یہ بھی اطلاع ملی ہے کہ وہ کہا کرتے تھے کہ اہل بدعت اللہ تعالیٰ کے فرمان "لیس کمثلہ شیئ" سے حجت پکڑتے ہیں کہ الوہیت میں اللہ تعالیٰ جیسی کوئی چیز نہیں ہے۔ رہی شکل و صورت تو اس میں وہ ہماری تمہاری طرح ہے۔

میں کہتا ہوں اللہ تعالیٰ اس سے پاک اور بلند ہے۔ کسی مومن کا یہ عقیدہ نہیں ہو سکتا۔ کسی لحاظ سے بھی اللہ تعالیٰ جیسی کوئی چیز نہیں ہے۔ ابن عساکر کہتے ہیں پھر وہ استشہاداً یہ آیت پڑھتے تھے "یا نساء النبی لستن کاحد من النساء" یعنی عظمت و حرمت میں تمہارے جیسی کوئی عورت نہیں۔

عام حالات

ابن عساکر کہتے ہیں یہ بدصورت ہونے کے ساتھ ساتھ لباس بھی اچھا نہیں پہنتے تھے۔ ابو سعد سمعانی کہتے ہیں۔ آپ فن حدیث میں نمایاں حیثیت کے حامل اور حافظ [illegible] تھے۔ مذہباً داؤد ظاہری کے پیرو تھے۔ آپ نے علم بکثرت لکھا ہے۔ سماع کے ساتھ [illegible] بھی مصروف رہتے تھے۔ ابن ناصر کہتے ہیں بسا اوقات سماع کے وقت باتیں بھی کرتے رہتے تھے اور کہتے تھے مجلس میں حاضر ہو جانا ہی میرے لئے کافی ہے۔ قرآن کے بارہ میں ان کا مذہب اچھا مذہب نہیں تھا۔ ومذھبہ فی القرآن مذھب السوء۔

ربیع الآخر ۵۲۴ھ میں فوت ہوئے۔ میں کہتا ہوں اتنی مذمت اور بدنامی کے بعد بھی حافظ ابن عساکر یحییٰ بن یوش اور ابو الفتح مندائی ان سے حدیث بیان کرتے ہیں۔ اس سال درج ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا۔ ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ بن تومرت انہوں نے مہدی معصوم ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔ مسند اصفہان اسماعیل بن فضل بن اخشید سراج، معلم قرآن اور شاعر بغداد ابو عبداللہ حسین بن محمد دباس بارع۔ اصفہان میں اپنے زمانہ کی مسندہ ام الخیر فاطمہ بنت عبداللہ بن احمد جوزدانیہ آپ محدث ابن ریزہ سے روایت کرنے والی آخری شخصیت ہیں۔ مسند ابو الاعز فراتکین بن اسعد بغدادی، عمر رسیدہ بزرگ مسند ابو منصور

fat.com

محمد بن علی مروزی کراعی، محدثِ دمشق امیر ابو محمد ہبۃ اللہ بن احمد انصاری ابن الاکفانی آپ نے "جامع الوفیات" نامی کتاب لکھی ہے۔ اور ۸۰ سال کی عمر میں وفات پائی ہے۔ اور مسند ابو سعد ہبۃ اللہ بن قاسم بن عطا مہرانی نیسابوری۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت اور کنجری کی کمائی سے منع فرمایا۔

۱۰۷۳ ۴۱/۱۵ امام مفید عبد الغافر بن اسماعیل فارسی ثم نیشاپوری

آپ کی کنیت ابو الحسن اور نام عبد الغافر بن اسماعیل ہے۔ نیشاپور کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور لغت کے امام ہیں۔ "تاریخ نیشاپور"، "مجمع الغرائب" اور "المفہم شرح مسلم" کے مصنف ہیں۔ چوٹی کے محدثین میں شمار ہوتے ہیں۔ علمِ لغت کے ماہر، فصیح و بلیغ اور شیریں زبان تھے۔ ۴۵۱ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ کو ابو سعید کنجرودی اور محدثین کی ایک دوسری جماعت سے اجازت حاصل تھی۔ بغداد میں ابو محمد جوہری نے آپ کو اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ ان کے علاوہ آپ نے اپنے نانا استاذ ابو القاسم قشیری، احمد بن منصور مغربی، احمد بن عبد الرحیم اسماعیلی، ابو حامد احمد بن حسن ازہری، فضل بن محب، ابو نصر عبد الرحیم بن علی تاجر، محمد بن عبد اللہ حرام، عبد الحمید بن عبد الرحمان بحیری، اپنی دادی فاطمہ بنت دقاق اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ امام الحرمین کی خدمت میں چار سال رہ کر علمِ فقہ حاصل کیا۔ مزید تعلیم کے لئے خوارزم اور ہندوستان کی طرف رحلت فرمائی۔ فراغت کے بعد نیشاپور کے خطیب مقرر ہوئے۔ آپ نے زندگی کی ۷۰ بہاریں دیکھیں۔

اور آپ سے ابو سعد عبد اللہ بن عمر صفار اور دوسرے لوگ حدیث بیان کرتے ہیں۔ حافظ ابو القاسم ابن عساکر نے آپ سے بواسطہ اجازت روایت کی ہے۔ انہوں نے ۵۲۹ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال علامہ محدث قاضی جماعت ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن خلف تجیبی قرطبی نے بھی داعیِ اجل کو لبیک کہا۔ علامہ ابن بشکوال ان کی بہت تعظیم کرتے تھے۔

۱۰۷۴ ۴۲/۱۵ محدثِ اصفہان امام غازی اصفہانی

آپ کی کنیت ابو نصر، نام احمد بن عمر بن محمد بن عبد اللہ اور لقب غازی ہے۔ اصفہان کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث ہیں۔ ۴۴۸ھ میں اصفہان میں پیدا ہوئے۔ سمعانی کہتے ہیں ثقہ، حافظِ حدیث اور دیانتدار ہیں۔ آپ کی روایت کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ آپ نے بہت کچھ لکھا اور بہت کتابیں جمع کیں۔

t.com

میں نے اپنے شیوخ میں طلب علم کے لیے ان سے زیادہ سفر کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔

آپ نے ابوالحسین بن نقور، عبدالرحمٰن بن مندہ، ابوعمرو بن مندہ، ابوالقاسم بن بسری، فضل بن محب نیشاپوری، شیخ الاسلام ہروی، ابوعامر ازدی، ابوعلی تستری اور ان جیسے دیگر جلیل القدر علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ سے سمعانی، سلفی، ابوموسیٰ مدینی، مؤید بن اخوۃ، محمود بن احمد مصری اور دوسرے لوگوں نے حدیث بیان کی ہے۔

مرتبہ و مقام حافظ ابوطاہر سلفی کہتے ہیں آپ کو حفظ حدیث کے ساتھ ساتھ اس فن میں معرفت تامہ بھی حاصل تھی۔ ہم نے آپ سے بہت کچھ سنا ہے جس میں آپ خود قرأت کرتے تھے۔ اور آپ نے مجھے حدیث املا بھی کرائی ہے۔ سمعانی کہتے ہیں میں نے آپ سے بہت علم سنا ہے اور آپ کی تاریخ سے فوائد کثیرہ نقل کیے ہیں۔ ہمارے اساتذہ میں سے ایک جماعت آپ کو اتقان اور معرفت میں حافظ اسمٰعیل بن محمد تیمی پر ترجیح دیتی تھی۔ مگر آپ کو یہ مقام تو حاصل نہیں تھا۔ البتہ حافظ تیمی سے ان کی سند عالی تھی۔ آپ سماع اور اجازت میں فرق نہیں کرتے تھے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے نزدیک سماع اور اجازت باعتبار حجت یکساں ہیں۔ اس کا معنی یہ نہیں ہے کہ آپ اجازت کو سماع سمجھتے تھے۔ سمعانی کہتے ہیں آپ نے ۳ رمضان المبارک ۳۲ھ میں وفات پائی۔

اس سال درج ذیل علماء نے بھی وفات پائی۔

محدث اندلس فقیہ ابوالقاسم احمد بن محمد۔ آپ حافظ اندلس بقی بن مخلد قرطبی کی اولاد سے ہیں۔ فقیہ ابوسعد اسماعیل بن محدث ابی صالح احمد بن عبدالملک مؤذن، امام ابوعبداللہ حسین بن عبدالملک ادیب اصفہانی، ان کے رفیق مسند ابوالفرج سعید بن ابی رجا صیرفی، مسند ابوالمظفر عبدالمنعم بن شیخ ابوالقاسم قشیری، امیر ابومنصور علی بن علی بغدادی، فقیہ الکرخ ابوالحسن محمد بن عبدالملک کرخی شافعی اور محدث اندلس ابوالحسن یونس بن محمد قرطبی۔ آپ ۱۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔

مجھے ان کے واسطے سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر اور حضرت عمر الحمد للہ رب العالمین سے قرأت شروع کرتے تھے۔

۱۰۷۵ ۴۳/۱۵ حافظ کبیر امام تیمی طلحی اصفہانی

آپ کی کنیت ابوالقاسم، نام اسمٰعیل بن محمد بن فضل اور لقب قوام السنہ ہے۔ اصفہان کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے ترغیب و ترہیب اور اس کے علاوہ کئی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ ۴۵۷ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابوعمرو بن مندہ، عائشہ بنت الحسن، ابراہیم بن محمد طیار، ابومنصور بن شکرویہ، ابن رزا الامام، ابوعیسیٰ عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاد، ابن مندہ کے تلامذہ، ابن خورشید قولہ اور ابوبکر بن مردویہ

fat.com

سے سماع کیا پھر مزید تعلیم کے لیے سفر اختیار کیا۔ بغداد میں ابو نصر زینبی وغیرہ اور نیشاپور میں ابو نصر محمد بن سہل سراج اور دوسرے محدثین سے اکتساب فیض کیا۔ متعدد دوسرے شہروں کے سرچشمہ ہائے علم سے بھی سیرابی حاصل کی۔ پھر ایک سال کی عزلت گزینی کے بعد عملی زندگی میں قدم رکھا۔ طلبہ کو حدیث املا کرانے اور کتابیں تصنیف کرنے میں مصروف ہوئے۔ رجال حدیث اور ان کے حالات میں مفید ابحاث سپرد قلم فرمائیں۔ آپ سے ابو سعد سمعانی سلفی، ابو القاسم ابن عساکر، ابو موسیٰ مدینی، یحییٰ بن محمود ثقفی، عبداللہ بن محمد بن خباز، ابو الفضائل محمود بن احمد عبدک ابو نجیح فضل اللہ بن عثمان، ابو المجد زاہر ثقفی، مؤید بن اخوہ اور دوسرے بہت سے لوگوں نے حدیث بیان کی ہے۔

مرتبہ و مقام

ابو موسیٰ کہتے ہیں حافظ ابو القاسم اپنے زمانہ میں امام الائمہ، استاد العلماء اور اہل حدیث کے پیشوا تھے۔ ہم نے آپ کی زندگی میں آپ کے شاگردوں سے حدیث پڑھی۔ آپ کو صفر ۵۳۴ھ میں ثقل سماعت کا عارضہ لاحق ہو گیا تھا۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد فالج میں مبتلا ہو گئے اور بالآخر بروز عید قربان ۵۳۵ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ آپ کے جنازہ پر اس قدر اژدحام ہوا کہ میں نے اس سے پہلے اتنا اژدحام کسی جنازہ پر نہیں دیکھا۔ آپ کے والد ابو جعفر صالح اور پرہیزگار بزرگ تھے۔ انہوں نے سعید عیار سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ابو المظفر بن شبیب سے قرآن حکیم پڑھا تھا۔ ۴۹۱ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ ابو موسیٰ کہتے ہیں۔ آپ کے والد عشرہ مبشرہ میں سے مشہور صحابی حضرت طلحہ بن عبیداللہ کی اولاد سے ہیں۔

ابو موسیٰ کہتے ہیں آپ خود فرماتے تھے۔ میں نے چار سال کی عمر میں اپنی استانی عائشہ سے حدیث کا سماع شروع کر دیا تھا۔ اور ۵۶۱ھ میں ابو القاسم بن علیک سے سماع کیا۔ ابو موسیٰ کہتے ہیں: میرے علم میں ایسا کوئی آدمی نہیں جس نے کبھی آپ کے قول و فعل میں عیب نکالا ہو۔ بلکہ جب کبھی کسی نے آپ سے عناد کا برتاؤ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیشہ اس کے مقابلہ میں آپ کی امداد فرمائی۔ آپ حرص و آز سے پاک تھے اس لئے بادشاہوں اور ان سے تعلق رکھنے والے حکام کے درباروں میں جانے کے عادی نہیں تھے۔ غربت اور ناداری کے باوجود آپ نے اپنا مکان اہل علم کی رہائش کے لیے خالی کر دیا تھا آپ کی بے نفسی کا یہ عالم تھا کہ اگر کوئی شخص آپ کے آگے ساری دنیا لا کر ڈھیر کر دیتا تو آپ کے نزدیک اس کی قدر و قیمت میں کوئی فرق نہ پڑتا۔ آپ نے حدیث املا کرانے کے لیے تین ہزار پانچ سو مجالس کا اہتمام کیا جن میں فی البدیہہ حدیث کی املا کراتے اور پیشگی تیاری کی ضرورت محسوس نہیں کرتے تھے۔ یحییٰ بن مندہ کہتے ہیں۔ آپ کا اعتقاد صحیح اور طریقہ پسندیدہ تھا۔ خاموش طبع تھے آپ کے زمانہ میں آپ جیسا دوسرا کوئی آدمی نہیں تھا۔ عبدالجلیل بن محمد کوتاہ کہتے ہیں میں نے بغداد میں ائمہ حدیث کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ امام احمد بن حنبل کے بعد بغداد میں امام اسمٰعیل سے افضل اور ان سے بڑا حافظ حدیث کوئی نہیں آیا۔ ابو موسیٰ مدینی پانچویں صدی ہجری کے خاتمہ پر فوت ہونے والے علماء کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ میں نے اسلامی ملکوں میں حافظ اسماعیل کے سوا حدیث کی کما حقہ تفسیر و تاویل

t.com

کرنے والا دوسرا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔

میں کہتا ہوں یہ محض مبالغہ آرائی ہے۔ سب جانتے ہیں کہ موصوف پانچویں صدی ہجری کے خاتمہ پر فوت نہیں ہوئے۔ امام موصوف خود فرمایا کرتے تھے میں نے اپنی زندگی میں ایسا کوئی آدمی نہیں دیکھا جسے اتنی حدیث یاد ہو جتنی مجھے یاد ہے۔ ابو موسیٰ کہتے ہیں ابو القاسم نے متعدد قاریوں سے مختلف قرأت کے مطابق قرآن حکیم پڑھا تھا۔ اور انہوں نے تفسیر، معانی اور اعراب میں سے ہر موضوع پر عربی اور فارسی زبان میں کتابیں تصنیف کی تھیں۔ علم فقہ کا یہ حال تھا کہ آپ کے فتاوے سے ملک کا کوئی شہر اور کوئی گاؤں خالی نہیں تھا۔ ابو المناقب محمد بن حمزہ علوی کہتے ہیں۔ ہم سے نادرۂ روزگار، سردار زمانہ امام کبیر ابو القاسم اسمٰعیل بن محمد نے حدیث بیان کی پھر وہ حدیث ذکر کی۔ ازاں بعد ان کی عبادت گذاری اور تہجد کا تذکرہ فرمایا۔ ابو موسیٰ کہتے ہیں۔ میں نے ایک شخص کو بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ جس روز آپ کے صاحبزادے کی لاش لائی گئی اور آپ تعزیت کے لیے بیٹھے اس روز آپ نے تقریباً تیس مرتبہ وضو کیا۔ اور ہر مرتبہ دو رکعت نماز پڑھی میں نے آپ کے ایک شاگرد سے سنا ہے کہ آپ اپنے صاحبزادے ابو عبد اللہ کی قبر کے پاس بیٹھ کر صحیح مسلم کی شرح لکھا کرتے تھے۔ جس دن وہ شرح مکمل ہوئی آپ نے ایک عظیم الشان دعوت کا اہتمام کیا۔ اور لوگوں کو خوب پیٹ بھر کر حلوہ کھلایا۔

آپ کے یہ صاحبزادے ابو عبد اللہ ۵۰۰ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کی تعلیم و تربیت بڑے اچھے طریقہ پر ہوئی تھی۔ لغت اور دیگر علوم و فنون میں امامت کے درجہ پر فائز تھے۔ فصاحت و بلاغت، فہم و فراست اور حسن بیان میں کسی کو ان پر تقدم حاصل نہیں تھا۔ حتیٰ کہ ان کے والد لغت دانی اور زبان کی سلاست اور روانی میں ان کو اپنے سے برتر سمجھتے تھے۔ انہوں نے صغر سنی میں ہی صحیحین کے [illegible] کی شرح اور بہت سی مفید کتابیں اپنے پیچھے اپنی یادگار میں چھوڑی ہیں یہ ۵۲۶ھ میں ہمدان میں فوت ہوئے تھے۔ اور ان کے بعد ان کے والد نے داعی اجل کو لبیک کہا۔

احمد بن حسن کہتے ہیں۔ ایک دفعہ ہم شیخ ابو القاسم کی خدمت میں حاضر تھے۔ انہوں نے حافظ ابو مسعود کی طرف دیکھا اور کہا۔ اللہ تعالیٰ تمہاری عمر دراز کرے۔ تم بہت لمبی زندگی پاؤ گے۔ اور اپنے جیسا کوئی عالم نہیں دیکھو گے۔ یہ آپ کی کرامت ہے واقعی حافظ ابو مسعود بے نظیر حافظ حدیث ہوئے۔

تصانیف

ابو موسیٰ کہتے ہیں آپ نے اپنے پیچھے بہت سی کتابیں یادگار چھوڑیں۔ ان میں سے درج ذیل قابل ذکر ہیں۔

(۱) "الجامع" تفسیر قرآن تین جلد (۲) ایک اور تفسیر جس کا نام مذکور نہیں چار جلد (۳) "الموضح" تیسری تفسیر تین جلد (۴) "کتاب المعتمد" چوتھی مبسوط تفسیر دس جلد (۵) "کتاب السنۃ" ایک جلد (۶) "سیرۃ السلف" ایک ضخیم جلد (۷) "دلائل النبوۃ" ایک جلد (۸) "المغازی" ایک جلد۔ ان کے علاوہ بھی آپ

fat.com

نے متعدد کتابیں تصنیف کی ہیں۔

حافظ ابن ناصر کہتے ہیں مجھے آپ کے بھتیجے ابوجعفر محمد بن حسن نے بتایا کہ میرے چچا حافظ اسمٰعیل کو غسل دینے والے احمد اسواری نے جو ایک معتبر اور ثقہ آدمی ہے مجھے خبر دی کہ غسل دیتے وقت آپ کی شرمگاہ سے ذرا کپڑا ہٹ گیا تو انہوں نے فوراً اپنے ہاتھ سے کپڑا کھینچ کر اپنا ستر چھپا لیا۔ غسل دینے والے یہ دیکھ کر تعجب سے کہنے لگے أحیاۃ بعد موت کیا یہ موت کے بعد زندگی ہے؟

ابوسعد سمعانی کہتے ہیں: حدیث میں آپ میرے استاذ ہیں اور میں نے آپ سے بہت کچھ سیکھا ہے آپ حدیث، تفسیر، لغت اور ادب میں امامت کے درجہ پر فائز تھے۔ متون اور اسانید سے خوب واقف تھے۔ جب میں آپ سے مشکل اور پیچیدہ مسائل پوچھتا تو آپ انہیں فوراً حل فرما دیتے۔ آخر عمر میں آپ کی اکثر کتابیں ضائع ہو گئیں۔ آپ نے جامع مسجد اصفہان میں تقریباً تین ہزار مجالس میں حدیث املا کرائی۔ میرے والد فرمایا کرتے تھے۔ میں نے عراق میں فن حدیث کو جاننے اور سمجھنے والے صرف دو ہی آدمی پائے ہیں۔ اصفہان میں اسمٰعیل جوزی اور بغداد میں حافظ مؤتمن بغدادی۔

ابوسعد کہتے ہیں: میں نے آپ کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا ہے اور ایک جماعت کے حالات آپ سے دریافت کیے ہیں۔ دمشق میں میں نے حافظ ابوالقاسم کو آپ کی تعریف کرتے ہوئے سنا ہے۔ فرماتے تھے میں نے ان کو اس وقت دیکھا جب مصنف پیری کی وجہ سے بہت کمزور ہو گئے تھے اور حافظہ بھی بگڑ گیا تھا۔ دقاق اپنے رسالہ میں لکھتے ہیں: آپ عدیم النظر تھے۔ آپ کے زمانہ میں آپ کا جواب نہیں تھا۔ صلاح و رشد میں آپ کی زندگی قابلِ تقلید تھی۔ سلفی کہتے ہیں آپ ادب عربی اور معرفتِ رجال میں فاضل تھے، ابوعامر عبدری کہتے ہیں۔ میں نے حافظ اسمٰعیل جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ میں نے آپ سے مذاکرہ علمیہ کیا ہے اور آپ کو حدیث کا حافظ اور ہر فن کا عالم پایا ہے۔ ٹھیک وقت پر مجلسِ درس میں حاضر ہو جانا آپ کا معمول تھا۔ سلفی نے آپ کے متعلق ابوعامر عبدری کا یہ بیان سنا ہے اور کہتے ہیں: میں نے ابوالحسن بن طیوری سے سنا ہے فرماتے تھے۔ ہمارے ہاں خراسان سے حافظ اسمٰعیل جیسا کوئی آدمی نہیں آیا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

میں کہتا ہوں آپ کے ساتھ ۵۳۵ھ میں مندرجہ ذیل علماء بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

فقیہ ابوعلی احمد بن سعد بدیع ہمدانی آپ ۷۷ سال عمر پاکر فوت ہوئے، علامہ لغوی ابوعبداللہ جعفر بن محمد بن علی قرطبی آپ نے ۸۰ سے کچھ زیادہ سال عمر پائی۔ مؤلف "جامع الصحاح" محدث ابوالحسن رزین بن معاویہ بن عمار عبدری سرقسطی آپ نے مکہ معظمہ میں اقامت اختیار کی اور حافظ طبری اور ابن ابی ذر سے حدیث کا سماع کیا۔ مسند ابومنصور عبدالرحمٰن بن محمد شیبانی بغدادی آپ ابن زریق قزاز کے لقب سے مشہور تھے۔ مسند ابوالفتوح عبدالوہاب بن شاہ شاذیاخی، مسند ابوالحسن محمد بن احمد بن توبہ اسدی

عکبری، ان کے بھائی ابو منصور عبدالجبار، مسند دنیا قاضی ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری حنبلی بزاز۔ آپ قاضی مرستان کے لقب سے مشہور تھے۔ بابن صہر ہبہ اور شیخ الصوفیہ ابو یعقوب یوسف بن ایوب ہمدانی نزیل مرو۔ آپ کی سند سے مجھے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمارے دین میں ایسی بدعت جاری کرے جس کا کوئی ثبوت نہیں وہ مردود ہے۔

۱۰۷۶ ۴۴/۱۵ محدثِ بغداد حافظ اَنْمَاطی بغدادی

آپ کی کنیت ابوالبرکات اور نام عبدالوہاب بن مبارک بن احمد ہے۔ بغداد کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور بلند پایہ عالم ہیں۔ ۴۶۲ھ میں پیدا ہوئے اور ابو محمد بن ہزار مرد صریفینی، ابوالحسین بن نقور، ابوالقاسم عبدالعزیز بن علی انماطی، علی بن احمد بندار اور بعد کے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ بہت سی کتابیں لکھیں عالی اور نازل احادیث کا سماع کیا اور ابن طیوری کا سارا علم اپنے سینہ میں محفوظ کر لیا۔

اور آپ سے ابن ناصر، سلفی، ابن عساکر، ابوموسیٰ مدینی، ابوسعد سمعانی، ابوالفرج ابن الجوزی، ابواحمد بن سکینہ، عبدالعزیز بن اخضر، احمد بن ازہر، عبدالعزیز بن منینا، احمد بن دبیقی اور آپ کے آخری شاگرد عبدالوہاب بن احمد بن ہدبہ روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام سمعانی کہتے ہیں آپ ثقہ، کثیر الروایۃ اور صاحب ضبط و اتقان حافظ حدیث تھے۔ حسن معاشرت میں آپ کا جواب نہیں تھا ہمیشہ مسکراہٹ آپ کے ہونٹوں پر کھیلتی رہتی تھی۔ مگر ذکر الٰہی کے وقت فوراً آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے تھے۔ آپ نے فوائد کا ذخیرہ جمع کیا اور بکثرت احادیث کی تخریج کی۔ رائج الوقت شاید ہی کوئی کتاب ایسی ہوگی جو آپ نے [illegible] اس کا کوئی نسخہ حاصل نہ کیا ہو۔ طبقات ابن سعد اور تاریخ بغداد [illegible] نقل کرنا آپ کا بائیں ہاتھ کا کام تھا۔ آپ نے اپنے آپ کو فن حدیث کی خدمت کے لیے وقف کر دیا۔ دن بھر پڑھانے یا کسی کتاب کے نقل کرنے میں مصروف رہتے تھے۔ جس شخص کو بذریعہ اجازت علم حاصل ہوا۔ آپ اس کے لیے آگے اجازت دینے کے قائل نہیں تھے۔ اور آپ نے اس سلسلہ میں ایک کتاب بھی تصنیف کی تھی۔ میں نے آپ سے درج ذیل کتابیں سبقاً سبقاً پڑھی تھیں۔ [illegible] مسند یعقوب فسوی، مسند یعقوب سدوسی کا وہ حصہ جو میرے پاس موجود تھا اور انتقاء ابتقال علی المخلص۔

حافظ سلفی کہتے ہیں۔ ہمارے رفیق عبدالوہاب ثقہ اور حافظ حدیث تھے۔ آپ کو اس فن میں معرفت تامہ حاصل تھی۔ ابن ناصر کہتے ہیں آپ حدیث کا بہت سماع کرنے والے اور صاحب فہم و فراست تھے۔ آپ کی ساری زندگی گمنامی میں بسر ہوئی اور آپ نے کبھی شادی نہیں کی۔ ابن الجوزی کہتے ہیں: جب میں حدیث پڑھتا صبر کا دامن آپ کے ہاتھ سے چھوٹ جاتا اور آپ زار و قطار رونے لگ جاتے

fat.com

تھے۔ مجھے آپ کے رونے سے اس قدر فائدہ ہوا ہے کہ آپ سے پڑھنے سے اتنا فائدہ نہیں ہوا۔ آپ کی سیرت سلف جیسی تھی۔ مجھے آپ سے جتنا نفع حاصل ہوا ہے کسی دوسرے استاذ سے اتنا نفع حاصل نہیں ہوا۔

ابو موسیٰ اپنی معجم میں لکھتے ہیں۔ آپ بغداد میں اپنے زمانہ کے حافظِ حدیث تھے۔ ۱۱ محرم ۵۳۰ھ میں

وفات آپ نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

میں کہتا ہوں اس سال درج ذیل علماء کرام نے بھی سفرِ آخرت اختیار کیا۔

ابو المعالی عبد الخالق بن عبد الصمد صفار آپ ۸۶ سال عمر پاکر بغداد میں فوت ہوئے۔ مسند اصفہان ابو القاسم نائم بن خالد تاجر اصفہانی، حافظ ابن ناصر کے پھوپھی زاد بھائی مسند ابو الحسن محمد بن احمد دقاق بغدادی، معلم قرآن خطیب ابو بکر محمد بن خضر محولی بغدادی، ابو بکر محمد بن قائم شہرزوری موصلی اور شیخ العربیہ والاعتزال ابو القاسم محمود بن عمر زمخشری آپ نے خوارزم میں انتقال فرمایا۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت ام عطیہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتی ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک لڑکی کا انتقال ہو گیا۔ آپ نے حکم دیا کہ ہم اسے تین یا پانچ اور اگر ضرورت ہو تو اس سے بھی زیادہ مرتبہ غسل دیں۔ اور آخری مرتبہ پانی میں بیری کے پتے اور کچھ کافور بھی شامل کریں۔

یہ حدیث عالی سند احادیث میں سے ہے۔ یہ حدیث امام نسائی نے سند نازل کے ساتھ یوں بیان کی ہے۔ عن عبد الملک بن شعیب بن اللیث عن ابیہ عن جدہ عن یحییٰ بن ایوب عن مالک بن انس عن ایوب السختیانی عن ابن سیرین۔ یہ ایسے ہے جیسے ہمارے شیخ نے یہ حدیث امام نسائی سے سنی ہے اور ان سے مصافحہ کیا ہے۔

۱۰۷۷ ۴۵/۱۵ امام محدث ابو سعد ابن البغدادی

آپ کی کنیت ابو سعد اور نام احمد بن محمد بن حسن بن علی ہے۔ اصفہان کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ ۴۶۳ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابو عبد اللہ بن مندہ کے دونوں بیٹوں ابو القاسم اور ابو عمرو، حمد بن ولکیز، محمد بن احمد بن ماجہ ابہری، محمد بن احمد بن اسد، ابو منصور بن شکروبہ اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ ۱۶ سال کی عمر میں مشہور محدث ابو منصور زینبی سے سماع اور استفادہ کے لیے نہایت عجلت میں بغداد کا سفر کیا۔ مگر ابھی راستہ میں ہی تھے کہ ان کی وفات کی خبر ملی۔ یہ سن کر رو پڑے اور اپنی محرومی پر سر پیٹ کر رہ گئے۔ کہنے لگے۔ من این لی علی بن الجعد عن شعبۃ ؟ یعنی دوسرا کوئی محدث ان کا نعم البدل کیسے ہو سکتا ہے ؟

مذکورہ بالا اساتذہ کے علاوہ عاصم بن حسن، مالک بن بانیانی اور اس وقت موجود دوسرے محدثین سے استفادہ کیا۔ محمود بن جعفر کوسج سے بھی سماع کیا۔ یہ اپنے دادا حسن بن علی بغدادی سے روایت کرتے تھے۔

t.com

آپ کے سب سے بڑے استاد مشہور واعظ شیخ عبدالجبار بن عبداللہ بن برزہ ہیں۔ اور آپ سے ابن ناصر، سلفی، ابوموسیٰ، ابن الجوزی، عمر بن طبرزد، محمد بن علی قبیطی اور دوسرے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ کے شاگردوں میں سے محمد بن محمد بن بدر راذانی نے سب سے آخر میں وفات پائی۔

مرتبہ و مقام ابوسعد سمعانی کہتے ہیں آپ ثقہ، حافظ، دیندار، نیکوکار اور بہترین سیرت کے حامل تھے سلف کے مطابق آپ کا عقیدہ صحیح اور درست تھا۔ سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ تکلف سے دور تھے۔ بازار جاتے تو اکثر سر پر معمولی رومال لپیٹ لیتے تھے۔ میں نے ان کو حج کے لیے جاتے ہوئے راستہ میں دیکھا کہ سفر کی مشقت اور گرمی میں روزے رکھنے کی وجہ سے رنگ متغیر ہو گیا ہے اور گال پچک گئے ہیں بعض اوقات حدیث املا کراتے وقت اپنی قمیص اتار دیتے تھے۔ ابوسعد اپنی معجم میں لکھتے ہیں فن حدیث میں آپ کو معرفتِ تام حاصل تھی۔ بے بدل حافظ حدیث تھے۔ آپ کو پوری صحیح مسلم ازبر یاد تھی۔ تلامذہ کو زبانی یادداشت سے حدیث لکھایا کرتے تھے۔ ابوسعد کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ابوسعد ابن البغدادی حج کر کے واپس آئے تو اصفہان کے لوگ کثیر تعداد میں ان کے استقبال کے لیے شہر سے باہر نکلے۔ آپ گھوڑے پر سوار تھے لوگوں کے ساتھ آہستہ آہستہ چلتے رہے جب شہر کے نزدیک پہنچے تو یک دم گھوڑا دوڑا دیا۔ اور لوگوں کو پیچھے چھوڑ کر اکیلے شہر میں داخل ہو گئے۔ اور فرمایا میں نے سنت پر عمل کرنے کے لیے ایسا کیا ہے۔ آپ درمیانہ قد کے تھے۔ آپ کے عادات و خصائل بہت بھلے تھے۔ میں نے حرمین میں آپ سے حدیث لکھی ہے اور آپ نے مجھ سے لکھی ہے۔ ایک دن میں ان کے گھر گیا۔ دروازے پر کھڑے کھڑے دیر ہو گئی۔ باہر نکلے تو بولے آپ کو کھڑے ہونے کی زحمت اٹھانا پڑی ہے۔ میں نے عرض کیا۔ محدث کے دروازہ پر کھڑا ہونا باعث عزت ہے۔ پوچھا اس کلمہ میں تمہارا کوئی استاد ہے؟ میں نے [illegible] فرمایا پھر تم اس کے استاذ ہو حافظ عبداللہ بن مرزوق کہتے ہیں۔ ابوسعد بغدادی آگ کا شعلہ ہیں۔ معمر بن فاخر کہتے ہیں: ابوسعد کو صحیح مسلم زبانی یاد تھی۔ آپ حدیث کے موضوع پر بڑی عمدہ بحث فرمایا کرتے تھے۔ ابن نجار فرماتے ہیں۔ آپ حدیث میں امام تھے۔ دنیا کی بے ثباتی میں آپ کا وعظ انتہائی پر تاثیر ہوتا تھا۔ حافظ شجاع ذہلی نے آپ سے حدیث لکھی ہے جب کھانا کھانے بیٹھتے تو آپ کی آنکھوں میں آنسو بھر آتے فرماتے داؤد علیہ السلام کھانا کھاتے وقت رویا کرتے تھے۔

شاہی تعاون قبول کرنے سے انکار ابوالفتح محمد بن علی نطنزی کہتے ہیں ایک دفعہ کسی ضرورت کے لیے بغداد میں آپ نے مجھ سے دس دینار قرض لیے۔ اتفاقاً مجھے سلطان مسعود بن محمد کی خدمت میں حاضر ہونے کا موقعہ ملا تو میں نے ان سے اس کا ذکر کیا انہوں نے مجھے آپ کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے پانچ سو دینار عطا کیے۔ میں خوشی خوشی آپ کے پاس لایا مگر آپ نے کمال بے اعتنائی سے اس کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

fat.com

علامہ ابن الجوزی فرماتے ہیں۔ آپ نے اصفہان اور مکہ معظمہ کے درمیان بار بار سفر کیا اور گیارہ دفعہ حج ادا کرنے کی سعادت حاصل کی۔ میں نے آپ سے حدیث کا بہت سماع کیا ہے۔ اور مجھے آپ کے اخلاقِ لطیفہ اور محاسنِ جمیلہ کا مشاہدہ کرنے کا بہت موقعہ ملا ہے۔ میں کہتا ہوں آپ نے بغداد میں ابن مندہ کی کتاب معرفۃ الصحابہ پڑھائی تھی۔ ہمیں امام ابوزکریا یحییٰ بن صیرفی نے اس کی اجازت دی ہے انہوں نے علامہ قبیطی سے اس کا سماع کیا اور انہوں نے یہ کتاب آپ سے پڑھی تھی۔ آپ نے حج سے واپسی پر ربیع الاول ۵۴۰ھ میں نہاوند میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور آپ کے جسدِ خاکی کو اصفہان لاکر سپردِ خاک کیا گیا۔

اس سال درج ذیل اہلِ علم نے بھی وفات پائی۔

حافظ بیہقی کے شاگرد مسند نیشاپور ابوبکر عبدالرحمان بن عبداللہ بحیری، خلیفہ مقتفی کے امام علامہ ابومنصور موہوب بن احمد جوالیقی لغوی اور ابوعبداللہ حسین بن حسن مقدسی حنفی نزیلِ بغداد۔ آپ کو حافظ ابوالقاسم بن بسری سے استفادہ کا موقعہ ملا ہے۔

مجھے آپ کے واسطہ سے عبدالرحمٰن بن یزید بن رافع کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سرخ رنگ سے پرہیز کرو یہ شیطان کی محبوب ترین زینت ہے۔ اس حدیث کے راوی عبدالرحمٰن کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے۔

۱۰۷۸ ۴۶/۱۵ امام یونارتی اصفہانی

آپ کی کنیت ابونصر اور نام حسن بن محمد بن ابراہیم ہے۔ اصفہان کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور بلند پایہ قاری ہیں۔ اصفہان کے دروازے پر یونارت نامی بستی کی طرف انتساب کی وجہ سے یونارتی کہلاتے ہیں۔ فن حدیث کے ائمہ ذی شان میں شمار ہوتے ہیں۔ حافظ ابنِ عساکر نے آپ کا تذکرہ کیا ہے اور آپ کو حافظ اسمٰعیل بن محمد پر ترجیح دی ہے۔ آپ تیز رفتار کاتب، اچھی قرأت کرنے والے قاری اور بہت عمدہ تخریج کرنے والے مصنف ہے۔

آپ نے اپنے شہر اصفہان میں ابوبکر بن ماجہ ابہری، ابومنصور بن شکرویہ اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، نیشاپور میں ابوبکر بن خلف شیرازی سے، ہرات میں ابوعامر محمود بن قاسم ازدی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے، بلخ میں ابوالقاسم احمد بن محمد خلیلی سے اور بغداد میں ابوعبداللہ لغالی، احمد بن عبدالقادر یوسفی، حسن بن علی بن بسری، اور اس طبقہ کے دیگر اہلِ علم سے حدیث کا سماع کیا۔

مرتبہ و مقام سمعانی کہتے ہیں: مجھ سے حافظ اسمٰعیل بن محمد نے کہا: یونارتی کو کچھ زیادہ علم نہیں تھا ہاں ان کی کتابیں بڑی عمدہ تھیں۔ ابنِ نجار کہتے ہیں: یونارتی ۵۲۴ھ میں بغداد آئے۔ وہاں جامع ترمذی پڑھائی اور اس کے علاوہ حدیث کی املا بھی کراتے رہے آپ نے متعدد جلدوں میں اپنی معجم

بھی لکھی ہے۔ آپ معرفت اور درایت کے ساتھ موصوف تھے۔ آپ سے فقیہ ابوالفتح نصر بن فتیان، عرفہ بن بقلی، احمد بن صالح اور مظفر بن علی خیاط روایت کرتے ہیں ابن نجار کہتے ہیں۔ مجھ کو آپ سے صرف موخرالذکر نے ہی حدیث بیان کی ہے۔ میں کہتا ہوں آپ سے فاطمہ بنت سعد الخیر بھی روایت کرتی ہیں۔

عام حالات

سمعانی لکھتے ہیں میں نے ابوعلی بن وزیر کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے حدیث پڑھنے میں یونارتی کی آواز سے بہتر اور عمدہ کسی کی آواز نہیں سنی۔ سمعانی کہتے ہیں: میرے پوچھنے پر حافظ اسمٰعیل نے بتایا یونارتی مشہور محدث ابن خلف شیرازی سے سماع کرنے کے لیے گھر سے نکلے اور یہ ان کی طرف رحلت کرنے والے آخری شخص تھے۔ ان کے بعد عبدالرحمان بن احمد باغبانی اپنے والد کی معیت میں آئے۔ ان کا بیان ہے میں نیشاپور میں داخل ہونے کے بعد امام ابن خلف کے گھر کی طرف جلدی جلدی جا رہا تھا راستہ میں یونارتی سے ملاقات ہوئی انہوں نے روکا اور کہا آئیے چلیے کھانا کھا لیں چنانچہ وہ ہمیں اپنے گھر لے گئے۔ کھانا کھلایا اور ابن خلف سے سماع کر وہ اپنی کتابیں لا کر دکھائیں پھر کہا ان کا انتقال ہو چکا ہے اور میں نے ان کو اپنے ہاتھ سے سپرد خاک کیا ہے۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں یہ خبر مجھ پر بجلی بن کر گری۔ قریب تھا کہ میرا پتہ پھٹ جائے اور میری موت واقع ہو جائے۔ ابن نجار کہتے ہیں میں نے ابونصر یونارتی کی مجلس درس کے سلسلہ میں معمر بن فاخر کی ایک تحریر پڑھی ہے جس میں مذکور ہے آپ سنت کے بڑے پابند، تیز لکھنے اور تیز پڑھنے والے تھے۔ آپ کی تحریر بڑی نفیس اور اخلاق پسندیدہ تھے۔ طلب علم کے لیے بڑے سفر کیے اور بہت کچھ پڑھا۔ بڑے وضعدار تھے آپ کو یہ ملکہ حاصل تھا کہ بیک وقت قرآن کی ایک سورت پڑھ رہے ہیں اور دوسری سورت لکھ رہے ہیں۔

وفات

امام یونارتی ۴۳۶ھ کے آخر میں پیدا ہوئے اور شوال ۵۲۷ھ میں انتقال فرمایا۔ اس سال مندرجہ ذیل محدثین نے بھی انتقال فرمایا۔

مسند بغداد ابوغالب احمد بن ابوعلی حسن بن بنا حنبلی بغدادی، فقیہ علامہ ابوالعباس احمد بن سلامہ کرخی آپ امام ابن صباغ اور امام ابواسحاق کے تلمیذ ہیں، امام کبیر علامہ ابوالفتح اسعد بن ابوالخیر میہنی شافعی، شیخ الحنابلہ علامہ ابوالحسن علی بن عبیداللہ زاغونی، مسند نیشاپور رئیس قاضی ابوسعید محمد بن احمد آپ عمر بن مسرور سے روایت کرتے ہیں، امام مسند ابوبکر محمد بن حسین مرزوقی مقری بغداد اور امام ابوحازم محمد بن قاضی ابویعلی بن فراء حنبلی۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خادم رہا ہوں۔ جب مجھ سے کوئی چیز ٹوٹ جاتی تو آپ مجھے کبھی سختی سے نہ پوچھتے کہ یہ چیز کیوں توڑی ہے

اس حدیث کے بیان میں یسع بن زید منفرد ہیں اور یہ قابل اعتبار نہیں ہیں۔

fat.com

سولھواں طبقہ

اس میں پندرہ بڑے بڑے حفاظِ حدیث کا تذکرہ ہے[1]

۱۰۷۹ ۱/۱۶ محدثِ عراق امام محمد بن ناصر محمد سلامی

آپ کی کنیت ابوالفضل اور نام محمد بن ناصر ہے۔ عراق کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ آپ ابھی بچہ ہی تھے کہ آپ کے والد عالم شباب میں انتقال فرما گئے۔ آپ کی پرورش آپ کے نانا فقیہ ابوحکیم خبری نے کی، آپ کو حدیث پڑھائی اور قرآن حکیم حفظ کرایا۔ آپ ۴۶۷ھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے نانا کے علاوہ آپ نے ابوالقاسم علی بن بسری، ابوطاہر ابن ابی الصقر، عاصم بن حسن، مالک بانیاسی، ابوالغنائم بن ابو عثمان، رزق اللہ تمیمی، طراد زینبی، ابوعبداللہ نعالی، ابن بطر اور بعد کے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ اس سے پچھلے طبقہ جوہری اور ابن مہتدی باللہ کے شاگردوں سے بھی استفادہ کیا۔ لغت میں کمال حاصل کرنے کے بعد فنِ حدیث کی طرف متوجہ ہوئے اور اس کی طلب اور تحصیل میں اپنی قوت صرف کر دی۔ فقہ اور نحو میں بھی امتیاز پیدا کیا۔

مرتبہ و مقام ابن الجوزی کہتے ہیں۔ آپ ثقہ حافظ، ضابط اور اہلِ حدیث تھے۔ آپ میں کسی طرح کا کوئی عیب نہیں تھا۔ مجھے حدیث پڑھانے کا کام آپ نے اپنے ذمہ لیا ہوا تھا۔ اور میں نے آپ سے مسند احمد اور اس جیسی بڑی بڑی کتابوں کا سماع کیا ہے۔ ان میں قرأت آپ خود کرتے تھے۔ میں نے علمِ حدیث آپ سے سیکھا ہے۔ آپ بکثرت ذکرِ الٰہی کرتے تھے۔ اور جب تک ذکر میں مصروف رہتے۔ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری رہتے تھے۔ سمعانی نے آپ کے متعلق کہا ہے کہ آپ لوگوں کی عیب جوئی کو دوست رکھتے تھے۔ ابن جوزی نے سمعانی کی تردید کی ہے۔ اور ان کے اس قول کو مردود قرار دیا ہے۔ کہتے ہیں جرح و تعدیل محدث کے فرائض میں داخل ہے، کیا انہیں جرح اور غیبت میں فرق معلوم نہیں؟ پھر خود انہوں نے اپنی تاریخ میں اکثر مقامات پر آپ کے قول کو بطورِ حجت پیش کیا ہے۔ پھر علامہ ابن الجوزی نے ابوسعد سمعانی پر نکتہ چینی کرتے ہوئے ان پر حنابلہ کے خلاف ناحق تعصب کا مظاہرہ کرنے کا الزام لگایا ہے۔ لیکن بات یہ نہیں بلاشبہ ابن ناصر نے بعض شیوخ کے خلاف بلاوجہ عیب جوئی کا ارتکاب کیا ہے۔ بے جا حمایت چھوڑیئے۔ ابوسعد آپ سے اور آپ کے شیخ سے زیادہ تاریخ جاننے اور زیادہ یاد رکھنے والے ہیں۔ ابن ناصر کے متعلق ان کا یہ تبصرہ مبنی برحقیقت ہے۔ فرماتے ہیں: ابن ناصر ثقہ، حافظ،

[1] حافظ ذہبی نے یہاں پندرہ حفاظِ حدیث کا ذکر کیا ہے لیکن سولھواں طبقہ حقیقتاً آٹھ تراجم پر مشتمل ہے۔ ۱۲

متدین، صاحب ضبط و اتقان اور ثبت تھے۔ لغت کے ماہر اور متون اسانید کے عالم تھے۔ اکثر نماز پڑھنے اور قرآن حکیم کی تلاوت کرنے میں مصروف رہتے تھے۔ لیکن لوگوں کی عیب جوئی کو دوست رکھتے تھے۔ ان کی قرأت صحیح اور نقل درست تھی۔ آپ نے ۴۷۳ھ میں ابو طاہر انباری سے حدیث کا سماع شروع کیا تھا۔ ابن نجار کہتے ہیں آپ کو ابن نقور، ابن ہزار مرد صریفینی اور ابن ماکولا وغیرہ علماء نے بچپن میں ہی اجازت مرحمت فرمادی تھی۔ اور آپ کے لیے یہ اجازت ابن ماکولا نے اپنے سفر کے دوران حاصل کی تھی۔

میں نے حافظ ضیاء کی تحریر پڑھی ہے کہ ابن ناصر کو حافظ ابو القاسم علی بن عبدالرحمٰن بن علیک نے ۴۶۸ھ میں (یعنی ان کی پیدائش کے دوسرے سال) اجازت عطا کی تھی۔ حافظ موصوف نے آپ کو اجازت دینے والوں میں ابو صالح مؤذن، فاطمہ بنت دقاق، فضل بن محب اور ایک دوسری جماعت کے نام بھی گنوائے ہیں۔ ابن نجار کہتے ہیں: آپ ثقہ، ثبت، پسندیدہ اطوار اور متدین تھے۔ عفت اور نزاہت کے ساتھ فقیرانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ آپ نے اپنی تمام کتابیں وقف کردی تھیں اور اپنے پیچھے مستعمل کپڑے اور تین دینار چھوڑے تھے۔ آپ کی اولاد نہیں تھی۔ میں نے امام ابن سکینہ اور ابن اخضر وغیرہ علماء کو آپ کی مدح و ثنا میں رطب اللسان پایا ہے۔ یہ سب کہتے تھے کہ آپ میں حفظ، اتقان اور دیانت جیسے اوصاف بدرجہ کمال پائے جاتے۔ آپ فرائض کے علاوہ سنن و نوافل کے بھی بڑے پابند تھے۔ میں نے اپنے اکثر اساتذہ کو ذکر کرتے ہوئے سنا ہے۔ کہ ابن ناصر اور ابن جوالیقی دونوں ابو زکریا تبریزی سے علم ادب پڑھتے تھے ساتھ ساتھ علم حدیث بھی حاصل کر رہے تھے۔ اس وقت ان کے متعلق عام تاثر یہ تھا کہ ابن ناصر بغداد کے ماہر لغت اور ابن جوالیقی بغداد کے محدث بنیں گے۔ لیکن ان کے حق میں وقت کا فیصلہ اس کے برعکس ہوا۔ میں کہتا ہوں: ابن ناصر حافظ حدیث ہونے کے ساتھ ساتھ لغت کے بھی امام تھے۔ ابن نجار کہتے ہیں ابن سکینہ فرمایا کرتے تھے۔ میں نے ایک دفعہ امام ابن ناصر سے کہا میں آپ سے ابو زکریا تبریزی کی شرح کے ساتھ دیوان متنبی پڑھنا چاہتا ہوں۔ فرمانے لگے تم ہمیشہ مجھ سے حدیث مفت بلا معاوضہ پڑھتے ہو یہ شعر ہیں علم شریعت نہیں اور ہمیں اخراجات کے لیے خرچ کی ضرورت ہے۔ میں نے اس کا ذکر اپنے والد سے کیا تو انہوں نے مجھے پانچ اشرفیاں دیں جو میں نے آپ کی خدمت میں پیش کردیں اور آپ سے یہ کتاب پڑھی۔

امام احمد کا مذہب اختیار کرنا

حافظ سلفی کہتے ہیں۔ ابن ناصر نے ہمارے ساتھ حدیث کا بہت کافی سماع کیا ہے پہلے شافعی المذہب اشعری العقیدہ تھے۔ پھر اصول و فروع میں امام احمد کا مذہب اختیار کر لیا اور تا زیست اس پر قائم رہے۔ آپ کا حافظ اور ضبط و اتقان [illegible] تک تھا۔ فن حدیث میں حسن معرفت اور تثبت کے ساتھ ساتھ امامت کے درجہ پر فائز تھے۔ ابو موسیٰ مدینی کہتے ہیں: آپ اپنے وقت میں بغداد میں اہل حدیث کے پیشوا تھے۔ ابن نجار کہتے ہیں میں نے ابن ناصر

کے ہاتھ کا لکھا ہوا یہ واقعہ پڑھا ہے اور یحیی بن حسین نے مجھے ان کی زبانی بیان کیا ہے۔ کہتے ہیں
کئی سال علامہ تبریزی سے ادب پڑھنے میں مصروف رہا اور حافظ ابو منصور خیاط کی مسجد میں نہ گیا۔ ایک
میں حدیث پڑھنے کے خیال آن کی خدمت میں حاضر ہوا فرمانے لگے بیٹا! تم نے قرآن پڑھنا چھوڑ دیا۔ ا
دوسرے علم میں مشغول ہو اب یہاں آیا کرو اور مجھ سے کچھ پڑھ لو تاکہ محدثین کے زمرہ میں شامل ہو
کے لیے تمہارے پاس سند موجود ہے۔ چنانچہ ۴۹۲ھ میں میں ان کی خدمت میں باقاعدہ حاضر ہونے لگا۔
اکثر بارگاہ الٰہی میں دعا کرتا تھا۔ خدایا! میری راہنمائی فرما اور مجھے بتا کہ ان مذاہب میں سے بہتر مذہب کو
ہے؟ اس دوران میں باقلانی کی کتاب التمہید پڑھنے کے سلسلہ میں مشہور متکلم تیرانی کے ہاں بھی اکثر
تھا کچھ عرصہ بعد مجھے یوں محسوس ہوا جیسے اس طرف سے میری رغبت بتدریج کم ہو رہی ہے۔ ایک رات
خواب میں نظر آیا کہ مسجد میں حافظ ابو منصور کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ ان کے پاس سفید کپڑوں میں ملبو
ایک بزرگ بیٹھے ہیں۔ انہوں نے دیہاتی طرز کی ایک سادہ چادر عمامہ پر ڈال رکھی ہے۔ رنگ نکھرا ہوا
چہرہ پُرنور برس رہا ہے۔ میں سلام کرنے کے بعد ان دونوں کے سامنے بیٹھ گیا۔ میرے دل میں اس بزرگ
کی ہیبت سما گئی اور میں نے محسوس کیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں آپ نے میری طرف دیکھ کر فرما
اس شیخ کا مذہب اختیار کرو، اس شیخ کا مذہب اختیار کرو، تین دفعہ فرمایا یہ سن کر میری آنکھ کھل گئی۔
اور میرے جسم پر لرزہ طاری ہو گیا۔ میں نے والدہ کو بتایا اور پڑھنے کے لیے سویرے سویرے شیخ کی خدمت
میں حاضر ہوا۔ جب انہیں اس خواب سے آگاہ کیا تو بولے بیٹا! امام شافعی کا مذہب بھی اچھا ہے میں تمہیں
یہ نہیں کہتا کہ اسے چھوڑ دو۔ ہاں یہ کہتا ہوں کہ اشعری کا عقیدہ قبول نہ کرو، میں نے کہا میں بین بین رہنے
کے لیے تیار نہیں میں آپ کو اور حاضرین مجلس کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے آج سے اصولاً و فروعاً امام احمد
بن حنبل کا مذہب اختیار کر لیا ہے یہ سن کر انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہیں اس پر استقامت بخشے۔
اس کے بعد میں نے امام احمد کی تصنیفات اور ان کے جمع کردہ مسائل کا سماع شروع کیا اور ان کی
فقہ کا بنظر غائر مطالعہ کیا۔ یہ رمضان المبارک ۴۹۳ھ کا واقعہ ہے۔

تلامذہ میں کہتا ہوں آپ سے روایت کرنے والوں کی فہرست کافی طویل ہے۔ چند قابل ذکر شخصیتوں کے نام درج ذیل ہیں۔ حافظ سلفی، حافظ ابن عساکر، ابو موسیٰ، سمعانی، ابن الجوزی، ابن سکینہ، ابن اخضر، عبدالرزاق، فقیہ یحیی بن ربیع، کندی، محمد بن بنا بصوفی، فقیہ محمد بن غنیمہ، داؤد بن ملاعب، عبدالعزیز بن احمد ناقد، موسیٰ بن عبدالقادر، احمد بن ظفر بن ہبیرہ، احمد بن صرما، ابو منصور بن عنیجہ، حسن بن امیر سید اور دوسرے بہت سے حضرات۔ آپ سے بذریعہ اجازت سب سے آخر میں ابوالحسن بن مقیر نے روایت کی ہے۔ ایک موقعہ پر ابن مسدی مجاور نے بہت گڑبڑ کی ہے اور اپنی سندیوں بیان کی ہے۔ انہ قرأ علی ابن المقیر عن ابن ناصر قال انبأنا ابو عمر و عبدالرحمن بن احمد اللیثی۔ پھر اس سند سے جعدیات سے ایک

ذکر کی ہے۔ اس سند میں ابن ناصر کو ملیحی کا شاگرد ظاہر کیا ہے۔ حالانکہ ملیحی ابن ناصر کی پیدائش سے چار سال قبل فوت ہو چکے تھے۔

وفات امام ابن ناصر نے ۱۲ شعبان المعظم ۵۵۰ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔ علامہ ابن الجوزی کہتے ہیں۔ مجھے فقیہ ابوبکر بن الحضرمی نے بتایا کہ میں نے خواب میں امام ابن ناصر کو دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے؟ بولے مجھے بخش دیا ہے اور فرمایا ہے کہ میں نے تمہارے زمانہ کے دس اور اہلِ حدیث کو بھی بخش دیا۔ کیونکہ تم ان کے رئیس اور سردار ہو۔

میں کہتا ہوں اس سال مندرجہ ذیل علمائے کرام بھی فوت ہوئے۔

ابوعثمان اسماعیل بن عبدالرحمٰن عصائدی آپ تقریباً ۹۰ سال کی عمر میں نیشاپور میں فوت ہوئے۔ تاریخ صغیر للبخاری کے راوی عمر رسیدہ بزرگ خطیب ابوالحسن علی بن محمد مشکانی مسند ابوالفتح محمد بن علی بن ہبۃ اللہ کاتب بغداد میں فوت ہوئے۔ مقری عراق اور مصنف "المفتاح" ابوالکرم مبارک بن حسن شہرزوری، امام غزالی کے شاگرد مفتی خراسان فقیہ محمد بن یحییٰ، کتاب الذخائر فی المذہب کے مصنف ابوالمعالی محمد بن جمیع قرشی شافعی قاضی مصر اور واعظ سلماس ابوزکریا یحییٰ بن ابراہیم۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے پہلے جتنے نبی آئے ہیں ان کو ایسے معجزات ملے جن سے ملتی جلتی چیزوں میں انسان ایمان لائے تھے لیکن مجھے اللہ تعالیٰ نے معجزہ وحی کی صورت میں عطا فرمایا۔ اس لیے میں اُمید کرتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے تابعدار بندے دوسرے انبیاء کے تابعداروں سے زیادہ ہوں گے۔

۱۰۸۰ ۲/۱۶ علامہ امام بطروجی اندلسی

آپ کی ابوکنیت ابوجعفر اور نام احمد بن عبدالرحمان بن محمد بن عبدالباری ہے۔ اندلس کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور گرامی قدر عالم ہیں۔ ثقاہت و اعتبار میں اونچا مقام رکھتے ہیں۔ حافظ ابوعلی غسانی، محمد بن فرج طلاعی، ابوالحسن قیسی، خازم بن محمد، خلف بن ابراہیم مقری، ابن نحاس اور اس طبقہ کے دوسرے باکمال محدثین سے اکتساب فیض کیا اور مختلف علوم و فنون میں مہارت تامہ حاصل کی۔ اور آپ سے خلف بن بشکوال، ابومحمد بن عبیداللہ حجری، ابوالحسن محمد بن عبدالعزیز شقوری، محمد بن ابراہیم بن فخار، یحییٰ بن محمد فہری اور بہت سے دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام ابن بشکوال کہتے ہیں: آپ حدیث، فقہ، رجال اور تاریخ کے حافظ تھے اور ان جملہ فنون میں اپنے اہل عصر پر فوقیت رکھتے تھے۔ دوسرے محدثین کہتے ہیں۔ آپ بہت سی مشہور کتابوں کے مصنف ہیں۔ رجال اور ان کے حالات سے خوب آگاہ تھے۔ بڑے حاضر جواب تھے۔ جب

fat.com

ان سے سوال کیا جاتا تو جواب ان کی زبان پر پہلے ہی تیار ہوتا تھا۔ قوتِ حافظہ کی وجہ سے مسئلہ کے حل میں نصوص و براہین کے انبار لگا دیتے تھے۔ ان کے زمانہ میں اہلِ اندلس میں ان کا جواب نہیں تھا۔ لیکن ادب عربی میں کمزور تھے۔ آپ نے اپنی سادگی کی وجہ سے گمنامی میں زندگی بسر کی۔

ابن بشکوال کہتے ہیں آپ نے ۲۷ محرم ۵۴۲ھ میں انتقال فرمایا۔ میں کہتا ہوں اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی دنیائے دوں سے منہ موڑ کر سفرِ آخرت اختیار کیا۔

فقیہ ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن علی آبنوسی شافعی الوکیل۔ آپ بغداد میں فوت ہوئے۔ بہت سی کتابوں کے مصنف اور اسنادِ عالی کے حامل تھے۔ المسند ابوبکر احمد بن علی بن اشقر دلال بغدادی، عراق کے شیخ القراء ابومحمد دعوان بن علی بن حماد حبی آپ نابینا تھے۔ علامہ مفسر ابومحمد عبدالحق بن غالب محاربی غرناطی، مسند ابوالقاسم بن امام ابونصر عبدالسید بن صباغ بغدادی، محدثِ بغداد ابوحفص عمر بن ظفر مغازلی انہوں نے ۸۱ سال کی عمر میں وفات پائی۔ مسند ابوعبداللہ محمد بن احمد طرائفی تقریباً سو سال زندہ رہے، محدث واسط قاضی ابوعبداللہ محمد بن علی جلابی، مفید بغداد ابوالبقاء محمد بن محمد بن طبرزد، مسند شام علامہ ابوالفتح نصراللہ بن محمد مصیصی آپ نے ۹۴ سال عمر پائی۔ محدث ہمدان ابوبکر ہبۃ اللہ بن فرج اور نحوی بغداد شریف ابوالسعادات ہبۃ اللہ بن شجری علوی۔

۱۰۸۱ ۳/۱۶ قاضی علامہ ابن العربی اشبیلی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن عبداللہ بن محمد ہے۔ اشبیلیہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں ۴۶۸ھ میں پیدا ہوئے اور طلبِ علم کے لیے اپنے والد کے ہمراہ بلادِ مشرق کا سفر کیا۔ آپ نے بغداد میں ابوعبداللہ بن طلحہ نعالی، طراد بن محمد زینبی، نصر بن بطر اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، دمشق میں ابوالفتح نصر بن ابراہیم مقدسی، ابوالفضل بن فرات اور اس طبقہ کے دوسرے افراد سے، اندلس میں اپنے ماموں حسن بن عمر موزنی اور ایک دوسری جماعت سے، مصر میں قاضی ابوالحسن خلعی، محمد بن عبداللہ بن ابی داؤد فارسی اور متعدد دوسرے اشخاص سے، اور بیت المقدس میں حافظ مکی بن عبدالسلام رمیلی سے حدیث کا سماع کیا۔ اور امام ابوحامد غزالی، علامہ ابوزکریا تبریزی اور فقیہ ابوبکر شاشی سے سندِ قراءت حاصل کی۔ آپ نے بہت علم جمع کیا کتابیں لکھیں، علم وادب اور بلاغت میں کمال پیدا کیا اور چار دانگِ عالم میں شہرت پائی۔

آپ کے تلامذہ کی فہرست بھی خاصی طویل ہے۔ چند قابلِ ذکر نام درجِ ذیل ہیں۔

عبدالخالق بن احمد یوسفی، ابن صابر دمشقی اور ان کے بھائی۔ قاضی احمد بن خلف اشبیلی، حسن بن علی قرطبی، ابوبکر محمد بن عبداللہ جد فہری، محمد بن ابراہیم بن فخار، محمد بن یوسف بن سعادہ، محمد بن علی کتامی، محمد بن جابر ثعلبی، نجبہ بن یحیی رعینی، حافظ ابوالقاسم سہیلی، عبدالمنعم بن یحیی بن حلوف غرناطی، علی بن احمد بن لبال قرشی اور دوسرے بہت سے محدثین، آپ سب سے آخر میں ۶۱۶ھ میں ابوالحسن علی بن احمد شقوری اور احمد

t.com

بن عمر خزرجی تاجر نے بذریعہ اجازت روایت کی ہے۔

مرتبہ و مقام آپ نے مکہ مکرمہ میں ابو عبداللہ حسین طبری سے بھی حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے شریف ترین علم اور بلند قدر اسناد سے بلادِ اندلس کو مالا مال کر دیا۔ آپ متبحر عالم اور روشن دماغ مفکر تھے حسن اخلاق اور شیریں گفتار کی وجہ سے لوگ آپ کے گرد جمع رہتے تھے۔ آپ کا شمار امیر کبیر لوگوں میں ہوتا تھا۔ اشبیلیہ کے منصب قضاء پر فائز ہوئے اور اپنی سیاسی اور انتظامی صلاحیت کی وجہ سے بڑا نام پیدا کیا۔ مجرموں کے حق میں تشدد پسند اور سخت گیر تھے۔ عہدۂ قضا سے معزول ہونے کے بعد آپ نے اپنی ساری توجہ علم کی نشر و اشاعت اور تصنیف و تالیف پر مرکوز کر دی تھی۔ علامہ ابن بشکوال نے آپ کی بہت تعریف کی ہے اور لکھا ہے کہ بقول آپ کے آپ نے ۴۸۵ھ میں تحصیل علم کی غرض سے بلادِ مشرق کی طرف رحلت فرمائی۔ میں نے قرطبہ اور اشبیلیہ میں آپ سے بہت استفادہ کیا ہے۔

دوسرے علماء کا بیان ہے کہ آپ کے والد ماجد اہلِ علم وزراء میں شمار ہوتے تھے بڑے فصیح اللسان اور قادر الکلام شاعر تھے۔ ان کا ۴۹۳ھ کے شروع میں مصر میں انتقال ہو گیا۔ والد کے فوت ہونے کے بعد ان کے صاحبزادے ابوبکر واپس اندلس چلے آئے۔ مشہور ہے کہ قاضی ابوبکر اجتہاد کے بلند مرتبہ پر فائز تھے۔ ابن نجار کہتے ہیں آپ کچھ عرصہ بغداد میں حدیث پڑھاتے رہے ہیں۔ آپ نے فنِ حدیث، فقہ، اصول، علوم قرآن، ادب، نحو اور تاریخ میں مفید کتابیں تصنیف کی ہیں۔ آپ کی مالی حالت قابلِ رشک تھی۔ عوام پر آپ کے ابر کرم کی بارش ہوتی رہتی تھی۔ چنانچہ اشبیلیہ شہر کے گرداگرد فصیل آپ نے اپنے ذاتی مال سے تعمیر کرائی تھی۔ شعراء نے آپ کی مدح میں قصیدے لکھے ہیں۔

ابو یحییٰ الیسع بن حزم نے ان کا ذکر کیا ہے اور ان کی تعظیم و توصیف میں مبالغہ سے کام لیتے ہوئے کہا ہے۔ انہیں منصب قضا سونپا گیا اور خاصی آزمائش میں ڈال دیئے گئے۔ انہوں نے اس منصب کو قبول کرنے سے انکار کیا مگر وہ انہیں قبول کرنا پڑا۔ اس بناء پر لوگوں میں ان کے بارے میں کئی باتیں مشہور ہو گئیں۔ تاہم ان کے پیشِ نظر سوائے خیر کے اور کچھ نہ تھا۔ اگرچہ شیطان نے ان کے لیے طرح طرح کے جال پھیلائے اور عوام میں ان کی پوزیشن خراب کرنے کی کوشش کی کہ ان کا تعلق بادشاہ کے حواریوں سے تھا اور موصوف بھی طریقہ علماء کے برعکس امراء و سلاطین کی مخالفت میں بلند آہنگی سے کام لینے کے بجائے ذرا نرمی برتتے تھے اس کے بعد آپ نہایت عزت و احترام کے ساتھ قرطبہ منتقل ہو گئے۔ پھر وہاں سے عدوہ چلے گئے اور وہیں انتقال فرمایا۔

علامہ ابن العربی پر جرح اور اس کا جواب معجم ابن مسدی میں ہے۔ احمد بن محمد بن مفرج بنانی کہتے ہیں۔ میں نے حافظ ابن الجد اور دوسرے محدثین سے سنا ہے فرماتے تھے ایک دفعہ فقہائے اشبیلیہ ابوبکر بن المرجی اور فلاں فلاں ایک جگہ جمع ہوئے۔ ابن العربی بھی

fat.com

وہاں موجود تھے۔ اتفاقاً ان میں حدیث المغفر کے متعلق تذکرہ ہونے لگا۔ ابن المرجی نے کہا یہ حدیث صرف مالک عن الزہری کی سند سے مروی ہے۔ اس کے علاوہ کسی دوسری سند سے نہیں آتی۔ ابن العربی کہنے لگے میں یہ حدیث مالک کے علاوہ ۱۳ سندوں سے روایت کرتا ہوں۔ یہ سن کر سب فقہا بالاتفاق بولے انہیں بیان کیجئے۔ ابن العربی نے پھر کسی موقعہ پر بیان کرنے کا وعدہ کیا۔ لیکن ۱۳ تو کجا ایک واسطہ سے بھی یہ حدیث بیان نہ کر سکے۔ اس کے متعلق خلف بن جبر ادیب نے یہ اشعار کہے۔

یا اھل حمص ومن بھا اوصیکم　　با لبر والتقوی وصیۃ مشفق

اے اہل حمص اور اس میں موجود دوسرے لوگو! میں تمہیں نیکی اور تقوی اختیار کرنے کی مشفقانہ نصیحت کرتا ہوں۔

فخذوا عن العربی اسمار الدجی　　وخذوا الروایۃ عن امام متقی

ابن العربی سے اندھیری راتوں میں بیان ہونے والی کہانیاں تو بے شک سنو مگر حدیث کسی خوف خدا رکھنے والے امام سے لینا۔

ان الفتی حلو الکلام مھذب　　إن لم یجد خبرا صحیحا یخلق

شیریں کلام مہذب نوجوانوں کو اگر صحیح حدیث نہیں ملتی تو اپنی طرف سے موضوع حدیث گھڑ لیتا ہے۔

میں کہتا ہوں یہ محض ایک افسانہ ہے جو صحیح جرح پر مبنی نہیں ہے۔ ممکن ہے علامہ ابن العربی کو وہم ہوا ہو ان کے علم میں کوئی ایسی حدیث ہو گی۔ انہوں نے سمجھا شاید وہ یہی حدیث ہے۔ رہے شعراء تو انہیں تو بڑھا چڑھا کر بات کرنے کی عادت ہوتی ہے۔

وفات ابن بشکوال کہتے ہیں: علامہ ابن العربی نے فاس کے قریب عدوہ نامی جگہ میں ربیع الآخر ۵۴۳ھ میں انتقال فرمایا۔ حافظ ابن المفضل اور قاضی ابن خلکان نے بھی یہی تاریخ لکھی ہے مگر تاریخ ابن نجار کے ایک نسخہ میں ۵۴۶ھ درج ہے۔ لیکن پہلا قول صحیح ہے۔

اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔

ابو تمام احمد بن ابی العز تاجر، یہ سفر کے دلدادہ اور ابن الخص کے نام سے مشہور تھے۔ نیشاپور میں فوت ہوئے آپ اس علاقہ میں کتاب "صفۃ المنافق" کے راوی تھے، فقیہ ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن بنہان غنوی رقی۔ سفر کے خوگر محدث ابو علی حسن بن مسعود دمشقی۔ آپ مرو میں ایام کہولت میں فوت ہوئے۔ مسند ابو القاسم خضر بن حسین دمشقی، قاضی القضاۃ ابو القاسم علی بن نور الہدی زینبی ہاشمی، ابن المسلمہ کے تلمیذ ابو غالب محمد بن علی بن دایہ، مفید بغداد ابو بکر مبارک بن کامل ظفری خفاف آپ نے ۵۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔ مسند ابو الدر یاقوت رومی سفار آپ امام صریفینی سے روایت کرتے ہیں اور زاہد شہید ابو الحجاج یوسف بن دوناس فندلاوی مالکی آپ کو باب الصغیر کے قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص

t.com

تکبر کی وجہ سے اپنا کپڑا لٹکاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر نہیں کرے گا۔ ہمیں یہ حدیث اس عالی سند سے بھی ملی ہے۔ اخبرناہ اسماعیل بن عبدالرحمان انا ابو محمد بن قدامہ انا خطیب الموصل وشہدۃ وتجنی الوہبانیۃ قالوا انا طراد۔

۱۰۸۲ ۴/۱۶ شیخ الاسلام امام سلفی اصفہانی

آپ کی کنیت ابوطاہر اور نام احمد بن محمد بن احمد جروانی اور لقب عماد الدین ہے۔ اصفہان کے والے جلیل القدر حافظِ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ اصفہان کے ایک محلہ جروان کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے جروانی کہلاتے ہیں۔ آپ کے دادا احمد کا لقب سلفہ تھا۔ اس کا معنی موٹے ہونٹ والا ہے۔ ابوطاہر اپنا سالِ پیدائش نہیں لکھتے بلکہ یوں کہتے تھے۔ طلبہ نے ۵۲ھ کے شروع میں مجھ سے اصفہان میں حدیث لکھنا شروع کردی تھی اس وقت میری عمر سترہ سال یا اس کے لگ بھگ تھی یہ بھی فرماتے تھے۔ مجھے ۴۸۵ھ میں نظام الملک کے قتل کا واقعہ یاد ہے۔ اس وقت میری عمر بیس سال تھی۔ میں کہتا ہوں ۵۱ھ میں آپ نے حدیث کا سماع شروع کیا تھا۔

اساتذہ آپ نے اپنے شہر اصفہان میں رئیس قاسم بن فضل ثقفی، عبدالرحمان بن محمد بن یوسف قصری، سعید بن محمد جوہری، علی بن منصور سلار، محمد بن محمد بن عبدالوہاب مدینی، ابومطیع صحاف، ابوالعباس بن اشتہ اور دوسرے بہت سے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر ۵۳ھ میں مزید طلب علم کے لیے بغداد کا رخت سفر باندھا اور بغداد میں نصر بن بطر سے سماع کیا۔ آپ ان سے مل کر بہت خوشی محسوس کرتے تھے۔ ان کے علاوہ ابوبکر طوسی، حسین بن علی بن بسری اور طبقہ کے دوسرے محدثین سے۔ کوفہ میں ابوالبقاء ہبۃ اللہ بن حسین بن علی طبری سے، مدینہ منورہ میں ابوالفرج قزوینی سے، بصرہ میں محمد بن ناصر سلفی، زنجان میں ابوبکر احمد بن محمد بن زنجویہ سے، ہمدان میں ابوغالب احمد بن محمد عدل سے، رے میں صاحب الجد ابوالمحاسن عبدالواحد بن اسمٰعیل شافعی سے، قزوین میں اسماعیل بن عبدالجبار مالکی سے، مرو میں سعد بن علی مقری سے، واسط میں ابونعیم بن زیزب سے، سلماس میں محمد بن سعادہ بلالی سے، حلہ میں محمد بن حسن بن فندویہ کوفی سے، شہرستان میں ابوالفتح احمد بن محمد ادمی سے اور اسکندریہ میں ابوالقاسم بن فہام تغلبی سے کسب کمال کیا۔ آپ نے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے دس سال سے زیادہ سفر میں گذارے اور بے شمار سے باہر علماء سے سماع کیا۔ آپ نے قرآن، فقہ، عربیت وغیرہ مختلف علوم وفنون کی تعلیم حاصل کرنے کے دوران اپنے تیز رفتار اور بہترین خط کے ساتھ بہت سی کتابیں بھی نقل کیں۔

مرتبہ ومقام آپ حافظ، ناقد، متقن، ثبت، دیانتدار اور نیکوکار تھے۔ آپ کی شخصیت مجموعہ فضائل تھی علو اسناد آپ پر ختم ہے۔ آپ کے تلامذہ میں بڑے بڑے حفاظ حدیث پیدا ہوئے ہو

Marfat.com

آپ کی زندگی ہی میں مسندِ تدریس پر جلوہ افروز ہو گئے۔

آپ نے اپنے اساتذہ کے حالات میں تین کتابیں لکھی ہیں اور تینوں کا نام معجم ہے۔ ایک معجم مشائخ اصفہان کے حالات پر مشتمل ہے اور ایک جلد میں ہے۔ اس میں چھ سے زیادہ اساتذہ کا تذکرہ ہے۔ دوسرا معجم مشائخ بغداد کے بیان میں ہے۔ یہ بہت مبسوط اور ضخیم کتاب ہے۔ تیسرا معجم باقی شہروں کے اساتذہ کے لیے مختص ہے اور اس کا نام معجم السفر ہے۔

اسکندریہ میں سکونت آپ ۵۱۱ھ میں شہر صور سے بذریعہ بحری جہاز اسکندریہ پہنچے اور اس کو مستقل وطن بنا لیا اور ۶۵ سال عمر گذارنے کے بعد وہیں انتقال فرمایا۔ اس طویل عرصہ میں صرف ایک دفعہ اسکندریہ سے باہر گئے۔ اس سفر میں آپ قاہرہ تشریف لے گئے اور وہاں ابوالصادق مرشد بن یحییٰ مدنی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔

تلامذہ آپ سے حافظ ابوعلی بردانی اور ان جیسے دوسرے کبار علماء نے حدیث کا سماع کیا۔ مشہور محدث حافظ محمد بن طاہر نے آپ سے حدیث پڑھی تھی اور انہوں نے آپ سے ۶۰ سال پہلے وفات پائی۔ ان کے علاوہ محدث سعد الخیر اندلسی، ابوالعز محمد بن علی ملقابازی، ضیاء ابن ہبۃ اللہ ابن عساکر، یحییٰ بن سعدون قرطبی اور ان جیسے دوسرے بہت سے حضرات آپ کے وہ اجلّہ تلامذہ ہیں جو آپ سے بہت پہلے موت کی آغوش میں چلے گئے۔ قاضی عیاض بھی آپ سے بذریعہ اجازت روایت کرتے ہیں۔ اور آپ سے کافی عرصہ پہلے فوت ہو گئے تھے۔ علاوہ ازیں آپ سے استفادہ کرنے والوں میں مندرجہ ذیل شخصیتوں کے نام بھی قابلِ ذکر ہیں:۔

حافظ عبدالغنی مقدسی، علی بن مفضل، ربیعہ یمنی، عبدالقادر رُہاوی، شیخ ابن راجح مقدسی، شیخ عبدالقوی بن حباب، شیخ عبدالغافر محلی، فخر فارسی، حسین بن احمد اوقی، محمد بن عماد، مرتضیٰ بن حاتم، ابوالقاسم صفراوی، ابوالفضل ہمدانی، عبدالرحیم بن طفیل، یوسف بن مخیلی، منصور ابن الدماغ، علم بن صابونی، عبدالوہاب بن رواح، یوسف ساوی، ابوالحسین بن جمیزی، ابوالقاسم بن رواحہ اور ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن مکی سبط السلفی اور بہت سے دوسرے لوگ جنہوں نے موصوف سے استفادہ کیا۔ علاوہ ازیں ابوبکر محمد بن سفاقسی جو ۵۵۴ھ تک زندہ رہے اور ان کے بعد بھی ایک گروہ باقی رہا جو عثمان بن خطیب قرافہ اور کچھ دوسرے اصحاب پر مشتمل تھا اور ان سے بالاجازۃ روایت کرتا تھا۔

اوقی کہتے ہیں میں نے آپ کو کہتے ہوئے سنا ہے مجھے یہاں رہتے ہوئے ۶۰ سال گذر گئے ہیں اور میں نے اسکندریہ کا مینار اس دریچہ سے ہی دیکھا ہے۔ وہاں جا کر دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا۔

ابن الفضل لکھتے ہیں حافظ سلفی کے اصفہانی اساتذہ کی تعداد چھ سو سے اوپر ہے پھر آپ کم و بیش بیس سال کی عمر میں بغداد گئے اور وہاں کے اساتذہ کے حالات میں آپ نے جو کتاب لکھی ہے وہ ۲۵ اجزاء میں

Marfat

مکمل ہوئی ہے۔ ابن المفضل کہتے ہیں اس کے علاوہ بھی آپ نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ شعر بھی کہتے تھے اور اپنی مدح کرنے والے شاعروں کو انعام اور تحائف بھی دیتے تھے۔ آخر میں ابن المفضل لکھتے ہیں۔ فن قرأت حاصل کرنے میں آپ نے ابن سوار، ابو منصور خیاط اور ابو الخطاب بن جرح جیسے مشہور قراء سے استفادہ کیا ہے میں نے آپ سے سنا ہے فرماتے تھے۔ جب کوئی کتاب میرے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی نہیں ہوتی۔ مجھے اس کے حاصل کرنے میں خوشی محسوس نہیں ہوتی۔ آپ کا حافظہ بہت عمدہ تھا۔ آپ مشکل مسائل کے حل میں خوب بحث و تمحیص سے کام لیتے تھے۔ علم حدیث میں آپ اپنے زمانہ کے دُرِ یکدانہ تھے۔ روایت و تحدیث کے اصول و ضوابط دوسرے محدثین سے زیادہ جانتے تھے۔ علوِ اسناد اور علوِ انتقاد کے جامع تھے۔ آپ اس فن میں اپنے ابنائے جنس میں منفرد حیثیت کے مالک تھے۔ سمعانی ذیل میں لکھتے ہیں۔ ابو طاہر سلفی ثقہ، متقن، ثبت، پرہیزگار، سمجھدار اور حافظِ حدیث ہیں۔ ادب عربی میں کامل اور کثیر الحدیث ہیں۔ اس فن میں آپ کو بصیرت تامہ حاصل ہے۔ محمد بن طاہر مقدسی کہتے ہیں میں نے ابو الطاہر اصفہانی سے جو صنعت حدیث میں مہارت رکھتے ہیں سنا ہے فرماتے تھے جب ابو حازم عبدوی ابو سعد مالینی سے روایت کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہم سے احمد بن حفص حدثنی نے یہ یا اس قسم کی کوئی دوسری حدیث بیان کی ہے۔ ابو سعد کہتے ہیں حافظ سلفی بغداد میں ۶ ماہ تک میرے والد کے ساتھ اکٹھے رہے ہیں۔ پھر صور سے بذریعہ بحری راستہ مصر آئے اور وہیں آپ نے مجھے اجازت مرحمت فرمائی۔ ابن ناصر کہتے ہیں حافظ سلفی طالب علمی کے زمانہ میں بغداد میں آگ کا شعلہ تھے۔

ملوک و مصر سے راہ و رسم اور احترام حدیث

عبد القادر رُہاوی لکھتے ہیں شاہان مصر کے ہاں آپ احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے اور مذہبی مخالفت کے باوجود وہ آپ کی بات مانتے تھے اور آپ کے مشوروں پر عمل کرتے تھے آپ کسی کے ساتھ [illegible] نہیں آتے تھے۔ حدیث پڑھانے کے لیے بیٹھتے تو سبق کے دوران نہ پانی پیتے، نہ تھوکتے، نہ کھانسی کرتے بلکہ ادب کے ساتھ دو زانو ہو کر بیٹھتے۔ پیر آگے نہیں نکالتے تھے۔ حالانکہ اس وقت آپ کی عمر سو سال سے متجاوز تھی۔ مجھے اطلاع ملی ہے کہ اسکندریہ میں اقامت کے دوران آپ صرف ایک دفعہ سیر و تفریح کے لیے باہر نکلے ورنہ حالت یہ تھی کہ جب آپ ان سے ملنے کے لیے جاتے تو انہیں کسی نہ کسی کتاب کے مطالعہ میں مصروف پاتے آپ بردبار اور پروقار تھے۔

علماء اور فضلاء کی نظر میں

جب آپ سرحد میں تشریف لے گئے اور وہاں کے فضلاء اور بڑے بڑے لوگوں سے آپ کا تعارف ہوا تو وہ آپ کے علم و ادب اور حسن اخلاق سے بہت متاثر ہوئے۔ انتہائی تعظیم و تکریم کے ساتھ پیش آئے اور غلاموں کی طرح آپ کی خدمت کرنے لگے۔ ابن شافع کہتے ہیں: سلفی شیخ العلماء ہیں ہمدان کے بعض فضلاء سے میں نے سنا ہے فرماتے تھے سلفی حفاظ حدیث میں سب سے بڑے حافظ حدیث ہیں۔ ابن عساکر کہتے ہیں میں نے ایک جماعت سے سلفی کی قرأت سنی ہے مگر

fat.com

خود ان سے سننے کا اتفاق نہیں ہُوا۔

دیگر احوال آپ نے اسکندریہ میں ایک متمول عورت سے شادی کی جو صاحب جائداد اور باغات کی مالک تھی۔ اس طرح صوفیانہ اور فقیرانہ زندگی بسر کرنے کے بعد آپ کی معاشی حالت میں انقلا آگیا اور آپ خوش حالی اور فارغ البالی سے زندگی بسر کرنے لگے۔ سرحدی علاقہ میں آپ کو بڑی عظمت حاصل تھی۔ آپ کا فیض عام کرنے کے لیے مصر کے بادشاہ علی بن اسحاق بن سلار عادل نے آپ کے لیے ایک مدرسہ تعمیر کیا اور اس کے اخراجات پورا کرنے کے لیے بہت سی جائداد وقف کی۔

عبدالقادر کہتے ہیں آپ نے تبلیغی ذمہ داریوں سے بھی کبھی غفلت نہیں برتی۔ ہمیشہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں مصروف رہتے تھے۔ یہ آپ کی سعی جمیل کا ہی نتیجہ ہے کہ اس علاقہ سے اکثر منکرات اور غیر شرعی رسوم کا ازالہ ہو گیا۔ میں نے دیکھا ہے آپ قراء کو نغمہ اور گانے جیسی خوش الحانی کے ساتھ قرأت کرنے سے منع فرماتے تھے اور کہتے تھے اس طرح قرأت کرنا بدعت ہے۔ ترتیل کے ساتھ قرأت کرو مگر اس میں سادگی اور بے تکلفی کو ملحوظ رکھو۔ چنانچہ قراء نے اس کے بعد آپ کی ہدایت کے مطابق سادہ قرأت کو اپنا معمول بنا لیا۔

حافظ عبدالغنی نے امام سلفی کو مختلف مشائخ کی طرف سے قرأت کے سلسلہ میں حاصل ہونے والی اسانید پیش کی ہیں۔ ان میں سے چند سندیں میں نے بھی نقل کی ہیں۔ آپ نے عاصم کی قرأت ابوسعد مطرز سے، حمزہ اور کسائی کی قرأت ابومحمد بن ابونصر قصار سے، قالون کی قرأت، نصر بن محمد شیرازی سے اور قنبل کی قرأت عبداللہ بن احمد خرقی سے حاصل کی۔ یہ فن آپ نے ۴۹۱ھ اور بعد کے سالوں میں سیکھا۔

ابن نقطہ کہتے ہیں۔ امام سلفی سفر کے دلدادہ، حافظ، ثقہ اور صاحب ضبط و اتقان تھے۔ اپنی کتاب کے سوا کسی کتاب سے حدیث بیان کرنا پسند نہیں کرتے تھے۔ جب ایک دفعہ بعض محدثین نے سعد الخیر کے نسخہ سے سنن مجتبیٰ نسائی آپ سے پڑھنا چاہی تو آپ نے غصہ میں آکر قاری کے ہاتھ سے کتاب چھین لی اور فرمایا میں دینی کتاب کے سوا کسی کتاب سے حدیث بیان نہیں کرتا۔

ابن مفضل کہتے ہیں میں نے ایک دفعہ بڑی محنت اور سخت جانکاہی سے راویوں کے نام اور کنیتیں یاد کیں پھر اس سلسلہ میں امام سلفی سے تذکرہ کیا میں یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ آپ وہ اسماء اور کنیتیں زبانی فر فر پڑھتے جا رہے ہیں۔ اور فرمانے لگے یہ بڑی افسوسناک بات ہے کہ جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو میں اس شہر میں صاحب اتقان محدث ہوں لیکن مجھ سے اس فن میں مذاکرہ کرنے والا کوئی نہیں ہے عماد "خریدہ" میں لکھتے ہیں امام سلفی نے مختلف شہروں اور ملکوں میں گھوم پھر کر اتنا کمال پیدا کیا کہ لوگ آپ سے طلب علم کے لیے دور دور سے سفر کرنے پر مجبور ہوئے۔ شاہزادے اور نوابزادے آپ کو متبرک ہستی سمجھتے اور آپ سے فیوض و برکات حاصل کرنے کو سعادت خیال کرتے تھے۔ آپ شاعر بھی تھے اور آپ نے بہت سے رسائل اور کتابیں تصنیف کی ہیں۔

حافظ عبدالعظیم کہتے ہیں امام سلفی کو کتابیں جمع کرنے کا بہت شوق تھا۔ جب کوئی رقم آپ کے ہاتھ آتی۔ اسے کتابیں خریدنے میں خرچ کر ڈالتے۔ آپ کے پاس کتابوں کا اس قدر ذخیرہ جمع ہو گیا تھا کہ آپ کو ان میں سے اکثر کے مطالعہ کا موقعہ نہیں ملتا تھا۔ شہر کی مرطوب آب و ہوا کی وجہ سے ان میں تعفن پیدا ہو گیا۔ اور الماریوں سے اس طرح چمٹ گئیں کہ ان کو جدا کرنے کے لیے لوہے کے اوزار استعمال کرنے پڑے۔ اس طرح بیشتر کتابیں ضائع ہو گئیں۔ آپ کی اپنی تحریر میں لکھا تھا۔ میں ۴۷۲ھ میں پیدا ہوا تھا۔ مگر یہ تخمینہ ہے یقین نہیں ہے۔

ابن بطر کی خدمت میں حاضری

حماد بن ہبۃ اللہ کہتے ہیں: میں نے امام سلفی سے سنا ہے فرماتے تھے تحصیل علم کے لیے میں بغداد میں ۹۳ھ میں داخل ہوا۔ سب سے پہلے ابن بطر سے استفادہ کا خیال تھا۔ اس لیے شہر میں داخل ہوتے ہی سیدھا ان کے پاس حاضر ہوا۔ یہ بزرگ بڑے تنک مزاج اور بدخلق تھے۔ میں نے عرض کیا میں سفر کی صعوبتیں برداشت کرتا ہوا اصفہان سے آپ سے پڑھنے کے لیے حاضر ہوا ہوں۔ بولے قرا اور راکوغین سے بدل دیا یعنی پڑھو۔ میرے بدن پر پھوڑے نکلے ہوئے تھے۔ اس لیے سیدھا نہیں بیٹھ سکتا تھا۔ دیوار سے ٹیک لگا کر پڑھنے لگا۔ شیخ صاحب بولے اس کتے کو دیکھو کس بدتمیزی سے بیٹھا ہے۔ میں نے پھوڑوں کی وجہ سے سیدھا بیٹھنے سے معذرت کی اور ان کی یہ سخت کلامی سن کر رو پڑا اور صرف سترہ حدیثیں پڑھ کر چلا آیا پھر میں نے ان سے تقریباً ۲۵ جزء پڑھے لیکن جیسی شہرت تھی ان کو ویسا نہیں پایا۔

ذوق شعر

مجھے اپنی سند سے ان کے یہ شعر ملے ہیں جو میافارقین میں آپ نے اپنے تلامذہ کو سنائے۔

ان علم حدیث علم رجال ترکوا الابتداع للاتباع

علم حدیث ان لوگوں کا علم ہے جو بدعت کو چھوڑ کر اتباع سنت کو اپنا معمول بناتے ہیں۔

فاذا جن علیھم کتبوہ واذا اصبحوا غدوا للسماع

رات آتی ہے تو دن کا آموختہ لکھتے ہیں اور صبح ہوتے ہی سماع کے لیے حلقہ ہائے درس پہنچ جاتے ہیں۔

مجھے یہ اشعار ایک دوسری عالی سند سے بھی پہنچے ہیں۔

وفات

وجیہ عیسیٰ بن عبدالعزیز لخمی کہتے ہیں۔ امام سلفی نے ۱۰۶ سال عمر پا کر ۵ ربیع الآخر ۵۷۶ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ جس رات فوت ہوئے اس رات بھی حدیث پڑھاتے رہے اور پڑھنے والے کی چھوٹی موٹی غلطیوں کی اصلاح فرماتے رہے۔ صبح کی نماز سے فراغت کے بعد اچانک انتقال فرما گئے۔ میں کہتا ہوں آپ ۱۰۶ سال کی عمر کو نہیں پہنچے تھے بلکہ ۱۰۲ سال کے لگ بھگ عمر پائی۔ ہاں یہ بات یقینی ہے کہ سو سال سے کچھ اوپر تھے۔ قاضی ابن خلکان لکھتے ہیں آپ تقریباً ۴۷۲ھ میں پیدا ہوئے تھے۔

اس سال درج ذیل علماء نے بھی انتقال کیا۔

مصر میں صحیح مسلم کے راوی شریف ابوالمفاخر سعید بن حسین ہاشمی عباسی نیشاپوری مسند ابوالمعالی عبداللہ

fat.com

بن عبدالرحمان ازدی آپ نے بھی مصر میں انتقال فرمایا۔ مسند ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز ازدی آپ بھی د
میں فوت ہوئے۔ حجۃ العرب علامہ ابوالحسن علی بن ابراہیم عصار سلمیٰ آپ بغداد میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو
ان کے علاوہ اور بھی بہت سے علماء نے سفر آخرت اختیار فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک آدمی
کھانا دو کے لیے کافی ہے اور دو کا کھانا چار کے لیے کافی ہے اور چار کا کھانا آٹھ آدمیوں کے لیے کافی
یہ حدیث سفیان ثوری کے واسطہ سے امام مسلم نے اپنی صحیح میں ذکر فرمائی ہے۔

۱۰۸۳ ۵/۱۶ عالم المغرب علامہ قاضی عیاض سبتی

آپ کی کنیت ابوالفضل، نام عیاض بن موسیٰ بن عیاض یحصبی اور لقب عالم المغرب ہے۔ سبتہ کے رہ
والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ ۴۷۶ھ میں سبتہ میں پیدائش ہوئی۔ دراصل آپ کا خاندان اندلس کا رہنے وا
تھا۔ آپ کے دادا وہاں سے فاس چلے گئے اور پھر سبتہ میں سکونت اختیار کی۔ آپ کو قاضی ابوعلی غسانی سے
اجازت حاصل ہے۔ آپ کو ۲۰ سال کی عمر میں ان سے سماع کا موقعہ مل سکتا تھا۔ مگر اندلس میں ان کی وفات
کے بعد وارد ہوئے۔

آپ نے محمد بن حمدین، ابوعلی بن سکرہ، ابوالحسین بن سراج، ابومحمد بن عتاب، ہشام بن احمد، ابوبحر بن
العاص اور دوسرے بہت سے لوگوں سے استفادہ کیا اور علم فقہ ابوعبداللہ محمد بن عیسیٰ تمیمی اور قاضی ابوعبداللہ محمد
بن عبداللہ مسیلی سے حاصل کیا۔ آپ نے بہترین کتابیں تصنیف کیں جو چار دانگِ عالم میں پھیل گئیں اور ان کی
وجہ سے آپ کی شہرت اور ناموری کو چار چاند لگ گئے۔

مرتبہ و مقام آپ صاحبِ فہم و ذکا اہلِ علم میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ کو مختلف علوم و فنون میں مہارتِ تامہ
حاصل تھی۔ عرصہ دراز تک سبتہ میں عہدۂ قضاء پہ فائز رہے۔ حکمران ٹولہ کی ہر طرح کی آلودگیوں
اور بیہودگیوں سے آپ کی سیرت بے داغ تھی۔ پھر غرناطہ میں تبدیل کر دیئے گئے۔ لیکن یہاں زیادہ عرصہ نہیں
ٹھہرے اور ہمارے ہاں قرطبہ تشریف لے آئے اور یہیں ہم نے آپ سے تعلیم حاصل کی۔ فقیہ محمد بن حمادہ سبتی
کہتے ہیں قاضی صاحب نے ۲۸ سال کی عمر میں مخالفین سے مناظرہ بازی شروع کی اور ۳۵ سال کی عمر میں قاضی مقرر
ہوئے۔ مدتِ ملازمت میں آپ کی سیرت ہر قسم کے عیب سے پاک اور دوسروں کے لیے قابلِ تقلید تھی۔
آپ نرم مزاج تھے مگر حق کے معاملہ میں مضبوط اور ہر طرح کی کمزوری سے دور تھے آپ نے ابوعبداللہ تمیمی سے
فقہ پڑھی اور فقیہ ابواسحاق بن جعفر کی صحبت میں رہ کر بھی استفادہ کیا۔ آپ کے زمانہ میں سبتہ میں آپ سے
زیادہ کتابیں تصنیف کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ آپ کی مندرجہ ذیل کتابیں شہرت کے بلند مقام پر پہنچی ہیں۔
(۱) کتاب "الشفاء فی شرف المصطفیٰ" (۲) کتاب "ترہیب المدارک وتقریب المسالک فی ذکر فقہاء مذہب

مالک" (۳) کتاب "العقیدۃ" (۴) کتاب "شرح حدیث ام زرع" (۵) کتاب "جامع التاریخ" "یہ کتاب آپ کی تمام تصنیفات سے زیادہ مبسوط ہے۔ اس میں شاہانِ اندلس اور سلاطین مغرب کی تاریخ کے علاوہ سبتہ کے حالات اور وہاں کے علماء کے مفصل تذکرے درج ہیں" (۶) موطا اور صحیحین کا انتخاب الموسوم بکتاب "مشارق الانوار فی اقتضار صحیح الآثار"۔

آپ کو اپنے شہر میں وہ سیادت اور وہ عظمت حاصل ہوئی جو آپ سے پہلے اس شہر میں رہنے والوں میں سے کسی کو نصیب نہیں ہوئی۔ مگر اس تفوق اور برتری سے آپ کی طبیعت میں تواضع اور خشیت الٰہی پہلے سے بھی زیادہ پیدا ہو گئی۔ مذکورہ بالا کتابوں کے علاوہ آپ کی چھوٹی چھوٹی اور بھی متعدد تصانیف ہیں۔ جن کو ہم نے قصداً ذکر نہیں کیا۔

قاضی شمس الدین ابن خلکان لکھتے ہیں۔ آپ اپنے وقت میں حدیث کے امام تھے اور اس سے متعلقہ علوم کو سب لوگوں سے زیادہ جانتے تھے۔ علم نحو، علم لغت، کلام عرب اور ان کے ایام اور انساب میں بھی آپ کے معلومات بہت وسیع تھے آپ کی تصانیف میں سے ایک کتاب "الاکمال فی شرح مسلم" ہے۔ اس میں آپ نے در اصل مازری کی کتاب "المعلم" کو مکمل کیا ہے۔ آپ کی دوسری کتاب "مشارق الانوار فی تفسیر غرائب الحدیث" ہے اور تیسری کتاب "التنبیہات" ہے اس میں آپ نے بڑے عجیب و غریب فوائد جمع کیے ہیں۔ ان کے علاوہ بھی آپ کی بہت سی تصانیف ہیں اور سب بے نظیر ہیں۔ آپ شعر بھی بہت اچھے کہتے تھے۔ ان میں سے دو شعر وہ ہیں جو آپ کے صاحبزادے ابو عبداللہ محمد بن عیاض قاضی دانیہ آپ سے روایت کرتے ہیں وہ یہ ہیں ؎

انظر الی الزرع وخامانۃ ۔۔۔ تحکی وقد ماست امام الریاح

کتیبۃ خضراء مھزومۃ ۔۔۔ شقائق النعمان فیھا جراح

دیگر احوال میں کہتا ہوں آپ سے بہت سے لوگ روایت کرتے ہیں۔ ان میں سے قابل ذکر درج ذیل ہیں۔ عبداللہ بن محمد اشیری، ابو جعفر بن قصیر غرناطی، ابو القاسم خلف بن بشکوال، ابو محمد بن عبیداللہ حجری اور محمد بن حسن جابری۔

ابن بشکوال کہتے ہیں۔ امام قاضی عیاض نے اپنے وطن سے دور سفر میں ۵۴۴ھ کے درمیان داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ کے صاحبزادے محمد کا بیان ہے کہ آپ نے بروز جمعرات ۹ جمادی آخری آدھی رات کے قریب جان جان آفرین کے سپرد کی۔ اور مراکش میں مدفون ہوئے۔

میں کہتا ہوں اس سال درج ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا:

علامہ ابو جعفر احمد بن علی بیہقی آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ قاضی قسطہ اور اپنے وقت کے شاعر ابو بکر احمد بن محمد ارجانی مسند ابو الحسن سعد بن علی بن موفق سروی اور محدث شاب امام ابو الحسن علی بن سلیمان مرادی قرطبی۔

fat.com

مجھے ان کے واسطے سے حضرت عبداللہ بن عمرو کی یہ حدیث ملی ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سنا فرماتے تھے جب تم مؤذن کو اذان کہتے سنو تو جو کچھ وہ کہتا ہے تم بھی کہو پھر مجھ پر درود پڑھو جو شخص مجھ ایک دفعہ درود پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرمائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ سوال کرو، وسیلہ جنت میں ایک درجہ ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے تمام بندوں میں سے صرف ایک بندے کو ملے گا میں امید کرتا ہوں کہ وہ میں ہی ہوں گا۔ جو شخص میرے لیے وسیلہ کا سوال کرے گا۔ اس کے لیے میری شفاع حلال ہو جائے گا۔

۱۰۸۴ ۶/۱۶ امام رشاطی لخمی مُرسی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبداللہ بن علی بن عبداللہ اور لقب رشاطی ہے۔ مریہ کے رہنے والے نا حافظِ حدیث اور علم الانساب کے بہت بڑے عالم ہیں۔ ابو جعفر بن زبیر کہتے ہیں۔ آپ نے ابو علی غسانی، ابو بن احی الدلش، ابو علی صدفی، ابن فتحون اور ایک دوسری جماعت سے علم کی تحصیل کی۔

آپ متعدد کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ جن میں سے قابلِ ذکر یہ ہیں:-

(۱) اقتباس الانوار والتماس الازہار فی انساب رواۃ الآثار" یہ بہت مبسوط اور ضخیم کتاب ہے۔

(۲) "الاعلام لمافی المختلف والمؤتلف للدارقطنی من الاوہام"

(۳) الانتصار من القاضی ابی محمد بن عطیہ

ان کے علاوہ بھی آپ کی تصنیف کردہ کتب بہت ہیں

مرتبہ و مقام آپ صاحب ضبط و اتقان محدث اور امام ہیں۔ علم الرجال کے ماہر تاریخ و انساب کے حافظ اور باکمال فقیہ ہیں۔ آپ ان معدودے چند مشاہیر میں سے ایک ہیں جن کی طرف انگلیوں سے اشارہ کیا جاتا ہے۔ آپ سے ابو محمد عبید اللہ، احمد بن جبر، ابن رمضا، ابن خالد بن رفاعہ، ابو محمد عبدالرحیم اور ابوبکر بن ابی نمرہ روایت کرتے ہیں۔ آپ نے جمادی اخری ۵۴۲ھ میں شہر مریہ پر دشمن کے قبضہ کے وقت جام شہادت نوش فرمایا۔ آپ ۴۶۶ھ میں پیدا ہوئے ابن عارف نے آپ کا سالِ پیدائش ۴۶۵ھ لکھا ہے مگر پہلا قول صحیح تر ہے۔

۱۰۸۵ ۷/۱۶ امام جوزقانی ہمدانی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور نام حسین بن ابراہیم بن حسین ہے۔ جوزقان کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے ایک کتاب تصنیف کی ہے جس کا نام کتاب الاباطیل رکھا ہے۔ اس میں موضوع اور من گھڑت احادیث جمع کی ہیں۔ میں نے اس کتاب کا مطالعہ کیا ہے اور بہت فائدہ اٹھایا ہے اس

t.com

ہیں کچھ اوہام بھی ہیں۔ اس کتاب میں صحیح اور ناکارہ احادیث کا مقابلہ کرکے موضوعات کا ابطال کیا گیا ہے۔ آپ نے اپنے سب سے بڑے استاد عبدالرحمٰن بن حمد دونی، یحییٰ بن احمد حضائری، محمد بن طاہر مقدسی، اسماعیل بن ابوصالح مؤذن، شیرویہ بن شہردار دیلمی، احمد بن عباد بردجردی، ابوزکریا یحییٰ بن مندہ، عبدالمالک بن بجیر، حمد بن نصر اور ایک دوسری جماعت سے حدیث کا سماع کیا۔ عبدالخالق بن احمد یوسفی آپ کے سفارشیوخ میں سے ہیں۔ آپ کی یہ کتاب آپ سے آپ کے بھانجے نجیب بن غانم لیثیان روایت کرتے ہیں۔ نجیب نے ۵۶۲ھ میں یہ کتاب پڑھائی تھی۔

وفات صاحب ترجمہ حافظ جوزقانی کے متعلق پتہ نہیں چل سکا کہ کب فوت ہوئے۔ البتہ تاریخ ابن النجار پڑھنے سے معلوم ہوا کہ ابن مشق نے آپ کی تاریخ وفات ۱۶ رجب ۵۴۲ھ ضبط کی ہے۔ ابن نجار کہتے ہیں جوزقانی جس کی طرف نسبت کی وجہ سے آپ جوزقانی کہلاتے ہیں ہمدان کے قریب ایک بستی ہے۔ آپ نے بہت کچھ لکھا۔ اور بہت علم حاصل کیا۔ پھر علم حدیث میں متعدد کتابیں لکھیں ان میں سے ایک کا نام کتاب الاباطیل ہے۔ آپ کی یہ کتاب بہت عمدہ اور بہت مفید ہے۔ عبدالرزاق بیلی نے ہمیں یہ کتاب پڑھائی ہے۔

۱۰۸۶ ۱/۱۶ محدثِ ہرات ابوعامر ہروی

آپ کی کنیت ابوانس نام عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز بن عثمان اور لقب محدث ہرات ہے۔ ہرات کے بہت بڑے امور حافظ حدیث ہیں۔ آپ ۴۷۲ھ میں ہرات میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابوعبداللہ محمد بن علی قیری، نجیب بن میمون واسطی، ابوعامر محمود بن قاسم ازدی شیخ الاسلام ابواسمٰعیل انصاری اور متعدد دوسرے اہل علم سے اپنے شہر میں اور ابوالقاسم بن حصین اور ہبۃ اللہ بن علی بکائی سے بغداد کے قیام کے دوران حدیث کا سماع کیا۔

مرتبہ ومقام حافظ سمعانی نے اپنی تاریخ میں آپ کا تذکرہ لکھا ہے اور فرمایا ہے کہ آپ [illegible] بلند ہمت و کردار کے مالک تھے۔ آپ کا طریقہ پسندیدہ تھا۔ [illegible] نماز سے بے حد رغبت تھی۔ ہمیشہ ذکر و فکر میں مصروف رہتے تھے۔ تواضع اپنے [illegible] سے محبت کرنے والے تھے۔ آپ کو فن حدیث اور علم و ادب میں مہارت تامہ حاصل تھی۔ دور سے علموں اور شہروں سے آنے والے طلبہ کی بہت عزت کرتے تھے۔ اور اساتذہ کے فیوض سے ان کو مستفید فرماتے تھے۔ میں نے ہرات میں اس کے نواح میں آپ سے حدیث لکھی تھی۔ آپ نے ۵ ذی الحجہ ۵۴۶ھ میں انتقال فرمایا۔ میں کہتا ہوں آپ "ثقۃ الدین" کے لقب سے ملقب تھے۔ آپ سے حافظ ابن عساکر، حافظ سمعانی اور ابوروح عبدالمعز ہروی روایت کرتے ہیں۔

تصنیف آپ نے اپنی یادگار "تاریخ صغیر" نامی کتاب چھوڑی ہے۔
اس سال درج ذیل مشاہیر بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے

مسند ابو العالی احمد بن محمد بذاری آپ بغداد میں فوت ہوئے اور آپ کو ابو علی بن بنار سے شرفِ سماع حا
تھا۔ وحشی کے تلمیذ مسند فقیہ ابو سعد عمر بن علی بن حسین محمودی بلخی، مسند نوشتکین بن عبداللہ رضوانی بغدادی اور مس
خراسان خطیب ابو الاسعد ہبۃ الرحمٰن بن عبدالواحد قشیری۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کدو میں اور قار
روغن کیے ہوئے برتن میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا ہے۔

۱۰۸۷ ۹/۱۶ امام ابن دَبّاغ لخمی اندلسی

آپ کی کنیت ابو الولید اور نام یوسف بن عبدالعزیز بن یوسف بن عمر بن فیرہ ہے۔ البتہ بعض نے عمر کی بجائے ابراہیم ذکر کیا ہے۔ اندلس کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں اور نہ صرف محدث مرسیہ بلکہ محدث اندلس ہیں۔ ابن زبیر نے پوری تفصیل کے ساتھ آپ کے حالات بیان کیے ہیں اور لکھا ہے کہ آپ فنِ حدیث کو ضبط کرنے والے ماہر ائمہ میں سے ایک امام ہیں اور باکمال نقادِ حدیث شمار ہوتے ہیں۔ آپ کو مشہور محدث ابو علی بن سکرہ پر بہت اعتماد تھا۔ اس لیے ان سے بہت استفادہ کیا۔ اس کے علاوہ آپ نے ابو عبداللہ احمد بن محمد خولانی، ابن عتاب، خلف بن ابراہیم بن نحاس اور عبدالقادر بن محمد صوفی کے خرمنہائے علم سے بھی خوشہ چینی کی ہے۔

مرتبہ و مقام درجۂ امامت پر کامیابی سے فائز رہے اور قوی یادداشت کی بنا پر عوام تو عوام خواص کو بھی آپ کی تحریر پر اتنا اعتماد تھا کہ وہ آپ کی ہر بات کو حرفِ آخر سمجھتے تھے۔ آپ اندلس کے ائمہ محدثین میں آخری امام تھے۔ تنگدستی اور فاقہ مستی کے باوجود حرص و آز سے پاک، سخاوت پسند اور ایثار پیشہ تھے۔ کچھ عرصہ بعد مرسیہ کے خطیب رہے۔ پھر وانیہ کے منصبِ قضا پر فائز ہوئے۔ ابو العطاء وہب بن نذیر کہتے ہیں: آپ پر ائمہ محدثین ختم ہو گئے ہیں۔ آپ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ سے علامہ بشکوال اور ابو بکر بن ابو جمرہ نے بہت استفادہ کیا ہے۔ ابن بشکوال کہتے ہیں۔ آپ ابو علی صدفی سے بکثرت حدیث روایت کرتے ہیں اور عرصہ دراز تک ان کی صحبت میں رہے ہیں۔ ہمارے شیوخ میں سے ایک جماعت نے آپ سے علم حاصل کیا ہے آپ کا شمار ہمارے ان عقیل و فہیم اساتذہ میں ہوتا تھا۔ جنہیں فنِ حدیث اور اسماء رجال میں معرفت تامہ حاصل تھی۔ ضعیف اور ثقہ رواۃ، ان کے تکلیم و تعلم کے زمانہ، ان کی زندگی اور بیان کردہ احادیث سے خوب واقف تھے۔ آپ کو علمی فوائد لکھنے اور شیوخ سے ملنے کا بہت شوق تھا۔ چنانچہ آپ نے بے شمار علماء سے ملاقات کی اور ان سے فوائد جلیلہ قلمبند فرمائے۔ آپ کی قبولیت کا یہ عالم تھا کہ شہر میں درپیش مسائل میں حکام آپ سے مشورہ لینا ضروری سمجھتے تھے۔ آپ عرصہ تک اپنے شہر میں خطبہ ارشاد فرماتے رہے۔ مجھے فرماتے تھے کہ ان کی پیدائش ۴۶۱ھ میں ہوئی تھی۔

t.com

میں کہتا ہوں آپ سے ابن بشکوال، وزیر ابو عبدالملک مروان عبدالعزیز تجیبی بلنسی، احمد بن ابی المطرف بلنسی، احمد بن سلمہ لورقی، محمد بن ابی الحسن بن ہذیل اور دوسرے لوگوں نے علم حدیث حاصل کیا ہے۔ آپ نے حفاظ حدیث کے نام ایک مختصر کتاب میں ذکر کیے ہیں۔ آپ نے زندگی کی ۶۵ بہاریں دیکھی ہیں۔ میں نے آپ کی ایک فہرست دیکھی ہے جس میں آپ کی روایت کردہ بہت سی بڑی بڑی کتابوں کے نام درج ہیں۔ قاضی ابو عبدالملک مروان بن عبدالعزیز فرماتے ہیں۔ ہم نے حافظ ابوالولید یوسف بن عبدالعزیز تمنی سے حدیث پڑھی ہے۔ فرماتے تھے ائمہ محدثین کے طبقہ اولیٰ میں محمد بن مسلم بن شہاب زہری کا نام سرفہرست ہے۔ میں کہتا ہوں آپ نے اپنی کتاب کو زہری سے شروع کیا ہے اور حافظ ابوطاہر سلفی پر ختم کیا ہے۔

ابن دباغ نے اپنے سے پہلے ذکر ہونے والے امام قاضی کی طرح ۵۴۶ھ میں انتقال فرمایا۔ ان کے نزدیک سب سے اعلیٰ اور قدیم کتاب مؤطا امام مالک تھی۔ جو انہوں امام خولانی سے تقریباً ۵۰۱ھ میں پڑھی۔ انہوں نے ابوعیسیٰ بن عبداللہ لیثی کے شاگرد عثمان بن احمد قشطالی سے اس کا سماع کیا تھا۔ آپ نے صحیحین، سنن دارقطنی، مؤطا، سنن ابی داؤد، کتاب العلل للدارقطنی، مسند یعقوب سدوسی کے دو جزء، مسند بزار نوے جزء، جامع ترمذی اور دوسری کتابیں حافظ ابوعلی ابن سکرہ سے پڑھی ہیں۔ ان کے علاوہ کتاب الغریبین للہروی، السنن للبیہقی، معجم ابن قانع اور ابن ابی خیثمہ کی تاریخ کے اکثر حصہ کا سماع بھی ان سے کیا ہے۔ سنن نسائی کا سماع ابن عتاب اور مسند ابوبکر بن ابی شیبہ کا سماع یونس بن مغیث سے کیا ہے۔ ابوجعفر احمد بن علی قرطبی کہتے ہیں: میں نے پورے مؤطا کا سماع امام ابوالولید ابن دباغ سے کیا ہے اس وقت ان کے سامنے میرے والد ماجد اس کی قرأت کرتے تھے۔ آپ فرماتے تھے میں نے اس کو امام خولانی سے پڑھا ہے۔ تاج بن ابوجعفر کو بھی اس کتاب کا سماع حاصل ہے ان سے ابومحمد حرائری محدث نے اس کا سماع کیا ہے۔

۱۰۸۸ ۱۰/۱۶ امام سجی مروزی

آپ کی کنیت ابوطاہر اور نام محمد بن عبداللہ بن ابی سہل ہے۔ آپ مرو کے محدث اور خطیب ہیں۔ جلیل القدر حفاظ حدیث میں شمار ہوتے ہیں۔ تقریباً ۴۶۳ھ میں ایک بڑی بستی سنج میں پیدا ہوئے۔ آپ نے دور دراز شہروں کا سفر کیا اور مشاہیر محدثین سے علم حدیث کی تحصیل میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ سب سے پہلے علامہ ابوالمظفر سمعانی اور عبدالرحمان بن رزاز سے فن فقہ میں کمال پیدا کیا۔ ابوسعد سمعانی کہتے ہیں: آپ صنعت حدیث میں امامت کے درجہ پر فائز ہونے کے ساتھ ساتھ پرہیز گار، تواضع پسند اور شب زندہ دار بھی تھے۔ خشیت الٰہی سے آپ کی آنکھیں ہر وقت آنسوؤں سے تر رہتی تھیں۔

آپ نے خراسان، بغداد، کوفہ، حجاز اور اصفہان میں اسمٰعیل بن محمد زاہری، فقیہ محمد بن علی شاشی، علی بن احمد عدم مدینی، نصراللہ بن احمد خشنامی، شریف محمد بن عبدالسلام انصاری، ثابت بن بندار بقال، جعفر بن احمد سراج۔

ابوالبقار معمر بن محمد حیال ، حافظ احمد بن محمد بن مردویہ اصفہانی ، ابوسعد مطرز ، عبدالرحمان بن احمد دونی اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے حدیث کا سماع کیا۔ سمعانی کہتے ہیں : آپ علم میں میرے والد کے رفیقِ سفر اور خاص الخاص شاگرد تھے۔ آپ نے اپنے لیے اور دوسرے اہلِ علم کے لیے بہت سی کتابیں نقل کی تھیں۔ آپ کو فنِ حدیث میں معرفتِ تامہ حاصل تھی۔ آپ لائقِ اعتماد ، صاحبِ دیانت اور جو کچھ میسر آجائے اُس پر قناعت کرنے والے تھے۔ قرآن مجید کی بکثرت تلاوت کرنے کے عادی تھے۔ حج میں میرے والد کے ہمرکاب تھے۔ میں نے آپ سے حدیث کا بہت سماع کیا ہے۔ جامع اقدام میں منصبِ خلافت پر متعین تھے۔ میں کہتا ہوں آپ سے عبدالرحیم نے اپنے والد ابوسعد سمعانی کے ساتھ صحیح مسلم ، سنن نسائی ، الرقاق لابن المبارک ، الحلیہ لابی نعیم اور ان کے شیخ ابوالمظفر سمعانی کی کتاب " الاحادیث الالف " کا سماع کیا تھا۔

آپ نے دنیا سے دون سے منہ موڑ کر ماہِ شوال ۵۴۰ھ میں سفرِ آخرت اختیار فرمایا۔ اس سال درجِ ذیل علمائے کرام بھی لقمۂ اجل بنے۔

شیخ الصوفیہ ابوالفتح محمد بن عبدالرحمن خطیب ثمیمنی۔ آپ حافظ ابوالخیر محمد بن عمران رزی سے صحیح بخاری کے آخری راوی ہیں ، مرو میں فوت ہوئے۔ شیخ بغداد عمر رسیدہ پیشوا ابوالعباس احمد بن ابی غالب بن طلایہ مقیم بغداد امام ابوالفرج عبدالخالق بن احمد بن عبدالقادر یوسفی ، آپ نے ۸۴ سال عمر پائی۔ محدثِ صادق ابوالفتح عبدالملک بن عبداللہ کروجی ہروی المجاور ، مسند ابوالمعالی فضل بن محمد بن سہل بن بشر اسفرائینی ثم الاسفتی آپ " اثیر " کے لقب سے ملقب تھے۔ مسند ابوطالب محمد بن عبدالرحمان حیری کنجروی نیشاپوری جریارانی۔ آپ ۸۶ سال کی عمر کو پہنچ کر فوت ہوئے۔ ابن نقور کے شاگرد مسند بغداد ابوالقاسم ہبۃ اللہ بن حسین الحاسب ، برکۃ الشام قدوۃ المحدثین ابوالحسین بن ابی عبداللہ زاہد۔ آپ نے حلب میں انتقال فرمایا۔ مسند ابوالقاسم نصر بن احمد بن مصکود سوری آپ دمشق میں جاں بحق ہوئے۔ شاعر العصر علامہ ابوعبداللہ محمد بن نصر قیسرانی ، الادیب البارع ابوالحسین احمد بن منیر طرابلسی ، الملل والنحل کے مصنف شہیر علامہ ابوالفتح محمد بن عبدالکریم شہرستانی اور مفتی خراسان امام غزالی کے شاگردِ رشید امام ابوسعد محمد بن یحییٰ۔ فسبحان من ورث الارض ومن علیہا۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جو شخص تم سے مانگے اس کو کچھ نہ کچھ ضرور دو ، جو تمہاری دعوت کرے اس کی دعوت قبول کرو اور جو تمہارے ساتھ نیکی کرے اس کا بدلہ دو۔ اگر تم میں بدلہ دینے کی طاقت نہ ہو تو اس کے حق میں اتنی دعا کرو کہ سمجھو اب اس کا حق ادا ہو گیا۔

۱۰۸۹ ۱۱/۱۶ امام مُفید کوتاہ اَصفہانی

آپ کی کنیت ابومنصور ، نام عبدالجلیل بن محمد بن عبدالواحد اور لقب کوتاہ ہے۔ اصفہان کے رہنے والے

بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ ابوبکر بن ماجہ ابہری، رزق اللہ تمیمی، رئیس ابوعبداللہ ثقفی، احمد بن عبدالرحمٰن ذکوانی اور اس طبقہ کے دوسرے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور خوب جی بھر کر علم کا سرمایہ جمع کیا۔ ابوموسیٰ مدینی کہتے ہیں آپ علمی لحاظ سے اپنے زمانہ کے دُرِ یکدانہ تھے۔ مگر اس برتری اور تفوق کے باوجود تواضع پسند اور منکسر المزاج تھے۔ اسی وجہ سے آپ کو عزت اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ آپ نے ہمیں ۵۱۰ھ میں منبرِ وعظ پر زبانی حدیث کا درس دیا۔ آپ نے مجھے بتایا تھا کہ میری پیدائش ۴۲۶ھ میں ہوئی تھی۔ سمعانی کہتے ہیں آپ محدثین کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ سیرت و کردار میں بے نظیر تھے۔ غریب الدیار طلبہ کی بہت عزت کرتے تھے۔ آپ کی مالی حالت اطمینان بخش نہیں تھی مگر اس کے باوجود قناعت پسند تھے۔ جب تک میرے والد اصفہان میں مقیم رہے آپ ان کی صحبت میں رہے اور ان سے جی بھر کر حدیث کا سماع کیا۔ آپ کو حدیث میں معرفت تامہ حاصل تھی اور جماعتِ شیخ حافظ اسماعیل کے تلامذہ کے طبقہ اولیٰ میں شمار ہوتے تھے۔ میں نے دمشق میں حافظ ابوالقاسم کو آپ کی مدح و ثنا کرتے ہوئے سنا ہے۔ وہ آپ کی عظمت و جلالت کے معترف تھے اور آپ کے حفظ و اتقان کی شہادت دیتے تھے۔

میں کہتا ہوں آپ نے نیشاپور میں عبدالقاہر شیروی اور بغداد میں محدثین کی ایک جماعت سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ آپ بلا تاویل اللہ تعالیٰ کے نزول بالذات کے قائل تھے۔ اسی وجہ سے آپ کے شیخ اسماعیل نے (جو غالباً مؤول تھے) آپ سے اپنا تعلق منقطع کر لیا تھا۔ آپ سے حافظ ابن عساکر اور حافظ یوسف شیرازی روایت کرتے ہیں۔ محدثہ کریمہ زبیریہ کو بھی آپ سے اجازت حاصل تھی۔

مجھے آپ کے واسطہ سے امام شیبان بن یحییٰ کا یہ قول ملا ہے جو آپ سے آپ کے شاگرد حافظ صاعد بن سنان بیان کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں مجھے عاملین بالحدیث کے راستہ سے زیادہ سیدھا جنت کی طرف جانے والا کوئی راستہ معلوم نہیں آپ کے شاگرد صاعد کے بعد آپ کی شاگرد کریمہ زبیریہ ایک [illegible] یہ سابق اور لاحق کی ایک مثال ہے۔

آپ کے واسطہ سے مجھے حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دن اور رات کے فرشتے فجر اور عصر کی نماز میں حاضر ہوتے ہیں۔ جب رات کے فرشتے آسمان پر جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتا ہے۔ حالانکہ وہ ان سے زیادہ جانتا ہے تم نے میرے بندوں کو کس حالت میں چھوڑا ہے؟ وہ کہتے ہیں ہم نے ان کو نماز پڑھتے ہوئے چھوڑا ہے اور جب ہم گئے تھے اس وقت بھی وہ نماز پڑھ رہے تھے۔

حافظ کوتاہ کا شعبان ۵۵۳ھ میں اصفہان میں انتقال ہوا۔ اس سال درج ذیل مشاہیر بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

مسند زمان امام ابوالوقت عبدالاول بن عیسیٰ سجزی آپ نے ۹۵ سال کی عمر میں بغداد میں وفات پائی مسند ابوالحسن علی بن عساکر خشاب دمشقی، آپ دمشق میں فوت ہوئے۔ علامہ ابوحفص عمر بن احمد بن صفار نیشاپوری

fat.com

واسط کے معلمِ قرآن اور جامع مسجد کے امام ابوالفتح مبارک بن احمد حداد واسطی اور مسند ادیب ابوالمحاسن مسعود بن محمد ہروی۔ آپ کو علامہ قشیری سے اجازت حاصل تھی۔

۱۰۹۰ ۱۲/۱۶ تاج الاسلام امام علامہ سمعانی مروزی تمیمی

آپ کی کنیت ابوسعد اور نام عبدالکریم بن حافظ تاج الاسلام ابوبکر محمد بن علامہ مجتہد ابوالمظفر منصور بن محمد ہے۔ مرو کے رہنے والے نامی گرامی اور باکمال حافظِ حدیث ہیں۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ شعبان ۵۰۶ھ میں پیدا ہوئے۔ ۵۱۰ھ کے آخر میں آپ کو آپ کے والد نیشاپور لے گئے۔ اور عمر رسیدہ شیخ عبدالغفار بن محمد شیرازی، عبید بن محمد قشیری اور متعدد دوسرے محدثین کی مجلس میں حاضر کیا۔ مرو میں ابومنصور محمد بن علی نافلہ کرائی کی خدمت میں حاضر ہونے کا موقعہ بھی ملا پھر ۵۱۸ھ میں والد ماجد کا سایۂ عاطفت سر سے اُٹھ گیا اور آپ نے اپنے چچوں اور خاندان کے دوسرے افراد کے زیرِ سایہ تربیت پائی۔ قرآن مجید حفظ کیا۔ اور علمِ فقہ کی تعلیم حاصل کی۔ پھر علمِ حدیث کی طرف رغبت ہوئی اور اس کی محبت دل میں اس قدر سمائی کہ اس میں کمال پیدا کرنے اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے رختِ سفر باندھا اور دور دراز ممالک کی طرف روانہ ہوگئے۔ چنانچہ نیشاپور میں ابوعبداللہ فراوی، زاہر شحامی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے، اصفہان میں حسین بن عبدالملک خلال، سعید بن ابوالرجاء اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم سے، بغداد میں ابوبکر محمد بن عبدالباقی انصاری اور دوسرے مشاہیر سے، کوفہ میں عمر بن ابراہیم علوی سے اور دمشق میں ابوالفتح مصیصی سے حدیث کا سماع کیا۔ اس کے علاوہ بخارا، سمرقند اور بلخ کے علمی سرچشموں سے بھی سیرابی حاصل کی۔ فراغت کے بعد متعدد جلدوں میں ایک معجم لکھا۔

مرتبہ و مقام آپ بڑے ذہین اور تیز فہم تھے۔ آپ کی تحریر بہت خوشخط اور خوش نما ہوتی تھی اور لکھنے میں سبک رفتار تھے۔ عرصہ تک درس و تدریس اور فتویٰ نویسی میں مصروف رہے۔ وعظ بھی کہا کرتے تھے اور حدیث کی املاء بھی کرایا کرتے تھے۔ آنے جانے والے مشاہیر سے علمی فوائد لکھ لیا کرتے تھے۔ ثقہ، حافظ اور حجت تھے۔ حصولِ علم کے لیے آپ کے سفر کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ راست گو اور دیانتدار تھے۔ آپ کی سیرت بے داغ تھی۔ دوستوں کے ہمدرد اور خیر خواہ تھے۔ علم کا وسیع ذخیرہ اپنے قلب و دماغ میں محفوظ رکھتے تھے۔ ابن نجار کہتے ہیں: میں نے بہت سے لوگوں سے سنا ہے کہ آپ کے شیوخ اور اساتذہ کی تعداد سات ہزار افراد تک پہنچتی تھی اور یہ وہ تعداد ہے کہ آپ کے سوا اتنے شیوخ سے استفادہ کا موقعہ کسی کو کم ہی ملا ہوگا۔ آپ کی تصانیف عمدگی اور حسنِ ترتیب میں شاہکار ہیں۔ جن کو جگہ جگہ ظریفانہ لطائف اور برمحل اشعار نے چار چاند لگا دیئے ہیں۔ آپ ثقہ، صاحبِ دیانت، ظریف الطبع اور کثیر السفر تھے۔ تبحرِ علمی کا یہ حال ہے کہ صرف اقران بلکہ اکثر شیوخ بھی آپ سے استفادہ کرنے پر مجبور ہیں۔ ہمیں محدثین کی ایک جماعت نے سے بلاواسطہ حدیث بیان کی ہے۔ میں کہتا ہوں آپ کے تلامذہ میں آپ کے صاحبزادہ عبدالرحیم مفتی

Marfa

مرو، حافظ ابوالقاسم ابن عساکر، ان کے صاحبزادہ قاسم، عبدالوہاب بن سکینہ، عبدالغفار بن منیتا، ابو روح عبدالمعز بن محمد ہروی، ابوالفضل شہاب شذیانی، افتخار عبدالمطلب حلبی، ابوالفتح محمد بن محمد صائغ اور دوسرے مشائخ شامل ہیں۔

تصانیف آپ کی تصنیف کردہ کتابوں کی فہرست بہت طویل ہے۔ ان میں سے مندرجہ ذیل کتابوں کے نام ابن نجار نے نقل کیے ہیں۔

(۱) الذیل علی تاریخ الخطیب ۸۰۰ صفحہ (۲) تاریخ مرو ۱۰۰۰ صفحہ (۳) ادب الطلب ۳۰۰ صفحہ (۴) الاسفار عن الاسفار ۵۰ صفحہ (۵) الاملاء والاستملاء ۳۰۰ صفحہ (۶) معجم البلدان ۱۰۰ صفحہ (۷) معجم الشیوخ ۱۶۰ صفحہ (۸) تحفۃ المسافر ۳۰۰ صفحہ (۹) الہدایۃ ۵۰ صفحہ (۱۰) عزالعزلہ ۴۰ صفحہ (۱۱) الادب واستعمال الحسب ۱۰ صفحہ (۱۲) المناسک ۱۲۰ صفحہ (۱۳) الدعوات ۸۰ صفحہ (۱۴) الدعوات النبویۃ ۳۰ صفحہ (۱۵) غسل الیدین ۱۰ صفحہ (۱۶) اقانین البساتین ۳۰ صفحہ (۱۷) دخول الحمام ۳۰ صفحہ (۱۸) صلوٰۃ التسبیح ۲۰ صفحہ (۱۹) التحایا ۱۲ صفحہ (۲۰) تحفۃ العید ۶۰ صفحہ (۲۱) فضل الدیک ۱۰ صفحہ (۲۲) الرسائل والمسائل ۳۰ صفحہ (۲۳) صوم البیض ۳۰ صفحہ (۲۴) سلوۃ الاحباب ۱۰ صفحہ (۲۵) التجبیر فی المعجم الکبیر ۶۰۰ صفحہ (۲۶) فرط العزام الی ساکنی الشام ۳۰ صفحہ (۲۷) مقام العلماء بین یدی الامراء ۴۲ صفحہ (۲۸) المساواۃ والمصافحہ ۲۷ صفحہ (۲۹) ذکر نبی نبیب رحل وبشری مشیب نزل ۴۰ صفحہ (۳۰) الامالی الخمس مائۃ ۴۰۰ صفحہ (۳۱) فوائد الموائد ۴۰۰ صفحہ (۳۲) فضل المرء ۶ صفحہ (۳۳) رکوب البحر ۱۴ صفحہ (۳۴) المربیہ ۶ صفحہ (۳۵) وفیات متاخرین ۳۰۰ صفحہ (۳۶) الامالی ۱۶۰ صفحہ (۳۷) بخار بخور البخاری ۴۰ صفحہ (۳۸) تقدیم الجفان الی الضیفان ۴۰ صفحہ (۳۹) الانساب ۷۰۰ صفحہ (۴۰) صلوٰۃ الضحیٰ ۲۰ صفحہ (۴۱) الصدق فی الصداقۃ (۴۲) الربح فی التجارۃ (۴۳) رفع الارتیاب عن کتابۃ الکتاب ۸ صفحہ (۴۴) الرجوع الی الاوطان ۵۰ صفحہ (۴۵) تحفیف الصلاۃ (۴۶) لفتۃ المشتاق الی ساکن العراق ۸ صفحہ (۴۷) من کنیۃ ابوسعد ۶۰ صفحہ (۴۸) فضائل [illegible]

علامہ ابوسعد بیت المقدس بھی گئے، اس وقت اس پر عیسائیوں کا قبضہ تھا۔ آپ نے اپنی تصنیف کتاب التجبیر میں اپنے شیوخ کے حالات قلمبند کئے اور اس میں بڑے عمدہ فوائد جمع فرمائے ہیں۔ مجھے اس کتاب کے مطالعہ کا شرف حاصل ہے۔

آپ نے ۵۶ سال کی عمر میں شروع ربیع الاول ۵۶۲ھ میں شہر مرو میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ اس سال درج ذیل علماء کرام کا بھی انتقال ہوا۔

مسند العراق ابومحمد عبدالجلیل بن ابوسعد المعدل آپ ہبۃ اللہ بن طاؤس کی کتاب ان سے روایت کرتے ہیں۔ خطیب وفقیہ دمشق ابوالبرکات الخضر بن شبل شافعی آپ نے ۷۶ برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔ مسند عجستان امام ابوعمرو عبدالعابدی بن محمد مشہور محدث شیخ عبدالقادر رُہاوی استفادہ کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ فقیہ دمشق اور ماہر علم المیراث جمال الائمہ علی بن حسن المانع الکلابی آپ نے ۹۰ سال عمر پائی۔ محدث

مشرق عمر رسیدہ بزرگ فقیہ ابو شجاع عمر بن محمد بسطامی ثم ملجمی ۸۷ سال کی عمر میں فوت ہوئے، شیخ ابو عاصم قبیلہ بن محمد سویقی اصفہان میں فوت ہوئے۔ آپ نے سفرِ حج کے دوران امام ابو الحسن بن علاف سے ملاقات کی تھی واعظِ مصر ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم کنیرانی، مسندِ بغداد ابو المعالی محمد بن محمد لحاس حرمی عطار آپ نے ۴۷۸ھ میں کا سماع کیا، شیخ ابو طالب مبارک بن خضیر صیرفی۔ انہوں نے بغداد میں وفات پائی، مسند ابو الفضل مبارک بن سمسار۔ آپ نے طراد سے سماع کیا ہے، مسند ابو محمد عبدالواحد بن حسین آپ بغداد میں فوت ہوئے۔ آپ سے محدث نعالی اور متعدد دوسرے ائمہ سے سماع کیا ہے، مسند ابو الحسن علی بن مہدی بلالی طبیب، انہوں نے دمشق میں وفات پائی، مسند عراق ابو القاسم ہبۃ اللہ بن حسن دقاق، انہوں نے ۹۱ سال عمر پاکر انتقال فرمایا، مسندِ وقت رئیس ابو الفرج مسعود بن حسن ثقفی اصفہانی۔ آپ نے سو سال کی عمر میں ماہِ رجب میں وفات پائی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ ایک آدمی نے کہا یارسول اللہ! قیامت کب آئے گی۔ آپ نے پوچھا تم نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے۔ اس نے کوئی بڑا عمل تو نہ بتایا بجز اس کے کہ اسے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول سے محبت ہے۔ اس پر آپ نے فرمایا جس کے ساتھ محبت کرتے ہو تم اُس کے ساتھ ہوگے۔

۱۰۹۱ ۱۳/۱۶ مفید اصفہان امام معمر بن عبدالواحد معدّل قُرشی

آپ کی کنیت ابو احمد اور نام معمر بن عبدالواحد بن رجاء بن فاخر ہے۔ اصفہان کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور نامور واعظ ہیں۔ آپ ۴۹۴ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ابو الفتح احمد بن محمد حذار، ابو فقیہ المحاسن رویانی، غانم برجی، ابو علی حداد اور اس کے طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر بغداد کی طرف رحلت فرمائی۔ اور ابو القاسم بن حصین، ابو العز بن کادش اور قاضی مرستان سے مستفید ہوئے۔ آپ سات دفعہ بغداد گئے۔ اور وہیں اپنے بیٹوں کو حدیث کی تعلیم دلوائی۔ اور آپ سے ابو سعد سمعانی، علامہ ابن الجوزی، حافظ عبدالغنی مقدسی، ابن قدامہ، سہروردی عمر بن جابر، ابن الاخضر، ابو الحسن بن مقیر اور دوسرے مشاہیر نے کسبِ کمال کیا۔ رشید بن سلمہ آپ سے بذریعہ اجازت روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام سمعانی لکھتے ہیں: آپ عقلمند نوجوان ہیں۔ رفقار کے ساتھ آپ کا سلوک قابلِ رشک ہے طبیعت میں سخاوت اور محبت کا جوہر موجود ہے۔ دوسروں کے کام آنے میں لذت محسوس کرتے ہیں۔ میں نے اصفہان میں جو علم حاصل کیا ہے وہ زیادہ تر آپ کی کوشش کا رہینِ منت ہے۔ صبح سے شام تک میرے ساتھ مختلف حلقہ ہائے درس کا چکر لگاتے۔ لکھنے کے لیے میرے واسطے کاغذ مہیا کرتے جب میں شیوخ کے حالات قلمبند کرتا تو ان کی تاریخِ وفات مجھے لکھ کر دیتے۔ اساتذہ کے علمی فوائد میں

ایک مخصوص کتاب لکھی جو مجھے پڑھ کر سنائی۔ شکر اللہ سعیہ

علامہ ابن الجوزی فرماتے ہیں معمر حفاظِ حدیث میں شمار ہوتے ہیں۔ آپ کا وعظ پُر تاثیر ہوتا تھا۔ حدیث میں معرفتِ تامہ رکھتے تھے۔ آپ کی پوری زندگی تخریج اور املاء حدیث میں بسر ہوئی۔ میں نے آپ سے مدینہ منورہ میں حدیث کا سماع کیا تھا۔ ابن نجار کہتے ہیں: آپ لکھتے ہیں: سبک رفتار اور حفظ، معرفت، صلاح، ثقاہت، تورع اور مروت جیسے اعلیٰ صفات سے متصف تھے۔ آپ نے فن حدیث، فن تاریخ اور معجم میں بہت سی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ اصفہان میں باوقار زندگی بسر کرتے تھے۔ لوگ آپ کی تعظیم کرتے تھے اور آپ کی ہر بات عقیدتمندی سے قبول کرتے تھے۔

آپ نے صحرائے حجاز میں ذی قعدہ ۵۶۴ھ میں انتقال فرمایا۔ اور اس سال درج ذیل علماء کرام بھی لقمۂ اجل بنے۔

مشہور واعظ اور معلم قرآن ابوالحسن سعد اللہ بن نصر دجاجی بغدادی۔ طلب علم میں سرگرداں رہنے والے محدث ابو محمد عبدالخالق بن اسعد مشقی حنفی آپ نے اپنی یادگار میں ایک تصنیف معجم چھوڑی ہے۔ مسند قرطبہ فقیہ ابو مروان عبدالرحمان بن قزمان آپ نے ۸۵ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ قاضی دمشق امام زکی الدین علی بن محمد قرشی شافعی، آپ نے حج سے واپسی پر ۵۷ سال کی عمر میں بغداد میں وفات پائی۔ مسند بغداد ابوالفتح محمد بن عبدالباقی الحاجب آپ نے ۸۷ سال عمر پائی اور زاہد عراق ابو عبداللہ محمد بن عبدالملک فارقی۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں اپنا گمشدہ جانور پاکر جتنی خوشی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کو تم میں سے کسی ایک شخص کی توبہ پر اس سے بھی زیادہ خوشی ہوتی ہے۔

۱۰۹۲ ۱۴/۱۶ امام ابوالخیر اصفہانی

آپ کی کنیت ابوالخیر اور نام عبدالرحیم بن محمد بن حمدان بن موسیٰ ہے۔ اصفہان کے رہنے والے صاحب اتقان اور بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ ابن نجار کہتے ہیں: آپ کا شمار حفاظ حدیث میں ہوتا ہے۔ میں نے اصفہان میں بہت سے علماء سے سنا ہے کہ آپ کو صحیح بخاری اور صحیح مسلم ازبر یاد تھیں۔ اور محدثین آپ کو حفظ حدیث میں حافظ ابو موسیٰ مدینی سے افضل سمجھتے تھے۔ آپ نے محدثین سے بھی حدیث کا سماع کیا تھا اور اپنے طور پر مطالعہ سے بھی بہت کچھ پڑھا اور لکھا تھا۔ اہل علم میں آپ کی فضیلت اور معرفت حدیث کی کافی شہرت تھی تحصیل علم کے لیے جوانی میں بغداد آئے اور بڑھاپے میں بھی۔

آپ نے محمد بن غانم بن محمد برجی، ابو علی حداد، جعفر ثقفی، محمد بن عبدالواحد دقاق، عبدالواحد بن محمد، شیخ ہبۃ اللہ بن حصین، ابوالمعز بن کاوش اور دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا اور ہمارے شیخ ابن الاخضر

fat.com

کے کہنے پر جامع مسجد میں حدیث بیان کرتے رہے۔ میں نے شیخ سے ان کے متعلق پوچھا تو انہوں نے آپ کی مرتب کی ہوئی حدیث کے حافظ اور اس کے جاننے والے تھے۔ نیز فرمایا اہل عمان کو معمر بن فاخر سے افضل جانتے تھے۔ میں کہتا ہوں حافظ عبد غنی اور شیخ موفق آپ سے حدیث بیان کرتے ہیں۔

ابن نجار کہتے ہیں مجھے اصفہان میں ہمارے شیخ ابو عبداللہ حنبلی نے ایک محضر ہمہ دکھایا جس میں مصنف اور جرح میں مذکور ہے ترجمہ کے بارہ میں مشائخ کی آراء جمع کی گئی تھیں۔ اس میں حافظ اسمٰعیل بن محمد یونسی نافی، محمد بن یونس قنتوری ابو مسعود کوتاہ اور دوسرے علماء کے دستخط ثبت تھے۔ سب نے شہادت دی تھی کہ یہ خطیب کی منقل قابل حجت ہے۔ ان کی دیانت لائق اعتماد اور سیرت و کردار بھی اطمینان بخش ہیں ہے۔ میں نے ایک کتاب میں عبیداللہ بن محمد بن عبداللطیف خجندی کا تحریر کردہ ایک سوال پڑھا ہے جس میں حافظ ابو موسیٰ سے عہد بغداد کے ان اجازت ناموں کے متعلق استفسار کیا گیا تھا جو بقول صاحب ترجمہ ابو علیہ عبدالرحیم بن موسیٰ علامہ ابن المامون، ابو حسین بن مہتدی باللہ، حافظ ابوبکر خطیب، ابن نقور اور ابو نعیم نے دس محدثین نے رئیس مسعود بن حسن ثقفی کو مرحمت فرمائے تھے۔ جن کا انہوں نے کئی کتابوں میں حوالہ بھی دیا تھا مگر تلاش کرنے پر نہ ملے جس کی وجہ سے انہیں لوگوں کے طعن و تشنیع کا مورد بننا پڑا نیز ابن عاجز کے اجازت ناموں کے بارہ میں دریافت کیا گیا تھا۔

حافظ ابو موسیٰ نے جواب میں لکھا تجربہ کار لوگ نے ان اجازت ناموں سے دھوکا کھایا ہے اور ان پر اعتماد کرتے ہوئے تحصیل علم میں وقت ضائع کیا ہے۔ مدعی نے ان کے ثابت کرنے میں ٹال مٹول سے کام لیا ہے جن کا بالآخر ایک عرصہ کے بعد بطلان واضح ہو گیا ہے لہٰذا حق کی طرف مراجعت ضروری ہے۔ جن لوگوں نے ان اجازت ناموں پر اعتماد کرتے ہوئے رئیس مسعود سے پڑھا ہے ان کی کوشش رائیگاں گئی۔ آرزو بر آنہیں سکی اور عمل ضائع ہوا۔ خود رئیس نے بعض اجازت ناموں کے بطلان کا اقرار کیا ہے۔

میں نے حافظ ضیاء کی تحریر پڑھی ہے، لکھتے ہیں میں نے امام عبداللہ جبائی سے سنا ہے کہ ابو الخیر کو پوری صحیح بخاری ازبر یاد تھی۔ فرمایا کرتے تھے جس کو شک ہو وہ کتاب میں سے کوئی سند پڑھے میں اس کا متن پڑھ دوں گا اور اگر چاہے تو متن پڑھے میں اس کی سند بیان کر دوں گا۔

امام ابو الخیر صفر ۵۰۰ھ میں پیدا ہوئے اور شوال المکرم ۵۶۸ھ میں انتقال فرمایا۔ اس سال درج ذیل علمائے کرام نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی۔

مسند القراء ابو الفضل احمد بن محمد بن سنیف دارقزی، جعفر بن عبداللہ ابن قاضی القضاۃ ابو عبداللہ دامغانی، ملک النحاۃ ابو نزار حسن بن صافی اور مسند اصفہان ابو جعفر محمد بن حسن بن حسین صیدلانی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت قدامہ بن عبداللہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جمرہ پر کنکر مارتے دیکھا ہے۔ آپ کے واسطے راستہ صاف کرنے کے لیے نہ لوگوں کو مارا جاتا نہ

دھکے دیئے جاتے اور نہ یہ کہا جاتا کہ پیچھے ہٹو پیچھے ہٹو۔

اس حدیث کے الفاظ علی اردستانی کے ہیں۔

جرح و تنقید کا جواب

میں نے حافظ شیخ ضیاء کی تحریر پڑھی ہے۔ جس میں لکھتے ہیں: میں نے اصفہان میں امام ابو عبداللہ محمد بن سعید کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ایک دفعہ حافظ ابو العلاء کے صاحبزادے نے ہمدان سے ایک مکتوب کے ذریعے مجھے پوچھا کہ ابو الخیر کی جرح کے بارہ میں آپ کے نزدیک صحیح کیا ہے؟ میں نے لکھا مجھے ان کی تعدیل کی خبر ملی ہے اور تعدیل ہی صحیح ہے۔ واللہ اعلم۔ پھر کہا ان میں صرف حافظ ابو موسیٰ نے رئیس مسعود کے اجازت ناموں کی وجہ سے جرح کی ہے اور کچھ نہیں۔ یہ بھی فرمایا ایک دفعہ حافظ ابو موسیٰ میرے دادا مصلح کے پاس آئے اور کہا آپ ابو الخیر کے بارہ میں جرح کریں گے؟ بولے میں ایسا نہیں کروں گا۔ یا کہا میرے نزدیک ان کی جرح ثابت نہیں ہوتی۔ صرف اتنی بات ہے کہ میرے امالی میں اوہام کی نشاندہی کرتے ہیں۔

۱۰۹۳ ۱۵/۱۶ شیخ الاسلام معلم قرآن امام ابو العلاء ہمدانی

آپ کی کنیت ابو العلاء، نام حسن بن احمد بن حسن عطار اور لقب شیخ ہمدان ہے۔ ہمدان کے رہنے والے گرامی قدر عالم اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ ۴۸۸ھ میں پیدا ہوئے۔ مختلف قرأت کے مطابق قاری ابو علی حداد معلم واسط ابو العز قلانسی، ابو عبداللہ بارع، ابو بکر مزرفی اور دیگر نامور قراء سے قرآن حکیم کی تعلیم حاصل کی اور بغداد میں امام ابو القاسم بن بیان، ابو علی بن نبہان، ابن الحصین اور دوسرے [illegible] میں ابو عبداللہ محمد بن فراوی اور متعدد دیگر علماء کرام سے حدیث کا سماع کیا۔ دوسری دفعہ [illegible] اور اپنے صاحبزادے کو حدیث کا سماع کرایا۔ ۵۳۰ھ کے بعد پھر آئے اور بہت [illegible] ۵۴۰ھ کے بعد بھی تشریف لائے۔

اور آپ سے مختلف روایات کے مطابق ابو احمد بن سکینہ، ابو الحسن بن عباس اور محمد بن محمد بن کیال نے قرآن کریم پڑھا اور ابو المواہب بن صصری، حافظ عبدالقادر، حافظ یوسف بن احمد شیرازی، محمد بن محمود حمامی آپ کے پوتوں محمد، قاضی علی اور قاضی عبدالحمید ابنائے ابن بنیمان اور دوسرے لوگوں نے حدیث کی تعلیم حاصل کی اور آپ سے بذریعہ اجازت روایت کرنے والے آپ کے آخری شاگرد ابو الحسن ابن المقیر ہیں۔

مرتبہ و مقام

ابو سعد سمعانی فرماتے ہیں آپ صاحب اتقان حافظ حدیث، فاضل معلم قرآن، پسندیدہ اطوار اور سخاوت پسند تھے۔ اپنا سارا مال غریب الدیار طلبہ پر صرف کر دیتے تھے۔ فن قرأت، فن حدیث اور علم ادب میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ مجھے ان سے شرف سماع حاصل ہے۔

حافظ عبدالقادر فرماتے ہیں۔ ہمارے شیخ ابو العلاء اس قدر مشہور و معروف ہیں کہ انہیں تعارف کی قطعاً

fat.com

حاجت نہیں بلکہ جہاں تک تاریخ کا تعلق ہے۔ صدیوں سے آپ کی نظیر نہیں ملتی۔ کثرتِ سماع میں اپنے اہلِ زمانہ پر فوقیت رکھتے تھے۔ جس کتاب کا سماع کرتے اُسے خرید کر اپنے پاس رکھتے تھے۔ اپنے ہاتھ سے بھی آپ نے بہت سی کتابیں نقل کی تھیں۔ آپ کا خط بہت عمدہ تھا۔ لکھتے وقت نقطہ دار حروف پر نقطے اور حسبِ ضرورت اعراب لگاتے جاتے تھے۔ آپ نے سب سے پہلے اپنے شیخ عبدالرحمٰن بن محمد دوینی سے ۴۹۵ھ میں حدیث کا سماع کیا۔ پھر حدیث اور متعلقاتِ حدیث انساب و تاریخ، اسماء و کنیٰ اور قصص و سیر میں اتنا کمال پیدا کیا کہ اپنے ہمعصر حفاظِ حدیث سے سبقت لے گئے۔ ایک دن آپ اپنی مجلس میں تشریف فرما تھے کہ کسی نے حضرت عثمان کے بارہ میں استفتاء پیش کیا تو آپ نے ہماری موجودگی میں وہاں بیٹھے بیٹھے اپنی یادداشت سے حضرت موصوف کے فضائل و مناقب میں ایک طویل بیان تحریر فرما دیا۔

تصانیف آپ متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان میں سے ایک کتاب "زادالمسافر" پچاس جلدوں میں ختم ہوئی ہے۔ قرآن اور علومِ قرآن میں امامت کے درجہ پر فائز تھے۔ آپ نے مختلف قراءت کی تعلیم حاصل کی تھی۔ اور قراءت عشرہ اور مفردات پر ایک کتاب بھی لکھی ہے۔ ایک اور کتاب وقف، ابتداء، تجوید، ماءات، عدد اور معرفتِ قراء جیسے مختلف عناوین پر مشتمل دس جلدوں میں پوری ہوئی آپ کی تصانیف کو اس قدر قبولِ عام حاصل ہوا کہ لوگ انہیں خوارزم اور شام جیسے دور دراز ممالک میں نقل کر کے لے گئے بہت سے لوگوں نے قراءت میں آپ سے کمال پیدا کیا۔ جب قراء کا ذکر چھڑتا تو آپ ان کے حالات پر سیر حاصل تبصرہ کرتے اور فرماتے فلاں قاری کا فلاں سال اور فلاں قاری کا فلاں سال انتقال ہوا اور فلاں قاری کی سند فلاں قاری سے اتنے درجے عالی ہے۔

آپ علمِ نحو اور علم لغت کے بھی امام تھے۔ میں نے سنا ہے آپ کو جتنی کتابیں ازبر یاد تھیں۔ ان میں "کتاب الجمہرہ" سرِفہرست ہے۔ ادبِ عربی میں آپ کے تلامذہ امامت کے درجہ پر فائز تھے اور شہر ہمدان میں ادبیات کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ مجھے آپ کے بعض تلامذہ کو دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے آپ کو علامہ ھروی کی "کتاب الغریبین" بھی زبانی یاد تھی۔

عام حالات حافظ عبدالقادر اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے فرماتے ہیں آپ کے نزدیک مال و دولت کی کچھ اہمیت نہ تھی۔ باوجودیکہ آپ تاجروں کی اولاد تھے اور ورثہ میں بہت کچھ پایا تھا مگر سب کچھ بیچ کر طلبِ علم میں صرف کر دیا۔ تا آنکہ آپ نے متعدد بار پشت پہ کتابوں کی گٹھڑی اُٹھائے ہوئے اصفہان اور بغداد کا پیدل سفر کیا۔ آپ فرماتے تھے۔ میں طالب علمی کے زمانہ میں بغداد کی مسجدوں میں رہا کرتا اور باجرہ اور چنے کی روٹی کھایا کرتا تھا۔ میں نے ابوالفضل بن نبیمان ادیب سے سنا ہے کہتے تھے۔ میں نے ابو العلاء کو بغداد کی ایک مسجد میں دیکھا چراغ اونچا ہونے کی وجہ سے کھڑے کھڑے لکھ رہے تھے۔ حافظ عبدالقادر کہتے ہیں اس جانفشانی اور محنت و کاوش کی بدولت آپ نے وہ علمی کمال پیدا کیا کہ لوگوں کے دلوں میں آپ

کی عظمت کا سکہ بیٹھ گیا۔ جب آپ ہمدان میں گھر سے باہر نکلتے تو ہر شخص آپ کو دیکھ کر کھڑا ہو جاتا اور بچوں اور یہودیوں تک آپ کی درازیٔ عمر کی دعا کرتے۔ بعض اوقات آپ قصبہ مشکان میں جمعہ پڑھنے کے لیے آتے تو شہر کے لوگ مسلمان الگ اور یہودی الگ شہر سے باہر نکل کر آپ کا استقبال کرتے۔ آپ کے لیے درازیٔ عمر کی دعا کرتے اور یہ سلسلہ شہر میں داخل ہونے تک برابر جاری رہتا۔

آپ کو تحائف اور نذرانے بکثرت ملتے تھے جو آپ اپنے تلامذہ پر خرچ کر دیتے تھے اور اپنے لیے پس انداز نہیں کرتے تھے۔ آپ نے بعض لوگوں کے وظیفے مقرر کر رکھے تھے۔ نذرانوں اور تحائف کی کثرت کے باوجود اکثر آپ ہزار دینار یا اس سے بھی زیادہ کے مقروض رہتے تھے۔ آپ اپنے تلامذہ اور متوسلین کی بہت عزت کرتے تھے اور ان کی گذر اوقات کے لیے لوگوں سے تعاون کی اپیل کرتے تھے۔ جب تک تلامذہ اور متوسلین کی ایک جماعت آپ کے ہمراہ نہ ہوتی آپ کسی دعوت میں شریک نہیں ہوتے تھے۔ ظالموں کا مال قبول نہیں کرتے تھے اور نہ کسی ایسے شخص کے مدرسہ یا خانقاہ میں ملازمت اختیار کرتے تھے۔ گھر پر پڑھایا کرتے تھے۔ اور طلبہ کی رہائش کا انتظام مسجد میں کر رکھا تھا۔ نصف دن حدیث پاک اور نصف دن قرآن اور دیگر علوم کی تعلیم دیا کرتے تھے۔ بادشاہوں کے درباروں تک جانا پسند نہیں کرتے تھے اور کلمۂ حق کہنے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ آپ کی مجلس میں کسی کو ادم منکر یا کانے بجانے کی جرأت نہیں ہوتی تھی۔ ہر آدمی کو اس کی شان کے مطابق جگہ دیتے تھے۔

آپ کے اسی حسن سلوک اور کریمانہ اخلاق کی وجہ سے لوگوں کے دلوں میں آپ کی عزت اور محبت جاگزیں تھی۔ آپ کی نیکنامی کا دور دور تک شہرہ تھا۔ حتیٰ کہ اہل خوارزم جو خالی معتزلہ تھے۔ متشدد حنبلی ہونے کے باوجود آپ کے ثنا گو اور مدح خوان تھے۔

آپ بڑے اچھے طریقہ سے نماز پڑھتے تھے۔ میں نے اپنے مشائخ میں ان سے اچھی نماز پڑھنا کسی کو نہیں دیکھا۔ آپ طہارت کے معاملہ میں بڑے متشدد تھے کسی کو اپنے جوتے تک چھونے نہیں دیتے تھے۔ آپ کے کپڑے چھوٹے ہوتے تھے اور آستینیں تنگ رکھتے تھے۔ آپ کا تمام معاملہ باضابطہ ہوتا تھا۔ اعتقاد اور عمل میں سنت رسول آپ کا اوڑھنا اور بچھونا تھی۔ سنت پر عمل کرنا آپ کے نزدیک اتنا اہم تھا کہ اگر کوئی شخص مجلس میں داخل ہوتے وقت اپنا بایاں پاؤں پہلے رکھتا تو اسے واپس بھیجتے اور فرماتے داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پاؤں رکھو۔ آپ کتابوں کو بلا وضو ہاتھ نہیں لگاتے تھے اور بنا کعبہ کی تعظیم کے لیے ہر چیز قبلہ رخ رکھتے تھے۔ میں نے ایک ثقہ اور معتبر آدمی سے سنا ہے کہ جب حافظ ابو العلاء نیشاپور آئے تو حافظ عبد الغافر بن اسمٰعیل فارسی نے کہا آج تک نیشاپور میں آپ جیسا کوئی آدمی داخل نہیں ہوا۔ میں نے حافظ ابو القاسم علی بن حسن سے سنا ہے وہ اپنے ایک شاگرد کا ذکر کر رہے تھے جو طلب علم کے لیے سفر پر گیا ہوا تھا۔ اگر وہ حافظ ابو العلاء سے ملاقات اور استفادہ کیے بغیر واپس آ گیا تو اس کا سفر بے کار جائے گا۔

وفات امام ابوالعلاء نے جمادی اولیٰ ۵۶۹ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔
اس سال مندرجہ ذیل علمائے کرام نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی۔
ابوعبداللہ احمد بن علی بن معمر علوی جو مسند اور نقیب ہے۔ انہوں نے بغداد میں انتقال کیا۔ ابوالحسن
بن علی بن کارہ حرمی حنبلی۔ آپ کو حسین بن بسری سے سماع حاصل ہے۔ شیخ العربیہ ابومحمد سعید بن مبارک بن الد
بغدادی، مسند ابومحمد عبداللہ بن محمد بن ہبۃ اللہ بن محمد بن نرسی، مسند مغرب ابوالحسن علی بن احمد بن ابی بکر کتانی قر
فاسی ۹۳ سال عمر پاکر فوت ہوئے اور ملک شام کے عادل بادشاہ نورالدین محمود بن زنگی ترکی نے بھی اسی سال وفات
مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم س
یظلہم اللہ فی ظلہ یوم لاظل الا ظلہ امام عادل .... الحدیث
نیز مجھے ان کے واسطہ سے حضرت حذیفہ کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
قسم کی نیکی صدقہ ہے اور اہل جاہلیت کے پاس نبوت اولیٰ کے کلام میں سے باقی یہ کلام رہ گیا ہے: اذا لم تس
فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ۔ جب تم میں حیا نہیں رہا تو جو چاہو کرو۔

۱۰۹۴ ۱۶/۱۶ فخر الائمہ حافظ کبیر امام ابن عساکر دمشقی

آپ کی کنیت ابوالقاسم، نام علی بن حسن بن ہبۃ اللہ اور لقب محدث شام ہے۔ دمشق کے رہنے وا
جلیل القدر اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ شافعی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ تاریخ کبیر اور دیگر پُرمغز اور مف
کتابوں کے مصنف ہیں۔ ۴۹۹ھ کے اوائل میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد ماجد اور اپنے بھائی ضیاء الدین ہبۃ
کی خصوصی توجہ سے اپنی عمر کے ساتویں سال ہی میں حدیث پاک کا سماع شروع کر دیا۔

اساتذہ آپ نے اپنے شہر دمشق میں ابوالقاسم نسیب، قوام بن زید، سمیع بن قیراط، ابوطاہر حنائی، ابوالحس
بن مواز ینی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے اکتساب فیض کیا۔ پھر ۵۲۰ھ میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر
کے لیے سفر پر روانہ ہوئے اور بغداد میں ابوالقاسم بن حصین، ابوالحسین دینوری، ابوالعز بن کادش، ابوغالب بن
ابوعبداللہ بارع، قاضی مرستان اور اس طبقہ کے دیگر مشاہیر سے، مکہ مکرمہ میں عبداللہ بن محمد غزال سے، کوفہ میں
عمر بن ابراہیم زیدی سے، نیشاپور میں ابوعبداللہ فراوی سے، ہبۃ اللہ بن سبیدی، عبدالمنعم بن قشیری اور اس
طبقہ کے دوسرے محدثین سے، مرو میں یوسف بن ایوب زاہد ہمدانی سے، اور ہرات میں تمیم بن ابوسعید جرجا
اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ اور "اربعین بلدانیہ" نامی کتاب لکھی۔ آپ کے اساتذ
کی تعداد ایک ہزار چار سو ہے۔ اور ان میں ۸۰ سے زیادہ عورتیں ہیں۔

تلامذہ آپ کے تلامذہ کی فہرست بھی خاصی طویل ہے۔ مشہور محدث معمر بن فاخر، ابوالعلاء ہمدانی، ابوسعد
سمعانی اور دوسرے کبار علماء آپ کے تلامذہ میں شمار ہوتے ہیں۔ ان کے علاوہ آپ کے صاحبزاد

قاسم، ابوجعفر قرطبی، زین الامناء ابوالبرکات بن عساکر، ان کے بھائی شیخ فخرالدین، ان کے بھتیجے عزالدین نسابہ، حافظ عبدالقادر رُہاوی، ابوالقاسم بن صصری، یوسف بن محمد فاروقی خطیب، ابونصر شیرازی، محمد بن اخی ابی البیان، ابواسحاق ابراہیم بن خشوعی، ان کے بھائی عبدالعزیز، یونس بن منصور سقبانی، محمد بن رومی جردانی، محمد بن غسان حمصی، مسلم بن احمد مارنی، ذاکراللہ شعیری، عبدالرحمٰن بن راشد بیت سوائی، عمر بن عبدالوہاب بن براذعی، عتیق سلمانی، شیخ بہاؤالدین علی بن جمیزی، رشیدالدین بن مسلمہ، سدیدالدین مکی بن علان اور دوسرے بہت سے لوگوں نے آپ سے علم حدیث حاصل کیا ہے اور آپ سے ابوسعد سمعانی بھی روایت کرتے ہیں جو آپ کے آخری شاگرد ابن علان سے ۷۰ سال پہلے فوت ہوئے۔

تصانیف آپ شہرۂ آفاق مصنف ہیں اور آپ نے اپنی یادگار میں بڑی اور چھوٹی بہت سی تصانیف چھوڑی ہیں ان میں سے چند قابل ذکر درج ذیل ہیں۔

(۱) "تاریخ دمشق" ۸۰ جلد (۲) "موافقات" ۶ جلد (۳) "الاطراف الاربعۃ" ۴ جلد (۴) "عوالی مالک" ۱۵۰ اجزاء (۵) "غرائب مالک" ۱۰ اجزاء (۶) "المعجم" ایک جلد (۷) "مناقب شبان" ۱۵ اجزاء (۸) "فضل اصحاب الحدیث" ایک جلد (۹) "السباعیات" ۱۷ اجزاء (۱۰) "تبیین کذب المفتری" ایک جلد (۱۱) "فضل الجمعۃ" ۴ اجزاء (۱۲) "الاربعین الطوال" ۱۳ اجزاء (۱۳) "عوامی شعبۃ" ایک جلد (۱۴) "الزھادۃ فی الشھادۃ" ایک جلد (۱۵) "عوالی الثری" ایک جلد (۱۶) "اربعی الجہاد"، "اربعی البلدان"، "اربعی المساواۃ" (۱۹) "مسند اہل داریا" ایک جلد (۲۰) "من وافقت کنیتہ کنیۃ زوجتہ" ایک مختصر جلد (۲۱) "شیوخ النبل" ایک جلد (۲۲) "حدیث اہل صنعاء الشام" ایک مختصر جلد، (۲۳) "حدیث اہل البلاط" ایک مختصر جلد (۲۴) "فضل عاشوراء" ۳ اجزاء (۲۵) "کتاب الزلازل" ۳ اجزاء (۲۶) "المصاب بالولد" ۲ اجزاء (۲۷) "قبض العلم" ایک جزء (۲۸) "فضل مکہ" (۲۹) "فضل المدینۃ" (۳۰) "فضل القدس" (۳۱) "فضل عسقلان" (۳۲) "تاریخ المزۃ" (۳۳) "فضل الربوۃ" (۳۴) "فضل مقام ابراہیم" (۳۵) [illegible] (۳۶) "جزء کفر سوسیہ" (۳۷) "جزء کفر بطنا" (۳۸) "جزء المنیحۃ" (۳۹) "سعد" (۴۰) [illegible] اجزاء القری (۴۱) "جزء حدیث الہبوط" (۴۲) "الجواہر فی الابدال" ۳ اجزاء۔

ان کے علاوہ آپ نے ابواب العلم میں ۴۰۰ مجلسیں املاء کرائیں، نیز محدثین کی ایک جماعت کے لیے بھی تخریج احادیث میں چند کتابیں لکھیں۔ چنانچہ اپنے رفیق ابوسعد سمعانی کے لیے "اربعین المصافحات" اور اپنے شیخ فراوی کے لیے "اربعین المساواۃ" کی تخریج کی۔ کتاب الابدال نامی ایک کتاب لکھنا شروع کی تھی اگر پوری ہو جاتی تو ۲۰ جلدوں میں ختم ہوتی۔

مرتبہ و مقام حافظ سمعانی کہتے ہیں ابوالقاسم ابن عساکر حافظ حدیث، ثقہ، متقن، دیانتدار، نیک اطوار اور بلند اخلاق تھے، متن اور اسناد کو خوب جانتے تھے، علم و فضل میں بے نظیر اور بڑے محقق تھے۔ حدیث کی قرأت بڑے دلنشین انداز سے کرتے تھے۔ آپ نے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے مختلف ممالک کی

fat.com

طرف سفر کیا اور حصول مقصد کے لیے راتوں کی نیند اور دن کا چین حرام کر دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ علم کا جتنا ذخیرہ آپ کے پاس محفوظ تھا کسی کے پاس نہیں تھا۔ آپ اپنے معاصرین پر گوئے سبقت لے گئے تھے۔ اور مجھ سے ایک مہینہ پہلے نیشاپور وارد ہوئے تھے۔ میں نے آپ سے آپ کی کتاب "المعجم" اور علامہ دینوری کی کتاب "المجالسۃ" کا سماع کیا تھا۔ اس وقت آپ نے دمشق کے حالات میں اپنی مشہور عالم کتاب "التاریخ الکبیر" لکھنا شروع کی ہوئی تھی۔

ابن ماجب لکھتے ہیں۔ مجھے زین الامناء نے بتایا کہ مجھ سے ابن قزوینی نے اپنے والد ماجد علامہ ابوالخیر مدرس زمانہ میہ کی زبانی بیان کیا کہ ہمارے شیخ امام فراوی فرماتے تھے کہ ابن عساکر پڑھنے کے لیے آئے تو انہوں نے تین دن میں مجھ سے اتنا زیادہ پڑھا کہ میں اکتا گیا اور قسم کھائی کہ آئندہ اسے نہیں پڑھاؤں گا اور اس پر اپنا دروازہ بند رکھوں گا۔ لیکن دوسرے دن علی الصبح میرے پاس ایک آدمی آیا اور کہنے لگا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قاصد ہوں اور آپ کے لیے ایک پیغام لایا ہوں۔ میں نے یہ سن کر مرحبا اور خوش آمدید کہا۔ بولا رات خواب میں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ فراوی کے پاس جاؤ اور اسے کہو کہ تمہارے شہر میں ملک شام کا ایک گندم گون رنگ کا طالب علم میری حدیث پڑھنے کے لیے آیا ہے اس سے اکتاہٹ اور دل تنگی کا مظاہرہ مت کرو۔ قزوینی کہتے ہیں: بخدا اس کے بعد امام فراوی مجلس درس سے اس وقت تک نہیں اٹھتے تھے جبتک حافظ ابن عساکر اپنا سبق از خود بند نہ کرتے۔

آپ کے صاحبزادے قاسم جو خود بھی ایک بلند پایہ محدث ہیں کہتے ہیں میرے والد ہمیشہ نماز باجماعت ادا کرتے تھے۔ قرآن حکیم سے اتنی محبت تھی کہ رمضان المبارک میں روزانہ اور باقی مہینوں میں ہر جمعہ میں ایک مرتبہ ختم کرتے تھے۔ مسجد دمشق کے مشرقی مینار میں اعتکاف کیا کرتے تھے۔ نفل بکثرت پڑھتے اور باقی وقت ذکر و اذکار میں گذارتے تھے۔ نصف شعبان اور عیدین کی راتیں خاص طور پر ذکر الٰہی، عبادت اور صلوٰۃ و مناجات میں بسر ہوتی تھیں اگر کوئی لمحہ ضائع ہو جاتا تو اس پر اپنے نفس کا سختی کے ساتھ محاسبہ کرتے تھے۔

قاسم کہتے ہیں والد صاحب نے مجھے بتایا کہ میری پیدائش کے وقت بحالت حمل میری والدہ کو خواب میں بشارت دی گئی کہ تو ایک ذیشان بچے کو جنم دے گی۔ میرے والد صاحب نے مجھے بتایا کہ ان کے باپ نے بھی ایک خواب دیکھا جس کا مفہوم یہ تھا کہ تیرے نسب سے ایک لڑکا پیدا ہوگا جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ سنت رسول کو زندہ کرے گا۔ نیز والد صاحب نے بتایا کہ وہ ایک شیخ کے پاس پڑھ رہے تھے کہ اس نے کہا ہم سے پڑھنے کے لیے ابوعلی ابن الوزیر آیا تو ہم نے کہا اس جیسا بچہ تو ہم نے دیکھا ہی نہیں۔ پھر ابن سمعانی آیا تو ہماری رائے ہوئی کہ ایسا ذہین بچہ بھی ہم نے کبھی نہیں دیکھا۔ بعد ازاں یہ بچہ (حافظ ابن عساکر) آیا تو سچی بات یہ ہے کہ اس جیسا لائق طالب علم بھی ہم نے کبھی نہیں دیکھا۔ سعد الخیر نے کہا" میں نے ابن عساکر کے زمانہ میں کسی کو اس کا نظیر نہیں پایا۔ قاسم بن عساکر نے ہی مزید کہا میں نے تاج المسعودی سے سنا وہ کہتے تھے میں نے ابوالعلاء ہمدانی کے بارے میں سنا کہ وہ ایک طالب علم سے کہہ رہے تھے جس نے ان سے (کسی اور استاذ سے طلب علم کے لیے) سفر کی اجازت

مانگی: اگر تو کسی کو مجھ سے افضل سمجھتا ہے تو میں تجھ کو اس کی طرف ابھی سفر کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔ ہاں حافظ ابن عساکر کے پاس جانا چاہو تو وہ بے شک ایسے حافظِ حدیث ہیں جیسا کہ ہونے چاہئیں۔

ابوالمواہب بن صصری نے مجھے بتایا کہ جب میں بسلسلہ تعلیم حافظ ابوالعلاء کی خدمت میں ہمدان آیا تو انہوں نے فرمایا مجھے یقین ہے کہ آج فنِ حدیث میں کوئی شخص حافظ ابوالقاسم ابن عساکر کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ اگر وہ میری طرح لوگوں سے ملتے جلتے اور ان سے راہ و رسم پیدا کرتے تو سب موافق و مخالف ان کے گرد جمع ہو جاتے۔ ایک دن مجھ سے پوچھنے لگے ان سے لوگوں کا برتاؤ کیسا ہے؟ اور انہیں کس قدر نذرانے اور تحائف ملتے ہیں؟ میں نے عرض کیا وہ ان چیزوں سے بے نیاز ہیں۔ متواتر چالیس سال سے کتابیں لکھنے اور حدیث پڑھانے کے سوا ان کا کوئی مشغلہ نہیں ہے۔ خلوت و جلوت میں ان ہی کاموں میں مصروف رہتے ہیں۔ فرمانے لگے الحمدللہ! علم کا یہی ثمرہ ہے مگر بھائی ہمیں تو یہ مسجد، عالیشان مکان اور بے نظیر کتب خانہ میسر ہے۔ معلوم ہوتا ہے تمہارے شہر میں اہل علم کی قدر نہیں ہے۔ پھر فرمایا روشن دماغی، حسن فہم اور خداداد ذکاوت کی وجہ سے ابوالقاسم بغداد میں "شعلۃ النار" کے لقب سے مشہور تھے۔

یہی ابوالمواہب کہتے ہیں میں نے ایک دفعہ بوقت مذاکرہ حافظ ابوالقاسم سے ان چوٹی کے حفاظ حدیث کے متعلق سوال کیا جن سے انہیں ملنے کا اتفاق ہوا ہے تو فرمایا بغداد میں ابو عامر عبدری اور اصفہان میں ابو نصر یونارتی ہیں مگر زیادہ مشہور حافظ اسمٰعیل بن محمد ہیں۔ پھر میں نے پوچھا جناب کی اپنے متعلق کیا رائے ہے؟ بولے یہ مت پوچھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "لا تزکوا انفسکم" یعنی اپنی تعریف آپ نہ کرو۔ میں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ یہ بھی فرماتا ہے "اما بنعمۃ ربک فحدث" اپنے رب کا انعام بیان کر دو۔ فرمانے لگے اگر کوئی کہے کہ اس کی آنکھوں نے میرے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا تو سچ ہی کہے گا۔ اس کے بعد ابوالمواہب فرماتے ہیں میں بھی [illegible] کہ میں نے ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا اور میں نے ایسا بھی کوئی آدمی نہیں دیکھا جس نے چالیس سال سے ایک طریقہ اپنایا ہو اور پھر ان کی طرح پابندی کے ساتھ اس پر باحسن طریق قائم رہا ہو۔ آپ ہمیشہ بلا عذر پہلی صف میں نماز ادا کرتے اور رمضان المبارک اور عشرۂ ذی الحج میں اعتکاف فرماتے تھے۔ املاک کے محصول اور عالیشان مکانات کی تعمیر سے بے نیاز تھے۔ ان چیزوں کو آپ نے دل سے بھلا دیا تھا۔ امامت، خطابت اور اس قسم کے دوسرے عہدوں کی کبھی خواہش نہیں کی اور اگر کسی نے پیش کش کی بھی تو اس کو مسترد کر دیا۔ انہوں نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو اپنے اوپر لازم کر رکھا تھا اور حق بات کہنے میں کسی ملامت گر کی ملامت کی پروا نہیں کرتے تھے۔

تدریسی زندگی کا آغاز

ابوالمواہب کہتے ہیں ایک دن مجھ سے فرمانے لگے جب میں نے حدیث پڑھانے کا ارادہ کیا اور خدا شاہد ہے کہ اس میں حب جاہ اور تقدم علی الاقران کا جذبہ ہرگز ہرگز کارفرما نہیں تھا بلکہ خواہش یہ تھی کہ میں نے حدیث کا جو یہ بے انداز ذخیرہ جمع کیا ہے اسے کب بیان کروں

Marfat.

گا۔ اگر میں اسے کاغذات میں جمع چھوڑ گیا تو اس تمام جانکاہی اور مشقت سے کیا حاصل؟ چنانچہ میں نے اللہ تعالیٰ سے استخارہ کیا، اپنے چوٹی کے اساتذہ سے اجازت طلب کی اور گھوم پھر کر اعیانِ شہر سے مشورہ کیا تو سب نے بیک زبان کہا۔ اس کام کو سرانجام دینے کے لیے تم سے زیادہ مستحق کون ہے؟ چنانچہ میں نے اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ۵۳۳ھ میں تدریسی زندگی کا آغاز کر دیا۔ قاسم کہتے ہیں والد صاحب نے مجھے بتایا کہ میرے دادا قاضی ابوالمفضل یحییٰ بن علی قرشی نے مجھ سے کہا مسجد کے ستون کے پاس بیٹھ کر پڑھانا شروع کر دو میں بھی تمہاری مجلس میں حاضر ہونگا۔ جب میں پڑھانے کے لئے بیٹھا تو وہ بیمار ہو گئے۔ اور مجلسِ درس میں حاضر نہ ہو سکے۔

حافظ ابو محمد مندری کہتے ہیں میں نے اپنے شیخ حافظ ابوالحسن علی بن مفضل سے ان چار ہم عصر حفاظِ حدیث کے متعلق پوچھا کہ ان میں سے بڑا حافظ حدیث کون ہے۔ بولے وہ کون ہیں؟ میں نے کہا حافظ ابن ناصر اور حافظ ابن عساکر؟ فرمایا ابن عساکر۔ میں نے کہا حافظ ابوموسیٰ مدینی اور ابن عساکر؟ بولے ابن عساکر۔ میں نے کہا حافظ ابوطاہر سلفی اور ابن عساکر؟ فرمایا سلفی تو ہمارے استاذ ہیں۔ میں کہتا ہوں انہوں نے ابن عساکر کی فضیلت کو بصراحت ذکر کرنا مناسب نہیں سمجھا بلکہ اپنے شیخ کی بحیثیت شیخ ہونے کے فضیلت بیان کر کے ان کی افضلیت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ پھر جب سلفی سے جو ایک متبحر عالم ہیں حفظ حدیث میں حافظ ابوموسیٰ بڑھے ہوئے ہیں تو حافظ ابن عساکر کا ان پر فوقیت رکھنا ظاہر ہے۔ ہمارے شیخ ابوالحجاج مزی کا میلان بھی اسی طرف ہے کہ ابن عساکر نے اپنے جیسا کوئی حافظِ حدیث نہیں دیکھا۔

حافظ عبدالقادر کہتے ہیں: میں نے ابن عساکر سے بڑا حافظِ حدیث کوئی نہیں دیکھا۔ ابن نجار کہتے ہیں: ابوالقاسم اپنے زمانہ میں امام المحدثین تھے۔ حفظ و اتقان اور ثقاہت و معرفت ان پر ختم تھی اور علمِ حدیث کا بھی ان پر خاتمہ ہو گیا ہے۔ میں نے حافظ معمر بن فاخر کی کتاب المعجم میں ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا پڑھا ہے کہ ہم سے حافظ ابوالقاسم دمشقی نے مقامِ منیٰ میں حدیث بیان کی تھی۔ اور میں نے حدیث کے نوجوان طالب علموں میں ان کو سب سے بڑا حافظ حدیث پایا ہے اور ہمارے شیخ امام اسمٰعیل بن محمد ان کو ان سب لوگوں سے جن سے ملنے کا ہمیں اتفاق ہوا ہے افضل جانتے تھے۔ جب وہ اصفہان آئے تو میرے غریب خانہ میں فروکش ہوئے تھے۔ میں نے کوئی نوجوان ان سے زیادہ پرہیزگار اور ان سے زیادہ حدیث یاد رکھنے والا نہیں دیکھا۔ علاوہ ازیں فنِ فقہ اور علمِ ادب میں بھی مہارت تامہ رکھتے تھے۔ سنت کے بڑے سخت پابند تھے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے اور اسلام میں ان جیسے لوگ بکثرت پیدا کرے۔ میں اکثر ان سے اصفہان میں دیر سے آنے کا سبب پوچھتا تو فرماتے اتنی دور جانے کی والدہ اجازت نہیں دیتی تھیں۔

وفاتِ حسرت آیات

قاسم کہتے ہیں میرے والد نے ۱۱ رجب المرجب ۵۷۱ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ ان کی وفات کے بعد ان کے متعلق لوگوں نے اچھے اچھے خواب دیکھے اور شاعروں نے پرسوز قصائد میں مرثیے لکھے ان کی قبر باب الصغیر میں زیارت گاہِ عوام و خواص ہے۔

t.com

اس سال درجِ ذیل مشاہیر نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی۔

محی السنۃ اور غزالی کے تلمیذِ خاص علامہ مجد الدین ابو منصور محمد بن اسعد طوسی شافعی اصولی واعظ مسند ابو حنیفہ محمد بن عبید اللہ خطیبی اصفہانی۔ آپ ۸۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے اور فقیہ واسطہ ابو جعفر ہبۃ اللہ بن یحییٰ بن بوق واسطی عطار۔

مجھے ان کے واسطہ سے امام ابو اسحاق کا یہ قول ملا ہے۔ فرماتے تھے اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور نیک اعمال کرو۔ میں نے عبد اللہ بن معقل سے سنا ہے وہ کہتے تھے میں نے عدی بن حاتم سے سنا ہے وہ کہتے تھے میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے آگ سے بچو اگرچہ آدھی کھجور ہی صدقہ کرو۔

یہ حدیث شعبہ اور زہیر بن معاویہ کے واسطہ سے بخاری اور مسلم میں مذکور ہے۔

۱۰۹۵ ۱۷/۱۶ شیخ الاسلام امام ابو موسیٰ مدینی اصفہانی

آپ کی کنیت ابو موسیٰ اور نام محمد بن ابو بکر بن عمر بن ابو عیسیٰ ہے۔ آپ اصفہان کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ ذی قعدہ ۵۵۱ھ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد بچپن میں ہی ان کو اپنے ہمراہ مجالسِ سماع میں لے جایا کرتے تھے۔ چنانچہ دو سال کی عمر میں آپ کا ابو سعید مطرز کے ساتھ درس میں حاضر ہونا مشہور ہے۔ اس سے آپ کے دل میں علم کی لگن پیدا ہو گئی۔ حدیث کا بہت سماع کیا۔ اور اعلیٰ تعلیم کے لیے مختلف ممالک کی طرف سفر کیے۔ اور اس فن میں کمال پیدا کیا۔

آپ نے ابو منصور محمد بن عبد اللہ بن مندویہ، حافظ ہروی، ابو علی سماد، ابو الفتح محمد عبد اللہ بن خورد بخت، محمد بن عبد اللہ شرابی، ابو الرجاء محمد بن ابو زید، حافظ محمد بن طاہر مقدسی، ابو زکریا بن مندہ، ہبۃ اللہ بن حسن ابر قوہی، ہبۃ اللہ بن حصین بغدادی اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ابو القاسم تیمی وغیرہ سے اجازت حاصل کی۔ آپ نے بہت سی مفید اور نافع کتابیں تصنیف کیں۔ آپ کو اس فن میں وسعت کا واسع حاصل تھی۔ علو اسناد کے ساتھ ساتھ علم حدیث میں تفوق اور برتری بھی آپ پر ختم تھی۔ آپ سے ابو سعد سمانی، ابو بکر بن موسیٰ حازمی، عبد الغنی بن عبد الواحد، عبد القادر بن عبد اللہ رہاوی، محمد بن علی اصفہانی، ابو الفتح محمد بن معاویہ مقری، ناصح عبد الرحمٰن بن حنبلی اور ان کے علاوہ دوسرے مشاہیر نے علم حدیث حاصل کیا۔ نیز عبد الرحمٰن بن برکات خشوعی اور محدثین کی ایک جماعت نے بھی آپ سے بذریعہ اجازت روایت کی ہے۔

مرتبہ و مقام علامہ وجیہی فرماتے ہیں آپ اتنا عرصہ زندہ رہے کہ حفاظ و اسناد میں اپنے عہد کے فرید یگانہ اور شیخ زمانہ بن گئے۔ سمعانی کہتے ہیں میں نے ان سے سماع کیا ہے اور انہوں نے مجھ سے لکھا ہے۔ ثقہ اور صدوق تھے۔ امام عبد القادر کہتے ہیں کہ آپ نے اصفہان میں حدیث کا اتنا سماع کیا کہ ان کے زمانہ میں اتنا کسی کو حاصل نہیں ہوا۔ اس کے ساتھ ساتھ حفظ و اتقان کا جوہر بھی آپ میں بدرجہ اتم موجود تھا۔ آپ نے اس قدر کتابیں لکھیں کہ متقدمین میں سے شاید ہی کسی نے لکھی ہوں۔ آپ نے ان میں قابل اعتماد مواد

جمع کیا ہے۔ آپ نے عسرت اور تنگدستی میں زندگی بسر کی۔ قوتِ لایموت پر گذر بسر کرتے تھے اور کسی سے نذرا
ہدیہ قبول نہیں کرتے تھے۔ اکثر دفعہ لوگوں نے آپ کے لیے بیش قیمت مال کی وصیت کی مگر آپ نے ہمیشہ اسے
کر دیا۔ اگر کہا جاتا کہ آپ یہ مال لے لیں اپنے اوپر خرچ نہیں کرنا چاہتے تو جہاں چاہیں غرباء و مساکین میں تقسیم
کر دیں۔ مگر آپ ایسا کرنے سے بھی انکار کر دیتے تھے۔ تواضع اور فروتنی کا یہ حال تھا کہ بچوں اور بڑوں کو پڑھا
اور مبتدیوں کی راہنمائی کرنے میں امتیاز نہیں کرتے تھے میں نے دیکھا کہ آپ تختیوں پر لکھ کر بچوں کو قرآن مجید
یاد کرایا کرتے تھے۔ تنہا آتے جاتے تھے اور اپنے ساتھ کسی کو چلنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ ایک دفعہ میں
آپ کے ساتھ چلنے لگا تو مجھے سخت ڈانٹ پلائی اور آئندہ کے لیے ایسا کرنے سے منع کر دیا۔ میں تقریباً ڈیڑھ
سال آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا رہا اس عرصہ میں میں نے آپ سے کوئی ایسا فعل نہیں دیکھا اور نہ ایسی
کوئی بات سنی ہے جس کی وجہ سے آپ پر عیب لگ سکے۔

مشہور محدث ابو مسعود کو تاہ فرمایا کرتے تھے ابو موسیٰ چھپا ہوا خزانہ ہیں۔

تصانیف آپ کی تصانیفِ کثیرہ میں سے چند قابلِ ذکر درج ذیل ہیں۔
(۱) کتاب "معرفۃ الصحابہ" اس میں آپ نے اُن صحابہ کا ذکر کیا ہے جن کا حافظ ابو نعیم نے ذکر
نہیں کیا۔ (۲) کتاب "الطوالات" یہ آپ کی عمدہ اور بہترین کتاب ہے جس کی نظیر پہلی کتابوں میں نہیں ملتی
اس میں باطل قصے اور موضوع احادیث بھی بکثرت درج ہیں (۳) کتاب "تتمۃ الغریبین" اس کتاب سے پتہ چلتا
ہے کہ آپ کو عربی زبان میں کمال حاصل تھا۔ (۴) کتاب اللطائف (۵) کتاب "عوالی التابعین" اس کے علاوہ مختلف
علوم و فنون پر بھی آپ نے کتابیں لکھی ہیں۔ آپ نے امام حاکم کی کتاب "علوم الحدیث" پوری کی پوری حافظ اسماعیل
کو زبانی سنائی تھی۔

ایک خواب حسین بن بوجہ باوری کہتے ہیں ایک دفعہ شہر خان میں مجھ سے کسی نے خواب کی تعبیر پوچھی سائل
نے خواب میں دیکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہو گیا ہے۔ میں نے کہا اگر
یہ تمہارا خواب درست ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی ایسے نامی گرامی امام کا انتقال ہو جائے گا جس کی نظیر
میں نظیر نہیں کیونکہ اس قسم کے خواب امام شافعی، امام ثوری اور امام احمد بن حنبل کی وفات کے وقت دیکھے گئے
تھے۔ کہتے ہیں ابھی شام نہیں ہوئی تھی کہ ہمیں حافظ ابو موسیٰ کی وفات کی خبر پہنچی۔

عبداللہ بن محمد خجندی کا بیان ہے کہ اُن دنوں اصفہان میں پانی کی سخت قلت تھی اور قحط کی سی
حالت رونما تھی ادھر لوگ حافظ ابو موسیٰ کے دفن سے فارغ ہوئے اور ادھر موسلا دھار بارش برسنے لگی جس سے
سخت گرمی میں کافی حد تک کمی واقع ہو گئی۔

وفات محمد بن محمود وریدشتی کہتے ہیں حافظ ابو موسیٰ کا انتقال ۹ جمادی اولیٰ ۵۸۱ھ میں ہوا۔
اس سال مندرجہ ذیل علمائے کرام بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

t.com

حافظ سہیلی، حافظ عبدالحق ازدی، حافظ ابوسعد محمد بن عبدالواحد صائغ اصفہانی۔ آپ نے ۸۴ سال عمر پائی۔ امام ابوطاہر اسمٰعیل بن مکی زہری اسکندرانی آپ عمر کی ۹۰ بہاریں دیکھ کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ شیخ اہل حران حیوۃ بن قیس انصاری زاہد، مسند ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن محمد آپ ابن نخیلہ کے نام سے مشہور تھے اور مصر میں فوت ہوئے۔ مسند ابومحمد عبدالرزاق بن نصر دمشقی تجار نے ۸۴ سال عمر پائی۔ مسند عراق ابوالفتح عبیداللہ بن عبداللہ دباس بغدادی ۹۲ سال زندہ رہے۔ مقری مصر ابوالجیوشی عساکر بن علی شافعی نحوی، محدث امام ابوحفص عمر بن عبدالمجید مجاور قرشی، مسند دمشق ابوالمجد فضل بن حسین حمیری المعروف بانیاسی آپ نے ۸۶ سال عمر پائی۔ اور شیخ زاہد ابوالفتح محمود بن احمد محمودی صابونی آپ نے مصر میں انتقال فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے ابوعامر یا ابومالک اشعری کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ عنقریب میری امت میں ایسے لوگ پیدا ہو جائیں گے جو زنا کاری، ریشم، شراب نوشی اور باجوں کو حلال سمجھیں گے۔ ان میں سے کچھ لوگ پہاڑ کے دامن میں آباد ہوں گے۔ ان کے مویشی شام کے وقت گھر آیا کریں گے۔ ایک ضرورتمند سائل ان سے امداد مانگے گا مگر وہ اُسے کل کے وعدہ پر ٹرخا دیں گے اسی رات اللہ تعالیٰ ان پر عذاب نازل کرے گا۔ اور پہاڑ کا تودہ گرا کر انہیں موت کے گھاٹ اتار دے گا۔ اور کچھ لوگ بندر اور سؤر بنا دیئے جائیں گے۔

یہ حدیث امام بخاری نے سماع کے بغیر ہشام سے روایت کی ہے اور ابوداؤد نے بھی بشر بن بکر تنیسی عن ابن ثوبان بن یزید کی سند سے اسی طرح روایت کی ہے۔ اس حدیث میں مستعمل لفظ "معازف" سے مراد ڈھول، بانسری اور شہنائی وغیرہ آلات ملاہی ہیں۔

۱۰۹۶ ۱۸/۱۶ امام زاغولی مزوزی ازدی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام محمد بن حسین بن [illegible] ہیں۔ زاغول ایک بستی ہے یا قصبہ [illegible] ہیں۔ ابوسعد سمعانی نے ان کا تذکرہ کیا ہے [illegible] علم فقہ حاصل کیا تھا اور حدیث کا سماع ابوالفتح نصر بن ابراہیم [illegible] سے کیا تھا۔ اور آپ سے ابوسعد اور ان کے [illegible] حدیث بیان کرتے ہیں۔

مرتبہ مقام ابوسعد کہتے ہیں آپ صالح، پرہیزگار اور منکسر المزاج تھے [illegible] کرنے والے تھے۔ حدیث اور طرق حدیث کو خوب جانتے تھے [illegible] پڑھنے پڑھانے اور تصنیف و تالیف میں مصروف رہے۔ لغت عرب کے ماہر تھے۔ آپ نے [illegible] تک کا سفر کیا۔ میں نے آپ سے حدیث کا سماع کیا ہے [illegible] آپ نے ایک

بہت بڑی کتاب لکھی ہے جو چار سو جلدوں سے بھی زیادہ ہے۔ یہ کتاب تفسیر، حدیث، فقہ اور لغت پر مشتمل ہے آپ نے اس کا نام "قید الاوابد" رکھا ہے۔

آپ ۴۰۰ھ کے بعد اور ۴۰۰ھ سے پہلے پیدا ہوئے۔ ابو سعد معجم میں لکھتے ہیں آپ ۴۰۲ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲ جمادی ثانیہ ۵۵۶ھ میں انتقال فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جنابت کے بعد سو جاتے تھے اور پانی کو ہاتھ بھی نہیں لگاتے تھے۔

سولہواں طبقہ اختتام پذیر ہوا

سترھواں طبقہ

اس میں ۴۴ حفاظ حدیث کا ذکر ہے۔

۱۰۹۷ ۱/۱۷ امام ابن بشکوال اندلسی

آپ کی کنیت ابوالقاسم، نام خلف بن عبدالملک بن مسعود بن بشکوال اور لقب محدث اندلس ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور نامور مؤرخ ہیں۔ ۴۹۴ھ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے اپنے والد بزرگوار اور ابو محمد عبدالرحمٰن بن محمد بن عتاب سے حدیث کا بہت سماع کیا۔ ان کے علاوہ ابوبکر بن عاصم، ابوالولید بن رشد، ابوالولید بن الدباغ، ابوالقاسم بن بشکوال، شیخ یحییٰ بن محمد، قاضی ابوبکر ابن العربی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے بھی مستفید ہوئے۔ مشہور محدث ابوعلی بن سکرہ صدفی اور ابوالقاسم بن منظور نے بھی آپ کو اجازت مرحمت فرمائی۔ اہل بغداد سے ہبۃ اللہ بن احمد شبلی وغیرہ نے بھی آپ کو اجازت عطا کی تھی۔ یادداشت کے لیے آپ نے ایک معجم تصنیف کی تھی۔

مرتبہ و مقام ابوعبداللہ ابیار کہتے ہیں کہ علم حدیث میں آپ کے معلومات بہت وسیع تھے۔ اس فن کو آپ نے بڑی جانفشانی اور محنت سے حاصل کیا تھا۔ اس نے طرق و علل کو خوب جانتے تھے۔ اس بارے میں آپ کا قول حجت ہے۔ اور آپ کو اپنے زمانہ کے لوگوں پر تقدم حاصل تھا۔ [illegible] اور اندلس کے حالات کے خصوصی ماہر تھے۔ آپ نے عالی و نازل [illegible] سے چھوٹی اور بڑی چار سو سے زیادہ [illegible] لوگ آپ کی طرف کھنچے چلے آتے اور آپ سے اکتساب فیض کرتے۔ آپ سے [illegible] استفادہ کا موقعہ ملا ہے۔ جب بھی آپ کی نگاہ [illegible] پر پڑتی ان کی شہادت دیتے تھے۔ آپ کی تواضع اور طلبہ کی تعلیم کے سلسلہ میں آپ کے جذبہ [illegible] کے عادی تھے۔ آپ کی بہت سی مصنفات بھی ہیں اور مختلف علوم و فنون میں آپ کی تصنیفات تھی [illegible] تک پہنچی ہے۔ آپ ابن الدونی کے بعد قضاء شلب کے بعض علاقوں میں قاضی بھی رہے ہیں اور اس کے علاوہ مختلف اوقات میں دوسرے [illegible] آخر تمام مشاغل چھوڑ کر بقیہ تمام عمر علم کی تدریس میں مصروف ہو گئے۔ یہی آپ کی مصروفیت تھی اور یہی آپ کی زندگی کا حاصل تھا۔ آپ سے اکتساب فیض کرنے والوں کی تعداد کا شمار سے باہر ہے۔ چند قابل ذکر نام درج ذیل ہیں حافظ ابوبکر بن خیر، ابوالقاسم قنطرتی، ابوبکر بن عتوان اور ابوالحسن بن مغاور۔ آپ کے یہ تلامذہ آپ کی زندگی ہی

میں فوت ہو گئے تھے۔

میں کہتا ہوں ابوالقاسم احمد بن محمد بن رشد، احمد بن عبدالمجید مالقی، احمد بن محمد بن اصلع، ابوالقاسم احمد بن یزید احمد بن عیاش مرسی، احمد بن ابو حجۃ قیسی، ثابت بن محمد کلاعی، محمد بن ابراہیم بن صلقان، محمد بن عبداللہ بن صفار موسیٰ بن عبدالرحمن غرناطی، ابوالخطاب بن دحیہ اور ان کے بھائی ابوعمرو بھی آپ کے تلامذہ میں شمار ہوتے ہیں۔ ابوالفضل ہمدانی اور حافظ سلفی کے پوتے ابوالقاسم بھی آپ سے بالاجازت روایت کرتے ہیں۔

تصنیفات آپ کی تصانیف میں سے چند کتابوں کے نام یہ ہیں:۔ (۱) "صلۃ تاریخ ابن الفرضی" ۲ جلد، (۲) "غوامض الاسماء المبہمۃ" ۱۰ اجزاء (۳) کتاب "معرفۃ العلماء الافاضل" ۲ جلد (۴) "طرق حدیث المغفر" ۱۲ اجزاء (۵) کتاب "الحکایات المستغربہ" ۱ جلد (۶) کتاب "القربۃ الی اللہ بالصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم" (۷) "ذکر من روی الموطا عن مالک" ۲ جلد (۸) "اخبار الاعشی" ۳ اجزاء (۹) "ترجمۃ النسائی" ۱ جزء (۱۰) "اخبار المحاسبی" ۱ جزء (۱۱) "اخبار اسماعیل القاضی" ۱ جزء (۱۲) "اخبار ابن وہب" ۱ جزء (۱۳) "اخبار ابی المطرف القنازعی" ۱ جزء (۱۴) "قضاۃ قرطبۃ" ۳ جزء (۱۵) "المسلسلات" ۱ جزء (۱۶) "حدیث من کذب علی بطرقہ" (۱۷) "اخبار ابن المبارک" ۲ جزء (۱۸) "اخبار ابن عیینہ" ایک ضخیم جلد وغیرہ۔

ابن زبیر نے آپ کے تفصیلی حالات ذکر کیے ہیں وہ لکھتے ہیں: آپ گمنام رہنا پسند کرتے تھے اور فقیرانہ زندگی پر قانع تھے۔ آپ نے کبھی ایسا طریقہ اختیار نہیں کیا جو بے عزتی کا باعث بنے یہی وجہ ہے کہ کسی کو آپ کے بارہ میں کلام کرنے کی جرأت نہیں ہوئی۔ آگے چل کر لکھتے ہیں آپ سے پڑھ کر آخر میں روایت کرنے والے ہمارے شیخ ابوالحسین بن سراج ہیں اور بواسطہ اجازت روایت کرنے والے ابوالقاسم احمد بن محمد بلوی ہیں۔

وفات آپ نے ۸۴ سال عمر پاکر ۸ رمضان المبارک ۵۷۸ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور امام یحییٰ بن یحییٰ لیثی کے مقبرہ میں سپرد خاک کیے گئے۔

اس سال حسب ذیل مشاہیر نے بھی انتقال فرمایا:

زاہد عراق شیخ احمد بن علی بن رفاعی آپ نے ۷۹ سال کی عمر میں وفات پائی، شیخ ابوطالب خضر بن ہبۃ اللہ آپ دمشق میں فوت ہوئے، مسند وقت خطیب موصل الفضل ابوعبداللہ بن احمد طوسی ۹۲ سال کی عمر میں رمضان المبارک میں واصل بحق ہوئے اور عالم دمشق قطب الدین مسعود بن محمد نیشاپوری شافعی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس بن مالک کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ پر بکثرت درود پڑھا کرو جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ رحمت نازل فرمائے گا۔

نیز ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص خوش قسمت ہے جس نے مجھے دیکھا اور وہ شخص جس نے اس کو دیکھا جس نے مجھے دیکھا ہے اور وہ شخص جس

نے اس کو دیکھا جس نے مجھے دیکھنے والے کو دیکھا۔

۱۰۹۸ ۲/۱۷ امام علامہ ابن الجوزی حنبلی بغدادی

آپ کی کنیت ابوالفرج، نام عبدالرحمٰن بن ابی الحسن علی بن محمد اور لقب جمال الدین ہے۔ آپ بغداد کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث، عالم عراق اور واعظ آفاق ہیں۔ آپ کا سلسلہ نسب خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق تک پہنچتا ہے۔ لہٰذا آپ قرشی تیمی اور بکری کہلاتے ہیں۔ حنبلی مسلک سے وابستہ تھے۔ واعظ نامدار اور مفسرِ بے بدل تھے۔ مختلف علوم و فنون میں آپ نے ایسی عظیم الشان اور پُرمغز کتابیں تصنیف کیں جو دنیا و دانگ عالم میں پھیل گئیں۔

آپ کے جد اعلیٰ نے شہر واسط میں اپنے گھر میں اخروٹ کا درخت لگایا ہوا تھا۔ اس پورے شہر میں یہ درخت کسی کے گھر میں نہیں تھا۔ اس لیے جوزی (اخروٹ والے) کے نام سے مشہور ہو گئے اور آپ کی اولاد ابن الجوزی کہلائی۔ آپ ۵۱۰ھ میں یا اس سے کچھ پہلے پیدا ہوئے اور ۵۴۳ھ میں حدیث کا سماع شروع کیا۔

اساتذہ آپ نے ابوالقاسم بن حصین، علی بن عبدالواحد دینوری، ابوغالب محمد بن حسن بن محمد بن احمد بن البنا، ابوالسعادات احمد بن احمد متوکلی، اسماعیل بن ابوصالح مؤذن، فقیہ نصر اللہ بن احمد بن طبرزد، ابوغالب بن بنا، ابوبکر محمد بن حسین مرزفی، ابوغالب محمد بن حسن ماوردی، خطیب ابوزکریا یحییٰ بن علی تبریزی، ابوالقاسم علی بن ابوالحسن بن محمد بن حرستانی، ابوالوقت عبدی، ابن ناصر اور دوسرے متعدد علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کے اساتذہ کی تعداد ۶۰ تک پہنچتی ہے۔ آپ نے اپنے ہاتھ سے اس قدر علم لکھا جو حیطۂ شمار سے باہر ہے۔ ۵۵۱ھ سے وعظ کا سلسلہ شروع کیا اور وفات تک واپسی جاری رہا۔

آپ کے تلامذہ کی فہرست بھی خاصی طویل ہے۔ چند قابل ذکر نام درج ذیل ہیں۔ آپ کے صاحبزادے عبدالرحمٰن، آپ کے پوتے مشہور واعظ شمس الدین یوسف بن فرغلی، حافظ عبدالغنی، ابن دبیثی، ابن النجار، ابن الخلیلی، قفطی، یلدانی، ابن عبدالدائم، نجیب عبداللطیف اور دوسرے بہت سے لوگ۔ ان سے ابوالفتح شمس الدین ابن ابوالمظفر یوسف احمد بن سلامۃ سداد، قطب الدین بن عبدالسلام حنفی، نصر بن منصور بن ابی سعد حنبلی آپ سے بالواسطہ روایت کرتے ہیں اور مجھے ان پانچوں سے اجازت حاصل ہے۔ اپنے اساتذہ میں سے دینوری اور مخلوقی سے سب سے آخر میں آپ نے حدیث پڑھی ہے۔

تصانیف کتابیں لکھنے میں بھی آپ نے سابقہ ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ آپ نے اتنی کتابیں تصنیف کیں جو اسلاف اور معاصرین میں سے کسی نے اتنی کتابیں نہیں لکھیں۔ ان میں سے چند قابل ذکر درج ذیل ہیں

(۱) "المغنی فی علوم القرآن" بڑی ضخیم کتاب ہے (۲) "زاد المسیر" ۹ جلد (۳) "تذکرۃ الاریب فی الغریب

(۴) "الوجود والنظائر" ایک جلد (۵) "فنون الافنان" ایک جلد (۶) "جامع المسانید" ۷ جلد (۷) "الحدائق" ۲ جلد (۸) "نقی النقل" ایک ضخیم جلد (۹) "عیون الحکایات" ۲ جلد (۱۰) "التحقیق فی مسائل الخلاف" ۲ جلد (۱۱) "مشکل الصحاح" ۴ جلد (۱۲) "الموضاعات" ۲ جلد (۱۳) "الوابیات" ۳ جلد (۱۴) "الضعفاء" ایک جلد (۱۵) "تلقیح فہوم اہل الاثر" ایک جلد (۱۶) "المنتظم فی التاریخ" ۱۰ ضخیم جلد (۱۷) "المذہب فی المذہب" ایک جلد (۱۸) "الانتصار فی مذاہب الاختلاف" ۲ جلد (۱۹) "المواقیت فی الخطب الوعظیہ" ایک جلد (۲۰) "نسیم السحر" ایک جلد (۲۱) "المنتخب" ایک جلد (۲۲) "المدہش فی المحاضرہ" ایک جلد (۲۳) "صفوۃ الصفوۃ" ۴ جلد (۲۴) "اخبار الاخیار" ایک جلد (۲۵) اخبار النساء" ایک جلد (۲۶) "مثیر الغرام الساکن الی اشرف الاماکن" ایک جلد (۲۷) "المقعد المقیم" ایک جلد (۲۸) "ذم الہوی" ایک جلد (۲۹) "تلبیس ابلیس" ایک جلد (۳۰) "صید الخاطر" ۳ جلد (۳۱) "الاذکیاء" ایک جلد (۳۲) "المغفلین" ایک جلد (۳۳) "منافع الطب" ایک جلد (۳۴) "صبا نجد" ایک جلد (۳۵) "المزعج" ایک جلد (۳۶) "المطرب" ایک جلد (۳۷) الملہب" ایک جلد (۳۸) "منتہی المشتہی" ایک جلد (۳۹) "فنون الباب" ایک جلد (۴۰) "الظرفاء" ایک جلد (۴۱) "سلوۃ الاحزان" ایک جلد (۴۲) "مناہج القاصدین" ۲ جلد (۴۳) "الوفاء بفضائل المصطفیٰ" ۲ جلد (۴۴) "مناقب الصدیق" ایک جلد (۴۵) "مناقب عمر" ایک جلد (۴۶) "مناقب علی" ایک جلد (۴۷) "مناقب عمر بن عبد العزیز" ایک جلد (۴۸) "مناقب سعید بن مسیب" ایک جلد (۴۹) "مناقب الحسن" ۲ جزء (۵۰) "مناقب الثوری" ایک جلد (۵۱) مناقب احمد ایک جلد (۵۲) مناقب الشافعی ایک جلد (۵۳) "مناقب جماعۃ" متعدد اجزاء (۵۴) "موافق المرافق" ایک جلد ان کے علاوہ اور بہت سی کتابیں ہیں جن کی تفصیل کے لیے ایک دفتر درکار ہے۔ میرے علم میں جتنی کتابیں آپ نے تحریر کی ہیں کسی دوسرے عالم نے نہیں لکھیں۔

دیگر احوال آپ تین سال کے تھے جب باپ کا سایۂ عاطفت سر سے اٹھ گیا۔ اور آپ کو یتیمی کا رنج سہنا پڑا۔ والد کی رحلت کے بعد آپ کی پھوپھی نے آپ کی تربیت کی۔ آپ کے عزیز و اقارب پیتل کی تجارت کرتے تھے اس لیے آپ اکثر اپنی تحریروں میں اپنا نام عبد الرحمٰن بن علی صفار لکھتے تھے۔ جب آپ نے ہوش سنبھالا اور لکھنے پڑھنے کے قابل ہو گئے تو آپ کی پھوپھی نے آپ کو حافظ ابن ناصر کے حلقۂ درس میں داخل کرا دیا۔ انہوں نے آپ کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ مبذول فرمائی اور علم کا وسیع ذخیرہ آپ کے قلب و دماغ میں اتار دیا۔ آپ کو پُر تاثیر وعظ کہنے کا وہ ملکہ حاصل تھا جو آپ سے پہلے کسی کو حاصل نہیں ہوا۔ ملوک و سلاطین، امراء و وزراء بلکہ پس پردہ خلفاء بھی آپ کے وعظ میں شرکت کو باعثِ فخر سمجھتے تھے۔ کہتے ہیں آپ کی بعض مجالس میں ایک ایک لاکھ کی حاضری ہوتی تھی۔ مگر اس میں مبالغہ معلوم ہوتا ہے۔ صحیح یہ ہے کہ تقریباً دس ہزار آدمی حاضر ہوتے تھے تاہم آپ نے کئی دفعہ تصریح کی ہے کہ آپ کی مجلس میں ایک لاکھ انسانوں کا اندازہ کیا گیا ہے اگر یہ واقعی صحیح ہے تو اس میں شبہ نہیں کہ اکثر لوگ آپ کی آواز سننے سے قاصر رہتے ہوں گے۔

سعی و عمل کا نتیجہ آپ کے پوتے کا بیان ہے میرے دادا صاحب کو منبر پر کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے

اپنے قلم سے دو ہزار جلدیں لکھی ہیں۔ میرے ہاتھ پر ایک لاکھ انسان تائب ہوئے ہیں اور ۲۰ ہزار غیر مسلم اسلام لائے ہیں۔ آپ کے یہی پوتے کہتے ہیں کہ آپ ہفتہ میں ایک دفعہ قرآن مجید ختم کرتے تھے اور جمعہ پڑھنے یا حلقہ درس میں درس دینے کے سوا گھر سے باہر نہیں نکلتے تھے۔ اس کے بعد آپ کے پوتے نے مذکورہ بالا کتابوں کے علاوہ آپ کی چند تصانیف کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سے بعض کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) "درۃ الاکلیل فی التاریخ" ۴ جلد (۲) "فضائل العرب" ایک جلد (۳) "شذور العقود" ایک جلد (۴) "الامثال" ایک جلد (۵) "المنفعۃ فی المذاہب الاربعہ" ۲ جلد (۶) "المختار من الاشعار" ۱۰ جلد (۷) "التبصرہ فی الوعظ ۳ جلد (۸) "رؤس القواریر" ۲ جلد آخر میں کہتے ہیں آپ کی کل تصانیف ۲۵۰ سے زیادہ ہیں۔

آپ کے کلام کے چند بے نظیر نمونے :۔

(۱) عقارب الموت تلسع وخدران جسم الامل یمنع الاحساس۔

موت کے بچھو ڈنگ پر ڈنگ لگا رہے ہیں لیکن (بیہودہ) آرزوؤں سے مخدر جسم بے حس ہے۔

(۲) ماء الحیاۃ فی اناء العمر ترشح بالانفاس۔

آب حیات زندگی کے برتن سے سانس کی صورت میں ٹپک رہا ہے۔

ایک حاکم کو کہا :۔

(۳) اذکر عند القدرۃ عدل اللہ فیک وعند العقوبۃ قدرۃ اللہ علیک وایاک ان تشفی غیظک بسقم دینک۔

دشمن پر قابو پانے کے وقت اللہ تعالیٰ کے عدل اور مخالف کو سزا دیتے وقت اس کی قدرت کو یاد رکھو اور دین کو بیمار کر کے اپنے غصہ کو شفا دینے (ٹھنڈا کرنے) سے بچو۔

اپنے ایک دوست سے کہا :۔

(۴) انت فی اوسع العذر من التاخیر عنی لثقتی بک وفی اضیقہ من شوقی الیک۔

مجھے آپ پر اعتماد ہے اس لیے دیر سے آنے میں آپ کو معذور سمجھتا ہوں۔ لیکن اپنے اشتیاق کے پیش نظر اس کی گنجائش نہیں پاتا۔

ایک شخص نے کہا میں آج مجلس درس کے شوق میں رات بھر نہیں سویا۔ آپ نے فرمایا :۔

(۵) لانک ترید الفرجۃ وانما ینبغی اللیلۃ ان لا تنام

تمہاری غرض محض تفریح ہے (دماغی عیاشی) آج رات جاگو تو ایک بات ہے۔

ایک آدمی نے مجلس میں کھڑے ہو کہا حضور! ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں جو ہم آپ کی طرف سے لوگوں کو بتا سکیں فرمائیے! ابوبکر افضل ہیں یا علی؟ آپ نے فرمایا بیٹھ جاؤ چنانچہ وہ بیٹھ گیا۔ دوسری بار پھر کھڑا ہو گیا۔ آپ نے پھر بٹھا دیا۔ تیسری بار پھر کھڑا ہوا تو آپ نے فرمایا :۔

(۶) اقعد فانت افضل من کل رجل۔

Marfat.

بیٹھ جاؤ تم ہر شخص سے زیادہ بیہودہ گو ہو۔ (یعنی جس شخص کی افضلیت پر اجماع اُمت ہے اس کے متعلق پوچھنا بیہودگی ہے آپ کے کلام میں لفظ افضل فضل سے نہیں بلکہ فضول سے مشتق ہے)

یہی سوال کسی اور آدمی نے پوچھا جہاں شیعہ کا غلبہ تھا تو آپ نے فرمایا:۔

افضلہما من کانت ابنتہ تحتہ

جس کی بیٹی اس کے نکاح میں ہے وہ افضل ہے۔

اس ذو معنیین کلام سے دونوں فریق راضی ہو گئے (اہل سنت اس لیے کہ ابوبکر افضل ہیں کیونکہ ان کی بیٹی آنحضورؐ کے نکاح میں تھی۔ اور شیعہ اس لیے کہ علی افضل ہیں کیونکہ آنحضورؐ کی بیٹی ان کے نکاح میں تھی)۔

ایک سائل نے پوچھا تسبیح پڑھنا افضل ہے یا استغفار کرنا؟ تو آپ نے فرمایا:۔

(۷) الثوب الوسخ احوج الی الصابون من البخور۔

میلے کپڑے کو خوشبو سے صابن کی زیادہ ضرورت ہے۔

(۸) اس حدیث کی کہ میری امت کی عمر ساٹھ اور ستر سال کے درمیان ہے توجیہ کرتے ہوئے فرمایا:۔
ریگستان کی درازی کی وجہ سے پہلے لوگوں کی عمریں زیادہ تھیں، جب شہر قریب آجایا کرتا ہے تو سواریوں کو تیز ہانکا جاتا ہے۔

آپ کا مقولہ ہے:۔

(۹) من قنع طاب عیشہ ومن طمع طال عیشہ

جو ما حضر پر قناعت کرے وہ خوش گذران ہے اور جو حرص اور لالچ کرے اس کا اضطراب لازوال ہے۔

(۱۰) ایک دفعہ وعظ میں کہا: اے امیر المومنین! اگر میں بولتا ہوں تو آپ سے ڈرتا ہوں اور اگر چپ رہتا ہوں تو آپ کے متعلق خطرہ ہے۔ میں آپ کے خطرہ کو اپنے ڈر سے مقدم سمجھتا ہوں اس لیے عرض کرتا ہوں ناصح کا یہ کہنا کہ ہر وقت خدا سے ڈرتے رہو اس شخص کے قول سے بہتر ہے جو کہتا ہے آپ شاہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اس لیے بخشے ہوئے ہیں۔

نیز فرمایا فرعون مصر کی بادشاہت پر اُس نہر کی وجہ سے فخر کیا کرتا تھا جس کو اس نے جاری نہیں کیا تھا وہ حق کی نافرمانی میں کتنا دلیر تھا۔

سچ یہ ہے کہ واعظانہ نظم و نثر میں آپ کو کمال حاصل تھا۔ میں نے آپ کے حالات میں اپنی کتاب تاریخ الاسلام میں بھی مفصل ترجمہ سپرد قلم کیا ہے۔

ابتلاء و مصیبت آخر عمر میں آپ کو ابتلا اور محنت سے دوچار ہونا پڑا۔ مخالفین نے خلیفہ کے پاس کوئی شکایت کی جو مبنی بر حقیقت نہیں تھی اس پر حکومت کے اہل کاروں نے نہ صرف یہ کہ آپ کی بے عزتی کی اور آپ کو سب و شتم کا نشانہ بنایا بلکہ آپ کے مکان کو سر بمہر کر دیا اور آپ کے بال بچوں کو

وہاں سے جبراً باہر نکال دیا۔ آپ کو کشتی میں سوار کر کے واسط پہنچایا گیا۔ اور وہاں ایک مکان میں محبوس کر دیا گیا آپ کو کسی قسم کی مراعات نہیں دی گئیں۔ آپ کو اپنے کپڑے خود دھونے اور اپنا کھانا آپ پکانا پڑتا تھا۔ پانچ سال قید رہے اور اس دوران میں آپ کو غسل کرنے کے لیے حمام میں داخل ہونے کی بھی اجازت نہیں تھی۔

رکن عبدالسلام بن عبدالوہاب جیلی ایک بدعقیدہ شخص تھا۔ کہتے ہیں علامہ ابن الجوزیؒ کے ایما پر اس کی کتابیں جلادی گئیں۔ اور اس کا مدرسہ آپ کے حوالہ کر دیا گیا۔ اس پر اس نے شیعہ وزیر ابن القصاب کا تعاون حاصل کیا۔ اور اس سے کہا آپ ابن الجوزی کو کب تک ڈھیل دیں گے؟ وہ خارجی (دشمن آل رسولؐ) ہے اور ابوبکرؓ کی اولاد سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ سن کر ابن القصاب مشتعل ہو گیا اور رکن کو شیخ سے انتقام لینے کی اجازت دے دی۔ اس نے اس موقعہ کو غنیمت سمجھا فوراً آیا شیخ کو گالیاں دیں اور کشتی پر سوار کر لیا کسی قسم کا سامان حتیٰ کہ بدن کے کپڑے بھی نہیں لینے دیئے۔ شیخ صرف ایک باریک کپڑے میں ملبوس تھے سر پر ٹوپی تھی۔ شلوار بھی پہننے کی اجازت نہیں دی گئی۔ واسط کا حاکم (جہاں آپ کو محبوس کیا گیا) بھی شیعہ تھا۔ رکن نے اس کو کہا یہ شخص میرا دشمن ہے مجھے اجازت دو کہ سمندر میں ڈبو کر اس کا چراغ حیات ہمیشہ کے لیے گل کر دوں۔ لیکن اس نے اس کا یہ مطالبہ مسترد کر دیا اور ڈانٹ کر کہا اے زندیق! صرف تیرے کہنے سے میں اس کو یہ سزا دوں؟ اس کے لیے خلیفہ کا فرمان پیش کرو۔ بخدا! اگر یہ میرے مذہب پر ہوتا تو میں اس کی خدمت کرنا اپنی سعادت سمجھتا۔ یہ کہہ کر اس نے شیخ کو قید کر دیا اور رکن کو واپس بغداد بھیج دیا۔ شیخ کی رہائی کا سبب یہ ہے کہ جب ان کا لڑکا یوسف جوان ہوا اور تعلیم سے فراغت کے بعد عملی زندگی میں قدم رکھا تو اس نے شاہی خاندان سے راہ و رسم پیدا کیے۔ چنانچہ خلیفہ کی والدہ کی سفارش سے آپ کو رہا کیا گیا۔

ابن نقطہ قاضی محمد بن احمد بن حسن سے نقل کرتے ہیں کہ شیخ نے ۵۰ سال کی عمر میں اپنے لڑکے یوسف کے ساتھ واسط میں مشہور قاری ابن الباقلانی سے قرأت عشرہ کا فن سیکھا۔

عام حالات اور خلیہ موفق عبداللطیف کہتے ہیں: امام ابن الجوزی خوبصورت خوش اطوار اور سریلی آواز کے حامل تھے۔ حرکات و نفلات موزوں اور ظرافت اور خوش طبعی دل پسند تھی۔ آپ کی مجلس وعظ میں ایک ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ لوگ حاضر ہوتے تھے۔ آپ اپنا وقت بالکل ضائع نہیں کرتے تھے ہر روز چار کراسے (رسالے) لکھنا آپ کا معمول تھا۔ آپ کو ہر علم میں درک حاصل تھا۔ لیکن تفسیر میں چوٹی کے مفسر، حدیث میں جلیل القدر حافظ اور تاریخ میں کثیر المطالعہ مورخ تھے۔ فقہ میں بھی آپ کے معلومات قابل اعتماد تھے۔ بوقت وعظ مسجع کلام کرتے میں یدطولیٰ رکھتے تھے۔ آپ نے فن طب میں بھی ۲ جلدوں پر مشتمل ایک کتاب لکھی ہے۔ جس کا نام یہ کتاب اللقاط ہے۔ حفظان صحت اور مزاج کی لطافت برقرار رکھنے کا بہت خیال رکھتے تھے۔ عقل کو قوی اور ذہن کو تیز کرنے والی چیزیں استعمال کرتے تھے۔ آپ کا کھانا اکثر چوزوں کے مصالحہ دار گوشت پر مشتمل ہوتا تھا۔ پھلوں کی بجائے شربت اور معجون بکثرت استعمال کرتے تھے۔ لباس سفید

نرم اور پاکیزہ پہنتے تھے۔ روشن دماغ اور حاضر جواب تھے۔ خوش گوار اور شیریں مذاق کے عادی تھے۔ آپ کے پاس ایک خوبصورت اور حسین کنیز ہمیشہ موجود رہتی تھی۔ میں نے موقانی کی تحریر میں پڑھا ہے کہ ایک دفعہ علامہ ابن الجوزی نے بلاذر کھا لیا تھا اس سے آپ کی داڑھی گر گئی جو پہلے ہی بہت چھوٹی تھی اور جسے آپ تازندگی سیاہ رنگ کا خضاب لگایا کرتے تھے۔ آپ کی تصنیف کردہ کتابوں میں اغلاط واوہام بکثرت پائے جاتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ کتاب لکھنے کے بعد آپ کو نظر ثانی کرنے کا موقعہ نہیں ملتا تھا۔

میں کہتا ہوں یہ درست ہے آپ کی تصانیف میں اغلاط بہت ہیں جو جلد بازی، حوالہ غلط دینے اور ایسی کتابوں پر انحصار کرنے کا نتیجہ ہیں جن کی اہل علم نے مناسب چھان پھٹک نہیں کی۔

وفات حسرت آیات آپ نے تقریباً ۹۰ سال عمر پاکر بروز جمعہ ۱۳ رمضان المبارک ۵۹۷ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ کے جنازہ میں ان گنت لوگوں نے شرکت کی اور باب الحرب کے قبرستان میں آپ کو سپرد خاک کیا۔

اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر بھی جان بحق ہوئے۔

عمر رسیدہ بزرگ مسند اصفہان قاضی ابوالمکارم احمد بن ابوعیسیٰ آپ کی عمر ۹۰ سال سے زیادہ تھی۔ مفید بغداد محدث ابوالقاسم تمیم بن احمد بندنیجی ثم الازجی ۵۲ سال کی عمر میں فوت ہوئے ان کو مشہور محدث ابوالوفت سے شرف تلمذ حاصل تھا، مسند ابومحمد عبداللہ بن مبارک دارقزی، مسند عبدالرحمٰن بن ابوالکرم محمد آپ نے ۹۰ سال سے زیادہ عمر پائی۔ مسند واعظ عمر بن علی حربی ۸۴ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ مسند کبیر ابوعبداللہ محمد بن ابوزید کرانی اصفہانی خباز آپ کی عمر پورے سو سال تھی، علامہ وزیر عمادالدین محمد بن محمد کاتب انہوں نے دمشق میں ۷۸ سال کی عمر میں وفات پائی، شیخ القراء ابوعبداللہ محمد بن محمد حلی المعروف بابن الکمال، ۸۰ سال سے زیادہ عمر پاکر فوت ہوئے۔ اور مقری عراق ابوشجاع محمد بن ابومحمد بن مقرون، ۸۰ سال سے زیادہ عمر پاکر فوت ہوئے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو یہ دعا پڑھتے تھے۔ اللھم انی اعوذ بک من الخبث والخبائث۔

یہ حدیث صحیح ہے اور مسلم اور دوسرے محدثین نے اسے روایت کیا ہے۔

۱۰۹۹ ۳/۱۷ امام سُہَیلی اَندلُسی مالِقی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور ابوزید ہے اور نام عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن احمد بن سعدون ہے۔ پہلی دو کنیتوں کے علاوہ آپ کی تیسری کنیت ابوالحسن بھی ہے۔ اندلس کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور باکمال حافظ حدیث ہیں۔ نابینا ہونے کے باوجود آپ نے بہت سی عمدہ کتابیں تصنیف کی ہیں۔ آپ ۵۰۰ھ کے چند سال بعد پیدا ہوئے۔

t.com

اساتذہ آپ نے فنِ قرأت ابوداؤد صغیر سلیمان بن یحییٰ اور کچھ ابو منصور ابن الخیر سے سیکھا اور ابو عبداللہ بن معمر، قاضی ابوبکر ابن العربی، شریح بن محمد، ابو عبداللہ بن مکی، ابو عبداللہ بن نجاح ذہبی اور دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے علاوہ ابو عبداللہ بن اخت غانم نے آپ کو اجازت مرحمت فرمائی۔ علامہ ابوالحسین بن طراوہ سے سیبویہ کی کتاب کے متعلق مناظرے کیے اور اس سے ادب کی بہت سی کتابیں پڑھیں۔ ۱۷ سال کی عمر میں بینائی جاتی رہی اور آپ ہمیشہ کے لیے نابینا ہو گئے۔ پھر بھی لوگوں نے آپ سے استفادہ کیا اور آپ نے سیرت نبوی پر ایک مبسوط کتاب لکھی جس کا نام "الروض الانف" رکھا اس کے علاوہ آپ نے "الاعلام بما ابہم فی القرآن من الاسماء والاعلام" اور "کتاب الفرائض" وغیرہ کتابیں بھی تصنیف کی ہیں۔ آپ عربی زبان کے امام تھے۔ بڑے فہیم اور روشن دماغ تھے۔ آپ کو خصوصی دعوت بھیج کر مالقہ سے مراکش بلا گیا تاکہ وہاں کے باشندے آپ سے علمی استفادہ کر سکیں۔ چنانچہ ابوالخطاب بن دحیہ اور محدثین کی ایک جماعت نے آپ سے حدیث کا سماع کیا۔ ابن دحیہ کہتے ہیں آپ اکل حلال اور قوتِ لایموت پر قانع تھے حاکم مراکش کو آپ کے حالات کی خبر ملی تو انہیں اپنے پاس بلا لیا۔ انتہائی تعظیم و تکریم کی اور آپ کو ہر قسم کے فکر اور پریشانی سے بے نیاز کر دیا۔ آپ وہاں تین سال مقیم رہے۔

ملک اندلس کے شہر مالقہ کے قریب سہیل نامی ایک بستی کی طرف انتساب کی بنا پر سہیلی کہلاتے ہیں اس بستی کا نام سہیل، سہیل ستارے کے نام پر رکھا گیا جو پورے اندلس میں اس بستی کے قریب پہاڑ سے نظر آتا ہے اور دو درجے بلند ہو کر ڈوب جاتا ہے۔ ہمیں اطلاع ملی ہے کہ سہیلی مختلف المذاہب لوگوں کے قاضی بنے تھے اور وہ سب آپ کی سیرت و کردار سے خوش تھے۔ یہ بات میں نے آپ کی "کتاب الفرائض" کی پشت پر اسی طرح لکھی ہوئی پائی ہے۔ موصوف ۵۰۸ھ میں اشبیلیہ میں پیدا ہوئے اور ۲۵ شعبان المعظم ۵۸۱ھ میں مراکش میں انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

مرتبہ و مقام ابوجعفر بن زبیر لکھتے ہیں امام سہیلی کے معلومات بہت وسیع اور علم بہت گہرا تھا۔ نحو اور لغت میں معاصرین پر سبقت رکھتے تھے۔ تفسیر اور فن حدیث کے عالم، رجال اور انساب کے ماہر، علم کلام اور اصول فقہ سے باخبر، تاریخ قدیم اور تاریخ جدید کے حافظ معاملہ فہم اور عقلمند تھے۔ نئے نئے قواعد اختراع اور عجیب و غریب مسائل استنباط کرتے تھے۔

آپ سے ابوالحجاج بن الشیخ، حافظ ابومحمد قرطبی، حوطہ اللہ کے دونوں لڑکے، ابومحمد بن خلبون، ابوعمرو بن عیشون، ابوالحسین بن سراج، ابومحمد بن عطیہ، ابوالحسن شاری اور ابوالخطاب بن خلیل روایت کرتے ہیں۔ مؤخر الذکر نے آپ سے سب سے آخر میں حدیث پڑھی ہے۔ آپ سے بہت سے اشعار بھی مروی ہیں۔

مجھے ان کے واسطے سے حضرت زید کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلے پہل وحی نازل ہوئی تو جبرائیل نے آکر آپ کو وضو سکھایا۔ جب وضو سے فارغ ہوئے تو پانی کا ایک چلو لیا اور اپنی شرمگاہ پر چھینٹے مارے۔

۱۱۰۰ ۴/۱۷ امام عبدالحق ازدی اشبیلی

آپ کی کنیت ابو محمد اور نام عبدالحق بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہے۔ آپ اشبیلیہ کے رہنے والے بہت بڑے عالم اور جلیل القدر محدث تھے۔ ابن الخراط کے نام سے بھی مشہور تھے۔

آپ نے شریح بن محمد، ابوالحکم بن برجان، عمر بن ایوب، ابوبکر بن مربد، ابوالحسن طارق بن یعیش، طاہر بن عطیہ اور محدثین کی ایک جماعت سے اکتساب فیض کیا۔ حافظ ابوبکر بن عساکر اور دوسرے علماء نے بھی آپ کو اجازت نامے لکھ کر بھیجے۔ آپ نے اس فتنہ میں بجایہ میں سکونت اختیار کی جس میں حکومتِ لتمونیہ کا تختہ الٹ دیا گیا۔ آپ وہاں کے خطیب تھے۔ آپ نے وہاں علم و عرفان کے دریا بہا دیئے۔ متعدد کتابیں تصنیف کیں اور بڑا نام پایا۔

مرتبہ و مقام حافظ ابوعبداللہ ابار آپ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔ آپ فقیر، حافظ، حدیث اور علل حدیث کے عالم اور فنِ رجال کے ماہر تھے۔ صلاح و تقویٰ، زہد و ورع اور کتاب و سنت کی پابندی آپ کے امتیازی اوصاف تھے۔ قوتِ لایموت پر قانع تھے۔ لغتِ عرب خوب جانتے تھے اور شعر بھی کہتے تھے۔ آپ نے مسائل و احکام میں صغریٰ اور کبریٰ دو صحیفے لکھے تھے۔ آپ سے پہلے ابوالعباس بلبلہ شہید نے بھی ایسی دو کتابیں لکھی تھیں لیکن جو قبول عام حافظ عبدالحق کی کتابوں کو حاصل ہوا۔ وہ ان کو حاصل نہ ہو سکا۔ آپ نے جمع بین الصحیحین میں ایک کتاب لکھی ہے اور ایک بہت بڑی کتاب میں صحاح ستہ کو جمع کر دیا ہے۔ کتاب المعتل من الحدیث، کتاب فی الرقائق اور ان کے علاوہ اور کتابیں بھی آپ کی تصنیفات میں شامل ہیں۔ ابار نے آخر میں کہا ہے آپ نے لغت میں ایک ضخیم کتاب لکھی ہے جو امام ہروی کی کتاب الغریبین کے لگ بھگ ہے۔ ہمارے اساتذہ کی ایک جماعت نے ہمیں آپ سے حدیث بیان کی ہے۔

آپ ۵۱۰ھ اور مقبول ابن زبیر ۵۱۴ھ میں پیدا ہوئے اور حکومت کی طرف سے مصیبت میں مبتلا ہونے کے بعد ربیع الآخر ۵۸۱ھ میں انتقال فرمایا۔

میں کہتا ہوں آپ سے روایت کرنے والوں میں بیت المقدس کے خطیب علامہ ابوالحسن علی بن محمد معافری ابوالحجاج بن الشیخ، ابوعبداللہ بن یقیمش اور دوسرے لوگ شریک ہیں۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوسعید خدری کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پردہ دار کنواری لڑکی سے بھی زیادہ باحیا تھے۔ جب کسی چیز کو ناپسند کرتے تو ہمیں آپ کے چہرے سے اس کا پتہ چل جاتا تھا۔

شعر و شاعری آپ شعر بھی کہتے تھے۔ آپ کے کلام کا نمونہ درج ذیل ہے۔

(۱) ان فی الموت والمعاد لشغلاً ۔۔۔ وادکار الذی الٰہی وبلاغا

(۲) فاغتنم خطتین قبل المنایا ۔۔۔ صحۃ الجسم یا اخی والفراغا

(۱) مرنے اور دوبارہ پیدا ہونے میں عاقل کے لیے شغل ہے اور عبرت کا سامان پنہاں ہے۔

t.com

(۲) دوست! موت سے پہلے دو چیزیں تندرستی اور فراغت کو غنیمت جان!

(۱) واھا لدنیا ولمغرورھا — کم شابت الصفو بتکدیرھا

(۲) ای امرئ امن فی سربہ — ولم ینلہ من سوء مقدورھا

(۳) وکان فی عافیۃ جسمہ — من مس بلواھا وتغییرھا

(۴) وعندہ بلغۃ یوم فقد — حیزت الیہ بحذافیرھا

(۱) دنیا اور اس کے فریب میں پھنسنے والے پر تعجب ہے۔ کتنی دفعہ اس نے صاف پانی کو گدلا کیا ہے۔

(۲) کون ہے وہ جسے اپنے گھر میں امن میسر ہے۔ اور اسے اس کی تقدیر کے ہاتھوں کوئی تکلیف نہیں پہنچی؟

(۳) اور اس کا جسم اس کے مصائب اور حوادثات کا شکار نہیں ہوا۔

(۴) اور اس کے پاس دن بھر کی خوراک بھی موجود ہے تو یوں سمجھو کہ اسے پوری پوری دنیا حاصل ہے۔

حافظ عبدالحق نے ابوالقاسم بن عطیہ سے صحیح مسلم کا سماع کیا ہے۔ ابوالقاسم نے اپنی سند یوں بیان کی ہے انا محمد بن بشر انا ابوعلی الصدفی انا ابن دلہاث العذری عن الرازی اور صدفی اور موید طوسی برابر ہیں اس لحاظ سے ہم صحیح کی سند میں حافظ عبدالحق سے ایک درجہ اعلیٰ ہیں۔

مجھے آپ کی کتاب "الاحکام الصغری" تونس سے ابومحمد بن ہارون طائی نے نقل کر کے بھیجی تھی اور اپنی سند یوں لکھی تھی انا بہا ابوالحسن بن ابی نصر بسماعہ من المصنف۔

ابن زبیر کہتے ہیں شعروشاعری میں آپ چوٹی کے شعراء کا مقابلہ کرتے تھے۔ لیکن کبھی حد اعتدال سے تجاوز نہیں کیا۔

۱۱۰۱ ۵/۱۷ امام قاضی ابن جُبَیش مُرّی اندلسی

آپ کی کنیت ابوالقاسم، نام عبدالرحمٰن بن محمد بن عبیداللہ انصاری ہے آپ نزیل مرسیہ، اندلس کے رہنے والے گرامی قدر حافظ حدیث ہیں۔ اپنے ماموں جبیش کی طرف نسبت کی وجہ سے ابن جبیش کہلاتے ہیں۔ ۵۰۴ھ میں مریہ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے فن قرأت اور مختلف روایات کا علم احمد بن عبدالرحمٰن قصبی، ابوالقاسم بن ابورجاء بلوی اور اصبغ بن یسع سے حاصل کیا اور فقہ کا علم ابوالقاسم بن وردان اور ابوالحسن بن نافع سے حاصل کیا۔ علم حدیث کا سماع مؤخر الذکر دونوں اساتذہ کے علاوہ ابوعبداللہ بن وضاح، عبدالحق بن غالب، علی بن ابراہیم انصاری اور ابوالحسن بن موہب سے کیا۔ پھر قرطبہ جا کر یونس بن مغیث، جعفر بن محمد بن مکی، قاضی جماعت محمد بن اصبغ اور قاضی ابوبکر ابن العربی سے تکمیل کی۔ علم ادب محمد بن ابوزید نحوی سے سیکھا اور علم نحو میں بھی کمال پیدا کیا۔

جب ۵۴۲ھ میں رومیوں نے مریہ پر قبضہ کیا۔ تو آپ وہاں سے مرسیہ چلے گئے پھر جزیرہ شقر میں سکونت

fat.com

اختیار کر لی اور ۱۲ سال تک وہاں منصب خطابت اور عہدۂ قضا پر متمکن رہے۔ پھر مرسیہ کے خطیب بن کر واپس چلے آئے اور ۵۷۵ھ میں وہاں کے قاضی مقرر ہوئے۔ باوجود اس کے کہ آپ درشت مزاج تھے۔ عوام آپ کے فیصلہ سے خوش تھے۔

مرتبہ و مقام آپ اندلس میں علم حدیث کے چوٹی کے عالم تھے۔ غریب الحدیث کو خوب جانتے تھے علم الرجال میں کوئی آپ کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ابار کہتے ہیں میں نے ابوسلیمان بن حوط اللہ سے سنا ہے وہ کہ تھے میں نے امام ابوالقاسم بن جنیش کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ ایک وقت ایسا تھا کہ مجھے احمد بن ابوخیثمہ کی تاریخ پوری یا اس کا اکثر حصہ ازبر یاد تھا۔ آپ کے عمدہ عمدہ اور نفیس خطبے کتاب کی صورت میں جمع شدہ موجود ہیں۔ ابن زبر کہتے ہیں آپ صنعتِ حدیث میں اپنے طبقہ میں سب سے بڑے عالم تھے اور دوسرے علوم میں شرکت کے ساتھ ساتھ اس فن میں آپ کو کمال حاصل تھا۔ آپ عالم باعمل تھے۔ لوگوں نے آپ سے بیحد اکتساب فیض کیا ہے ابوعبداللہ بن عباد کہتے ہیں آپ فنِ قرأت کے عالم، علم حدیث کے امام، علل حدیث کے واقف اور علم الرجال کے ماہر تھے۔ اندلس میں کوئی شخص ان فنون میں آپ کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ معاصرین آپ کے اس تفوق اور برتری کے معترف تھے۔ نحو اور ادب میں آپ کو تقدم حاصل تھا۔ دوسرے علوم میں بھی آپ کی مہارت قابلِ رشک تھی۔ علم بلاغت اور علم بیان میں بھی آپ کو خاص درک حاصل تھا۔ اس کے احکام میں آپ کا فیصلہ حرفِ آخر کا حکم رکھتا تھا۔ قرآن کی تعلیم دینے، حدیث پڑھانے اور عربیت سکھانے میں آپ منصب صدارت پر متمکن تھے۔ استفادہ کے لیے لوگ دور دراز ممالک سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ آپ نے بڑی طویل عمر پائی ہے۔ اور اپنی تصنیف "کتاب المغازی" متعدد جلدوں میں اپنی یادگار چھوڑی ہے لوگ بڑے اشتیاق سے اس کتاب کو آپ سے حاصل کرتے تھے۔

ابار کہتے ہیں آپ نے مرسیہ میں ۱۴ صفر ۵۸۴ھ میں ۸۰ سال عمر پاکر داعیِ اجل کو لبیک کہا آپ کے جنازہ میں اس قدر ہجوم تھا کہ کندھے سے کندھا چھلتا تھا۔

تلامذہ میں کہتا ہوں۔ آپ سے بہت لوگوں نے علم حاصل کیا تھا۔ قابل ذکر چند نام درج ذیل ہیں: احمد بن محمد طرطوسی، ابوسلیمان بن حوط اللہ، محمد بن وہب فہری، محمد بن حسن لخمی دانی، محمد بن ابراہیم صلتان، محمد بن احمد بن حیون مرسی، محمد بن محمد بن ابوالسداد، نذیر بن وہب، عبداللہ بن حسن مالقی، ابن القرطبی، عمر بن دحیہ اور ان کے بھائی، علی بن یوسف بن شریک اور علی بن ابوالعافیہ قسطلی اور ان کے علاوہ استاد ابوعلی شلوبین آپ سے بالاجازت روایت کرتے ہیں۔

اس سال درج ذیل مشاہیر اللہ کو پیارے ہوئے۔

حامل لواء الابطال شاعر شام امیر کبیر مؤید الدولہ ابوالمظفر اسامہ بن مرشد کنانی شیزری ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ محدث مفید ابومحمد عبداللہ بن علی تکریتی بوڑھے ہو کر فوت ہوئے۔ ابوالقبائل عشیر بن علی بن

احمد بن جبلی ثم المصری ۱۰۳ سال کی عمر پاکر دنیا سے رخصت ہوئے۔ بخارا کے شیخ الحنفیہ عماد الدین ابو جعفر عمر بن ابوبکر انصاری زرنگری جو علامہ شمس الائمہ کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہوں نے ۷۰ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ امام محدث تاج الدین محمد بن عبدالرحمٰن مسعودی خراسانی صوفی دمشق میں ۶۲ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شاعر عراق ابوالفتح محمد بن عبیداللہ تعاویذی، مسند ابوعبداللہ محمد بن علی تاجر حرانی اور مسند عالم ابوالفرج یحییٰ بن محمود ثقفی اصفہانی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ حافظ قرآن کی مثال ان اونٹوں کے مالک کی سی ہے جن کے زانوں بندھے ہوئے ہیں۔ اگر خیال رکھے گا تو قابو میں رہیں گے۔ اور اگر چھوڑ دے گا تو چلے جائیں گے۔

۱۱۰۲ ۶/۱۷ امام ابن الفخار مالقی اندلسی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام محمد بن ابراہیم بن خلف ہے۔ اندلس کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور اپنے زمانہ کے بے نظیر ہیں۔ ۵۱۱ھ میں پیدا ہوئے حافظ ابوبکر ابن العربی کے تلمیذ خاص ہیں۔ ان کی صحبت میں رہ کر حدیث کا سماع کیا ہے۔

ان کے علاوہ ابوجعفر بطروجی، ابوعبداللہ بن احمر، شریح بن محمد، ابومروان بن مسرۃ، محمد بن محمد بن عبدالرحمٰن قرشی اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے بھی انہوں نے اکتساب فیض کیا ہے۔

مرتبہ و مقام حافظ ابار کہتے ہیں آپ حافظ حدیث ہیں۔ پیشوائی اور عبادت کے درجہ پر فائز تھے۔ متون اور اسانید کو بڑی روانی سے پڑھتے تھے۔ علم الرجال اور غریب الحدیث کے بہت عالم تھے۔ آپ سے بڑے بڑے علماء نے سماع کیا ہے اور ائمہ کبار نے آپ سے حدیث بیان کی ہے۔ میں نے ابوعلی [illegible] سے سنا ہے وہ امام ابن الفخار کی زبانی بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی جوانی میں پوری صحیح ابوداؤد حفظ کی تھی لیکن جب میری ملاقات ان سے ہوئی اس وقت ان کو صحیح مسلم زبانی یاد تھی۔ آپ بڑے پرہیزگار اور صاحب علم و فضل تھے۔ آپ کی جلالت، ثقاہت اور عدالت مسلم تھی۔ سلطان مراکش نے خصوصی دعوت بھیج کر آپ کو اپنے ہاں بلایا تاکہ آپ سے حدیث کا سماع کرے۔ چنانچہ آپ نے وہیں ۵۹۰ھ میں انتقال فرمایا۔

میں کہتا ہوں اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی انتقال فرمایا۔

مشہور واعظ امام ابوالخیر احمد بن اسماعیل طالقانی ثم القزوینی آپ نے ۹۰ سال کی عمر میں بغداد میں انتقال فرمایا، محدث امام ابواسحاق ابراہیم بن عبداللہ انصاری بلخی زاہد۔ آپ حافظ سلفی کے شاگرد ہیں اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ابوالمظفر عبدالخالق بن فیروز ہمدانی جوہری الواعظ، محدث مفید ابومحمد عبدالوہاب بن علی بن جعفق قرشی دمشقی۔ آپ مشہور محدثہ کریمہ کے والد ہیں، شیخ القراء امام ابومحمد قاسم بن فیرہ رعینی شاطبی آپ نے مصر میں ۵۲ سال کی عمر میں وفات پائی اور فقیہ ابوعبداللہ محمد بن احمد الصفائی المعروف مصلح بغداد

Marfat.

کے تلامذہ میں سے ہیں۔ انہوں نے بھی اسی سال انتقال فرمایا۔ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔
مذکورہ بالا مغربی محدثین کی حدیث ہمیں سند نازل سے ہی ملتی ہے ویسے پہلے بھی وہ سند نازل سے ہی حدیث بیان کرتے ہیں۔ لہذا نزول در نزول ہی باقی رہ جاتا ہے۔ واللہ المستعان

۱۱۰۳ ۷/۱۷ مفید بغداد امام شیرازی صوفی

آپ کی کنیت ابو یعقوب اور نام یوسف بن احمد بن ابراہیم ہے۔ آپ بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں، رباطِ ارجوانی میں شیخ الصوفیہ تھے۔ آپ نے اعلیٰ تعلیم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور اربعین بلدیہ نامی کتاب تصنیف کی۔ ۵۲۹ھ میں بغداد میں پیدا ہوئے۔

بچپن میں آپ کے والد نے آپ کو اسماعیل بن سمرقندی، یحییٰ بن طراح، ابوالحسن بن عبدالسلام اور حافظ ابوسعد بن بغدادی سے حدیث کا سماع کرایا۔ اور ہوش سنبھالنے کے بعد اپنے آپ بغداد میں کروجی، ابن ناصر اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، کوفہ میں ابوالحسن بن عبرہ، کرمان میں ابوالوقت عبدالاول سے، بصرہ میں عبداللہ بن عمر بن سیلنج سے، واسط میں قاضی احمد بن بختیار مندائی سے، ہرات میں عبدالجلیل بن ابوسعید، نیشاپور میں ابوبکر محمد بن علی طوسی، بلخ میں ابوشجاع بسطامی، اصفہان میں عمر رسیدہ شیخ اسماعیل بن علی، حمامی ہمدان میں نصر بن منظفر برمکی اور دمشق میں ابوالمکارم بن ہلال سے کسبِ فیض کیا۔ آپ نے اپنی کتاب الاربعین بہت عمدہ لکھی ہے اور اس میں اپنے حافظہ اور یادداشت کا کافی ثبوت فراہم کیا ہے۔

عام حالات اکتسابِ علم کے لیے آپ نے دور دراز شہروں کی طرف رحلت فرمائی اور ہر چشمہ شیریں سے اپنی پیاس بجھائی۔ آپ ثقہ اور راست گو تھے۔ آپ سے حافظ ابوالمواہب نے حدیث لکھی ہے اور ابن دبیثی نے آپ کی توثیق کی ہے۔ آپ خوش طبع اور حاضر جواب تھے۔ حکومتِ وقت سے آپ کے بڑے اچھے مراسم تھے۔ آپ متعدد دفعہ خلیفہ کی طرف سے سفیر بن کر گئے۔ اس سے آپ کا درجہ بلند ہو گیا اور آپ کی دولت و ثروت میں بڑی ترقی ہوئی۔ آپ کو حدیث بیان کرنے کا موقعہ بہت کم ملا ہے اس لیے آپ کی روایات برائے نام ہیں۔ ہمیں آپ سے بالاجازت روایت ملی ہے۔

آپ نے اپنے عہد کہولت کے شروع ہوتے ہی رمضان المبارک ۵۸۵ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔

اس سال مندرجہ ذیل اہل علم نے بھی دنیائے دوں سے عالم جاوداں کی طرف کوچ کیا۔
مسند اصفہان ابوالعباس احمد بن ابومنصور، آپ شیخ الصوفیہ تھے۔ اور ۹۰ سال سے زیادہ عمر پا کر فوت ہوئے۔ آپ ابوسطیح صحاف سے روایت کرنے میں منفرد ہیں۔ محدث دمشق ابوالحسین احمد بن حمزہ موازینی دمشقی، آپ نے ۸۰ سال کی عمر میں وفات پائی، فقیہ ابوالفضل احمد بن عبدالرحمٰن حضرمی اسکندرانی برادر قاضی محمد اور

Marfat

شیخ الاسلام قاضی القضاۃ شرف الدین ابو سعد عبداللہ بن ابو عصرون تمیمی شافعی، آپ نے دمشق میں انتقال فرمایا۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت جابرؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ جب آیت قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ نازل ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعوذ بوجهك "اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ" تو آپ نے فرمایا اعوذ بوجهك "اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ" تو آپ نے فرمایا یہ پہلے کی نسبت آسان اور ہلکا ہے۔

یہ صحیح حدیث ہے اور ثقفیات وغیرہ میں اس سے اعلیٰ سند کے ساتھ مروی ہے۔ یہ حدیث امام بخاری نے علی بن عبداللہ عن ابن عیینہ سے اپنی صحیح میں ذکر کی ہے۔

ایک دوسری سند سے ان کے ذریعے حضرت انس کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک شخص کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے جو چوزے کی طرح کمزور ہو چکا تھا۔ آپ نے اس سے پوچھا تم نے کوئی دعا بھی کی ہے؟ بولا جی ہاں! میں نے یہ دعا کی ہے کہ یا اللہ! تو نے مجھے جو سزا آخرت میں دینی ہے وہ دنیا ہی میں دے لے۔ آپ نے فرمایا تم پر تعجب ہے تم اس طرح کیوں نہیں کہا: اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ (رواہ مسلم)

۱۱۰۴ ۸/۱۷ محدث اور مفید دمشق امام ابو المواہب تغلبی

آپ کی کنیت ابو المواہب اور نام حسن بن ابو الغنائم ہبۃ اللہ بن محفوظ ہے۔ دمشق کے رہنے والے [illegible] حافظ حدیث ہیں۔ آپ دراصل کسی دوسرے شہر کے باشندے تھے [illegible] ہونے۔ پہلے آپ کا نام نصر اللہ تھا پھر اس کو بدل کر حسن نام رکھا۔

اپنے شہر میں آپ نے اپنے دادا ابو البرکات نصر اللہ بن محمد [illegible] ہیں، عبدان بن رزین، علی بن حیدر، ابو القاسم بن [illegible] ابو یعلیٰ حمزہ بن کروس سے علم حدیث حاصل کیا۔ حافظ [illegible] استفادہ کیا اور ان سے بھی سند فراغت [illegible] آپ نے فن حدیث [illegible] حاصل کیا۔ عالی اور نازل ہر قسم کی احادیث جمع کیں اور بعد میں اپنی تصنیفات میں [illegible]

اپنے شہر سے فراغت کے بعد [illegible] آپ نے [illegible] ابن ظفر، حلب میں ابو طالب بن عجمی، موصل میں حسن بن علی کعبی اور سلیمان بن محمد بن [illegible] ہبۃ اللہ دقاق اور ابن بطی، ہمدان میں حافظ ابو العلاء عطار، اصفہان میں محمد بن احمد بن ماشاذہ اور تبریز میں ان کے پوتے محمد بن احمد سے اکتساب فیض کیا۔

اور آپ سے آپ کے صاحبزادے امین الدین سالم اور معدودے چند طلباء نے حدیث کا علم حاصل کیا۔

fat.com

آپ چھوٹی عمر میں انتقال کر گئے تھے۔ اس لیے آپ کو روایت بیان کرنے کا موقع کم ملا تھا۔

تصنیفات آپ نے اپنی معجم ۱۱۶ اجزاء میں پوری کی اس کے علاوہ "فضائل الصحابہ" "فضائل بیت المقدس" "عوالی ابن عیینہ" اور "رباعیات التابعین" آپ کی مفید تصانیف ہیں۔ جب کلاسہ میں آگ لگی تو آپ کی سب کتابیں جل کر خاکستر ہو گئیں۔ حافظ ابو عبداللہ دبیثی اور دوسرے محدثین نے آپ کی توثیق کی ہے آپ بڑے نرم طبیعت، سخاوت پسند، شریف، عقیل اور صلح جو تھے۔ بڑے خوشخط تھے۔ آپ نے عمر کی صرف ۴۹ بہاریں دیکھی تھیں۔

آپ دوسری مرتبہ اپنے صاحبزادے سالم کو ساتھ لے کر بغداد گئے اور اس کو ابن شاتیل اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کرایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تقرب حاصل کرنے کے لیے تین مسجدوں کے علاوہ کسی جگہ کی طرف سفر نہ کیا جائے اور وہ یہ ہیں:۔ میری مسجد، بیت الحرام اور مسجد بیت المقدس۔

مجھے آپ کے واسطہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے برادر نسبتی عمرو بن حارث ام المؤمنین جویریہ کے بھائی کی یہ حدیث بھی ملی ہے کہ آنحضرت ؐ نے بوقت وفات اپنے پیچھے دینار و درہم، لونڈی غلام اور کوئی چیز نہیں چھوڑی بجز سفید خچر، اسلحہ اور کچھ زمین کے جس کو آپ نے صدقہ کر دیا تھا۔

یہ حدیث امام بخاری نے ابراہیم بن حارث کے واسطہ سے اپنی صحیح میں ذکر کی ہے۔

وفات آپ نے ۵۰۶ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی سفر آخرت اختیار فرمایا۔

علامہ ابو القاسم عبدالرحمٰن بن محمد انصاری قرطبی ۷۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے، مقری ابو الطیب عبدالمنعم بن یحییٰ غرناطی المعروف ابن الخلوف، مقری ابو عبداللہ محمد بن جعفر بلنسی، مسند فقیہ ابو عبداللہ محمد بن سعید اشبیلی المعروف ابن زرقون آپ نے ۸۴ سال عمر پا کر انتقال فرمایا، عمر رسیدہ شیخ علامہ ابو بکر محمد بن عبداللہ اشبیلی فقیہ حافظ ۹۰ سال اور کچھ مہینے کی عمر میں فوت ہوئے۔ اور محدث ابو الفضل مسعود بن علی بغدادی، آپ ۷۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔

۱۱۰۵ $\frac{9}{17}$ امام زیدی بغدادی

آپ کی کنیت ابو الحسن اور نام علی بن احمد بن محمد علوی حسینی ہے۔ آپ بغداد کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور علماء کے پیشوا ہیں۔ زید بن علی کی اولاد سے ہیں اس لیے زیدی کہلاتے ہیں۔ بڑے بڑے عابد زاہد ائمہ میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ آپ نے اپنی زندگی پڑھنے پڑھانے لکھنے اور عبادت و ریاضت کرتے

t.com

میں بسر کی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی قدر و منزلت لوگوں کے دلوں میں پیدا کر دی اور خواص و عوام آپ سے محبت کرنے لگے۔ بڑے بڑے علماء آپ کی زیارت کو باعث فخر اور ذریعہ برکت سمجھتے تھے۔ آپ توحید پرست اور تواضع پسند عالم ربانی تھے۔ حسن صورت کے ساتھ حسن سیرت سے بھی بہرہ ور تھے۔ آپ سخی، شیریں زبان اور مخلوق خدا کے ساتھ احسان کرنے والے تھے۔

عام حالات آپ نے حدیث کا بے حد سماع کیا اور اسے ضبط تحریر میں لائے۔ کتابیں جمع کرنے کا بہت شوق رکھتے تھے۔ اس لیے آپ کے پاس مسانید، اجزاء اور دوسری ہر قسم کی تصانیف کا کافی ذخیرہ موجود تھا۔ یہ سب کتابیں آپ نے اپنی نو تعمیر مسجد میں وقف کر دی تھیں اور اس کام خیر میں آپ کے رفیق صلیح بصری آپ کے ساتھ شریک تھے۔ دونوں گہرے دوست تھے اور ایک دوسرے پر جان دیتے تھے۔ آپ نے حافظ ابن ناصر، ابن زاغونی، نصر بن نصر عکبری، محمد بن عبید اللہ طبی، ابوالوقت سجزی اور دوسرے بہت سے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے علاوہ آپ نے ابن حصین اور قاضی ابوبکر کے شاگردوں سے حتیٰ کہ اپنے ہمعصروں بلکہ ان سے بھی نچلے طبقہ کے لوگوں سے حدیث لکھی لیکن خود آپ کو حدیث پڑھانے اور روایت کرنے کا کم ہی موقعہ ملا۔ دوسری طرف آپ سے استفادہ کرنے والوں میں ابراہیم بن شعار، ابوالخطاب سلیمی، عمر بن احمد بکرون اور داؤد بن علی بن مسلمہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

اقوال زریں عبدالواحد بن مسعود کہتے ہیں میں نے شریف زاہد علی بن احمد زیدی سے بکثرت سنا ہے فرمایا کرتے تھے۔ نوافل کو فرائض کی طرح اہم، گناہوں کو کفر کی طرح خطرناک، اتباع شہوات کو زہر قاتل اور لوگوں سے میل ملاپ کو آگ سمجھو اور غذا کو دوا کی طرح بوقت ضرورت استعمال کرو۔

پیدائش اور وفات ابوالبرکات عمر بن احمد کہتے ہیں میرے بھائی ابوالحسن [illegible] میں پیدا [illegible] عمر بن علی قرشی لکھتے ہیں۔ جو لوگ شوال [illegible] میں [illegible] شریف زاہد ابوالحسن علی بن احمد زیدی بھی ان میں شامل ہیں۔ آپ عالم [illegible] تھے [illegible] اور ریاضت میں بڑے گرم تھے۔ صاحب کرامت تھے۔ اگر آپ کی کرامت اور [illegible] دیکھنے اور سننے میں آئی ہیں استقصا کیا جائے تو ان کے لیے کئی دفتر درکار ہیں۔ آپ [illegible] میرے رفیق رہے ہیں۔ آخر تقریباً ۴۷ سال کی عمر میں بروز منگل ۱۶ شوال [illegible] میں دنیائے فانی سے عالم جاوید کی طرف رحلت فرمائی۔ اور رات کے وقت اپنی مسجد کے پاس اس جگہ جو آپ نے خود قبرستان کے لیے وقف کی تھی سپرد خاک کر دیئے گئے۔

مرتبہ و مقام ابن دبیثی کہتے ہیں میں نے اپنے شیخ ابن الخضر سے سنا ہے وہ آپ کی عظمت کی شہادت دیتے اور آپ کی مدح و ثنا میں رطب اللسان رہتے تھے نیز آپ کے زہد اور تدین کو سراہتے تھے آپ اپنے والدین کی زندگی ہی میں انتقال فرما گئے تھے۔

دنیا سے بے رغبتی کہتے ہیں وزیر عضد الدولہ بنی مسلمہ نے دوبارہ فلمدان وزارت سنبھالنے پر ایک ہزار اشرفی امام ابوالحسن زیدی کی خدمت میں بطور نذرانہ پیش کی خلیفہ مستقفی اور اس کی والدہ بنفشہ بیگم کو اس کا پتہ چلا تو انہوں نے بھی ایک ایک ہزار اشرفی آپ کی نذر کی مگر آپ نے اس زر کثیر سے اپنی ذات پر ایک پائی بھی خرچ نہیں کی بلکہ اس سے ایک مسجد تعمیر کرائی اور بہت سی کتابیں خرید کر عوام الناس کے استفادہ کے لیے وقف کر دیں۔

مجھے ان کے واسطے سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شخص پر گذر ہوا جو اپنے بھائی کو حیا کے بارہ میں نصیحت کر رہا تھا۔ آپ نے فرمایا حیا ایمان کا فعل ہے۔

اس حدیث کی صحت پر سب ائمہ کا اتفاق ہے۔

۱۱۰۶ ۱۰/۱۷ امام حازمی ہمدانی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن موسیٰ بن عثمان بن حازم ہے۔ آپ ہمدان کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور علم الانساب کے باکمال ماہر ہیں۔ ۵۴۸ھ میں پیدا ہوئے۔

بچپن میں حافظ ابوالوقت ہجزی کے حلقۂ درس میں بغرض تبرک حاضر ہوئے اور ہوش سنبھالنے کے بعد اپنے شہر میں شہردار بن شیرویہ دیلمی، ابوزرعہ مقدسی، حافظ ابوالعلاء ہمدانی اور معمر بن فاخر سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر مزید تعلیم کے لیے رخت سفر باندھا اور بغداد میں ابوالحسین عبدالحق بن یوسف اور عبداللہ بن عبدالصمد عطار، موصل میں خطیب ابوالفضل طوسی، واسط میں ابوطالب محتسب، بصرہ میں محمد بن طلحہ مالکی اور اصفہان میں ابوالفتح خرقی، ابوالعباس ترک اور حافظ ابوموسیٰ کے خرمنہائے علم سے خوشہ چینی کی۔ علاوہ ازیں حرمین، شام اور جزیرہ کے علماء سے بھی اکتساب فیض کیا۔ نیز اپنے قلم سے بہت کچھ لکھا اور فراغت کے بعد بڑی عمدہ اور مفید کتابیں تصنیف کیں۔

مرتبہ و مقام ذہبی کہتے ہیں بغداد آئے تو یہیں کے ہو رہے یہاں ہی شافعی مذہب کی فقہ سیکھی اور اسی مسلک سے وابستہ ہو گئے۔ علماء کی مجالس میں مسلسل حاضر رہے اور فہم و فراست سے کام لے کر اس قدر استعداد بہم پہنچائی کہ فن حدیث، اسانید اور علم الرجال میں سب سے بڑے حافظ بن گئے ان فنون میں آپ کا مقابلہ کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ زہد و عبادت اور ذکر و ریاضت میں بھی بلند مقام حاصل کیا۔ آپ نے فن حدیث میں متعدد کتابیں لکھیں اور بہت سی مجالس میں حدیث املا کرائی۔ آپ کے محفوظات ان گنت تھے اور مذاکرہ قابل تعریف تھا۔ احادیث احکام میں آپ کو معرفت تامہ حاصل تھی۔ آپ نے "مہذب" میں درج شدہ احادیث کے جملہ طرق جمع کرنے شروع کیے تھے۔ مگر افسوس! کتاب پوری نہ ہو سکی۔

ابن نجار نے آپ کے تذکرہ میں لکھا ہے آپ کا شمار ان ائمہ حدیث میں ہوتا ہے جو فقہ حدیث اس کے

معانی اور رجال کو خوب جانتے ہیں۔ آپ نے کتاب "الناسخ والمنسوخ"، کتاب "عجالۃ المبتدی" اور کتاب المؤتلف والمختلف فی اسماء البلدان لکھی ہیں۔ اور امام ابو اسحاق کی کتاب "المہذب" کی احادیث کی اسانید بیان کرنے کے لیے ایک کتاب ضمناً تصنیف کی ہے۔

آپ ثقہ، حجت، عابد و زاہد، پرہیزگار اور عقلمند تھے، خلوت نشینی، تصنیف، تالیف اور علم کی نشر و اشاعت کے لیے وقف ہو چکے تھے۔ آپ کو نوجوانی ہی میں موت نے اپنی آغوش میں لے لیا۔ میں نے حافظ محمد بن محمد بن غانم سے سنا ہے فرماتے تھے کہ ہمارے شیخ حافظ ابو موسیٰ مدینی امام ابو بکر حازمی کو حافظ عبد الغنی مقدسی پر ترجیح دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ میں نے کوئی نوجوان ان سے بڑا حافظ حدیث نہیں دیکھا۔

آپ نے ۵۸۴ھ میں انتقال فرمایا۔

ابن نجار کہتے ہیں میں نے بعض ائمہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ امام حازمی کو "الاکمال" فی المؤتلف والمختلف جیسی ضخیم کتاب زبانی ازبر یاد تھی اور طلبہ آپ سے یہ کتاب بار بار پڑھتے تھے۔ ابو الخیر قزوینی لکھتے ہیں کہ مسئلہ پوچھتے وقت لوگ امام حازمی سے یوں سوال کرتے تھے [illegible] یہ سن کر امام موصوف نہایت عمدہ جواب دیتے تھے۔

محنت و کوشش کی انتہا

ابن نجار کہتے ہیں ہمارے ہمسائے ابو القاسم مقری (جو ایک صالح اور نیکوکار انسان تھے) کا بیان ہے کہ امام حازمی شیخ بدیع کی سرائے میں مقیم تھے۔ رات ہوتے ہی اپنے کمرے میں داخل ہو جاتے اور صبح صادق تک لکھنے پڑھنے میں مصروف رہتے۔ ایک دن شیخ نے اپنے ملازم سے کہا آج رات ان کو چراغ میں جلانے کے لیے تیل نہ دینا تاکہ [illegible] خادم نے تیل دینے سے معذوری ظاہر کی اور کہا آج تیل ختم ہے اور اس کے ملنے کا کوئی [illegible] یہ سن کر اپنے کمرے میں گئے اور وضو کر کے مصلے پر کھڑے ہو گئے [illegible] گذار دی حتیٰ کہ صبح صادق کی روشنی نمودار ہو گئی۔ شیخ رات [illegible] تو انہیں نماز میں مصروف پایا۔

مجھے آپ کے واسطے سے ابو سلمہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ انہوں نے [illegible] انس بن مالک سے پوچھا کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم الحمد للہ رب العالمین سے قرأت شروع کرتے تھے؟ بولے آپ مجھ سے وہ بات پوچھ رہے ہیں جو مجھے یاد نہیں اور نہ ہی تم سے پہلے کسی نے یہ بات مجھ سے پوچھی ہے۔ میں نے کہا کیا آنحضرت جوتے میں نماز پڑھ لیتے تھے؟ فرمایا ہاں!

۱۱۰۷ ۱۱/۱۷ امام ابو المحاسن قرشی دمشقی

آپ کی کنیت ابو المحاسن، نام عمر بن علی بن خضر زبیری اور لقب محدث بغدادی ہے۔ دمشق کے رہنے

والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔

آپ نے اپنے شہر دمشق میں ابوالدر یاقوت بن عبداللہ رومی اور ابوالقاسم بن البن، حلب بن ابوطالب عبدالرحمٰن بن حسن بن عجمی اور بغداد میں ابوالوقت سجزی، ابوجعفر عباس، ابوالمظفر بن ترکی، ابومحمد بن ماوح اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا، نیز قاضی ابوبکر اور ابن السمرقندی کے تلامذہ سے بھی مستفید ہوئے۔ پھر مزید تعلیم کے لیے شیخ ابوالنجیب سہروردی اور قاضی القضاۃ روح بن حدیثی کی صحبت میں بھی رہے۔ مؤخر الذکر نے حریم طاہری کی قضاء پر آپ کو اپنا قائمقام مقرر کیا تھا۔ علاوہ ازیں آپ اپنی نوجوانی میں جب کہ آپ کی عمر تیس سال بھی نہیں ہوئی تھی۔ دیوانِ عزیز کی جانب سے شام کے بادشاہ نورالدین کی طرف سفیر بن کر گئے۔ اور آپ سے قاضی ابوبکر باقدارمی، احمد بن احمد بندنیجی، ابوالفتوح بن حصری اور آپ کے لڑکے ابوبکر عبداللہ بن عمر نے حدیث کا سماع کیا۔

مرتبہ و مقام ابن دبیثی نے اپنی تاریخ میں آپ کے تذکرہ میں لکھا ہے: آپ ثقہ اور حافظ تھے۔ آپ نے حدیث پڑھنے، سماع کرنے اور لکھنے میں خصوصی توجہ مبذول فرمائی اور حلب، حران، موصل، حرمین شریفین اور بغداد جیسے دور دراز شہروں میں جاکر تعلیم مکمل کی۔ آپ کو حدیث سمجھنے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق نصیب ہوئی تھی۔ آپ نے مجھے اپنی تمام مرویات کی اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ آپ ۵۲۶ھ میں دمشق میں پیدا ہوئے اور ذی الحج ۵۰۵ھ میں آپ نے وفات پائی۔

اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی انتقال کیا۔

امیر المؤمنین مستضی باللہ حسن بن مستنجد باللہ یوسف عباسی، مسندۃ بغداد ام عتب تجنی وہبانیہ، محدث ابوالحسین عبدالحق بن عبدالخالق یوسفی اور مسند واعظ ابوالمعالی ابن خلدون۔ آپ نے دمشق میں وفات پائی۔

۱۱۰۸ ۱۲/۱۷ امام ابن خیر لمتونی اشبیلی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن خیر بن عمر بن خلیفہ اور لقب شیخ القراء ہے۔ اشبیلیہ کے رہنے والے جلیل القدر اور ممتاز حافظِ حدیث ہیں۔

آپ نے فن قرأت اور تجوید میں امام شریح بن محمد سے مہارت حاصل کی۔ ان کے ساتھ آپ کی وابستگی خاص نوعیت کی تھی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ اپنے اہلِ شہر کے سردار بن گئے۔ اپنے شہر میں آپ نے حدیث کا سماع بھی اپنے اسی شیخ سے کیا۔ ان کے علاوہ ابومروان باجی اور قاضی ابوبکر ابن العربی سے بھی آپ مستفید ہوئے۔ پھر مزید تعلیم کے لیے قرطبہ میں ابوجعفر بن عبدالعزیز، ان کے چچازاد بھائی ابوبکر، ابوالقاسم بن بقی، ابن مغیث، ابن ابی الخصال اور دوسرے اہلِ علم کے سامنے بھی زانوئے تلمذ تہ کیا اور اپنی تعلیم کی تکمیل کی۔

مرتبہ و مقام ابار کہتے ہیں آپ نے طلبِ علم میں انتہائی جدوجہد سے کام لیا اور سو سے زیادہ رفقاء

اور شیوخ سے استفادہ کیا۔ آپ کے طبقہ میں آپ جیسا کوئی آدمی ہمارے علم میں نہیں ہے۔ قرآن پڑھانے اور حدیث کی تعلیم دینے کے لیے آپ اشبیلیہ میں مرتبہ صدارت پر فائز تھے۔ لوگوں نے آپ سے بیحد علمی فیوض حاصل کیے۔ آپ بہترین قاری اور صاحب ضبط و اتقان محدث ہونے کے ساتھ ساتھ ادیب، نحوی اور لغوی بھی تھے آپ کے معلومات بہت وسیع تھے۔ آپ کی ذات پر سب کو اعتماد تھا اور سب ہی آپ سے بہت خوش تھے۔ آپ کی کتابیں خوشخطی میں بے نظیر تھیں اس لیے آپ کی وفات کے بعد انتہائی گراں قیمت پر فروخت ہوئیں۔ آپ کو علم اللسان میں بھی بڑا درک حاصل تھا۔

آپ نے ربیع الاول ۵۷۵ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کا جنازہ قابل دید تھا۔ انتقال کے وقت آپ کی عمر ۷۳ سال تھی۔

۱۱۰۹ ۱۳/۱۷ امام ابوعمر بن عیاذ اندلسی

آپ کی کنیت ابوعمر اور نام یوسف بن عبداللہ بن سعید تھا۔ اندلس کے رہنے والے نامور حافظ حدیث جلیل القدر محدث اور ممتاز معلم قرآن تھے۔ آپ کا شمار چوٹی کے علماء میں ہوتا تھا۔ آپ نے فن قرأت ابوعبداللہ بن ابواسحاق سے سیکھا۔ پھر ۵۲۰ھ میں بلنسیہ آئے اور وہاں کے سربرآوردہ قاریوں مثلاً ابومروان بن صقیل، ابوالحسن بن ہذیل اور ابوالحسن بن نعمت سے اس فن کی تکمیل کی اور ابوالولید بن دباغ، طارق بن نفیس اور متعدد دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ حافظ ابوالقاسم بن وردان اور حافظ ابومحمد بن عطیہ نے بھی آپ کو اجازت مرحمت فرمائی تھی۔

عام حالات آپ کو فن حدیث سے خصوصی لگاؤ تھا۔ کتب حدیث اور دواوین عرب جمع کرنے کے دلدادہ تھے۔ آپ پختہ کار اور زیادہ علم حاصل کرنے والے رواۃ میں شمار ہوتے تھے۔ آپ نے عالی اور نازل ہر طرح کی احادیث جمع کیں اور بڑے بڑے علماء کی صحبت میں رہ کر استفادہ کیا۔ اگر آپ شروع عمر میں اس طرف متوجہ ہوتے تو اپنے ہمعصروں اور اپنے ساتھیوں سے کوئی سبقت لے جاتے آپ کو مشائخ کے حالات خوب یاد تھے۔ آپ نے اپنی عمر کا بیشتر حصہ ان کی چھان پھٹک، وفیات کے ضبط اور عجیب و غریب واقعات کی تحریر میں صرف کر دیا۔ آپ نے علامہ ابن بشکوال کی کتاب "صلۃ ابن بشکوال" کی ذیل لکھنا بھی شروع کی تھی۔ اس کے علاوہ "کتاب الکفایہ فی مراتب الروایہ"، "کتاب المرتضیٰ فی شرح المنتقیٰ" "لابن الجارود"، "شرح الشہاب"، "الاربعین فی الحشر" اور "الاربعین فی العبادات" وغیرہ بھی آپ کی تصانیف میں شامل ہیں۔

آپ سے آپ کے صاحبزادے ابومحمد، ابوالحجاج بن عبدہ، ابومحمد بن غلبون اور کچھ دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ تواضع پسند، نیکوکار اور صاحب علم تھے۔

Marfat.

ابار نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے۔ کہ آپ نے اس وقت جب دشمن آپ کے شہر پر قبضہ کر رہا تھا۔ بعمر ۷۰ سال عید کے دن ۵۵۵ھ میں جام شہادت نوش فرمایا۔

۱۱۱۰ ۱۴/۱۷ امام قاسم دمشقی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام قاسم بن علی بن حسن بن ہبۃ اللہ اور لقب بہاء الدین ہے۔ دمشق کے رہنے والے حافظ کبیر ابن عساکر کے صاحبزادے اور مایۂ ناز حافظِ حدیث ہیں۔ "فضائل قدس" نامی کتاب کے مصنف ہیں ۵۲۷ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے اپنے والد ماجد، اپنے چچا ضیاء ہبۃ اللہ، اپنے والدین کے دادا ابو الفضل یحیی بن علی قرشی، جمال الاسلام علی بن مسلم سلمی، یحیی بن بطریق طرطوسی، ابو طالب علی بن عبد الرحمن سوری، احمد بن محمد ہاشمی، ہبۃ اللہ بن طاؤس، ابو الدر یاقوت رومی، ابو الفتح نصر اللہ بن محمد مصیصی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا اور حافظ ابو عبد اللہ فراوی، حسن بن عبد الملک خلال اور اس طبقہ کے دوسرے اہلِ علم نے آپ کو اجازت دی۔

مرتبہ و مقام آپ محدث اور صدوق تھے۔ معلومات متوسط درجہ کے رکھتے تھے، بیرونی طلبہ اور غیر ممالک سے آنے والے عوام کی بہت عزت کرتے تھے۔ آپ کا خط کمزور اور روی قسم کا تھا۔ حافظ منذری کہتے ہیں: میں نے اپنے شیخ ابن المفضل سے پوچھا کہ میں سند بیان کرتے وقت حدثنا القاسم بن علی الحافظ حافظِ پر کسرہ پڑھوں جس کا مطلب یہ ہے کہ قاسم حافظ علی کے بیٹے ہیں۔ خود حافظِ حدیث نہیں ہیں یا ضمہ پڑھوں جس کا معنی یہ ہے کہ قاسم حافظِ حدیث ہیں فرمانے لگے ضمہ پڑھو۔ ایک دفعہ میری ان سے مدینہ منورہ میں ملاقات ہوئی تو انہوں نے مجھے متعدد احادیث زبانی املا کرائیں۔ پھر میرے پاس اپنی کتابیں بھیجیں۔ میں نے ان کا مقابلہ کیا تو بالکل درست پایا۔ کہتے ہیں آپ دانا، خوش طبع اور مذاق پسند تھے۔ عرنسا یہ کہتے ہیں آپ کو مزاح بہت مرغوب تھا۔ ابن نقطہ کہتے ہیں آپ ثقہ تھے لیکن آپ کا خط ایسا نہیں تھا جیسا اہلِ ضبط کا ہونا چاہیئے۔

آپ نے اپنے والد کی پوری تاریخ کبیر اپنے قلم سے نقل کی تھی نیز آپ نے جہاد کے عنوان پر ایک کتاب لکھی تھی اور کئی مجلسوں میں حدیث املا کرائی تھی۔ علاوہ ازیں "الابدال العالیہ" نام کی ایک کتاب لکھی، جو دراصل ان کے والد کی کتاب کی تلخیص اور تہذیب تھی۔ آپ کو امام ابو الحسن اشعری کے نظریہ کی صحت پر اصرار تھا۔ حالانکہ خود انہیں اس کی تحقیق نہیں تھی۔ آپ اپنے والد کے بعد تازیست "الدیار النوریہ" کے شیخ الشیوخ رہے مگر اس پر وقف جائیداد سے اپنی ذات پر کچھ خرچ نہیں کیا۔ ساری آمدنی باہر سے آنے والے طلبہ پر صرف کرتے تھے۔

تلامذہ آپ سے استفادہ کرنے والے طلبہ میں حسب ذیل قابلِ ذکر ہیں۔

ابوالمواہب بن صصری، ابوالحسن بن مفضل، ابومحمد رہاوی، یلدانی، ابن الخلیل، شیخ عزالدین بن عبدالسلام، تاج عبدالوہاب بن زین الامناء، عبدالغنی بن بنین قتالی، قاضی عمادالدین بن عبدالکریم، حافظ زین الدین خالد فراس عسقلانی، مجدالدین محمد بن عساکر، تقی الدین بن ابوالیسر، ابوبکر بن نشبی اور کمال عبدالعزیز بن عبد۔ ان کے علاوہ آپ نے احمد بن سلامہ اور مسلم بن علان کو اجازت مرحمت فرمائی تھی۔

آپ نے ۹ صفر ۶۰۰ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال درج ذیل علماء واصل بحق ہوئے۔

امام منتخب الدین ابوالفتوح اسعد بن محمود عجلی اصفہانی شافعی، آپ ۸۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند ابو معمر بقا بن عمر ازجی دقاق، مسند ابوالقاسم شجاع بن معالی قصبانی، ۸۰ سال سے زیادہ عمر پاکر فوت ہوئے۔ علامہ مسند ابوسعد عبداللہ بن عمر صفار نیشاپوری شافعی، ۹۲ سال کی عمر میں وفات پائی۔ حافظ کبیر عبدالغنی مقدسی صاحب الطریقہ علامہ رکن الدین طاؤسی، ان کا اصلی نام عراقی بن محمد بن عراقی ہے۔ ہمدان میں فوت ہوئے۔ فن مناظرہ میں ضرب المثل تھے۔ مسندہ ام عبدالکریم فاطمہ بنت سعد الخیر انصاریہ مصر میں فوت ہوئیں۔ ابوالمعالی محمد بن صافی نقاش ۸۲ سال کی عمر میں انتقال کیا اور مسند ابوطاہر لاحق بن ابوالفضل حریمی صوفی انہوں نے ۸۸ سال عمر پائی اور ساری مسند ابن الحصین سے پڑھی تھی۔

مجھے ان کے واسطے سے حضرت نعمان بن بشیر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شراب گندم، جو، انگور اور شہد سے بنتی ہے اور میں ہر نشہ دینے والی چیز سے منع کرتا ہوں۔

یہ حدیث بہت غریب ہے ابن ماجہ نے اس کو محمد بن رمح عن اللیث کے واسطے سے ذکر کیا ہے اور سنن اربعہ میں ایک دوسری سند سے بھی مروی ہے۔ ابراہیم بن مہاجر وغیرہ رواۃ اس کو شعبی سے اسی طرح روایت کرتے ہیں، مگر ایک دوسری جماعت اس کو شعبی سے بواسطہ ابن عمر حضرت عمر کا قول بتاتی ہے اور یہی صحیح ہے۔

۱۱۱۱ ۱۵/۱۷ امام ابن عبیداللہ مری اندلسی نزیل سبتہ

آپ کی کنیت ابومحمد، نام عبداللہ بن محمد بن علی بن عبیداللہ اور لقب شیخ المغرب ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے صاحب ضبط و اتقان حافظ حدیث اور نامور معلم قرآن ہیں ۵۰۵ھ میں پیدا ہوئے اور ابوعبداللہ بن زعینہ سے صحیح مسلم کا سماع کیا۔

ان کے علاوہ اپنے شہر میں ابوالقاسم بن ورد، ابوالحسن بن لوان اور ابوالحسن بن موہب حدانی، قرطبہ میں ابوالقاسم بن بقی، ابوالحسن بن مغیث، ابن مکی، حافظ ابوجعفر بطروجی اور ابوبکر ابن العربی اور اشبیلیہ میں ابوالحسن شریح اور احمد بن عبداللہ بن صالح مقری سے علم حدیث حاصل کیا۔ آباء کہتے ہیں آپ نے ۵۳۴ھ میں امام شریح سے صحیح بخاری پڑھی۔ اس وقت آپ کے ساتھ تین سو افراد حلقہ درس میں شریک ہوتے تھے۔ امام

Marfat.

شریح اپنے والد اور ابن منظور سے اور وہ دونوں حافظ ابوذر سے روایت کرتے ہیں آپ نے محمد بن عبدالعزیز کلاعی، جعفر بن محمد برجی، یحییٰ بن خلف بن خارف، ابراہیم بن مروان اور یوسف بن علی قضاعی سے بھی اکتساب فیض کیا۔ آپ کو فن حدیث سے بڑی محبت تھی اور اس کی تحصیل میں انتہائی توجہ مبذول فرمائی۔ آپ پرہیزگاری نیکوکاری اور عدالت و ثقاہت میں بہت اونچے درجے پر فائز تھے۔ ابار آگے چل کر لکھتے ہیں۔ کہ آپ مرسیہ جامع مسجد کے خطیب تھے اور پانچ وقت کی نماز بھی آپ ہی پڑھایا کرتے تھے۔ فن تجوید کے امام تھے۔ آپ کو عہدۂ قضا کی پیشکش کی گئی جسے آپ نے قبول نہ کیا۔ آپ کے شہر مرسیہ پر دشمن کے قبضہ کے بعد آپ مرسیہ چلے آئے تھے۔ پھر کچھ عرصہ بعد فاس منتقل ہو گئے اور وہاں سے سبتہ چلے آئے اور ہمیشہ کے لیے یہاں سکونت اختیار کر لی اور قرآن حکیم اور حدیث پاک کی تعلیم کے لیے وقف ہو گئے۔ تھوڑے عرصہ میں آپ کی شہرت دور دور تک پھیل گئی۔ اور طلبہ جوق در جوق آپ کی خدمت میں حاضر ہونے لگے۔ آپ علم حدیث میں بڑی بصیرت رکھتے اور بلند ترین فہم و فراست کے حامل تھے۔ سلطان مراکش نے آپ کو اپنے ہاں مراکش بلایا اور آپ سے حدیث کا سماع کیا۔ عالم بن جبارہ نے ہمیں آپ سے حدیث بیان کی ہے۔

تلامذہ میں کہتا ہوں درج ذیل علما نے آپ سے حدیث میں کمال پیدا کیا۔
ابوعمرو محمد بن محمد بن عیشون، محمد بن احمد اندرشی، محمد بن محمد یحصبی، محمد بن عبداللہ بن صفار قرطبی، شرف محمد بن عبداللہ مرسی، محمد بن احمد بن مجرز، عبدالرحمٰن بن قاسم سراج، ابوالخطاب بن دحیہ، ان کے بھائی عثمان، علی بن فخار سریشی، یوسف بن محمد اندی، ابوالحسن علی بن محمد شاری، ابراہیم بن عامر طوسی، محمد بن جرج نزیل سرقسطہ اور محمد بن عبداللہ اردی۔ میرا خیال ہے کہ مؤخر الذکر آپ کے آخری شاگرد ہیں اور ۶۶۰ھ تک زندہ رہے ہیں۔

حافظ ابوالربیع بن سالم کا بیان ہے کہ آپ کی وفات کے وقت ملک پر ایک ہولناک قحط مسلط تھا جب آپ کو سپرد خاک کرنے کے لیے چارپائی قبر پر رکھی گئی تو موسلا دھار بارش شروع ہو گئی اور ہر طرف پانی سیلاب کی صورت بہنے لگا۔ اور ہفتہ تک لوگ کیچڑ اور پانی سے گذر کر آپ کی قبر تک پہنچتے رہے۔

وفات میں کہتا ہوں آپ نے شریح، یحییٰ بن خلوف اور ابوجعفر بن باذنش جیسے نامور قاریوں سے فن قرأت سیکھا اور آپ سے ابوالحسن شاری نے یہ فن حاصل کیا۔ ابن فرتون کہتے ہیں آپ سے بہت سی کرامات سرزد ہوئی تھیں۔ آخر محرم ۵۹۱ھ میں آپ نے سفر آخرت اختیار فرمایا۔

اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے دنیا کو خیرباد کہا۔
ابوالعباس احمد بن ابومنصور اصفہانی آپ ۹۱ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند ابوالقاسم ذاکر بن کامل خفاف، مقری مصر ابوالحسن شجاع بن محمد مدلجی، مقری عراق ابوجعفر عبداللہ بن احمد واسطی آپ مشہور محدث ابوعبداللہ بارع کے تلمیذ ہیں، مسند ابوالمحاسن محمد بن حسن تاجر اصفہانی المعروف اصفہبذ تقریباً ۸۰ سال

عمر پائی اور مقری مغرب تلمیذ شریح ابوالحسن نجیہ بن یحییٰ رعینی اشبیلی۔
مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی عصر کی نماز فوت ہو گئی یوں سمجھو اس کا اہل و مال سب کچھ تباہ ہو گیا۔

۱۱۱۲ ۱۶/۱۷ محدثِ اسلام امام حافظ عبدالغنی مقدسی حنبلی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبدالغنی، ولدیت عبدالواحد بن علی بن سرور لقب تقی الدین۔ آپ بیت المقدس کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ دمشق میں مستقل سکونت اختیار کر لینے کی وجہ سے دمشقی کہلاتے ہیں۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ اور آپ کے خالہ زاد بھائی شیخ موفق ۵۴۱ھ میں جماعیل نامی بستی میں پیدا ہوئے۔ اوائل عمر میں عرصہ تک تعلیم حاصل کرنے اور مختلف شہروں کی طرف سفر کرنے میں دونوں بھائی اکٹھے رہے۔

اساتذہ آپ نے مختلف شہروں میں مختلف اساتذہ سے اکتساب فیض کیا۔ چنانچہ دمشق میں ابوالمکارم بن ہلال، بغداد میں ہبۃ اللہ بن ہلال، ابن البسطی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے اور سرمد میں حافظ ابوطاہر سلفی سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ان کی خدمت میں برابر تین سال رہے اور ان سے تقریباً ایک ہزار اجزاء پر مشتمل احادیث لکھیں۔ ان کے علاوہ موصل میں ابوالفضل طوسی، ہمدان میں عبدالرزاق بن اسماعیل قومسانی اصفہان میں حافظ ابوموسیٰ مدینی اور ان کے اقران اور مصر میں علی بن ہبۃ اللہ سے استفادہ کیا اور اس قدر علم ضبط کیا جس کا اندازہ مشکل ہے۔ آپ نے اپنی ساری عمر حدیث پڑھانے، عبادت کرنے، تصنیف و تالیف اور کتابیں نقل کرنے میں صرف کر دی۔

دوسری طرف مندرجہ ذیل اصحاب نے آپ کے خرمن علم سے خوشہ چینی کی۔

آپ کے دونوں صاحبزادے ابوالفتح اور ابوموسیٰ، عبدالقادر رہاوی، شیخ موفق الدین ضیا، ابن خلیل فقیہ یونینی، ابن عبدالدائم، عثمان بن مکی شارعی، احمد بن حامد ارتاحی، اسماعیل بن عزون، عبداللہ بن علاق، محمد بن مہلہل جیتی۔ یہ آپ کے آخری شاگرد ہیں اور ۶۷۴ھ تک زندہ رہے ہیں۔ اور ہمارے شیخ احمد بن ابوالخیر ان سے بعد تک زندہ رہے ہیں مگر انہیں آپ سے اجازت حاصل تھی۔ ان سے براہ راست نہیں پڑھا۔

عام حالات ابن نجار کہتے ہیں آپ نے حدیث بڑی کثرت سے بیان کی اور اس فن میں بڑی اچھی اور عمدہ کتابیں تصنیف کیں۔ آپ کا حافظ اور اتقان و ضبط قابل رشک تھا۔ حدیث کے تمام فنون میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ ابن نجار آگے چل کر لکھتے ہیں آپ بڑے پرہیزگار، عبادتگذار اور سلف صالحین کی طرح متبع سنت تھے۔ آپ نے قرآن حکیم اور صفات باری میں وہ کلام کیا جو تاویل پسند

فقہا کو پسند نہ آیا۔ انہوں نے آپ کے خلاف ایک طوفان بدتمیزی برپا کر دیا اور دمشق میں بادشاہ کے محل میں
کے لیے آنے پر مجبور کیا۔ آپ اپنے نظریہ پر قائم رہے اور فقہاء نے آپ کے قتل کا فتوے دے دیا۔ لیکن
کُرد امراء کی سفارش پر آپ کو شہر بدر کر دیا گیا۔ اور اس طرح آپ قتل سے بچ گئے۔ اس کے بعد آپ
چلے گئے۔ اور تا زیست گمنامی کی زندگی بسر کی۔

حافظ ابو موسیٰ مدینی فرماتے ہیں۔ اصحاب الحدیث سے ایسے لوگ ہمارے پاس کم ہی آئے ہیں جو ا
کو امام تقی الدین عبدالغنی بن عبدالواحد مقدسی کی طرح جانتے ہوں۔ اللہ تعالیٰ مزید توفیق عطا فرمائے۔ یہ آ
پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے کہ آپ کو حافظ ابونعیم کی کتاب "معرفۃ الصحابہ" میں واقع ہونے والے اغلاط
نشاندہی کرنے کی ہمت عطا فرمائی۔ حافظ ابو موسیٰ مزید فرماتے ہیں۔ اگر آج امام دارقطنی اور ان کے اقران
ہوتے تو آپ کو اس شاہکار پر خراج تحسین پیش کرتے۔ جن چیزوں پر آپ کی نظر ہے۔ ہمارے اہل ز
اس کو کم ہی سمجھتے ہیں۔

حافظ ضیاء لکھتے ہیں۔ جس وقت آپ نے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے اصفہان کا رُخ کیا۔ اُس وق
خرچ کرنے کے لیے آپ کے پاس کوئی رقم نہیں تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ایک شخص ب
پہنچایا جو آپ کو اپنے ساتھ لے گیا اور تمام اخراجات کی کفالت اس نے اپنے ذمہ لے لی۔ چنانچہ آپ
عرصہ دراز تک اصفہان میں رہے اور تعلیم کے ساتھ ساتھ بہت سی عمدہ عمدہ کتابیں بھی جمع کر لیں۔

حُلیہ آپ کا رنگ قدرے سانولا تھا۔ کاغذ کی طرح سفید نہیں تھا۔ آپ کے دانت بڑے خوبصورت ا
چمکیلے تھے۔ داڑھی بھاری اور پیشانی کشادہ تھی۔ با اخلاق ملنسار اور قد و قامت کے لحاظ سے آ
تھے۔ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے آپ کے چہرے سے نور کی کرنیں پھوٹ رہی ہیں۔ آخر میں کثرتِ گریہ اور
وقت لکھنے پڑھنے میں مصروف رہنے کی وجہ سے آپ کی بینائی کمزور پڑ گئی تھی۔

تصانیف آپ ایک منجھے ہوئے اور شہرۂ آفاق مصنف ہیں آپ نے بیسیوں عمدہ اور ضخیم کتابیں لکھی
ہیں جن میں سے چند ایک جو قابل ذکر ہیں درج ذیل ہیں۔

(۱) "المصباح" یہ صحیحین کی احادیث پر مشتمل کتاب ہے جو ۴۸ اجزاء میں ختم ہوئی ہے۔ (۲) "نہایۃ المراد
یہ بھی فن حدیث میں قریباً ۲۰۰ اجزاء پر حاوی ہے۔ مگر آپ اس پر نظر ثانی نہیں کر سکے۔ (۳) "کتاب المواقیت
ایک جلد (۴) "کتاب الجہاد" ایک جلد (۵) "الروضہ" ۴ جزء (۶) "فضائل خیر البریہ" ایک جلد (۷) "الذکر"
۲ جزء (۸) "الاسراء" ۲ جزء (۹) "التہجد" ۲ جزء (۱۰) "المحنۃ" ۳ جزء (۱۱) "صلات الاحیاء الی الاموات" ۲ جز
(۱۲) "الصفات" ۲ جزء (۱۳) "الفرج" ۲ جزء (۱۴) "فضل مکۃ" ۴ جزء (۱۵) "غنیۃ الحفاظ فی مشکل الالفاظ"
۲ جلد (۱۶) "الحکایات" سو جزء سے زیادہ۔ ان کے علاوہ آپ کی بہت سی تصانیف ایسی ہیں جو ایک ایک
جزء پر مشتمل ہیں۔

درج ذیل تصانیف میں آپ نے ہر بات پر اپنی سند ذکر نہیں کی۔

(۱) "العمدہ" ۲ جزء (۲) "الاحکام" ۶ جزء (۳) "دار الاثر" ۹ جزء (۴) الکمال ۱۰ جلد

اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے حافظ ضیاء کہتے ہیں اگر کوئی شخص آپ سے کوئی حدیث پوچھتا تو آپ نہ صرف یہ کہ وہ حدیث بیان کرتے بلکہ اس کے مالہ وعلیہ پر پوری بحث کر ڈالتے اور اگر کوئی کسی راوی کے متعلق سوال کرتا تو فوراً فرماتے وہ فلاں بن فلاں ہے اور اس کا پورا سلسلہ نسب بیان کر دیتے اسی لیے میں کہتا ہوں آپ امیر المومنین فی الحدیث ہیں۔ میں نے آپ سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ ایک دفعہ حافظ ابو موسیٰ مدینی کے حلقہ درس میں ایک شخص نے مجھ سے ایک حدیث کے متعلق جھگڑا کیا اور کہنے لگے یہ حدیث صحیح بخاری میں ہے۔ میں نے کہا یہ صحیح بخاری میں نہیں ہے۔ اس نے یہ حدیث ایک رقعہ میں لکھ کر حافظ ابو موسیٰ کی خدمت میں پیش کی اور اس بارہ میں ان کا فیصلہ حاصل کرنا چاہا۔ حافظ صاحب مصنوف نے یہ رقعہ پڑھ کر مجھے دے دیا اور پوچھا آپ کیا چاہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا یہ حدیث بخاری شریف میں نہیں ہے۔ یہ دیکھ کر وہ آدمی بڑا شرمسار ہوا۔

حافظ اور قوت یادداشت

حافظ ضیاء کہتے ہیں میں نے اسماعیل بن ظفر کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ ایک دفعہ ایک آدمی نے حافظ عبد الغنی سے پوچھا کہ ایک شخص نے اس بات پر طلاق کی قسم کھائی ہے کہ آپ کو ایک لاکھ حدیث بنوک زبان یاد ہے؟ کیا یہ درست ہے؟ آپ نے جواب دیا اگر وہ اس سے اس سے زیادہ بھی کہتا تب بھی وہ سچا تھا۔ اور میں نے جامع دمشق میں کئی دفعہ مشاہدہ کیا ہے کہ حافظ عبد الغنی منبر پر تشریف فرما ہوتے اور حاضرین میں سے کوئی شخص کہتا کہ آج آپ ہمیں کتاب سامنے رکھے بغیر احادیث پڑھائیں تو آپ مطلوبہ احادیث اسانید سمیت زبانی پڑھا دیتے اس پر کہا جاتا کہ آپ ہمیشہ اس طرح کیوں نہیں کرتے اور حدیث زبانی کیوں نہیں پڑھاتے۔ فرماتے اس طرح عجب و غرور میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے آپ کے اسی بے مثال حافظہ کو دیکھ کر تاج کندی فرمایا کرتے تھے کہ امام دارقطنی کے بعد حافظ عبد الغنی مقدسی جیسا کوئی آدمی پیدا نہیں ہوا۔

مرتبہ و مقام

فقیہ محمود بن ہمام کہتے ہیں میں نے کندی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ حافظ عبد الغنی نے اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ ربیعہ یمنی کہتے ہیں میں نے حافظ ابو موسیٰ مدینی کو لکھا ہے مگر یہ حافظ عبد الغنی ان سے بڑے حافظ حدیث ہیں۔ ضیاء کہتے ہیں میں نے جن محدثین کو دیکھا ہے سب ہی کہتے تھے ہم نے حافظ عبد الغنی جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ آپ نے ہی مجھے تعلیم حاصل کرنے کے لیے مصر جانے کی ترغیب دی تھی اور ہمارے ساتھ اپنے دس سالہ صاحبزادے عبد الرحمٰن کو بھیجا تھا آپ ہی نے اسماعیل بن ظفر کو خرچ دے کر اصفہان اور خراسان بھیجا اور آپ ہی نے یوسف بن خلیل کو طلب علم کے لیے غیر ممالک کے سفر پر آمادہ کیا تھا۔ آپ جمعرات کو اور جمعہ کی نماز کے بعد دمشق میں درس حدیث دیا کرتے تھے۔ استفادہ کے لیے بے شمار

fat.com

لوگ جمع ہوتے اور آپ کا پُر تاثیر بیان سن کر بکثرت روتے تھے۔ اختتام مجلس پر آپ اہلِ اسلام کے حق
بہت لمبی دعا کرتے تھے۔

میں نے ابوالحسن بن نجا دا عظ کو مسجد قرافہ کے منبر پر کہتے ہوئے سنا کہ حافظ عبدالغنی یہاں تشریف آ
ہُوئے ہیں وہ حدیث کا درس دیا کریں گے۔ ان کی خواہش ہے کہ آپ حضرات کم از کم تین دن ان کی مجلس
میں ضرور حاضر ہوں۔ اتنے میں ان کی قدر و منزلت آپ پر واضح ہو جائے گی۔ اور آپ ان کے حلقۂ درس
شریک ہونا سعادت سمجھیں گے۔ چنانچہ میں پہلے دن ہی جامع قرافہ میں حاضر ہُوا۔ پہلے آپ نے بہت
احادیث بالاسناد زبانی بیان کیں اور پھر بہت سی احادیث بلاسند بیان فرمائیں لوگ بہت محظوظ ہوئے او
خوشی خوشی واپس گئے۔ بعد میں میں نے ابن نجا سے سنا فرماتے تھے میرا مقصود تو پہلی مجلس میں ہی حاصل
گیا تھا۔

ذوقِ عبادت حافظ ضیاء اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے فرماتے ہیں۔ آپ اپنا وقت ضائع نہیں کرتے
صبح کی نماز کے بعد عموماً درسِ قرآن اور کبھی درسِ حدیث دیتے پھر وضو کر کے نماز میں
مصروف ہو جاتے اور سورت فاتحہ اور معوذتین کے ساتھ تین سو رکعت پڑھتے اور فراغت کے بعد نمازِ ظہر
پہلے تھوڑی دیر استراحت فرماتے۔ نماز ظہر کے بعد مغرب تک حدیث پڑھانے یا کتابیں نقل کرنے میں مصروف
رہتے اگر روزے سے ہوتے تو افطاری کے بعد ورنہ معمول کے مطابق عشاء تک نماز پڑھتے۔ پھر آدھی رات
یا کچھ بعد تک سو جاتے پھر وضو کر کے نماز پڑھنے لگ جاتے اور یہ سلسلہ صبحِ صادق سے ذرا پہلے تک جاری
رہتا۔ اس اثناء میں آپ سات، یا زیادہ مرتبہ وضو کرتے اور فرماتے جب تک وضو سے میرے اعضاء تر رہتے
ہیں مجھے نماز میں سرور حاصل ہوتا ہے۔ پھر اگر وقت ہوتا تو نماز سے پہلے تھوڑی دیر سو جاتے تا زندگی آپ
کا یہی معمول رہا۔

کارِ خیر میں سبقت آپ کے خالہ زاد بھائی شیخ موفق کہتے ہیں آپ طلبِ علم میں میرے رفیق سفر تھے
جب ہمیں کوئی نیک کام کرنے کا موقعہ ملتا آپ ہمیشہ اس میں سبقت کرتے اور
مجھے پہل کرنے کا شاذ و نادر ہی اتفاق ہوتا۔ اہلِ بدعت کی دشمنی اور ایذا رسانی سے آپ کی فضیلت اور قبولیت
میں بہت اضافہ ہُوا۔ دولتِ علم سے آپ کو حصہ وافر ملا اور ہزاروں مفید اور نادر کتابیں آپ کے کتب خانہ میں
جمع ہو گئیں مگر عمر نے وفا نہ کی اور جیسا کہ آپ چاہتے تھے۔ ان کی تدریس اور نشر و اشاعت میں کامیابی حاصل
نہ ہُوئی۔

تغیرِ منکر حافظ ضیاء کہتے ہیں جب آپ کوئی امر منکر دیکھتے تو اس کو اپنے ہاتھ یا زبان سے مٹانے
کی کوشش فرماتے اور رضاالٰہی کے مطابق عمل کرنے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت
کی مطلقاً پرواہ نہیں کرتے تھے چنانچہ میں نے ایک دفعہ دیکھا کہ آپ نے ایک مے فروش کی شراب زمین

t.com

پر گرادی وہ تلوار لے کر اُٹھا اور آپ پر حملہ کرنا چاہا مگر آپ مضبوط و توانا تھے خوفزدہ ہونے کی بجائے آگے بڑھے اور اس کے ہاتھ سے تلوار چھین لی۔ اسی طرح آپ گانے بجانے کے آلات ڈھولک اور طنبورے وغیرہ توڑ پھوڑ دیتے تھے۔

بادشاہ ملک عادل کے متعلق آپ کا تاثر

میں نے آپ کی تحریر پڑھی ہے جس میں آپ فرماتے ہیں میں نے ملک عادل کی جانب سے حسن سلوک کا مشاہدہ کیا ہے ایک دفعہ اس نے مجھے دیکھا تو کھڑا ہو گیا بڑے تپاک سے ملا اور مجھ سے معانقہ کیا۔ میں نے اس کے حق میں دعا کی اور کہا ہم قصوروار ہیں۔ دربار میں حاضری کے سلسلہ میں تقصیر کر بیٹھتے ہیں بولا نہیں! نہیں!! کوئی بات نہیں اس میں نہ آپ کا قصور ہے اور نہ کوئی تقصیر۔ سنت کے مطابق عمل کا ذکر آیا۔ تو کہنے لگا ہم دینی یا دنیاوی لحاظ سے آپ میں کوئی عیب نہیں دیکھتے یہ حاسد ہی ہیں جو بلاوجہ طرح طرح کی الزام تراشی کرتے رہتے ہیں۔ مجھے اطلاع ملی ہے کہ اس کے بعد علماء کا ذکر آیا تو اس نے کہا۔ میں نے فلاں (یعنی حافظ عبدالغنی) جیسا کوئی عالم نہیں دیکھا۔ وہ میرے پاس آئے تو میں نے یوں محسوس کیا جیسے میرے پاس ایک شیر آگیا ہے۔ حافظ ضیاء کہتے ہیں کہ اس ملاقات سے پہلے اہل بدعت نے حافظ عبدالغنی کے خلاف ملک عادل کو خوب اشتعال دلایا تھا اور آپ پر قسم قسم کے بہتان باندھے تھے۔ حتیٰ کہ بادشاہ کے غصہ کو دیکھ کر بعض بدعتی کہتے تھے۔ اب اس کے بادشاہ کے سامنے آنے کی دیر ہے۔ وہ اسے دیکھتے ہی قتل کر دے گا۔ میں نے یہ بھی سنا ہے کہ بعض بدعتیوں نے حافظ صاحب موصوف کے قتل کرانے کے لیے پانچ ہزار اشرفی دینے کی تھی۔

اہل بدعت کی ایک اور سازش

ضیاء لکھتے ہیں میں نے ابوبکر بن احمد طحان کو کہتے ہوئے سنا ایک دفعہ اہل بدعت نے مسجد جیرون کی سیڑھی کے پاس آلات لہو و لعب اور ڈھولک طنبورے جمع کر دیے۔ حافظ صاحب آئے تو انہوں نے اکثر و بیشتر توڑ پھوڑ ڈالے اور منبر پر چڑھ کر خطبہ دینے لگے تھوڑی دیر کے بعد قاصد آیا اور کہنے لگا قاضی شہر آپ کو بلاتے ہیں اور دف شبابہ اور دیگر آلات ملاہی کے بارہ میں آپ سے مناظرہ کرنا چاہتے ہیں۔ آپ نے جواب دیا یہ سب چیزیں حرام ہیں اس لیے میں نے توڑ دی ہیں۔ مجھے قاضی کے پاس جانے کی ضرورت نہیں اگر اسے ضرورت ہے تو یہاں آجائے۔ تھوڑی دیر کے بعد قاصد پھر آیا اور کہنے لگا۔ آپ نے بادشاہ کی دل لگی اور خوش طبعی کا سامان ضائع کر دیا ہے۔ اس لیے آپ کو ضرور آنا پڑے گا۔ اس پر آپ نے غضبناک ہو کر کہا ضرب اللہ رقبتہ ورقبۃ السلطان۔ اللہ تعالیٰ اس کی اور بادشاہ کی گردن مارے۔

یہ سن کر قاصد تو چلا گیا۔ اور ہم کسی عظیم فتنہ کے خوف سے کانپنے لگے۔ مگر پھر کسی نے ادھر کا رخ نہیں کیا۔

fat.com

قبول عام حافظ ضیاء کہتے ہیں میں نے اصفہان میں محمود بن سلامہ کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ جب حافظ عبد الغنی اصفہان میں اپنے گھر سے باہر نکلتے تو لوگ آپ کو دیکھنے کے لیے بازاروں میں قطار در قطار کھڑے ہو جاتے تھے لوگوں کی عقیدت اور محبت کو دیکھتے ہوئے اندازہ ہوتا تھا کہ اگر آپ اصفہان میں رہنا اور اس پر قبضہ کرنا چاہیں تو بہ آسانی قبضہ کر سکتے ہیں۔ حافظ ضیاء کہتے ہیں کہ مصر میں بھی میرا مشاہدہ ایسا ہی ہے جب ہم آپ کے ساتھ جمعہ کے لیے نکلتے تو آپ کے ارد گرد عقیدت مندوں، ملاقاتیوں اور دعائیں کرانے والوں کا اتنا ہجوم ہو جاتا کہ بازار میں چلنا مشکل ہو جاتا۔

جود و سخا آپ بڑے سخی اور اللہ تعالیٰ کے راستے میں مال خرچ کرنے والے تھے۔ اپنی ذات کے لیے درہم و دینار یا کسی دوسری چیز کو ذخیرہ بنا کر نہیں رکھتے تھے کہتے ہیں آپ رات کے وقت آٹے کے تھیلے لے جاتے۔ حاجتمندوں کے دروازے کھٹکھٹاتے اور دروازہ کھلتے ہی آٹے سے بھرا ہوا تھیلا اندر رکھ کر فوراً واپس ہو جاتے تاکہ کوئی آپ کو پہچان نہ سکے بعض اوقات پھٹے پرانے کپڑے پہن کر اور بھیس بدل کر جاتے تھے۔ میں نے بدر بن محمد جزری کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے حافظ عبد الغنی سے بڑھ کر سخاوت کرنے والا کوئی نہیں دیکھا آپ نے کئی دفعہ میرا پورے کا پورا قرضہ ادا کیا ہے اور میں نے سلیمان اشعری سے سنا ہے کہتے تھے۔ کہ ایک دفعہ ملک افضل نے حافظ صاحب کی خدمت میں نقد روپے اور بہت سا غلہ (گیہوں) بھیجا مگر آپ نے اسی وقت سب کچھ مستحقین میں تقسیم کر دیا اور اپنے لیے ایک دانہ بھی نہیں رکھا ایک آدمی بیان کرتے کہ میں نے مصر کے ریگستان میں حافظ صاحب کو متواتر تین رات اپنا کھانا محتاج کو دیتے دیکھا ہے۔ درآں حالیکہ آپ خود بھوکے رہتے تھے۔ حافظ ضیاء کہتے ہیں کہ آپ کو مصر میں از قسم سونا وغیرہ بہت سے تحائف اور نذرانے ملے جو آپ نے سب للہ کی راہ میں خرچ کر دیئے۔

امام احمد کا سا مقام حاصل ہونے کی آرزو حافظ ضیاء کہتے ہیں میں نے ایک ثقہ عالم عبد الرحمٰن بن محمد سے سنا انہوں نے حافظ عبد الغنی سے سنا فرماتے تھے میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ مجھے امام احمد جیسا مقام عطا فرمائے چنانچہ میری دعا منظور ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے مجھے امام موصوف جیسی نماز پڑھنے کی توفیق عطا فرمائی۔ (گویا دعا کا ایک حصہ قبول ہوا) عبد الرحمٰن کہتے ہیں پھر آپ اہل بدعت کے اٹھائے ہوئے فتنوں کے باعث مبتلائے مصائب و آلام ہوئے (اس طرح آپ کی پوری دعا قبول ہوئی)

حافظ ابو نعیم کے اوہام کی نشاندہی حافظ ضیاء کہتے ہیں میں نے امام ابو عبد اللہ بن ابو الحسن حیائی کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ حافظ عبد الغنی نے حافظ ابو نعیم کی ۲۹۰ غلطیاں پکڑیں جس سے مشتعل ہو کر صدر ابن خجندی نے آپ کو طلب کیا اور آپ کو ہلاک کرنا چاہا مگر حافظ صاحب نے چھپ کر جان بچائی۔ میں نے محمود بن سلامہ سے سنا ہے کہتے تھے ہم نے حیلہ کیا کہ پہچانے نہ جائیں اس لیے

ہم نے اس روز حافظ صاحب کو صرف ایک تہ بند میں وہاں سے نکالا تھا۔

ایک اور مصیبت محمود بن سلامہ کہتے ہیں میں نے حافظ عبد الغنی سے سنا ہے فرماتے تھے ہم شہر موصل میں امام عقیل کی تصنیف "کتاب الضعفاء" پڑھا کرتے تھے اس پر ان کے کسی عظیم پیشوا پر جرح تھی۔ جس سے مشتعل ہو کر اہلِ موصل نے مجھے گرفتار کر لیا اور میرے قتل کا منصوبہ بنایا۔ چنانچہ ایک دراز قامت آدمی ہاتھ میں تلوار لیے ہوئے میرے پاس آیا میں نے محسوس کیا کہ یہ مجھے قتل کر دے گا۔ اور یوں میں روز روز کی مصیبتوں سے نجات پا جاؤں گا۔ مگر اس نے کچھ نہ کیا اور مجھے رہا کر دیا۔ واقعہ یوں ہوا کہ حافظ صاحب کے ساتھ ان کا ایک ہمخیال ابن برنی بھی یہ کتاب پڑھتا تھا۔ اس کی شرارت سے آپ سے کتاب کا وہ حصہ چھین لیا گیا جس میں ان کے پیشوا کا ذکر تھا۔ انہوں نے پوری کتاب میں ڈھونڈا مگر وہ مقام نہ ملا۔ اس لیے آپ کو رہا کر دیا گیا۔

آپ کے درس کو غیر مؤثر بنانے کی کوشش ضیاء کہتے ہیں حافظ صاحب جامع دمشق میں درسِ حدیث دیا کرتے تھے۔ جس میں لوگ بڑی کثرت سے شریک ہوتے تھے۔ اہلِ بدعت کو یہ بات پسند نہ تھی اس لیے انہوں نے روڑے اٹکانے شروع کیے۔ پہلے آپ کو ایسے وقت درس دینے پر مجبور کیا جس میں لوگ سو جاتے تھے اور کچھ بے توجہی سے سنتے تھے اس پر بھی انہیں صبر نہ آیا تو پھر ایک واعظ کو تیار کیا کہ جب حافظ صاحب جمعہ کے بعد درسِ حدیث دینا شروع کریں وہ قریب ہی قبۃ النسر میں وعظ شروع کر دیا کرے۔ یہ دیکھ کر حافظ صاحب نے عصر کی نماز کے بعد درس دینے کا پروگرام بنایا۔ جب مخالفین نے اپنی تدبیر ناکام ہوتی دیکھی تو انہوں نے ہنوعسا کر کے ایک دیوانے کو تیار کیا اس نے ایک دن واعظ سے خطاب کرتے ہوئے کہا تم منبر پر بیٹھ کر جھوٹ بولتے ہو۔ یہ سنتے ہی عقیدتمند مشتعل ہو گئے اور دیوانہ کو زدوکوب کرنے لگے اس بیچارے نے بھاگ کر اور کلاسہ میں چھپ کر جان بچائی اس پر اہلِ بدعت کو بہانہ مل گیا اور حاکمِ شہر کے پاس شکایت کرنے چلے کہ یہ حنابلہ فتنہ پرداز ہیں یہ یوں کرتے ہیں اور یوں کرتے ہیں۔ اور ان کے عقائد ایسے اور ایسے ہیں پھر چند معتبر آدمی قافلہ میں حاکمِ شہر کے پاس گئے اور مطالبہ کیا کہ حافظ عبد الغنی کو مناظرہ کے لیے یہاں بلایا جائے۔ جب میرے ماموں شیخ موفق بھائی شمس اور دوسرے فقہاء کو پتہ چلا تو وہ حافظ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ آپ کی طبیعت میں تیزی ہے آپ کو وہاں جانے کی ضرورت نہیں آپ گھر رہیں ہم آپ کی طرف سے ان کے ساتھ مناظرہ کرنے کے لیے کافی ہیں۔ مگر اتفاق دیکھیے۔ یہ حضرات باہر نکلے تو حکومت کے اہل کار آپ کو آ کر لے گئے اور ان کو پتہ بھی نہ چلا۔ اہلِ بدعت نے آپ سے مناظرہ کے لیے ایک جاہل آدمی کو کھڑا کر دیا۔ جس نے دلائل سے اپنا مسلک ثابت کرنے کی بجائے آپ کے خلاف حاضرین کو مشتعل کرنا شروع کر دیا۔ یہ دیکھ کر آپ طیش میں آ گئے اور انتہائی جرأتمندانہ طریقہ سے اپنے اوپر عاید کردہ الزامات کی تردید کی۔ مخالفین نے آخری حربہ استعمال کیا کہ ایک کاغذ پر اپنے عقائد لکھے اور اس پر ہمخیال علماء کے دستخط حاصل کیے

fat.com

پھر یہی تحریر حافظ صاحب کے سامنے پیش کی اور آپ سے اس پر دستخط کرنے کا مطالبہ کیا۔ ظاہر ہے: کہ آپ ان سے اتفاق نہیں کر سکتے تھے لہذا آپ نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا۔ اس پر سب بدعتی حاکم شہر سے کہنے لگے۔ دیکھیے! جس چیز کو سب علماء بالاتفاق مانتے ہیں یہ اس کی مخالفت کرتا ہے۔ یہ سن کر حاکم شہر نے اپنے آدمی بھیج کر آپ کا منبر اور کتابیں مسجد سے نکلوا دیں۔ مخالفین نے مطالبہ کیا کہ جامع مسجد میں شافعیہ کے سوا سب کو نماز پڑھنے سے منع کر دیا جائے۔ چنانچہ آپ کا منبر توڑ دیا گیا۔ اور ہمیں مسجد میں ظہر کی نماز پڑھنے کی ممانعت کر دی گئی۔ اس حکم کے نافذ ہونے پر اس واعظ نے جس کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ شہری اور دیہاتی لوگوں کو جمع کیا اور کہا اگر ہمیں نماز پڑھنے کی اجازت نہ دی گئی تو ہم اجازت کی پرواہ کیے بغیر نماز پڑھیں گے۔ قاضی کو جو ایک فتنہ پرداز آدمی تھا پتہ چلا تو اس نے ان کو نماز پڑھنے کی اجازت دے دی۔ حنفی بھی فوج کی ایک دستہ کے ذریعے اپنے مصلّٰی کی حفاظت کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

حافظ صاحب اس واقعہ سے دل برداشتہ ہو کر بعلبک منتقل ہو گئے اور عرصہ تک وہاں رہے پھر وہاں سے مصر چلے گئے اور نابلس میں مدت تک قیام کیا۔

مصر میں آپ کی قبولیت

آخر میں ضیاء لکھتے ہیں جب ملک افضل نے مصر پر قبضہ کیا اور اسے دوبارہ دمشق کی عملداری میں شامل کیا تو حافظ صاحب سے ملاقات کی اور نہ صرف یہ کہ آپ سے انتہائی تعظیم و تکریم کے ساتھ پیش آیا۔ بلکہ اہل مصر کو بھی آپ کے احترام کی ہدایت کی۔ اس کے بعد حافظ صاحب کو بڑی قبولیت حاصل ہوئی۔ اور آپ کی عزت و حرمت میں بے حد اضافہ ہوا اور آپ کے مخالفین جو مصر میں خاصی تعداد میں موجود تھے بادشاہ کے خوف سے دم نہیں مار سکتے تھے۔ جب ملک عادل کا دور آیا اور اس نے مصر پر قبضہ کیا تو مخالفین نے ایک دفعہ پھر آپ کے خلاف طوفانِ بدتمیزی پیدا کیا اور آپ پر طرح طرح کے الزام لگائے۔ عادل نے آپ کو دربار میں طلب کیا۔ مگر آپ کے خلاف الزامات غلط ثابت ہونے پر آپ کو بڑی عزت و حرمت کے ساتھ واپس کیا۔

حافظ صاحب مصر میں اقامت پذیر تھے۔ مگر آپ کے مخالفین آپ کے خلاف بہتان طرازیوں سے باز نہیں آتے تھے جب ان کی شکایتیں حد سے بڑھ گئیں تو (ملک عادل کے جانشین) ملک کامل نے آپ کے ملک بدر کرنے کا فیصلہ کیا۔ اور آپ کو آپ کے گھر میں قید کر دیا۔ جس میں آپ ایک ہفتہ نظر بند رہے میں نے تقی احمد بن محمد بن عبدالغنی سے سنا ہے کہتے تھے مجھے امیر شجاع بن ابی ذکری نے بتایا۔ ایک دن مجھے ملک کامل نے کہا یہاں ایک فقیہ رہتے ہیں اہل مصر ان کو کافر کہتے ہیں۔ میں نے کہا میں تو کسی ایسے آدمی کو نہیں جانتا بولا تم نہیں جانتے۔ وہ تو ایک بڑے محدث بھی ہیں۔ میں نے عرض کیا شاید وہ حافظ عبدالغنی ہوں گے؟ کہنے لگا ہاں ہاں وہی ہیں۔ میں نے کہا بادشاہ سلامت! عالم دو طرح کے ہیں: ایک طالب آخرت اور ایک طالب دنیا۔ آپ کا قرب دنیا حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ آپ یہ فرمائیں

کبھی وہ آپ کے پاس آئے یا کبھی کوئی درخواست بھیجی ؟ بولا نہیں میں نے عرض کیا بخدا ! یہ لوگ حاسدین حسد سے مجبور ہو کر بہتان طرازیاں کرتے ہیں۔ بولا۔ اللہ تعالیٰ آپ کا بھلا کرے۔ آپ نے مجھ پر اصل حقیقت واضح کر دی۔ ضیاء کہتے ہیں : مجھے یہ بھی خبر ملی ہے کہ حافظ صاحب کو اپنے عقائد لکھ کر پیش کرنے کا حکم ملا تو آپ نے لکھا میں یہ کہتا ہوں اور اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔ میں یہ کہتا ہوں اور اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کے رسولؐ کی یہ حدیث ہے۔ اس طرح آپ نے اپنے عقائد اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرامین سے مدلل اور مبرہن لکھے۔ جب ملک کامل نے آپ کی تحریر پڑھی تو کہنے لگا یہ تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے سوا کوئی بات نہیں کرتے۔ میں انہیں کیا کہہ سکتا ہوں۔ پھر اس نے آپ کو رہا کر دیا۔

آپ کے متعلق ایک خواب

ضیا لکھتے ہیں میں نے احمد بن محمد بن عبدالغنی سے سنا انہوں نے کہا میں نے آپ کے بھائی کمال عبدالرحیم کو خواب میں دیکھا تو میں نے پوچھا آپ کہاں رہتے ہیں ؟ بولے ! جنتِ عدن میں میں نے کہا وہاں حافظ عبدالغنی کا درجہ بڑا ہے یا شیخ ابوعمر کا ؟ کہنے لگے میں یہ تو نہیں جانتا۔ البتہ حافظ صاحب کے لیے ہر جمعہ عرش کے نیچے کرسی رکھی جاتی ہے جس پر بیٹھ کر حدیث پاک پڑھتے ہیں اور ادھر ان پر موتیوں کی بارش شروع ہو جاتی ہے۔ میں ان سے یہ اٹھا کر لایا ہوں اور بھری ہوئی جھولی کی طرف اشارہ کیا۔

وفاتِ حسرت آیات

میں نے آپ کے صاحبزادے ابوموسیٰ سے سنا ہے وہ کہتے تھے : والد صاحب کئی دن بیمار رہے۔ میں نے ایک دن صبح کے وقت ان کو وضو کرایا اور کہنے لگے عبداللہ ! ہمیں نماز پڑھاؤ لیکن ہلکی نماز پڑھانا۔ چنانچہ میں نے جماعت کرائی اور آپ نے [illegible] ساتھ بیٹھ کر نماز پڑھی۔ فارغ ہونے کے بعد کہنے لگے میرے سرہانے بیٹھ کر [illegible] پڑھی اور کہا دوائی رکھی ہے پئیں گے تو لاؤں ؟ بولے اب موت میں تو چند لمحے باقی ہیں۔ میں نے پوچھا آپ کی کوئی خواہش ہے ؟ بولے ہاں ! اللہ کریم کے چہرے کو دیکھنے کی خواہش ہے۔ پھر میں نے پوچھا کیا آپ مجھ سے خوش نہیں ؟ فرمانے لگے کیوں نہیں میں تم سے خوش ہوں۔ اتنے میں کچھ لوگ بیمار پرسی کے لیے آئے اور بیمار پرسی کے بعد ادھر ادھر کی باتوں میں مصروف ہو گئے۔ آپ نے آنکھیں کھولیں اور کہا یہ کیا ؟ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرو اور لا الٰہ الا اللہ پڑھو۔ پھر دوات نامی کوئی کتاب لینے آیا اور میں اس کو کتاب دینے کے لیے مسجد کے ایک کونہ میں گیا۔ واپس آیا تو دیکھا آپ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر چکی ہے۔ اناللہ تعالیٰ

یہ پیر ۲۳ ربیع الاول ۶۰۰ھ کا واقعہ ہے۔

اس سال اُن مشاہیر کا انتقال ہوا۔ جن کے نام حافظ قاسم کے ترجمے میں گذر چکے ہیں۔

حافظ ضیا نے ۴ جزء میں آپ کے حالات لکھے ہیں ان کی تصنیف ہم نے ابن نقطہ سے اور

انہوں نے مصنف سے پڑھی ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ! میں چھپ کر عمل کرتا ہوں۔ لیکن جب کوئی میرے عمل پر اطلاع پاتا ہے تو میں خوشی محسوس کرتا ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم دو اجر کے مستحق ہو چھپ کر عمل کرنے اور ظاہر طور پر عمل کرنے کے۔

اس حدیث کو اعمش نے حبیب سے مرسل طور پر روایت کیا ہے اور امام ابوعیسیٰ ترمذی نے اپنی کتاب جامع میں محمد بن مثنی عن ابی داؤد کے واسطہ سے ذکر کیا ہے۔

۱۱۱۳ ۱۷/۱۷ امام باقدَاری بَغدادی

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن ابوغالب بن احمد بن مرزوق ہے۔ بغداد کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور بلند پایہ عالم اور محدث ہیں۔ آنکھوں سے نابینا تھے۔ بچپن میں ہی باقدار سے بغداد آگئے تھے۔ حفاظ کی ایک جماعت سے قرآن پڑھا اور ابومحمد سبط الخیاط، ابوبکر بن زاغونی، ابنِ ناصر اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا اور دل کھول کر مستفید ہوئے۔

مرتبہ و مقام ابنِ دبیثی کہتے ہیں حدیث کا حفظ اور روایتِ حدیث کا علم اُن پر ختم ہے آپ اس فن میں قابلِ اعتماد ہیں۔ ابوالفتوح ابن حصری کہتے ہیں: آپ حفاظ اور ائمہ حدیث میں سے آخری شخصیت ہیں۔ ابنِ دبیثی کہتے ہیں: میں نے اپنے اکثر شیوخ کو دیکھا ہے کہ وہ ابوبکر باقداری کا تذکرہ بڑے احترام سے کرتے تھے۔ اور ان کو حفظِ حدیث، علمِ روات اور معرفتِ متون کی صفات سے موصوف جانتے تھے۔ مجھے اطلاع ملی ہے کہ آپ کے شیخ حافظ ابنِ ناصر اکثر ان کی طرف مراجعت کرتے تھے اور ان کی بات کو قبول کر لیتے تھے۔ ابومحمد منذری کہتے ہیں کہ آپ حفاظِ بغداد میں واحد شخص ہیں جو نابینا ہونے کے باوجود معرفتِ رجال میں مشہور تھے۔ اور اس فن میں اپنے اقران پر فوقیت رکھتے تھے۔

میں کہتا ہوں آپنے ۵۷۵ھ کے آخر میں بعہد کہولت داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ آپ کی صاحبزادی عجیبہ پر اس کے زمانہ میں علو اسناد ختم تھی۔

مجھے آپ کے واسطہ سے حضرت انس بن مالک کی یہ حدیث ملی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی زینب کا انتقال ہوا اور آپ اس کا جنازہ لے کر نکلے تو ہم بھی جنازہ میں شریک تھے۔ آپ پر رنج و غم کے آثار ظاہر تھے۔ آپ اس کی قبر میں اُترے اور باہر نکلے تو آپ کا رنگ متغیر تھا۔ ہم نے اس کا سبب پوچھا تو آپ نے فرمایا زینب دائم المریض تھی۔ مجھے موت کی سختی اور قبر کی تنگی یاد آئی تھی۔ تو میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی، اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے تخفیف اور آسانی کر دی ہے۔

۱۱۱۴ ۱۸/۱۷ امام مُفید ابن الحُصَری حَنبلی

آپ کی کنیت ابوالفتوح، نام نصر بن ابوالفرج محمد بن علی اور لقب شیخ القراء اور برہان الدین ہے۔ بغداد کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد مکہ معظمہ میں سکونت اختیار کرلی اور حطیم میں امام مقرر ہوئے۔

اساتذہ آپ نے مختلف روایات کے مطابق قاری ابن الشہرزوری سے قرآنِ حکیم پڑھا اور غالباً یہ ان کے آخری شاگرد ہیں۔ اور ابوالوقت، ابنِ زاغونی، ابوطالب علوی، ابومحمد بن ماذح، ہبۃ اللہ بن سبل ابنِ بطی، ابوزرعہ مقدسی اور دوسرے بہت سے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے فنِ حدیث کی تحصیل میں پوری توجہ مبذول فرمائی اور اس فن کی بے شمار کتابیں نقل کیں۔ آپ قابل اعتماد، دیانتدار اور سمجھدار تھے۔ طلبہ کو فائدہ پہنچانا آپ کا دل پسند مشغلہ تھا۔ ابنِ نجار کہتے ہیں آپ نے مختلف روایات کے مطابق قرار کی ایک جماعت سے جن کے نام انہوں نے ذکر کیے ہیں قرآنِ مجید پڑھا۔ حافظ، حجت، عقلمند اور دینِ اسلام کے چوٹی کے رکن تھے۔ آپ کے معلومات وسیع اور محفوظات ان گنت تھے۔ بڑے عبادت گذار اور تہجد خوان تھے۔ منذری کہتے ہیں: آپ کو ادب عربی میں بھی خاصا ملکہ حاصل تھا۔ آپ نے اپنے آپ کو ملکی اور غیر ملکی طلبہ کو فائدہ پہنچانے، حدیث پڑھانے اور قرآن پاک کی تعلیم دینے کے لیے وقف کر دیا تھا۔ مکہ معظمہ میں بیس سال اسی کام میں مصروف رہے۔ دبیثی کہتے ہیں: آپ کو فنِ حدیث میں معرفتِ تامہ حاصل تھی۔ عبادت اور عدالت کے لحاظ سے بہترین شیخ تھے۔ ابنِ نقطہ کہتے ہیں حافظ ثقہ، متقن اور مکثر تھے۔

تلامذہ میں کہتا ہوں تینوں شاگرد برزالی، ابن الخلیل، تاج الدین علی بن عسقلانی کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگ بھی آپ سے روایت کرتے ہیں۔ حافظ ضیاء الدین بھی آپ کے شاگرد ہیں۔ وہ کہتے ہیں ہمارے شیخ حافظ امام الحرم ابوالفتوح نے یمن کی ایک بستی مہجم میں محرم ۵۱۹ھ میں انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

ابن مسدی کہتے ہیں: آپ یمن جا رہے تھے۔ ابھی مہجم تک پہنچے تھے کہ ربیع الآخر میں موت نے آلیا اور آگے جانے کی مہلت نہ دی۔ یہی ابن مسدی کہتے ہیں آپ قابل اعتماد ائمہ میں سے ایک امام ہیں۔ اور حفظ میں مشارٌ الیہ تھے۔

میں کہتا ہوں آپ کے شاگردوں میں سے آخری شاگرد ہمارے شیخ مقداد قیسی ابھی تک بقید حیات ہیں انہوں نے آپ سے سنن ابی داؤد وغیرہ کا سماع کیا تھا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رات یا دن میں جس وقت نیند سے بیدار ہوتے وضو کرنے سے پہلے مسواک ضرور کرتے تھے۔

fat.com

۱۱۱۵ ۱۹/۱۷ امام مسند ابن الاخضر جنابذی ثم بغدادی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبدالعزیز بن محمود بن مبارک اور لقب محدثِ عراق ہے۔ بغداد کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں، ۵۲۴ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے اپنے والد ماجد کی توجہ اور راہنمائی میں قاضی ابوبکر انصاری، ابوالقاسم ابن السمرقندی، یحییٰ بن طراح اور عبدالوہاب انماطی سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر اپنے آپ طلبِ علم کے لیے نکلے اور ارموی، ابن ناصر، ابو الوقت، ابن البطی اور بعد کے محدثین سے اکتسابِ فیض کیا کئی کتابیں اپنے ہاتھ سے نقل کیں۔ اور بہت سی قیمتی کتابیں بصرف زرِ کثیر خریدیں۔ آپ نے علم کا وسیع ذخیرہ جمع کیا۔ تصنیف و تالیف کے ذریعہ خلقِ خدا کو فائدہ پہنچایا اور تقریباً ساٹھ سال تک حدیث پاک کا درس دیا جامع قصر میں آپ کا حلقۂ درس مرجع خواص و عوام تھا۔ آپ کی تصانیف آپ کے حفظ اور آپ کی معرفت پر شاہد عدل ہیں۔ آپ صالح ثقہ، عفیف اور متدین تھے۔ ابن دبیثی کہتے ہیں: میں نے اپنے شیوخ میں ایسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ جس کے اساتذہ آپ سے زیادہ ہوں۔ اور جس کا سماع آپ سے وسیع تر ہو۔ آپ عرصہ دراز تک جامع قصر میں حدیث پڑھاتے رہے۔ میں کہتا ہوں آپ کے والد نے امام اسماعیل بن ملہ سے حدیث کا سماع کیا اور چالیس سال کی عمر میں ۵۳۵ھ میں حج کے لیے مکہ معظمہ گئے اور راستہ میں ہی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے۔ ابن نقطہ کہتے ہیں: ہمارے شیخ ابن اخضر ثقہ، مامون اور پختہ کار تھے۔ آپ کا سماع کثیر، روایات وسیع اور کتابیں بہت صحیح تھیں ہم نے آپ سے علم حاصل کیا اور ہر طرح کا استفادہ کیا۔ اور ہم نے آپ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔

عام حالات ابن نجار کہتے ہیں۔ ہمارے شیخ ابو محمد نے طلبِ علم میں اتنا مبالغہ کیا کہ ہمارے شیوخ سے بھی پڑھتے رہے اور فراغت کے بعد حدیث پڑھایا کرتے تھے۔ آپ نے اپنے والد اور ابوالحسن بن بکروس کی کوشش سے ۵۳۰ھ میں ہی حدیث کا سماع شروع کر دیا تھا۔ عہدِ شباب میں اپنے لیے اور اجرت پر لوگوں کے لیے بھی کتابیں نقل کیا کرتے تھے۔ عمر بن علی قرشی نے آپ سے حدیث کا سماع کیا ہے اور اپنی معجم میں آپ کی روایات ذکر کی ہیں۔ آپ خان خلیفہ میں بزازی کی دکان کرتے تھے۔ میں اسی دکان میں آپ سے پڑھا کرتا تھا۔ بلکہ آپ نے اپنا سارا حاصل کردہ علمِ حدیث اسی دکان میں بیٹھ کر طلبہ کے سپرد کیا ہے۔ آپ ثقہ، حجت اور عقیل و فہیم تھے۔ ہم نے اپنے اساتذہ میں ایسا کوئی آدمی نہیں دیکھا جس نے حضر و سفر میں آپ سے زیادہ سماع کیا ہو۔ اور جو اپنے اساتذہ کے حالات آپ سے زیادہ جانتا ہو جس کا حفظ و اتقان قابلِ رشک ہو اور جس کی کتابیں صحت کے اعلیٰ معیار پر پوری اترتی ہوں۔ آپ امین، عفیف اور متدین تھے۔ گاڑھا لباس پہنتے تھے۔ جب آپ سے قضاۃ کے سامنے شہادت دینے کے لیے کہا جاتا تو آپ اس سے انکار کر دیتے۔ آپ بڑے با اخلاق اور لطیف الطبع تھے۔ بغداد کے

t.com

حسین اور خوش مذاق لوگوں میں شمار ہوتے ہیں۔ اہلِ مجلس آپ کی ہمنشینی سے بور نہیں ہوتے تھے۔ بلکہ آپ کے ساتھ مل بیٹھنے میں لذت محسوس کرتے تھے۔

تلامذہ میں کہتا ہوں۔ مندرجہ ذیل اصحاب نے آپ کے خرمنِ علم سے خوشہ چینی کی۔
ابن دبیثی، ابن نقطہ، ابن نجار، ضیاء، برزالی، ابن خلیل، زین نابلسی، احمد بن محمد بن نبیمان ہمدانی، محمد بن نصر بن جیلی، محدث عاقولی کے پوتے علی بن مہران، علی بن عدلان موصلی، علی بن زریق، احمد بن حسین خلیلی، محمد بن سعید نشف، فقیہ یحییٰ بن صیرفی، نجیب عبداللطیف، ان کے بھائی عز، نجیب مقداد قیسی، علم قاسم بن احمد اندلسی، آپ کے اپنے صاحبزادے علی، ابن الاخضر اور دوسرے بہت سے لوگ، آپ سے سب سے آخر میں بواسطہ اجازت روایت کرنے والے کمال عبدالرحمٰن بن مکبر ہیں۔

آپ نے اور حافظ ابن المفضل نے ۶ شوال ۶۱۱ھ میں انتقال فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے بہز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس آدمی کے لیے ہلاکت ہے جو لوگوں کو ہنسانے کے لیے جھوٹی باتیں بیان کرتا ہے۔ اس کے لیے ہلاکت ہے اس کے لیے ہلاکت ہے۔

یہ حدیث صحیح اور عالی سند کے ساتھ مروی ہے۔ جو امام ابوداؤد، نسائی اور ترمذی نے اس سند کے ساتھ اپنی کتابوں میں ذکر کی ہے۔ عبداللہ بن مبارک و اسماعیل بن علیۃ و یحییٰ بن سعید القطان عن بہز بن حکیم بن معاویۃ بن حیدۃ القشیری عن ابیہ عن جدہ۔ رضی اللہ عنہ

امام ترمذی نے کہا ہے یہ حدیث حسن ہے۔

میں کہتا ہوں یہ حدیث جھوٹ کی حرمت میں نص صریح ہے اگر جھوٹ کی آمیزش کے بغیر لوگوں کو ہنسانے والی ایک آدھ بات کرلے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

۱۱۱۶ ۲۰/۱۷ امام عبدالرزاق جیلی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام عبدالرزاق بن شیخ ابو محمد عبدالقادر بن ابو صالح اور لقب محدث بغداد ہے۔ بغداد کے رہنے والے مایہ ناز حافظ حدیث ہیں۔ حنبلی مسلک سے وابستہ تھے ۵۲۸ھ میں پیدا ہوئے۔

اوائل عمر میں آپ نے اپنے والد کی راہنمائی میں حدیث کا کافی سماع کیا۔ پھر ہوش سنبھالنے کے بعد اپنی کوشش سے کمال پیدا کیا۔ آپ کو فن حدیث سے بڑا لگاؤ تھا۔ اس لیے اس فن کی بنیادی اور اہم کتابیں بڑی مقدار میں جمع کیں۔ آپ نے محمد بن صرما، ابوالفضل اموی، ابوالقاسم بن بنا، حافظ ابوالفضل بن ناصر، ابوبکر بن زاغونی، ابوالکرم بن شہرزوری اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے اکتساب فیض کیا۔

حافظ محمد بن عبدالواحد حنبلی لکھتے ہیں: آپ کو بغداد کے ایک مشرقی محلہ حلبہ کی طرف نسبت کی وجہ

fat.com

سے حلبی کہا جاتا تھا۔ میں نے بغداد میں آپ جیسا بیدار مغز، معاملہ فہم اور اپنے مقصد کے لیے رواں دواں کوئی شخص نہیں دیکھا۔ امام شہاب الدین ابو شامہ نے اپنی تاریخ میں آپ کا تذکرہ لکھا ہے اور کہا ہے آپ زاہد، عابد، ثقہ اور تھوڑی چیز پر قناعت کرنے والے تھے۔

میں کہتا ہوں آپ کے چشمۂ شیریں سے فیض حاصل کرنے والے درج ذیل اہل علم قابل ذکر ہیں۔ ابو عبداللہ بن دبیثی یہ آپ سے حدیث روایت کرتے تو آپ کی بہت مدح وثنا بیان کیا کرتے تھے۔ مجد الدین بن ابن النجار، ضیا مقدسی، نجیب عبداللطیف، تقی یلدانی، ان کے صاحبزادے قاضی القضاۃ ابو صالح وغیرہ۔ آپ نے یہ شمس الدین عبدالرحمٰن بن ابو عمر، ابن شیبان اور ایک جماعت کو اجازت مرحمت فرمائی تھی۔

آپ نے شوال ۶۰۳ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔

اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی سفرِ آخرت اختیار فرمایا۔

مسند ابو اسمٰعیل داؤد بن محمد بن ماشاذہ اصفہانی، مسند ابو القاسم سعید بن محمد بن عطاف مؤدب بغداد میں فوت ہوئے، مسند الوقت ابو جعفر محمد بن احمد صیدلانی۔ انہوں نے اصفہان میں ۹۴ سال کی عمر میں وفات پائی اور مسند مخلص الدین محمد بن معمر فاخر قرشی انہوں نے اصفہان میں انتقال فرمایا۔ رحمہم اللہ تعالیٰ

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے بندہ کی نماز کا حساب لیا جائے گا۔ اگر وہ پوری نکلی تو اس کے باقی عمل قبول کر لیے جائیں گے۔ اور اگر وہ ناقص ہوئی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ دیکھو اگر اس کے نفل ہیں تو اس سے اس کی نماز پوری کر دو۔

اس نقص سے نماز کی تعداد کا نقص اور اس کی کیفیت اور ہیئت کا نقص دونوں مراد ہو سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس کے نوافل سے دونوں طرح کا نقص دور فرما دے گا۔ اور اس کی نماز کو مکمل کر دے گا۔ فللہ الحمد

۱۱۱۷ ۲۱/۱۷ امام عبدالقادر بن عبداللہ رُہاوی حنبلی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبدالقادر بن عبداللہ اور لقب محدث جزیرہ ہے۔ موصل کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ ۵۳۶ھ میں رُہا میں پیدا ہوئے اور شہر موصل میں پلے اور جوان ہوئے۔ آپ دراصل ہمیشہ سفر میں رہنے والے کسی موصلی کے غلام تھے۔ اس نے آزاد کر دیا تو طلبِ علم کی طرف متوجہ ہوئے اور علم حدیث کو اپنا مقصود اور مطمحِ نظر بنایا۔ آپ نے اس فن کی تحصیل کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور ہر چشمہ شیریں سے اپنی پیاس بجھائی۔ چنانچہ آپ نے اصفہان میں مسعود بن حسن ثقفی، حسن بن عباس رستمی، ابو جعفر محمد بن حسن صیدلانی، رجاء بن حامد، محمود فوزجہ، اسماعیل بن شہریار، معمر بن فاخر، عبدالرحیم بن ابو الوفاء، علی بن عبدالصمد بن مردویہ اور ان کے اقران سے، ہمدان میں حافظ ابو العلاء اور محمد بن بنیمان اور ابو زرعہ مقدسی سے، ہرات میں بیبی ہر ثمیہ کے آخری شاگرد عبدالجلیل بن ابو سعد سے، مرو میں مسعود بن محمد مروزی سے، نیشاپور

میں ابوبکر محمد بن علی طوسی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، سجستان میں ابوعمرو بہ عبدالہادی بن محمد زاہد سے، بغداد میں ابوعلی احمد بن محمد رجی، ابو محمد خشاب اور دوسرے لوگوں سے، واسط میں ہبۃ اللہ بن مخلد ازدی، اور ابوطالب محتسب، موصل میں ابوالفضل طوسی اور یحییٰ بن سعدون قرطبی سے، دمشق میں حافظ ابوالقاسم اور محمد بن برکت صلحی سے، مصر میں محمد بن علی رجبی اور ابن بری سے اور اسکندریہ میں حافظ سلفی سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ایک ضخیم جلد میں مختلف اسانید کے ساتھ "الاربعین" نامی کتاب تصنیف کی جو آپ کے تبحر اور وسعتِ علم کا بین ثبوت ہے۔

مرتبہ و مقام ابن نقطہ کہتے ہیں آپ ثقہ، مامون اور نیکوکار عالم تھے۔ مگر مزاج میں کچھ سختی تھی۔ لہذا آپ سے اکثر وہی لوگ زیادہ فائدہ اٹھاتے تھے جو آپ کی صحبت میں عرصہ تک رہتے تھے۔ یوسف بن خلیل کہتے ہیں۔ آپ حافظ، ثبت، کثیر التصنیف اور صاحبِ اتقان تھے۔ آپ پر علمِ حدیث ختم ہو گیا ہے ابو محمد منذری کہتے ہیں۔ آپ حافظ اور ثقہ تھے اہلِ دنیا سے دور رہنا پسند کرتے تھے۔ ابو شامہ کہتے ہیں آپ صالح، پرہیزگار اور پُر ہیبت عابد و زاہد تھے۔ معمولی اور سادہ زندگی پر قانع تھے۔

میں کہتا ہوں آپ سے فیض یافتگان میں مندرجہ ذیل اصحاب قابلِ ذکر ہیں۔

ابن نقطہ، زکی برزالی، ضیا، ابن خلیل، صریفینی، اسماعیل بن ظفر، شہاب قوصی، عبدالرحمٰن بن سلم انباری، ابوالعباس بن عبدالدائم، ابوزکریا بن صیرفی، عامر قلعی، عبدالعزیز بن صیقل، فقیہ ابوعبداللہ بن حمدان وغیرہ۔

آپ سے آپ کی کتاب "الاربعین" میں کئی مقام پر اوہام سرزد ہوئے ہیں جن پر میں نے تنبیہ کی ہے آپ حفظ اور معرفت کے ساتھ موصوف تھے مگر دوسرے کئی اصحاب کو آپ پر تقدم حاصل تھا۔ مختلف اسانید ذکر کرنے کے التزام کے باوجود آپ سے ۴ مقامات پر تکرار واقع ہوا ہے۔

وفات حافظ رُہاوی کا انتقال ۲ جمادی الاولیٰ ۶۱۲ھ میں حران میں ہوا۔

اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی دنیائے دوں کو چھوڑ کر عالمِ آخرت کا سفر کیا۔

مسند احمد بن ازہر بن عبدالوہاب بغدادی سباک صوفی، آپ ماہ شوال میں اچانک فوت ہو گئے آپ نے امام عبدالوہاب انماطی سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ مسند ابوالعباس احمد بن یحییٰ بن برکت بغدادی بزاز، مسند ابوالفضل سلیمان بن محمد موصلی، مسند رحلہ ابو محمد عبدالعزیز بن معالی بن غنیمہ بن منینا، شریف ابوالفضل، عبیداللہ بن احمد ہاشمی منصوری، شیخ الصعید قدوۃ ابوالحسن علی بن حمید بن صباغ، شیخ ابوعبداللہ محمد بن ابوالمعالی بن موہوب صوفی، کمال الدین ابوالفتوح محمد بن علی بن مبارک حلاملی سفار، مسند ابوالقاسم موسیٰ بن سعید ہاشمی اور مسند یحییٰ بن یاقوت بن فراش مجاور۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں۔ میں حضرت ابوبکر کی خدمت میں حصولِ تعاون کے لیے آیا مگر انہوں نے مجھے کچھ نہ دیا۔ میں پھر آیا انہوں نے پھر مجھے کچھ نہ دیا میں پھر حاضر

ہوا مگر انہوں نے تیسری بار بھی مجھے کچھ نہ دیا۔ میں نے عرض کیا اگر کچھ دینا ہے تو دیں اور اگر بخل سے کام لینا ہے تو آپ کی مرضی۔ فرمانے لگے آپ میرے متعلق بخل کا خیال رکھتے ہیں۔ بخل سے بڑھ کر کون سی بُری بیماری ہے؟ آپ کے ہر دفعہ آنے پر میرا ارادہ آپ کو ایک ہزار درہم دینے کا ہے۔ چنانچہ مجھے ایک ہزار، ایک ہزار اور ایک ہزار جملہ تین ہزار درہم ادا کیے۔

۱۱۱۸ ۲۲/۱۷ امام ابن عات نفزی شاطبی

آپ کی کنیت ابو عمر اور نام احمد بن ہارون بن احمد بن عات ہے۔ ۵۴۲ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ اندلس کے بلند پایہ حفاظِ حدیث میں شمار ہوتے ہیں۔

ابار آپ کے تذکرہ میں لکھتے ہیں۔ آپ نے اپنے وطن میں علامہ ابو محمد، ابوالحسن بن ہذیل، علم بن عبدالعزیز اور ان کے اقران سے اور اسکندریہ میں حافظ سلفی اور ابن عوف زہری سے حدیث کا سماع کیا۔ ابو محمد منذری کہتے ہیں آپ نے محمد بن یوسف بن سعادۃ، عاشر بن محمد اور مخلوف بن جارہ سے بھی اکتساب فیض کیا۔

مرتبہ و مقام ہمارے شیخ ابن المفضل آپ کے تذکرے میں لکھتے ہیں آپ کا حافظہ بڑا قوی اور یادداشت بہت مضبوط تھی اس لیے آپ کو احادیث بکثرت یاد تھیں۔ علوم و معارف حاصل کرنے کا بہت شوق رکھتے تھے۔ ابار کہتے تھے آپ حفاظِ حدیث میں سے حافظِ حدیث ہیں۔ آپ متون اور اسانید کو اس طرح زبانی فرفر پڑھتے تھے کہ ان میں ایک حرف کی بھی کمی بیشی نہیں ہونے دیتے تھے۔ روایت اور درایت دونوں میں باکمال تھے۔ آپ پر سلف کی طرح کا زہد اور تورع غالب تھا۔ روکھا سوکھا کھاتے اور موٹا جھوٹا پہنتے تھے۔ آپ نے اکثر مختلف مساجد میں مؤذن کے فرائض سرانجام دیئے ہیں۔ آپ نے اپنی یادگار میں بہت سی تصانیف چھوڑی ہیں جو آپ کے وسیع معلومات اور کثیر محفوظات پر دلالت کرتی ہیں آپ کو نظم و نثر دونوں پر قدرت حاصل تھی۔ میرے شیوخ نے مجھے آپ سے حدیث بیان کی ہے اور خود آپ نے مجھے اپنی مرویات کی اجازت عطا فرمائی ہے۔

وفات آپ گھر سے جہاد کے لیے نکلے اور جنگِ عقاب میں جس میں اہلِ اسلام کو شکست ہوئی اور اندلس ان کے ہاتھ سے نکل گیا۔ شریک ہوئے۔ پھر صفر ۶۰۹ھ میں لاپتہ ہو گئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

میں کہتا ہوں مجھے آپ کی کچھ روایات سندِ نازل سے حاصل ہوئی ہیں۔

اس سال آپ کے بعد مندرجہ ذیل علماء نے بھی انتقال کیا۔

اندلس کے شیخ القراء ابو جعفر احمد بن علی دانی حصار، محدث مفید ابو اسحاق ابراہیم بن محمد قفصی شافعی قفصہ جس کی طرف آپ منسوب ہیں قیروان کے قریب ایک مشہور قصبہ ہے۔ امام محدث جوال ابو نزار ربیعہ بن حسن حضرمی ذماری شافعی ۸۴ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مقری محدث ابو شجاع زاہر بن رستم

بغدادی شافعی آپ نے مکہ معظمہ میں انتقال فرمایا۔ مسند ہمدان ابوالفضل عبدالرحمٰن بن عبدالوہاب ہمدانی، امام العربیۃ ابوالحسن علی بن محمد بن خروف حضرمی اشبیلی اور محدث مسند ابوالفرج محمد بن علی بن حمزہ حرانی ثم بغدادی آپ ابن القبیطی کے نام سے مشہور ہیں۔

۱۱۱۹ ۲۳/۱۷ امام مفتی علی بن مفضل اسکندرانی

آپ کی کنیت ابوالحسن، نام علی بن مفضل بن مفرج مقدسی اور لقب شرف الدین ہے۔ بیت المقدس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ مالکی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ ۵۴۴ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ثغر میں امام صالح بن بنت معافی، ابوطاہر بن عوف، عبدالسلام بن عتیق سفاقسی اور امام ابوطالب لخمی سے علم فقہ حاصل کیا۔ نیز ان سے اور حافظ سلفی سے حدیث کا سماع کیا۔ حافظ سلفی کی خدمت میں عرصہ دراز تک رہے۔ ان سے بہت زیادہ استفادہ کیا۔ اور ان سے اور ان کے تلامذہ سے سند فراغت حاصل کی۔ آپ نے عمر سید شیخ قاضی ابوعبید نعمت بن زیادۃ اللہ غفاری سے بھی سماع کیا اور انہوں نے آپ کو عیسیٰ بن ابوذر ہروی ثم السروی سے حدیث بیان کی۔ آپ نے ان سے ۵۵۵ھ میں پوری صحیح بخاری پڑھی تھی۔ صرف آخر میں چند اوراق پڑھنے باقی رہ گئے تھے۔ آپ نے مذکورہ بالا اساتذہ کے علاوہ ثغر، فسطاط اور حرمین شریفین کے درج ذیل علماء سے بھی کسب فیض کیا تھا۔

بدر حداد اذی، عبداللہ بن خلف مقری، عبداللہ بن بری نحوی، علی بن ہبۃ اللہ کاملی اور محمد بن علی رجی وغیرہ۔

عام حالات آپ اسکندریہ میں عرصہ تک نائب اور قائمقام گورنر رہے اور وہاں کے مدرسہ میں تدریس بھی انجام دیتے رہے پھر قاہرہ منتقل ہو گئے اور تازندگی صلاح بن شکر کے جاری کردہ مدرسہ میں پڑھاتے رہے۔ آپ کا شمار مذہب سے خوب واقفیت رکھنے والے ائمہ اور حفاظ حدیث میں ہوتا ہے۔ آپ نے بڑی مفید اور کارآمد کتابیں تصنیف کی ہیں۔ مجھے ۶۱۶ھ میں احکام صیام میں آپ کی ایک کتاب دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے۔ جس میں آپ نے ہر حدیث اپنی سند سے بیان کی ہے۔ آپ متورع، متدین اور پسندیدہ اخلاق کے حامل تھے۔ ان کے علاوہ دوسری خوبیاں بھی آپ میں بقدر ضرورت پائی جاتی ہیں۔

تلامذہ آپ کے تلامذہ کی فہرست خاصی طویل ہے۔ چند قابل ذکر نام درج ذیل ہیں۔
امام منذری، برزالی، رشید آوری، علم عبدالحق بن رصاص، شرف عبدالملک بن نصر فہری لغوی، محمد علی بن وہب قشیری مالکی، اسحاق بن بلکویہ صوفی، محمد بن مرتضیٰ بن حاتم، شہاب قوصی، حسن بن عثمان قاسی، محتسب ثغر، جمال محمد بن سلیمان ہواری، قاضی شرف ابوالفضل سبکی، نجیب احمد بن محمد سفاقسی،

Marfat.

محمد بن عبدالخالق بن طرخان اور محی عبدالرحیم بن دمیری وغیرہ۔

حافظ منذری نے آپ کا تذکرہ لکھا ہے اور کہا ہے آپ پر اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ آپ تمام علوم وفنون کے جامع تھے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض فضلاء نے آپ کا جنازہ دیکھ کر فرمایا تھا۔ ابوالحسن! اللہ تعالیٰ آپ کو کروٹ کر رحمت سے نوازے۔ آپ نے لوگوں کو بہت سے فرضوں سے سبکدوش کر دیا تھا۔

وفات منذری کہتے ہیں آپ نے اوائل شعبان ۶۱۱ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا اور قاہرہ کے نواحی پہاڑ المقطم کے دامن میں سپرد خاک کیے گئے۔

اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا۔

مسند اندلس ابوالقاسم احمد بن محمد بن مطرف فرضی ۷۲ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ آپ نے علامہ بطرو سے پوری سنن نسائی کا سماع کیا تھا اور بغداد میں اپنے وقت کے شیخ الحنابلہ ابوبکر محمد بن معالی بن غنیمہ جلا نے ۸۰ سال عمر پاکر وفات پائی۔ آپ کو کروجی اور ان کے اقران سے سماع حاصل ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لبیک بحج وعمرۃ معًا۔ یعنی میں حج اور عمرہ دونوں کے لیے حاضر ہوں۔

یہ حدیث ان رواۃ سے بہت غریب ہے۔ مجھے احمد بن سلامہ کی کتاب میں یہ حدیث بڑی عالی سند کے ساتھ ملی ہے۔ وہ یہ ہے عن احمد بن محمد التیمی انا ابوعلی المقری انا ابونعیم الحافظ نا ابوبکر بن خلاد نا محمد بن الفرج عبداللہ بن بکر السہمی نا حمید عن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لبیک بحجۃ وعمرۃ....

۱۱۲۰ ۲۴/۱۷ امام ربیعہ بن حسن بن علی حضرمی صنعانی

آپ کی کنیت ابونزار اور نام ربیعہ بن حسن بن علی ہے۔ آپ حضرموت کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور نامی گرامی لغوی ہیں۔ آپ نے طلب علم کے لیے مختلف ممالک کے بڑے طویل سفر کیے اور ہر شہر کے چشمہ صافی سے اپنی تشنگی دور کی۔ ۵۲۵ھ میں پیدا ہوئے۔ علم فقہ اپنے وطن یمن میں حاصل کیا۔ پھر بحری جہاز میں سوار ہو کر جزیرہ کبیش پہنچے اور اصفہان، ہمدان اور بغداد میں حدیث کا سماع کیا۔ اصفہان میں فن فقہ میں مزید کمال پیدا کیا۔

آپ نے قاسم بن فضل صیدلانی، ابوالفضل محمد بن سہل مقری، رجاء بن حامد معدانی، عبداللہ بن علی طاندی، اسمٰعیل بن شہریار، عبدالجبار بن صالحانی، معمر بن فاخر، ابومسعود، عبدالرحیم حاجی اور متعدد دوسرے حضرات سے حدیث میں اکتساب فیض کیا اور بغداد میں خشاب اور شہدہ اور ثغر میں حافظ ابوطاہر سلفی سے مستفید ہوئے۔ اس کے علاوہ دمشق، مصر اور حرمین شریفین کے خرمنہائے علم سے خوشہ چینی کی اور حدیث کا بہت بڑا ذخیرہ اپنے ہاتھ سے ضبط تحریر میں لائے۔ آپ سے استفادہ کرنے والوں میں دو پاک باز امام برزالی اور منذری، ضیا مقدسی،

ابن خلیل، تقی یلدانی، شہاب قوصی، محمد بن نشبی اور دوسرے بہت سے لوگ شامل ہیں۔

عام حالات منذری کہتے ہیں۔ میں نے آپ سے فن حدیث میں اچھا خاصا مواد لکھا ہے۔ آپ کی اکثر کتابیں پیچھے آپ کے گھر یمن میں تھیں۔ اس فن کو سمجھنے والے جن ائمہ سے میری ملاقات ہوئی ہے۔ ان میں سے ایک آپ ہیں۔ آپ علم لغت میں بھی خوب ماہر تھے۔ قرآن مجید کی تلاوت بکثرت کرتے تھے اور عبادت میں بڑے سرگرم تھے۔ آپ کو علیحدگی اور خلوت نشینی پسند تھی۔ میں نے عمر بن حاجب کی تحریر پڑھی ہے لکھتے ہیں: ربیعہ امام، حافظ، عالم، ثقہ، ادیب اور شاعر تھے آپ کا خط بہت عمدہ اور صاف تھا۔ دیندار اور پرہیزگار تھے۔ حضرموت کی نواحی بستی شبام میں پیدا ہوئے تھے۔ قوصی اپنی معجم میں لکھتے ہیں: ابو نزار نے ہمیں اپنے شعر سنائے۔

۱۔ ببیت لھیا بساتین مزخرفۃ — کانھا سرقت من دار رضوان

۲۔ اجرت جدا ولھا ذوب اللجین علی — حصی من الدر مخلوط بعقیان

۳۔ والطیر تھتف فی الاغصان صادحۃ — کضاربات مزامیر وعیدان

۴۔ وبعد ھذا لسان الحال قائلۃ — ما اطیب العیش فی امن و ایمان

آپ نے ۱۲ جمادی اخری ۶۰۹ھ میں انتقال فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حراء پہاڑ پر تھے کہ وہ حرکت کرنے لگا آپ نے فرمایا حراء! ٹھیر جاؤ اس وقت تجھ پر یا نبی ہے یا صدیق ہے یا شہید ہے اور اس وقت آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر اور سعد بن ابی وقاص تھے رضی اللہ عنہم۔

اس سال آپ کے ساتھ اُن مشاہیر نے سفر آخرت اختیار فرمایا جن کا ابن عات کے ترجمہ میں ذکر آ چکا ہے۔

۱۱۲۱ ۲۵/۱۷ امام تجیبی مرسی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ، نام محمد بن عبدالرحمٰن بن علی اور لقب محدث تلمسان ہے۔ آپ مرسیہ اندلس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔ آپ مختلف قرأت کے ماہر تھے۔ اور یہ فن آپ نے قاری ابو احمد بن معطی، ابوالحجاج ثغری اور ابوعبداللہ بن فرس سے سیکھا۔ علم حدیث کا سماع بھی ان سے کیا اور ابومحمد بن عبیداللہ سے بھی مستفید ہوئے پھر مزید تعلیم کے لیے رخت سفر باندھا۔ پہلے حج کیا۔ سالہا سال وطن سے باہر رہے حافظ سلفی اور دوسرے ائمہ سے علم کا وسیع ذخیرہ اپنے قلب و دماغ میں محفوظ کیا۔ کہتے ہیں: حافظ سلفی نے ان کے حق میں درازی عمر کی دعا کی تھی اور فرمایا تھا آپ انشاء اللہ مغرب کے محدث بنیں

fat.com

گے۔ مذکورہ بالا اساتذہ کے علاوہ آپ نے مکہ مکرمہ میں علی بن حمید اور بجایہ میں حافظ عبدالحق سے بھی حدیث کی سند حا
کی تھی۔ فراغت کے بعد آپ نے اندلس کے مشہور شہر سبتہ میں ۵۷۴ھ میں پڑھانا شروع کیا۔ اور آپ سے آپ
شیوخ کی زندگی میں ہی مقامی اور بیرونی طلبہ نے اکتساب فیض کیا۔ پھر آپ نے تلمسان میں مستقل رہائش اختیا
کرلی اور احادیث کی تخریج اور تصنیف و تالیف میں مصروف ہوگئے۔ آپ نے اپنے شیوخ کے حالات میں ایک معج
لکھا جو ایک جلد پر مشتمل ہے۔ دور دور کے محدث آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ سے استفادہ کیا کرتے تھے۔

مرتبہ و مقام ابار اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں: آپ عادل، پسندیدہ اطوار اور فن حدیث کے حافظ اور ضابط تھ
لیکن دوسرے کئی محدثین ضبطِ حدیث میں آپ سے فائق تھے۔ آپ کی عدالت اور سند عالی کے
پیشِ نظر نہ صرف ہمارے اقران بلکہ متعدد ہمارے شیوخ بھی ان سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے اپنی جملہ مرویات کی
مجھے اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ آپ نے درج ذیل کتابیں لکھی ہیں۔

(۱) اربعین حدیثا فی المواعظ (۲) اربعین حدیثا فی القضاء و فضلہ (۳) اربعین فی الحب فی اللہ (۴) اربعین
حدیثا فی الصلوٰۃ علی رسول اللہ علیہ وسلم وغیرہ

وفات آپ ۷۰ سال کی عمر میں جمادی الاولیٰ ۶۱۰ھ میں واصل بحق ہوئے۔
میں کہتا ہوں اس سال درج ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا۔

عز نسابہ کے والد تاج الامناء احمد بن محمد بن حسن بن عساکر، ۶۸ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ آپ نے اپنے
اساتذہ سے مروی احادیث کی بہت اچھی تخریج کی تھی۔ شیخ اندلس اور خطیب قرطبہ ابوجعفر بن یحییٰ حمیری ان کا
اصل نام احمد بن ابراہیم ہے۔ آپ نے بڑے بڑے مشائخ سے ملاقات کی۔ اور ۸۰ سال سے زیادہ عمر پاکر وفات
پائی۔ شیخ الحنابلہ الفخر اسماعیل بن علی ابن المنی بغداد میں فوت ہوئے۔ عمر رسیدہ بزرگ ابوعبداللہ حسین بن
سعید بن شنیف دارقزی ۸۵ سال کی عمر میں دنیا سے رخصت ہوئے۔ مسند عبدالجلیل بن ابوغالب بن مندویہ
اصفہانی نزیل دمشق، مسند موصل مہذب الدین علی بن احمد طبیب، عمر رسیدہ خاتون عین الشمس بنت احمد بن ابوالفرج
ثقفیہ اصفہانیہ ۹۰ سال کی عمر کو پہنچ کر فوت ہوئیں اور مفید محدث اصفہان ابوعبداللہ محمد بن مکی حنبلی۔

t.com

اٹھارھواں طبقہ

اس میں ۱۲۶ ائمہ کے حالات درج ہیں۔

۱۱۲۲ $\frac{1}{18}$ امام مفید ابن القرطبی محدث اور خطیب مالقہ

آپ کی کنیت ابوبکر اور ابو محمد، نام عبداللہ بن حسن بن احمد انصاری اور لقب محدث مالقہ ہے۔ مالقہ کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث ہیں۔

آپ نے اپنے والد ابو علی، ابوبکر بن جد، ابوالقاسم بن جیش، ابو عبداللہ بن زرقون اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ امام سہیلی کے تلمیذ خاص ہیں ان کی صحبت میں عرصہ تک رہے اور ان سے سند فراغت حاصل کی۔ امام ابوالحسن بن ہذیل اور امام ابومروان بن قزمان نے آپ کو اجازت عطا فرمائی تھی۔ آپ نے فن حدیث بڑی توجہ اور محنت سے حاصل کیا اور نازل اور عالی ہر قسم کی احادیث لکھیں۔

مرتبہ و مقام ابار آپ کے حالات میں لکھتے ہیں۔ آپ کو صنعت حدیث میں معرفت تامہ اور بصیرت کاملہ حاصل تھی۔ آپ صاحب حفظ و اتقان تھے۔ خصوصاً علم الرجال میں دوسرے علماء پر فوقیت رکھتے تھے۔ فن قرأت کو بھی خوب جانتے تھے۔ اور ادب عربی میں آپ کے معلومات قابل اعتماد تھے۔ آپ نے امام سیبویہ کی کتاب کی مختلف ابحاث پر کئی دفعہ کامیاب مناظرے کیے۔ فن حدیث میں کمال اپنے والد سے ورثہ میں پایا تھا۔ حفظ اور جرح و تعدیل میں آپ کے زمانہ میں معدودے چند آدمیوں کے سوا آپ کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا تھا۔ ابو محمد بن حوط اللہ کہتے ہیں حقیقی معنی میں اندلس میں محدث تین ہیں ابو محمد قرطبی، ابوالربیع بن سالم پھر خاموش ہو گئے غالباً تیسری شخصیت سے ان کی اپنی ذات مراد تھی۔ ابن القرطبی بلند اخلاق اور پسندیدہ اطوار تھے لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت جاگزین تھی۔ خاص و عام آپ کی تعظیم و تکریم کرتے تھے۔ لوگوں نے آپ سے علم حاصل کیا اور بہت فائدہ اٹھایا۔ ابن ابار کہتے ہیں یہ میری بدقسمتی ہے کہ میں ان سے ملاقات نہیں کر سکا اور استفادہ سے محروم رہا۔

آپ نے ربیع الآخر ۶۱۱ھ میں مالقہ میں اپنی جان جان آفرین کے سپرد کی۔

میں کہتا ہوں آپ ۶۰ سال کی عمر سے پہلے ہی انتقال کر گئے تھے۔ میرے علم میں ان کے واسطہ سے میرے پاس کوئی حدیث نہیں اور اگر کوئی ہوئی تو بذریعہ اجازت ہوگی۔

ابن زبیر کہتے ہیں ابن القرطبی سے مراد حافظ ابو محمد قرطبی، ابوالقاسم بن دحمان، سہیلی اور اپنے والد ماجد

Marfat.

سے روایت کرتے ہیں مختلف قرأت اور فنون عربیہ کی تعلیم بھی ان سے حاصل کی۔ اور آپ سے استفادہ کرنے و
کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ اس کے بیان کے لیے ایک دفتر درکار ہے۔ آپ باکمال محدث، حافظ، ضابط، مفید
متقن، امام وقت، نحوی، لغوی، ادیب، کاتب، شاعر، نامور فقیہ، عابد، زاہد، پرہیزگار اور عالم باعمل تھے۔ لوگ
دُور دراز ممالک سے استفادہ کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہُوا کرتے تھے۔ اور آپ کی امامت پر اعتماد کرتے
تھے۔ بڑھاپے سے پہلے ہی موت نے آپ کو اپنی آغوش میں لے لیا۔ آپ ذیقعدہ ۵۵۶ھ میں پیدا ہُوئے
اور تقریباً ۲۰ سال کی عمر میں ہی مالقہ میں صدر مدرس کے منصب پر فائز ہوگئے پھر مختلف اوقات میں غرناطہ، اشبیلیہ
سبتہ اور مرسیہ میں بھی رہے آخر کار مالقہ کے خطیب مقرر ہُوئے اور یہیں انتقال فرمایا۔

آپ سے محدث ابو عبداللہ بن طراز، ابوالقاسم بن طیلسان اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ نے
قرأت نافع میں ایک کتاب لکھی ہے آپ شاعر بھی تھے۔ ابن زبیر نے آپ کے درج ذیل اشعار بطور نمونہ نقل
کیے ہیں۔

۱۔ سهرت اعين ونامت عيون — لامور تكون اولا تكون
۲۔ فاطرد الهموما استطعت عن النفس — فحملانك الهموم جنون
۳۔ ان ربا كفاك بالامس ما كا — ن سيكفيك فى غد ما يكون

۱۔ ترجمہ:۔ ایسے امور کے لیے جو سرانجام پاتے ہیں یا سرانجام نہیں پاتے کچھ آنکھیں جاگتی ہیں اور کچھ سوتی ہیں
۲۔ ترجمہ:۔ جہاں تک ممکن ہو اپنے دل سے فکر دور رکھ کیونکہ تیرا فکرمند ہونا جنون اور حماقت ہے۔
۳۔ ترجمہ:۔ جو رب ماضی میں وقوع پذیر حوادث میں کافی ہُوا تھا وہ آئندہ وقوع پذیر حوادث میں بھی کافی
ہوگا۔

۱۱۲۳ ۲/۱۸ امام ابن حَوْط اللہ اُندِی اَندلُسی اَنصاری

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبداللہ بن سلیمان بن داؤد بن حوط اللہ اور لقب محدثِ اَندلس ہے۔ اَندلس
کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ ۵۴۹ھ میں اندۃ میں پیدا ہُوئے۔ اور قرأتِ سبع کی تعلیم اپنے والد
سے حاصل کی۔ پھر بلنسیہ جاکر ابن ہذیل سے ورش کی کچھ قرأت سیکھی اور کتاب الایجاز آدھی پڑھی چونکہ پوری
قرأت نہیں سیکھی تھی اس لیے سند نہیں ملی۔

اساتذہ پھر آپ نے مزید تعلیم کے لیے رحلت فرمائی اور مرسیہ میں امام ابوالقاسم بن جبیش اور ابوعبداللہ
بن حمید سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ابن حمید سے نحو اور لغت کے مسائل تحریر کیے۔ ان کے علاوہ
مالقہ میں ابو زید سہیلی، غرناطہ میں عبدالمنعم بن فرس اور ابوبکر بن ابو زمنین، اشبیلیہ میں ابوبکر بن جد اور ابوعبداللہ
بن زرقون، قرطبہ میں خلف بن بشکوال، سبتہ میں ابو محمد بن عبیداللہ اور مراکش میں ابوالعباس احمد بن مضاء

t.com

سے اکتساب فیض کیا۔ اور بہت سے محدثین نے آپ کو اجازت بھی عطا فرمائی تھی۔ ان میں سے اسماعیل بن عوف اسکندری اور ابوطاہر خشوعی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

ابار کہتے ہیں ابو محمد بچپن سے بڑھاپے تک طلب علم میں سرگرداں رہے اور مالی اور نامالی ہر قسم کی امداد پیش بیان کیں۔ آپ فن حدیث میں صاحب بصیرت امام تھے۔ ضبط و اتقان میں مشہور اور علم الرجال میں ماہر اور تجربہ کار تھے۔ آپ نے امام بخاری، مسلم، ابوداؤد، نسائی اور ترمذی کے شیوخ کے حالات میں ایک کتاب لکھی جس کی تجزیہ میں آپ نے امام ابونصر کلاباذی کا طریقہ اختیار کیا۔ اور وہی مقاصد پیش نظر رکھے۔ لیکن افسوس مکمل نہ ہو سکی۔ آپ کی زندگی اکثر سفر میں گذری ہے اس لیے آپ کی کتابیں ایک جگہ جمع ہونے کی بجائے مختلف مقامات پر منتشر رہیں اگر آپ کو ایک جگہ جمع کر کے تصنیف و تالیفات کا موقعہ ملتا تو لوگوں کو آپ کی شخصیت سے بیش از بیش نفع حاصل ہوتا۔ آپ کے زمانہ میں آپ اور آپ کے بھائی محدث ابوسلیمان سے زیادہ کسی نے حدیث کا سماع نہیں کیا۔ مگر ادب، طب اور دیگر فنون میں آپ کو اپنے بھائی پر تقدم حاصل تھا۔ نیز آپ شعر گوئی، تحریر، رسائل اور انشائے خطبات میں امتیازی شان کے حامل تھے۔

قرطبہ میں عرصہ تک قرآن مجید اور علم نحو پڑھاتے رہے پھر سلطان مغرب منصور نے آپ کو اپنے بیٹوں کا اتالیق مقرر کیا اور آپ مراکش میں ان کی تعلیم و تربیت کا فریضہ سرانجام دینے لگے۔ اس سے آپ کی عزت و عظمت میں اضافہ اور مالی حالت میں بڑی ترقی ہوئی۔ مختلف اوقات میں اشبیلیہ، قرطبہ اور مرسیہ میں عہدہ قضا پر بھی فائز رہے۔ زمانہ اقتدار میں آپ کی سیرت انتہائی بے داغ تھی۔ آپ کی زبان و قلم سے کسی کو شکایت کا موقعہ نہیں ملا۔ یہی وجہ ہے کہ لوگوں میں ہر وقت آپ کی محبت کو بڑی قدر حاصل تھی۔ آپ کی شخصیت بڑی بارعب اور باوقار تھی۔ حق گوئی میں بے باک تھے جس سے آپ کو بعض اوقات مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ آپ سے لوگوں نے بکثرت علمی استفادہ کیا۔

آپ مرسیہ کے دوبارہ قاضی مقرر ہوئے۔ اور اپنے عہدہ کا چارج لینے کے لیے وہاں جا رہے تھے کہ راستہ میں ربیع الاول ۶۱۲ھ میں بمقام غرناطہ داعی اجل کو لبیک کہا۔

آپ کے بھائی حافظ ابوداؤد بن سلیمان طالب علمی کے زمانہ میں اندلس کے مختلف شہروں سے حدیث حاصل کرنے کے لیے آپ کے رفیق سفر تھے۔ دونوں بھائیوں نے انتہائی جانفشانی اور محنت سے کام کیا۔ اور اپنے شیوخ سے اتنا استفادہ کیا کہ ان کے سوا کسی دوسرے نے اتنا استفادہ نہیں کیا۔

ان کے والد قاری ابوداؤد نے سات شیوخ سے قرأت سبع کی تعلیم حاصل کی اور خلف بن خاقان کے تلمیذ خاص قاری محمد بن احمد شنیبانی سے حرز ثمین اور ابوعمرو کی قرأت سیکھی تھی۔

۱۱۲۴ ۳/۱۸ امام علامہ ابن الاثیر جزری

آپ کی کنیت ابوالحسن، نام علی بن اثیر ابوالکرم محمد بن محمد بن عبدالکریم شیبانی، لقب عزالدین، جزیرہ ابن عمر کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث، ناموَر محدث اور جلیل القدر لغوی ہیں۔ شہرۂ آفاق کتب "تاریخ کامل" "معرفۃ الصحابہ" "اُسد الانساب" وغیرہ کے مصنف اور صاحب "جامع الاصول" علامہ مجدالدین اور صاحب کتاب "المثل السائر" وزیر ضیاءالدین نصراللہ کے بھائی ہیں۔

۵۵۵ھ میں جزیرہ ابن عمر میں پیدا ہوئے اور موصل میں خطیب موصل ابوالفضل طوسی اور یحیی الثقفی وغیرہ سے بغداد میں عبدالمنعم بن کلیب، یعیش بن صدقہ اور ابن سکینہ سے اور دمشق میں ابوالقاسم بن صصری اور زین الامناء سے حدیث کا سماع کیا۔ اپنی تصانیف میں ان شیوخ سے روایت کرتے ہیں۔ مختلف اوقات میں موصل، دمشق اور حلب میں حدیث پڑھاتے رہے ہیں۔ آپ کے تلامذہ کی فہرست خاصی طویل ہے۔ قابلِ ذکر درج ذیل ہیں۔

ابن دبیثی، قوصی، مجدالدین عقیلی، شرف الدین ابن عساکر اور سنقر قضائی وغیرہ۔

عام حالات آپ کی ذات مجمعِ فضائل اور آپ کا گھر مجمعِ علماء تھا۔ آپ بہت بڑے عالم، علم الانساب اور علم الرجال کے ماہر اور نامور مؤرخ تھے۔ صحابہ کے حالات میں آپ کے معلومات بالخصوص بڑے مستند تھے۔ تواضع پسند، سخی اور امانتدار تھے۔ آپ ایک دفعہ بحیثیت شاہی ایلچی شام تشریف لائے تھے آپ نے موصل کی ایک تفصیلی تاریخ لکھنا شروع کی تھی لیکن وہ پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکی۔ آپ کا شہر جزیرہ ابن عمر بقول ابن خلکان اس کے بانی رئیس اعظم عبدالعزیز بن عمر برقعیدی کی طرف منسوب ہے۔ ابن المستوفی مورخ اربل نے دوسرا قول یہ نقل کیا ہے کہ اس شہر کو عمر بن اوس تغلبی کے دونوں بیٹوں اوس اور کامل نے آباد کیا تھا جو ان کی طرف انتساب کی وجہ سے جزیرہ ابن عمر کہلایا۔ تیسرا قول یہ ہے کہ یہ گورنر عراق یوسف بن عمر ثقفی کی طرف منسوب ہے۔

علامہ ابن اثیر نے اواخر شعبان ۶۳۰ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال موت کا شکار ہونے والے علماء کے اسماءِ گرامی ابن حاجب کے حالات میں ذکر ہوں گے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت فضل بن عباس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم برابر لبیک پکارتے رہے تا آنکہ جمرہ عقبہ پر کنکر پھینکے۔

یہ حدیث صحیح اور عالی سند سے مروی ہے۔

۱۱۲۵ ۴/۱۸ امام ابن خلفون اندلسی اوبنی نزیل اشبیلیہ

آپ کی کنیت ابوبکر اور نام محمد بن اسمٰعیل بن محمد بن خلفون ازدی ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے

جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ حافظ ابو عبداللہ ابار نے آپ کا تذکرہ لکھا ہے اور کہا ہے کہ آپ ۵۵۵ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ آپ نے امام ابوبکر بن حد، ابو عبداللہ بن زرقون، ابوبکر خیار اور محدثین کی ایک دوسری جماعت سے حدیث کا سماع کیا۔ فنِ حدیث میں صاحبِ بصیرت اور فنِ رجال میں صاحبِ اتقان تھے۔ آپ نے رجال حدیث میں ۵ جلدوں میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام "المنتقی" رکھا ہے۔ اس کے علاوہ "المفہم فی شیوخ البخاری ومسلم" اور "کتاب فی علوم الحدیث" وغیرہ بھی آپ کی تصانیف ہیں۔ آپ بعض علاقوں میں عہدۂ قضا پر بھی فائز رہے ہیں۔ اور متعلقہ لوگ آپ کے فیصلوں سے بہت خوش تھے۔ آپ سے ایک جماعت نے علم حاصل کیا ہے اور آپ اس کے اہل تھے۔

آپ ذی قعدہ ۶۳۶ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

عام حالات ابن زبیر کہتے ہیں۔ آپ نے حدیث پڑھنے پڑھانے اور کتابیں نقل کرنے میں اپنا وقت مبذول فرمائی اور عمر بھر اسی کام میں منہمک رہے۔ اسانید کے حافظ اور رجال کے ماہر تھے۔ آپ نے بہت سے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ اور ابو جعفر بن طباع آپ سے روایت کرتے ہیں۔

۱۱۲۶ ۵/۱۸ مفید امام العزّ ابن الحافظ مقدسی

آپ کی کنیت ابو الفتح، نام محمد بن حافظ عبدالغنی بن عبدالواحد ابو القاسم [illegible] کے رہنے والے مایۂ ناز حافظِ حدیث اور جلیل القدر محدث ہیں۔ امام [illegible] ربیع الاول یا ربیع الثانی ۵۶۶ھ میں پیدا ہوئے۔

والد کی خصوصی توجہ بچپن تحصیل علم میں گذرا۔ جوش سنبھالا تو [illegible] سفر اختیار کیا اور حافظ ابو الفتح بن شاتیل، نصر اللہ قزاز اور اس طبقہ [illegible] کیا اور ابو الفتح ابن المنی سے علم فقہ حاصل کیا۔ ان کے علاوہ دمشق [illegible] بن بانیاسی، محمد بن ابو عقر، ابو الفضل عبدالرحمٰن بن ابو العجائز، اسفندیار مسعود جمال اور ابو المکارم لبان اور مکہ میں ابو القاسم بوصیری اور [illegible] کیا۔ آپ سے آپ کے دونوں معاصر اخے تقی الدین احمد اور علم الدین قوصی، شیخ شمس الدین عبدالرحمٰن بن محمد، شیخ فخر الدین بن علی اور [illegible]

عام حالات ابن نجار کہتے ہیں: انہوں نے اپنے علم سے بڑی [illegible] سے بہت سماع کیا۔ آپ نے بڑی بڑی کتابیں اپنے [illegible] جو مجھے استفادہ کے لیے عاریۃً دے دیا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ شیوخ [illegible] تھے۔ آپ کا شمار ائمہ مسلمین میں ہوتا ہے۔ حدیث کے متن اور اسناد [illegible]

Marfat.

عالم اور تراجم محدثین کے ماہر تھے آپ کی ثقاہت و دیانت اور مودت و مروت قابل داد تھی۔ نعیما مقدسی کہتے ہیں اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے آپ فقیہ، حافظ حدیث اور مختلف فنون جاننے والے تھے۔ علم طلبار کی نسبت حدیث تیز اور بڑے دلنشین انداز سے پڑھتے تھے۔ ثقہ، متقن اور صاحب جود و سخا تھے۔ تلاوت کرتے وقت بہت رویا کرتے تھے۔ اختلافی مسائل میں دلپذیر بحث فرمایا کرتے تھے۔ اس کے بعد حافظ نعیما نے آپ کے متعدد اچھے اچھے خواب ذکر کیے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ بڑے سعادت مند تھے۔

وفات آپ نے شوال المکرم ۶۱۳ھ میں انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

ہمیں فقیہ رشید بن کامل نے بتایا میں نے ابوالعرب قوسی سے پڑھا اور ان سے پوچھا کیا آپ کو العز محمد بن حافظ عبدالغنی نے ۶۱۰ھ میں جامع حرہ میں حدیث بیان کی تھی بولے ہاں پھر ایک حدیث ذکر کی۔

اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر نے وفات پائی۔

مسند شام علامہ تاج الدین ابوالیمن زید بن حسن کندی مقری نحوی حنفی ۹۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے، جامع حاکم کے خطیب قاضی ثقۃ الملک ابومحمد عبداللہ بن محمد الربعی المصری الشافعی اور شریح سے صحیح بخاری کے راوی مسند اندلس ابومحمد عبدالرحمن بن علی بن احمد زہری اشبیلی۔

مجھے ان کے واسطہ سے عبیداللہ بن عائشہ کا یہ قول ملا ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے اپنے ایک گورنر کو لکھا۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ اللہ تعالیٰ کے ڈر کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں ہوگا۔ اس سے ڈرنے والوں کے سوا کسی پر رحم نہیں کیا جائے گا۔ اور اس سے ڈرنے والوں کے سوا کسی کو ثواب نہیں دیا جائے گا۔ اس کا وعظ کرنے والے بہت ہیں لیکن اس پر عمل کرنے والے کم ہیں۔

۱۱۲۷ ۶/۱۸ امام ملاحی اندلسی غرناطی

آپ کی کنیت ابوالقاسم اور نام محمد بن عبدالواحد بن ابراہیم بن مفرج غافقی ہے۔ آپ غرناطہ کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور نامور محدث ہیں۔ غرناطہ کی ایک بستی ملاحہ کی طرف نسبت کی وجہ سے ملاحی کہلاتے ہیں ۵۵۰ھ سے پہلے پیدا ہوئے۔ آپ کا شمار کبار حفاظ میں ہوتا ہے۔

اساتذہ ابار لکھتے ہیں: آپ نے اپنے والد ماجد، ابوالحسن بن کوثر، ابوخالد بن رفاعہ، عبدالحق بن بونہ القاسم بن سمحون اور دوسرے لوگوں سے علم حدیث حاصل کیا اور ابوعبداللہ بن زرقون، ابوزید سہیلی، ابوطاہر خشوعی اور ابوطاہر بن عوف اسکندرانی نے آپ کو اجازت مرحمت فرمائی۔ آپ نے چھوٹے اور بڑے ہر طرح کے اساتذہ سے علم ضبط کیا۔ اور عمر بھر اس میں اضافہ کے لیے کوشاں رہے۔ آپ رواۃ حدیث کے حافظ اور ان کے حالات کو جاننے والے تھے۔

تصانیف آپ نے علمائے البیرہ کی تاریخ میں ایک کتاب لکھی ہے۔ ایک کتاب اقوام عالم عرب و عجم

کے انساب میں تصنیف کی ہے جس کا نام "کتاب الشجرۃ" رکھا ہے اور ایک تیسری کتاب الاربعین میں اس نے چالیس اسانید کا ذکر کیا ہے کہ متقدمین میں سے کسی نے ایسی کتاب نہیں لکھی اس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو اسماء الرجال میں بڑی دسترس حاصل تھی۔ صحابہ کے حالات میں حافظ ابن عبدالبر کی کتاب پر بھی آپ نے استدراک کیا ہے اور اس میں بعض اوہام کی نشاندہی کی ہے۔

عام حالات آپ نے اپنے مشائخ میں سے امام ابوذر محمد بن فراس سے بہت استفادہ کیا اور آپ سے بھی لوگوں نے بکثرت علم حاصل کیا جس کے آپ پورے پورے اہل تھے۔

آپ نے شعبان المعظم ۶۱۵ھ میں وفات پائی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی داعی اجل کو لبیک کہا۔

قاضی خلعت بلخ ابوالحسن احمد بن عبداللہ کنانی اسکندرانی۔ شیخ ابوسعد عبدالرحمن بن مشرف بن ابی سعد الواعظ۔ شیخ ابوالفضل محمد بن عبدالمنعم بن عبدالرحمن بن ہوزن۔ یہ ۹۱ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ موصل مظفر الدین ابوبکر بن زنگی بن مودود بن آقسنقر۔ شیخ ابویعقوب شیخ یوسف بن حسن بن ایوب بن مطیر۔ ان کی طرف آپ منسوب ہیں۔ یہ ان کے والد تھے۔

۱۱۲۹ — مفید الشام امام ابن الانماطی مصری شافعی

آپ کی کنیت ابوالطاہر، نام تقی الدین اسمٰعیل بن عبداللہ بن عبدالمحسن بن الانماطی آپ مصر کے رہنے والے بالغ حافظ حدیث ہیں اور فقہ میں ۵۰۰ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے مندرجہ ذیل علماء کے خرمن علم سے خوشہ چینی کی۔

قاضی محمد بن عبدالرحمن حفصی، ابوالقاسم ابوحمید بن ابی علیہ، ابوالفتح بن ابی الفتح بن ابی سعد مدحجی، ابوبکر بن خشوعی، ابومحمد بن سماد اور اسمٰعیل بن عبداللہ۔

عام حالات ابن نجار کہتے ہیں آپ نوجوانی میں ہی طلب علم میں مشغول ہو گئے تھے۔ آپ کے والد آپ کو شہر میں پڑھنے بھیجتے تھے۔ آپ تعلیم کے لیے گھر سے نکل جاتے اور ۵۹۳ھ میں واپس آتے اور ۶۰۱ھ تک یہیں رہتے پھر اس سال حج کے لیے آئے اور فارغ ہونے کے بعد واپس چلے گئے۔ آپ کو طلب علم کا بہت شوق اور جس فن کا ارادہ کرتے تھے اس سے کہیں زیادہ محنت اور کوشش سے کام لیتے۔ آخر اپنے مقصد میں کامیاب ہو گئے اور علم فن تحصیل کیا۔ آپ کا حافظہ بہت قابل رشک تھا۔ فضیلت کے ساتھ ساتھ اتقاء و صلاح کے جوہر سے بھی آپ مزین تھے۔ آپ کا قلم بہت ہی منظم و منقح تھا۔ بہت سی کتابیں آپ کے قلم سے نقل شدہ حاصل ہوئیں۔ آپ کے زمانہ میں آپ کی نظیر نہیں ملتی۔ میں نے آپ سے اور آپ نے مجھ سے روایت کی تھی۔ آپ کی ولادت ۵۰۰ھ میں ہوئی تھی۔

مرتبہ و مقام عمر بن حاجب کہتے ہیں: آپ امام ثقہ، حافظ اور فصیح و بلیغ تھے۔ جس قدر آپ نے علم حاصل کیا کسی دوسرے نے حاصل نہیں کیا۔ اپنی کتابیں عاریۃً دینے میں فراخ دست واقع ہوئے تھے۔ فقہ اور ادب میں مہارت حاصل کرنے کے بعد وطن واپس آئے۔ ابن حاجب نے یہ بھی کہا ہے کہ آپ صاف دل اور پاک باطن تھے۔ میں نے ان کے متعلق حافظ ضیاء سے پوچھا تو فرمانے لگے حافظ، ثقہ اور مفید ہیں لیکن بے ریش لڑکوں سے دل لگی اور خوش طبعی کرنے کے عادی تھے۔

آپ سے امام ابو زکریا تونسی، منذری، کمال ضریر، صدر بکری اور آپ کے صاحبزادے ابوبکر محمد روایت کرتے ہیں۔ آپ کو حدیث روایت کرنے کا موقعہ کم ملا ہے جس کا سبب مقابلۃً چھوٹی عمر میں موت ہے۔

وفات شیخ ضیاء لکھتے ہیں: آپ رات کو اچھے بھلے سوئے تھے۔ صبح اٹھے تو زبان بند تھی۔ کئی دن یہی کیفیت رہی اور بالآخر رجب ۶۱۹ھ میں داغ مفارقت دے گئے۔

مجھے ان کے والد سے حضرت رویفع انصاری کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی ریش مبارک پر گرہ لگائے گا۔ اللھم صل علی محمد وانزلہ المقعد المقرب منک یوم القیامۃ اس کے لیے میری سفارش واجب ہو جائے گی۔

۱۱۳۹ — ۱۸ محدث شام شیخ السنہ امام الضیاء المقدسی ثم الدمشقی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ، نام محمد بن عبدالواحد بن احمد بن عبدالرحمٰن سعدی اور لقب ضیاء الدین ہے آپ بیت المقدس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور نامور عالم ہیں۔ امام احمد بن حنبل کے مسلک سے تعلق رکھتے ہیں اور بہت سی نفع بخش اور مفید کتابوں کے مصنف ہیں۔ ۵۶۹ھ میں پیدا ہوئے۔

حافظ ابو طاہر سلفی اور محدثین شہدہ نے آپ کو اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ اور دمشق میں ابو المعالی بن صابر، ابو المجد بانیاسی، احمد بن احمد زینبی، عمر بن علی جوینی، یحییٰ ثقفی اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے، مصر میں ابو القاسم بوصیری اور ان کے طبقہ سے، بغداد میں مبارک بن عطوش، علامہ ابن الجوزی اور ان کے طبقہ سے، اصفہان میں ابو جعفر صیدلانی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، ہمدان میں عبدالباقی بن عثمان سے، نیشاپور میں مؤید طوسی اور ان کے طبقہ سے، ہرات میں عبدالعزیز بن محمد بزار سے اور مرو میں ابو المظفر سمعانی سے حدیث کا سماع کیا۔ اصفہان میں دو دفعہ آئے اور اس قدر سماع کیا جس کا شمار ممکن نہیں آپ نے بہت سی اہم اور بنیادی کتابیں بھی جمع کیں۔

مرتبہ و مقام آپ صحیح القلم ناسخ اور منجھے ہوئے مصنف تھے۔ تصحیح و تضعیف اور جرح و تعدیل کے ماہر تھے۔ اس سلسلہ میں آپ کی بات کو حرف آخر سمجھا جاتا تھا۔ آپ کے شاگرد عمر بن حاجب کہتے ہیں۔ ہمارے شیخ ابو عبداللہ اپنے زمانہ کے شیخ اور علم و حفظ اور ثقاہت و دیانت میں اپنی نظیر

آپ تھے۔ علمائے ربانیین میں شمار ہوتے تھے۔ آپ کی شان اس سے بہت بلند اور ارفع تھی کہ میرے جیسا انسان آپ کی مدح و ثنا میں لب کشائی کرے۔ حدیث بیان کرنے میں بڑے محتاط اور عبادت اور ذکر الٰہی میں بے حد سرگرم تھے۔ تواضع پسند اور خلوت نشین تھے۔ اپنی کتابیں مستعار دیتے میں بہت فیاض تھے۔ میں نے آپ کی ایک جماعت کو دیکھا ہے کہ انہوں نے دل کھول کر آپ کی مدح و ثنا بیان کی ہے اور آپ کو بلند حفظ اور زہد کا حامل قرار دیا ہے۔ میں نے آپ کے متعلق ذکی برزالی سے پوچھا تو بولے آپ ثقہ، علم کا پہاڑ، حافظ اور متدین تھے۔ ابن نجار کہتے ہیں آپ حافظ، متقن، حجت، رجال حدیث کے عالم اور متقی و پرہیزگار تھے۔ میں نے نزاہت، عفت اور حسن اخلاق میں آپ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ شرف ابن نابلسی کہتے ہیں میں نے اپنے شیخ ضیا جیسا کوئی عالم نہیں دیکھا۔

میں کہتا ہوں آپ کے تلامذہ میں سے درج ذیل اصحاب نے ہمیں آپ سے حدیث بیان کی ہے۔ قاضی تقی الدین، ابن دوادیبی، ابن الفراء، نجم شعروانی، ابن خباز، تقی بن مؤمن، فخار نسابہ، ابن تمیمی، بوشتی، ابوبکر بن عبدالدائم، عیسیٰ بسمار اور قاضی سالم وغیرہ۔

میں نے آپ کی سیرت اور آپ کی تصانیف کا مفصل تذکرہ اپنی کتاب تاریخ کبیر میں لکھا ہے۔

آپ نے ۸۲ سال عمر پائی اور جمادی آخری ۶۲۸ھ میں انتقال فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت براء بن عازب کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص دنیا میں جی بھر کر عیش کرتا ہے وہ آخرت میں مرغوب اور دلپسند نعمتوں سے محروم رہے گا۔ جو شخص عیش پرست، خوشحال لوگوں کی زیب و زینت کی طرف لالچی کی نگاہ سے دیکھتا ہے وہ آخرت کی بادشاہت میں ذلیل و خوار متصور ہوگا اور جو شخص تنگی اور عسرت میں صبر جمیل سے کام لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو فردوس میں جہاں وہ چاہے گا آباد کرے گا۔

یہ حدیث غریب ہے اس کی سند متصل اور مکمل ہے۔ امام [illegible] اس سے بیان کرنے میں منفرد ہے۔

۱۱۳۰ ۹/۱۰ امام ابن قطان کتامی فاسی

آپ کی کنیت ابوالحسن اور نام علی بن محمد بن عبدالملک بن یحییٰ تمیمی ہے۔ فاس کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث، بہت بڑے عالم اور ناقد ہیں۔ ابن قطان کے لقب سے مشہور ہیں۔

آپ امام ابوعبداللہ محمد بن فخار کی خدمت میں [illegible] رہے ہیں اور ان سے بہت بڑی تعداد میں حدیث کا سماع کیا ہے۔ ان کے علاوہ ابوالحسن بن فرات، ابوالحسن بن یحییٰ خطیب، ابوذر خشنی اور اس طبقہ کے دوسرے لوگوں سے بھی اکتساب فیض کیا ہے۔

Marfat.

مرتبہ و مقام ابار آپ کے حالات میں لکھتے ہیں۔ آپکو صنعت حدیث میں کامل دستگاہ تھی۔ اسماء رجال کے سب سے بڑے حافظ اور روایت بیان کرنے میں سب سے زیادہ محتاط تھے۔ آپ مراکش میں طالبان علم کے رئیس تھے۔ آپ نے شاہی ملازمت سے بکثرت دولت و ثروت پیدا کی اور ساتھ ہی حدیث پڑھانے اور تدریسی فرائض سر انجام دینے سے بھی غافل نہیں رہے۔

ابار اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے کہتے ہیں۔ آپ ابھی سجلماسہ کے منصب قضا پر فائز تھے کہ ربیع الاول ۶۲۸ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔

عام حالات ابن مسدی کہتے ہیں آپ علم حدیث کے امام تھے۔ آپ کا حفظ و اتقان زبان زد خاص و عام تھا۔ اصل میں مصر کے رہنے والے تھے۔ پھر ہمیشہ کے لیے مراکش میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ دولت مؤمنیہ میں آپ علماء کے شیخ الشیوخ تھے لہذا ہر نوع کی کتب کا حصول آپ کے لیے آسان تھا۔ جس سے آپ نے دل کھول کر فائدہ اٹھایا۔ حکومت کے الٹ پھیر کے دوران آپ مختلف المسالک لوگوں کے قاضی رہے۔ جس سے بعض لوگوں کا اختلاف ناگزیر تھا۔ اور اس سے آپ کی عزت و عظمت میں کچھ فرق نہ آیا ہذا آگے چل کر لکھتے ہیں۔ آپ نے ابو عبداللہ بن زرقون، ابو بکر بن بدار اور متعدد دوسرے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ مسلسل فتنوں اور مصیبتوں کی وجہ سے میں شرف ملاقات سے محروم رہا اور براہ راست آپ سے استفادہ نہ کر سکا۔ البتہ آپ نے ازراہ تفضل اپنی تمام مرویات کی مجھے اجازت مرحمت فرمائی تھی۔

میں کہتا ہوں میں نے آپ کی کتاب "الوہم والایہام" کا مطالعہ کیا ہے۔ یہ کتاب آپ نے امام عبدالحق کی تصنیف "الاحکام الکبری" میں واقع ہونے اوہام کی نشاندہی کے لیے لکھی ہے جو واقعی آپ کے حفظ اور قوت فہم کی بہت بڑی دلیل ہے۔ لیکن اس میں آپ نے بعض رواۃ کے بارہ میں انصاف کے بجائے ناروا تشدد سے کام لیا ہے۔ چنانچہ امام ہشام بن عروہ اور اس پایہ کے دوسرے محدثین کی تضعیف کر ڈالی ہے۔

اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی دنیا سے منہ موڑا اور سفر آخرت اختیار فرمایا۔

مسند ابو نصر احمد بن حسین بن عبداللہ نرسی البیع، آپ نے بغداد میں انتقال فرمایا۔ مسند ابو الفضل عبدالسلام بن عبداللہ دامری خفاف، ابو الرضا محمد بن ابو الفتح مبارک بن عبدالرحمن کندی جدی، شیخ العربیۃ زین الدین یحیی بن عبدالمعطی زواوی اور خطیب بدرالدین یوسف بن محمد فاروقی دمشقی۔ رحمۃ اللہ علیہم

۱۱۳۱ ۱۰/۱۸ امام ابو موسیٰ بن حافظ عبدالغنی

آپ کی کنیت ابو موسیٰ، نام عبداللہ بن عبدالواحد مقدسی اور لقب جمال الدین ہے۔ بیت المقدس کے رہنے والے جلیل القدر حافظ حدیث اور نامور فقیہ ہیں۔ اپنے والد ماجد حافظ عبدالغنی کی طرح امام احمد بن حنبلؒ کے مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ ۵۸۱ھ میں پیدا ہوئے اور اپنے شہر میں امام عبدالرحمن بن علی خرقی، اسمٰعیل

جنزوی اور ابوطاہر خشوعی سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر مزید تعلیم کے لیے اپنے بھائی حافظ عزالدین کے ساتھ سفر کیا اور مختلف اساتذہ، حافظ عبدالمنعم بن کلیب، مبارک بن معطوش، مسعود جمال، خلیل رادانی، ابوالمکارم لبان اور دوسرے بہت سے لوگوں سے استفادہ کیا اور مصر میں ابوعبداللہ اتاحی اور سعدالخیر کی دختر سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر دوسری دفعہ عراق کا سفر کیا تو ابوالفتح مندائی اور ان کے اصحاب سے مستفید ہوئے۔ نیشاپور میں علامہ منعم قراوی اور مؤید طوسی سے اور اس کے علاوہ موصل، اربل اور حرمین شریفین کے سرچشموں سے بھی سیرابی حاصل کی اور اپنے ہاتھ سے بہت بڑی مقدار میں حدیث اور دیگر علوم ضبط تحریر میں لائے۔ فراغت کے بعد تصنیف و تالیف اور تعلیم و تدریس کے ذریعے لوگوں کو بہت فائدہ پہنچایا۔ آپ نے قرآن حکیم اپنے چچا شیخ ناصر سے پڑھا اور فن قرأت شیخ موفق اور ادب عربی ابوالبقاء ندیم سے حاصل کیا۔

مرتبہ و مقام میں نے ابن حاجب کی تحریر پڑھی ہے کہ میں نے حافظ ضیا سے ابوموسیٰ کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: حافظ، ثقہ، دیانتدار اور متقن ہیں اور میں نے زکی الدین برزالی سے پوچھا: تو بولے حافظ حدیث، متدین اور کھرے کھوٹے کو جاننے والے ہیں۔ حافظ ضیا کہتے ہیں آپ کی قرأت تیز، صحیح اور دلنشین ہوتی تھی۔ ابن حاجب کہتے ہیں ہم نے اپنے زمانہ میں حفظ، معرفت اور امانت میں آپ جیسا کوئی اور نہیں دیکھا۔ آپ تو انتہا پسند، پرہیزگار، باوقار، سنی، نرم خو اور عقلمند تھے۔ لوگوں میں ہر دلعزیز اور عبادت، ریاضت اور تورع اور پرہیزگاری میں نمونۂ اسلاف تھے۔

میں نے حافظ ضیا کا لکھا ہوا پڑھا ہے کہ آپ نے فقہ اور حدیث کو اتنی توجہ اور محنت سے حاصل کیا کہ آسمان علم پر آفتاب نصف النہار بن کر چمکے۔ دو سو سے زیادہ مرتبہ لکھتے لکھتے تو زیادہ تر بینائی ہی سے محروم ہونا پڑا۔ آپ نے یہ سب صعوبتیں خندہ پیشانی سے برداشت کیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دور دور پیشوائی پر فائز ہوئے اور آپ [illegible] درس سے لوگوں کو وہ فائدہ پہنچا جس کی انتہا نہیں ملتی۔ میں کہتا ہوں حافظ ضیا، شیخ شمس الدین [illegible] بن سامر، شمس بن واسطی، نصر اللہ بن عبدالرحیم مکتبی کے دونوں صاحبزادے، [illegible] اور دوسرے ائمہ نے بھی آپ سے علم حدیث حاصل کیا۔ اور آپ سے آخر میں بواسطہ اجازت حدیث بیان کرنے والے قاضی تقی الدین سبکی ہیں۔

ابوالفتح ابن حاجب کہتے ہیں حافظ ابوموسیٰ نے جس توجہ اور محنت سے علم حاصل کیا، اسی توجہ سے تدریسی اور تعلیمی خدمات بھی سرانجام دیئے تو اس کو آپ پر سبقت اور [illegible] حاصل نہ ہوتا مگر انہوں نے اس کے علاوہ زیادہ توجہ نہیں دی۔ میں نے حافظ ابوعبداللہ سے سنا ہے کہ حافظ ابوموسیٰ کو نیشاپور اور اصفہان کے درمیان [illegible] صعوبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ سواری تو کیا ان کے پاس پیٹ بھرنے کو بھی نہ تھا اور آخر تک ان کا یہ حال ہی رہا۔ ابوالمظفر ابن الجوزی کہتے ہیں ملک صالح نجم الدین کے ساتھ اور حکم پیدا ہونے سے قبل جمال بن حافظ کے حالات درست اور قابل رشک تھے۔ جس میں ان کی دنیا و آخرت کے تعلقات کے بعد تغیر و فساد ہوا۔ اور یہ بات [illegible]

Marfat.

حالت پر نہ رہے۔ صالح کے باغ میں ہی آپ پر مرض کا حملہ ہوا۔ اور وہیں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

محمد بن سلام لکھتے ہیں ایک دفعہ حافظ ابوموسیٰ نے مجلسِ وعظ منعقد کی تو اس میں لوگ جوق در جوق شریک ہوئے۔ آپ کا وعظ بڑا پُر تاثیر اور پُر مغز ہوتا تھا اس میں آپ کے خشوع، خشیت الٰہی اور گریہ و بکا سے وہ سماں بندھتا کہ حاضرین پر رقت طاری ہو جاتی اور وہ مجلس سے اٹھنے کا نام نہ لیتے۔ فقیہ ابوالفرج بن علاء حنبلی کہتے ہیں۔ ابوموسیٰ ملوک و سلاطین سے راہ و رسم پیدا کرنے کے بڑے خواہشمند تھے۔

حافظ ضیاء کہتے ہیں آپ نے بروز جمعہ ۵ رمضان المبارک ۶۲۹ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس بندے پر رحم فرمائے جس نے اپنے بھائی کی عزت یا جاہ و عظمت میں ظالمانہ دست اندازی کی پھر اُس سے آخرت کے مؤاخذہ سے پہلے معافی مانگ لی۔ وہاں درہم و دینار کا لین دین نہیں ہوگا۔ اگر ظالم کے پاس نیکیاں ہوئیں۔ تو اس کی نیکیوں سے مظلوم کی حق رسی کی جائے گی۔ اور اگر نیکیاں نہ ہوئیں تو مظلوم کے گناہ اس پر ڈال دیئے جائیں گے۔

یہ حدیث غریب اور صالح الاسناد ہے۔

۱۱۴۲ ۱۱/۱۸ مسندِ شام محدثِ حلب امام ابنِ خلیل دِمشقی

آپ کی کنیت ابوالحجاج۔ نام یوسف بن خلیل بن عبداللہ اور لقب شمس الدین ہے۔ دمشق کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث ہیں۔ آپ نے تحصیلِ علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور اس راہ کی تمام مشکلات بطیب خاطر قبول فرمائیں۔ ۵۵۵ھ میں پیدا ہوئے۔ تیس سال کی عمر تک اسبابِ معاش کی تلاش میں رہے اس کے بعد آپ کے دل میں طلبِ حدیث کی لگن پیدا ہوئی اور ہر قسم کے مشاغل سے منہ موڑ کر بالکلیہ ادھر متوجہ ہو گئے اور اپنے ہاتھ سے اتنی مقدار میں علم لکھا کہ اس کا بیان ممکن نہیں۔ چنانچہ اپنے شہر دمشق میں امام یحییٰ ثقفی اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر حافظ عبدالغنی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے سندِ فراغت حاصل کی۔

ان کے علاوہ بغداد میں یحییٰ بن یوش، ذاکر بن کامل، ابومنصور بن عبدالسلام، ابوالفرج بن کلیب سے اصفہان میں خلیل بن بدر، مسعود جمال، محمد بن اسمٰعیل طرطوسی، ابوالفضائل عبدالرحیم کاغذی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے اور مصر میں ابوالقاسم بوصیری اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ کے خرمنہائے علم سے خوشہ چینی کی۔ آپ کے شیوخ کی تعداد ۵۰۰ نفوس تک پہنچتی ہے۔ جن کے تفصیلی حالات آپ نے تین اجزاء پر مشتمل ایک کتاب میں مرتب فرما[illegible] میں نے آپ کی اس تصنیف کا آپ کے تلمیذ حافظ احمد بن محمد سے سماع کیا ہے۔

t.com

مرتبہ و مقام امام ابو اسحاق صریفینی سے آپ کے متعلق پوچھا گیا تو کہنے لگے آپ قابل اعتماد حافظ حدیث ہیں۔ آپ کے سامنے جو کچھ پڑھا جاتا ہے اسے خوب جانتے ہیں اور کسی راوی کا نام آپ کے حافظہ سے محو نہیں ہوتا۔ حافظ ضیاء سے پوچھا گیا تو بولے آپ حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے حدیث کا سماع کیا اور بہت علم جمع کیا ہے۔ اس مقصد کے لیے مختلف ممالک کی طرف گئے اور شہر شہر قریہ قریہ گھومے۔ حافظ عمر بن حاجب لکھتے ہیں۔ تحصیل علم کے لیے بہت زیادہ سفر کرنے والے اہل علم میں سے ایک آپ ہیں بلکہ اگر کہا جائے کہ آپ علم و فضل اور وسعت ارتحال میں سب سے فائق ہیں تو بے جا نہ ہوگا۔ آپ نے اپنی خوشخطی اور خوبصورت تحریر سے اتنا علم لکھا ہے جو حد حساب سے باہر ہے۔ آپ ثقہ، حافظ، متقن اور پسندیدہ اخلاق تھے آپ کے طریقہ بود و باش اور میل ملاپ سے سب لوگ خوش تھے۔

میں کہتا ہوں آپ نے ثمانیات، عوالی اور الفوائد نامی کتابیں لکھی ہیں اور ہم نے ان کا سماع کیا ہے ان کتابوں میں درج ہونے والی احادیث صحیح کی شرط پر پوری اترتی ہیں۔ اصفہان کی ویرانی کے بعد آپ بہت سی خصوصیات میں منفرد شخصیت کے حامل تھے۔

آپ نے ۹۲ سال کی پاکر ۱۰ جمادی اخری ۶۴۸ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال مذکور الذیل مشاہیر نے بھی جہان جہان آفرین کے سپرد کی

محدث اسکندریہ مسند ابو محمد عبدالوہاب بن طاؤ ازدی ۹۴ سال کی عمر میں فوت ہوئے الشیخ الامام فخر القضاۃ احمد بن محمد بن عبدالعزیز تمیمی مصری ۸۰ سال کی عمر میں انتقال کیا مسند بغداد محدث ابو طاہر بن محمود ازجی حنبلی ۹۰ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے مسند الشام علی بن سالم [illegible] فقیہ مفتی ابو عبداللہ محمد بن ابو بکر دباس حنبلی ان دونوں کو علامہ ابن شاتیل سے سماع حاصل ابو منصور مظفر بن عبدالمالک فہری صاحب ترجمہ کے چچا ابو محمد یونس بن خلیل [illegible] عمر میں فوت ہوئے اور محدث عالم مجدالدین محمد بن محمد اسفرائینی صوفی [illegible] فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل سے فرمایا جس شخص نے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کی اس حالت میں کہ اس نے کسی چیز کو اس کا شریک نہ بنایا ہو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

۱۱۲۳ ۱۲/۱۰ محدث عراق امام ابن نقطہ حنبلی بغدادی

آپ کی کنیت ابو بکر، نام محمد بن عبدالغنی بن ابو بکر بن شجاع ابن نقطہ ہے [illegible] بغداد کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور صاحب حفظ و اتقان امام ہیں۔ [illegible] ابن نقطہ سے امام [illegible]

ہیں۔ ۵۵۰ھ سے کچھ سال بعد پیدا ہوئے۔ آپ کے والد علمائے عراق میں شمار ہوتے تھے۔ آپ نے کمال توجہ سے علم حدیث طلب کیا۔ آپ کو یحییٰ بن یوش سے سماع کا موقعہ ملا ہے۔ لیکن ابن کلیب سے استفادہ نہیں کر سکے۔ پھر ۶۰۰ھ میں بغداد میں عبدالوہاب بن سکینہ، ابن طبرزد، ابوالفتح مندائی اور بعد کے لوگوں سے، اصفہان میں عفیفہ فارقانیہ، زاہر بن احمد، ابوالفخر اسعد بن روح، محمود بن احمد مصری اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے نیشاپور میں منصور فراوی اور مؤید طوسی سے، حران میں عبدالقادر وہاوی سے، دمشق میں تاج کندی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے، حلب میں افتخار ہاشمی سے، مصر میں عبدالقوی بن حباب سے اور ثغر میں محمد بن عباد اور دوسرے بے شمار اہل علم سے اکتساب فیض کیا۔

مرتبہ و مقام آپ نے بہت سی کتابیں اپنے ہاتھ سے نقل کیں اور کچھ بنیادی اور اہم کتابیں قیمۃً خریدیں اس طرح جب کتابوں کا کافی ذخیرہ جمع ہو گیا اور اس فن میں کمال پیدا کر لیا تو تصنیف و تالیف کی طرف متوجہ ہوئے۔ حافظ ضیاء سے آپ کے متعلق پوچھا گیا تو فرمانے لگے حافظ، متدین اور صاحب المروۃ والکرم ہیں ابو عبداللہ برزالی کہتے ہیں ثقہ، متدین اور مفید ہیں۔

آپ سے پوچھا گیا جس نقط کی طرف انتساب کی وجہ سے آپ ابن نقطہ کہلاتے ہیں وہ کون ہے؟ بولے وہ ایک لکیر ہے جس نے میرے والد کے دادا کو پالا پوسا تھا۔

آپ سے زکی منذری، سیف بن محمد، عبدالکریم بن منصور اثری، شرف حسین بن ابراہیم اربلی، عثمان بن صاحب، ابوالفرج عبدالرحمٰن بن محمد بن عبدالغنی، عزالدین احمد بن ابراہیم فاروثی اور آپ کے صاحبزادے لیث ابن نقطہ روایت کرتے ہیں۔

عام حالات آپ کتاب "التقیید فی رواۃ الکتب والاسانید" اور کتاب المستدرک علی اکمال ابی نصر بن ماکولا کے مصنف ہیں یہ کتابیں آپ کی امامت اور آپ کے حفظ و اتقان کی شاہد عدل ہیں۔ آپ متقن، محقق اور خوشخط لکھنے والے تھے، باوقار اور با اخلاق تھے۔ دیانت اور قناعت میں مشہور تھے۔ زہد اور تقشف میں اپنے والد ماجد کے نقش قدم پر چلتے تھے۔ میری کسی ایسے عالم سے ملاقات نہیں ہوئی۔ جو مجھے آپ سے براہ راست روایت بیان کرتا۔

آپ نے ۲۲ صفر ۶۲۹ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

اس سال درج ذیل علماء کا بھی انتقال ہوا۔

ابوالقاسم احمد بن محمد بن ابو غالب ابنداونی امیر ابن شمندی، ان کے پاس ابوالجہم کی کتاب تھی۔ امام نظامیہ ابوالمعالی احمد بن محمد بن بکروان نہروانی، قاضی شرف الدین اسماعیل بن ابراہیم شیبانی ابن الموصلی حنفی ۸۵ سال کی عمر میں دمشق میں فوت ہوئے۔ امام مسند ابوعلی حسن بن مبارک بغدادی حنفی، ابومحمد عبدالصمد بن داؤد بن محمد مصری غفاری، ابومحمد عبدالغفار بن شجاع ترکمانی شروطی، ابومحمد عبداللطیف بن عبدالوہاب طبری بغدادی مؤذن

t.com

علامہ موفق الدین عبداللطیف بن یوسف بغدادی۔ آپ دراصل موصل کے رہنے والے تھے ۷۲ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند الوقت ابوحفص عمر بن کرم دینوری البغدادی الحنبلی آپ نے ۹۰ سال عمر پائی۔ اور مقری اسکندریہ ابوالقاسم عیسیٰ بن عبدالعزیز لخمی، آپ ۷۹ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔

مجھے ان کے واسطہ سے عبداللہ بن بسر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہدیہ قبول فرماتے تھے اور صدقہ قبول نہیں کرتے تھے۔

میں اس حدیث کے راوی حسن بن ایوب کو ابھی تک معلوم نہیں کر سکا کہ کون ہے؟

۱۱۳۴ ۱۳/۱۸ امام دبیثی واسطی شافعی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ، نام محمد بن ابوالمعالی یحییٰ بن علی اور لقب معدل ہے۔ واسط کے رہنے والے نامور حافظ حدیث، قابل اعتماد معلم قرآن اور مشہور مورخ عراق ہیں ۵۵۸ھ میں پیدا ہوئے اور اپنے شہر واسط میں ابوطالب کتانی، ہبۃ اللہ بن قسام اور متعدد دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ اور خطیب شافیا اور ابن الباقلانی سے قرأت عشر سیکھی۔ نیز بغداد میں ابن شاتیل، قزاز، ابوالعلاء بن عقیل، عبدالمنعم فراوی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا اور قراء کی ایک جماعت سے فن قرأت اور ابوالحسن بن بوقی سے علم فقہ حاصل کیا۔ اس کے علاوہ اصول، خلافیات اور نحو میں بھی درک پیدا کیا۔ مگر قلبی لگاؤ فن حدیث سے ہی رہا اور اس فن کی نازل اور عالی ہر قسم کی احادیث احاطہ تحریر میں لائے۔ فراغت کے بعد شہر واسط کی ایک مبسوط تاریخ لکھی۔ اسی طرح بغداد کی تاریخ بھی لکھی اور اس کو سمعانی کی تاریخ کا ذیل بنایا۔ اپنے شیوخ کے حالات میں ایک معجم بھی تصنیف کیا۔

عام حالات آپ اپنے زمانہ میں وقف عمومی کے ناظم الامور تھے۔ منصب عدالت پر بھی فائز تھے۔ مگر اس سے دل برداشتہ ہو کر جلد ہی مستعفی ہو گئے اور حدیث پڑھانے اور قرآن پاک کی تعلیم دینے کا شغل اختیار فرمایا۔ ابن نجار کہتے ہیں آپ بغداد میں مستقل طور پر آباد ہو گئے تھے۔ اور اپنی تصانیف کا درس دیا کرتے تھے۔ آپ نے جو کچھ حوالہ قلم کیا اس کا بیشتر اور زیادہ حصہ آپ کے ذہن میں محفوظ ہوتا تھا۔ آپ کو علم حدیث ادب اور شعر و شاعری میں ملکہ راسخ حاصل تھا۔ استفادہ کے لیے اہل علم کو اپنی کتابیں دینے میں بڑے فیاض واقع ہوئے تھے۔ میں کئی سال آپ کی خدمت میں رہا ہوں۔ میں نے آپ کی ذات میں نیکی، حسن سلوک اور دیانتداری کے سوا کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جس پر انگشت نمائی ہو سکے۔ تاریخ، سیر اور ایام الناس کے حفظ اور یادداشت میں میری آنکھوں نے آج تک آپ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔

تلامذہ میں کہتا ہوں، آپ کے تلامذہ میں مندرجہ ذیل اسماء قابل ذکر ہیں۔

ابن نجار، ابن نقطہ، زکی الدین، برزالی، علی بن محمد کازرونی، شیخ عزالدین فاروثی، شیخ

جمال الدین شہرپشی اور تاج الدین عراقی وغیرہ۔ ان کے علاوہ قاضی تقی الدین مقدسی آپ سے بالاجازت روا
کرتے ہیں۔ آپ کے شیوخ میں سے احمد بن طارق کرکی اور ابوطالب بن عبدالسمیع نے آپ سے حدیث کا سما
کیا ہے۔ تحصیل علم کے لیے آپ نے پہلی دفعہ ربیع الاول ۵۰۶ھ میں سفر کیا۔

ابن نجار کہتے ہیں آپ آخر عمر میں نابینا ہو گئے تھے۔ ۸ ربیع الآخر ۶۳۷ھ میں انتقال فرمایا اور اپنے
پیچھے فن حدیث میں اپنا ثانی کوئی نہیں چھوڑا۔

اس سال درج ذیل مشاہیر نے سفر آخرت فرمایا۔

قاضی دمشق شمس الدین ابوالعباس احمد بن خلیل الاصولی الشافعی، رئیس صفی الدین ابوالعلاء احمد بن ابوالیسر
شاکر بن عبداللہ تنوخی دمشقی، مسند اسحاق کے راوی ابوالبقاء اسمٰعیل بن محمد بغدادی المؤدب، مسند شیراز علامہ
علاؤالدین ابوسعد ثابت بن احمد خجندی اصفہانی، ۸۹ سال کی عمر میں وفات پائی۔ آپ نے صحیح بخاری وقت
پر پڑھی تھی اور اسی پر علم حدیث کو ختم کر دیا۔ مسند ابوعلی حسین بن یوسف صنہاجی شاطبی ثم اسکندرانی، آپ
علامہ دمیاطی کے سب سے پہلے استاذ ہیں۔ العدل امین الدین ابوالغنائم سالم بن حافظ ابوالمواہب تغلبی
دمشقی ۶۰ سال کی عمر کو پہنچ کر فوت ہوئے، حافظ ابوالعلاء کے پوتے قاضی عبدالحمید بن عبدالرشید ہمدانی۔
مسند ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن یوسف دمشقی ثم المصری، امام ربوہ ابومحمد عبدالعزیز بن برکات خشوعی، شیخ بغداد
مقری امام عبدالعزیز بن دلف بغدادی الناسخ، مفید امام ادیب شمس الدین محمد بن حسن بغدادی کاتب، ۵۸
سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ تقی الدین محمد بن طرخان سلمی دمشقی، زاہد ابوطالب محمد بن عبداللہ سلمی دمشقی
محتسب دمشق رشید الدین ابوالفضل محمد بن عبدالکریم قیسی ابن الہادی، فخرالدین ابوعبداللہ محمد بن محمد نوقانی
انہوں نے ۸۶ سال کی عمر میں وفات پائی۔ محدث و مؤرخ اربل ادیب امام شرف الدین ابوالبرکات مبارک
بن احمد اور صاحب "المثل السائر" علامہ ضیاءالدین ابوالفتح نصراللہ بن محمد بن عبدالکریم المعروف بابن الاثیر
جزری۔

مجھے ان کے واسطے سے حضرت عمرؓ کا یہ قول ملا ہے کہ انہوں نے احنف کو خطاب کرتے ہوئے کہا احنف!
دیکھو! جو زیادہ غل مچاتا ہے اس کی ہیبت کم ہو جاتی ہے۔ جو کسی چیز کو زیادہ استعمال کرتا ہے اسی کے ساتھ
مشہور ہو جاتا ہے۔ جو مذاق کو عادت بناتا ہے۔ اس کو کم عقل سمجھا جاتا ہے جو زیادہ باتیں کرتا ہے وہ زیادہ
غلطی کرتا ہے اور جو زیادہ غلطی کرتا ہے اس میں حیا نہیں رہتی اور جس میں حیا نہیں وہ پرہیزگار نہیں اور جو
پرہیزگار نہیں اس کا دل مردہ ہو چکا ہے۔

۱۱۲۵ ۱۴/۱۸ امام کلاعی بلنسی

آپ کی کنیت ابوربیع اور نام سلیمان بن موسیٰ بن سالم حمیری ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے حافظ

Marfa

حدیث، باکمال عالم اور فصیح و بلیغ محدث تھے ۵۶۵ھ میں پیدا ہوئے۔

ابوعبداللہ ابار کا بیان ہے کہ آپ نے اپنے شہر بلنسیہ میں ابوالعطار بن نذیر اور ابوالحجاج بن ایوب سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے گھر سے نکل کھڑے ہوئے اور مختلف شہروں میں ابوالقاسم بن حبیش، ابوبکر بن جد، ابوعبداللہ بن زرقون، ابوعبداللہ بن فخار، ابومحمد بن فرس، ابوعبداللہ بن عروس، ابومحمد بن ابوجمرہ، نجیب بن یحییٰ اور دوسرے بہت سے علماء سے کسب کمال کیا۔ ان کے علاوہ ابوالعباس بن مضاء کتاب الاحکام کے مصنف امام ابومحمد عبدالحق ازدی اور دیگر ائمہ نے آپ کو اجازت نامے مرحمت فرمائے۔

آپ کو روایتِ حدیث اور آموختہ علم لکھنے کا بے حد شوق تھا۔ حدیث کے باکمال حافظ اور صاحب البیت امام تھے۔ جرح و تعدیل کے ماہر اور رواۃ کی پیدائش اور وفات کو خوب جانتے تھے۔ فن رجال میں اپنے اہل زمانہ پر فوقیت رکھتے تھے۔ خصوصاً متاخرین اور ہمعصروں کے متعلق آپ کے معلومات بہت وسیع تھے۔ آپ نے علم کا بے انداز ذخیرہ سپردِ قلم فرمایا۔ آپ کا خط شگفتہ، مستحکم اور بے نظیر تھا۔ فن ادب میں متبحر، علم لغت میں مشہور اور تحریر رسائل میں منفرد تھے۔ شعر بہت اچھے کہتے تھے۔ فصیح و بلیغ خطیب تھے۔ سیاق و سباق کے لحاظ سے آپ کا کلام انتہائی مربوط اور دلآویز ہوتا تھا۔ بہترین اور قیمتی لباس زیب تن فرمایا کرتے تھے۔ مختلف مجالس میں بادشاہوں کی نمائندگی کرتے تھے اور وہ جو کچھ منبر پر کہنا چاہتے تھے اسے آپ ہی لوگوں تک پہنچاتے تھے۔ متعدد دفعہ بلنسیہ میں خطابت کے فرائض انجام دیئے۔

تصانیف آپ نے مختلف علوم و فنون میں متعدد مفید کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔ جن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

(۱) الاکتفاء فی مغازی المصطفیٰ والثلاثۃ الخلفاء ۴ جلد (۲) معرفت الصحابہ والتابعین ایک [illegible] پوری نہ ہو سکی۔ (۳) کتاب مصباح الظلم بشبہ الشہاب (۴) کتاب اخبار البخاری (۵) کتاب [illegible] تحصیل علم کے لیے طلبہ کا ہر وقت آپ کی طرف تانتا بندھا رہتا تھا۔ میں نے فن حدیث میں آپ سے پورا پورا فائدہ اٹھایا اور دیگر علوم و فنون میں بھی آپ سے بہت کچھ سیکھا۔

میں کہتا ہوں قاضی قرطبہ ابوالعباس احمد بن عمار اور ایک دوسری جماعت نے آپ سے حدیث کی تعلیم حاصل کی ہے۔ ابن مسدی کہتے ہیں۔ میں نے شرافت، ریاست، فضیلت اور جلالت قدر میں آپ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ آپ منقول و معقول اور نظم و نثر میں نمایاں شخصیت کے حامل اور مجموعہ فضائل تھے۔ علوم قرآن اور فن تجوید میں کامل اور علم ادب میں مورد یکدانہ تھے۔ آپ کی ذات پر حفاظ حدیث کا خاتمہ ہو گیا ہے۔ دیوان انشاء میں ایک معقول اور گرانقدر ملازمت پیش کی گئی۔ جسے قبول کرنے سے آپ نے انکار کر دیا۔ آپ نے مشہور قاری ابن ہذیل کے تلامذہ سے مختلف قراءات کا فن سیکھا پھر رخت سفر باندھا اور شہر مرسیہ میں ابوالقاسم بن حبیش کے خاص الخاص تلامذہ میں شامل ہو گئے۔ میں نے آپ سے

بہت استفادہ کیا ہے۔

ابار کہتے ہیں امام مرحوم نے ایک خواب دیکھا تھا جس کی وجہ سے اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ستر ھواں سال میری عمر کا آخری سال ہے۔ اندلس میں سب سے آخر میں پیدا ہونے والے حافظ حدیث آپ ہی تھے۔ اور آپ پر ہی علم بلاغت کا خاتمہ ہو گیا۔ آپ نے شہر مرسیہ سے نو میل دور مقام اینشہ میں دشمن سے لڑتے ہوئے سینہ پر زخم کھا کر ۲۰ ذی الحجہ ۶۳۴ھ میں جام شہادت نوش فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

حافظ منذری لکھتے ہیں: آپ نے دشمن کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرما کر وفات پائی۔ آپ شہر مرسیہ کی ایک نواحی بستی میں شروع رمضان المبارک ۵۶۵ھ میں پیدا ہوئے تھے۔ سن شعور میں پہنچنے کے بعد بلنسیہ، مرسیہ، اشبیلیہ، غرناطہ، شاطبہ، مالقہ، سبتہ اور دانیہ میں حدیث پاک کا سماع کیا۔ آپ کا وسیع و عریض کتب خانہ گہرے علم، کثرت حفظ اور اس فن سے آپ کی انتہائی دلچسپی کا پتہ دیتا ہے۔ آپ نے ۶۱۴ھ میں اپنے ہاتھ سے اجازت نامہ لکھ کر ہمیں عطا فرمایا تھا۔

میں کہتا ہوں اس سال آپ کے ساتھ درج ذیل مشاہیر نے بھی جان جان آفرین کے سپرد کی۔ محدث یمین الدین احمد بن سلطان صلاح الدین ایوبی ۵۷ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مشہور قوال ابو محمد اسحاق بن احمد علثی زاہد، محدث مصر وجیہ الدین ابو الیمن برکات بن ظافر انصاری، فقیہ موفق حمد بن احمد بن صدیق حرانی، ابو طاہر خلیل بن احمد جوسقی صرصری، مسند ابو منصور سعید بن محمد بن یاسین سفار، امام ناصح الدین ابو الفرج عبد الرحمٰن بن نجم شیرازی حنبلی انصاری، فقیہ حران ناصح الدین عبد القادر بن عبد القاہر حنبلی، فقیہ شرف الدین بن عبد القادر بغدادی مصری شافعی، ابو القاسم عبد اللطیف بن ادیب شاعر عراق محمد بن عبد اللہ تعاویذی، خطیب بلنسیہ ابو الحسن علی بن احمد، مسند ابو نزار عبد الواحد بن نزار بغدادی تقریباً ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند ابو الحسن علی بن محمد بغدادی محدث مؤرخ مسند عراق، ابو الحسن محمد بن احمد قطیعی نے ۸۰ سال عمر پا کر سفر آخرت اختیار فرمایا، مسند ابو الحسن مرتضیٰ بن ابو الجود حاتم حارثی مصری۔ ۸۵ سال عمر پا کر فوت ہوئے۔ مسند ابو بکر ہبۃ اللہ بن عمر حلاج اور عمر رسیدہ خاتون ام عبد اللہ یاسمین بنت سالم بن علی بن بیطار۔

ہمیں ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے فرماتی ہیں میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ہاتھ سے خوشبو لگائی تھی جس وقت آپ نے احرام باندھا تھا۔ اور جس وقت آپ حلال ہوئے تھے اس وقت بھی میں نے آپ کو طواف بیت اللہ سے پہلے خوشبو لگائی تھی۔

۱۱۳۶ ۱۵/۱۸ امام ابن دحیہ کلبی اندلسی

آپ کی کنیت ابو الخطاب اور نام عمر بن حسن بن علی ہے۔ اندلس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث

Marfa

اور نامور عالم ہیں۔ دانیہ میں پیدا ہونے اور سبتہ میں رہائش رکھنے کی وجہ سے دانی اور سبتی کہلاتے ہیں۔ اپنے متعلق "ذوالنسبین بین دحیۃ والحسین" لکھا کرتے تھے۔ یعنی مشہور صحابی دحیہ کلبی اور حضرت حسین دونوں سے رشتہ رکھنے والے۔ ابار کہتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ بیان کرتے تھے کہ وہ دحیہ کلبی کی اولاد سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور ابوالبسام حسینی کے نواسے ہیں۔

سن شعور کو پہنچنے کے بعد اندلس میں ابوالقاسم بن بشکوال، ابوعبداللہ بن مجاہد، ابوبکر بن جد، ابوعبداللہ بن زرقون، ابوبکر بن جعفر لمتونی، ابوالقاسم بن جیش اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔

مرتبہ و مقام آپ کو علم حدیث میں بصیرت تامہ حاصل تھی۔ اور اس کو احاطۂ تحریر میں لانے کے بہت دلدادہ تھے۔ شب و روز اس کے سماع میں مصروف رہتے تھے۔ بڑے خوشخط اور بڑے حافظ وضابط تھے۔ علم لغت سے حصہ وافر پایا تھا۔ ادب اور دیگر علوم و فنون سے بھی بہرہ مند تھے۔ دانیہ میں منصب قضا پر فائز ہوئے لیکن جلد ہی اہل شہر کی شکایت پر معزول کر دیئے گئے۔ وہاں سے نکلے اور قاضی تلمسان ابن ابی حیون سے مزید تعلیم حاصل کی۔ پھر ۹۵ھ میں تونس میں حدیث پڑھانے لگے وہاں سے حج کرنے کے لیے مکہ معظمہ تشریف لے گئے۔ تو بلاد مشرق میں عموماً اور اصفہان، عراق اور نیشاپور میں خصوصاً کتابت علم کی طرف متوجہ ہوئے۔

میں کہتا ہوں ابوجعفر صیدلانی، ابوالفتح فراوی اور حافظ ابوالفرج ابن الجوزی سے استفادہ کرنے کے بعد مصر چلے آئے۔ ابار کہتے ہیں وہاں ملک کامل کو علم ادب پڑھایا اور بے انداز دولت حاصل کی نیز تصنیف و تالیف اور تعلیم و تدریس میں مصروف رہے۔ آپ کی ایک تصنیف "النص المبین فی المفاضلۃ بین اہل صفین" بہت مشہور ہے۔ ۶۱۳ھ میں مجھے اپنے ہاتھ سے لکھ کر اجازت نامہ مرحمت فرمایا۔ میں کہتا ہوں آپ [illegible] بوصیری اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ واسط میں [illegible] اور صیدلانی سے پوری معجم طبرانی کا سماع کیا۔ ۶۰۰ھ میں موطا امام مالک پڑھایا جس کو [illegible] ابوعمرو بن صلاح نے بھی ان سے سنا۔ آپ دعویٰ کیا کرتے تھے کہ انہوں نے پوری صحیح مسلم زبانی اپنے کسی استاذ کو سنائی تھی۔ مگر کان اس دعویٰ کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں کیونکہ وہ کثیر العلم اور مجموعہ فضائل ہونے کے باوجود اٹکل پچو بات کہنے اور لمبے چوڑے دعوے کرنے کے عادی تھے۔

آپ کے متعلق اہل علم کی جرح حافظ ضیاء کہتے ہیں۔ شہر اصفہان میں میری ان سے ملاقات ہوئی۔ لیکن میں نے ان سے سماع نہیں کیا۔ مجھے ان کا طرز عمل پسند نہیں آیا۔ وہ آئمہ دین کے بارہ میں اکثر نازیبا کلمات استعمال کرتے تھے۔ مجھے ابراہیم سنہوری نے بتایا ہے کہ میں ملک مغرب میں داخل ہوا تو دیکھا کہ وہاں کے مشائخ نے ان کی تضعیف کی ہے اور ان کو مجروح قرار دیا ہے۔ حافظ ضیاء لکھتے ہیں میں نے ان سے اکثر ایسی چیزیں دیکھی ہیں جن سے علماء کے

مغرب کی تصدیق ہوتی ہے۔

قاضی ابن واصل کہتے ہیں کہ ابوالخطاب وسعتِ علم اور قوتِ حافظہ کے باوجود نقلِ عبارت میں قابلِ اعتماد نہیں تھے۔ اہلِ علم ان پر مجازفت اور اٹکل پچو بات کہنے کی تہمت لگاتے تھے۔ ملکِ کامل کو اس کا پتہ چلا، تو اس نے ان کو شہاب کی کتاب پر حاشیہ لکھنے کا حکم دیا۔ فرمانِ شاہی کی تعمیل میں انہوں نے کتابِ مذکور پر حاشیہ لکھ دیا۔ جس میں اس کی اسانید پر بحث کی اور بادشاہ کی خدمت میں پیش کر دیا۔ کچھ عرصہ کے بعد ملکِ کامل نے کہا مجھ سے وہ کتاب گم ہو گئی ہے۔ مجھے اس جیسا حاشیہ دوبارہ لکھ دیں۔ چنانچہ انہوں نے دوبارہ حاشیہ لکھ کر پیش کر دیا۔ جس میں پہلے سے متضاد باتیں بیان کیں۔ بادشاہ نے معلوم کیا کہ ان کے متعلق اہلِ علم کا نظریہ صحیح ہے۔ انہیں دارالحدیث سے معزول کر دیا۔ اور ان کی جگہ ان کے بھائی امام ابوعمرو لغوی کو متعین کیا۔

دوسرا تجربہ ابن نقطہ کہتے ہیں ابوالخطاب سے میری ملاقات نہیں ہوئی وہ علم و فضل میں مشہور تھے۔ مگر اکثر ایسی چیزوں کا دعویٰ کرتے تھے جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا تھا۔ مجھے ایک قابلِ اعتماد عالم ابوالقاسم بن عبدالسلام نے بتایا کہ ایک دفعہ ابنِ دحیہ میرے مہمان بنے تو کہنے لگے۔ مجھے صحیح مسلم اور جامع ترمذی دونوں ازبر یاد ہیں یہ سن کر میں نے ایک چیز میں ترمذی کی پانچ اور مسند احمد کی پانچ اور موضوعات میں سے پانچ حدیثیں لکھ کر ان کی خدمت میں پیش کیں تو وہ ان میں سے ایک حدیث بھی معلوم نہ کر سکے۔

تیسرا تجربہ قاضی ابن خلکان لکھتے ہیں: آپ ایک دفعہ اربل میں آئے تو شاہِ اربل کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے "کتاب المولد" لکھی اس میں بادشاہ کی مدح میں ایک قصیدہ درج کیا۔ جس کا پہلا شعر یوں تھا۔ لولا الوشاۃ وھم اعداؤنا وھموا ۔ بعد میں معلوم ہوا کہ یہ پورا قصیدہ دیوان اسعد بن مماتی میں مذکور ہے۔

میں نے ابن مسدی کے ہاتھ کی لکھی ہوئی یہ تحریر پڑھی ہے کہ ابوالخطاب کے والد تاجر تھے اور کلبی کہہ کر پکارے جاتے تھے جو دانیہ کے ایک گاؤں کی طرف نسبت ہے۔ ابوالخطاب اپنے متعلق پہلے اپنے اسی گاؤں اور اپنے نسب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کلبی اور کلبی دونوں الفاظ لکھا کرتے تھے۔ آپ اپنے زمانہ کے بہت بڑے عالم تھے۔

میں کہتا ہوں، مدلس تھے اجازت نامہ میں حدثنا کا لفظ استعمال کرتے تھے۔ میری کسی ایسے شخص سے ملاقات نہیں ہوئی جو مجھے ان سے براہ راست حدیث بیان کرے ہاں میں نے حافظ شرف الدین حنبلی سے سماع کیا ہے جن کو ان کی طرف سے اجازت حاصل تھی۔

وفات میں نے پڑھا ہے کہ انہوں نے ربیع الاول ۶۳۳ھ کی چودھویں رات کو انتقال فرمایا۔ اور

۸۰ سے کچھ زیادہ سال زندہ رہے۔

اس سال درج ذیل علماء نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

جمال ابو حمزہ احمد بن عمر مقدسی انہوں نے عمر کی ۶۴ بہاریں دیکھی ہیں۔ حاکم سبتہ فقیہ ملک ابو العباس بن الخطیب محمد بن احمد لخمی عزفی، مسندہ ام الحیاء زہرہ بنت محمد بن احمد آپ نے بغداد میں انتقال فرمایا۔ عمر رسیدہ بزرگ ابو الربیع سلیمان بن احمد شارعی، مقری ابن المغربل تلمیذ کیزانی، فقیہ وجیہ الدین عبد الخالق بن اسمٰعیل تنیسی، مسند شیخ عبد الرحمٰن بن عمر دمشقی نساج، خطیب زملکا عبد الکریم بن خلف انصاری، شیخ عفیف الدین علی بن عبد الصمد مصری نحوی، مسند کبیر ابو الحسن علی بن ابو بکر بن روزبہ بغدادی قلانسی، مسند فخر الدین محمد بن ابراہیم اربلی، ابو بکر محمد بن محمد مامونی مقری ضریر مصر میں فوت ہوئے۔ مسند ابو الفتح نصر اللہ بن عبد الرحمٰن انصاری دمشقی اور قاضی القضاۃ عماد الدین نصر بن عبد الرزاق بن شیخ عبد القادر جیلی انہوں نے ستر سال کی عمر پا کر انتقال فرمایا۔ رحمہم اللہ اجمعین۔

۱۱۳۷ ۱۶/۱۸ امام مفید برزالی اشبیلی

آپ کی کنیت ابو عبد اللہ، نام محمد بن یوسف بن محمد بن ابو یداس اور لقب زکی الدین اور محدث شام ہے۔ اندلس کے رہنے والے نامور حافظ حدیث ہیں۔ تحصیل علم کے لیے دور دراز ممالک کے دورے کیے۔ تقریباً ۵۷۷ھ میں پیدا ہوئے۔ ۶۰۲ھ میں حج بیت اللہ کے لیے آئے تو ان کے دل میں سماع علم اور کتابت حدیث کا شدید جذبہ پیدا ہوا۔ چنانچہ حافظ ابن المفضل اور ایک جماعت کے علاوہ مکہ معظمہ میں زاہر بن رستم اور یونس ہاشمی، دمشق میں کندی اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم، اصفہان میں عین الشمس بنت الشیخ موجود علماء، نیشاپور میں منصور اربل اور موصل کے مشاہیر سے بھی فیضیاب ہوئے۔ [illegible] سے لکھا اور بہت سی کتابیں نقل کیں۔ معجم کبیر تصنیف کی اور بہت سے علماء کے لیے تخریج احادیث کا کام کیا۔ بالآخر دمشق میں سکونت اختیار کر لی اور صاحب اولاد ہوئے۔ عرصہ تک مسجد فلوس میں امامت کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ سمجھدار، تواضع پسند، ہر وقت مسکرانے والے اور طلبہ کو فائدہ پہنچانے کے دلدادہ تھے۔ اپنی کتابیں اور دوسری چیزیں عاریتاً دینے میں بڑے فیاض تھے۔

مرتبہ و مقام حافظ زکی الدین منذری لکھتے ہیں: رمضان المبارک کی چودھویں رات کو حافظ ابو عبد اللہ برزالی نے حمات میں بعمر کہولت داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ نے بے انداز علم لکھا اور ایک جماعت کے لیے احادیث کی تخریج کی۔ بلند پایہ حافظ حدیث تھے اور اس فن میں بہت اچھا مذاکرہ کیا کرتے تھے۔ ہم مدت تک قاہرہ میں اپنے شیخ ابن المفضل کے ہاں اکٹھے رہے۔ میں نے ان سے اور انہوں نے مجھ سے حدیث کا سماع کیا۔

میں کہتا ہوں مندرجہ ذیل علماء نے آپ سے علمی فیوض حاصل کیے۔
امام ابو حامد بن صابونی، عمر بن یعقوب اربلی، ابو المجد بن علیم، جمال الدین محمد بن واصل، ابو الفضل ابن عساکر محمد بن یوسف ذہبی اور ابو علی بن خلال وغیرہ۔
برزالہ جس کی طرف انتساب کی وجہ سے آپ برزالی کہلاتے ہیں ایک چھوٹا سا قبیلہ ہے۔
آپ نے رمضان المبارک ۶۳۶ھ میں انتقال فرمایا۔
اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی دنیائے دون کو چھوڑ کر سفرِ آخرت اختیار فرمایا۔
ابو العباس احمد بن علی بن محمد زاہد قسطانی ثم مصری۔ انہوں نے ۷۷ سال عمر پاکر وفات پائی۔ ابو المعالی سعد بن مسلم بن مکی قیسی دمشقی، محدث ابو الخیر بدل بن ابو المعمر تبریزی ۸۴ سال کے ہو کر فوت ہوئے۔ مسند مقری ابو الفضل جعفر بن علی ہمدانی اسکندرانی، شیخ اسکندریہ امام کبیر جمال الدین ابو القاسم عبد الرحمٰن بن عبد الحمید صفراوی مالکی ۹۲ سال کی عمر کو پہنچ کر فوت ہوئے۔ محدث نصیبین شیخ عسکر بن عبد الرحیم عدوی، مسند ابو الفضل محمد بن محمد بن حسن بن سباک اور دمشق کے شیخ الحنفیہ علامہ جمال الدین محمود بن احمد بخاری ابن الحصری۔
مجھے ان کے واسطہ سے حضرت علی کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ آخر زمانہ میں ایسے لوگ پیدا ہو جائیں گے جو قرآن پڑھیں گے اور وہ ان کے حلقوں سے نیچے نہیں اترے گا۔ وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے ہر مسلمان پر ان سے لڑنا واجب ہے۔

۱۱۳۸ ۱۷/۱۸ امام ابن رُومیہ اُموی اندلسی

آپ کی کنیت ابو العباس اور نام احمد بن محمد بن مفرج اشبیلی ہے۔ اندلس کے رہنے والے جلیل القدر حافظ اور ناقدِ حدیث ہیں۔ بنو اُمیہ کے آزاد کردہ غلام ہیں اور نسبتِ ولا کی وجہ سے اموی کہلاتے ہیں۔ آپ نے ابن عدی کی مشہور کتاب الکامل پر ذیل لکھا ہے جس کا نام کتاب الحافل رکھا ہے۔ ظاہری مسلک کے بلند پایہ فقیہ ہیں۔ ۵۶۱ھ میں کتمِ عدم سے منصۂ شہود پر جلوہ افروز ہوئے۔
اپنے ملک اندلس میں ابو عبد اللہ بن زرقون، ابو بکر بن جد، احمد بن جمہور، محمد بن علی تجیبی اور ابو ذر خشنی سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر حج بیت اللہ کے لیے مکہ معظمہ تشریف لائے۔ فراغت کے بعد عراق کا سفر کیا اور امام فراوی اور امام ابو الوقت کے تلامذہ سے علوم دینیہ کی تکمیل کی۔

عام حالات ابار لکھتے ہیں۔ آپ مالکی مسلک چھوڑ کر ظاہری ہو گئے۔ اور علامہ ابن حزم کے متعصب حامیوں میں شمار ہونے لگے۔ فنِ حدیث اور علم الرجال میں بصیرتِ تامہ رکھتے تھے۔ انہوں نے کامل ابن عدی پر ایک ضخیم جلد میں مفید اضافے کیے ہیں۔ ادویات اور مختلف جڑی بوٹیوں کے متعلق ان کے معلومات اس قدر وسیع ہیں کہ اس فن میں کوئی ہمعصر ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ ایک دوکان میں ان کی

خرید و فروخت کا کام کیا کرتے تھے۔ ہمارے اکثر مشائخ نے ان سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ حافظ منذری کہتے ہیں: میں نے مصر میں ان سے ملاقات کی تھی۔ انہوں نے اپنی یادداشت سے متعدد احادیث بیان کیں۔ ان کے پاس احادیث کے بہت سے مجموعے تھے لیکن بدقسمتی سے مجھے ان سے ان کے سماع کا اتفاق نہیں ہوا۔

میں کہتا ہوں ابن نقطہ نے ان سے علم حدیث لکھا ہے۔ وہ فرماتے تھے آپ ثقہ، حافظ اور صالح تھے۔

میں کہتا ہوں آپ نے اپنے مشائخ کے حالات میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام کتاب التذکرۃ ہے آپ نے ایک کتاب "المعلم بما زاد البخاری علی مسلم" بھی تصنیف کی ہے۔ ابن فرقون کہتے ہیں آپ کے بعض تلامذہ نے آپ کی سیرت پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے اس میں بیان کیا ہے کہ آپ نے ربیع الاول ۶۳۷ھ کے آخر میں اچانک داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ آپ کی وفات پر بہت سے شعراء نے مرثیے لکھے۔

تلامذہ میں کہتا ہوں آپ سے ابوبکر مومیائی، ابو اسحاق بلفقی اور ایک دوسری جماعت نے حدیث روایت کی ہے۔ اسی سال آپ کے ساتھ علامہ ابن دبیثی کا بھی انتقال ہوا۔ ان کا تذکرہ پہلے گذر چکا ہے۔ ابن زبیر کہتے ہیں آپ ظاہری مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ دیندار، پرہیزگار، صاحب علم اور ایثار پیشہ تھے۔ آپ کا ذریعہ معاش ادویات اور جڑی بوٹیوں کا کاروبار تھا۔

۱۱۳۹ ۱۸/۱۸ امام ابن طیلسان قرطبی

آپ کی کنیت ابوالقاسم نام قاسم بن احمد بن محمد انصاری اور لقب محدث اندلس ہے۔ قرطبہ کے رہنے والے نامور حافظ حدیث ہیں۔ بقول ابار تقریباً ۵۷۵ھ میں پیدا ہوئے۔

ابار کہتے ہیں: آپ اپنے نانا ابوالقاسم بن شراط، ابوالعباس بن مقدام، ابو محمد عبدالحق [illegible] اور ہمارے شیوخ کی ایک جماعت سے حدیث روایت کرتے ہیں۔ ان کے علاوہ [illegible] بن سمجون نے آپ کو اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ آپ کے اساتذہ کی تعداد دو سو سے متجاوز ہے۔

عام حالات قرآن حکیم کی تعلیم دینے اور حدیث پاک پڑھانے کے لیے سند صدارت پر فائز رہے ہیں۔ مختلف قراءات میں ماہر اور ادب عربی سے خوب واقف تھے۔ صنعت حدیث میں آپ کو اپنے معاصرین پر گوئے سبقت حاصل تھا۔

آپ نے متعدد تصانیف اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ ان میں سے چند قابل ذکر ہیں:

(۱) کتاب "ما ورد من الامر فی شربۃ الخمر" (۲) کتاب "بیان المنن علی قاری الکتاب والسنن" (۳) کتاب "الجواہر المفصلات فی احادیث المسلسلات" (۴) کتاب "غرائب اخبار المسندین ومناقب آثار المہتدین" (۵) کتاب "اخبار علماء الاندلس" ہمارے اکابر شیوخ میں سے ایک جماعت نے ان سے علم حاصل کیا ہے اور ان میں اس کی اہلیت تامہ موجود تھی۔

جب قرطبہ پر فرنگیوں کا قبضہ ہُوا تو آپ وہاں سے نکل کر مالقہ میں سکونت پذیر ہو گئے۔ اور اپنی وفا
تک جو ربیع الآخر ۶۴۲ھ میں ہُوئی خطابت کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔

ابن بازون نے افریقہ سے ہماری طرف لکھا کہ انہوں نے ابن طیلسان سے "کتاب الوعد والانجاز فی عوالی
الاحادیث" کا کافی حصہ سنا ہے اور باقی احادیث کا جن کی روایت ان کے لیے جائز تھی اجازت عطا فرمائی اجا
نامہ کے الفاظ یہ ہیں۔

فلاں شخص نے اللہ تعالیٰ اس کا مرتبہ بلند کرے اور اس کو نیکنامی سے نوازے مجھ سے سوال کیا کہ میں
اسے اپنی تمام روایات اور اپنی جمع کردہ کل احادیث کی اجازت دے دوں۔ چنانچہ میں نے اس کی خواہش کے
پیش نظر اس کے سوال کو قبول کرتے ہُوئے ۶۴۱ھ میں اس کو اور اس کے لڑکے احمد کو اللہ تعالیٰ اس کو بابرکت
کرے اور اس کے ساتھ اس کے باپ کی آنکھیں ٹھنڈی کرے اجازت دے دی ہے۔

میں کہتا ہوں اس سال حسب ذیل علماء بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہُوئے۔

صدر تاج الدین احمد بن قاضی شمس الدین آپ دمشق میں ۷۱ سال کی عمر میں واصل بحق ہُوئے۔ صدر نجم الدین
حسن بن سالم دمشقی ۷۰ سال عمر پا کر فوت ہُوئے۔ شیخ حاطب بن عبدالکریم حارثی مزی ابوالقاسم
سلیمان بن عبدالکریم انصاری دمشقی، مسند ابوالمنصور ظافر بن طاہر اسکندرانی مطرز، شیخ
ابو محمد عبداللہ بن عمر جوینی آپ نے دمشق میں رحلت فرمائی۔ قاضی عبدالعزیز بن عبدالواحد جیلی دمشق
کر دیئے گئے۔ شیخ قمر بن ہلال قطیفی، نفیس ابوالبرکات محمد بن حسین انصاری حموی ضریر اور صدر جمال الدین
ابوالفضل یوسف بن عبدالمعطی مجلی غسانی اسکندرانی۔ انہوں نے ۷۴ سال کی عمر میں وفات پائی۔

۱۱۴۰ $\frac{19}{18}$ مُفیدِ عراق امام ابن النجار بغدادی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ، نام محمد بن محمود بن حسن اور لقب محب الدین ہے۔ بغداد کے رہنے والے
نامور حافظِ حدیث اور بلند پایہ مؤرخ ہیں آپ نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ ۵۷۸ھ میں پیدا ہُوئے۔ آپ نے
بہت سے اساتذہ سے کسب کمال کیا ہے اور یحییٰ بن یوش، عبدالمنعم بن کلیب، ذاکر بن کامل، مبارک بن معطوش،
ابن الجوزی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

آپ نے دس سال کی عمر میں حدیث کا سماع شروع کیا اور ۱۵ سال کی عمر میں طلب علم سے آپ کی دلچسپی
انتہا کو پہنچ گئی چنانچہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے گھر سے نکل کھڑے ہُوئے اور اصفہان میں عین الشمس ثقفیہ
اور ایک دوسری جماعت سے، نیشاپور میں مؤید اور زینب سے، ہرات میں ابورُوح سے، دمشق میں کندی اور
مصر میں حافظ ابن المفضل اور دوسرے ائمہ سے فیوض حاصل کیے اور علم کے خزانے اپنے قلب و دماغ میں محفوظ
کیے اور عالی اور نازل ہر طرح کی اسانید کو قلمبند کیا۔ مدینۃ السلام کی تاریخ مدون کی پھر اس پر ذیل لکھا۔ جس

Marfa

میں علامہ خطیب کے اوہام کی نشاندہی کی یہ کتاب ۳۰۰ جز میں مکمل ہوئی۔ آپ کا چوٹی کے قابل اعتماد حفاظِ حدیث میں شمار ہوتا ہے۔ دیندار اور اپنے آپ کو ہر قسم کے عیب سے بچانے والے تھے۔ عبادت گذار اور وسیع الروایت اور صاحب فہم و فراست تھے۔

تلامذہ آپ سے علم حدیث حاصل کرنے والوں کی فہرست کافی طویل ہے چند قابل ذکر تلامذہ کے نام درج ذیل ہیں:۔

ابو حامد ابن الصابونی، ابو العباس فارفثی، ابو بکر شریشی، ابو الحسن غزالی، ابو الحسن بن بلیان، ابو عبد اللہ بن قزاز حدانی وغیرہ۔

ان کے علاوہ ابو العباس بن ظاہری، تقی الدین حنبلی اور ابو المعالی بن بالسی آپ سے بالاجازت روایت کرتے ہیں۔

عام حالات اور تصانیف ابن ساعی کہتے ہیں: طلب علم کے لیے آپ کی رحلات مسلسل ۴۰ سال جاری رہی اور اس مدت میں آپ نے تین ہزار شیوخ سے استفادہ کیا اور اپنی یادگار مندرجہ ذیل تصانیف چھوڑی ہیں۔

(۱) القمر المنیر فی المسند الکبیر اس میں ہر صحابی کا ذکر کیا ہے۔ اور اس سے مروی تمام احادیث بیان کی ہیں۔ (۲) کنز الاحکام فی السنن والاحکام (۳) کتاب المؤتلف والمختلف اس کتاب کی ابن ماکولا پر ذیل کی حیثیت ہے (۴) کتاب "المتفق والمفترق" (۵) کتاب "انساب المحدثین الی الاقطار والبلدان" (۶) کتاب "العوالی" (۷) کتاب "المعجم" (۸) کتاب "جنۃ الناظرین فی معرفۃ التابعین (۹) کتاب "العقد الفاخر الفاخر" (۱۰) کتاب "الکمال فی [illegible] (۱۱) میں نے ان سے تاریخ کی ذیل پڑھی ہے جو ۱۶ جلدوں میں لکھی ہے۔ (۱۲) کتاب "ال[illegible] المدینہ" (۱۳) کتاب "روضۃ الاولیاء فی مسجد ایلیاء" (۱۴) کتاب "[illegible] فی ذکر [illegible]" (۱۵) کتاب "الازھار فی انواع الاشعار" (۱۶) کتاب عیون الفوائد ۶ جلد اور کتاب "مناقب [illegible] بیان فرمائی۔ گئے ہوئے ابن ساعی کہتے ہیں: آپ نے مجھ کو وصیت کی تھی اور اپنی کتب [illegible] کے لیے وقف کر دیا تھا۔ وفات کے بعد حاکم شہر نے مجھے ان کی تجہیز و تکفین کا حکم دیا۔ بہت سے شاعروں نے آپ کے مرثیے لکھے۔ مرحوم دنیا کے محاسن میں سے ایک تھے۔

آپ نے ۵ شعبان المعظم ۶۴۳ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابو ہریرہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ علم چھپا لیا۔ اللہ تعالیٰ اس کے منہ میں آگ کی لگام دے گا۔

---

fat.com

۱۱۴۱ ۲۰/۱۸ شیخ الاسلام امام ابن الصلاح کردی شہرزوری

آپ کی کنیت ابو عمرو اور نام عثمان بن مفتی صلاح الدین عبدالرحمٰن بن عثمان کردی ہے۔ شہرزور کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور نامور مفتی ہیں۔ شافعی مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ کتاب علوم الحدیث کے مصنف ہیں ۵۷۷ھ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے اپنے والد سے علم فقہ حاصل کیا پھر عرصہ تک موصل میں تحصیل علم میں مصروف رہے۔ قاضی شمس الدین کہتے ہیں: مجھے اطلاع ملی ہے کہ انہوں نے اپنے والد سے فقہ کی مشہور کتاب "المہذب" پوری کی پوری مکرر سہ کرر پڑھی اور اس وقت ابھی ان کی مونچھیں بھی نہیں اگی تھیں۔ پھر علم عماد بن یونس کے پاس معید مقرر ہوئے (استاد کی بات سامعین تک پہنچانے والے کو معید کہتے ہیں)

میں کہتا ہوں: آپ نے عبیداللہ بن سمین، نصراللہ بن سلامہ، محمود بن علی بن حمد اور عبدالمحسن بن طوسی سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر بغداد کی طرف کوچ کیا۔ وہاں ابو احمد بن سکینہ اور عمر بن طبرزد سے، ہمدان میں ابوالفضل بن معزم سے، نیساپور میں منصور، مؤید، زینب اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، مرو میں ابوالمظفر بن سمعانی اور ایک جماعت سے، دمشق میں قاضی جمال الدین عبدالصمد بن حرستانی، شیخ موفق الدین مقدسی اور ابن فخرالدین بن عساکر سے، حلب میں ابو محمد بن علوان سے اور حران میں حافظ عبدالقادر سے علم حدیث کی تکمیل کی۔ قراءت کے بعد بیت المقدس میں مدرسہ صلاحیہ میں مسند تدریس کو رونق بخشی۔ جب معظم نے شہر کی فصیل گرادی تو دمشق چلے آئے اور مدرسہ رواحیہ میں پڑھانے لگے۔ پھر دارالحدیث اشرفیہ میں صدر المدرسین مقرر ہوئے۔ ازاں بعد شامیہ صغریٰ میں مسند تدریس انجام دیئے۔ تدریس کے علاوہ آپ تصنیف و تالیف اور فتویٰ نویسی کا کام بھی کرتے تھے۔ آپ سے بہت سے لوگوں نے سندِ قراءت حاصل کی۔ آپ کا شمار دین کے چوٹی کے علماء میں ہوتا تھا۔

مرتبہ و مقام قاضی ابن خلکان فرماتے ہیں آپ تفسیر، حدیث اور فقہ پر اپنے زمانہ میں کامل عبور رکھتے تھے۔ دوسرے علوم و فنون میں بھی آپ کی صلاحیت قابلِ رشک تھی۔ آپ کے فتاوے صحیح اور قابلِ قبول ہوتے تھے۔ آپ میرے استاذ ہیں۔ بسلسلہ تعلیم مدت تک ان کے پاس رہا ہوں اور بہت فائدہ اٹھایا ہے خصوصاً ۶۳۲ھ میں تو میں نے آپ کے حلقۂ درس سے کبھی غیر حاضری نہیں کی۔ آپ نے مشہور کتاب "الوسیط" پر اہم اعتراضات کیے ہیں۔ ابوحفص بن حاجب اپنی معجم میں لکھتے ہیں۔ آپ اپنے وقت کے امام تھے، پرہیزگار، عقلمند اور کریمانہ اخلاق کے حامل تھے۔ اصول و فروع میں متبحر تھے۔ طلبِ علم میں آپ کی جفاکشی ضرب المثل تھی اور اطاعت و عبادت میں پُرجوش اور سرگرم تھے۔

میں کہتا ہوں سلفی العقیدۃ تھے۔ متکلمین کی دور از کار تاویلات سے متنفر تھے۔ کتاب و سنت کی نصوص پر بلا چون و چرا عمل کرتے تھے۔ بڑے بارعب تھے۔ بہترین لباس زیبِ تن فرمایا کرتے تھے۔ امراء اور سلاطین کے

ہاں معزز تھے۔

تلامذہ امام شمس الدین بن عبدالرحمٰن بن نوح، کمال الدین سلار، کمال الدین اسحاق، تقی الدین بن رزین، قاضی اور ان جیسے دوسرے نادرۂ روزگار ائمہ نے آپ سے علم فقہ حاصل کیا ہے۔ نیز امام فخر الدین عمر کرخی، مجد الدین بن مہتار، شیخ تاج الدین عبدالرحمٰن، شیخ زین الدین فاروقی، قاضی شہاب الدین جوری، خطیب شرف الدین فراوی، شہاب محمد بن شرف، صدر محمد بن حسن ارموی، عماد ابن الباسی، شرف محمد بن خطیب آبادی، ناصر الدین محمد بن مہتار، قاضی ابوالعباس احمد بن علی جیلی، شہاب احمد بن عفیف اور دوسرے لوگوں نے آپ سے فن حدیث سیکھا۔

آپ نے ۲۵ ربیع الآخر ۶۴۳ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔ آپ کی وفات سے لوگوں کو بے حد صدمہ ہوا۔ آخری دیدار کرنے اور آپ کے جنازہ کو کندھا دینے کے لیے عقیدتمندوں کا اتنا ہجوم تھا کہ پہلے کسی جنازہ پر اتنا ہجوم دیکھنے میں نہیں آیا۔ انتہائی احترام اور وقار کے ساتھ جنازہ کو جامع دمشق میں لایا گیا اور یہیں نماز جنازہ ادا کی گئی۔ چونکہ خوارزمیہ نے شہر کا محاصرہ کیا ہوا تھا۔ اس لیے لوگ قبرستان تک نہ جا سکے اور باب الفرج سے واپس آ گئے۔ آپ کے تلامذہ میں سے دس آدمی گئے اور آپ کے جسد عنصری کو قبرستان صوفیہ میں سپرد خاک کر دیا۔ آپ کی قبر زیارت گاہ خواص و عوام ہے۔ آپ نے ۶۶ سال عمر پائی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

اس سال درج ذیل علماء بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

مفتی حنابلہ امام تقی الدین احمد بن محمد بن حافظ عبدالغنی مقدسی آپ نے ۵۲ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ مسند ابوبکر عبداللہ بن نحال بغدادی، خطیب مقادسہ شرف الدین عبداللہ بن ابو عمرو حنبلی، محدث ابو منصور عبداللہ بن محمد بغدادی، فقیہ ابو سلیمان عبدالرحمٰن بن حافظ عبدالغنی مقدسی، محدث حران سراج الدین عبدالرحمٰن بن عمر بن شحانہ حرانی، محدث اسکندریہ اسد الدین ابوالقاسم عبدالرحمان بن [illegible] کندی، ادیب امین الدین [illegible] بن حمود تنوخی، عدل عبدالمنعم بن محمد بن محمد دمشقی آپ نے حماۃ میں وفات پائی۔ عدل ضیاء الدین [illegible] بن ابوالفضل سلمانی، مسند وقت ابوالحسن علی بن حسین نجار مصر میں ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ القراء علامہ علم الدین علی بن محمد سخاوی دمشق میں واصل بحق ہوئے۔ صدر نسابہ عز الدین محمد بن احمد بن عساکر، امام محدث تاج الدین ابوالحسن محمد بن احمد قرطبی، مسند بغداد ابوبکر محمد بن سعید صوفی، ظہیر الدین محمد بن عبدالرحمٰن سعدی مالکی، امام فخر الدین محمد بن عمر حمیری مالکی دمشقی، مفتی حنابلہ ضیاء محاسن بن عبدالملک تنوخی حموی، محدث مفید ابوالعز مفضل بن علی قرشی شافعی، علامہ منتخب الدین منتخب بن ابوالعز ہمدانی نحوی دمشق میں فوت ہوئے۔ ابو غالب منصور بن احمد مراغی، صاحب شہاب الدین یعقوب بن محمد شیبانی، شیخ العربیہ موفق الدین یعیش بن علی اسدی حلبی اور ان کے علاوہ اور بہت سے مشاہیر نے بھی اس سال انتقال فرمایا۔ تاریخ میں یہ سال خوارزمیہ کا سال کہلاتا ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہؓ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو

عورت خوشبو استعمال کرے وہ ہمارے ساتھ عشاء کی نماز پڑھنے کے لیے مسجد میں نہ آئے۔

یہ حدیث امام مسلم نے اپنی صحیح میں ایک دوسری سند سے حضرت ابوہریرہ کے بجائے زینب ثقفیہ روایت کی ہے۔

اس حدیث میں اس بات کی دلیل ہے کہ عورت کے لیے خواہ وہ بوڑھی ہی ہو خوشبو لگا کر مسجد میں حرام ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عورتوں کی خوشبو یہ ہے کہ اس سے رنگ ظاہر ہو اور نہ آئے۔ اور مردوں کی خوشبو یہ ہے کہ اس سے مہک آئے اور بدن پر رنگ ظاہر نہ ہو۔ رواہ النسائی۔ لیکن عورت کستوری اور عنبر جیسی مہکنے والی خوشبو لگائے تو جب تک اس سے یہ خوشبو مہکتی رہے۔ اپنے گھر قدم باہر نہ رکھے۔

۱۱۴۲ ۲۱/۱۸ امام صریفینی حنبلی نزیل دمشق

آپ کی کنیت ابواسحاق، نام ابراہیم بن محمد بن ازھر اور لقب تقی الدین ہے۔ دمشق کے رہنے وا جلیل القدر حافظ حدیث اور نامور عالم ہیں۔ ۵۸۱ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ کو فن حدیث سے والہانہ لگاؤ تھا۔ سن رشد کو پہنچتے ہی اس کی تحصیل کے لیے خراسان، اصفہان اور جزیرہ کے سفر پر نکل کھڑے ہوئے۔ حافظ عبدالقادر رہاوی کی خدمت میں دیر تک رہے اور ان سے فراغت حاصل کی۔ ان کے علاوہ مؤید طوسی، عبدالمعز ہروی، علی بن منصور ثقفی، حنبل بن عبداللہ رصافی، عمر بن طبرزد، ابوالیمن کندی، ابومحمد بن اخضر اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کیا۔ اور آپ سے حافظ ضیاء الدین مقدسی، ابن الحلوانیہ، ابوالمجد ابن العدیم، شیخ تاج الدین فزاری اور ان کے بھائی، شیخ زین الدین فارقی، ابوعلی بن خلال، فخر بن عساکر اور دوسرے مشاہیر حدیث پاک روایت کرتے ہیں۔

مرتبہ و مقام اور عام حالات

حافظ منذری فرماتے ہیں: آپ ثقہ، حافظ اور صالح تھے۔ آپ نے متعدد اچھی اچھی کتابیں لکھنا شروع کی تھیں لیکن پوری نہ ہو سکیں۔

حافظ عزالدین ابن الحاجب کہتے ہیں: آپ امام، ثبت، راست گو اور وسیع الروایت تھے۔ قلت مال کے باوجود آپ کی طبیعت سخاوت پسند تھی۔ آپ نے دور دراز ممالک کے سفر کیے۔ سرمایۂ علم کو سپرد قلم فرمایا۔ اور مخلوق خدا کو بے حد فائدہ پہنچایا۔ فقیہ ہونے کے ساتھ ساتھ پرہیزگاری اور تورع سے بھی مالا مال تھے۔ دارالحدیث منبج میں صدر المدرسین مقرر ہوئے۔ پھر وہاں سے حلب چلے گئے اور دیر تک دارالحدیث شدادیہ کے صدر المدرسین کے منصب پر فائز رہے۔ میں نے آپ کے متعلق شیخ ضیاء سے پوچھا تو فرمانے لگے: آپ امام، حافظ حدیث اور ثقہ تھے۔ رفقاء سے حسن سلوک کے ساتھ پیش آتے تھے۔ علم فقہ خوب رکھتے تھے۔ ابن حاجب فرماتے ہیں۔ آپ نے قرآن مجید اپنے والد بزرگوار اور شیخ عوض صریفینی سے پڑھا۔ علم فقہ شیخ عبداللہ بن احمد

t.com

تواریخی اور علم ادب ہبۃ اللہ بن عمر دوری سے حاصل کیا۔
آپ نے ۶۰ سال کی عمر پاکر دمشق میں جمادی اولی ۶۴۱ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔
اس سال درج ذیل علماء نے سفر آخرت اختیار فرمایا۔
مسند عراق شیخ المستنصر بہ ابو طالب عبداللطیف بن محمد قبیطی، مسند شام ام الفضل بنت محدث عبدالوہاب قرشیہ زبیریہ آپ نے ۹۰ سال عمر پائی۔ مسند ابو محمد اغر بن کرم حربی، آپ ابن اسکاف کے نام سے مشہور تھے اور ۸۶ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ مسند ابوالقاسم حمزہ بن عمر انصاری عزال انہوں نے اسکندریہ میں وفات پائی۔ شیخ ضیاء الدین عبدالحق بن خلف دمشقی حنبلی، عدل مخلص الدین ابوالمکارم عبدالواحد بن عبدالرحمان ازدی دمشقی، ابو الرضا علی بن زید خیاط جذامی اسکندرانی، عمر رسیدہ بزرگ مسند ابوتمام علی بن ابوالفخار ہاشمی آپ کی عمر ۹۰ سال سے متجاوز تھی۔ قاضی شمس الدین ابوالفتح عمر بن اسعد تنوخی آپ نے ۸۴ سال کی عمر میں وفات پائی اور محدث امام ابو عبداللہ محمد بن قیسی غرناطی ثم اسکندرانی موصوف اسکندریہ میں ۸۰ سال سے زائد عمر پاکر فوت ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہم

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر خلیفہ ہوئے اور عرب کے بعض قبائل نے کفر اختیار کیا۔ تو حضرت عمر نے حضرت ابوبکر سے کہا تم لوگوں سے کس طرح لڑو گے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مجھے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ وہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کا اقرار کرلیں۔ الحدیث

۱۱۴۳ ۲۲/۱۸ امام الاُردی غرناطی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ اور نام محمد بن عتیق بن علی تجیبی ہے۔ اندلس کے رہنے والے بہت [illegible] اور بلند پایہ حافظ حدیث ہیں اور الاُردی کے نام سے مشہور ہیں۔ بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ اپنے والد بزرگوار امام ابوبکر اور ابوعبداللہ بن حمید سے روایت کرتے ہیں۔ ۵۶۳ھ میں پیدا ہوئے۔
ابوعبداللہ ابار کہتے ہیں۔ آپ نے مسند قضا کو رونق بخشی تھی۔ اور بہت سی کتابیں بھی لکھی ہیں جن میں سے قابل ذکر درج ذیل ہیں۔
(۱) انوار المصباح فی الجمع بین الکتب الستۃ الصحاح" (۲) "مطالع الانوار فی شمائل مختار" (۳) "النکات الکافیہ" اس میں اختلافی مسائل میں سے استدلال کیا ہے۔ (۴) "منہاج العمل فی صناعۃ الجدل" (۵) "المسالک النوریہ فی المقامات الصوفیہ"۔
آپ نے تقریباً ۶۴۶ھ میں انتقال فرمایا۔

رحمہ اللہ تعالیٰ

۱۱۴۴ ۲۳/۱۸ شیخ الاسلام امام منذری شامی ثم مصری

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبد العظیم بن عبد القوی اور لقب زکی الدین ہے۔ آپ شام کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث اور پختہ کار امام ہیں۔ آخر عمر میں مصر میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ شروع شعبان ۵۸۱ھ پیدا ہوئے۔ قرآن حکیم پڑھنے اور ادب و فقہ حاصل کرنے کے بعد طلبِ حدیث کی طرف متوجہ ہوئے۔

آپ نے ابو عبد اللہ ارتاحی، عبد المجیب بن زہیر، ابراہیم بن بتیت، ابو الجود غیاث بن فارس اور حافظ ابو الحسن مقدسی سے حدیث کا سماع کیا۔ مؤخر الذکر شیخ کی خدمت میں عرصہ تک رہے اور ان ہی سے سندِ فراغت حاصل کی۔ مدینہ منورہ میں حافظ جعفر بن امور سان سے اور دمشق میں عمر بن طبرزد، محمد بن رتف، تاج کندی اور اس طبقہ کے دوسرے علما سے کسب کمال کیا۔ علاوہ ازیں حران، اسکندریہ، رُہا اور بیت المقدس کے سرچشموں سے بھی علمی تشنگی دور کی۔ ایک جلد میں معجم لکھا، صحیح مسلم اور سنن ابو داؤد کا اختصار کیا اور مذہب کے سلسلہ میں کتابیں تصنیف کیں۔

دوسری طرف ہمارے شیوخ دمیاطی، ابن ظاہری، ابو الحسین یونینی، ابو عبد اللہ بن قزاز، اسماعیل بن نصر اللہ علاء الدین سنجر دواداری، قاضی القضاۃ تقی الدین ابن دقیق العید، عماد محمد بن جرائدی، اسحاق بن وزیری اور ان کے علاوہ دوسرے بہت سے لوگوں نے آپ سے علم حدیث حاصل کیا ہے۔

علمی حالات پہلے آپ قاہرہ میں جامع ظاہر میں مدرس مقرر ہوئے پھر "دار الکاملیہ" میں صدر المدرسین کا عہدہ سنبھالا اور وہاں یکسوئی کے ساتھ بیس سال تک نشر و اشاعتِ علم میں مصروف رہے۔ حافظ شریف عز الدین کہتے ہیں کہ ہمارے شیخ زکی الدین حدیث اور اس کے مختلف فنون میں اپنی نظیر آپ تھے۔ صحیح اور سقیم کے واقف، معلول اور اسانید کے عالم، احکام اور معانی کے شناسا اشکال حل کرنے اور غریب حدیث، اعراب و ترکیب اور اختلافِ الفاظ کی عقدہ کشائی کرنے والے تھے۔ نیز فنِ حدیث میں امام، حجت اور ثبت تھے۔ جو بات کہتے جانچ تول کر کہتے اور جو روایت کرتے تحقیق اور یقین سے روایت کرتے تھے۔ میں نے ان سے حدیث کا معتد بہ حصہ پڑھا ہے اور ان سے بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

میں کہتا ہوں آپ نے مشہور قاری ابو الجود کی زندگی میں ان کے ایک شاگرد سے قراءت سبع کی مشق کی تھی۔ ۵۹۵ھ میں حدیث کا سماع شروع کر دیا تھا۔ آپ بڑے زہد پسند اور عبادت گذار تھے۔ ہمارے شیخ عبد المؤمن فرماتے ہیں۔ آپ میرے استاد ہیں میں نے ان سے سندِ فراغت حاصل کی ہے۔ میں ایک دن طالب علم کی حیثیت سے ان کی خدمت میں حاضر ہوا تھا۔ اور جب گیا تو حدیث میں ان کا معید تھا۔

وفات حافظ عبد المؤمن کا بیان ہے کہ آپ نے ۴ ذی قعدہ ۶۵۶ھ میں انتقال فرمایا۔ میں کہتا ہوں اس سال بغداد میں بہت سے لوگ تاتاریوں کے ہاتھوں موت کے گھاٹ

Marfat

اترے خلیفہ وقت معتصم باللہ بھی ان میں شامل ہیں۔ علاوہ ازیں مندرجہ ذیل علماء کرام بھی اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

محدث علامہ ابوالعباس احمد بن عمر انصاری قرطبی آپ اسکندریہ میں ۷۸ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ محدث مفید رحال صدر الدین ابوعلی حسن بن محمد بکری تیمی صوفی، علامہ شرف الدین ابوعبداللہ حسین بن ابراہیم اربلی لغوی آپ نے دمشق میں وفات پائی۔ خطیب بیت الابار عماد الدین داؤد بن عمر مقدسی۔ ناصر داؤد بن معظم، الصاحب البہار زہیر بن محمد مہلبی شاعر، ابوالفضل عبدالعزیز بن عبدالوہاب کفرطابی دمشقی، مسند ابوعمرو عثمان بن علی لناسخ، شیخ زاہد ابوالحسن علی بن عبداللہ شاذلی مغربی، محدث مفید شمس الدین علی بن مظفر نشبی دمشقی، الادیب البلیغ موفق الدین ابوالمعالی قاسم بن ہبۃ اللہ مدائنی، مقری علامہ شعلہ ابوعبداللہ محمد بن احمد موصلی حنبلی آپ ۳۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ محدث ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم تلمسانی موصوف نے اسکندریہ میں انتقال فرمایا۔ مسند خطیب مرو فقیہ ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل مقدسی حنبلی۔ شیخ القراء ابوعبداللہ محمد بن حسن فاسی آپ نے حلب میں وفات پائی۔ عمر رسیدہ بزرگ مقری مسند عفیف الدین مرجا بن حسن واسطی تاجر انہوں نے ۹۵ سال کی عمر میں وفات پائی، محدث فاضل نجیب الدین ابوالفتح نصر اللہ بن ابوالعز شیبانی دمشقی صفار، علامہ ادیب سید الشعراء جمال الدین یحییٰ بن یوسف صرصری حنبلی ضریر اور علامہ محی الدین یوسف بن شیخ امام جمال الدین ابوالفرج ابن الجوزی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عائشہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب اعتکاف بیٹھتے اپنا سر میرے نزدیک کر دیتے تھے میں اس میں کنگھی کرتی تھی۔ اور آپ بغیر ضرورت انسانی کے گھر نہیں آتے تھے۔

۱۱۴۵ ۲۴/۱۸ امام یونینی بعلبکی حنبلی

آپ کی کنیت ابوعبداللہ، نام محمد بن ابوالحسین احمد بن عبداللہ بن عیسیٰ حنبلی اور لقب تقی الدین ہے بعلبک کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور بلند پایہ فقیہ ہیں۔ ۵۷۲ھ میں پیدا ہوئے۔ اور شیخ عبدالقادر کے خلیفہ شیخ عبداللہ بطائحی سے خرقہ تصوف زیب تن فرمایا۔ شیخ عبداللہ یونینی کی صحبت میں رہے اور شیخ موفق سے علم فقہ حاصل کیا۔

ان کے علاوہ شیخ ابوطاہر خشوعی، ابوتمام قلانسی، حنبل رصافی، حافظ عبدالغنی، ابوالیمن کندی اور دوسرے ائمہ سے علم حدیث کا سماع کیا۔ اور آپ سے آپ کے دونوں صاحبزادے حافظ ابوالحسین اور مورخ قطب الدین ابوعبداللہ بن ابوالفتح موسیٰ بن عبدالعزیز ادی، ابراہیم بن حاتم زاہد، محمد بن محب، علی بن شاطبی، ابوعبداللہ بن زرارہ، عبدالرحیم بن حبال، ابواسحاق بن قرشیہ اور دوسرے بہت سے لوگ حدیث پاک روایت کرتے ہیں۔

fat.com

عام حالات آپ کے والد بزرگوار پہلے بعلبک پھر دمشق میں مرخم تھے اور صاحب ترجمہ کے بچپن ہی میں داغ مفارقت دے گئے تھے۔ امام موصوف نے اپنی والدہ کے زیر سایہ بحالت یتیمی کشمک میں تربیت پائی۔ غالباً تنگدستی کے پیش نظر والدہ نے آپ کو تیر بنانے والے ایک کاریگر کے سپرد کیا۔ لیکن آپ کی طبع رسا نے اس پر قناعت نہ کی۔ دینی تعلیم کی طرف راغب ہوئے۔ پہلے قرآن کریم حفظ کیا پھر کتابت میں مہارت حاصل کی اور جمع بین الصحیحین للحمیدی پوری کی پوری زبانی یاد کر لی۔ حافظ عمر ابن الحاجب نے آپ کے تذکرے میں یہ باتیں ذکر کی ہیں انہوں نے آپ کی تعریف و توصیف میں مفصل بیان کیا ہے۔ اور بڑے عجیب و غریب حالات لکھے ہیں۔ لکھتے ہیں فقہ اور حدیث کی طرف متوجہ ہوئے تو ان فنون میں امام اور حافظ بنے۔ اور اتنا کمال پیدا کیا کہ اپنے زمانہ میں اپنے جیسا کامل اور فاضل کوئی نہیں دیکھا۔ علم شریعت اور علم حقیقت دونوں کے جامع تھے۔ حسن ظاہر اور حسن باطن سے مالا مال تھے۔ مخلوق خدا کو نفع پہنچانے میں لذت محسوس کرتے تھے اور تکلف اور ظاہرداری سے کوسوں دور تھے۔ آپ کو جمع بین الصحیحین للحمیدی زبانی یاد تھی۔ مجھے بتاتے تھے کہ انہوں نے پوری صحیح مسلم چار مہینے میں حفظ کر لی تھی۔ مجھے اکثر مسند امام احمد زبانی سنایا کرتے تھے ایک مجلس میں ۷۰ حدیثیں یاد کر لیتے تھے۔ آپ کے صاحبزادے قطب الدین لکھتے ہیں۔ آپ کو جمع بین الصحیحین زبانی یاد تھی اور صحیح مسلم کو چار مہینے میں حفظ کر لیا تھا۔ سورت انعام ایک دن میں اور مقامات حریری کے تین مقامے دن کے کچھ حصہ میں یاد کر لیے تھے۔ ملک اشرف آپ کی بڑی تعظیم کرتا تھا۔ اسی طرح ان کا بھائی ملک صالح بھی بڑے احترام سے پیش آتا تھا۔ ایک دفعہ اپنی آخری عمر میں دمشق تشریف لائے تو ملک ناصر یوسف نے شہر سے باہر نکل کر زاویہ فرتنی میں آپ کا استقبال کیا اور انتہائی تعظیم و تکریم کا مظاہرہ کیا۔

میں کہتا ہوں شیخ مذکور بڑے جلیل القدر بزرگ تھے۔ آپ کی کرامات اور آپ کے احوال زبان زد عوام تھے۔ جب امام قزوینی، امام بہاء مقدسی اور امام ابن رواحہ حموی جیسے ممتاز محدث بعلبک تشریف لائے اور اہل شہر کی خواہش کے پیش نظر درس حدیث دیتے تو ان کے سامنے آپ ہی قرأت کا فریضہ بجا لاتے تھے۔

میں نے آپ کے حالات اور روزمرہ کے معمولات تاریخ اسلام میں بالتفصیل درج کیے ہیں۔

آپ نے ۱۹ رمضان المبارک ۶۵۵ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

اسی سال درج ذیل علمائے کرام و مشاہیر عظام نے سفر آخرت اختیار فرمایا

قاضی القضاۃ صدر الدین احمد بن قاضی القضاۃ شمس الدین یحیی تغلبی دمشقی بعلبک میں فوت ہوئے۔ مسند ابو اسحاق ابراہیم بن خلیل ادمی برادر حافظ شمس الدین آپ نے حلب کی جنگ میں جام شہادت نوش فرمایا۔ مسند ابو طالب تمام بن ابو بکر دمشقی، معظم ابو المفاخر توران شاہ بن سلطان صلاح الدین ایوبی، محدث حافظ مفید اہل الصلاحیہ محب الدین عبد اللہ بن احمد مقدسی کہولت کی عمر میں وفات پائی، مسند ابو محمد عبد اللہ بن برکات بن ابراہیم بن خشوعی، مسند عماد الدین عبد المجید بن عبد الہادی بمقام ساوہ دشمن کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ محدث

t.com

مفید فخرالدین محمد بن یوسف کنجی جامع دمشق میں قتل ہوئے۔ ضیاءالدین ابوعبداللہ محمد بن ابوالقاسم قزوینی حلب کی جنگ کے دو مہینہ بعد فوت ہوئے اور مسند ابوالکرم بن عبدالمنعم بن قاسم انصاری ارتاحی آپ نے مصر میں انتقال فرمایا۔ رحمۃ اللہ علیہم

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوامامہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ۹ رکعت وتر پڑھا کرتے تھے۔ جب بوڑھے ہوگئے اور بدن بھاری ہوگیا تو سات رکعت وتر پڑھتے تھے۔ وتروں کے بعد بیٹھ کر دو رکعت پڑھتے ان دونوں رکعتوں میں "اِذَا زُلْزِلَتْ" اور "قُلْ یَا اَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ" پڑھتے تھے۔

۱۱۴۶ ۲۵/۱۸ امام رشید قرشی اموی نابلسی ثم المصری عطار مالکی

آپ کی کنیت ابوالحسین، نام یحییٰ بن علی بن عبداللہ نابلسی اور لقب رشیدالدین ہے۔ نابلس کے رہنے والے جلیل القدر، قابل اعتماد حافظ حدیث اور ماہر تجوید قاری تھے۔ آخر میں مصر میں سکونت اختیار کر لی تھی۔ امام مالک سے وابستہ تھے۔ ۵۸۴ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے اپنے والد، اپنے چچا عبدالرحمٰن، ابوالقاسم بوصیری، اسمٰعیل بن یاسین، ابوطاہر بن بنان، کاتب، عبداللطیف بن ابوسعد، شہاب محمد بن یوسف غزنوی، ابن نجاد واعظ، ان کی اہلیہ فاطمہ اور دوسرے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے علاوہ دمشق میں کندی، ابن الحرستانی اور متعدد اہل علم سے استفادہ کیا۔ مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور ثغر میں حصول تعلیم میں مصروف رہے۔ امام ابن المفضل سے سند فراغت حاصل کی۔ اپنے شیوخ کے حالات میں معجم لکھا۔ احادیث کا انتخاب مخلوق خدا کو فائدہ پہنچایا۔

مرتبہ و مقام آپ کو فن حدیث میں اپنے ہمعصروں پر برتری اور تقدم حاصل تھا۔ آپ حافظ حدیث تھے۔ احسن طریق پر حدیث کی تخریج کیا کرتے تھے۔ شریف تذکرہ میں لکھا ہے۔ آپ حافظ اور ثبت تھے۔ دیار مصر میں فن حدیث میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ آپ نے اپنی تمام کتابیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں وقف کر دی تھیں۔ دیر تک آپ کی صحبت میں رہا ہوں۔ میں کہتا ہوں علامہ دمیاطی، ابن ظاہری، ابن یونینی، شعبان اربلی، ابوالعباس، عبدالرحیم سماعاتی، عبدالقادر صعیبی، عبدالرحمٰن بن یعیش سبتی، داؤد بن یحییٰ حریری اور ان کے علاوہ بہت سے لوگ آپ سے حدیث پاک روایت کرتے ہیں۔ آپ "کاملیہ" میں چھ سال تک صدر المدرسین کے منصب پر بھی فائز رہے۔

آپ نے ۲ جمادی اولیٰ ۶۶۲ھ میں مصر میں انتقال فرمایا۔

اس سال حسب ذیل اہل علم اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

fat.com

محدث ضیاء الدین ابو جعفر احمد بن محمد قیسی مالکی آپ حدیث کے بہت بڑے حافظ تھے۔ حصولِ علم کیلئے دور دراز ممالک کے سفر کیے تھے۔ ۳۷ سال کی عمر میں دنیا سے کوچ کیا۔ ابو طاہر اسماعیل بن صارم کنانی حفاظ مصر میں گلے میں پھندا ڈال کر وفات پائی، شیخ الشیوخ شرف الدین عبدالعزیز بن محمد انصاری حموی شافعی، خطیب دمشق قاضی القضاۃ عماد الدین ابو الفضائل عبدالکریم بن عبدالصمد حرستانی، محدث دمشق ضیاء الدین علی بن محمد بالسی آپ بحالتِ سفر مصر میں، ۵۰ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ مسند ابو عبداللہ محمد بن ابراہیم انصاری بزاز بابشرتی، محدث امام محی الدین یحیی بن محمد انصاری شاطبی انہوں نے مصر میں ۷۰ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ ابو المظفر یوسف بن یعقوب اربلی ذہبی تقریباً ۸۰ سال عمر پائی۔ اور قدوۃ العارفین شیخ اسکندریہ ابو القاسم بن منصوری قبادی۔ رحمۃ اللہ علیہم۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام گناہوں سے بڑے گناہ شرک باللہ، کسی کو ناحق قتل کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا اور جھوٹی شہادت دینا ہیں یا فرمایا جھوٹی بات کہنا۔

یہ حدیث امام بخاری اور امام مسلم نے محمد بن ولید عن غندر عن شعبۃ کی سند سے اپنی اپنی صحیح میں ذکر کی ہے اس زمانہ میں بہت سے محدثین اور طلبہ کو علمِ دین سے بے حد دلچسپی تھی حتی کہ ان میں سے بعض کو حافظ اور امام بھی کہا جاتا تھا لیکن فنِ حدیث میں ان کا سرمایہ علم قلیل تھا۔ اس لیے میں نے اس کتاب میں ان کا ذکر مناسب نہیں سمجھا جو شخص ان کے حالات معلوم کرنا چاہے وہ میری کتاب "تاریخ کبیر" ملاحظہ فرمائے۔

۱۱۴۷ ۲۶/۱۸ امام بکری نیشاپوری

آپ کی کنیت ابو علی، نام حسن بن محمد بن محمد اور لقب صدر الدین ہے۔ پہلے نیشاپور پھر دمشق میں قیام پذیر رہے۔ نامور محدث اور بلند پایہ عالم تھے۔ طلبِ علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کرنے والے اور بہت سی کتابوں کے مصنف تھے۔ ۵۷۴ھ میں دمشق میں پیدا ہوئے۔

آپ نے بچپن میں مکہ مکرمہ میں اپنے نانا ابو حفص میانشی سے حدیث کا سماع کیا۔ اس کے علاوہ دمشق میں خبل اور ابن طبرزد، نیشاپور میں مؤید بن محمد اور زینب شعریہ، ہرات میں ابو روح عبدالمعز بن محمد جنید، عین الشمس ثقفیہ اور حفصہ بنت حمکا، بغداد میں عبدالعزیز بن اخضر سے اکتسابِ فیض کیا۔ مصر، موصل، ہمدان اور اربل کے سرچشموں سے بھی علمی پیاس بجھائی، آپ کو فنِ حدیث سے گہری دلچسپی تھی۔ فراغت کے بعد "اربعی البلدان" نامی کتاب لکھی۔ ایک کتاب میں حدیث "من کذب علی" کے طرق جمع کیے۔ شہرِ دمشق کی تاریخ اور اس کا ذیل لکھنا شروع کیا۔ وغیرہ

تحصیلِ علم کے بعد آپ نے حدیث کی طویل اور ضخیم کتابوں کا درس دیا۔ شیخ تقی الدین بن الصلاح نے آپ سے حدیث کا سماع کیا۔ علامہ دمیاطی، عماد ابن بالسی، بدر ابن التوزی، ابو الفتح قرشی، ابو عبداللہ بن

زراد، تاج الدین احمد بن مزین، زین ابوبکر مری اور دوسرے بہت سے لوگ بھی آپ سے روایت کرتے ہیں۔

عام حالات اور ان پر تنقید دمشق میں شیخ الشیوخ اور محتسب مقرر ہوئے۔ معظم کی حکومت میں ان کی عظمت عروج پر تھی لیکن قوی نہیں تھے۔ امام عمر بن حاجب نے ان کو ضعیف کہا ہے۔ اور لکھا ہے [illegible] عالم اور بلند پایہ امام تھے۔ خوبصورت بھی بہت تھے۔ تحصیل علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر بھی کیے تھے مگر اکثر بے ثبوت دعویٰ کرنے کے عادی تھے۔ خوش طبعی اور رند قسم کے آدمی تھے۔ امراء سے مراسم پیدا کیے اور ان سے مل کر بہت سے مظالم کی بنیاد رکھی۔ میں نے ان کے متعلق حافظ ابن عبدالواحد سے پوچھا تو کہنے لگے مجھے پتہ چلا ہے [illegible] سے پڑھا کرتے تھے۔ جب کوئی مشکل لفظ آتا تو اس کو چھوڑ جاتے اور اس کے پڑھنے سے گریز کرتے۔ میں نے [illegible] سے ان کے متعلق پوچھا تو کہنے لگے یہ بہت گڑبڑ کرتے اور صحیح اور ضعیف کو خلط ملط کر دیتے تھے۔

میں کہتا ہوں آخر عمر میں ان کی [illegible] وفات سے کئی سال پہلے فالج میں مبتلا ہو گئے اور آخر عمر میں مصر چلے گئے اور وہیں ذی الحجہ [illegible] میں انتقال فرمایا۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ [illegible] حدیث کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسی شاعر نے جو سب سے زیادہ سچی بات کی ہے وہ یہ ہے [illegible] یعنی اللہ تعالیٰ کے ماسوا ہر چیز فنا ہو جانے والی ہے۔

یہ حدیث غندر عن شعبہ کے واسطہ سے امام بخاری اپنی [illegible] لائے ہیں۔

Marfat.

انیسواں طبقہ

اس میں بارہ اماموں کا ذکر ہے۔ رحمہم اللہ تعالیٰ

۱۱۴۷ $\frac{1}{19}$ امام سیف مقدسی حنبلی

آپ کی کنیت ابوالعباس، نام احمد بن مجد عیسیٰ بن عبداللہ بن احمد اور لقب سیف الدین ہے۔ آپ بیت المقدس کے رہنے والے باکمال حافظِ حدیث ہیں۔ صلاح اور نیکوکاری میں منفرد شخصیت کے حامل تھے۔ حنبلی مسلک سے تعلق رکھتے تھے اور ۶۰۵ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے زیادہ تر حدیث کا سماع اپنے جدامجد سے کیا ہے ان کے علاوہ ابوالیمن کندی، ابوالقاسم بن حرستا، ابوالبرکات ملاعی، احمد بن عبداللہ عطار اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے اور بغداد میں فتح بن سلام، علی بن نوردان، ابوعلی جوالیقی نیز علامہ ابن ناصر اور امام ابوالوقت کے تلامذہ سے بھی فیضیاب ہوئے۔ اور نازل اور عالی اسانید کو احاطۂ تحریر میں لائے۔

عام حالات اور فضائل آپ نے علم کا خزانہ جمع کیا اور تصانیف کے اوراق پر پھیلا دیا۔ آپ ثقہ، حافظ زیرک اور بیدار مغز تھے۔ آپ کی تحریر بڑی صاف اور عمدہ تھی۔ فنِ حدیث کو جاننے اور اس کے مطابق عمل کرنے والے تھے۔ عبادت اور انابت ان کی غذا تھی۔ صاحبِ مروت، نیکی کا حکم دینے والے اور حق کا برملا اعلان کرنے والے تھے۔ اگر عمرِ ناپائیدار وفا کرتی تو علم اور عمل میں اپنے اہلِ زمانہ کے سردار ہوتے صرف ۳۸ سال زندہ رہنے کا موقعہ ملا۔ آپ بڑی خوبیوں کے مالک تھے۔ رحمہ اللہ و رضی اللہ عنہ

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت مصائب اور تکالیف میں گھری ہوئی ہے۔ اور دوزخ من مانی خواہشات میں چھپی ہوئی ہے۔

یہ حدیث صحیح غریب ہے۔ اسے امام مسلم عبداللہ بن مسلمہ قعنبی عن حماد کے واسطہ سے اپنی صحیح میں لائے ہیں اور اس کو حماد عن حمید الطویل کے واسطہ سے بھی ذکر کیا ہے۔ حماد اپنے دونوں استادوں حمید اور ثابت سے روایت کرنے میں ثقہ ہیں۔

تصانیف امام سیف مرحوم نے حافظ محمد بن طاہر مقدسی کے رد میں ایک ضخیم کتاب تصنیف فرمائی ہے۔ کیونکہ انہوں نے راگ اور سماع کو جائز قرار دیا ہے اور اپنی کتاب "صفوۃ اہل التصوف" میں بھی ابن طاہر کی کتاب کی جا بجا تردید کی ہے۔ میں نے ایک ربع تک اس کتاب کا اختصار کیا ہے اور

Marfa

حافظ سیف الدین کی تعلیقات سے بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

۱۱۴۸ ۲/۱۹ امام خالد بن یوسف نابلسی ثم الدمشقی

آپ کی کنیت ابو البقاء، نام خالد بن یوسف بن سعد بن حسن اور لقب زین الدین ہے۔ دمشق کے رہنے والے نامور حافظِ حدیث اور جلیل القدر محدث ہیں۔ ۵۸۵ھ میں نابلس میں پیدا ہوئے اور دمشق میں تربیت پائی۔ دمشق میں آپ نے امام ابو محمد قاسم بن عساکر، محمد بن خطیب، نجیب ارمانی، عمر بن طبرزد اور محدثین کی ایک دوسری جماعت سے اور بغداد میں ابو محمد ابن اخضر، حسین بن سنیف، عبد العزیز بن منینا اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔

عام حالات تحصیل علم کے لیے آپ نے دور دراز ممالک کا سفر کیا۔ علمی جواہر پاروں کو قلمبند فرمایا۔ نفیس اور بہترین کتابیں جمع کیں۔ نیز علم لغت میں کمال پیدا کیا۔ آپ ثقہ، پختہ کار، صاحب حفظ و اتقان اور صاحب فہم و فراست تھے۔ اور شگفتہ مزاج تھے۔ آپ سے بہت سے نوادرات منقول ہیں۔ راویوں کے نام، ان کی کنیتیں اور غریب الفاظ کا جمع کرنا خیر آپ کے ذہن میں محفوظ تھا۔ آپ صداقت، عبادت اور زہد و ورع کا پیکر تھے۔ متعدد مقامات پر شیخ الحدیث کے منصب پر فائز رہے آپ کا رنگ سانولا اور قد درمیانہ تھا۔ دور کے لنگڑا کر چلتے تھے۔

شیخ تاج الدین، ان کے بھائی شرف الدین، نجیب ارمانی، شیخ تقی الدین، شیخ ابو عبد اللہ ملقن، زبیدی، ذہبی، کمال ابن الخان، صالح بن [illegible] الدین بن الحنفی اور [illegible] سے حدیث کی تعلیم حاصل کی۔

وفات آپ آخر جمادی اولیٰ ۶۳۱ھ میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔
اس سال درج ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا

امام معین ابراہیم بن عمر بن عبد العزیز قرشی دمشقی ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ تقی الدین عبد القدوس بن یحییٰ بانیاسی ۸۰ سال سے زائد عمر پا کر فوت ہوئے۔ شیخ ابو عبد الرحمن [illegible] نجیب الدین ابو العشائر فراس بن علی کنانی مستعانی ثم الدمشقی انہوں نے ۹۰ سال سے زیادہ عمر پائی۔ شیخ عماد الدین یوسف بن کن سنجاری شافعی ۹۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ اور شیخ [illegible] ابو القاسم [illegible] زاہد۔

مجھے ان کے والد نے حضرت ابو امامہ کی یہ حدیث سنی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دو میں تمہارے لیے جنت کا ضامن ہوں کہ جب کوئی شخص بات کرے تو جھوٹ نہ بولے، اس کے پاس امانت رکھی جائے تو خیانت نہ کرے، وعدہ کرنے کے بعد خلاف ورزی نہ کرے۔ نظر نیچی رکھے، ہاتھوں کو ظلم سے روکے اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرے۔

اس حدیث کے راوی فضال کو امام ابو حاتم نے ضعیف کہا ہے۔

۱۱۴۹ ۳/۱۹ امام ابن مُسَدّی غرناطی

آپ کی کنیت ابو بکر اور نام محمد بن یوسف بن موسیٰ یوسف بن مسدی ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے مایۂ ناز حافظ حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ آپ نے طلب علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور علم دین بڑی توجہ سے حاصل کیا اور اپنی عمر کے دوسرے دہاکے میں اندلس کے بہت سے علماء سے اکتساب فیض کیا۔ بیس سال کے ہوئے تو مزید تعلیم کے لیے رخت سفر باندھا اور مصر میں استاذ ابو محمد بن سلوان، دمشق میں ابو القاسم بن صصری منبجی میں فخر فارسی اور ثغر میں محمد بن عباد کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیے اور تونس اور تلمسان میں بھی علمی فیوض حاصل کیے

تصانیف واپسی کے بعد تین ضخیم جلدوں میں معجم لکھا۔ میں نے اسے دیکھا ہے اس کا مطالعہ کیا ہے اور اس کے چند جزو نقل بھی کیے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی آپ نے بہت سی تصانیف اپنی یاد میں چھوڑی ہیں۔ آپ کو مختلف علوم میں بڑا درک حاصل تھا۔ نظم و نثر اور فقہ وغیرہ فنون میں آپ کی استعداد غیر معمولی اور لائق صد تحسین تھی۔ آپ عقیدۃً شیعہ اور بدعت نواز تھے۔

ان سے امیر علم الدین دوادار، مجد الدین عبد اللہ بن محمد طبری اور دوسرے بہت سے لوگوں نے استفادہ کیا ہے۔ ہمارے شیخ دمیاطی بھی ان سے اپنے معجم میں روایت کرتے ہیں۔ مجھے محدث عفیف الدین بن مطری نے بتایا کہ انہوں نے تقی معمر سے کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے ابو عبد اللہ بن نعمان مزالی سے ابن مسدی کے متعلق پوچھا تو بولے ہمارے نزدیک بجز اس کے کہ اس نے امیر المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر ناروا حملے کیے ہیں اور کوئی وجہ شکایت نہیں۔ بعد میں مجھے عفیف الدین نے بتایا کہ ابن مسدی کے مکہ معظمہ میں زیدی شیعوں سے گہرے مراسم تھے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے حرم پاک کی خطابت ان کے سپرد کر رکھی تھی۔ وہ فی البدیہہ فصیح و بلیغ خطاب پر قدرت رکھتے تھے۔ ان کی اکثر کتابیں زیدی شیعوں کی تحویل میں تھیں۔ پھر عفیف الدین نے مجھے تقریباً چھ سو اشعار پر مشتمل ان کا ایک قصیدہ دکھایا جس میں حضرت معاویہ اور ان کے حامیوں کی مذمت اور تنقیص کی گئی ہے۔ میں نے محدثین کی ایک جماعت کو دیکھا ہے جو ان کو حدیث میں ضعیف کہتے ہیں۔ میں نے ان کے معجم میں چند اوہام بھی دیکھے ہیں۔ انہوں نے ابن حمیری کی حدیث کی تخریج کی ہے اور اسے محامیلیات کی چوتھی جلد سے شہدہ کے واسطہ سے ذکر کیا ہے جو غلط ہے۔ ابو الیمن بن عساکر اور عفیف الدین بن مزروع ان سے روایت کرتے ہیں۔ لیکن ہمارے شیخ زکی الدین بن ابراہیم ان سے روایت کرنا جائز نہیں سمجھتے تھے۔ مسدی میں میم مفتوح اور یاء ساکن ہے مگر بعض لوگ اسے میم مضموم اور یا کی تنوین کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

وفات علامہ ابن مسدی کو مکہ معظمہ میں ۶۶۳ھ میں بے خبری کے عالم میں قتل کر دیا گیا۔ اور قاتل کا پتہ نہ چلنے کی وجہ سے ان کا خون رائیگاں گیا۔ ان کی عمر تقریباً ۶۰ سال تھی۔

Marfa

امام عبداللہ بن محمد بن محمد مکی نے مجھے لکھا کہ انہوں نے ابن مسدی سے ان کا درج ذیل قصیدہ پڑھا ؎

یا ذا الذی لم یزل فی ملکہ ازلا ماذا اقول ولا احصی الثناء ولا الخ

۱۱۵۱ ۴/۱۹ امام علامہ ابن سید الناس اشبیلی

آپ کی کنیت ابوبکر، نام محمد بن احمد بن عبداللہ ابن سید الناس یعمری اور لقب عالم المغرب ہے۔ اندلس کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور عالم نامدار ہیں۔ ۵۵۰ھ میں کتم عدم سے منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئے۔

آپ نے مشہور امام شریح کے تلمیذ ابو محمد زہری سے صحیح بخاری شریف کا سماع کیا۔ اور نافع کی قرأت پر قاری ابو نصر بن عظیمہ سے قرآن حکیم پڑھا۔ ان کے علاوہ آپ نے ابو الصبر ایوب فہری اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے بھی حدیث کا سماع کیا۔ شام اور عراق کے محدثین کی طرف سے آپ کو اجازت حاصل تھی۔ آپ کو اجازت دینے والوں میں سب سے بڑے اور سب سے اہم استاد قاضی جمال الدین ابو القاسم ابن الحرستانی اور علامہ ثابت بن مشرف ہیں۔ آپ نے علم کا وسیع ذخیرہ جمع کیا اور تصانیف کے اوراق میں اسے ہمیشہ کے لیے محفوظ کر دیا۔

مرتبہ و مقام اور عام حالات قاضی عز الدین شریف نے اپنی مشہور کتاب وفیات میں آپ کا تذکرہ لکھا ہے فرماتے ہیں آپ کے شمار حدیث کے نامور حفاظ اور شہرت یافتہ فضلاء میں ہوتا ہے۔ مغرب میں علم حدیث کا ان پر خاتمہ ہو گیا ہے۔ آپ نے ہمیں تونس سے اجازت نامہ لکھ کر بھیجا۔ اور وہیں رجب ۶۵۹ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کے والد ماجد نے ۶۱۸ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا تھا۔ میں کہتا ہوں آپ ہمارے استاد حافظ فتح الدین محدث مصر کے دادا ہیں۔ میں نے امام ابوبکر کی کتاب ربیع امہات الاولاد دیکھی ہے۔ جو ایک جلد میں پوری ہو گئی ہے۔ یہ کتاب آپ کے ذہن رسا، وسیع حافظہ اور جلالت قدر پر دلالت کرتی ہے۔ ہمارے شیخ مسند مغرب ابو محمد بن ہارون علم فقہ اور فن مناظرہ سیکھنے کے لیے خطیب ابوبکر کے حلقہ میں عرصہ تک رہے اور ان کے الفاظ میں صحیح بخاری ان سے سنی اور احادیث کثیرہ کی تفسیر کا سماع کیا جو وہ زبانی املا کرایا کرتے تھے۔ آپ بہت بڑے عالم تھے اور اہل ظاہر کے مسلک سے وابستہ تھے۔ ابن زبیر کہتے ہیں آپ نے انہیں تقریباً چار سو احادیث کی اجازت دی۔ آپ پہلے حصن قصر میں رہتے تھے۔ وہاں سے طنجہ منتقل ہوئے اور وہاں کی جامع مسجد میں تدریس القرآن، امامت اور خطابت کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ پھر اہل تونس کی استدعاء پر تونس تشریف لے گئے۔ اور مسند درس پر رونق افروز ہوئے۔ آپ ابو العباس نباتی کے طریقہ پر ظاہری مذہب سے تعلق رکھتے تھے مگر نباتی تورع، فضیلت اور پرہیزگاری میں زیادہ مشہور تھے۔ مجھے امام ابن ہارون کے دونوں صاحبزادوں نے اس سند کے ساتھ اجازت نامہ لکھ کر بھیجا۔ حدثنا ابوبکر الیعمری الحافظ انا ابو محمد الزہری انا ابو الحسن بن شریح انا ابن منظور انا ابو ذر بالجامع الصحیح عن مشائخہ الثلاثۃ عن الفربری۔

اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی انتقال فرمایا۔

امام ابوالعباس احمد بن حامد ارتاحی مصری حنبلی آپ ۸۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے، مدرس حویہ محدث فقیہ شرف الدین ابو محمد حسن بن عبداللہ بن حافظ عبدالغنی مقدسی آپ نے ۵۴ سال کی عمر کو پہنچ کر داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ شیخ خراسان محدث سیف الدین سعید بن مطہر باخرزی، واعظ نامدار امام جمال الدین عثمانی بن مکی شارعی۔ آپ ۷۰ سال سے زیادہ عمر پا کر فوت ہوئے، مسند ضیاء الدین محمد بن حسن نعال بغدادی انہوں نے ۹۴ سال کی عمر میں مصر میں انتقال فرمایا۔ مسند صائن الدین محمد بن عبداللہ تیجی اسکندرانی، قاضی کمال الدین محمد بن قاضی القضاۃ عبدالملک بن عیسیٰ مارانی مصری شافعی آپ ۸۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے، زکی الدین مکی بن عبدالرزاق مقدسی ثم دمشقی اور سلطان شام ملک ناصر یوسف بن ملک عزیز آپ نے بلاکو خاں کی قید میں جام شہادت نوش فرمایا۔

علامہ ابار قضاعی

آپ کی کنیت ابو عبداللہ اور نام محمد بن عبداللہ بن ابوبکر بلنسی ہے۔ میں نے معجم میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔

۱۱۵۲ $\frac{5}{19}$ امام محدث رسعنی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبدالرزاق بن رزق اللہ بن ابوبکر بن خلف حزری اور لقب عزالدین ہے۔ آپ جزیرہ کے رہنے والے نامور حافظ حدیث، بلند قدر مفسر اور بے نظیر عالم ہیں۔ آپ نے طلب علم کے لیے مختلف ممالک کے سفر کیے۔ موصوف ۵۶۹ھ میں راس العین میں پیدا ہوئے۔

آپ نے بغداد میں عبدالعزیز بن منینا اور اس طبقہ کے دوسرے لوگوں سے، دمشق میں ابوالیمن کندی اور اس طبقہ کے دیگر محدثین سے اور اپنے شہر میں ابوالمجد قزوینی سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کو فن حدیث کے ساتھ بڑی دلچسپی تھی اس لیے آپ نے اس کا وسیع ذخیرہ جمع کیا۔ ایک بہت عمدہ تفسیر لکھی جس میں ہر حدیث اور ہر قول اپنی سند سے نقل کرتے ہیں۔ میں نے یہ تفسیر دیکھی ہے آپ نے ایک کتاب "مقتل الشہید الحسین علیہ السلام" بھی تصنیف کی ہے۔ آپ صاحب حفظ و اتقان امام تھے۔ مختلف علوم و فنون میں ماہر تھے۔ خصوصاً ادب عربی میں ممتاز مقام رکھتے تھے۔

اور آپ سے آپ کے صاحبزادے عدل شمس الدین محمد دمیاطی اپنے معجم میں اور دوسرے بہت مشاہیر حدیث روایت کرتے ہیں۔ ابوالمعالی ابرقوہی کو آپ سے اجازت حاصل تھی۔ عبدالغنی بن عروہ ماجن نے آپ سے انصاری کی ایک کتاب کا سماع کیا۔ یہ آپ کے بعد دیر تک زندہ رہے۔ شاہ موصل ملک بدرالدین آپ کا بے حد احترام کرتا تھا۔

عام حالات میں نے حافظ ابن مجد کی ایک تحریر پڑھی ہے جس میں لکھتے ہیں کہ عبدالرزاق رسعنی نے میرے دادا کی تصنیف "المقنع" زبانی یاد کی تھی اور دمشق وغیرہ شہروں میں کندی، خضر بن کامل، ابوالقاسم

Marfat

بن حرستانی، ابوالفتوح [illegible] اور بغداد میں واسطی اور عمر بن کرم سے حدیث کا سماع کیا تھا۔
میں کہتا ہوں آپ نے [illegible] میں [illegible] سے بھی سماع کیا تھا۔ ایک دفعہ شاہی ایلچی کی حیثیت سے
دمشق تشریف لائے تو جمال الدین محمد بن [illegible] نے آپ سے ایک کتاب پڑھی۔ آپ بڑے عمدہ شعر کہتے تھے
موصل [illegible] شیخ الحدیث کے عہدہ پر بھی آپ فائز رہے ہیں۔ آپ علم کا خزانہ اور مجسمہ خیر تھے۔
آپ نے [illegible] میں انتقال فرمایا۔

وفات اس سال میں [illegible] نے بھی سفر آخرت اختیار فرمایا۔

شیخ [illegible] امام فخر الدین [illegible] محمد بن ابراہیم [illegible] مسند ابو علی حسن بن علی [illegible] اسکندرانی شیخ
الحرم خطیب [illegible] آپ دراصل [illegible] کے رہنے والے تھے [illegible] سے فوت
ہوئے [illegible] پیدا ہوئے تھے [illegible] جمال الدین [illegible]
ثم دمشقی شیخ القراء [illegible] عبدالرحمن بن [illegible] شافعی [illegible] شوال میں فوت ہوئے تھے
مسند کبیر [illegible] انہوں نے [illegible] سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ مسند ابوالحسن
علی بن [illegible] کمال الدین علی بن [illegible]
تھے۔ اور [illegible] سال کی عمر [illegible] شیخ القراء [illegible] علم الدین قاسم بن احمد [illegible]
آپ نے دمشق میں [illegible] انتقال فرمایا۔
مجھے [illegible] روایت حدیث [illegible]
اختصار [illegible] قبول کرنے والے [illegible] علی بن [illegible]
اور [illegible] دونوں بیٹے [illegible] بن عقبہ کے [illegible] اتری ہے۔ ہمیں یہ حدیث [illegible]
میں [illegible] محمود بن [illegible]
علی بن [illegible] امام [illegible] ابن عبد الرزاق [illegible]
حفظت [illegible] ابوقظ [illegible] فلما [illegible]

۱۱۵۳ ۶/۱۵ [illegible] دمشقی

آپ [illegible] منصور [illegible] اور لقب [illegible] ہے۔ دمشق کے رہنے والے
بلند پایہ [illegible] سے [illegible] رکھنے والے تھے۔
[illegible]
[illegible] بغداد میں فتح بن عبدالسلام اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے
[illegible] سے حدیث [illegible]

حرمین شریفین کے خزانہائے علم سے توشہ چینی کی۔ عالی اور نازل ہر قسم کی احادیث لکھیں اور بہت سی کتابیں اپنے کتب خانہ کی زینت بنائیں۔ اپنے ۱۱۰۰ مشائخ کے حالات میں ایک ضخیم لکھا اور ایک معجم میں ان شہروں کے تفصیلی حالات قلمبند کیے جہاں سماعِ حدیث کے لیے تشریف لے گئے۔ آپ نے طلب علم میں انتہائی جانفشانی سے کام لیا اور "الاربعین المصافحات" کتاب تصنیف کی۔

مرتبہ و مقام اور عام حالات

امام ابو محمد منذری لکھتے ہیں: علماء کا بیان ہے کہ آپ ۴۰ سال کی عمر تک نہیں پہنچے تھے۔ آپ بڑے بیدار مغز عالی ہمت اور سمجھدار تھے۔ آپ نے کتابوں کے بڑے قیمتی مجموعے اکٹھے کر رکھے تھے۔ آپ نے شہر دمشق کی تفصیلی تاریخ لکھنا شروع کی تھی۔ جسے تاریخ ابن عساکر کا ذیل بنانا چاہتے تھے۔ سیف بن مجد نے آپ کے تذکرہ میں لکھا ہے۔ آپ نے میرے ماموں حافظ ضیاء سے سند و اجازت حاصل کرنے کے بعد مزید اعلیٰ تعلیم کے لیے دوسرے شہروں کی طرف سفر کیا اور جی بھر کر علم کو اپنے قلب و دماغ میں جمع کیا۔ اور آپ سے زکی برزالی، ابو موسیٰ زعینی اور جمال ابن صابونی نے حدیث کا سماع کیا۔ آپ مشائخ کے انتخاب میں بڑے محتاط تھے۔ ابن مجد کہتے ہیں جب ابن حاجب بغداد آئے تو میں نے ان سے ملاقات کی اور جب ان سے کہا گیا فتح ابھی باقی ہے تو انہوں نے پہلے دن روزہ رکھا اور آپ طلب علم میں مدد لینے کے لیے اکثر روزہ رکھا کرتے تھے۔ بغداد میں چند ماہ رہے یہ دن آپ کے بڑے مصروف دن تھے۔ حدیث کا سماع کرنے اور اس کو احاطہ تحریر میں لانے میں سستی و کاہلی کو اپنے قریب بھی پھٹکنے نہیں دیا۔ اہلِ بغداد آپ کی اس قدر جانفشانی اور آپ کے نادر معلومات سے تعجب کیا کرتے تھے۔

وفات

میں نے حافظ ضیاء کا لکھا ہوا پڑھا ہے کہ ہمارے نوجوان دوست حافظ عمر بن حاجب نے جو ابھی ۴۰ سال کے بھی نہیں ہوئے تھے ۲۰ شعبان المعظم ۶۳۰ھ میں دمشق میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ بڑے متدین، نیک خو، پختہ کار اور بیدار مغز تھے۔ آپ نے علم کو سمجھ کر پڑھا اور جمع کیا تھا۔

میں کہتا ہوں آپ سے حدیث پاک کا سماع کرنے والوں میں آپ کے شیخ حافظ ابراہیم صریفینی بھی شامل ہیں آپ کے دادا منصور بن مسدر، والی نصری امین الدولہ کے حاجب تھے (اسی نسبت سے آپ ابن الحاجب کہلاتے ہیں)

اس سال حسب ذیل مشاہیر نے بھی انتقال فرمایا۔

قاضی بہاء الدین ابراہیم بن ابی الیسر تنوخی معری ثم الدمشقی، آپ ۶۵ سال کی عمر پاکر فوت ہوئے۔ شمس الدین اسماعیل بن سلیمان حنفی دمشقی انہوں نے ۸۰ سال کی عمر میں وفات پائی، امام سلفی کے تلمیذ عابد زاہد ابو علی حسن بن احمد بن یوسف اوقی آپ نے بیت المقدس میں انتقال فرمایا۔ امام ابن ناصر کے شاگرد مسند ابو محمد حسن بن امیر سید علی علوی بغدادی میں فوت ہوئے، مسند صفی الدین ابو بکر بن عبد العزیز بن باقا تاجر بغدادی، مصر میں ۵۰ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ مسند ابو القاسم علی بن علامہ ابن الجوزی ناسخ بغدادی، آپ نے

۸۹ سال کی عمر میں وفات پائی، اندلس کے شہر اوریولہ کے خطیب ابوالحسن علی بن محمد بن بقی انصاری حج کے لیے تشریف لے گئے اور حافظ سلفی سے حدیث کا سماع کیا۔ شاہ اربل ملک مظفر الدین کوکبری ابن علی ترکمانی انہوں نے ۸۱ سال کی عمر میں وفات پائی، امام محدث مفید ابو عبداللہ محمد بن حسن دمشقی انہوں نے امام شافعی کی کتاب علوم الحدیث حفظ کی تھی اور حافظ ابن طاہر سے حدیث پڑھی تھی آپ ۷۱ سال کی عمر میں فوت ہو گئے۔ مسند ابوبکر محمد بن عمر نحال بغدادی، وقت کے شاعر ادیب ابوالمحاسن محمد بن نصر اللہ بن منینا نے دمشق میں انتقال کیا۔ مسند ابو محمد معافی بن اسمٰعیل موصلی شافعی اور ظہیر ابو جعفر یحییٰ بن جعفر بن قاضی القضاۃ ابو عبداللہ ابن الدامغانی صوفی حنفی آپ حلب میں ۷۰ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔

مجھے حافظ محمد بن علی نے ان کی سند سے حدیث بیان کی ہے۔ ظہیر نیشاپوری کی کتاب سے ایک حدیث ذکر کی بعد میں میں نے ابن طاہب کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریر پڑھی ہے کہ ان کی ولادت ۵۹۳ھ میں ہوئی تھی اس سے ثابت ہوا کہ وہ ۳۰ سال زندہ رہے۔

۱۱۵۴ ۷/۱۹ امام رقینی رندی مالقی

آپ کی کنیت ابو موسیٰ اور نام عیسیٰ بن سلیمان بن عبدالعلا الاندلسی ہے۔ آپ اندلس کے رہنے والے ائمہ امام اور صاحب ضبط و اتقان حافظ حدیث ہیں۔ آپ نے شہر رندہ میں نشوونما اور تربیت پائی۔ آپ نے مالقہ میں ابو محمد قرطبی، ابو العباس بن نباہ سے اور حصن العقبہ میں ابراہیم بن علی فرناطی سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر حج کے لیے تشریف لے گئے۔ فراغت کے بعد مزید تعلیم کے لیے مختلف ممالک کی طرف سفر کیا۔ چنانچہ دمشق میں ابو محمد بن البن اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے استفادہ کیا۔ ابن [illegible] آپ کے تذکرہ میں [illegible] آپ حافظ اور صاحب اتقان تھے۔ علم کا بے شمار ذخیرہ قلمبند فرمایا تھا۔ ابتدا سے عمر میں [illegible] ہو گئے اور جو تحقیقی کتابیں نمائندگی خیر سے اپنے ہمراہ لائے تھے نماز ہو گئیں ہمارے حافظ ابن [illegible] کے [illegible] انجام دیتے رہے۔ آپ نے مجھے اپنی تمام مرویات کی اجازت مرحمت فرمائی تھی۔

ربیع الاول ۶۳۳ھ میں آپ نے ۷۵ سال کی عمر پاکر انتقال فرمایا۔

مرتبہ و مقام امام عمر بن حاجب کہتے ہیں آپ محدث، حافظ، ادیب، نبیل تھے۔ مختلف علوم و فنون میں دستگاہ رکھتے تھے۔ بڑے وقار اور ہیبت کے ساتھ پاکیزہ زندگی بسر کی۔ ہر قسم کے عیوب سے کنارہ کش رہے بڑے عقلمند تھے اور نقل میں انتہائی احتیاط سے کام لیتے تھے۔ میں نے ان کے متعلق حافظ ضیاء سے پوچھا تو بولے: آپ بے مثال عالم اور [illegible] حافظ حدیث تھے۔ میں نے اس زمانہ کے علماء میں ان جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا اور مجھے ابو عبداللہ برزالی نے بتایا: آپ ثقہ اور ثبت تھے۔ اپنی یادداشت سے ہمیں اس سند کے ساتھ موطا امام مالک کی ایک حدیث بیان فرمائی: اخبرنا ابراہیم بن علی نا ابو مروان

عبدالرحمٰن بن قرمان ثنا محمد بن فرج بن الطلاع۔ الخ

ابن زبیر کہتے ہیں آپ نے مکہ معظمہ میں یونس عصار سے تعلیم حاصل کی اور اس علاقہ میں بیس سے زیادہ سال تعلیم میں مصروف رہنے کے بعد وطن واپس تشریف لائے اور ہمارے اکثر بڑے بڑے مشائخ نے ان سے استفادہ کیا۔ آپ حافظ، ضابط اور نقاد تھے۔ رجال اور اسانید سے خوب واقف تھے۔ آپ نے ایک معجم لکھا اور صحابہ کرامؓ کے حالات میں ایک کتاب بھی تصنیف کی اور اپنے ساتھ ایسی کتابیں لائے جو ابھی تک مغرب میں نہیں پہنچی تھیں ۶۳۱ھ کے آخر میں مراجعت فرمائے وطن ہوئے اور سبتہ میں ابن فرتون نے آپ سے تعلیم حاصل کی۔ پھر مالقہ میں جامع مسجد کے امام بن کر آئے مگر کام شروع کرنے سے پہلے بیمار ہو کر داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ ان سے ابوعبداللہ طنجالی اور حمید زاہد نے علمی استفادہ کیا ہے مجھے ان کا ایک مکتوب ملا ہے۔ جس میں ان کے یونس ہاشمی سے علم حاصل کرنے کا ذکر ہے۔

میں کہتا ہوں اس سال آپ کے ساتھ مندرجہ ذیل مشاہیر نے بھی انتقال کیا۔

دمشق میں ابوصادق حسن بن یحییٰ مخزومی مصری معدل، اسکندریہ میں ابوعبداللہ محمد بن عماد بن محمد تاجر حزرجی حرانی قاضی شرف الدین علی بن اسمٰعیل تجیبی محلی، ابوالحسن علی بن حسن بزاز بغدادی، دمشق میں تقی الدین علی بن مبارک واسطی شافعی، شیخ الشیوخ شہاب الدین ابوحفص عمر بن محمد عمویہ بکری سہروردی آپ ۹۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے امام ابوالوقت کے شاگرد شیخ وجیہ الدین محمد بن ابوغالب شعرانہ اصفہانی، جزء مامون کے راوی امام ابوعبداللہ محمد بن عبدالواحد مدینی، سیف الدولہ محمد بن غسان انصاری آپ دمشق میں ۸۰ سال کی عمر پاکر فوت ہوئے۔ ابوالوقار محمود بن ابراہیم بن حافظ ابوعبداللہ بن مندہ آپ اصفہان میں بے شمار لوگوں کے ساتھ دشمن کی خون آشام تلوار کا شکار ہوئے۔ ان میں ۷۰ سالہ امام ابوالفتح محمد بن محمد وتابی اصفہانی بھی شامل ہیں اور ابوالقاسم جامع بن اسمٰعیل صوفی جو بایلہ کے لقب سے مشہور تھے۔ اسی سال حلب کے قاضی القضاۃ امام علامہ بہاوالدین یوسف بن رافع اسدی شافعی بھی ۹۳ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

۱۱۵۵ ۸/۱۹ امام ابن جوہری دمشقی

آپ کی کنیت ابوالعباس، نام احمد بن محمود بن ابراہیم اور لقب شرف الدین تھا۔ دمشق کے رہنے والے بلند پایہ حافظِ حدیث اور نامور محدث ہیں۔ آپ نے طلبِ علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور آپ نے دمشق میں ابوالمجد قزوینی، مسلم بن احمد مازنی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے، بغداد میں عمر بن کرم، محمد بن احمد قطیعی اور اس طبقہ کے دوسرے مشاہیر سے حدیث کا سماع کیا۔

آپ اپنے ہمراہ شیخ ابوالفضل جعفر بن علی ہمدانی کو لائے اور حلب میں علامہ ابن خلیل سے بکثرت استفادہ کیا اور اتنی کتابیں نقل کیں جن کا شمار مشکل ہے۔ آپ نے ورثہ میں ملنے والا اپنا سارا مال تحصیلِ علم میں صرف کر دیا۔

آپ راست گو، حافظ، ضابط اور متیقظ تھے۔ آپ کی کتابیں بڑی صاف ستھری اور خوشخط تھیں جن سے مخلوق خدا کو بڑا فائدہ پہنچا۔ مسند درس سنبھالنے سے پہلے راہی ملک عدم ہوئے۔ اس لئے انہیں حدیث پڑھانے کا موقعہ نہیں ملا۔

آپ نے صفر ۶۴۳ھ میں انتقال فرمایا اور یہ سال خوارزمیہ کا سال کہلاتا ہے۔

۱۱۵۶ ۹/۱۹ امام ابن الکماد سبتی

آپ کی کنیت ابو اسحاق، نام ابراہیم بن محمد بن احمد بن یادون اور لقب محدث المغرب ہے آپ اندلس کے رہنے والے حافظ حجت، واعظ اور نامور پیشوا ہیں۔ اور تقریباً ۵۶۰ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے امام ابو عبداللہ تجیبی، ابو الحجاج بن شیخ، ابو ذر خشنی اور اس طبقہ کے دوسرے اہل علم سے حدیث کا سماع کیا۔ حافظ ابن زبیر اپنی تاریخ میں فرماتے ہیں۔ مجھے ان علماء سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ ان میں ابو اسحاق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سب سے زیادہ یاد رکھنے والے تھے۔ ہمارے شیخ ابو الحق بن ابن خلیل نے جو خود ایک جلیل القدر محدث اور عمر رسیدہ بزرگ ہیں مجھے بتایا ہے کہ ان کی جس کسی ایسے آدمی سے ملاقات نہیں ہوئی جو ابن کماد سے بڑا حافظ ہو اور وہ حفظ حدیث میں اللہ تعالیٰ کے نشانات میں سے ایک نشان ہیں ابن ذہبی کہتے ہیں غرض یہ ہے کہ ان کو متن حدیث خوب یاد ہوتا تھا۔

بدعات کی تردید اور سنت کی ترویج

ابن کماد کی علمی زندگی کا بیان ہے ایک مقرر بہت مشہور واعظ ابو نعیم بن رافعیہ مشرق سے اندلس آیا اور کماد نے اور لوگ کی معیت میں وعظ کہنا شروع کیا۔ جس میں گویوں کی طرح رقت انگیز شعر پڑھتا اور ناچ گانے کی تحریک یا فقرے اس کے ساتھ تلاوت کرتے تو عام بدعات کی طرح عوام نے اس کو پسند کیا کی انظر سے دیکھا۔ [illegible] کا ذریعہ بنایا اس نے مختلف شہروں کے کامیاب دورے کئے [illegible] مجالس وعظ منعقد کیں تو حافظ ابن کماد نے جو اس وقت [illegible] اور اسے بدعت قرار دیا اور اس کی شدت سے تردید کی [illegible] کے طریقہ کے مطابق وعظ کہنے کا آغاز کیا۔ جسے آخر وقت تک لوگ بڑی دلچسپی کے ساتھ سنتے رہے اور آپ کی مجالس وعظ میں حاضر ہوتا تھا۔ پہلے آپ احادیث پاک پڑھتے پھر اس سے مستنبط ہونے والے فقہی مسائل بیان فرماتے اس کے بعد اگر ضرورت محسوس کرتے تو اختلافی مسائل کا تذکرہ اس انداز سے کرتے کہ اس سے سلامت صدر حاصل ہوتی۔

وجہ معاش

آپ کے اخراجات زندگی بھائیوں کی نظر کرم اور ان کے تحائف سے پورے ہوتے تھے۔ آپ نے ۶۶۳ھ میں بمقام جبل الفتح وفات پائی۔

عام حالات صاحب "صلۃ الصلہ" اپنی کتاب میں لکھتے ہیں: آپ اپنے اہلِ زمانہ میں سب سے بڑے حافظِ حد تھے اور تاریخ، رجال اور جرح و تعدیل کو سب سے زیادہ جانتے تھے۔ آپ کو صحاح ستہ میں سے پانچ کتابوں (صحیحین، ابوداؤد، ترمذی اور نسائی) پر بڑا عبور حاصل تھا۔ ان کی سندوں اور متنوں پر کامیاب بحث کرتے اور فقہاء کے اختلاف کو بالاستیعاب بیان فرماتے تھے۔ شوافع اور حنابلہ کی طرف مائل تھے۔ بدعت کی تردید میں بڑے سرگرم تھے۔

میں کہتا ہوں آپ کو سنن ابوداؤد ازبر یاد تھی۔ اور آپ سے ابوجعفر ابن زبیر، ابواسحاق خافقی اور دوسرے علماء روایت کرتے ہیں۔ اسی سال آپ کے ساتھ امام زین الدین خالد نے انتقال فرمایا۔ ان کا تذکرہ پہلے ہو چکا ہے۔

۱۱۵۷ ۱۰/۱۹ امام ابوشامہ مقدسی ثم دمشقی

آپ کی کنیت ابوالقاسم، نام عبدالرحمٰن بن اسمٰعیل بن ابراہیم اور لقب شہاب الدین ہے۔ آپ دمشق کے رہنے والے گرامی قدر حافظِ حدیث ہر فن مولا مجتہد اور بہت بڑے عالم تھے۔ بلند پایہ قاری اور نامور نحوی بھی تھے۔ ۵۹۹ھ میں پیدا ہوئے۔ اور نوعمری میں ہی شیخ علم الدین سخاوی سے تمام قراءات مکمل کر لی تھیں۔

آپ نے امام داؤد بن ملاعب اور احمد بن عبداللہ سلمی سے صحیح بخاری اور شیخ رشید الدین مقدسی سے مسند شافعی کا سماع کیا۔ اسکندریہ میں عیسیٰ بن عبدالعزیز مقری سے فیضیاب ہوئے۔ ۶۳۰ھ سے چند سال بعد آپ کو تحصیلِ حدیث کا شوق پیدا ہوا پہلے کرمیہ، ابواسحاق خشوعی اور ایک دوسری جماعت سے اس فن کو سیکھا۔ علم الانسان میں مہارت اور قراءات میں کمال پیدا کیا اور مشہور کتاب شاطبیہ کی عمدہ اور نفیس شرح لکھی اور تاریخ دمشق کا دو دفعہ اختصار کیا۔

تصانیف آپ سنجیدہ ہوئے مصنف ہیں اور بہت سی مفید کتابیں آپ نے اپنی یادگار میں چھوڑی ہیں۔ ان میں سے کتاب "الروضتین فی اخبار الدولتین" اور اس پر کتاب "کتاب الذیل" مشہور ہیں۔ آپ "التربۃ الاشرفیہ" میں شیخ القراء اور "الدار الاشرفیہ" میں شیخ الحدیث کے اونچے منصب پر فائز رہے۔

آپ سے شیخ احمد لبان، برہان الدین اسکندرانی، شرف الدین فزاوی خطیب، شہاب الدین کفری، علی بن مسیار اور آپ کے اپنے صاحبزادے ابوالہدیٰ احمد روایت کرتے ہیں۔ آپ جملہ علوم و فنون میں تقدم اور کمال کے باوجود بڑے تواضع پسند اور منکسر المزاج تھے۔ تکلف سے کوسوں دور اور نقل میں قابل اعتماد تھے۔ آپ کے ابرو پر تل کا ایک بڑا نشان تھا (عربی میں تل کو شامہ کہتے ہیں اس وجہ سے آپ ابوشامہ کہلائے)

وفات آپ نے ۱۹ رمضان المبارک ۶۶۵ھ میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر بھی رہ نوردِ عالم آخرت ہوئے۔

امام کمال الدین احمد بن نعمہ شافعی نابلسی شافعی۔ آپ دمشق کے خطیب تھے اور ۸۶ سال کی عمر میں فوت

ہوئے۔ قدوۃ زاہد ابو محمد اسماعیل بن محمد کورانی۔ قاضی القضاۃ تاج الدین عبدالوہاب بن خلف حلاوی۔ مفتی تاج الدین علی بن قسطلانی۔ شیخ ضیاء الدین یوسف بن عمر مقدسی۔ آپ نے ۸۴ سال کی عمر میں انتقال فرمایا اور شیخ شمس الدین یوسف بن مکتوم حورانی دمشقی آپ ۸۱ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے تشریف لاتے اور مدینہ شریف کے در و دیوار کو دیکھتے تو خوشی کی وجہ سے اپنی سواری کو تیز تیز ہانکتے۔

اس حدیث کی سند قوی ہے۔

۱۱۵۸ $\frac{11}{19}$ امام نابلسی دمشقی

آپ کی کنیت ابوالمظفر، نام یوسف بن حسن بن بدر نابلسی اور لقب شرف الدین ہے۔ دمشق کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور بلند پایہ ادیب ہیں مسلک امام شافعی سے تعلق رکھتے ہیں۔ طلبہ کو فائدہ پہنچانے میں بڑے سرگرم تھے۔ ۶۰۳ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ کو عراق سے ابوالفتح مندائی، ابوحفص بن طبرزد اور ایک دوسری جماعت نے اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ ان کے علاوہ ابن البن، ابوالمجد محمد قزوینی، ابوالقاسم بن صصری، زین الامناء اور ابن الجبر کے دوسرے علماء سے اور بغداد میں عبدالسلام زہری، عمر بن کرم، ابن قطیعی اور ان کے طبقہ سے حدیث کا سماع کیا۔ حلب اور مصر کے سرچشموں سے بھی سیرابی حاصل کی۔ اور علم کثیر ضبط تحریر میں لائے۔

عام حالات سرمایہ علم جمع کرنے کے بعد تصنیف و تالیف کی طرف متوجہ ہوئے اور بہت سی [illegible] یادگار اپنے پیچھے چھوڑ گئے۔ آپ کا خط بہت عمدہ اور دلپسند تھا۔ آپ [illegible] کی تخریج کی اور آپ سے ہمارے ابن ابی الفتح نے ابن عقیل کی کتاب الزہاد روایت کی ہے۔ [illegible] ابن خباز، ابوالحسن بن عطار، ابوالحسن بن بصیر اور دوسرے لوگوں نے آپ سے علمی فیوض حاصل کیے ہیں۔ اور محدث ابواسحاق بن کیال نے آپ سے معقول استفادہ کیا ہے۔ آپ ثقہ حافظ، بیدار مغز، پسندیدہ اخلاق اور حدیث دانی میں مشہور تھے۔ آپ کا مذاکرہ علمیہ اور آپ کی دیانتداری زبان زد عوام تھی۔ آپ دار الحدیث النوریہ کے شیخ الحدیث بھی رہے ہیں۔

آپ نے محرم ۶۷۱ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال درج ذیل علماء نے بھی سفر آخرت اختیار کیا۔

امام ابوالبرکات احمد بن عبداللہ بن نحاس انصاری اسکندرانی۔ ۸ سال سے زیادہ عمر پا کر فوت ہوئے۔ محدث مفید کمال الدین احمد بن ابوالفضل انہوں نے ہندوستان میں انتقال فرمایا۔ صاحب التعجیز علامہ تاج الدین ابوالقاسم عبدالرحمن بن محمد موصلی خطیب جامع مقیاس مسند ابوالفتح عبدالہادی بن عبدالکریم قیسی مصری مفتی بغداد کمال

Marfat.

الدین علی بن محمد حنبلی، فقیہ مغرب علامہ ابوالحسن علی تنیوی مالکی، محدث رحال شمس الدین محمد بن عبدالمنعم حرانی آپ نے دمشق میں ۶۸ سال کی عمر میں وفات پائی۔ اور خطیب بیت آبار موفق الدین محمد بن عمر بن یوسف مقدسی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوہریرہ کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کہا ہے جس نے میرے کسی دوست سے دشمنی کی اس نے مجھ سے اعلان جنگ کیا اور میرا بندہ کسی ایسی چیز کے ساتھ میرا تقرب حاصل نہیں کر سکتا جو مجھے فرائض ادا کرنے سے زیادہ محبوب ہو جب میرا بندہ بذریعہ نوافل میرا تقرب حاصل کرنا اپنا معمول بنا لیتا ہے تو مجھے اس سے محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور جب میں اس سے محبت کرتا ہوں تو اس کا کان بن جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس کے ساتھ وہ چلتا ہے۔ پھر وہ اگر مجھ سے کچھ مانگتا ہے تو اس کو دیتا ہوں اور اگر کسی چیز سے پناہ چاہتا ہے تو اسے پناہ دیتا ہوں مجھے کسی چیز کے کرنے میں اتنا تردد کبھی نہیں ہوا جتنا کسی مومن کی جان لینے میں ہوتا ہے وہ موت کو ناپسند کرتا ہے اور میں اسے دکھ دینا پسند نہیں کرتا۔ لیکن اس کے لیے موت کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں۔

یہ حدیث امام بخاری نے محمد بن عثمان بن کرامہ کے واسطہ سے ذکر کی ہے ہم نے ان کی موافقت کی ہے صحیح بخاری میں یہ بہت عمدہ حدیث بیان ہوئی ہے۔ اور یہ حدیث قاضی محاملی اور ابوالعباس سراج نے بھی ان سے روایت کی ہے۔

۱۱۵۹ ۱۲/۱۹ امام ابن صابونی محمودی

آپ کی کنیت ابوحامد، نام محمد بن علی بن محمود بن احمد اور لقب جمال الدین ہے۔ آپ نامور حافظِ حدیث اور بلند پایہ محدث ہیں۔ آپ کی ذات سے طلبہ کو بے حد فائدہ پہنچا ہے۔ مشہور درسگاہ "الدار النوریہ" کے شیخ الحدیث رہے ہیں۔ آپ ۶۰۴ھ میں منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوئے۔

آپ نے قاضی ابوالقاسم بن حرستانی، ابوالبرکات ابن ملاعب، ابوعبداللہ بن بنار صوفی اور ابوالمحاسن بن سید سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر فن حدیث میں مزید مہارت حاصل کرنے کے لیے آپ مختلف ائمہ کے حلقہ ہائے درس میں حاضر ہوئے اور سعی بلیغ سے کام لیتے ہوئے علامہ ابن الیمن، ابن صصری، موفق عبداللطیف، ابن باقا، علی بن رحال، علی بن حمل اور اس طبقہ کے دوسرے مشاہیر سے اکتساب فیض کیا۔ بہت سا ذخیرہ علم قلمبند کیا اپنے کتب خانہ کے لیے قیمتی کتابیں فراہم کیں اور بہت سے علماء کے لیے حدیث کی تخریج کی۔ آپ بہت خوشخط لکھتے تھے اور آپ کی نقل غلطیوں سے مبرا ہوتی تھی، آپ نے ابن نقطہ کی کتاب "المؤتلف والمختلف" کے موضوع پر ایک جلد میں مفید ذیل لکھا۔ آپ اس فن میں کچھ زیادہ باکمال نہیں تھے۔ پھر انتقال سے ایک یا دو سال پہلے آپ کا حافظہ کمزور ہو گیا۔ اور میری اطلاع کے مطابق بعد میں مزید نقص واقع ہو گیا تھا۔ ہمارے

Marfa

شیخ ابن ابوالفتح کہتے ہیں۔ وفات سے ایک سال پہلے ان کی یادداشت میں بہت فتور آگیا تھا اگرچہ اس میں کچھ شک نہیں کہ آپ کا شمار بڑے بڑے عدول ائمہ میں ہوتا تھا۔

آپ سے امام دمیاطی، مزی، برزالی، قاضی القضاۃ ابن بصری، ابوالحسن بن عطار، ابواسحاق فزاری اور ان کے علاوہ ایک جماعت روایت کرتی ہے۔ آپ نے ۶۷۳ھ میں مجھے اپنی جملہ مرویات کی اجازت [illegible] مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] کامل وہ شخص ہے جو بلحاظ اخلاق سب سے اچھا ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ حسن خلق ثواب میں نماز اور روزہ کا درجہ رکھتا ہے۔

اس حدیث کے بیان کرنے میں یحییٰ بن زکریا طائی متفرد ہے اور میں اس کے حالات سے ناواقف ہوں۔

آپ نے ۱۵ ذیقعدہ ۶۸۰ھ میں انتقال فرمایا۔ اور کوہ قاسیون کے دامن میں سپرد خاک کیے گئے۔

اس سال درج ذیل علماء نے انتقال فرمایا۔

موصل میں اپنے زمانہ کے امام اور پیشوا شیخ موفق الدین احمد بن یوسف شیبانی کواشی آپ [illegible] تھے۔ ۵۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ اندلس خطیب مقری ابوجعفر احمد بن علی غرناطی۔ آپ [illegible] ۸۰ سال تھی۔ صحیح بخاری کے راوی مسند امین الدین قاسم بن ابوبکر اربلی۔ مسند کمال الدین [illegible] مقدسی آپ نے ۱۰۰ سے کچھ زیادہ سال عمر پاکر وفات پائی۔ قاضی القضاۃ تقی الدین محمد بن [illegible] القضاۃ نجم الدین ابوبکر محمد بن احمد دمشقی، مسند عراق شہاب الدین محمد بن ابو دشنہ انہوں نے ۸۱ سال کی عمر میں انتقال فرمایا اور مسند دمشق محی الدین ابوالغنائم مسلم بن محمد کاتب قیسی ۹۰ سال کی عمر میں فوت [illegible]

اس زمانہ میں مصر اور دمشق وغیرہ شہروں میں چند ایسے محدثین بھی انتقال کر گئے۔ جو کہ [illegible] علم میں شہرت یافتہ تھے میں نے تاریخ اسلام میں ان کے حالات ذکر کیے ہیں۔ [illegible]

بیسواں طبقہ

اس میں دس حفاظ حدیث کا ذکر ہے۔

۱۱۶۰ ۱/۲۰ امام ابن العماد یہ ہمدانی اسکندرانی

آپ کی کنیت ابوالمظفر، نام منصور بن سلیم بن منصور اور لقب وجیہ الدین ہے۔ اسکندریہ کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور بلند پایہ امام ہیں۔ آپ نے طلب علم کے لیے دور دراز ممالک کے سفر کیے اور طالبان علم کو بہت فائدہ پہنچایا۔ شافعی مسلک سے تعلق رکھتے تھے اور سرحد میں محتسب کے عہدہ پر فائز تھے۔ ۶۰۷ھ میں پیدا ہوئے۔

آپ نے اپنے شہر میں محمد بن عماد، صفراوی، جعفر ہمدانی اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ پھر مزید اعلیٰ تعلیم کے لیے رختِ سفر باندھا اور دُور دراز شہروں کی طرف گئے۔ چنانچہ دورانِ سفر علامہ ابن رزینہ، قطیعی، ابن خازن اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے، مصر میں علی بن مختار اور بابہ سے، دمشق میں مکرم سے، حماۃ میں ابن رواحہ سے، حلب میں یعیش نحوی سے، حران میں حمد بن صدیق سے اور مکہ مکرمہ میں ابوالرحمان تبریزی سے کسب کمال کیا۔

تصانیف و تدریس فراغت کے بعد جہاں آپ نے تدریسی اور تعلیمی فرائض سنبھالے وہاں تصنیف و تالیف کی طرف بھی متوجہ ہوئے اور ایک معجم، اربعین بلدانیہ، ۲ جلد میں اپنے شہر کی تاریخ اور ان کے علاوہ متعدد کتابیں تصنیف فرمائیں۔ آپ کو علم فقہ، فن حدیث، اس کے متعلقہ فنون اور علم رجال سے گہری دلچسپی تھی۔ آپ دیانت، ثقاہت اور مروت کے ساتھ مشہور تھے اور بیرونی ممالک سے آنے والے طلبہ کے محسن اور ان کے حق میں بڑے نرم خو تھے۔

آپ سے امام دمیاطی، عزالدین حسینی، قاضی سعدالدین حارثی اور دوسرے لوگوں نے علم حدیث لکھا ہے۔ آپ نے علاقہ سرحد میں اپنے جیسا کوئی آدمی نہیں چھوڑا۔ میں نے آپ کے دو مادرزاد بھائیوں ابوالقاسم اور وجیہہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوسعید کی یہ حدیث ملی ہے کہ جب عبدالقیس کا وفد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو انہوں نے کہا اے اللہ کے رسول! ہم عرب کے مشہور قبیلہ ربیعہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہمارے اور آپ کے درمیان کفار مضر کا علاقہ پڑتا ہے۔ اس لیے حرمت والے مہینوں کے

t.com

سو اہم کسی اور وقت آپ کے پاس نہیں آسکتے۔ الحدیث

یہ حدیث ابوسعید کے واسطے سے امام مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے۔

وفات آپ نے ۲۱ شوال ۶۷۷ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال مندرجہ ذیل علماء نے بھی سفر آخرت اختیار کیا۔

محدث ابواسحاق ابراہیم بن محمد قرشی دمشقی ۷۵ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ محدث صاحب شرف الدین اسماعیل بن احمد آمدی آپ تاریخ آمد کے مؤلف ہیں اور ابن تیتی کے نام سے مشہور تھے۔ شیخ القراء رشید الدین ابوبکر بن ابودر مکینی دمشقی، فقیہ زہیر [illegible] ۸۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ الحنفیہ قاضی القضاۃ شمس الدین عبداللہ بن محمد [illegible] کی عمر میں وفات پائی۔ امام حنبل سے مسند امام احمد کے راوی اجل نجم الدین علی بن عبدالرحمان شیرازی [illegible] بن محمد بن منصور صاحب امینی مصر میں فوت ہوئے۔ ان کے بھائی نے ہبۃ اللہ بن طاؤس [illegible] سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ شیخ تقی الدین عمر بن یعقوب اربل ذہبی صوفی [illegible] بن یحییٰ اشعری اندلسی اور شیخ شرف الدین نصر بن عبدالمنعم حنفی تنوخی دمشقی۔ رحمۃ اللہ علیہم

مجھے ان کے واسطے سے حضرت [illegible] حدیث ملی ہے کہ ان کی پھوپھی ربیع نے ایک لڑکی کو طمانچہ مارا اور اس کا دانت توڑ دیا۔ اس پر [illegible] علیہ وسلم نے قصاص کا حکم دیا۔

۱۱۶۱ ۲/۲۰ [illegible]

آپ کی کنیت ابوطالب، نام علی بن [illegible] بن عثمان [illegible] والے باکمال مورخ ہیں اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں [illegible] علامہ ابن نجار کی صحبت میں ایک زمانہ گذارا اور [illegible] کی ایک جماعت [illegible]

تصانیف آپ نے کامل ابن اثیر [illegible] ذیل کی تصانیف اپنی یادگار چھوڑیں۔

(۱) "مناقب الخلفاء" (۲) "تاریخ الوزراء" (۳) "تاریخ [illegible]" وغیرہ

آپ کو ان کتابوں کی [illegible] آپ نے ۸۲ سال کی طویل عمر پائی [illegible]

آپ نے رمضان المبارک [illegible] شمار ہونے کے بجائے آپ کا شمار تاریخ دانوں [illegible] آپ کی تصانیف کی طویل فہرست [illegible] تصوف

fat.com

پایا ہے۔

اس سال درجِ ذیل علماء نے جانِ جانِ آفرین کے سپرد کی۔

مشہور مؤرخ سعد الدین بن تاج الدین عبداللہ بن عمر حموی ثم دمشقی ۸۲ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مسند زمانہ ابوالفتح عثمان بن ہبۃ اللہ زہری مالکی آپ ابن موقا کے آخری شاگرد ہیں اور اسکندریہ میں انتقال فرمایا۔ مفتی زاہد ظہیر الدین محمود بن عبداللہ دنجانی صوفی ۷۰ سال کی عمر میں دمشق میں فوت ہوئے اور محدث امام مکین الدین ابوالحسن بن عبدالعظیم مصری جو ابن الحصنی کے نام سے معروف ہیں۔ انہوں نے ۷۴ سال کی عمر میں سفرِ آخرت اختیار کیا۔ رحمۃ اللہ علیہم۔

۱۱۶۲ ۳/۲۰ شیخ الاسلام امام نووی الحزامی

آپ کی کنیت ابوزکریا، نام یحییٰ بن شرف بن مری حورانی اور لقب محی الدین ہے۔ حوران کے رہنے والے بے نظیر پیشوا اور جلیل القدر حافظِ حدیث ہیں۔ مسلک امام شافعی سے تعلق رکھتے ہیں اور بہت سی مفید کتابوں کے مصنف ہیں۔ محرم ۶۳۱ھ میں کتم عدم سے منصۂ شہود پر رونق افروز ہوئے۔ ۶۴۹ھ میں دمشق تشریف لائے اور مدرسہ "رواحیہ" میں داخل ہوئے۔ وہیں سے آپ کھانا کھاتے تھے۔ آپ نے ساڑھے چار مہینہ میں مشہور کتاب "التنبیہ" زبانی یاد کر لی اور باقی سال میں اپنے استاذ کمال اسحاق بن احمد سے "المہذب" کا ایک چوتھائی حصہ پڑھا اور اسے حفظ بھی کر لیا۔ پھر اپنے والد ماجد کے ہمراہ حج کے لیے تشریف لائے اور مدینہ منورہ میں ایک ماہ پندرہ دن قیام کیا۔ اس سفر کے دوران اکثر بیمار رہے۔

دورانِ تعلیم آپ کے معمولات ہمارے شیخ ابوالحسن بن عطار فرماتے ہیں کہ امام محی الدین نے انہیں بتایا کہ وہ خوب سوچ سمجھ کر روزانہ اپنے اساتذہ سے بارہ اسباق پڑھا کرتے تھے۔ کتاب "الوسیط" کے دو سبق، "المہذب" کا ایک سبق "الجمع بین الصحیحین" کا ایک سبق، صحیح مسلم کا ایک سبق، اصلاح منطق کا ایک سبق، صرف و نحو کا ایک سبق، اصولِ فقہ کا ایک سبق، اسماءِ رجال کا ایک سبق اور اصولِ دین کا ایک سبق فرماتے ہیں میں پڑھتے وقت مشکل الفاظ کی تشریح، پیچیدہ عبارت کی توضیح اور ضبطِ لغت کے ساتھ تعلق رکھنے والی تمام ضروری باتیں نوٹ کر لیا کرتا تھا۔ میرے اوقات بڑے اطمینان سے گذر رہے تھے اور سلسلۂ تعلیم دلجمعی کے ساتھ جاری تھا کہ یکایک میرے دل میں خیال آیا کہ علمِ طب پڑھنا اور اسے ذریعۂ کسبِ معاش بنانا چاہیئے۔ چنانچہ اس مقصد کے لیے فنِ طب کی مشہور کتاب "القانون" خرید بھی لی مگر معاً ہی محسوس ہوا کہ میرے دل میں ایک طرح کی تاریکی چھا گئی ہے جس کے باعث میں کئی دن تک پڑھنے پڑھانے کا کام نہ کر سکا یہ حالتِ تنبیہ تھی کہ یہ پیشہ میرے لیے مناسب نہیں چنانچہ میں نے "القانون" کو بیچ دیا۔ اس کے بعد میرا دل بدستور منور ہو گیا۔

اساتذہ میں کہتا ہوں کہ آپ نے امام رضی بن برہان، شیخ الشیوخ عبدالعزیز بن محمد انصاری، زین الدین بن عبدالدائم، عمادالدین عبدالکریم بن حرستانی، زین الدین خالد بن یوسف، تقی الدین بن ابو الیسر، جمال الدین بن صیرفی، شمس الدین بن ابو عمر اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے حدیث کا سماع کیا۔ آپ نے مختلف شیوخ سے صحاح ستہ، مسند امام احمد، مؤطا امام مالک، شرح السنہ للبغوی، سنن دارقطنی اور دوسری بہت سی کتابیں پڑھیں۔ حافظ عبدالغنی کی کتاب "الکمال" زین خالد کو سنائی۔ صحیحین کی منتخب احادیث کی شرح محدث ابو اسحاق ابراہیم بن عیسیٰ مرادی سے سیکھی اور علم اصول قاضی تفلیسی اور علم فقہ کمال اسحاق مغربی، شمس الدین عبدالرحمٰن بن نوح، عزالدین عمر بن سعد اربلی اور کمال سلار اربلی سے حاصل کیا۔ علم نحو شیخ احمد مصری وغیرہ سے اخذ کیا۔ اور مشہور نحوی امام ابن مالک سے بھی اس فن میں ان کی تصنیف کردہ ایک کتاب پڑھی۔

عام حالات فراغت کے بعد آپ تعلیم و تدریس، تصنیف و تالیف، نشر و اشاعت علم، عبادت و ریاضت، صیام و صلوٰۃ اور ذکر و اذکار میں اس طرح مصروف ہوئے کہ بس اسی کے ہو رہے۔ زندگی نہایت سادگی سے گذری۔ موٹا جھوٹا پہننے اور روکھا سوکھا کھانے پر قناعت کی۔ آپ کا لباس معمولی کپڑوں اور کھدر کی ایک چھوٹی سی پگڑی پر مشتمل ہوتا تھا۔ ایسی سادہ زندگی کی کسی دوسری جگہ مثال نہیں ملتی۔

آپ کی شب و روز کی کوششوں اور سعی جمیل کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کے حلقۂ درس سے نادرۂ روزگار علما اور فضلائے محدثین نے سند فراغت حاصل کی۔ ان کی فہرست کافی طویل ہے چند خصوصی نام درج ذیل ہیں۔ خطیب صدرالدین سلیمان جعفری، امام شہاب الدین احمد بن جعوان، شہاب الدین اربدی اور علاء الدین بن عطار۔ ان کے علاوہ حافظ ابن ابو الفتح، حافظ مزی اور ابن عطار آپ سے حدیث روایت کرتے ہیں۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت انس کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا [illegible] دل سے شہادت طلب کرتا ہے اگر اسے شہادت نہ بھی نصیب ہو تو اسے شہادت کا [illegible]

اس حدیث کو شیبان کے واسطہ سے امام مسلم نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے۔

مرتبہ و مقام ابن عطار کہتے ہیں۔ ہمارے شیخ مرحوم فرمایا کرتے تھے کہ انہوں نے بجز پڑھنے پڑھانے کے دن اور رات میں کبھی وقت ضائع نہیں کیا۔ حتیٰ کہ راستہ چلتے ہوئے بھی اسی شغل میں مصروف رہتے اور برابر چھ سال تک یہی معمول رہا پھر تعلیم و تصنیف، عوام کی بھلائی اور احقاق حق کو اپنے پر لازم کر لیا اور عمر بھر قدم پیچھے نہیں ہٹایا۔

میں کہتا ہوں روح کو معصیت کی آلائشوں اور گناہوں کی آلودگیوں سے پاک رکھنے کے لیے انتہائی تورع، مسلسل جہاد بالنفس اور لگاتار ریاضتوں میں مصروف رہنے کے باوجود آپ نامور حافظ حدیث، اس کے جملہ فنون کے عالم، فن رجال کے ماہر اور صحیح اور ضعیف کو خوب جاننے والے تھے۔ تحقیق مذاہب میں تو آپ کا جواب نہیں تھا۔

نازونعم کی زندگی سے تنفر ہمارے شیخ رشید ابن المعلم فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دفعہ شیخ محی الدین کو حمام میں غسل نہ کرنے اور کھانے، پہننے اور جملہ حالات میں تنگدستی پر قناعت کرنے کے سلسلہ میں ملامت کی اور کہا اس طرح آپ بیمار پڑ جائیں گے اور یہ تمام کارہائے خیر جو آپ نے شروع کر رکھے ہیں دھرے کے دھرے رہ جائیں گے تو اس کے جواب میں آپ نے صرف اتنا کہا کہ فلاں بزرگ نے اتنے روزے رکھے اللہ تعالیٰ کی اس قدر عبادت کی کہ بدن پر ان کا چمڑا بھی خشک ہو گیا۔ آپ پھل خصوصاً کھیرا کھانے سے بہت گریز کرتے تھے اور فرماتے تھے اس سے جسم میں رطوبت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور بکثرت نیند آتی ہے۔ عموماً آپ دن اور رات میں صرف ایک دفعہ سحری کے وقت کھانا کھاتے تھے۔ اور اسی وقت ایک دفعہ پانی پیتے تھے۔ ابن عطار کہتے ہیں کہ ایک دفعہ میں نے آپ سے پھلوں کے استعمال کے متعلق گفتگو کی تو فرمانے لگے کہ دمشق میں اکثر اوقاف کے باغ ہیں اور ان کی پیداوار حاصل کرنے میں مساقات کا طریق رائج ہے جس کے جواز اور عدم جواز میں علماء کا اختلاف ہے ایسی صورت میں میری طبیعت ان کے کھانے کی طرف کیسے راغب ہو سکتی ہے؟ ابن عطار نے چھ ہزار اجزاء پر مشتمل آپ کی سیرت اور سوانحعمری مرتب کی ہے۔

تصانیف آپ ایک شہرۂ آفاق مصنف بھی ہیں۔ آپ نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں جن میں سے چند قابل ذکر حسب ذیل ہیں۔

(۱) شرح صحیح مسلم (۲) ریاض الصالحین (۳) الاذکار (۴) الاربعین (۵) الارشاد فی علوم الحدیث (۶) التقریب یہ ایک مختصر کتاب ہے (۷) کتاب المبہمات (۸) تحریر الالفاظ للتنبیہ (۹) العمدہ فی تصحیح التنبیہ (۱۰) الایضاح فی المناسک ایک جلد۔ آپ نے اس کے علاوہ مناسک میں تین اور کتابیں لکھی (۱۱) التبیان فی آداب حملۃ القرآن (۱۲) فتاوٰے ایک مختصر جلد (۱۳) الروضۃ ۴ جلد (۱۴) شرح المہذب باب المصراۃ تک ۴ جلد (۱۵) شرح قطعۃ من البخاری (۱۶) شرح قطعۃ من الوسیط (۱۷) قطعۃ من الاحکام (۱۸) الاسماء واللغات کے متعلق بہت سا مواد (۱۹) مسودۃ فی طبقات الفقہاء (۲۰) التحقیق فی الفقہ باب صلوٰۃ المسافر تک۔

تحائف اور نذرانوں سے اجتناب آپ کسی سے ہدیہ یا نذرانہ قبول نہیں کرتے تھے ہاں شاذ و نادر جس کا ہدیہ طبیعت پر گراں نہ گذرتا قبول کر لیتے تھے۔ چنانچہ ایک دفعہ ایک فقیر نے وضو کے لیے آپ کو ایک لوٹا تحفتہً دیا تو اُسے قبول کر لیا۔ ایک دفعہ شیخ برہان الدین اسکندرانی نے آپ کو اپنے ہاں روزہ افطار کرنے پر مجبور کیا تو آپ نے فرمایا کھانا یہاں لے آئیں۔ سب مل کر روزہ افطار کریں گے۔ چنانچہ آپ نے وہ کھانا کھایا جو دو قسم کے کھانوں پر مشتمل تھا بعض اوقات آپ بھی دو قسم کا کھانا تیار کروا لیتے تھے۔

اعلانِ حق آپ حق کا برملا اعلان کرنے کے عادی تھے۔ ملوک و سلاطین اور ظالم امراء کے مظالم کا ان کے منہ پر رد کرتے تھے کبھی بذریعہ مکتوب انہیں خوف [illegible] تھے۔ ایک دفعہ لکھا یہ مکتوب

اللہ تعالیٰ کے بندے کی نوازش کی [illegible] سے ملک الامراء بدرالدین کے نام ہے۔ ان پر سلامتی رحمت اور برکت ہو۔ اللہ تعالیٰ ان کے خیرات اور برکات کو ہمیشہ قائم رکھے۔ انہیں حسنات سے نوازے اور ان کی آرزو کے مطابق انہیں دنیا اور آخرت کی بھلائی عطا فرمائے۔ اکیلے بندہ آپ کے علم میں یہ بات لانا ضروری سمجھتا ہے کہ بروقت بارش نہ ہونے کی وجہ سے اہل شام [illegible] مبتلا ہیں اور وہ بدن ان کی نالت کرو اور تیلی ہوتی جارہی ہے پھر اس کی تفصیلات [illegible] ایک مکتوب ملا۔ ظاہر کے نام بھی تحریر فرمایا لیکن اس نے اس کا جواب تکلیف دہ اور [illegible]

آپ نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے سلسلہ میں ملک ظاہر کو کئی خطوط لکھے ہیں۔ ہمارے استاذ ابن فرح جو شیخ سے شرف حدیث کا بھی [illegible] فرمایا کرتے تھے کہ شیخ تقی الدین [illegible] کمال پائی جاتی تھیں کہ اگر ان میں سے [illegible] پائی جائے تو اس کی طرف [illegible] کے تابع بنا دیا جائے۔ [illegible]

وفات: [illegible] پہنچا اور ۷۲۴ھ [illegible] کی قبر زیارت گاہ خواص و عوام ہے۔

شیخ تقی الدین [illegible] درویش صفت عالم تھے۔ بہت سادہ اور انتہائی قناعت پسند زندگی بسر کرتے تھے آپ نے اپنا وقت دنیا سے بہت کم فائدہ اٹھایا۔ ملک عادل کو کئی دفعہ رسالت کے کلمے میں کھڑا کیا۔ چنانچہ وہ کہا کرتا تھا مجھے ان سے ڈر لگتا ہے۔ آپ دارالحدیث [illegible] سے ممتاز تھے۔ ابوشامہ کے بعد ۶۶۵ھ [illegible] شیخ الحدیث مقرر ہوئے [illegible] پر فائز ہے۔ شیخ شمس الدین بن فخر مغربی کہتے ہیں آپ بالکمال امام اور صاحب اتقان عالم تھے آپ نے بہت سے علوم منضبط کیے اور بہت سی کتابیں تصنیف فرمائیں آپ فقہ اور [illegible] مرغوب اور پرتکلف کھانے تناول کرتے تھے آپ نے مال [illegible] کے لیے جو نفقات دفن اور [illegible] کرتے صرف اسی پر گزر بسر کرتے تھے آپ انتہائی سادہ اور پیوند لگا ہوا لباس پہنتے تھے کبھی غسل کرنے کے لیے حمام میں داخل نہیں ہوئے [illegible] قناعت اور [illegible] کا ایک درہم بھی قبول نہیں کیا۔ آپ نے تمام قسم کے [illegible] ترک کر دیئے تھے۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ

اس سال [illegible] اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔

شیخ الاقران کمال الدین ابواسحاق ابراہیم بن احمد تنوخی اسکندرانی [illegible] آپ نے [illegible] سال کی عمر میں انتقال

فرمایا، امام مسند زکی الدین زکی بن حسن بیلقانی متکلم مین میں فوت ہوئے، شیخ الائمہ مقری مجدالدین عبدالصمد بن احمد بغدادی حنبلی، واعظ کامل نجم الدین علی بن علی بغدادی، انہوں نے دمشق میں ساٹھ سال کی عمر میں وفات پائی اور شیخ شمس الدین قاضی القضاۃ ابوبکر محمد بن عماد مقدسی حنبلی آپ نے ۷۴ سال کی عمر پاکر مصر میں انتقال فرمایا۔ رحمۃ اللہ علیہم۔

۱۱۶۳ ۴/۲۰ امام محدّث مُحِبّ طَبَرِی ثم مکّی

آپ کی کنیت ابوالعباس، نام احمد بن عبداللہ بن محمد اور لقب محب الدین ہے، آپ طبرستان کے رہنے والے فقیہ حرم اور نامور حافظ حدیث ہیں۔ ایک ضخیم کتاب "الاحکام الکبریٰ" کے مصنف ہیں۔ ۶۱۵ھ میں پیدا ہوئے سن رشد کو پہنچنے کے بعد تعلیم کی طرف متوجہ ہوئے اور امام ابوالحسن بن متیر، ابن الجمیزی، شعیب زعفرانی، عبداللہ بن ابوحرمی اور ایک دوسری جماعت سے حدیث کا سماع کیا۔ علاوہ ازیں علم فقہ میں بھی درک پیدا کیا۔ فراغت کے بعد مسندِ درس کو رونق بخشی اور زندگی بھر طلبہ کی تعلیم اور عوام کی تربیت میں وقف رہے۔ ساتھ ساتھ فتوےٰ نویسی اور تصنیف و تالیف کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔ اپنے وقت میں شیخ الشافعیہ اور محدثِ حجاز تھے۔

آپ سے علامہ دمیاطی، ابوالحسن بن عطار، ابومحمد بن برزالی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ آپ صالح، زاہد اور عظیم الشان امام تھے۔ آپ سے آپ کے صاحبزادے جمال الدین محمد قاضی مکہ اور پوتے امام مجدالدین قاضی مکہ بھی حدیث بیان کرتے ہیں۔ آپ نے مجھے اپنی تمام مرویات لکھ کر بھیجیں اور انہیں روایت کی اجازت مرحمت فرمائی۔

وفات جمادی آخر ۶۹۴ھ میں آپ کی روح قفس عنصری کو چھوڑ کر ملأ اعلیٰ کی طرف پرواز کر گئی۔ اس سال درج ذیل مشاہیر نے انتقال فرمایا۔

امام کبیر عزالدین احمد بن ابراہیم مصطفوی فاروثی، شہر واسط میں فوت ہوئے، شیخ الشافعیہ خطیب دمشق شرف الدین احمد بن احمد مقدسی، صدر مورخ عزالدین محفوظ بن معتوق آپ نے ۶۰ سال سے کچھ زیادہ سال عمر پا کر انتقال فرمایا، شیخ مسنین ابوالرجال بن مری زاہد، مسند ابوالفہم بن احمد سلمی اور صدر نجم الدین ابوبکر محمد بن عیاش تمیمی جوہری۔

آپ کو اپنے مدرسہ میں سپردِ خاک کیا گیا۔ رحمۃ اللہ علیہم۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت جابر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مٹی کھانے سے نفاق پیدا ہوتا ہے۔

یہ حدیث صحیح نہیں بلکہ قریب قریب موضوع ہے، اس کے روایت کرنے والے راوی ثقہ اور قابل اعتماد نہیں ہیں۔

t.com

۱۱۶۴ ۵/۲۰ امام صوفی اَبِیوَرْدِی شَافِعی

آپ کی کنیت ابوالفتح، نام محمد بن احمد بن ابوبکر اور لقب زین الدین ہے۔ قاہرہ کے رہنے والے جلیل القدر حافظِ حدیث اور نامی گرامی محدث ہیں۔ طلبہ کو فائدہ پہنچانے میں بڑے سرگرم تھے۔ خیال ہے کہ آپ ۶۰۱ھ میں پیدا ہوئے اور ادھیڑ عمر میں طلب حدیث کی طرف متوجہ ہوئے۔

آپ نے مشہور محدثہ کریمہ زبیریہ، علامہ سخاوی، حافظ ضیا اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے نیز حافظ سلفی اور حافظ ابنِ عساکر کے تلامذہ سے سماع کیا۔ پھر اس سے نچلے طبقہ علامہ بوصیری، خشوعی اور ابن باقا اور زبیدی کے شاگردوں سے بھی استفادہ کیا اور علم کا عظیم ذخیرہ قلمبند فرمایا۔ حصول تعلیم میں بڑے مصائب کا سامنا کیا۔ فراغت کے بعد اپنی کتاب معجم کا مسودہ تیار کیا۔ آپ کو اپنی احادیث روایت کرنے کا کم ہی اتفاق ہوا ہے۔ عوّضہ اللہ بالعفو والمغفرۃ علامہ شریف اپنی وفیات میں لکھتے ہیں آپ کو تعلیم حاصل کرنے کا بڑا شوق تھا اس لیے اس کی راہ میں تمام مصائب اور صعوبتوں کا خندہ پیشانی کے ساتھ مقابلہ کیا۔ میں نے ان سے حدیث کا سماع کیا ہے آپ دیانتدار، نیکوکار اور عفیف تھے۔ سمجھدار اور بیدار مغز تھے۔ اپنی معجم کی تخریج کی اور مرنے سے پہلے اپنے تمام اجزا اور جملہ کتابیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں وقف کر دیں۔

وفات آپ نے ۲۱ جمادی اولیٰ ۶۶۷ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔ میں کہتا ہوں علامہ دمیاطی نے آپ کے نظم کردہ اشعار سے دو بیت روایت کیے ہیں اور کہا ہے کہ انہوں نے خانقاہ سعید السعداء میں انتقال فرمایا۔

اس سال مندرجہ ذیل علماء نے انتقال فرمایا۔

امام زاہد تقی الدین احمد بن عبدالواحد حورانی آپ نے مدینہ منورہ میں ۸۴ سال کی عمر میں وفات پائی۔ زاہد زین الدین اسماعیل بن عبدالقوی انصاری، امام مجدالدین عبدالمجید بن الفرج لغوی روذراوری شہر دمشق میں فوت ہوئے۔ شیخ الصعید امام مجدالدین علی بن وہب قشیری مالکی ابن دقیق العید آپ ۸۵ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ مصر کے شیخ الشافعیہ نصیرالدین ابوالبرکات مبارک بن یحییٰ انہوں نے ۸۰ سال کی عمر میں وفات پائی اور دمشق میں حنابلہ کے مدرس شیخ تاج الدین مظفر بن عبدالکریم حنبلی رحمۃ اللہ علیہم

۱۱۶۵ ۶/۲۰ امام اِسْعَرْدِی

آپ کی کنیت ابوالقاسم، نام عبید بن محمد اور لقب تقی الدین ہے۔ اسعرد کے رہنے والے بلند پایہ حافظ حدیث اور جلیل القدر محدث ہیں۔ آپ ۶۲۲ھ میں اسعرد میں پیدا ہوئے اور اپنے والد ماجد کے ساتھ انتقال مکانی کر کے مصر چلے آئے۔ کثرت افادہ کے باعث آپ مفید قاہرہ کہلاتے تھے۔

fat.com

آپ نے اپنے شہر میں علی بن مختار عامری، حسن بن دینار صائغ، یوسف بن مجتلی، ابن مقیر اور ابن رواح وغیرہ سے۔ اسکندریہ میں ہبۃ اللہ بن محمد مقدسی، حمزہ غزال اور سبط سے اور دمشق میں رشید بن مسلمہ اور ایک دوسری جماعت سے حدیث کا سماع کیا۔

عام حالات آپ نے علم کا وسیع ذخیرہ قلمبند فرمایا۔ تخریج، اسماء الرجال، عالی اور موافقت میں کمال پیدا کیا۔ ایک جماعت کی تصانیف کا انتخاب کیا۔ میں نے آپ کی تصنیف "مشیخۃ القاضی ابن الخوی" کا مطالعہ کیا ہے اور اس سے بہت سی کارآمد اور مفید چیزوں کے نوٹ لیے ہیں۔ آپ ثقہ اور صالح تھے۔ ہمارے شیخ ابن ظاہری ان کی بہت تعریف کرتے تھے اور انہیں تمام طلبہ سے برتر اور فائق سمجھتے تھے۔ آپ سے امام ابن ظاہری اور ان کے صاحبزادے عثمان، حارثی اور ان کے صاحبزادے امام شمس الدین مزی، حلبی، برزالی، یعمری، اور ابن اسامہ نے اکتساب فیض کیا ہے۔

آپ نے شعبان ۶۹۲ھ میں ۷۰ سال کی عمر پا کر داعی اجل کو لبیک کہا۔

اس سال درج ذیل علماء نے سفر آخرت اختیار فرمایا۔

مسند کمال الدین احمد بن محمد بن عبد القادر نصیبی حلبی آپ حلب میں فوت ہوئے۔ شیخ القراء جمال الدین ابو اسحاق ابراہیم بن داؤد بن ظافر عسقلانی فاضلی آپ دمشق میں ۷۰ سال کی عمر پا کر فوت ہوئے۔ امام، قدوہ مسند وقت تقی الدین ابراہیم بن علی بن احمد واسطی صالحی حنبلی شیخ زاہد ابراہیم بن شیخ عبد اللہ بن یونس ارمنی ثم صالحی صاحب محی الدین عبد اللہ بن عبد الظاہر کاتب جذامی۔ سرحد کے شیخ القراء مکین الدین ابو محمد عبد اللہ بن منصور لخمی جو اسمر کے نام سے معروف ہیں۔ جامع ابو عیسیٰ ترمذی کے راوی ابو عبد اللہ محمد بن ابراہیم مازنی مصری ۹۰ سال کی عمر میں راہ گرائے عالم آخرت ہوئے۔ قاضی عز الدین ابو الفتح عمر بن محمد اسدی حلبی ۷۱ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ عمر رسیدہ بزرگ ناصر الدین علی بن قرقین شہر بعلبک میں ۹۲ سال کی عمر پا کر اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ اور مسند سیف الدین علی بن رضا حنبلی صالحی انہوں نے ۷۵ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔

۱۱۶۶ ۷/۲۰ امام دمیاطی شافعی

آپ کی کنیت ابو محمد، نام عبد المؤمن بن خلف بن ابو الحسن تونی اور لقب شرف الدین ہے۔ دمیاط کے رہنے والے نامور حافظ حدیث، حجت، فقیہ، نسابہ، شیخ المحدثین اور بہت بڑے عالم ہیں۔ مسلک امام شافعی سے تعلق رکھتے ہیں اور بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ۶۱۳ھ کے آخری ایام میں پیدا ہوئے۔ اپنے شہر دمیاط میں علم فقہ حاصل کرنے اور اس میں کمال پیدا کرنے کے بعد آپ نے طلب حدیث کے لیے رخت سفر باندھا۔ سب سے پہلے اسکندریہ گئے اور علی بن زید نساری، ظافر بن نجم، منصور بن دباغ اور دوسرے محدثین سے حدیث کا سماع کیا۔ ان کے علاوہ مصر میں ابن مقیر، علی بن مختار، یوسف بن مجتلی اور اس طبقہ کے دوسرے ائمہ سے، بغداد میں ابو نصر

t.com

بن علیق، ابراہیم بن خیر اور دوسرے لوگوں سے، حلب میں ابو القاسم بن حرستانی اور ایک جماعت سے سماع کیا۔ اور علامہ ابن خلیل سے اس قدر استفادہ کیا کہ کتابوں اور مختلف اجزاء سے ایک اونٹ لاد کر لائے۔ نیز حماۃ میں نفیسہ قریشیہ ماردینی بنت عبدالخالق نشتبری اور حران میں بیسی ضاط سے اکتساب فیض کیا۔ آپ نے علم کا عظیم ذخیرہ جمع کیا عالی اور نازل ہر قسم کی حدیث احاطۂ تحریر میں لائے اور آخر میں دمشق میں تشریف لائے اور ابن مسلمہ وغیرہ علماء سے بے حد فائدہ اٹھایا۔ آپ نے اپنے معجم میں اپنے ایک ہزار تین شیوخ کے حالات قلمبند کیے ہیں۔

مرتبہ و مقام آپ راست گو، حافظ اور متقن تھے۔ ادب، فن اور علو روایت میں ماہر تھے۔ فقہ میں اپنے معاصرین پر فوقیت رکھتے تھے۔ اور علم النسب میں تو آپ کا جواب نہیں۔ علمی کمالات کے ساتھ ساتھ دیانتدار عقلمند اور تواضع پسند تھے۔ آپ کے چہرہ پر ہر وقت سکینت و ہیبت عیاں تھی۔ طالب علم آپ سے بڑی محبت کرتے تھے۔ خوبصورت اور خوش اخلاق تھے۔ آپ کے جلیس بڑے جلیل القدر ہوتے تھے۔ حفظ و ضبط سے آپ جبل القدر اور عظیم المرتبت شخصیت کے حامل تھے۔ میں نے آپ سے بہت سی کتابوں کا سماع کیا ہے۔ ان میں سے [illegible] آپ کی اپنی تصنیف کردہ "کتاب الخیل" اور کتاب [illegible] ہے۔ [illegible] یونینی نے ہمیں اپنے شیوخ سے [illegible] قاضی القضاۃ علاؤ الدین علی قونوی اور محدث ابو الثناء رغبی سے حدیث بیان کی ہے۔

تلامذہ آپ سے امام ابو حیان اندلسی، امام ابو الفتح یعمری، امام [illegible] قطب الدین عبدالکریم، امام فخر نزیری اور امام تقی الدین سبکی نے اکتساب فیض کیا ہے۔

آپ حدیث پاک کا درس دینے کرانچی وارخ [illegible] آپ کو غشی کی حالت میں درس گاہ سے گھر لایا گیا۔ [illegible] پر عقیدت مندوں اور مستفیدین کا بڑا ہجوم تھا۔ آپ [illegible] ذریعے حاصل کیا تھا۔

اس سال وفات پانے والے مشاہیر سے [illegible]

مفتی بلاد حلب قاضی القضاۃ [illegible]

عمر رسیدہ بزرگ شرف الدین ابو الحسین [illegible] ۹۷ سال کی عمر پاکر انتقال فرمایا۔ شیخ [illegible] تلمیذ ہیں آپ ۹۰ سال کی عمر پاکر فوت ہوئے۔ [illegible] نحوی اور محقق تھے۔ ۹۰ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ [illegible] مسند دمشق ام عبداللہ زینب بنت سلیمان بن [illegible] سال کی عمر پاکر داعی اجل کو لبیک کہا۔

fat.com

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابوایوب کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے تین قسم کی کھیلوں میں حصہ لیتے ہیں: گھوڑ دوڑ، تیر اندازی اور خاوند کا اپنی بیوی سے کھیلنا۔

اس حدیث کی سند میں ایک راوی عبداللہ لیثی ہیں جو مدینہ منورہ کے رہنے والے ہیں۔ امام ابوحاتم نے ان کی تضعیف کی ہے۔

۱۱۶۷ ۸/۲۰ امام ابن ظاہری

آپ کی کنیت ابوالعباس، نام احمد بن محمد بن عبداللہ بن قیماز اور لقب جمال الدین ہے۔ حلب کے رہنے والے نامور حافظ حدیث، بلند پایہ محدث اور ہمارے جلیل القدر استاذ ہیں۔ آپ بڑے عابد زاہد تھے، آپ کی ذات سے لوگوں کو فائدہ پہنچا، ملک ظاہر غازی بن یوسف کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ شوال ۶۲۶ھ میں حلب میں پیدا ہوئے۔ آپ نے امام ابن اللتی، اربلی، کرمیہ، ابن رواحہ، ابن یعیش، صفیہ حمویہ، ضیاء مقدسی، شعیب زعفرانی، اسکندریہ وغیرہ میں بہت سے اہل حدیث سے استفادہ کیا۔ آپ نے "اربعی البلدان" کے علاوہ بہت سی کتابیں لکھیں اور مدارس کی ایک بڑی جماعت کے لیے احادیث کی تخریج کی۔

عام حالات آپ سے آپ کے صاحبزادوں اور شاگردوں نے حدیث کا سماع کیا۔ آپ کو امام زکریا علبی، ابن روزبہ، اسماعیل بن باتکین اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے اجازت حاصل تھی۔ آپ ثقہ، پسندیدہ اطوار اور حافظ حدیث تھے۔ کلام کا انتخاب ایسا عمدہ کرتے تھے کہ دوسرا کوئی آدمی اس میدان میں ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ لکھتے وقت آسان عبارت اور سہل تر الفاظ استعمال فرماتے تھے۔ فقہ حنفیہ کے عالم اور موافقات اور مصافحات کو جاننے والے تھے۔ نیز پُروقار اور پُرسکون شخصیت کے حامل تھے۔ خوش شکل اور پاکباز تھے۔ جود و سخا اور شرم و حیا کا مجسمہ تھے۔ دنیا سے تعلق توڑ کر آخرت کے ہو رہے تھے۔ میں نے ان جیسا دوسرا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ آخر دم تک حدیث کے علاوہ کسی فن میں دلچسپی نہیں لی۔ آپ کے شیوخ کی تعداد سات سو تک پہنچتی ہے۔ میں مفلس میں آپ کی صحبت میں رہا ہوں اور آپ سے اور آپ کے کتب خانہ سے بہت فائدہ اٹھایا ہے۔

آپ سے حافظ علم الدین نے دو سو سے زیادہ کتابوں کا سماع کیا ہے اور ان کے علاوہ حافظ مزی، علبی، یعمری اور باہر سے آنے والے طلبہ نے اکتساب فیض کیا ہے۔

وفات آپ نے ۲۶ ربیع الاول ۶۹۶ھ میں جان جان آفرین کے سپرد کی، فتنہ حلب میں آپ کی گردن پر تلوار کا زخم لگا تھا جس کے صدمہ سے آپ مقتولوں میں گر پڑے۔ جان سے تو بچ رہے مگر اس زخم کی وجہ سے گردن میں کجی پیدا ہو گئی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

اس سال وفات پانے والے علماء کے نام درج ذیل ہیں۔

Marfa

مسند زین الدین احمد بن عبدالکریم اعلاقی مصر میں ۸۶ سال کی عمر میں فوت ہوئے، علامہ ضیاء الدین جعفر بن محمد حسینی شافعی ۸۰ سال عمر پاکر انتقال فرمایا۔ قاضی تاج الدین عبدالخالق بن عبدالسلام معری ثم بعلی شافعی آپ ہمارے شیخ ہیں اور ۹۳ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے ہیں۔ امام محدث عفیف الدین بن عبدالسلام بصری مدینہ منورہ میں راہی ملکِ عدم ہوئے۔ قاضی القضاۃ عزالدین عمر بن عبداللہ مقدسی حنبلی۔ انہوں نے مصر میں ۶۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔ محدث امام ضیاء الدین بن عیسیٰ صوفی انصاری سبتی ۸۳ سال کی عمر میں قاہرہ میں سفرِ آخرت اختیار فرمایا۔ امام شمس الدین محمد بن حازم مقدسی صالحی حنبلی ۷۶ سال کی عمر کو پہنچ کر فوت ہوئے۔ مفتی مکہ ابو عبداللہ محمد بن ابوبکر اموی شافعی ۶۳ سال کی عمر میں عالم بالا کو سدھارے۔ فقیہ محی الدین یحییٰ بن محمد سلمی زبدانی مقدسی آپ نے ۶۴ سال کی عمر میں بیت المقدس میں وفات پائی۔ عدل بدرالدین یوسف بن عبداللہ ازرعی ثم صالحی انہوں نے ۷۷ سال کی عمر میں انتقال فرمایا اور عمر رسیدہ بزرگ ابوتغلب احمد تاجر فارقی نے دمشق میں ۹۱ سال کی عمر میں وفات پائی۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن عمر کی یہ حدیث ملی ہے فرماتے ہیں کہ سفر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے نیزہ گاڑا جاتا تھا جس کی طرف منہ کرکے آپ نماز پڑھتے تھے۔

۱۱۶۸ ۹/۲۰ شیخ الاسلام علامہ ابن دقیق العید قشیری منفلوطی

آپ کی کنیت ابوالفتح، نام محمد بن علی بن وہب بن مطیع اور لقب تقی الدین ہے منفلوط کے رہنے والے نامور فقیہ، مجتہد اور بلند پایہ حافظ حدیث اور جلیل القدر محدث ہیں۔ آپ مالکی اور شافعی دونوں مسلکوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ بہت سی نافع اور مفید کتابوں کے مصنف ہیں۔ حجاز کے مشہور شہر ینبع کے قریب شعبان ۶۲۵ھ میں منعقدہ شہود پر جلوہ گر ہوئے۔

آپ نے علامہ ابن المنجی سے استفادہ کیا تھا لیکن ان سے تعلیم حاصل کرنے کی کیا صورت تھی اس میں تردد تھا ان کے علاوہ امام ابن الجمیزی، سبط السلفی، حافظ زکی الدین اور ایک مختصر جماعت سے اور دمشق میں علامہ ابن عبدالدائم اور ابوالبقاء خالد بن یوسف سے علم حدیث حاصل کیا اور اپنے لیے "اربعین تساعیہ" کی تخریج کی۔

تصانیف آپ شہرہ آفاق اور سلجھے ہوئے مصنف ہیں۔ آپ کی تصانیف میں "شرح العمدہ" اور کتاب "الالمام" کافی مشہور ہیں "کتاب الامام فی الاحکام" لکھنا شروع کی تھی اگر مکمل ہو جاتی تو ۵ جلدوں میں ختم ہوتی "علوم الحدیث" کے عنوان سے بھی ایک کتاب تصنیف کی ہے۔ اذکیاء زمانہ میں شمار ہوتے تھے۔ بڑے وسیع العلم تھے اور کتابوں کا عظیم ذخیرہ اپنی تحویل میں رکھتے تھے۔ شب زندہ دار تھے اور ہمہ وقت تعلیم و تعلم میں مصروف رہتے تھے۔ پُروقار اور پُرسکون زندگی بسر کرتے تھے۔ تورع اور پرہیزگاری میں ان کا جواب نہیں تھا ان جیسے فاضل بزرگ لوگوں نے کم ہی دیکھے ہوں گے میں نے ان سے ۲۰ حدیثیں سنی ہیں۔ اور ایک حدیث

Marfat.

اصول اور معقولات کے ماہر تھے۔ اور منقولات اور ان کے علل کو خوب جانتے تھے۔ کئی
دفعہ قضا پر فائز رہے۔ اور اسی حالت میں راہی ملک بقا ہوئے۔ پانی اور وضو کے بارہ میں
رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ سے علمی فیوض حاصل کیے ہیں ان میں سے چند قابل ذکر شخصیتوں کے نام درج ذیل
ہیں قونوی، قاضی القضاۃ علم الدین بن اخنائی اور حافظ قطب الدین وغیرہ ان کے علاوہ
آپ سے سند قراءت حاصل کی ہے۔

قطب الدین حلبی فرماتے ہیں شیخ تقی الدین اپنے اہل زمانہ کے امام تھے۔ علم اور زہد میں
بصرین پر کوئے سبقت لے گئے تھے۔ شافعی اور مالکی دونوں مسلکوں کے عالم بے بدل
اوقات میں سرگرم اور خشیت الٰہی میں ضرب المثل تھے۔ ذکر و فکر میں مصروف رہتے تھے۔ سوتے
اور کتب، ذکر خدا اور تہجد میں بسر ہوتی تھی۔ شب بیداری آپ کی فطرت ثانیہ بن گئی
مطالعہ میں لگے رہتے تھے۔ آپ کے زمانہ میں آپ جیسا کوئی آدمی دیکھنے میں نہیں آیا
کتابیں لکھی ہیں۔ کتاب الامام کا مسودہ مکمل کرنے کے بعد ایک حصہ پر نظر ثانی بھی کر
مقدمہ مطرزی کی شرح لکھی تھی۔ ایک کتاب "الاربعون فی الروایۃ عن رب العالمین"
الاربعون" ہے جس میں آپ نے علماء سے ہی روایات درج کی ہیں "الامام" کے ایک حصہ
شرح لکھی ہے۔ اور فقہ مالک میں مختصر ابن حاجب کے ایک حصہ کی ایسی نفیس شرح
کتب فقہ میں ایسی کوئی کتاب نہیں دیکھی۔ آپ نے عہدۂ قضا سے کئی دفعہ استعفیٰ دیا
درخواست کی گئی اور دوبارہ یہ عہدہ قبول کرنے پر مجبور کیا گیا۔ ایک دفعہ سلطان حسام الدین کے
اس نے تخت سے اتر کر آپ کا استقبال کیا وہ علم حدیث پڑھنے پڑھانے والوں سے
آتا تھا اور ان پر بڑا احسان کرتا تھا۔ آپ نے ابن الحمیزی، ابن رواح، احمد بن محمد بن
حاجب اور مسند حدیث کا سماع کیا تھا اور وہ آپ کے اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی تھی۔ فرمانے لگے میں جب
اول پڑھانے سے معذور ہوں میں دوبارہ حاضر ہوا تو بولے یہ تو یقین ہو گیا ہے کہ میرے
مگر یاد نہیں پڑتا کہ میں نے اس کا سماع کیا ہے۔ یقین سے نہیں کہہ سکتا، حافظ قطب الدین
بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ شیخ امام محقق تقی الدین ابن المقترح آپ کے نانا تھے اور آپ طہارت
میں وسوسہ کی حد تک مبالغہ کرتے تھے۔

وفات | آپ نے صفر ۷۰۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔
اور اس سال درج ذیل علماء نے سفر آخرت اختیار فرمایا۔
جمال الدین شیخ مفتی نابلس فخر الدین علی بن عبد الرحمٰن حنبلی، مسند عبد الحمید بن احمد بن خولان بناء زملکانی

۸۰ سے کچھ زائد سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ بقیۃ السلف مسند شرف الدین ابو حفص عمر بن [illegible]
۸۹ برس تھی۔ مسند امین بدر الدین ابو علی حسن بن علی دمشقی آپ کی عمر ایک ماہ ۷۳ سال تھی
نجم الدین موسیٰ بن ابراہیم صفراوی حنبلی، شیخ القراء خطیب برہان الدین ابراہیم بن فلاح [illegible]
آپ نے دمشق میں انتقال فرمایا۔ مسند مقری شمس الدین بن محمد دمشقی ۸۳ سال کی [illegible]
مغرب ابو محمد عبد اللہ بن محمد طائی قرطبی آپ کی عمر ۹۹ سال تھی۔

مجھے ان کے واسطہ سے یہ حدیث ملی ہے عاصم کہتے ہیں میں نے حضرت انس سے پوچھا
وسلم نے مدینہ منورہ کو حرم مقرر فرمایا ہے؟ بولے ہاں مدینہ منورہ حرم ہے۔ جسے اللہ اور [illegible]
کیا ہے۔ اس کا گھاس کاٹنا منع ہے جو اس کے مطابق عمل نہ کرے اس پر اللہ تعالیٰ [illegible]
طرف سے لعنت ہے۔

یہ حدیث شیخین نے عاصم احول کے واسطہ سے ذکر کی ہے۔

۱۱۶۹ ۱۰/۲۰ امام ابن زبیر غرناطی

آپ کی کنیت ابو جعفر اور نام احمد بن ابراہیم بن زبیر ثقفی نحوی ہے۔ [illegible]
حدیث اور بہت بڑے عالم ہیں۔ بلاد اندلس کے شیخ القراء [illegible]
میں پیدا ہوئے۔ سن رشد کو پہنچنے کے بعد قاری ابن عبید اللہ [illegible]
اور قاری محمد بن حسنون حمیری کے تلمیذ قاری ابو الولید اسماعیل بن یحییٰ [illegible]
مجید پڑھا اور ۶۴۵ھ اور بعد کے سالوں میں امام سعید [illegible]
طوسی، محمد بن عبد الرحمن بلنسی، ابو اسحاق ابراہیم بن محمد [illegible]
اور امام نسائی کی سنن کبیر ابو الحسن شاری سے پڑھی۔ اور [illegible]
آپ کو اس فن سے گہری دلچسپی تھی اور اسماء الرجال سے بھی [illegible]

عام حالات فراغت کے بعد تصنیف و تالیف کی طرف متوجہ ہوئے [illegible]
پر ذیل لکھا جس میں علمائے اندلس کے حالات تحریر کیے [illegible]
اور ان کے علل اور طرق سے آگاہ کیا۔ ادب عربی میں آپ کی [illegible]
کے فرائض سرانجام دیتے رہے اور بہت سے شاگرد آپ سے فارغ التحصیل ہوئے۔

اگرچہ آپ سے اکتساب فیض کرنے والے طلبہ کی فہرست کافی طویل ہے [illegible]
ہیں۔ امام ابو حیان نحوی، ابو القاسم محمد بن محمد بن سہل، ابو عبد اللہ محمد بن قاسم بن [illegible]
استاذ ابو القاسم [illegible]

Marfat.

سہل کو عطا فرمایا تھا۔ اس کے شروع میں ایک حسین اور بلیغ خطبہ تحریر کیا ہے جو آپ کی فصاحت اور زباند
کا شاہکار ہے۔

وفات آپ نے ۶۰۰ھ میں غرناطہ میں انتقال فرمایا۔

اس سال درج ذیل مشاہیر نے بھی دنیا سے کوچ کیا۔

بقیۃ المسندین ابو جعفر محمد بن علی بن حسین سلمی آپ ۹۴ سال کی عمر میں دمشق میں فوت ہوئے، عمر رسید
خاتون مسندہ ام عبداللہ فاطمہ بنت سلیمان انصاریہ انہوں نے تقریباً ۹۰ سال کی عمر میں دمشق انتقال فرمایا، مسند جما
الدین احمد بن اسماعیل مصر میں فوت ہوئے۔ آپ نے ۶۲۵ھ میں حدیث کا سماع کیا تھا۔ مسند عراق شیخ المستنص
شرف الدین اسماعیل بن علی ازجی آپ کی عمر ۸۷ سال چھ ماہ تھی، مسند جمال الدین ابراہیم بن علی ثعلبی مصر میں
سبان بحق ہوئے، محدثِ قاہرہ امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن طائی مقدسی حنبلی آپ نے ادھیڑ عمر میں انتقال فرما
شیخ القراء جمال الدین ابراہیم بن غالی بدوی حمیری انہوں نے تقریباً ۶۰ سال کی عمر میں دمشق میں وفات پائی، ابن
رواح کے شاگرد مسند شہاب بن علی محسنی، مسند فخر الدین یوسف بن احمد مشہدی صوفی آپ لمبی عمر پاکر مصر
میں فوت ہوئے اور ام عمر خدیجہ بنت عمر بن احمد انہوں نے ۸۰ سال سے کچھ زیادہ عمر پاکر حماۃ میں انتقال فرمایا۔

اس وقت ساتویں صدی ہجری کے اختتام پر مشرق اور مغرب میں علمِ حدیث کی تحصیل اور اس کی معرفت
میں دلچسپی لینے والے لوگ ختم ہو گئے ہیں۔ بلادِ مشرق میں تو اس کا دروازہ تقریباً بند ہو چکا ہے لیکن مغرب
اور باقی ماندہ اندلس میں درایت تو درکنار روایت میں بھی کماحقہٗ شاذ و نادر ہی دلچسپی لیتے ہیں۔ واللہ المستعان
والیہ المشتکی۔

اکیسواں طبقہ

اس میں آٹھ محدثین کا ذکر ہے۔

اِمام نَووی

شیخ الاسلام امام محی الدین نووی اس طبقہ کے رئیس ہیں۔ ان کی موت پہلے واقع ہونے کی وجہ سے میں نے ان کو بیسویں طبقہ میں ذکر کر دیا ہے۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

۱۱۷۰ ۱/۲۱ شیخ المحدثین امام ابن فَرح لَخمی اِشبیلی

آپ کی کنیت ابو العباس، نام احمد بن فرح بن احمد اور لقب شہاب الدین ہے۔ اندلس کے رہنے والے مشہور زاہد، بلند پایہ حافظِ حدیث اور چوٹی کے عالم ہیں۔ مسلک امام شافعی سے تعلق رکھتے ہیں۔ تعلیم سے فراغت کے بعد دمشق میں سکونت پذیر ہو گئے تھے۔ ۶۳۴ھ میں پیدا ہوئے۔ ایک دفعہ فرنگیوں کے ہاتھوں گرفتار ہو گئے اور رہائی پانے کے بعد حج کے لیے تشریف لے گئے۔

سن رشد کو پہنچے تو مصر میں شیخ الشیوخ عبد العزیز انصاری، امام عز الدین بن عبد السلام اور اس طبقہ کے دیگر علماء اور دمشق میں امام ابن عبد الدائم، کرمانی، فراس عسقلانی، ابن ابو الیسر اور ان کے علاوہ بہت سے [illegible] حدیث کا سماع کیا۔

مرتبہ و مقام آپ نے فن حدیث بڑی توجہ سے حاصل کیا۔ ضبط الفاظ، فہم معنوں اور تفصیل مذاہب میں آپ کے معلومات قابلِ رشک تھے۔ حدیث اور متعلقہ علوم کی تدریس کے لیے آپ کا حلقہ بڑا وسیع تھا جس میں شریک ہونے کا مجھے بھی فخر حاصل ہے۔ علم، فضل، دیانت اور وقار میں بلند مقام رکھتے تھے۔ ثقہ، راست گو، عفیف اور میانہ رو تھے۔ علم کا سمندر تھے اور بوقت ضرورت استحضار پر قادر تھے۔ آپ نے فقہ اور حدیث کا عظیم ذخیرہ اپنے ہاتھ سے قلمبند فرمایا تھا۔ طلب کی ایک بڑی جماعت نے آپ سے سندِ فراغت حاصل کی تھی۔ آپ نے تربتِ اُم صالح میں واقع اپنے مکان میں ہیضہ کی بیماری میں مبتلا ہو کر جمادی الاخری ۶۹۹ھ میں انتقال فرمایا۔ اس سال قازان نے دمشق پر قبضہ کیا تھا۔ اس لیے تاریخ میں یہ سال "قازان کا سال" کہلاتا ہے۔ آپ کے پیش نظر لوگ آپ کے بڑے مداح تھے اور بر وقت آپ کی تعریف و ثنا میں رطب اللسان رہتے تھے۔

اس سال مختلف شہروں میں عالم اسلام کے بے شمار مشاہیر نے جہانِ جاں آفرین کے سپرد [illegible]

Marfat.

دمشق میں انتقال کرنے والوں کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں۔

علامہ شمس الدین محمد بن عبدالقوی مقدسی حنبلی نحوی ۸۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے، مقری زاہد شیخ عبدالر
بن عبداللہ آپ نے ۸۰ سال سے زیادہ عمر پاکر دادی خزندار میں قازان کی فوجوں سے لڑتے ہوئے جام شہادت
نوش فرمایا، شیخ شہاب الدین ابن عبداللہ [illegible] آپ نے بھی ۸۰ سال سے زیادہ عمر میں صالحیہ میں شہادت
پائی، عمر رسیدہ بزرگ امیر الملک عماد الدین یوسف بن ابونصر شعاری دمشقی ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے اور مقا
غریب میں سپرد خاک کیے گئے۔ محدث شاہد شیخ تقی عبداللہ بن محمد مزاری انہوں نے صالحیہ میں انتقال فرمایا۔
بنت عبدالحمید، ابراہیم بن عبدالرحمن بن عبدالرحمن بن سعد حرانی کے نوذن ابوحامد بن محمد حرانی، عمر رسیدہ بزرگ امیر توا
حسام الدین بلال مغیثی اسود، شام کے قاضی القضاۃ امام الدین عمر بن الرحمن قزوینی شافعی آپ مصر گئے ہوئے
تھے اور وہیں انتقال کیا، قاضی القضاۃ حسام الدین حسن بن احمد رازی ثم رومی حنفی جنگ کے بعد گم ہوگئے
تلاش کے باوجود ان کا پتہ نہ چلا، شیخ عبدالدائم بن احمد مجی صالحی، دونوں بھائی علی اور عمر امام زین الدین احمد بن
عبدالدائم کے صاحبزادے، عبدالرحمن بن محمد بن یرقی نوفی، شیخ احمد بن زید حمال صالحی، عماد عبدالولی بن علی سماق
مسند شام شرف الدین ابوالفضل احمد بن ہبۃ اللہ بن عساکر ۸۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ مؤدب صالح عی
بن برکت صالحی، شیخ احمد بن نوال رصافی، شیخ علی بن مطہر مجی بقلی، عمر رسیدہ خاتون صفیہ بنت عبدالرحمان منا
فزاء اور ان کے شوہر اور چچا کے بیٹے معمر ابراہیم بن ابوالحسن فراء، شیخ احمد بن محمد بن علامہ ابن صصری سے روایت
کرتے ہیں خدیجہ بنت تقی الدین محمد بن محمود، شمس محمد بن مظفر بن قائماز سقطی، مسند ابوالعباس احمد بن سلیمان حرانی
ثم صالحی یہ ابن رواج سے صحیح بخاری کے راوی ہیں۔

امام عزالدین عبدالعزیز بن عبدالحق المعدل، خطیب کبیر موفق الدین ابوالمعالی محمد بن محمد نہرانی حموی ۸۰ سال
کے قریب عمر پاکر فوت ہوئے مسند دیلبک زینب بنت عمر دمشقیہ، نقیب سبع محدث لغوی کمال الدین عبد
بن علی کرکی، سپہ سالار افواج محدث علم الدین سنجر ترکی دواداری انہوں نے حصن اکراد میں انتقال کیا۔ اجل مؤید
الدین علی بن ابراہیم خطیب عقربا، عماد الدین ابراہیم بن قاضی تقی الدین الصالحی الناسخ، موفق الدین محمد بن یوسف
مقدسی حنبلی شاہد، علامہ نجم احمد بن علی بعلبکی شیخی، [illegible] خدیجہ بنت یوسف بغدادی، مدرس عصرونیہ امام
شمس الدین محمد بن سلیمان مقدسی، مفتی شہاب الدین احمد بن محمد بن سلوان شافعی انہوں نے حالت کہولت میں
انتقال فرمایا۔ بدر حسن بن علی بن یوسف اندلسی زاہد آپ تقریباً ۹۰ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔
عدل شرف الدین عبدالعزیز بن عبدالرحمن ازدی، خطیب بیت الابار شیخ محی الدین ابوبکر بن عبداللہ، مفتی شمس
الدین محمد بن فخر بعلبکی، عمر رسیدہ بزرگ شریف شمس الدین محمد بن ہاشم بن بہاء عباسی آپ ۹۴ سال کی عمر میں
فوت ہوئے، طبیب نجم الدین احمد بن ابوبکر حمدانی ثم دمشقی، مدرس قلیجیہ شیخ بہاؤ الدین ایوب بن ابوبکر حنفی آپ
نے ۸۰ سال سے زیادہ عمر پاکر انتقال فرمایا۔ الشیخ الصالح کے والد مفتی جمال الدین عبدالرحیم بن عمر باجربقی شافعی

بہاء الدین محمد بن یوسف بن حافظ برزالی ۶۳ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ الادباء جمال الدین عمر بن ابراہیم ۹۴ سال کے ہو کر وفات پائی۔ محدث تقی الدین محمد بن سعید السمرمدی انہوں نے قاہرہ میں انتقال فرمایا۔ ہمارے شیخ حسام آقوش افتخاری۔ زین الدین محمد بن عبدالغنی ذہبی آپ نحوی کے لقب سے مشہور ہوئے۔ ۷۰ سال سے زیادہ عمر پائی۔ مشہور عالم علی بن صباح کی صحبت میں حاضر ہوئے تھے۔ مدرس عزیزیہ قاضی عزالدین عبدالعزیز بن قاضی القضاۃ محی الدین بن زکی آپ نے لمبی عمر میں وفات پائی۔ مفتی کبیر شمس الدین محمد بن صدر سلیمان بن ابوالعز حنفی یہ اپنے والد کے نائب تھے اور ۹۰ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ جمال عبیداللہ بن جمال مقدسی حلاف۔ مسند بقیہ شمس الدین محمد بن علی واسطی صالحی۔ قاضی ابوطالب محمد بن حسن عنسانی تدمری آپ ۱۰۰ سال کی عمر پا کر راہی ملک بقا ہوئے۔ تدمر میں انتقال کرنے والے قابل ذکر محدث یہی ہیں۔ اسی طرح تونس میں شیخ زاہد ابومحمد عبداللہ بن محمد مرجانی واعظ نے انتقال فرمایا۔ اور مسند شیخ صدر زین الدین محمد بن عبدالوہاب سعدی۔ مسند شمس محمد بن مکی قرشی رقام۔ عمر رسیدہ بزرگ مسند دہبان محفوظ جزری مؤذن۔ ابوالسعود محمد بن عبدالکریم مقدسی۔ ماہر شیخ بقیہ السلف محدث شرف الدین حسن بن علی لخمی مصری ابن صیرفی ان سب حضرات نے مصر میں انتقال فرمایا اور سبتہ میں شیخ الادب علامہ ابوالحکم مالک بن عبدالرحمان مالقی نے ۹۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔ قیروان میں انتقال کرنے والے امام محدث ابوزید عبدالرحمان بن محمد بن علی انصاری آپ تاریخ قیروان کے مصنف ہیں اور ۹۴ سال عمر پا کر فوت ہوئے۔

شاہ تتار قازان کے سال بن مشاہیر کی تاریخ وفات میں نے لکھی ہے اور ان کے نام اپنی کتاب تاریخ کبیر میں درج کیے ہیں ان کی تعداد تقریباً دو سو نفوس پر مشتمل ہے اور ایک سال میں انتقال کرنے والے مشاہیر کی اتنی طویل فہرست تاریخ کبیر میں دوسری کوئی نہیں ہے۔

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت سعد بن ابی وقاص کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت "قل ھو القادر علی ان یبعث علیکم عذابا من فوقکم او من تحت ارجلکم او یلبسکم شیعا" کے متعلق فرمایا کہ اس آیت میں جس حادثہ کا ذکر ہوا ہے وہ ہو کر رہے گا لیکن ابھی تک نہیں ہوا۔ یہ حدیث امام ترمذی نے ابن عرفہ کے واسطہ سے اپنی کتاب میں ذکر کی ہے۔

۱۱۷۱ ۲/۲۱ امام علی بن عبدالکافی ربعی دمشقی

آپ کی کنیت ابوالحسن، نام علی بن عبدالکافی بن عبدالملک اور لقب تاج الدین ہے۔ آپ دمشق کے رہنے والے نامور حافظ حدیث اور بلند پایہ فقیہ تھے۔ شافعی مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ نے علم حدیث کی تحصیل میں انتہائی کوشش سے کام لیا۔ ذخیرۂ علم کو قلمبند فرمایا۔ حواشی لکھے اور احادیث کی تخریج کی۔ آپ کی ان معروف چند اذکیاء میں شمار ہوتا ہے جو انگلیوں پر گنے جاتے ہیں۔

آپ نے درج ذیل اساتذہ کا انتخاب فرمایا اور ان سے حدیث کا سماع کیا۔

امام ابن عبدالدائم، عمر کرمانی، امام خشوعی کے تلامذہ، ابن طبرزد، ابن ملاعب اور ابن اللتی وغیرہ آپ نے ہر قسم کی نازل اور عالی احادیث لکھیں۔ آپ بڑی صحیح قرأت کرتے اور شگفتہ اور خوشخط لکھتے تھے۔ لکھنے میں آپ کا قلم بغایت رواں دواں تھا۔ آپ ابتدائے شباب میں ہی انتقال کر گئے اور اعلیٰ تعلیم کے لیے مصر جانے کی حسرت دل ہی میں لے گئے۔ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھے۔

وفات آپ نے ربیع الآخر ۶۶۲ھ میں ۲۶ سال کی عمر میں جان جانِ آفرین کے سپرد کی۔ اگر آپ کی زندگی وفا کرتی تو اپنے معاصرین پر گوئے سبقت لے جاتے اور کسی کو آپ پر برتری حاصل نہ ہوتی۔

اس سال درج ذیل مشاہیر عظام اور فضلائے کرام نے بھی سفرِ آخرت اختیار فرمایا۔

زعیم القراء جمال الدین احمد بن علی مجلی ضریر، قاہرہ میں آپ نے لمبی عمر پاکر انتقال فرمایا۔ رئیس اعظم مؤید الدین اسعد بن مظفر اسعد تمیمی دمشقی انہوں نے ۷۴ سال کی عمر میں وفات پائی۔ کبیر المحدثین مسند امام تقی الدین اسمٰعیل بن ابوالیسر تنوخی دمشقی آپ ۸۳ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے، امیر کبیر اتابک مستعرب فارس الدین اقطاحی صالحی ۷۰ سال سے زیادہ عمر پاکر مصر میں جاں بحق ہوئے۔ کبیر المشائخ الاتحادیہ صدر الدین محمد بن اسحاق قونوی آپ نے روم میں انتقال فرمایا۔ رصد گاہ کے موجد کبیر الفلاسفہ خواجہ نصیر الدین محمد بن محمد طوسی۔ کبیر المسندین نجیب الدین عبداللطیف بن عبدالمنعم حرانی انہوں نے ۸۰ سال سے زیادہ عمر پائی۔ اور مصر میں فوت ہوئے۔ مسند کمال الدین عبدالعزیز بن عبدالمنعم، کبیر الاصولیہ قاضی کمال الدین عمر بن بندار تفلیسی شافعی ۷۰ سال کی عمر پاکر مصر میں لقمۂ اجل بنے۔ شیخ ارض مقدس کبیر الفقراء پیشوا عبداللہ بن شیخ غانم بن علی، علامہ بوصیری کے آخری تلمیذ ابوعیسیٰ عبداللہ بن عبدالواحد انصاری مصری، کبیر الزہاد شیخ اسکندریہ ابوعبداللہ محمد بن سلیمان شاطبی، کبیر النحاۃ حجۃ المغرب قدوہ جمال الدین محمد بن عبداللہ طائی اندلسی شافعی ۷۰ سال سے زیادہ عمر پاکر دمشق میں واصل بحق ہوئے۔ شہنشاہِ اندلس سلطان مجاہد ابوعبداللہ محمد بن یوسف ان کی مدتِ حکومت ۴۳ سال تھی اور مسند سیف الدین یحییٰ بن نائع عبدالرحمٰن بن نجم دمشقی۔

۱۱۷۲ ۳/۲۱ امام ابن جَعْوَان شافعی

آپ کی کنیت ابن جعوان، نام محمد بن محمد بن عباس بن جعوان انصاری اور لقب شمس الدین ہے۔ آپ دمشق کے رہنے والے صاحبِ حفظ و اتقان حافظِ حدیث اور بلند پایہ نحوی ہیں۔ شافعی مسلک سے وابستہ ہیں جن لوگوں نے مشہور امام نحو علامہ ابن مالک سے عربیت میں کمال حاصل کیا ان میں ایک آپ بھی ہیں۔ علم نحو کی تکمیل کے بعد فنِ حدیث کی طرف متوجہ ہوئے اور اپنے شہر میں امام ابن عبدالدائم، ابن ابوالیسر، محمد نشبی، احمد بن ابوالخیر، یحییٰ بن صیرفی اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے حدیث کا سماع کرنے کے علاوہ مصر میں عامر قلعی، عز

ابن الصیقل اور ایک دوسری جماعت سے بھی اکتساب فیض کیا۔ آپ نے ذخیرۂ علم قلمبند کیا اور صحیح احادیث کا انتخاب فرمایا نیز آپ نے علامہ ابوالغنائم بن علان سے مسند امام احمد سبقاً سبقاً پڑھی۔ آپ کی قرأت بڑی شیریں، فصیح اور دلپذیر ہوتی تھی۔ پوری مسند میں آپ کی ایک غلطی بھی نہیں پکڑی گئی ہاں سبقت لسانی سے کسی جگہ کوئی لفظ غلط پڑھا گیا ہو تو یہ دوسری بات ہے۔ بڑے خوبصورت، خوش لباس اور ملنسار تھے اور بات کو تول کر منہ سے بولتے تھے۔

آپ سے معدودے چند طلبہ نے ذخیرۂ علم قلمبند فرمایا ہے۔

آپ نے بعالم شباب ۱۶ جمادی اولیٰ ۶۸۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

اس سال مندرجہ ذیل علمائے مستفیدین کو داغ مفارقت دیا۔

شیخ الاسلام امام شمس الدین عبدالرحمان بن ابو عمر ابن قدامہ حنبلی آپ ۸۵ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ مسند امام احمد کے راوی اسماعیل بن ابو عبداللہ بن حماد عسقلانی صالحی۔ محدث امام جمال الدین عبداللہ بن یحییٰ بن حیون غسانی جزائری۔ شیخ القراء عماد الموصلی۔ ابوالحسن علی بن یعقوب شافعی آپ نے ساٹھ سال سے کچھ زیادہ عمر پاکر انتقال فرمایا۔ مسند محی الدین ابوالخطاب عمر بن محمد بن علامہ ابوسعد بن ابوعصرون تمیمی دمشقی آپ ۸۳ سال چند ماہ زندہ رہ کر فوت ہوئے۔ مدرس شامیہ مفتی شمس الدین محمد بن احمد بن نعمہ مقدسی۔ مسند شرف الدین محمد بن عبدالمنعم بن عمر طائی دمشقی۔ خط بدیع کے موجد صدر عماد الدین محمد بن قاضی شمس الدین محمد بن ہبۃ اللہ دمشقی طلب علم میں دنیا کا گوشہ گوشہ پھرنے والے محدث شمس الدین محمد بن محمد بن عبدک کنجی صوفی نے بیت المقدس میں رحلت فرمائی۔ رشید محمد بن ابوبکر عامری دمشقی۔ رئیس محی الدین یحییٰ بن علی تمیمی قلانسی آپ ۶۶ سال عمر پاکر فوت ہوئے۔ مقری عراق ابواسحاق ابراہیم بن جامع فقیہ ضریر ۷۶ سال کی عمر میں واصل بحق ہوئے اور فقیہ [illegible] بن عبدان بعلی حنبلی عقیہ نامی جگہ میں پیوند خاک ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہم

۱۱۷۳ ۴/۲۱ علامہ ابن فوطی شیبانی

آپ کی کنیت ابوالفضائل نام عبدالرزاق بن احمد بن محمد اور لقب کمال الدین ہے۔ آپ مختلف علوم میں باکمال عالم، محدث، مفید، مورخ آفاق اور فخر اہل عراق ہیں۔ اپنے نانا کی طرف انتساب کی وجہ سے ابن الفوطی کہلاتے ہیں اور امیر معن بن زائدہ کی طرف انتساب کی وجہ سے ابن صابونی کے نام سے بھی مشہور ہیں۔ اصل میں مرو کے رہنے والے تھے۔ محرم ۶۴۲ھ میں بغداد میں پیدا ہوئے۔ عالم جوانی میں ایک جنگ میں دشمن کے ہاتھوں گرفتار ہوگئے اور رہائی پانے کے بعد اپنے استاذ خواجہ نصیر الدین طوسی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور فلاسفہ قدیم کے علوم حاصل کیے۔ ان کے علاوہ دوسرے اساتذہ سے ادب، تاریخ، شعر اور ایام الناس میں کمال پیدا کیا۔ آپ نظم، نثر، مشاہیر کے خوشنما تراجم تحریر کرنے کے ماہر تھے۔ نیز بڑے ذکی، خوشنویس اور فضائل کثیرہ کے

حامل تھے۔

عام حالات آپ نے طلب علم کے لیے انتہائی توجہ مبذول فرمائی۔ حدیث کا بکثرت سماع کیا، آموختہ کو احاطۂ تحریر میں لائے اور ہر جگہ اور ہر طرف سے علمی کتابیں جمع کیں۔ پھر خلق خدا کو فائدہ پہنچانے کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دیا۔ کیا عجب کہ یہی مساعی جمیلہ آپ کے لیے تکفیر سیئات اور رفع درجات کا باعث بن جائیں۔ آپ نے تاریخ میں اتنا مواد قلمبند فرمایا ہے جو حد بیان سے باہر ہے۔ آپ کی تصنیف کردہ کتابیں ایک اونٹ بمشکل اٹھا سکتا تھا۔ دس سال سے زیادہ عرصہ تک رصدگاہ سے تعلق رکھنے والی کتابیں جمع کرنے میں مصروف رہے۔ اور نفیس ترین کتابیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ اس کے علاوہ فن تاریخ میں اتنی کتابیں فراہم کیں کہ اس سے زیادہ جمع کرنا انسانی قدرت سے باہر ہے۔ پھر آپ نے مراغہ سے نقل مکانی کر کے بغداد میں سکونت اختیار کر لی اور کتب خانہ مستنصریہ کے ناظم مقرر ہوئے اور تادم واپسیں اس عہدہ پر سرفراز رہے مراغہ اور بغداد کے ان دونوں کتب خانوں سے زیادہ کتابیں دنیا کے کسی کتب خانہ میں موجود نہیں۔

تصانیف آپ نے اپنے زیر تحویل کتب خانوں سے بھرپور فائدہ اٹھایا اور بہت سی طویل اور مفید کتابیں مرتب فرمائیں چنانچہ آپ نے ایک مبسوط کتاب "تاریخ کبیر" لکھی جس پر نظر ثانی کا موقعہ نہ ملا اور وہ مسودہ سے مبیضہ میں تبدیل نہ ہو سکی۔ اس کے بعد اس سے چھوٹی کتاب پچاس جلدوں میں تحریر فرمائی اور اس کا نام "مجمع الآداب فی معجم الاسماء علی معجم الالقاب" رکھا ایک اور بہت بڑی کتاب "دارالاصداف فی غرر الاوصاف" تواریخ، دواوین اور انساب وغیرہ کی ایک ہزار کتابوں سے ۲۰ جلدوں میں لکھی جس کی صرف پانچ جلدوں پر نظر ثانی ہو سکی۔ علاوہ ازیں آپ کی مندرجہ ذیل کتابیں خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

(۱) کتاب "المؤتلف والمختلف" یہ کتاب نقشوں اور جدولوں کی صورت میں مرتب فرمائی۔

(۲) کتاب التواریخ علی الحوادث۔

(۳) کتاب حوادث المائۃ السابقۃ والی ان مات۔

(۴) کتاب "الدارالناصعۃ فی شعراء المائۃ السابعۃ" یہ کتاب متعدد جلدوں میں مکمل ہوئی۔

موصوف فرمایا کرتے تھے میرے اساتذہ کی فہرست پانچ سو شیوخ پر مشتمل ہے اور ان میں سے ایک صاحب محی الدین یوسف بن الجوزی ہیں۔

میں کہتا ہوں آپ نے مراغہ میں ۶۶۶ھ میں مبارک بن خلیفہ مستعصم سے سماع کیا اور بغداد میں محمد بن ابو دشنہ اور اس طبقہ کے دوسرے علماء سے بھی مستفیض ہوئے۔ جو کچھ تحریر فرماتے اس کے اثبات میں خوب زور قلم صرف کرتے اور "ریوں اور ان کے حامیوں کی تعریف میں بے حد مبالغہ سے کام لیتے تھے۔ بعض فضلائے ان کی عدالت میں کلام کیا ہے اور ان کو غیر معتبر قرار دیا ہے۔ بعض اوقات شراب اور دوسری نشہ آور چیزیں بھی استعمال کر لیتے تھے۔ ہمارے شیخ عفیف الدین ابن المطری نے بتایا کہ انہیں اطلاع ملی ہے کہ ابن الفوطی

باقاعدہ نماز نہیں پڑھتے تھے۔ اور مختلف گناہوں اور معصیتوں میں مبتلا ہو جاتے تھے۔ مختصر یہ کہ وہ ایک وسیع العلم مورخ ہیں جو ابوالفرج اصفہانی سے کسی طرح کم نہیں ہیں۔ ان دونوں میں بہت سے مشترک اوصاف پائے جاتے ہیں۔ آپ ظریف، تواضع پسند اور اخلاق حسنہ سے متصف تھے واللہ یسامحہ۔

وفات آپ نے محرم ۷۲۳ھ میں بغداد میں ۸۱ سال عمر پا کر انتقال فرمایا۔
آپ نے اپنی تمام مرویات کی اجازت لکھ کر ہمیں بھیجی تھی۔

اس سال درج ذیل مشاہیر عالم آخرت کو سدھارے۔

قاضی القضاۃ نجم الدین احمد بن محمد بن حافظ ابوالمواہب بن صصری تغلبی دمشقی شافعی۔ آپ ۶۸ سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ محدث لغوی امام صفی الدین محمود بن ابوبکر ارموی قرافی صوفی دمشق میں ۷۶ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ شیخ محمد بن احمد قصاص موصلی ثم صالحی۔ مسند وقت بہاء الدین قاسم بن مظفر طبیب دمشقی ۹۴ سال کی عمر میں واصل بحق ہوئے۔ مسند شام شمس الدین ابونصر محمد بن محمد مزنی آپ نے ۹۵ سال کی عمر میں انتقال فرمایا اور عمر رسیدہ بزرگ تاج الدین احمد بن علی قشیری قوص میں فوت ہوئے۔ آپ نے اپنے بھائی کی مدد سے علامہ ابن الجمیزی سے بکثرت حدیث کا سماع کیا۔ اور ۸۷ سال زندہ رہے۔

۱۱۷۴ ۵/۲۱ قاضی القضاۃ امام حارثی مصری

آپ کی کنیت ابومحمد، نام مسعود بن احمد بن مسعود اور لقب سعد الدین ہے۔ آپ عراق کے رہنے والے صاحب حفظ و اتقان حافظ حدیث اور جلیل القدر فقیہ تھے۔ طلبہ کے ہمدرد اور انہیں فائدہ پہنچانے میں بڑے سرگرم تھے۔ امام احمد بن حنبلؒ کے مسلک سے تعلق رکھتے تھے۔ ۶۵۲ھ میں پیدا ہوئے اور طلب علم میں [illegible]

آپ نے اپنے شہر میں ابن برہان، نجیب حرانی، ابن علاق اور دوسرے اہل علم سے، [illegible] عثمان بن عوف اور ابن فرات سے اور دمشق میں احمد بن ابوالخیر، ابوزکریا بن صیرفی اور اس طبقہ کے دوسرے [illegible] سے حدیث کا سماع کیا۔ علم کا کافی ذخیرہ قلمبند فرمایا اور بے حد بنیادی کتابیں جمع کیں۔ آپ کو فن حدیث میں تقدم حاصل تھا علماء کی ایک جماعت کے لیے تخریج کا کام کیا۔ حدیث، روات حدیث اور تراجم علماء پر ایسی بحث فرمائی کہ اصحاب فن خوش ہو گئے۔ آپ کا خط بڑا صاف ستھرا اور بصارت نواز تھا۔ ثقہ، متقن، مذہب سے باخبر، معاصی سے دامن کشاں اور عیوب سے دور رہنے والے تھے۔ خوبصورت تھے فصیح و بلیغ گفتگو کرتے تھے اور حسین و جمیل لباس زیب تن فرماتے تھے۔ آپ کی جلالت و عظمت مسلم تھی۔ کئی حج کیے۔ سنن ابی داؤد کے ایک حصہ کی شرح لکھی۔ نیز مختلف مقامات پر درس و تدریس کے فرائض سرانجام دیئے اور دو سال چھ ماہ عہدۂ قضا پر بھی فائز رہے۔ آپ نے ذی الحجہ ۷۱۱ھ میں انتقال فرمایا۔

اس سال درج ذیل علماء نے اللہ تعالیٰ کے جوار رحمت میں جگہ حاصل کی۔

ہمارے استاد عمر رسیدہ بزرگ شیخ عمر بن عبد البصیر سہمی قوصی، آپ ۹۶ سال عمر پاکر فوت ہوئے مسند فخر الدین اسماعیل بن نصر اللہ بن تاج الامناء بن عساکر دمشقی ۸۲ سال کی عمر میں جان بحق ہوئے، مسندۃ اُم محمد فاطمہ بنت ابراہیم بعلبکیہ عمر کی ۸۶ بہاریں دیکھ کر دنیا سے رخصت ہوئیں، قاضی حماۃ عز الدین عبد العزیز بن محمد حنفی آپ نے ۷۸ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ ہمارے شیخ قدوہ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن احمد ۷۴ سال کی عمر پاکر دمشق میں واصل بحق ہوئے۔ ہمارے استاذ عماد الدین بن احمد ابراہیم واسطی، مسند عدل عماد الدین ابو المعالی بن محدث ضیاء الدین نابلسی انہوں نے ۷۳ برس کی عمر میں وفات پائی۔ شیخ مقصورۃ الطلبیین زاہد ابو البرکات شعبان بن ابو بکر اربلی آپ نے ۸۰ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ منشی فاضل جمال الدین محمد بن جلال مکرم انصاری مصری ۸۲ سال عمر پا کر اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے اور ادیب محدث، فقیہ رشید الدین رشید بن کامل حرشی رقی شافعی آپ نے ۸۶ سال کی عمر میں جان جان آفرین کے سپرد کی۔ رحمۃ اللہ علیہم

مجھے ان کے واسطہ سے حضرت ابن عمر کی یہ حدیث ملی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنبی اور حیض میں مبتلا عورت قرآن حکیم میں سے کچھ بھی نہ پڑھیں۔

امام ترمذی نے یہ حدیث ابن عرفہ کے واسطہ سے ذکر کی ہے۔

۱۱۷۵ ۶/۲۱ شیخ الاسلام، علامہ، حافظ، فقیہ، مجتہد، مُفسّر علَم الزھاد نادرۃ العصر ابن تیمیہ حَرّانی

آپ کی کنیت ابو العباس، نام احمد بن مفتی شہاب الدین عبد الحلیم بن امام مجتہد شیخ الاسلام مجد الدین عبد السلام بن عبد اللہ حرانی اور لقب تقی الدین ہے۔ آپ حران کے رہنے والے عالم بے بدل، زاہد بے نظیر اور حافظ حدیث بے مثال ہیں چوٹی کے علماء میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ ربیع الاول ۶۶۱ھ میں رونق افروز عالم رنگ بو ہوئے اور ۶۷۰ھ میں اپنے خاندان کے ہمراہ دمشق چلے آئے اور پھر تحصیل علم میں مصروف ہوئے۔ اور علامہ ابن الدائم، ابن ابو الیسر، کمال بن عبد ابن صیرفی، ابن ابو الخیر اور بہت سے دوسرے ائمہ دین سے سماع کیا۔ فن حدیث کی طرف خصوصی توجہ دی، انتہائی اشتیاق سے کتابیں نقل کیں، ہر شمع علم کی طرف پروانہ وار لپکے اور چیدہ چیدہ اصحاب فنون سے کسب کمال کیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اسماء رجال، علل حدیث، فقہ حدیث، علوم اسلام، علم کلام اور دیگر فنون میں وہ استعداد بہم پہنچائی کہ ان میں آپ کا مقابلہ کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ تخریج احادیث میں یدِ طولیٰ رکھتے تھے۔

مرتبہ و مقام آپ علم کا بحرِ ناپیدا کنار تھے اور ان معدودے چند اذکیاء میں شمار ہوتے تھے جو انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں۔ آپ کا زہد بے نظیر، آپ کی شجاعت و بسالت قابلِ تقلید اور سخاوت و کرم

گستری لائق صد تحسین تھی۔ دوست اور دشمن، موافق اور مخالف آپ کی مدح و ثنا میں رطب اللسان تھے۔ آپ نے تقریباً ہر فن میں ایسی پر مغز اور مفید کتابیں تصنیف فرمائیں جنہیں علماء نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور آپ کی زندگی میں دیکھتے ہی دیکھتے چار دانگ عالم میں پھیل گئیں۔ آپ کی تصانیف تین سو جلد پر مشتمل ہیں۔

عام حالات اور وفات

فراغت کے بعد آپ نے دمشق، مصر اور [illegible] وغیرہ [illegible] فرائض سرانجام دیے اور اپنی بے مثال [illegible] کا شکار ہوئے اور مصر، قاہرہ اور اسکندریہ کے قلعوں میں قید کیے گئے۔ دمشق کے قلعہ میں [illegible] ہوئے اور بالآخر اسی قلعہ کے ایک کمرہ میں [illegible] نظر بندی ۲۰ ذوالقعدہ [illegible] کے لیے داغ مفارقت دے گئے۔ تجہیز و تکفین کے بعد آپ کا جنازہ [illegible] جامع اموی میں رکھا گیا عقیدت مندوں اور جنازہ میں شرکت کرنے والوں [illegible] ان کا ناطق ذرا لبالب ہو جاتا تھا [illegible] کی اور آپ کو قبرستان صوفیہ میں آپ کے بھائی شرف الدین [illegible]

آپ کی وفات کے [illegible] ہیں آپ کی خدمات جلیلہ کے پیش نظر [illegible] آپ کی بے حرمتی [illegible] حالانکہ آپ کی علمی خدمات کے مقابلہ میں ان کی کوئی حیثیت [illegible] رضوان کی بارش [illegible] اپنی زندگی میں ان جیسا کوئی آدمی [illegible] جاتا ہے اور رد [illegible] کر دیا جاتا ہے اگر آپ کے کسی قول [illegible] پڑی ہے؟

آپ کے واسطہ سے مجھے حضرت [illegible] اللہ بن مسعود کی یہ حدیث [illegible] اگر جنت میں تم کوئی پرندہ دیکھو گے اور [illegible]

اس سال مندرجہ ذیل مشاہیر اسلام نے انتقال فرمایا۔

مسند اسکندریہ امام ابو اسحاق [illegible] ابراہیم بن احمد [illegible] عفیف الدین محمد بن عبد المحسن [illegible] قاضی القضاۃ [illegible] محمد بن عثمان انصاری دمشقی حنفی [illegible] حران دمشق میں ۹۰ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ محقق عراق علامہ کبیر جمال الدین [illegible] والعلوم مستنصریہ کے مدرس تھے [illegible] سال تین ماہ کی عمر میں اللہ تعالیٰ کو پیارے ہوئے۔ آپ [illegible] سال تک سائلین کے فتووں کا جواب لکھتے رہے۔ اور [illegible] فقیہ جمال الدین ابو محمد عبد الرحمن بن [illegible] حنبلی [illegible]

Marfat.

۱۹ سال کی عمر میں فوت ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہم

۱۱۷۶ ۷/۲۱ محدثِ شام امام مزّی کلبی دمشقی

آپ کی کنیت ابوالحجاج اور نام یوسف بن زکی عبدالرحمٰن بن یوسف قضاعی کلبی ہے۔ آپ دمشق کے ... والے نامور حافظِ حدیث اور بلند پایہ عالم ہیں اور فنِ حدیث میں منفرد علمی شخصیت کے حامل ہیں۔ حلب کے نواح میں ۶۵۴ھ میں پیدا ہوئے۔ مزہ میں پرورش پائی۔ قرآن حکیم حفظ کیا اور فقہ میں معمولی سوجھ بوجھ پیدا کرنے کے بعد علمِ حدیث کی طرف متوجہ ہوئے۔

سب سے پہلے ۶۷۵ھ میں اپنے استاذ علامہ ابن ابوالخیر سے کتاب الحلیہ سبقاً سبقاً پڑھی پھر ان سے مسند امام احمد، صحاح ستہ، معجم طبرانی، اجزاء طبرزدیہ اور اجزاءِ کندیہ کی تعلیم حاصل کی اور علامہ اربلی سے صحیح مسلم کا سماع کیا۔ ۶۸۴ھ میں مزید طلبِ علم کے لیے سفر پر نکلے اور عز حرانی، ابوبکر ابن انماطی، نازی اور اس طبقہ کے دوسرے اساتذۂ فن سے استفادہ کیا۔ ان کے علاوہ حرمین شریفین، حلب، حماۃ، بعلبک وغیرہ شہروں کے علماء سے بھی فیوض حاصل کیے۔

عام حالات آپ نے اپنے پختہ اور خوبصورت خط سے اپنے لیے اور دوسروں کے لیے بہت سی کتابیں نقل کیں۔ علمِ لغت کی طرف متوجہ ہوئے تو اس میں مہارت حاصل کی پھر علمِ صرف اور علمِ ادب میں کمال پیدا کیا۔ اسماء الرجال میں تو آپ کا جواب نہیں تھا اور نہ اس فن میں آنکھوں نے آپ جیسا کوئی دوسرا آدمی دیکھا ہے۔ آپ نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب "تہذیب الکمال" ۲۵۰ جلدوں میں لکھی پھر کتاب الاطراف ۸۰ سے زیادہ جلدوں میں مکمل کی۔ اپنے لیے احادیث کی تخریج کی اور املاء حدیث کے لیے مختلف مجلسیں منعقد کیں جن میں علمِ حدیث اور علم الرجال کے وہ وہ پیچیدہ عقدے حل کیے جو پہلے لاینحل سمجھے جاتے تھے۔ ثقہ اور حجت تھے، آپ کے معلومات کا دائرہ بہت وسیع تھا۔ نیز اخلاقِ حسنہ کا مجموعہ تھا۔ کثیر السکوت اور قلیل الکلام تھے۔ صدق اور راست گوئی آپ کا شعار تھا۔ نوجوانی کی کوئی لغزش آپ سے نہیں ہوئی۔ ہر وقت مطالعہ میں مصروف رہتے تھے بعض اوقات حدیث پڑھاتے وقت کچھ لکھتے بھی جاتے تھے مگر آپ کی توجہ کا یہ عالم تھا کہ پڑھنے والے کی کوئی متن یا اسناد کی کوئی غلطی آپ پر مخفی نہیں رہتی تھی۔ آپ اتنی عمدگی سے اس کی اصلاح فرماتے کہ حلقہ درس میں حاضر ہونے والے علماء اور فضلاء دنگ رہ جاتے۔ آپ تواضع پسند، بردبار اور صابر تھے۔ خوراک و لباس میں میانہ روی اختیار فرماتے اور اپنے کام کاج دوسروں سے کرانے کے بجائے خود کرتے تھے۔ سماعِ حدیث اور طلبِ علم میں آپ امام ابن تیمیہ کے رفیق تھے۔ طریقۂ سلف کے مطابق سنت کی تائید کرتے اور مباحث نظری اور قواعد کلامی سے اس کو تقویت پہنچاتے تھے۔ اس سلسلہ میں ہمارے اور ان کے درمیان کئی مناظرے اور مجادلے ہوئے جن کا تذکرہ لاحاصل ہے۔

t.com

آپ کو معقولات میں بھی کافی دسترس حاصل تھی اور اس کی تعلیم و تدریس میں کوشاں بھی رہے لیکن بحمد اللہ اس میں آپ کی نیت اسلام کی تائید اور تقویت ہی کی تھی۔ دوسرے عام لوگوں کی طرح آپ نے ان علوم سے کوئی بُرا اثر قبول نہیں کیا۔ جہاں تک مجھے علم ہے آپ نے ان فنون میں کوئی تصنیف نہیں چھوڑی۔

اہلِ بدعت سے نفرت ایک دفعہ آپ عرصہ تک عفیف تلمسانی کی صحبت میں رہے جب معلوم ہوا کہ اس نے عقیدہ سلف سے انحراف کیا ہے اور وحدۃ الوجود کا پرچار کرنے لگا ہے تو نہ صرف یہ کہ الگ ہو گئے بلکہ اس کے خلاف سینہ سپر ہو گئے اور اس کے مسلک کی تردید اور ابطال کے لیے تابڑ توڑ حملے کیے۔ آپ جوانمرد اور سخی تھے تھوڑے مال پر قناعت کر لیتے تھے۔ مستفیدین کو اپنی کتابوں اور اپنے فوائد سے نوازتے تھے اور اپنی ذات سے نفع پہنچانے میں کبھی بخل سے کام نہیں لیتے تھے۔

آپ کی شخصیت مرقع محاسن تھی۔ بدی کا جواب نیکی سے دیتے تھے۔ ایک دفعہ ابوالحسن بن عطار نے آپ سے بدسلوکی کی اور آپ کو گالیاں دیں مگر میں نے دیکھا کہ آپ اس کے اور دوسرے تکلیف دینے والوں کے خلاف حرفِ شکایت زبان پر نہیں لائے۔ اللہ تعالیٰ آپ سے درگذر فرمائے اور ہمارا اور آپ کا خاتمہ بالخیر کرے۔ آمین

مجھ تک ان کے واسطہ سے حضرت عبداللہ بن مسعود کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے وسوسہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا یہ صریح ایمان ہے۔

یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے امام مسلم نے اس کو صفار کے واسطہ سے بیان کیا ہے ہم نے بسند عالی ان سے موافقت کی ہے۔ سعیر، علی اور صفار کی صحیح مسلم میں اس کے سوا کوئی حدیث نہیں۔

وفات آپ نے ۱۲ صفر ۷۴۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

بفضلہ تعالیٰ اس ترجمہ پر کتاب تذکرۃ الحفاظ ختم ہو گئی اور بہت ممکن ہے کہ جن محدثین کو [illegible] غفلت یا نسیان کی وجہ سے ذکر نہیں کیا وہ علم اور حفظ میں ان لوگوں کے [illegible] میں نے اس کتاب کے علاوہ ایک اور معجم بھی لکھا ہے جس میں خاص طور پر میرے ان شیوخ [illegible] جنہوں نے علم حدیث حاصل کیا۔ اور اس علم کی تھوڑی بہت خدمت کی تو اس معجم میں [illegible] حالات لکھے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صاحب تذکرۃ الحفاظ ـــ امام ذہبیؒ ـــ کے اساتذہ

۱ میں بعلبک میں اپنے استاذ امام حافظ ابوالحسین علی بن شیخ فقیہ شہید کی خدمت میں [illegible] دن رہا۔ ان سے بہت فائدہ اٹھایا اور ان سے سند فراغت بھی حاصل کی۔ آپ قوانین روایت [illegible]

جانتے تھے۔ درایت حدیث میں آپ کے معلومات قابلِ رشک تھے اور رجال ولغت میں بھی آپ کی استعداد غیر معمولی تھی۔ آپ نے رمضان المبارک ۷۱۰ھ میں ۸۱ سال عمر پاکر جان جان آفرین کے سپرد کی۔

موصوف علامہ ابن زبیدی۔ ابن اللتی۔ مکرم، جعفر، ابونصر بن شیرازی اور دوسرے ائمہ حدیث سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے تحصیل علم کے لیے مختلف شہروں کی طرف سفر کیا۔ بہت سی علمی کتابیں اور اجزاء جمع کیے آپ بڑی خوبیوں کے مالک تھے۔

۲ شیخ امام ابوالحسن علی بن مسعود بن نفیس موصلی کی صحبت میں بھی عرصہ تک رہا اور ان سے حدیث کا بہت کچھ سماع کیا۔ آپ نامور محدث تھے۔ آپ کی ذات سے لوگوں کو بہت فائدہ پہنچا۔ آپ صوفی مزاج عفیف نیکوکار اور پابند شرع تھے۔ اتنی کتابیں پڑھیں جن کا شمار مشکل ہے۔ آپ کو کتابیں جمع کرنے کا بہت شوق تھا۔ کتب کا کاروبار پسند کرتے لیکن کتاب خریدنے کا موقعہ ہاتھ سے نہ جانے دیتے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ کے پاس ایک وسیع کتب خانہ جمع ہو گیا۔ آپ نے مصر و شام جیسے دور دراز ممالک میں رہ کر علم حدیث کا سماع کیا۔ ۸۰ سال زندہ رہے اور ۷۴۹ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ بعد میں ایک کتاب ملی جس سے پتہ چلا کہ آپ نے وفات سے نصف تک مشہور محدث ابوالقاسم بن رواحہ سے پڑھی تھی۔

۳ میں نے امام محدث صفی الدین محمود بن ابوبکر ارموی ثم قرافی سے بھی حدیث کا سماع کیا۔ آپ تصوف پسند تھے۔ طلبہ کو فائدہ پہنچانا آپ کا شعار تھا۔ علم لغت کے ماہر تھے۔ آپ نے مختلف مشائخ سے علم کثیر حاصل کیا۔ آپ فصیح و بلیغ اور ماہر فن تھے۔ اپنے ہاتھ سے وسیع ذخیرۂ علم قلمبند فرمایا۔ فن حدیث پر خاص توجہ مبذول فرمائی اور علم اللسان میں کمال پیدا کیا۔ آپ تدریس کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف کا کام بھی کرتے تھے۔ نجیب حرانی اور کمال بن عبد سے روایت کرتے ہیں۔ ۷۰ سے زائد سال عمر پاکر ۷۲۳ھ میں انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۴ میں نے محدث شام امام شرف الدین احمد بن ابراہیم فزاری شافعی سے صحیح بخاری کا سماع کیا۔ قرأت آپ خود کرتے تھے۔ آپ کی قرأت بڑی شیریں، دلآویز اور اغلاط سے پاک ہوتی تھی۔ آپ زبان دان اور قادر الکلام تھے۔ اسماء الرجال اور مفردالفاظ کے متعلق آپ کے معلومات کافی وسیع تھے۔ ادب عربی میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔ تواضع پسند اور عقلمند تھے۔ فصیح و بلیغ خطیب اور ماہر نحوی تھے۔ ۷۰۵ھ میں ۷۵ سال کی عمر میں آپ واصل بحق ہوئے۔ امام سخاوی اور ایک دوسری جماعت سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے بہت سی کتابیں پڑھی تھیں رحمہ اللہ تعالیٰ

۵ میں نے امام، عالم، حافظ، مفیدالآفاق، مؤرخ عصر علم الدین ابومحمد قاسم بن محمد بن یوسف بن حافظ زکی الدین برزالی سے حدیث کا بہت کافی سماع کیا۔ پڑھاتے وقت قرأت خود کرتے تھے۔ آپ کی بہترین قرأت اور فصاحت و بلاغت ضرب المثل تھی اس کے ساتھ ساتھ آپ کی فضیلت، حفظ و اتقان اور تواضع پسندی بھی مسلم تھی۔ بڑے ہنس مکھ اور ملنسار تھے آپ کے پاس بنیادی اور اہم کتابوں کا وسیع ذخیرہ موجود تھا۔ ۶۶۵ھ میں

آپ پیدا ہوئے تھے۔ امام ابن عبدالدائم اور اس طبقہ کے دوسرے علمائے آپ کو اجازت نامے مرحمت فرمائے تھے۔ اور شیخ شمس الدین اور اس طبقہ کے دوسرے محدثین سے آپ نے حدیث کا سماع کیا تھا۔ آپ نے طلب علم میں اپنی عمر عزیز کے ۵۰ سے کچھ زیادہ سال صرف کیے تھے۔ موصوف نے ۴ ذی الحجہ ۷۳۹ھ میں بحالت احرام انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۶ میں نے بقیۃ السلف شیخ امام، فقیہ، محدث شمس الدین ابو عبداللہ بن محمد بن ابوالفتح بعلبکی حنبلی سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ آپ فقہ اور نحو کے بہت بڑے عالم تھے۔ علم الرجال اور علم معانی سے گہری دلچسپی رکھتے تھے۔ آپ نے حدیث کا بہت زیادہ سماع کیا تھا۔ کتابیں نقل کیں، احادیث کی تخریج کی اور قراءت کے بعد مخلوق خدا کو فائدہ پہنچانے میں سرگرم عمل رہے۔ آپ فقیہ یونینی، ابن عبدالدائم اور ایک دوسری جماعت سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے ۷۵۵ھ میں قاہرہ میں بحالت سفر داعی اجل کو لبیک کہا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

۷ میں نے امام، محدث، عابد، مفید الجماعۃ شمس الدین محمد بن عبدالرحمٰن بن سامہ سے حدیث کا سماع کیا ہے۔ انہیں فن حدیث کے ساتھ گہرا لگاؤ تھا۔ بڑی صاف ستھری قرأت کرتے تھے۔ آپ کے شیوخ کی فہرست کافی طویل ہے اور آپ کے سفروں کا دائرہ بھی بہت وسیع ہے۔ نیکوکار، صالح اور تواضع پسند تھے۔ آپ علامہ ابن عبدالدائم سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے ابن طبرزد کے تلامذہ اور بعد کے لوگوں سے حدیث کا سماع کیا تھا۔ ۷۴۴ھ میں ۷۴ سال کی عمر میں آپ نے رحلت فرمائی۔ رحمہ اللہ تعالیٰ

